


Presented by Ziaraat.Com

Scanned by CamScanner

تفسیر نور الثقلین

جلد چہارم

مفسّر

محدّثِ جلیل العلّامۃ النحبیر الشیخ عبدِ علی الحویزی

مترجم

حجۃ الاسلام علّامہ محمّد حسن جعفری

نظرِ ثانی

حجۃ الاسلام علّامہ ریاض حسین جعفری فاضلِ قم

عباس بک ایجنسی درگاہ حضرت عباسؑ، رستم نگر لکھنؤ
موبائل: 9369444864, 9415102990

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

نام کتاب	:	تفسیر نور الثقلین (جلد چہارم)
مفسر	:	محدث عبد علی بن جمعۃ العروسی الحویزی
مترجم	:	حجۃ الاسلام علامہ محمد حسن جعفری
نظر ثانی	:	حجۃ الاسلام علامہ ریاض حسین جعفری
پروف ریڈنگ	:	غلام حیدر چودھری
اشاعت	:	فروری ۲۰۱۱ء
ناشر	:	طٰہٰ پبلشنگ سینٹر
ہدیہ	:	۳۰۰ روپے
بصد شکریہ	:	ادارہ منہاج الصالحین

ملنے کا پتہ

عباس بک ایجنسی درگاہ حضرت عباسؑ، رستم نگر لکھنؤ

فون: 2647590 موبائل: 9415102990, 9369444864

Presented by Ziaraat.Com

Scanned by CamScanner

ایسے لوگوں کا نامۂ اعمال کھلا رہتا ہے

کتنے خوش نصیب ہیں وہ لوگ جن کی اولاد اُن کی زندگی میں خدمت بجالا کر اُن کی دعائیں لیتی ہے، اور وہ اپنے اس عملِ خیر سے مقربِ خدا ٹھہرتے ہیں۔ ایسے والدین کی تو آخرت سنور جاتی ہے جن کے مرنے کے بعد اُن کی نیک سیرت اولاد اپنے مرحومین کو فراموش نہیں کرتی، بلکہ اُن کی اَرواح کو شاد کرنے کے لیے پیچھے سے اُن کے لیے آخرت کا زادِ راہ بھیجتی رہتی ہے۔

اس کی ایک مثال نارووالی شیخ برادری کے عظیم سپوت جناب الحاج شیخ کامران مہدی صاحب دامت توفیقاتہٗ ہیں کہ جنھوں نے بالخصوص اپنے والد مرحوم و مغفور شیخ مبارک علی صاحب لڈواں والے اور اپنی والدہ مرحومہ ثریا بیگم صاحبہ اور بالعموم اپنے خاندان کے مستحق مرحومین و مرحومات کے ایصالِ ثواب کے لیے جو مذہبی و عملی اقدامات اُٹھائے اُن میں قرآن خوانی، ترحیمی مجالس عزاء اور دعاؤں کے ساتھ ساتھ اس کتاب کی اشاعت کا مکمل ذمہ لیا ہے، پروردگار! بحق محمدؐ و آلِ محمد علیہم السلام کے صدقہ میں اِن کی توفیقات خیر میں اضافہ فرمائے اور ان کے مرحومین کو آلِ اطہارؑ کے قرب میں جگہ نصیب فرمائے۔

قارئین کرام سے شیخ کامران مہدی صاحب کے مرحومین کے لیے سورۂ فاتحہ اور سورہ اخلاص کی تلاوت اور بلندیٔ درجات کے لیے دُعا کی استدعا ہے۔

ریاض حسین جعفری

سربراہ ادارہ منہاج الصالحین

Presented by Ziaraat.Com

Scanned by CamScanner

فہرست

سورہ توبہ

- سورہ توبہ میں بسملہ کیوں نہیں ہے؟ ____ 25
- سورہ برأت کی آیات کی تبلیغ حضرت علیؑ نے کی تھی ____ 26
- حج کے بعد چار ماہ تک گناہ نہیں لکھے جاتے ____ 33
- حضرت علی علیہ السلام کا ایک نام ''آذان'' بھی ہے ____ 34
- لشکر کے سالاروں کو ہدایات ____ 38
- اگر کوئی مشرک پناہ مانگے تو اسے پناہ دو ____ 39
- ناکثین (پیمان شکن افراد) سے جنگ کا حکم ____ 39
- کفار سے جنگ کے فوائد ____ 42
- 'ایمان کے لیے زبانی دعویٰ کافی نہیں' جہاد اور خدا و رسولؐ کی دوستی ضروری ہے ____ 44
- مومن ہی مساجد کو آباد کر سکتے ہیں مشرک آباد نہیں کر سکتے ____ 52
- خدمتِ حرم اور ایمان و جہاد برابر نہیں ہیں ____ 53
- ایمان کے مقابلہ میں رشتوں اور دولت کی کوئی اہمیّت نہیں ہے ____ 57
- لفظ ''کثیر'' کا اطلاق کتنی مقدار پر ہوتا ہے؟ ____ 60
- جنگِ حُنین ____ 62

Presented by Ziaraat.Com

Scanned by CamScanner

- جنگ حنین میں ملائکہ کا نزول ____ 63
- جزیہ ____ 65
- یہود و نصاریٰ سے مباحثہ ____ 65
- نصاریٰ کی تردید ____ 66
- ''رب'' ماننے کا مفہوم ____ 69
- وہ شمع کیا بجھے جسے روشن خدا کرے ____ 71
- دین اسلام کو تمام ادیان پر غلبہ حاصل ہوگا ____ 73
- سونا چاندی ذخیرہ کرنے والوں کے لیے وعید ____ 74
- مہینے بارہ ہیں اور اُن میں چار مہینے حرام ہیں ____ 84
- بیت اللہ کی حرمت اور ''کعب الاحبار'' کی تردید ____ 86
- حرمت والے مہینوں کی تقدیم و تاخیر کفر میں اضافہ ہے ____ 88
- ترغیب جہاد ____ 89
- شب ہجرت ____ 90
- ایک سوال اور اُس کا جواب ____ 93
- طولانی سفر جہاد سے مانع تھا ____ 95
- خطاب نبیؐ سے ہے اور مراد اُمت ہے ____ 97
- شک بڑی مصیبت ہے ____ 97
- دو بھلائیوں میں سے ایک ____ 98
- منافقین کے اعمال قبول کیوں نہیں ہیں؟ ____ 99
- خوارج کے متعلق پیشین گوئی ____ 101
- مصارف زکوٰۃ ____ 102
- آل رسولؐ پر صدقہ حرام ہے ____ 109
- پیغمبر اکرمؐ کے متعلق گستاخی ____ 117
- مومنین کی باتوں پر اعتماد کرنا چاہیے ____ 119

Presented by Ziaraat.Com

Scanned by CamScanner

- منافقین کس بات سے خوفزدہ تھے؟ 119
- آنحضرتؐ کو شہید کرنے کا منصوبہ 120
- اللہ نسیان سے پاک ہے 122
- عذاب شدہ دھرتی 123
- مومن ایک دوسرے کے رفیق ہیں 124
- سب سے بڑی نعمت 124
- جنت عدن 125
- کفار و منافقین سے جہاد کریں 126
- منافقین کی جھوٹی قسمیں 127
- ثعلبہ انصاری کا واقعہ 130
- علاماتِ نفاق 131
- اہلِ خیر پر اعتراض کرنے والے 131
- منافقین کے لیے استغفار کی ممانعت 133
- نمازِ جنازہ کی تکبیرات 135
- منافقین جھوٹے ہیں 143
- بے استطاعت مخلص 144
- اللہ کو ناراض کر کے مخلوق کی رضامندی کی خواہش نہیں کرنی چاہیے 147
- بدوی عرب کفر و نفاق میں بہت سخت ہیں 147
- ''اِعراب'' کی دو اقسام ہیں 147
- اوّل المسلمین کون ہیں؟ 150
- علیؑ وحیِ اوّل کے شاہد ہیں 152
- لوگوں کی اقسام 153
- ابولبابہ کی توبہ 155
- اللہ، رسول اور مومنین اعمال کے ناظر ہیں 161

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

- امرِ الٰہی کے امیدوار ____ 164
- مسجدِ ضرار ____ 170
- فضیلتِ جہاد ____ 173
- دعوت و جہاد کے شرائط ____ 173
- حدودِ الٰہی کی محافظت ضروری ہے ____ 179
- ابراہیم علیہ السلام کا آزر کے لیے استغفار ____ 179
- اللہ واضح ہدایت سے قبل کسی کو گمراہی میں مبتلا نہیں کرتا ____ 182
- تین صحابی جو جنگِ تبوک میں شریک نہیں ہوئے تھے ____ 182
- ہو جاؤ سچوں کے ساتھ ____ 188
- دین میں سوجھ بوجھ پیدا کرنے کے لیے سفر کرو ____ 190
- ''اختلافِ اُمت رحمت ہے'' کا مفہوم ____ 191
- قریبی کفار سے جہاد کا حکم ____ 193
- ایمان میں کمی بیشی ممکن ہے ____ 193
- اوصافِ رسولؐ ____ 194
- درندوں سے بچنے کی عزیمت ____ 196
- عرشِ عظیم ____ 197
- سورہ یونس کے مرکزی مضامین ____ 208
- فضائل سورہ یونس ____ 207
- کتابِ حکیم ____ 209
- نبوتِ مصطفیٰ پر تعجب کیوں؟ ____ 209
- اہلِ ایمان کے لیے سچی عزت کی خوش خبری ____ 210
- زمین و آسمان چھ دنوں (اَدوار) میں پیدا ہوئے ____ 211
- شمس و قمر کی تخلیق اور ان کے منازل ____ 212
- اہلِ جنت کا پہلا کلمہ ''الحمدللہ'' ہوگا ____ 215

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

- خدا دکھ کے لمحات میں یاد آتا ہے 216
- کفار کا طرفہ مطالبہ 216
- بت پرستوں کی خود ساختہ منطق 218
- رحمت کا منتظر رہنا چاہیے 219
- ڈوبنے سے بچنے کی عزیمت 219
- سرکشی ہمیشہ سرکش کو ہی نقصان پہنچاتی ہے 219
- دنیاوی زندگی کی مثال 220
- خدا "دارالسلام" کی دعوت دیتا ہے 222
- نیک لوگوں کے لیے دنیا و آخرت کی بھلائی ہے 232
- خوف خدا میں رونے کا اجر 233
- سیاہ چہروں والے 233
- قابل اتباع کون ہے؟ 234
- ہر واقعہ کا ایک وقت مقرر ہے 236
- رسولؐ کی آمد سے خدائی فیصلہ ہو جاتا ہے 237
- ہر قوم کے لیے مدت عمل متعین ہے 238
- علیؑ حق ہے 238
- عذاب دیکھنے کے بعد ندامت بے سود ہے 238
- قرآن شفا ہے 239
- خدا ہر فعل کا گواہ ہے 241
- اولیاء اللہ کا مقام 242
- دنیا و آخرت کی بشارت 243
- موت کے وقت دیدار معصوم کا شرف 244
- عالم ارواح کے کافر 257
- قصۂ موسیٰؑ کے چند ارشادات 258

Presented by Ziaraat.Com

Scanned by CamScanner

- موسیٰؑ و ہارونؑ کا گھر بنی اسرائیل کے لیے قبلہ تھا ____ 258
- فرعون کیوں غرق ہوا؟ ____ 260
- کیا نبی کو وحی الٰہی پر شک بھی ہوسکتا ہے؟ ____ 264
- ایمان نہ لانے والے ____ 267
- قصۂ یونسؑ ____ 267
- ایمان کے لیے جبر غیر مناسب ہے ____ 273
- بے ایمان لوگوں کو آیات کوئی فائدہ نہیں دیتیں ____ 274
- فضائل سورۂ ہود ____ 277
- قرآن کی آیات محکم اور مفصل ہیں ____ 282
- ''فصلت'' کا مفہوم ____ 283
- استغفار و توبہ کے فوائد ____ 283
- منہ لپیٹ کر گزرنے والے ____ 284
- ہر جاندار کا رزق خدا کے ذمہ ہے ____ 285
- زمین و آسمان چھ دنوں (اَدوار) میں پیدا ہوئے ____ 286
- کیا خدا عرش پر بیٹھا ہوا ہے؟ ____ 288
- اُمتِ معدودہ ____ 292
- ایک انسانی عادت ____ 293
- کفار کے اعتراضات ____ 294
- دنیا طلبی ____ 296
- حضرت علیؑ شاہدِ رسولؐ ہیں ____ 297
- خدا پر افتراء باندھنے والا بہت بڑا ظالم ہے ____ 307
- راہِ خدا سے روکنے والے ____ 308
- اِخبات اور مخبتین ____ 309
- واقعۂ نوحؑ ____ 309

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

- ڈوبنے سے بچنے کی عزیمت ____ 321
- نافرمان اولاد اور فرماں بردار اولاد کا انجام ____ 323
- کیا کنعان حضرت نوحؑ کا بیٹا نہیں تھا؟ ____ 324
- ''نجف'' کی وجہ تسمیہ ____ 324
- نااہل بیٹے کا انجام ____ 325
- سادات کرام کے لیے لمحۂ فکریہ ____ 330
- دو نصیحتیں ____ 332
- وفاتِ نوحؑ ____ 332
- قومِ عادؑ کا انجام ____ 341
- میرا رب صراطِ مستقیم پر ہے ____ 343
- حضرت صالحؑ اور قومِ ثمودؑ ____ 344
- اسماء وصفات ____ 345
- قومِ لوطؑ کا انجام ____ 346
- حضرت ابراہیمؑ کے معزز مہمان ____ 349
- مرضِ لُہنہ کا علاج ____ 353
- عبرت کا گھر ____ 356
- حضرت شعیبؑ اور اہلِ مدین ____ 370
- قوم کی طرف سے شعیبؑ کو دھمکیاں ____ 373
- فرعون اور اس کی قوم کا انجام ____ 378
- خدا کسی پر ظلم نہیں کرتا ____ 379
- روزِ آخرت ____ 381
- قیامت کے دن حکمِ خدا کے بغیر کوئی بول نہ سکے گا ____ 381
- بدبخت اور نیک بخت ____ 382
- ظالموں کی طرف جھکنا حرام ہے ____ 386

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

○ ..... نیکیاں برائیوں کو کھا جاتی ہیں ____ 387
○ ..... اللہ کسی صالح معاشرہ کو تباہ نہیں کرتا ____ 389
○ ..... لوگوں میں ہمیشہ اختلاف قائم رہے گا ____ 389
○ ..... آئمہ ہدیٰ اور علمِ غیب ____ 391

سورہ یوسف کی فضیلت

○ ..... قرآن کتابِ مبین ہے ____ 410
○ ..... احسن القصص ____ 410
○ ..... گیارہ ستارے ____ 412
○ ..... خوابوں کی ابتداء کب ہوئی ____ 413
○ ..... آزمائش کی ابتداء کب ہوئی؟ ____ 414
○ ..... دعائے یوسفؑ ____ 420
○ ..... ہائے یوسفؑ تھوڑی قیمت میں بکا ____ 422
○ ..... عصمتِ یوسفؑ ____ 422
○ ..... اسیرِ محبت ____ 428
○ ..... محبت ہی وبالِ جان بنی ____ 429
○ ..... قیدیوں کے خواب ____ 430
○ ..... خوابوں کی دنیا ____ 434
○ ..... ''اضغاث'' اور ''رؤیا'' کا فرق ____ 435
○ ..... داستانِ یوسفؑ پر ایک نظر ____ 447
○ ..... برادرانِ یوسفؑ بھائی کے دربار میں ____ 454
○ ..... لفظ ''امیر المومنین'' کا مفہوم ____ 457
○ ..... نگاہِ بد موثر ہے ____ 459
○ ..... تقیہ ____ 462

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

- رحمتِ خدا سے کافر ہی مایوس ہوتے ہیں ____ 469
- حضرت یعقوبؑ کا خط ____ 469
- گناہ کے وقت عالم بھی جاہل ہوتا ہے ____ 472
- دعائے یعقوبؑ مستجاب ہوئی ____ 473
- غموں کی تاریک شب کا خاتمہ ____ 480
- فرزندانِ یعقوبؑ کا اقرارِ جرم ____ 480
- ایک خواب اور اس کی تعبیر ____ 484
- حضرت یوسفؑ کی زلیخا سے شادی ____ 485
- جامع سوال ____ 487
- لوگ آیاتِ الٰہی سے بے توجہی کرتے ہیں ____ 489
- ایمان کے باوجود بھی لوگ شرک کرتے ہیں ____ 490
- میں اور میرے پیروکار بصیرت پر ہیں ____ 492
- سبحان اللہ کا مفہوم ____ 493
- اللہ نے انسانوں کو ہی ہادی بنا کر بھیجا ہے ____ 493
- نصرتِ خدا کب نازل ہوتی ہے؟ ____ 493

سورہ الرعد

- ثوابِ تلاوت ____ 496
- سورہ الرعد کے مرکزی موضوعات ____ 496
- حروفِ مقطعات ____ 504
- رسول مُنذر اور علیؑ ہادی ہیں ____ 507
- اللہ ہر رحم اور جنین کا علم رکھتا ہے ____ 510
- خدا کے لیے بلند اور دھیمی آوازیں برابر ہیں ____ 510
- ملائکہ انسان کی حفاظت کرتے ہیں ____ 511

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

- نعمت کو متغیر کرنے والے گناہ ____ 512
- گرج چمک ____ 514
- رعد و برق ____ 516
- غیر اللہ سے امیدیں وابستہ کرنا حماقت ہے ____ 518
- عالمِ برزخ میں "قابیل" کی حالت ____ 519
- کائنات کی ہر چیز خدا کے سامنے سجدہ ریز ہے ____ 519
- مفوضہ کی تردید ____ 520
- حق قائم رہتا ہے اور باطل جھاگ کی طرح اُڑ جاتا ہے ____ 521
- رب کی دعوت قبول کرنے والوں کے لیے بھلائی ہے ____ 522
- اہلِ عقل کون؟ ____ 523
- ملائکہ مومن کو مبارک دیں گے ____ 533
- لعنت کے حق دار ____ 534
- خدا کے ذکر سے دلوں کو سکون ملتا ہے ____ 541
- درختِ طوبیٰ ____ 541
- تزویجِ زہراؑ اور شجرۂ طوبیٰ ____ 544
- مصافحہ کا ثواب ____ 545
- برکتِ قرآن ____ 546
- آتشِ دوزخ کی گرمی ____ 547
- ہر نبی بیوی بچوں والا ہوتا ہے ____ 548
- خدا کے محو و ثبات کے اختیارات ____ 548
- علماء و فقہاء کی موت عظیم صدمہ ہے ____ 553
- حضرت علی علیہ السلام گواہِ پیغمبرؐ ہیں ____ 553
- علمِ امام کی وسعت ____ 555

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

سورہ ابراہیم

- ثوابِ تلاوت ____ 559
- سورہ ابراہیم کے مرکزی موضوعات ____ 559
- نزولِ کتاب کا مقصد اور حضرت موسیٰؑ سے گفتگو ____ 567
- شکر اضافۂ نعمات کا موجب ہے ____ 572
- خدا پر ہی توکل کرنا چاہیے ____ 575
- خواصِ آیت ____ 575
- ہر سرکش عداوت رکھنے والے کے لیے ہلاکت ہے ____ 576
- دوزخ کا پانی ____ 578
- منکرین ولایت کے اعمال راکھ کا ڈھیر ثابت ہوں گے ____ 579
- شیطان اپنے پیروکاروں سے بیزاری کا اعلان کرے گا ____ 580
- کلمہ طیبہ کی مثال ____ 581
- شجرۂ خبیثہ ____ 584
- مال، اولاد اور اعمال ____ 584
- خواص القرآن ____ 586
- سوالِ قبر ____ 586
- اضلالِ الٰہی کا مفہوم ____ 588
- نعمتِ الٰہی کو بدلنے والوں کا انجام ____ 589
- زکوٰۃ کے علاوہ بھی کچھ مالی حقوق واجب ہیں ____ 595
- خدا کی نعمت کو شمار نہیں کیا جاسکتا ____ 596
- زیارتِ قبرِ حسینؑ کا ثواب ____ 597
- ابراہیم علیہ السلام کی دعائیں ____ 598
- اتباع سے بیگانے بھی یگانے کہلاتے ہیں ____ 599

Presented by Ziaraat.Com

Scanned by CamScanner

- اسماعیلؑ و ہاجرہؑ کو مکہ میں بسانا ____ 600
- کافروں کا مکر خدا کو عاجز نہیں کر سکتا ____ 604
- قیامت کے دن زمین و آسمان کو بدل دیا جائے گا ____ 605
- اہلِ دوزخ کا لباس ____ 608

سورہ حجر


- فضیلت و مضامین ____ 611
- قیامت کے دن کافر بھی مسلم ہونے کی تمنا کریں گے ____ 613
- امیدوں کا پھیلاؤ نقصان دہ ہے ____ 613
- قرآن کا محافظ خدا ہے ____ 614
- بروج و کواکب ____ 622
- شیاطین کے لیے آسمانی راستے روک دیے گئے ____ 622
- ولادتِ نبویؐ سے دنیا میں کیا تبدیلیاں آئیں؟ ____ 623
- بارآور ہوائیں ____ 626
- تخلیقِ انسان کا ابتدائی مادہ ____ 626
- جنات کی تخلیق کا ابتدائی مادہ ____ 627
- خلقتِ آدمؑ ____ 630
- "وقتِ معلوم" سے کیا مراد ہے؟ ____ 634
- عبادِ مخلصین پر شیطان کا کوئی اثر نہیں ہوگا ____ 635
- دوزخ اور اس کے درکات ____ 637
- لفظ "جزؤ" کا اطلاق ساتویں حصہ پر ہوتا ہے ____ 641
- متقین کا انجام ____ 646
- اہلِ جنت کے دلوں سے کدورت نکال لی جائے گی ____ 647
- حضرت ابراہیمؑ کے مہمان ____ 647

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

- رحمتِ خدا سے مایوسی گمراہی ہے ____ 649
- اہلِ فراست ____ 650
- درگزر کا احسن انداز ____ 650
- سبع مثانی ____ 651
- لوگوں کے مال و دولت کو مت دیکھو ____ 654
- آنحضرتؐ کو کھل کر تبلیغِ رسالت کرنے کا حکم ____ 655
- نبی اکرمؐ کا مذاق اُڑانے والوں کا انجام ____ 656
- رسولِ اکرمؐ اور حضرت موسیٰؑ میں مشابہت ____ 661
- تنگیِ سینہ کا علاج ____ 662

○○○

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner



سُوْرَةُ التَّوْبَةِ

سورۃ التوبة مدینة ایاتھا ۱۲۹ رکوعاتھا ۱۶

''سورہ توبہ بلحاظ نزول مدنی سورہ ہے اور اس کی
آیات ایک سو انتیس ہیں
اور اس کے سولہ رکوع ہیں''

Presented by Ziaraat.Com

Scanned by CamScanner

سورہ توبہ

اس سورہ کو سورہ توبہ، سورہ برأت اور سورہ فاضحہ بھی کہا جاتا ہے۔ اس سورہ کو سورہ برأت کہنے کی وجہ یہ ہے کہ اس کے آغاز میں مشرکین سے برأت کا اعلان کیا گیا ہے۔ اس سورہ کو سورہ ''فاضحہ'' کہنے کی وجہ یہ ہے کہ اس سورہ میں منافقین کو بے نقاب کیا گیا ہے اور انھیں خوب ذلیل کیا گیا ہے۔ چنانچہ اس فضیحت کی بنا پر اس سورہ کو سورہ فاضحہ بھی کہا جاتا ہے۔

اس سورت کی ابتداء میں بسملہ نہیں ہے اور بسملہ نہ ہونے کی دو وجوہات بیان کی گئی ہیں: بعض مفسرین کہتے ہیں کہ یہ سورہ دراصل مستقل سورہ نہیں ہے۔ یہ اصل میں سورہ الانفال کا ہی حصہ ہے اور دونوں کے مضامین بھی مشترک ہیں اسی لیے اس کی ابتداء میں بسملہ نہیں لکھی جاتی۔

جب کہ بعض مفسرین کہتے ہیں کہ یہ سورت جلالِ خداوندی کی مظہر ہے اور یہ سورت کفار و مشرکین کے لیے تباہی و بربادی کا پیغام لے کر آئی ہے اسی لیے اللہ تعالیٰ نے اس کی ابتداء میں اپنی شان رحمانی و رحیمی کا ذکر کرنا مناسب نہیں سمجھا کیونکہ اس سورہ کے ذریعہ سے اللہ نے عذاب کا ذکر کیا ہے اسی لیے اس کی ابتداء میں اپنے آپ کو رحمٰن و رحیم کہلانا پسند نہیں کیا۔

حقیر کی ناقص رائے میں پہلی وجہ درست ہے کیونکہ سورہ فیل اور سورہ لہب بھی ایسی سورتیں ہیں جن میں اللہ کی رحمت کا کہیں تذکرہ موجود نہیں ہے مگر اس کے باوجود ان کی ابتداء میں بسملہ موجود ہے۔ جب کہ سورہ توبہ میں رحمت کی بھی بہت سی آیات موجود ہیں۔

اس سورہ کے مرکزی مضامین حسب ذیل ہیں: ۱- مشرکین و اہلِ کتاب کے ساتھ جہاد ۲- منافقین کے کردار کی نشاندہی ۳- جہاد کی ترغیب ۴- جہاد سے کنارہ کشی کرنے والوں کے حیلے بہانے ۵- کفار و مشرکین سے دوستی کی ممانعت

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

۶-آیاتِ زکوٰۃ اور درج بالا مضامین کے علاوہ اور بھی بہت کچھ ہے البتہ کفار و مشرکین سے جہاد اس سورہ کا مرکزی مضمون ہے۔اس سورہ کے فضائل کی احادیث وہی ہیں جنھیں ہم نے سورہ الانفال کی ابتدا میں نقل کیا ہے۔

بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝١
فَسِيْحُوْا فِي الْاَرْضِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي
اللّٰهِ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ مُخْزِي الْكٰفِرِيْنَ ۝٢ وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ
اِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ اَنَّ اللّٰهَ بَرِيْٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۙ
وَرَسُوْلُهٗ ۭ فَاِنْ تُبْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا
اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ ۭ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِعَذَابٍ
اَلِيْمٍ ۝٣ۙ اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ثُمَّ لَمْ يَنْقُصُوْكُمْ
شَيْـــًٔا وَّلَمْ يُظَاهِرُوْا عَلَيْكُمْ اَحَدًا فَاَتِمُّوْٓا اِلَيْهِمْ عَهْدَهُمْ اِلٰى
مُدَّتِهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ۝٤ فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ
الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَخُذُوْهُمْ
وَاحْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ ۚ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا
الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ
رَّحِيْمٌ ۝٥ وَاِنْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ اسْتَجَارَكَ فَاَجِرْهُ حَتّٰى

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

يَسْمَعَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ اَبْلِغْهُ مَاْمَنَهٗ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا
يَعْلَمُوْنَ ۝٦ كَيْفَ يَكُوْنُ لِلْمُشْرِكِيْنَ عَهْدٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ
رَسُوْلِهٖۤ اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۚ فَمَا
اسْتَقَامُوْا لَكُمْ فَاسْتَقِيْمُوْا لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ۝٧ كَيْفَ
وَاِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ لَا يَرْقُبُوْا فِيْكُمْ اِلًّا وَّلَا ذِمَّةً ؕ يُرْضُوْنَكُمْ
بِاَفْوَاهِهِمْ وَتَاْبٰى قُلُوْبُهُمْ ۚ وَاَكْثَرُهُمْ فٰسِقُوْنَ ۝٨ ۚ اِشْتَرَوْا
بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا
يَعْمَلُوْنَ ۝٩ لَا يَرْقُبُوْنَ فِيْ مُؤْمِنٍ اِلًّا وَّلَا ذِمَّةً ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ
الْمُعْتَدُوْنَ ۝١٠ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ
فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ ؕ وَنُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝١١ وَاِنْ
نَّكَثُوْۤا اَيْمَانَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ عَهْدِهِمْ وَطَعَنُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ فَقَاتِلُوْۤا
اَئِمَّةَ الْكُفْرِ ۙ اِنَّهُمْ لَاۤ اَيْمَانَ لَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَنْتَهُوْنَ ۝١٢ اَلَا
تُقَاتِلُوْنَ قَوْمًا نَّكَثُوْۤا اَيْمَانَهُمْ وَهَمُّوْا بِاِخْرَاجِ الرَّسُوْلِ وَهُمْ
بَدَءُوْكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ اَتَخْشَوْنَهُمْ ۚ فَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشَوْهُ اِنْ
كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝١٣ قَاتِلُوْهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ بِاَيْدِيْكُمْ وَيُخْزِهِمْ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

وَيَنْصُرْكُمْ عَلَيْهِمْ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۴﴾ وَيُذْهِبْ
غَيْظَ قُلُوْبِهِمْ ؕ وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ
حَكِيْمٌ ﴿۱۵﴾ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تُتْرَكُوْا وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ
جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَلَمْ يَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلَا رَسُوْلِهٖ وَلَا
الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيْجَةً ؕ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾

''اللہ اور اس کے رسولؐ کی طرف سے ان مشرکین کے لیے اعلان برأت ہے جن سے تم نے معاہدے کیے تھے۔ تم زمین پر چار مہینے اور چل پھر لو اور تم یہ جان لو کہ تم اللہ کو عاجز نہ کرسکو گے اور یقیناً اللہ کافروں کو رُسوا کرنے والا ہے۔

حج اکبر کے دن تمام لوگوں کے لیے اللہ اور اس کے رسولؐ کی طرف سے اعلان کیا جاتا ہے کہ اللہ اور اس کا رسول مشرکین سے بیزار ہیں۔ اگر تم لوگ توبہ کرلو تو تمھارے حق میں بہتر ہے اور اگر تم نے منہ موڑا تو جان لو کہ تم اللہ کو عاجز نہ کرسکو گے اور کافروں کو دردناک عذاب کی بشارت دو۔ البتہ اس سے وہ مشرک مستثنیٰ ہیں جن سے تم نے معاہدے کیے ہیں پھر انھوں نے معاہدہ پورا کرنے میں کسی کمی کا مظاہرہ نہیں کیا اور تمھارے خلاف کسی دشمن کی مدد نہیں کی تو ایسے لوگوں کے ساتھ مدت معاہدہ تک معاہدہ وفائی کرو۔ یقیناً اللہ پرہیزگاروں سے محبت رکھتا ہے۔

جب حُرمت والے مہینے گزر جائیں تو مشرکین کو جہاں پاؤ وہاں قتل کردو۔ انھیں پکڑو اور ان کا گھیراؤ کرو اور ہر گھات میں ان کی تلاش میں بیٹھ جاؤ۔ پس اگر وہ توبہ کرلیں اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کرنے لگ جائیں تو انھیں چھوڑ دو۔ یقیناً اللہ بہت بخشنے والا مہربان ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اور اگر کوئی مشرک کلامِ خدا سننے کے لیے آپؐ سے پناہ مانگ کر آپؐ کے پاس آئے تو آپؐ اسے پناہ دیں یہاں تک کہ وہ اللہ کا کلام سن لے۔ پھر اسے اس کے پُرامن مقام تک پہنچاؤ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ نہ جاننے والے لوگ ہیں۔

ان مشرکین کے لیے اللہ اور اس کے رسول کے نزدیک کوئی عہد آخر کیسے ہوسکتا ہے ماسوائے ان لوگوں کے جن سے تم نے مسجد الحرام کے پاس معاہدہ کیا تھا تو جب تک وہ تمھارے ساتھ معاہدہ کے تحت سیدھے رہیں تم بھی ان کے ساتھ سیدھے رہو یقیناً اللہ اہلِ تقویٰ سے محبت کرتا ہے۔

ان کے ساتھ بھلا معاہدہ ہی کیسا کہ اگر وہ تم پر قابو پالیں تو پھر تمھارے متعلق نہ کسی قرابت کا خیال رکھیں گے اور نہ کسی معاہدہ کو دھیان میں لائیں گے۔ وہ لوگ اپنی زبانوں سے تمھیں راضی کر رہے ہیں مگر ان کے دل انکار کرتے ہیں اور ان کی اکثریت بدکاروں پر مشتمل ہے۔

انھوں نے اللہ کی آیات کے عوض تھوڑی سی قیمت قبول کرلی ہے اور انھوں نے اللہ کی راہ میں رکاوٹیں ڈالی ہیں۔ یہ بہت برے کام سرانجام دیتے رہے ہیں۔ یہ (اتنے سنگدل ہیں کہ) کسی مومن کے متعلق نہ تو قرابت کا لحاظ رکھتے ہیں اور نہ ہی کسی معاہدہ کا دھیان رکھتے ہیں اور یہی لوگ زیادتی کرنے والے ہیں۔

پس اگر وہ توبہ کرلیں اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کرنے لگ جائیں تو وہ تمھارے دینی بھائی ہیں اور جاننے والوں کے لیے ہم آیات کو واضح کرتے ہیں اور اگر عہد کرنے کے بعد وہ اپنی قسموں کو توڑ دیں اور تمھارے دین پر اعتراض کریں تو کفر کے سرغنوں سے جنگ کرو۔ ان کی قسموں کی کوئی اہمیت نہیں ہے شاید کہ وہ اپنی حرکتوں سے باز آجائیں۔

کیا تم ان لوگوں سے نہ لڑو گے جنھوں نے اپنی قسموں کو توڑ دیا ہے اور جنھوں نے رسول کو

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

وطن سے نکالنے کا قصد کیا تھا اور تم سے زیادتی کی ابتداء بھی انھی کی طرف سے ہوئی ہے۔ کیا تم ان سے خوف زدہ ہو؟ اور اگر تم مومن ہو تو اللہ اس کا زیادہ مستحق ہے کہ تم اس سے ڈرو۔ ان سے جنگ کرو۔ اللہ تمھارے ہاتھوں ان کو عذاب دے گا اور خدا انھیں رُسوا کرے گا اور ان کے مقابلہ میں تمھاری مدد کرے گا اور مومنوں کے سینوں کو ٹھنڈک عطا کرے گا اور ان کے دلوں کا غصہ ختم کردے گا۔ خدا جسے چاہتا ہے توبہ کی توفیق عطا کرتا ہے۔ اللہ صاحب علم اور صاحب حکمت ہے۔

اور کیا تم نے یہ سمجھ لیا ہے کہ تمھیں یونہی چھوڑ دیا جائے گا حالانکہ اللہ نے ابھی تو یہ بھی نہیں دیکھا کہ تم میں سے اس کی راہ میں جہاد کرنے والے کون ہیں اور وہ مجاہد کون ہیں جنھوں نے اللہ اور اس کے رسول اور مومنین کے علاوہ کسی کو دلی دوست نہیں بنایا۔ اللہ کو تمھارے تمام اعمال کی پوری خبر ہے"۔

سورہ توبہ میں بسملہ کیوں نہیں ہے؟

تفسیر مجمع البیان میں اس سوال کے دو جواب مرقوم ہیں:

۱- حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے' آپؑ نے فرمایا کہ سورہ انفال اور سورہ توبہ دراصل ایک ہی سورہ ہے۔ اسی لیے درمیان میں بسملہ نہیں لکھی گئی۔

۲- بسملہ امان اور رحمت کی علامت ہے جب کہ سورہ توبہ امان ختم کرنے کے لیے نازل ہوئی ہے۔

سورہ کی ابتدا اِن الفاظ سے کی گئی کہ اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے ان مشرکین کے لیے اعلان برأت ہے جن سے تم نے معاہدے کیے تھے۔ اب سوال یہ ہے کہ نبی سے پیمان شکنی کی توقع کیسے کی جاسکتی ہے؟ اس سوال کا جواب یہ ہے کہ حسب ذیل تین وجوہات میں سے کسی ایک وجہ کے تحت معاہدہ کو فسخ کیا جاسکتا ہے:

۱- معاہدہ میں پہلے سے یہ شرط رکھی جائے کہ یہ اس وقت تک قائم رہے گا جب تک خدا اس کی منسوخی کا حکم صادر نہ کرے۔ ۲- پیمان شکنی کی ابتداء خود مشرکین کی طرف سے ہو۔ ۳- معاہدہ ایک مخصوص عرصہ کے لیے ہو۔ جب وہ عرصہ ختم

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ہو جائے تو معاہدہ خود بخود فسخ ہو جاتا ہے۔

روایات میں وارد ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے معاہدے کے وقت پہلی شرط رکھی تھی۔ علاوہ ازیں مشرکین اپنے طرز عمل سے اس معاہدہ کو توڑ چکے تھے۔ اب ان کی طرف سے صرف رسمی اعلان کی ہی ضرورت باقی تھی۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے آپ کو معاہدہ فسخ کرنے کا حکم دیا۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ فتح مکہ ۸ ہجری میں ہوئی۔ سورہ برأت ۹ ہجری میں نازل ہوئی اور حجۃ الوداع ۱۰ ہجری میں ہوئی۔

صادقین علیہما السلام میں سے ایک بزرگوار سے منقول ہے کہ سورہ انفال اور توبہ ایک ہی سورت ہیں۔

سورہ برأت کی آیات کی تبلیغ حضرت علیؑ نے کی تھی

کتاب الخصال میں حارث بن ثعلبہ سے منقول ہے کہ میں نے سعد بن ابی وقاص سے کہا: کیا تو نے علیؑ کے کچھ فضائل کا مشاہدہ کیا ہے؟ اس نے کہا: جی ہاں! میں نے علیؑ کے پانچ مناقب کا مشاہدہ کیا اور علیؑ کے پانچویں فضائل اتنے قیمتی ہیں کہ اگر ان میں سے مجھے ایک فضیلت بھی حاصل ہوتی تو وہ مجھے سرخ اُونٹوں سے بھی زیادہ محبوب ہوتی۔ حضرت علی علیہ السلام کی پانچویں فضیلت یہ ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکر کو سورہ برأت کی آیات دے کر روانہ کیا تھا۔ پھر آنحضرتؐ نے حضرت علی علیہ السلام کو روانہ کیا اور انھوں نے اس سے وہ آیات لے لی تھیں۔ حضرت ابوبکر نبی اکرمؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ میرے متعلق آسمان سے کوئی حکم نازل ہوا ہے؟

نبی اکرمؐ نے فرمایا: نہیں، بات یہ ہے کہ میری طرف سے وہ پیغام پہنچا سکتا ہے جو مجھ سے ہو۔

حضرت علی علیہ السلام نے روز شوریٰ اپنے استحقاق خلافت کے لیے احتجاج کیا تھا اور اس کے دوران آپؑ نے یہ بھی فرمایا: تمھیں خدا کا واسطہ دے کر میں تم سے دریافت کرتا ہوں کہ جب سورہ برأت نازل ہوئی تھی تو رسول اکرمؐ نے اس کی آیات حضرت ابوبکر کے سپرد کر کے فرمایا تھا کہ تم مکہ پہنچ کر ان آیات کی تبلیغ کرو۔ اس کے بعد جبریل امینؑ نازل ہوئے اور انھوں نے آپؐ سے کہا: محمدؐ! آیات کی تبلیغ کے لیے یا تو آپؐ خود جائیں یا اس مرد کو بھیجیں جو آپؐ میں سے ہو۔

رسولؐ خدا نے مجھے حضرت ابوبکر کے پیچھے روانہ کیا۔ میں نے مکہ پہنچ کر حج کے اجتماع عام میں رسولؐ خدا کا یہ پیغام پہنچایا تھا لہٰذا میں ہی رسولؐ خدا سے ''مقام منیت'' رکھتا ہوں۔ اگر میرے علاوہ کسی دوسرے کو یہ شرف ملا ہو تو وہ بیان کرے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

حاضرین نے کہا: نہیں یہ شرف آپؑ ہی کے لیے مخصوص ہے۔

کتاب الخصال کے باب ''مناقب امیرالمومنین وتعدادھا'' میں مرقوم ہے کہ حضرت علی علیہ السلام کی پچاسویں فضیلت یہ ہے کہ رسولؐ خدا نے سورہ برأت کی آیات حضرت ابوبکر کے حوالے کی تھیں۔ ان کے جانے کے بعد جبریل امینؑ نازل ہوئے اور انھوں نے آپ کو خدا کا یہ پیغام پہنچایا: ''آپؐ اپنے پیغام کو یا تو خود پہنچائیں یا اسے روانہ کریں جو آپ میں سے ہو''۔

حضرت علی علیہ السلام اپنی زبانی فرماتے ہیں کہ رسولؐ خدا نے مجھے اپنی ناقہ ''عضباء'' پر سوار کیا۔ میں نے ''مقام ذی الحلیفہ'' پر ان سے ملاقات کی اور ان سے وہ آیات لے لیں اور مکہ پہنچ کر ان کی تبلیغ کی۔ اس فضیلت کے لیے خدا نے مجھے مخصوص کیا ہے۔

ایک یہودی عالم نے حضرت علی علیہ السلام سے عرض کیا: نبی کے اوصیاء کی نبی کی زندگی اور نبی کی وفات کے بعد آزمائش ہوتی ہے کیا اللہ نے آپ کی بھی آزمائش کی ہے؟

امیرالمومنین علیہ السلام نے فرمایا: نبی اکرمؐ کی حیات طیبہ میں خدا نے میری سات مرتبہ آزمائش کی تھی اور خدا نے تمام مقامات پر مجھے کامیاب و کامران پایا۔

یہودی عالم نے کہا: امیرالمومنین! آپ وہ سات مواقع بیان کریں۔

اس کے جواب میں آپؑ نے تمام مواقع کا تذکرہ کیا اور آخر میں فرمایا: رسولؐ خدا فتح مکہ سے پہلے مشرکین مکہ پر اتمام حجت کے خواہش مند تھے۔ چنانچہ آپؐ نے ان کے نام ایک خط لکھا جس میں انھیں خدا کی نافرمانی سے متنبہ کیا اور یہ بھی لکھا کہ اگر انھوں نے اسلام قبول کرلیا تو ان کی سابقہ غلطیاں بھی معاف کردی جائیں گی اور خط کے آخر میں سورہ برأت کی آیات بھی نقل فرمائیں۔

جب آپؐ خط لکھ کر فارغ ہوئے تو آپؐ نے اپنے تمام صحابہ سے کہا کہ تم میں سے کون ہے جو میرا یہ خط مکہ لے جائے اور اہل مکہ کے سامنے اسے پڑھ کر سنائے۔ حضرتؐ کا یہ اعلان سن کر ہر ایک پہلوتہی کرنے لگ گیا۔ جب آپؐ نے لوگوں کی یہ حالت دیکھی تو اپنے صحابہ میں سے ایک شخص کا انتخاب کیا اور اسے مکہ کی جانب روانہ کیا۔ اس کے جانے کے بعد جبریل امینؑ آنحضرتؐ کی خدمت میں نازل ہوئے اور انھوں نے آپ کو خدا کا یہ پیغام پہنچایا: ''اس کی تبلیغ کے لیے یا تو آپؐ خود جائیں یا کسی ایسے مرد کو بھیجیں جو آپ میں سے ہو''۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے خدا کے حکم سے آگاہ کیا اور مجھ سے فرمایا کہ تم اس کے پیچھے جاؤ اور اس سے میرا خط لے لو اور اہلِ مکہ کو یہ خط پڑھ کر سناؤ۔ چنانچہ میں نے خدا و رسول کے حکم کی تعمیل کی اور میں حضرتؐ کا خط لے کر مکہ پہنچا اور مکہ کے لوگوں کو مجھ سے شدید عداوت تھی۔ اگر ان کا بس چلتا تو میرے جسم کے ٹکڑے کر ڈالتے۔ اس کام کے لیے اگرچہ انھیں اپنی جان و مال کی قربانی ہی کیوں نہ دینی پڑتی۔

میں نے اہلِ مکہ کے سامنے آنحضرتؐ کے خط کو پڑھا۔ اہلِ مکہ مجھے دھمکیاں دینے لگے اور مکہ کی عورتیں اور مرد مجھ سے بغض و عداوت کا اظہار کرنے لگے مگر میں نے کسی کی پرواہ تک نہ کی۔ پھر آپؐ اپنے ساتھیوں کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: کیا ایسا نہیں ہے؟ سب نے کہا: جی ہاں! ایسا ہی ہے۔

توضیح: اس روایت میں واقعات کی ترتیب صحیح نہیں ہے کیونکہ مکہ ۸ ہجری میں فتح ہوا تھا اور سورہ برأت ۹ ہجری میں نازل ہوئی تھی۔ (من المترجم)

کتاب علل الشرائع میں جمیع بن عمر کی زبانی منقول ہے کہ میں نے جامع مسجد میں نماز پڑھی۔ وہاں ابن عمر بیٹھے ہوئے تھے۔ میں اس کے پاس جا کر بیٹھ گیا اور میں نے اس سے کہا کہ آپ علیؑ کی کوئی فضیلت بیان کریں۔

ابن عمر نے کہا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکر کو سورہ برأت کی آیات دے کر روانہ کیا۔ جب وہ مقام ذی الحلیفہ پہنچے تو حضرت علی علیہ السلام ان کے پاس آئے اور ان سے آیات لے لیں۔

حضرت ابوبکر نے کہا: اے علیؑ! کیا میرے متعلق آسمان سے کوئی حکم نازل ہوا ہے؟

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: نہیں، رسولؐ خدا نے فرمایا کہ یہ پیغام یا تو میں خود جا کر پہنچاؤں یا وہ شخص اس پیغام کو پہنچائے جس کا تعلق میری اہلِ بیتؑ سے ہو۔ یہ سن کر حضرت ابوبکر جنابِ رسولؐ خدا کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا: یارسولؐ اللہ! کیا میرے متعلق کوئی نیا حکم نازل ہوا ہے؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نہیں۔ (پیغام اتنا حساس ہے کہ) اسے یا تو میں خود پہنچا سکتا ہوں یا میری اہلِ بیتؑ میں سے کوئی شخص پہنچا سکتا ہے۔

راوی کا بیان ہے کہ میں نے ''جمیع'' سے کہا کہ کیا تو نے خود ابن عمر سے یہ بات سنی تھی؟ اس نے کہا: جی ہاں! پھر اس نے ''جی ہاں'' کے جملہ کو تین بار دہرایا۔

ابن عباس سے منقول ہے کہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکر کو سورہ برأت کی آیات حوالے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

فرمائیں۔ پھر آنحضرتؐ نے ان کے پیچھے علی علیہ السلام کو بھیج دیا اور انھوں نے وہ آیات اُن سے لے لیں۔ حضرت ابوبکر رسولؐ خدا کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ کیا میرے متعلق کوئی اندیشہ لاحق ہوگیا تھا؟

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نہیں، بات یہ ہے کہ اس پیغام کو یا میں خود پہنچا سکتا ہوں یا پھر علیؑ پہنچا سکتے ہیں۔

حضرت علی علیہ السلام نے ایامِ حج میں جا کر یہ اعلان کیا کہ جنت میں صرف مسلمان ہی داخل ہوگا اور اس برس کے بعد کوئی مشرک حج نہیں کرے گا اور کوئی بھی شخص ننگا ہو کر بیت اللہ کا طواف نہیں کرے گا اور جس فریق کا رسولؐ خدا سے معاہدہ ہے تو معاہدہ کی مدت تک اس کا معاہدہ باقی رہے گا۔

حارث بن مالک راوی ہیں کہ میں مکہ گیا اور سعد بن مالک سے میری ملاقات ہوئی۔ میں نے اس سے کہا: کیا تو نے بھی علی علیہ السلام کی کسی فضیلت کا مشاہدہ کیا تھا؟

سعد بن مالک نے کہا: جی ہاں! میں نے علیؑ کی چار فضیلتوں کا مشاہدہ کیا ہے۔ اگر مجھے ان میں سے ایک فضیلت بھی حاصل ہوتی تو مجھے حضرت نوح علیہ السلام کی طولانی زندگی حاصل ہونے سے بھی زیادہ محبوب ہوتی۔

ان میں سے ایک فضیلت یہ ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سورہ برأت کی آیات حضرت ابوبکر کے سپرد کی تھیں تاکہ وہ مشرکین قریش تک ان آیات کی تبلیغ کریں۔ حضرت ابوبکر نے ایک دن ایک رات کا سفر کیا۔ اس کے بعد رسولؐ خدا نے حضرت علی علیہ السلام سے فرمایا کہ تم ابوبکر کے پیچھے جاؤ اور ان سے یہ آیات لے لو۔

الغرض حضرت علی آئے اور انھوں نے حضرت ابوبکر سے وہ آیات لے لیں۔ حضرت ابوبکر نبی اکرمؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: یارسولؐ اللہ! کیا میرے متعلق کوئی آیت نازل ہوئی ہے؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نہیں۔ ان آیات کی تبلیغ یا تو میں خود کرسکتا ہوں یا وہ شخص کرسکتا ہے جو مجھ سے ہو۔ انس بن مالک سے بھی یہی روایت مروی ہے۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے، آپؑ نے فرمایا: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکر کو سورہ برأت کی آیات سپرد کیں اور فرمایا: اجتماع حج میں ان آیات کی تلاوت کرو اور خدا کا یہ پیغام تمام لوگوں تک پہنچاؤ۔ حضرت ابوبکر روانہ ہوئے۔ ان کے جانے کے بعد حضرت جبریل امینؑ نازل ہوئے اور انھوں نے رسولؐ خدا سے کہا کہ آپؐ کی طرف سے ان احکام کی تبلیغ صرف علیؑ ہی کرسکتے ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

رسولؐ خدا نے حضرت علی علیہ السلام کو بلا کر فرمایا کہ تم میری ناقہ عضباء پر سوار ہو جاؤ اور ابوبکر سے ملاقات کرو اور ان سے سورہ برأت کی آیات لے لو اور مکہ میں وہ آیات لوگوں کو پڑھ کر سناؤ۔

حضرت ابوبکر خدمتِ رسولؐ میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: یارسولؐ اللہ! کیا مجھ پر ناراضگی ہے؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں، بات یہ ہے کہ جبریلؑ یہ پیغام لائے تھے کہ یہ پیغام صرف وہ پہنچا سکتا ہے جو تجھ سے ہو۔

الغرض حضرت علی علیہ السلام قربانی کے دن ظہر کے بعد مکہ پہنچے اور وہ حج اکبر کا دن تھا۔ آپؑ نے فرمایا: لوگو! میں رسولؐ خدا کا نمائندہ ہوں۔ پھر آپؑ نے فرمایا: بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ فَسِيْحُوْا فِي الْاَرْضِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ ..... ''اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے ان مشرکین کے لیے اعلان برأت ہے جن سے تم نے معاہدے کیے تھے۔ تم زمین پر چار مہینے اور چل پھر لو تمھارے پاس ۲۰ دن ذی الحجہ کے ہیں اور محرم، صفر اور ماہ ربیع الاول اور ربیع الاخر کے دس دن ہیں''۔

کوئی مرد و عورت عریاں ہو کر بیت اللہ کا طواف نہیں کرے گا اور آئندہ کوئی مشرک حج نہیں کرے گا اور جس کا رسولؐ خدا کے ساتھ معاہدہ طے ہوا ہے تو وہ معاہدہ اپنی مقررہ مدت تک قائم رہے گا اور جس فریق کے معاہدہ کی مدت مقرر نہیں ہے تو اس کے لیے چار ماہ کی میعاد ہے۔

محمد بن مسلم کی روایت میں یہ الفاظ منقول ہیں کہ جب حضرت علی علیہ السلام نے حضرت ابوبکر سے آیات لیں تو اس وقت حضرت ابوبکر نے پوچھا: کیا میری روانگی کے بعد میرے متعلق کوئی چیز نازل ہوئی تھی؟

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: نہیں بلکہ اللہ یہ چاہتا ہے کہ محمدؐ کی طرف سے وہ شخص نمایندگی کرے جو اس میں سے ہو۔

حضرت علی علیہ السلام اجتماع حج میں شریک ہوئے۔ انھوں نے عرفہ، مزدلفہ اور روز نحر اور ایام تشریق میں خدا و رسول کی طرف سے پیغام پہنچایا اور وہ بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ فَسِيْحُوْا فِي الْاَرْضِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ ..... کی آیات پڑھتے تھے اور کہتے تھے کہ آئندہ کوئی ننگا ہو کر بیت اللہ کا طواف نہیں کرے گا۔

زرارہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے سنا آپؑ نے فرمایا: خدا کی قسم! رسولؐ خدا نے سورہ برأت حضرت ابوبکر کے سپرد ہی نہیں کی تھی۔ بھلا یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ آنحضرتؐ نے پہلے سورہ برأت ان کے سپرد کی ہو پھر ان سے واپس لے لیں! اصل بات یہ ہے کہ رسولؐ خدا نے حضرت ابوبکر کو امیر حج بنا کر روانہ کیا تھا۔ پھر آنحضرتؐ نے انھیں اس

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

منصب سے معزول کر دیا تھا اور ان کی جگہ حضرت علی علیہ السلام کو مقرر کیا تھا اور جب آپؐ حضرت علی علیہ السلام کو بھیج رہے تھے تو آپؐ نے فرمایا تھا: میری طرف سے تبلیغ یا تو میں کرسکتا ہوں یا تم کر سکتے ہو۔

توضیح: علامہ طبرسی مجمع البیان میں لکھتے ہیں: جملہ مفسرین اور ناقلانِ اخبار کا اس بات پر اجماع ہے کہ جب سورہ برأت نازل ہوئی تھی تو آنحضرتؐ نے وہ سورہ حضرت ابوبکر کے سپرد کی تھی۔ پھر ان سے یہ خدمت واپس لے لی اور سورہ کی تبلیغ کا کام حضرت علی علیہ السلام کے سپرد کیا۔ (اضافہ من المترجم نقلا عن حاشیہ بعض النسخ)

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے آپؑ نے فرمایا: بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ کی آیت ۹ ہجری میں اس وقت نازل ہوئی جب آنحضرت غزوۂ تبوک سے واپس تشریف لائے۔ اس سے قبل ۸ ہجری میں آنحضرتؐ نے مکہ فتح کیا تھا لیکن آپؐ نے فتح مکہ کے موقع پر مشرکین کو حج سے منع نہیں کیا تھا۔

اہل عرب کا رواج تھا کہ جو شخص حج کرنے آتا تو وہ جس لباس میں حج کرتا تھا تو وہ بعد میں اس لباس کو استعمال نہیں کرتا تھا۔ اس لباس کو خدا کی راہ میں صدقہ کر دیتا تھا اور جن لوگوں کے پاس لباس صدقہ کرنے کی استطاعت نہ ہوتی تھی تو وہ حج کے لیے لوگوں سے کپڑا بطور عاریت حاصل کرتے تھے اور حج کے بعد وہ مذکورہ کپڑے مالکوں کے حوالے کر دیتے تھے اور جسے کرایہ اور عاریت پر لباس نہ ملتا تو وہ ننگا ہو کر طواف کرتا تھا۔

ایک خوبصورت خاتون حج کرنے کے لیے مکہ آئی۔ اس نے عاریتاً لباس مانگا لیکن اسے عاریتاً لباس نہ مل سکا۔ اس نے کرایہ پر لباس تلاش کیا مگر اسے کرایہ پر بھی کپڑے نہ ملے۔ اس نے کعبہ کے پروہتوں سے پوچھا کہ اسے کیا کرنا چاہیے؟ کعبہ کے پروہتوں نے کہا کہ پھر مجبوری ہے تم ننگا ہو کر ہی طواف کرو۔ چنانچہ اس عورت نے تمام کپڑے اتار دیئے اور اس نے ایک ہاتھ آگے اور ایک پیچھے رکھا اور طواف کرنا شروع کر دیا۔ دوران طواف وہ یہ شعر پڑھ رہی تھی:

اليوم يبدو بعضه او كله فما بدا منه فلا احله

"آج کچھ بدن ظاہر ہوگا یا سارا بدن ہی ظاہر ہوگا۔ جو بدن ظاہر ہوا ہے میں اسے کسی کے لیے حلال نہیں کروں گی"۔

لوگوں نے اس منظر کو بڑے شوق سے دیکھا اور بہت سے افراد نے اس کو شادی کا پیغام بھی دیا لیکن اس نے کہا کہ میں شوہردار خاتون ہوں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

سورہ برأت کے نزول سے پہلے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صرف دفاعی جنگ کرتے تھے اور جو قوم لڑائی سے کنارہ کش ہوتی تو آپ بھی اس قوم کے خلاف لشکر کشی نہیں کرتے تھے اور آپ کا یہ عمل قرآن کریم کی اس آیت مجیدہ کے مطابق تھا: فَإِنِ اعْتَزَلُوكُمْ فَلَمْ يُقَاتِلُوكُمْ وَأَلْقَوْا إِلَيْكُمُ السَّلَمَ فَمَا جَعَلَ اللَّهُ لَكُمْ عَلَيْهِمْ سَبِيلًا ۝ (النساء:۹۰) ''اگر وہ تم سے کنارہ کش ہوجائیں اور لڑنے سے باز رہیں اور تمھاری طرف صلح و آشتی کا ہاتھ بڑھائیں تو اللہ نے تمھارے لیے ان پر دست درازی کی کوئی سبیل نہیں رکھی''۔

لیکن جب سورہ برأت نازل ہوئی تو اس کے بعد آپؐ کے غزوات کی نوعیت دفاعی حیثیت تک محدود نہ رہی البتہ صفوان بن امیہ وسہل بن عمرو جیسے افراد اس سے مستثنیٰ تھے کیونکہ انھوں نے فتح مکہ کے دن آپؐ کے ساتھ ایک مخصوص مدت کا معاہدہ کیا تھا۔

اللہ تعالیٰ نے سورہ برأت کی ابتداء میں مشرکین کو چار ماہ کی مدت دی اور ماہ ذی الحجہ کے ۲۰ دن، ماہ محرم، ماہ صفر، ماہ ربیع الاول اور ماہ ربیع الثانی کے دس دن تک تمھیں مہلت دی جاتی ہے اس کے بعد جہاں جہاں بھی مشرک نظر آئیں گے انھیں قتل کردیا جائے گا۔

جب یہ سورہ نازل ہوئی تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کی آیات حضرت ابوبکر کے سپرد کیں اور ان سے فرمایا کہ تم روزِ نحر منیٰ میں جاکر ان آیات کی تلاوت کرو۔ حضرت ابوبکر کی روانگی کے بعد جبریل امینؑ نازل ہوئے اور انھوں نے کہا: محمدؐ! آپ کی طرف سے اعلان وہی کرسکتا ہے جو آپ میں سے ہو۔

رسولؐ خدا نے حضرت علی علیہ السلام کو ان کے پیچھے روانہ کیا اور وہ مقام ''روحا'' میں جاکر ان سے ملے اور ان سے آیات لے لیں۔ حضرت ابوبکر رسولؐ خدا کی خدمت میں واپس آئے اور عرض کیا: یارسولؐ اللہ! کیا میرے متعلق کوئی چیز نازل ہوئی ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نہیں، اللہ نے مجھے حکم دیا ہے کہ آیات کی تبلیغ یا میں خود کروں یا وہ کرے جو مجھ سے ہو۔

حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام نے فرمایا کہ حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے حکم دیا تھا کہ میں مکہ جاکر اعلان کروں کہ آئندہ کوئی شخص ننگا ہوکر بیت اللہ کا طواف نہیں کرے گا اور اس برس کے بعد کوئی مشرک حج نہیں کرے گا اور میں بَرَآءَةٌ مِّنَ اللَّهِ وَرَسُولِهِ إِلَى الَّذِينَ عَاهَدتُّم مِّنَ الْمُشْرِكِينَ ۝ فَسِيحُوا فِي الْأَرْضِ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ ..... کی تلاوت کروں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَا
يُحَرِّمُوْنَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَلَا يَدِيْنُوْنَ دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ
الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ
صٰغِرُوْنَ ﴿۲۹﴾ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ عُزَيْرُ ۨ ابْنُ اللّٰهِ وَقَالَتِ النَّصٰرَى
الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ قَوْلُهُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ ۚ يُضَاهِـُٔوْنَ قَوْلَ
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ؕ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۚ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿۳۰﴾
اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ
وَالْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ ۚ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ
لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ سُبْحٰنَهٗ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۳۱﴾ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّطْفِـُٔوْا
نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَيَاْبَى اللّٰهُ اِلَّآ اَنْ يُّتِمَّ نُوْرَهٗ وَلَوْ كَرِهَ
الْكٰفِرُوْنَ ﴿۳۲﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ
لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ﴿۳۳﴾ يٰٓاَيُّهَا
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْاَحْبَارِ وَالرُّهْبَانِ لَيَاْكُلُوْنَ
اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ
يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۳۴﴾ يَّوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ
فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ ۭ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ
لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ ﴿۳۵﴾

''یہ کام مشرکین کا نہیں ہے کہ وہ خدا کی مساجد کو آباد کریں جب کہ وہ خود اپنے اوپر کفر کے گواہ ہیں۔ ان کے تمام اعمال ضائع ہو گئے اور وہ ہمیشہ جہنم میں رہیں گے۔ اللہ کی مساجد کو تو صرف وہ آباد کرتے ہیں جو اللہ اور روزِ آخرت پر ایمان رکھیں اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کریں اور اللہ کے سوا کسی سے نہ ڈریں۔ انھی سے یہ توقع ہے کہ سیدھی راہ پر چلیں گے۔ کیا تم نے حاجیوں کو پانی پلانے اور مسجد الحرام کی آبادی کو اس شخص کے کام کے برابر ٹھہرا لیا ہے جو اللہ اور آخرت پر ایمان رکھتا ہے اور اللہ کی راہ میں جہاد کرتا ہے یہ اللہ کے نزدیک برابر نہیں ہو سکتے اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔

جو لوگ ایمان لائے اور ہجرت کی اور اپنے مال و جان سے اللہ کی راہ میں جہاد کیا وہ اللہ کے نزدیک بلند ترین درجہ کے مالک ہیں اور وہی لوگ ہی کامیاب ہیں۔ ان کا رب انھیں اپنی رحمت اور رضائے کثیر اور ان باغات کی بشارت دیتا ہے جہاں ان کے لیے دائمی نعمتیں ہوں گی۔ وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے۔ یقیناً اللہ کے ہاں اجرِ عظیم ہے۔

اے اہلِ ایمان! خبردار اپنے باپ دادا' اور بھائیوں کو اپنا دوست نہ بناؤ۔ اگر وہ ایمان کے مقابلہ میں کفر کو ترجیح دیں' تم میں سے جو بھی انھیں دوست بنائیں گے وہی ظالم ہوں گے۔ آپ کہہ دیں کہ اگر تمھارے باپ دادا' اولاد' برادران' بیویاں' تمھارے قبیلے اور تمھارے وہ مال جو تم نے کھائے ہیں اور تمھارے وہ کاروبار جن کے ماند پڑ جانے کا تم کو خوف ہے اور

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

تمھارے وہ گھر جو تمھیں پسند ہیں، تم کو اللہ اور اس کے رسول اور اس کی راہ میں جہاد سے زیادہ عزیز ہیں تو انتظار کرو یہاں تک کہ اللہ اپنا فیصلہ لے آئے اور اللہ فاسقین کی رہنمائی نہیں کیا کرتا۔

بے شک اللہ نے کثیر جگہوں پر تمھاری مدد کی ہے اور حنین کے روز بھی تمھاری مدد کی ہے جب تمھیں اپنی کثرت پر ناز تھا لیکن اس نے تمھیں کوئی فائدہ نہیں پہنچایا اور زمین اپنی وسعت کے باوجود تم پر تنگ ہوگئی۔ اس کے بعد تم پیٹھ پھیر کر بھاگ نکلے۔ پھر اللہ نے اپنے رسول اور صاحبانِ ایمان پر تسکین نازل فرمائی اور وہ لشکر بھیجے جنھیں تم نے نہیں دیکھا اور کافروں پر عذاب نازل کیا اور یہی کافروں کی جزا ہے۔ پھر اللہ جس کو چاہتا ہے توبہ کرنے کی توفیق دے دیتا ہے اور اللہ بہت بخشنے والا مہربان ہے۔

اے ایمان والو! مشرکین تو محض ناپاک ہیں لہٰذا اس سال کے بعد وہ مسجد الحرام کے قریب نہ پھٹکنے پائیں اور اگر تمھیں تنگ دستی کا خوف ہے تو عنقریب اللہ تمھیں اپنے فضل سے مالا مال کر دے گا۔ یقیناً اللہ صاحبِ علم اور صاحبِ حکمت ہے۔

ان اہلِ کتاب سے جنگ کرو جو اللہ اور روزِ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اور جس چیز کو خدا اور اس کے رسول نے حرام کیا ہے وہ اسے حرام نہیں سمجھتے اور دین حق کو اپنا دین نہیں بناتے۔ (ان سے لڑو) یہاں تک کہ وہ اپنے ہاتھ سے ذلت کے ساتھ تمھیں جزیہ پیش کرنے پر آمادہ ہو جائیں۔

یہودیوں نے کہا کہ عزیر اللہ کا بیٹا ہے اور عیسائی کہتے ہیں کہ مسیح اللہ کا فرزند ہے۔ یہ سب بے حقیقت باتیں ہیں جو وہ اپنے منہ سے نکال رہے ہیں۔ ان باتوں میں یہ ان کی مثل ہیں جو ان سے پہلے کفار کہا کرتے تھے۔ ان پر خدا کی مار پڑے یہ کہاں بہکے چلے جا رہے ہیں۔ انھوں نے اپنے علماء اور درویشوں کو اللہ کے سوا اپنا رب بنا لیا ہے اور اسی طرح سے مسیح ابن

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

مریم کو بھی۔ حالانکہ انھیں صرف ایک معبود کی بندگی کے سوا اور کسی کی بندگی کا حکم نہیں دیا گیا۔ اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں وہ ان کے مشرکانہ خیالات سے پاک و پاکیزہ ہے۔

یہ چاہتے ہیں کہ اللہ کے نور کو اپنے منہ کے پھونکوں سے بجھا دیں حالانکہ خدا اس کے علاوہ کچھ ماننے کے لیے تیار نہیں ہے کہ وہ اپنے نور کو تمام کرے چاہے کافروں کو یہ کتنا ہی برا کیوں نہ لگے۔ اور وہ وہی تو خدا ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا تا کہ وہ اپنے دین کو تمام ادیان پر غالب بنائے چاہے مشرکین کو ناگوار ہی کیوں نہ لگے۔

اے اہلِ ایمان! اہلِ کتاب کے اکثر علماء اور درویش لوگوں کے مال باطل طریقے سے کھاتے ہیں اور اللہ کی راہ سے روکتے ہیں اور وہ لوگ جو سونے چاندی کا ذخیرہ کرتے ہیں اور اسے راہِ خدا میں خرچ نہیں کرتے' آپ انھیں دردناک عذاب کی بشارت دے دیں۔ جس دن وہ سونا چاندی آتشِ دوزخ میں تپایا جائے گا اور اس سے ان کی پیشانیوں اور ان کے پہلوؤں اور ان کی پشتوں کو داغا جائے گا کہ یہ وہ ذخیرہ ہے جو تم نے اپنے لیے جمع کیا تھا۔ اب اپنے ذخیرے کا مزہ چکھو"۔

مومن ہی مساجد کو آباد کر سکتے ہیں مشرک آباد نہیں کر سکتے

مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يَّعْمُرُوْا مَسٰجِدَ اللّٰهِ شٰهِدِيْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ۚ وَفِي النَّارِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ۝ اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ وَلَمْ يَخْشَ اِلَّا اللّٰهَ فَعَسٰٓى اُولٰۗىِٕكَ اَنْ يَّكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ۝

"یہ کام مشرکین کا نہیں کہ وہ مساجد خدا کو آباد کریں جب کہ وہ خود اپنے اُوپر کفر کے گواہ ہیں۔ ان کے تمام اعمال ضائع ہو چکے ہیں اور وہ ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے۔ اللہ کی مساجد کو تو صرف وہ آباد کرتے ہیں جو اللہ اور روزِ آخرت پر ایمان رکھیں اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کریں اور اللہ کے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

سوا کسی سے نہ ڈریں انھی سے یہ توقع ہے کہ وہ سیدھی راہ پر چلیں گے"۔

ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے مساجد کی آبادی اور تعمیر ومرمت کی مشرکین سے نفی کی ہے اور فرمایا ہے کہ یہ کام مشرک کا نہیں ہے کہ وہ مساجد خداوندی کو آباد کرے کیونکہ وہ اپنے قول وفعل سے اپنے کفر کی گواہی دے رہا ہوتا ہے۔ بعض اوقات کفریہ کلمات سے اور بعض اوقات بت پرستی جیسے فعل سے وہ اپنے کفر کا اظہار کر رہا ہوتا ہے اور اگر کوئی کافر بالخصوص کوئی مشرکِ مکہ مسجد الحرام کی تعمیر ومرمت کا کام سرانجام بھی دے لے تو بھی اس کا یہ عمل اس کے کفر کی وجہ سے ضائع ہو جائے گا اور وہ اس کے لیے سعادت اور جنت کا ذریعہ ثابت نہیں ہوگا۔

اس کے برعکس مساجد کو وہ آباد کر سکتے ہیں جو خدا اور روزِ آخرت پر ایمان رکھتے ہوں اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ وہ نماز قائم کرتے ہوں، کیونکہ مساجد کی آبادی اور مساجد کی رونق کا دارومدار نمازیوں پر ہے جتنے نمازی زیادہ ہوں گے مسجد اتنی ہی آباد اور پُر رونق دکھائی دے گی۔ پھر اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ مساجد آباد کرنے والے اہلِ ایمان کی ایک شرط یہ بھی ہے کہ وہ زکوٰۃ بھی ادا کرتے ہوں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ نماز بدنی عبادت ہے اور زکوٰۃ مالی عبادت ہے۔

مساجد آباد کرنے والوں کی سب سے بڑی علامت اللہ تعالیٰ نے یہ بیان فرمائی ہے کہ "اللہ کے سوا وہ کسی سے نہ ڈرتے ہوں" یعنی وہ خشیت دین رکھتے ہوں۔ یہاں پر "خشیت عزیزی" کی بحث نہیں کی گئی کیونکہ "خشیت عزیزی" سے تو صرف انبیاء ورسل اور خدا کے اولیاء ہی محفوظ ہیں جیسا کہ فرمان الٰہی ہے: اَلَّذِيْنَ يُبَلِّغُوْنَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ وَيَخْشَوْنَهٗ وَلَا يَخْشَوْنَ اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ ۔ (الاحزاب:۳۹) "وہ جو اللہ کے پیغامات پہنچاتے ہیں وہ اللہ سے ڈرتے ہیں اور اللہ کے علاوہ کسی دوسرے سے نہیں ڈرتے"۔

چنانچہ ایسے ہی لوگوں کے متعلق اللہ تعالیٰ نے یہ نتیجہ دیا ہے: فَعَسٰٓى اُولٰٓئِكَ اَنْ يَّكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ۝ ایسے لوگوں سے ہی توقع ہے کہ وہ سیدھی راہ پر چلیں گے۔ (اضافہ من المترجم نقلاً عن المیزان)

خدمتِ حرم اور ایمان و جہاد برابر نہیں ہیں

اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَآجِّ وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَجٰهَدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ لَا يَسْتَوٗنَ عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۙ اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

الْفَآئِزُوْنَ ۝ يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَانٍ وَّجَنّٰتٍ لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۝ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝

"کیا تم نے حاجیوں کو پانی پلانے اور مسجد الحرام کی آبادی کو اس جیسا سمجھ لیا ہے جو اللہ اور روزِ آخرت پر ایمان لایا ہے اور اللہ کی راہ میں جہاد کیا ہے۔ یہ اللہ کے نزدیک برابر نہیں ہو سکتے اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔ جو لوگ ایمان لائے اور ہجرت کی اور اپنے مال و جان سے اللہ کی راہ میں جہاد کیا وہ اللہ کے ہاں بلند ترین درجہ کے مالک ہیں اور وہی لوگ ہی کامیاب ہیں"۔ ان کا رب انھیں اپنی رحمت اور رضائے کثیر اور ان باغات کی بشارت دیتا ہے جہاں ان کے لیے دائمی نعمتیں ہوں گی"۔

تفسیر علی بن ابرہیم میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے' آپؑ نے فرمایا: یہ آیات حضرت علیؑ، عباس اور شیبہ کے متعلق نازل ہوئیں۔ عباس نے کہا کہ میں افضل ہوں کیونکہ میں حاجیوں کو پانی پلانے کی ذمہ داری ادا کرتا ہوں۔ شیبہ نے کہا کہ میں افضل ہوں کیونکہ میں بیت اللہ کا حاجب ہوں اور میں کعبہ کا کلید بردار ہوں۔ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ میں افضل ہوں کیونکہ میں نے تم دونوں سے پہلے اسلام قبول کیا ہے۔ میں نے ہجرت کی ہے اور جہاد کیا ہے۔

پھر تینوں بزرگ فیصلہ کے لیے رسولؐ خدا کی خدمت میں حاضر ہوئے اور تینوں نے اپنا موقف بیان کیا۔ اللہ تعالیٰ نے اس وقت یہ آیات نازل فرمائی: اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَآجِّ ..... اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝

ابوالجارود بیان کرتے ہیں کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَآجِّ وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَجٰهَدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ لَا يَسْتَوٗنَ عِنْدَ اللّٰهِ ..... کی آیت حضرت علی علیہ السلام کی شان میں نازل ہوئی۔

کتاب الخصال میں مرقوم ہے کہ حبیب خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام سے فرمایا: عبدالمطلب نے زمانۂ جاہلیت میں پانچ سنتیں قائم کی تھیں جنھیں خدا نے اسلام میں جاری رکھا۔ انھوں نے چاہِ زمزم کی از سرنو کھدائی کی تھی اور اس کا نام سقایۃ الحاج رکھا تھا۔ اللہ تعالیٰ کو ان کا رکھا ہوا یہ نام اتنا پسند آیا کہ قرآن مجید میں بھی اللہ نے اسی نام کو برقرار رکھا اور فرمایا: اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَآجِّ وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ .....

روضہ کافی میں ابوبصیر نے صادقین علیہما السلام سے اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَآجِّ .....کی آیت کے متعلق یہ روایت نقل کی

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ہے کہ انھوں نے فرمایا کہ یہ آیت حمزہ، علی، جعفر، عباس اور شیبہ کے متعلق نازل ہوئی۔ انھوں نے ''سقایہ'' اور ''حجابہ'' کے مناصب کا فخر کیا۔ اس کے جواب میں اللہ نے اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَآجِّ وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَجٰهَدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ لَا يَسْتَوٗنَ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ کی آیت نازل فرمائی۔

توضیح: اس روایت میں تاریخی بُعد پایا جاتا ہے کیونکہ حضرت جعفر بن ابوطالب نے مکہ سے حبشہ کی طرف ہجرت کی تھی اور وہ جنگِ خیبر کی فتح کے وقت وہاں سے تشریف لائے تھے جب کہ حضرت حمزہ ان کی آمد سے بہت عرصہ قبل جنگِ احد میں شہید ہوگئے تھے لہٰذا اس امر کا امکان نہیں ہے کہ انھوں نے بیٹھ کر باہمی طور پر عباس اور شیبہ کے ساتھ افتخار آرائی کی ہو۔ (من المترجم عفی عنہ)

احتجاج طبرسی میں مرقوم ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے حضرت عمر کی قائم کردہ مجلس شوریٰ کے اجلاس میں حاضرین سے فرمایا تھا: میں تمھیں خدا کی قسم دے کر دریافت کرتا ہوں کہ کیا اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَآجِّ وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَجٰهَدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ لَا يَسْتَوٗنَ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ کی آیت میری فضیلت میں نازل ہوئی تھی یا تم میں سے کسی کی فضیلت کے لیے نازل ہوئی تھی؟

حاضرین نے کہا: یہ آیت آپؑ کے حق میں ہی نازل ہوئی تھی۔

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے اس آیت کو سقاۃ الحاج وعمرۃ المسجد الحرام کے الفاظ سے قراءت کیا تھا اور فرمایا تھا کہ حضرت علی علیہ السلام نے حضرت عباس سے کہا کہ چچا جان آپ مکہ سے ہجرت کیوں نہیں کرتے؟

حضرت عباس نے کہا تھا میں یہاں رہ کر ہجرت سے بڑی عبادت کر رہا ہوں۔ میں حجاج بیت اللہ کو پانی پلاتا ہوں اور مسجد الحرام کو آباد رکھے ہوئے ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے اس وقت یہ آیت نازل فرمائی: اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَآجِّ وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ.....

حاکم ابوالقاسم الحسکانی نے اپنی اسناد سے ابن بریدہ سے اور اس نے اپنے والد سے یہ روایت نقل کی ہے کہ ایک مرتبہ شیبہ اور عباس ایک دوسرے پر فخر کر رہے تھے کہ حضرت علی علیہ السلام کا ان کے پاس سے گزر ہوا۔ آپؑ نے ان سے فرمایا کہ تم دونوں کس بات پر فخر کر رہے ہو؟ عباس نے کہا: مجھے وہ فضیلت ملی ہے جس میں کوئی شریک نہیں ہے۔ میں حجاج کو

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

Presented by Ziaraat.Com

Scanned by CamScanner

ایمان کے مقابلہ میں رشتوں اور دولت کی کوئی اہمیت نہیں ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰبَآءَكُمْ وَاِخْوَانَكُمْ اَوْلِيَآءَ اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْاِيْمَانِ ۭ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَاۗؤُكُمْ وَاَبْنَاۗؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُۨ اقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝

''اے اہلِ ایمان! خبردار اپنے باپ دادا اور بھائیوں کو اپنا دوست نہ بناؤ۔ اگر وہ ایمان کے مقابلہ میں کفر کو ترجیح دیں تم میں سے جو بھی انھیں دوست بنائیں گے وہی ظالم ہوں گے۔ آپ کہہ دیں کہ اگر تمھارے باپ دادا' تمھاری اولاد' تمھارے بھائی' تمھاری بیویاں' تمھارا قبیلہ اور تمھارے وہ مال جو تم نے کمائے ہیں اور تمھارے وہ کاروبار جن کے ماند پڑ جانے کا تم کو خوف ہے اور تمھارے وہ گھر جو تمھیں پسند ہیں' تم کو اللہ اور اس کے رسول اور اس کی راہ میں جہاد کرنے سے زیادہ عزیز ہیں تو انتظار کرو یہاں تک کہ اللہ اپنا فیصلہ لے آئے اور اللہ فاسقین کی رہنمائی نہیں کرتا''۔

ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے حق سے روکنے والی اشیاء کا تذکرہ کیا ہے اور فرمایا کہ اگر تمھارے باپ دادا اور تمھارے بھائی ایمان پر کفر کو ترجیح دیں تو تم ان سے قطع تعلق کر لو لیکن ایمان سے رشتہ نہ توڑو۔ اور اگر کوئی شخص کفر کو ایمان پر ترجیح دینے والے باپ دادا' اور بھائیوں سے تعلق قائم رکھتا ہے تو وہ ظالم ہے۔

اللہ تعالیٰ نے پھر بڑی تفصیل کے ساتھ فرمایا کہ اگر تمھارے آباء و اجداد' اولاد' بھائی' بیویاں' قبیلہ اور تمھاری حاصل کردہ دولت' تمھارے کاروبار اور تمھاری حسین و جمیل رہائش گاہیں تمھیں اللہ' رسول اور جہاد فی سبیل اللہ سے زیادہ عزیز ہیں تو انتظار کرو یہاں تک کہ اللہ اپنا فیصلہ لے آئے۔ اللہ اپنے دین کی سربلندی کے لیے تمھاری جگہ اور قوم لے آئے گا جو اہلِ ایمان کے لیے نرم اور کافروں پر سخت ہوگی اور وہ اللہ کی راہ میں جہاد کرے گی اور کسی کی ملامت کی پرواہ نہیں کرے گی اور وہ قوم دنیاوی علائق اور رشتہ داریوں کی کوئی پرواہ نہیں کرے گی۔ اللہ اس قوم کے ذریعہ سے اپنے دین کو سربلندی عطا کرے گا لیکن تم فاسق بن جاؤ گے اور دین کے لیے تمھاری افادیت ختم ہو جائے گی اور تم سعادت ابدی کے حصول سے ناکام ہو جاؤ گے۔ (اضافۃ من المترجم نقلاً عن تفسیر المیزان)

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

تفسیر عیاشی میں جابر سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْۤا اٰبَآءَكُمْ وَ اِخْوَانَكُمْ اَوْلِیَآءَ اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْاِیْمَانِ کی آیت مجیدہ کے متعلق دریافت کیا تو آپؑ نے فرمایا:

اس آیت کا ایک باطن بھی ہے اور وہ یہ ہے کہ حضرت علی علیہ السلام کے سیاسی مخالفین کی ولایت کفر ہے اور علی بن ابی طالبؑ کی ولایت ایمان ہے۔ مقصد یہ ہے کہ اگر تمھارے باپ دادا اور بھائی علیؑ کی ولایت پر کسی مخالف کی ولایت کو ترجیح دیں تو تم ان سے قطع تعلق کرلو اور جو ان سے قطع تعلق نہ کرے گا تو وہ ظالم قرار پائے گا۔

تفسیر مجمع البیان میں اس آیت کے متعلق حضرت امام محمد باقر اور حضرت امام جعفر صادق علیہما السلام سے منقول ہے کہ فتح مکہ سے قبل حاطب بن ابی بلتعہ نے جب خط لکھ کر قریش کو حملہ کی پیشگی اطلاع دینے کی کوشش کی تھی تو اس وقت اللہ تعالیٰ نے یہ آیات نازل فرمائی تھیں۔

توضیح: اگرچہ عمومی خطاب میں حاطب بن ابی بلتعہ بھی اس میں شامل ہے لیکن اس کے واقعہ کو ان آیات کا شانِ نزول قرار نہیں دیا جا سکتا کیونکہ اس نے یہ حرکت فتح مکہ سے قبل ۸ ہجری میں کی تھی جب کہ سورہ برأت ۹ ہجری میں نازل ہوئی۔ (اضافہ من المترجم)

شیخ صدوق اعتقاداتِ امامیہ میں رقم طراز ہیں کہ جب وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِیْبَنَّ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَآصَّةً ..... (الانفال: ۲۵) (اور اس فتنہ سے بچو جو صرف ظالموں تک ہی محدود نہیں رہے گا) کی آیت نازل ہوئی تو رسولؐ خدا نے فرمایا: میری وفات کے بعد جس نے علیؑ کو میری اس سند سے محروم رکھا تو گویا اس نے میری نبوت اور مجھ سے پہلے انبیاء کی نبوت کا انکار کیا اور جو ظالم سے محبت رکھے وہ بھی ظالم ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْۤا اٰبَآءَكُمْ وَ اِخْوَانَكُمْ اَوْلِیَآءَ اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْاِیْمَانِ ؕ وَ مَنْ یَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ ''اے اہلِ ایمان! اپنے باپ دادا اور بھائیوں کو دوست نہ بناؤ اگر وہ کفر کو ایمان پر ترجیح دیں اور جو کوئی ان سے دوستی رکھے گا تو وہ ظالم قرار پائے گا''۔

نہج البلاغہ میں حضرت علی علیہ السلام کا ایک خطبہ مرقوم ہے جس میں آپؑ نے ایمان کے مقابلہ میں رشتہ داری کی پرواہ نہ کرنے کے متعلق یہ ارشاد فرمایا:

ہم (مسلمان) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ہو کر اپنے باپ، بیٹوں، بھائیوں اور چچاؤں کو قتل کرتے تھے۔ اس سے ہمارا ایمان بڑھتا تھا۔ اطاعت اور راہِ حق کی پیروی میں اضافہ ہوتا تھا اور کرب و الم کی سوزشوں پر صبر میں زیادتی

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ہوتی تھی اور دشمنوں سے جہاد کرنے کی کوششیں بڑھ جاتی تھیں۔ (جہاد کی صورت یہ تھی کہ) ہم میں ایک شخص اور فوجِ دشمن کا کوئی سپاہی دونوں مردوں کی طرح آپس میں بڑھتے تھے اور جان لینے کے لیے ایک دوسرے پر جھپٹتے تھے کہ کون اپنے حریف کو موت کا پیالہ پلاتا ہے۔ کبھی ہماری جیت ہوتی تھی اور کبھی دشمن کی۔ چنانچہ جب خداوند عالم نے ہماری نیتوں کی سچائی دیکھ لی تو اس نے ہمارے دشمنوں کو ذلیل و رسوا کیا اور ہماری نصرت و تائید فرمائی۔ یہاں تک کہ اسلام سینہ ٹیک کر اپنی جگہ پر جم گیا اور اپنی منزل پر برقرار ہوگیا۔ خدا کی قسم! اگر ہم بھی تمھاری طرح کرتے تو دین کا نہ تو ستون گڑتا اور نہ ایمان کا تنا برگ و بار لاتا۔ خدا کی قسم! تم اپنے کیے کے بدلے میں دودھ کی بجائے خون دھو گے اور آخر تمھیں ندامت و شرمندگی اٹھانا پڑے گی۔

لفظ ''کثیر'' کا اطلاق کتنی مقدار پر ہوتا ہے؟

لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِيْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ ''اللہ نے بہت سے مقامات پر تمھاری مدد کی ہے''۔

تفسیر عیاشی میں مرقوم ہے کہ ایک مرتبہ متوکل عباسی سخت بیمار ہوا۔ اس نے اپنی شفایابی کے لیے خدا کی بارگاہ میں منت مانی کہ اگر وہ صحت یاب ہوگیا تو وہ ''مالِ کثیر'' راہ خدا میں صرف کرے گا۔ خدا نے مہربانی کی اور وہ ٹھیک ہوگیا۔ ٹھیک ہونے کے بعد اس نے اپنے دوستوں سے کہا کہ میں نے ''مالِ کثیر'' راہِ خدا میں دینے کی منت مانی تھی۔ اب بتاؤ کہ میں کتنا مال خرچ کروں جس سے میری نذر پوری ہو سکے۔

اس کے ساتھیوں نے کہا کہ آپ کو پانچ لاکھ درہم سے آٹھ لاکھ درہم تک رقم راہِ خدا میں خرچ کرنی چاہیے؟ متوکل نے اس مقدار کو بہت زیادہ قرار دیا۔ اس کے ایک درباری یحییٰ بن ابی منصور منجم نے کہا کہ تم اپنے ابن عم امام علی نقی علیہ السلام کی طرف خط بھیجو اور یہ مسئلہ ان سے دریافت کرو۔ متوکل نے حضرت امام علی نقی علیہ السلام کو اس مضمون کا خط بھیجا اور لفظ ''کثیر'' کی تعداد مقرر کرنے کے لیے کہا۔

امام علیہ السلام نے جواب میں لکھا: تم اپنے رزق حلال میں سے اسّی (۸۰) درہم راہِ خدا میں خرچ کرو تمھاری نذر ادا ہوجائے گی۔

متوکل نے جب یہ جواب پڑھا تو اسے یہ رقم انتہائی قلیل محسوس ہوئی۔ اس نے اپنے ایک ساتھی سے کہا کہ تم علی نقی علیہ السلام کے پاس جاؤ اور ان سے پوچھو کہ لفظ ''کثیر'' سے آپؑ نے اسّی درہم کیسے مراد لیے ہیں اور آپؑ کے پاس اس کا کیا ثبوت ہے؟

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

جب خلیفہ کے فرستادہ نے امام علیہ السلام سے یہ مسئلہ پوچھا تو آپؑ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا ہے: لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِيْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ ۔ اللہ نے ''کثیر'' مقامات پر تمھاری مدد کی ہے اور جب رسولؐ خدا کی زندگی میں ان مقامات کو شمار کیا جائے جہاں خدا نے مدد کی ہے تو ان کی تعداد اسّی بنتی ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اسّی پر لفظ ''کثیر'' کا اطلاق صحیح ہے اور قرآن کی لغت کے عین مطابق ہے۔

تفسیر علی بن ابراہیم اور الکافی میں بھی یہ واقعہ مرقوم ہے۔

کتاب معانی الاخبار میں مرقوم ہے کہ کسی نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ اگر کوئی شخص ''مالِ کثیر'' صرف کرنے کی نذر مانے تو نذر کی ادائیگی کے لیے کتنی رقم خرچ کرے؟

حضرت امام علیہ السلام نے فرمایا: وہ اسّی یا اس سے کچھ زیادہ درہم راہِ خدا میں خرچ کرے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِيْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ ۔ اللہ نے ''کثیر'' مقامات پر تمھاری مدد کی ہے اور حیاتِ پیغمبرؐ میں ان مواقع کی تعداد اسّی ہے۔

جنگِ حُنین

وَيَوْمَ حُنَيْنٍ ۙ اِذْ اَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْـًٔا وَّضَاقَتْ عَلَيْكُمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ وَلَّيْتُمْ مُّدْبِرِيْنَ ۞ ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا وَعَذَّبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ وَذٰلِكَ جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ ۞

''اور اللہ نے حُنین کے روز بھی تمھاری مدد کی ہے جب تمھیں اپنی کثرت پر ناز تھا لیکن اس نے تمھیں کوئی فائدہ نہیں پہنچایا اور زمین اپنی وسعت کے باوجود تم پر تنگ ہوگئی۔ اس کے بعد تم پیٹھ پھیر کر بھاگ کھڑے ہوئے۔ پھر اللہ نے اپنے رسول اور صاحبانِ ایمان پر تسکین نازل فرمائی اور وہ لشکر بھیجے جنھیں تم نے نہیں دیکھا اور کافروں پر عذاب نازل کیا اور یہی کافروں کی جزا ہے''۔

طائف کے راستہ میں ایک وادی ہے جس کا نام حُنین ہے اس کے اور مکہ کے درمیان تین دن کی مسافت ہے۔ اس جنگ کو غزوۂ اوطاس بھی کہا جاتا ہے جو اس مقام کا نام ہے جہاں یہ جنگ برپا ہوئی تھی۔ جب آنحضرتؐ نے مکہ فتح کیا تو قبائل ہوازن وثقیف کے امراء کو یہ اندیشہ ہوا کہ کہیں آنحضرتؐ ان پر یلغار نہ کردیں۔ ان لوگوں نے قبیلہ بنی نضر کے ایک

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

۳۰ سالہ شخص مالک بن عوف کو اپنی فوج کی کمان سپرد کر دی۔ اس نے اپنے سپاہیوں کو حکم دیا کہ وہ اپنی ہر چیز اپنے اپنے مویشی، مال و دولت اور عورتوں اور اولاد کو اپنے ساتھ لے چلیں تا کہ وہ جنگ میں ثابت قدم رہیں۔ لوگ درید بن صمہ سے متاثر تھے جو کہ اس وقت بہت بوڑھا ہو چکا تھا۔ بعض روایات کے مطابق اس کی عمر ایک سو برس سے زیادہ تھی اور وہ آنکھوں سے نابینا ہو چکا تھا مگر اسے جنگوں کا بڑا تجربہ تھا۔ لوگ اسے جنگ حُنین کے موقع پر لے آئے۔ جب وہ اوطاس کے مقام پر پہنچا تو اس نے کہا کہ کیا بات ہے میں اُونٹوں، گدھوں، بکریوں اور گایوں کی آوازیں اور بچوں کے رونے کی صدائیں سن رہا ہوں؟

اسے بتایا گیا کہ مالک بن عوف سب کو میدان میں لے آیا ہے۔ اس نے مالک کو طلب کیا اور اس سے اس کے فعل کی توجیہہ دریافت کی۔ مالک نے کہا کہ میں نے یہ اس لیے کیا ہے کہ ہر شخص اپنے مال مویشی اور عورتوں کے تحفظ کے لیے جم کر لڑے۔ لیکن "درید" نے اس سے اتفاق نہ کیا اور اس نے مالک کو مشورہ دیا کہ ان بال بچوں اور مال و سامان کو واپس کر دیا جائے، لیکن اس نے یہ مشورہ نہ مانا اور کہا کہ بڑھاپے کی وجہ سے اس کی رائے میں کمزوری آ گئی ہے۔ پھر مالک نے اپنے تیراندازوں کو پہاڑی گھاٹیوں میں چھپا کر بٹھا دیا اور کہا کہ جب محمد کا لشکر یہاں آ جائے تو ان پر ہر طرف سے تیروں کی بوچھاڑ کر دی جائے۔ مالک کے لشکر کی مجموعی تعداد بیس سے ۳۰ ہزار کے درمیان تھی اور ہوازن کے لوگ مشہور تیرانداز تھے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی فوج بارہ ہزار افراد پر مشتمل تھی جن میں دس ہزار وہ تھے جو مدینہ سے فتح مکہ کی غرض سے آپ کے ہمراہ آئے تھے اور دو ہزار وہ تھے جو فتح مکہ کے دن اسلام لائے تھے۔ اس تعداد کو دیکھ کر کسی نے کہا تھا کہ آج ہمیں عددی اکثریت حاصل ہے لہٰذا ہم کسی سے مغلوب نہیں ہوں گے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بروز ہفتہ بتاریخ ۶ شوال ۸ ہجری کو مکہ سے روانہ ہوئے تو اہل مکہ پیدل و سوار حتیٰ کہ خواتین اور نومسلم سب آپؐ کے ہمراہ روانہ ہوئے۔ آنحضرتؐ نے لشکر کی دستہ بندی کی اور لشکر کا بڑا علم حضرت علی علیہ السلام کے سپرد کیا۔

جب آنحضرت حُنین کے مقام پر پہنچ کر صبح سویرے وادی میں داخل ہوئے تو دشمن کے سپاہی وادی کے مختلف تنگ حصوں میں چھپے ہوئے تھے، اچانک مسلمانوں پر ٹوٹ پڑے اور مسلمانوں پر تیروں کی بوچھاڑ کر دی۔ نتیجتاً مسلمان شکست کھا کر پسپا ہو گئے اور جب مسلمانوں کا ہراول دستہ بھاگا تو پورا لشکر بھاگ کھڑا ہوا۔ اس افراتفری کے عالم میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کوہِ استقامت بن کر اپنی جگہ پر ثابت قدم رہے اور حضرت علی علیہ السلام نے شجاعت کے بے نظیر کارنامے رقم کیے۔ اس وقت آنحضرتؐ کے پاس انتہائی کم تعداد میں مجاہد کھڑے رہے۔ اس جنگ میں آپؐ نے رجز میں یہ شعر پڑھے:

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

انا النبی لاکذب – انا ابن عبدالمطلب ''میں سچا نبی ہوں' میں عبدالمطلب کا فرزند ہوں''۔

پھر آپؐ نے مٹھی بھر مٹی اٹھا کر دشمن کے منہ پر پھینک ماری اور فرمایا: شاھت الوجوہ ''دشمن کے چہرے بگڑ ہو جائیں''۔ عباس بن عبدالمطلب بلند آواز سے پکارتے تھے: اے جماعتِ انصار، اے اصحابِ شجرہ، اے سورہ بقرہ والو! بعد میں مسلمان واپس آنے شروع ہوئے اور پھر گھمسان کی جنگ شروع ہوئی۔ آنحضرتؐ نے جنگ کا منظر دیکھ کر فرمایا: الان قدحمی ابوطین ''اب جنگ کا تنور گرم ہوا ہے''۔ آخرکار مشرکین کو شکست ہوئی۔ اس جنگ میں درید بن صمہ مارا گیا اور مسلمانوں کو بہت سا مالِ غنیمت ہاتھ آیا اور آنحضرتؐ نے مکہ کے نومسلموں کی تالیفِ قلب کے لیے مالِ غنیمت کا ایک بڑا حصہ ان میں تقسیم فرمایا مگر اس کے باوجود ہر مجاہد کے حصہ میں چار چار اُونٹ اور چالیس چالیس بکریاں آئیں۔ (نقلا عن تفسیر القمی وکتب السیرۃ والمغازی)

تفسیر عیاشی میں حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے منقول ہے' آپ نے حسن بن احمد سے فرمایا: تم لوگوں کے نزدیک ''سکینہ'' کا کیا مفہوم ہے؟ اس نے کہا: مجھے معلوم نہیں ہے۔ آپؑ نے فرمایا: ''سکینہ'' جنت کی ایک خوشبودار ہوا کا نام ہے جس کا انسان کی طرح سے چہرہ ہے وہ انبیاء کے ساتھ ہوتی ہے۔

الکافی میں علی بن اسباط سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے پوچھا کہ میں آپؑ پر قربان جاؤں ''سکینہ'' کیا ہے؟ آپؑ نے فرمایا: ''سکینہ'' جنت کی ایک ہوا ہے جس کا انسان کی طرح سے چہرہ ہے۔ اس کی خوشبو کستوری سے بھی زیادہ بھلی ہے اور یہی وہ ''سکینہ'' ہے جسے اللہ نے جنگ حُنین میں اپنے پیغمبر پر نازل کیا تھا جس کی وجہ سے مشرکین کو شکست ہوئی تھی۔

جنگ حُنین میں ملائکہ کا نزول

وَاَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا وَعَذَّبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ط .....

''اور اللہ نے اس جنگ میں وہ لشکر نازل کیے تھے جنھیں تم نے نہیں دیکھا تھا اور اس نے کافروں کو عذاب دیا''۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ جنگ حُنین کے ایک قیدی نے جس کا نام شجرہ بن ربیعہ تھا' کہا: وہ سفید پوشاک اور سفید گھوڑوں کے سوار کہاں ہیں جنھوں نے ہمیں قتل کیا اور ہمیں قید کیا ہے؟ جنگ میں تو انھی کی کثرت تھی اب وہ سپاہی

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کہاں ہیں؟ مسلمانوں نے کہا کہ وہ ملائکہ کی فوج تھی۔

روضہ کافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے' آپؑ نے فرمایا: جنگ حُنین میں حضرت علی علیہ السلام کے ہاتھوں سے چالیس افراد قتل ہوئے تھے۔

جزیہ

حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ۝۲۹

''یہاں تک کہ وہ اپنے ہاتھوں سے ذلیل ہوکر جزیہ ادا کریں''۔

جزیہ وہ مخصوص رقم ہے جو اسلامی سلطنت اپنی غیر مسلم رعایا سے وصول کرتی ہے اور اس کے عوض ان کے جان و مال کی حفاظت کرتی ہے۔ غیر مسلم رعایا سے زکوٰۃ اور دوسرے اسلامی ٹیکس وصول نہیں کیے جاتے۔ جزیہ کی رقم اہلِ کتاب رعایا سے لی جاتی ہے اور یہود و نصاریٰ کے علاوہ مجوسیوں سے بھی جزیہ وصول کیا جاتا ہے جیسا کہ حسب ذیل روایت میں اس مسئلہ کی وضاحت کی گئی ہے۔

الکافی میں مرقوم ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ کیا مجوسیوں میں بھی کوئی نبی آیا تھا؟

آپؑ نے فرمایا کہ کیا تم کو رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس خط کے متعلق علم نہیں ہے جو آپؐ نے اہلِ مکہ کے نام لکھا تھا۔ آپؐ نے اپنے خط میں انھیں لکھا کہ یا تو اسلام قبول کریں ورنہ جنگ کے لیے آمادہ ہوجائیں۔ اہلِ مکہ نے رسولؐ خدا کے خط کے جواب میں یہ تحریر کیا کہ آپ ہم سے جزیہ لے لیں اور ہم کو بت پرستی پر چھوڑ دیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انھیں لکھا کہ میں جزیہ صرف اہلِ کتب اقوام سے لیتا ہوں۔ اہلِ مکہ نے جواب میں لکھا: آپؐ ایک طرف سے تو یہ کہتے ہیں کہ آپ صرف اہلِ کتاب ہی سے جزیہ لیتے ہیں جب کہ آپ نے ''ہجر'' کے مجوسیوں سے جزیہ لیا ہے وہ اہلِ کتاب تھوڑے ہیں؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انھیں جواب میں لکھا: مجوسیوں کا ایک نبی تھا لیکن انھوں نے اسے قتل کر دیا تھا اور ان کے پاس کتاب بھی تھی جسے انھوں نے جلا ڈالا تھا۔ ان کے نبی نے ان کے سامنے خدا کی کتاب پیش کی تھی جو کہ بارہ ہزار کھالوں پر تحریر تھی۔

کتاب علل الشرائع میں مرقوم ہے کہ زہری نے حضرت امام علی زین العابدین علیہ السلام سے پوچھا کہ عورتوں پر جزیہ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کیوں معاف ہے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسلمان مجاہدین کو حکم دیا تھا کہ وہ دارالحرب میں عورتوں کو قتل نہ کریں۔ ہاں اگر کوئی عورت مسلمان فوج کے ساتھ جنگ کرے تو پہلے پوری کوشش کرو کہ اسے قتل نہ کرو اور اگر مجبور ہو جاؤ تو پھر اسے قتل کر سکتے ہو۔

جب دارالحرب میں عورتوں کا قتل کرنا حرام ہے تو دارالاسلام میں انھیں قتل کرنا اور زیادہ حرام ہے اور جزیہ کا حکم یہ ہے کہ جو جزیہ ادا نہ کرے اسے قتل کر دیا جائے۔ جب عورت کو قتل ہی نہیں کیا جا سکتا تو پھر اس پر جزیہ بھی معاف کر دیا گیا ہے۔ شریعت اسلام میں صرف عورتوں کو ہی جزیہ کی چھوٹ حاصل نہیں ہے بلکہ اپاہج' اندھے اور بوڑھے اور بچوں کو بھی جزیہ کی چھوٹ حاصل ہے۔ جب دارالحرب میں عورتوں پر جزیہ نہیں ہے تو دارالاسلام میں اس پر جزیہ کیسے عائد کیا جا سکتا ہے۔

الکافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے' آپؑ نے فرمایا کہ پاگل سے جزیہ نہیں لیا جائے گا۔

زرارہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا: ''اہلِ کتاب کے لیے جزیہ کی مخصوص رقم کتنی ہے جس سے کمی بیشی نہ کی جا سکے؟

آپؑ نے فرمایا: یہ حکمران کی صوابدید پر منحصر ہے کہ وہ جس سے جتنا مناسب سمجھے جزیہ لے کیونکہ جزیہ دراصل ان کی جانوں کا فدیہ ہے اور حسب حیثیت لوگوں سے جزیہ لینا چاہیے۔ البتہ جزیہ اتنی مقدار میں ضرور ہونا چاہیے جسے وہ ادا کرتے وقت اپنی بیچارگی کو محسوس کر سکے اور اسے یہ رقم دیتے ہوئے کچھ تکلیف محسوس ہونی چاہیے کیونکہ فرمانِ خداوندی ہے: حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ۝ ''ان سے لڑو یہاں تک کہ وہ اپنے ہاتھوں سے تمھیں ذلت کے ساتھ جزیہ پیش کرنے پر آمادہ ہو جائیں''۔

محمد بن مسلم بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا: آپؑ دیکھ رہے ہیں کہ حکام ارضِ جزیہ سے خمس لے رہے ہیں اور دہقانوں سے افراد کا جزیہ لے رہے ہیں کیا اس کے لیے کوئی مقرر شدہ اصول نہیں ہے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: جو لوگ انھیں خود دینے پر آمادہ ہیں حکام کو ان سے وہ کچھ لینے کا اختیار ہے۔ امام صرف ان سے جزیہ ہی لے سکتا ہے۔ اگر افراد سے جزیہ لے تو ان کے اموال کا جزیہ لینے کا اسے حق نہیں ہے اور اگر اموال سے جزیہ لے تو افراد سے جزیہ وصول کرنے کا اسے کوئی حق حاصل نہیں ہے۔

میں (راوی) نے کہا تو اس خمس کا کیا بنے گا؟

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

امام علیہ السلام نے فرمایا: رسولؐ خدا نے اس بات پر ان سے مصالحت کی تھی۔

محمد بن مسلم بیان کرتے ہیں کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے دریافت کیا کہ کیا ''ذمی'' رعایا سے جزیہ کے علاوہ کچھ اور بھی وصول کیا جا سکتا ہے؟ آپؑ نے فرمایا: ان کے مال مویشی سے جزیہ کے علاوہ اور کچھ نہیں لیا جا سکتا۔

یہود و نصاریٰ سے مباحثہ

وَقَالَتِ الْيَهُودُ عُزَيْرٌ ابْنُ اللَّهِ وَقَالَتِ النَّصَارَى الْمَسِيحُ ابْنُ اللَّهِ ۖ ذَٰلِكَ قَوْلُهُم بِأَفْوَاهِهِمْ ۖ يُضَاهِئُونَ قَوْلَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِن قَبْلُ ۚ قَاتَلَهُمُ اللَّهُ ۚ أَنَّىٰ يُؤْفَكُونَ ۝

''یہودیوں نے کہا کہ عزیز اللہ کا بیٹا ہے اور نصاریٰ نے کہا: مسیح اللہ کا بیٹا ہے۔ یہ سب بے حقیقت باتیں ہیں جنھیں وہ اپنے مونہوں سے نکال رہے ہیں ان باتوں میں یہ پچھلے کافروں کی باتوں کی مانند ہیں۔ ان پر خدا کی مار پڑے۔ یہ کہاں بہکے چلے جا رہے ہیں''۔

احتجاج طبرسی میں مرقوم ہے کہ ایک مرتبہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس پانچ مذاہب یعنی یہودی، نصاریٰ، دہریہ، مجوسی اور مشرکین عرب کے نمائندے جمع ہوئے۔ یہودی علماء نے آنحضرتؐ سے عرض کیا کہ ہم حضرت عزیر کو خدا کا فرزند مانتے ہیں۔ اب ہم آپ کا نظریہ معلوم کرنے آئے ہیں۔ اگر آپ ہمارے نظریہ کی تائید کرتے ہیں تو ہم نے اس نظریہ کو آپ سے پہلے اپنایا ہے اسی لیے ہم آپ سے افضل اور بہتر ہیں اور اگر آپ اس نظریہ میں ہماری مخالفت کرتے ہیں تو پھر ہم آپ سے مباحثہ کریں گے۔

نصاریٰ نے کہا کہ ہمارا عقیدہ یہ ہے کہ حضرت عیسیٰؑ خدا کے فرزند ہیں اگر آپؐ ہماری تائید کرتے ہیں تو ہم نے آپ سے پہلے اس نظریہ کو قبول کیا ہے اسی لیے ہم آپؐ سے بہتر اور افضل ہیں بصورت دیگر ہم آپ سے مباحثہ کریں گے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہودی علماء کی طرف رخ پھیرا اور ان سے فرمایا: کیا تم مجھ سے توقع کرتے ہو کہ میں تمھاری بات کو کسی دلیل و برہان کے بغیر مان لوں گا؟

یہودی علماء نے کہا: نہیں، ہمارے پاس اپنے دعویٰ کی دلیل موجود ہے۔

آنحضرتؐ نے فرمایا: پھر بیان کرو کہ تم نے عزیر علیہ السلام کو خدا کا بیٹا کیوں تسلیم کیا؟

یہودی علماء نے کہا کہ عزیر نے تورات تلف ہونے کے بعد اسے از سر نو بنی اسرائیل کے پاس زندہ کیا اور انھوں نے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ایسا اس لیے کیا کہ وہ خدا کے فرزند تھے۔

رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر اس طرح سے حضرت عزیرؑ خدا کے فرزند قرار پاتے ہیں تو تم لوگ حضرت موسیٰؑ کے متعلق کیا کہو گے جو صاحب تورات تھے اور صاحب تورات ہونے کے باوجود بھی وہ خدا کے عبد ہی رہے؟ جب خود صاحب تورات ہی فرزند خدا نہیں ہے تو اس تورات کا ایک حافظ کس طرح سے خدا کا فرزند کہلا سکتا ہے؟ اب اگر تم لوگ عزیر علیہ السلام کو اس معنی و مفہوم میں خدا کا فرزند کہتے ہو جس طرح سے دنیا میں فرزندی کا سلسلہ قائم ہوتا ہے پھر تم خدا کے منکر قرار پاؤ گے کیونکہ تم نے خالق میں مخلوق کی صفت تسلیم کی ہے اور اس صورت میں اللہ حادث قرار پائے گا اور حادث کو اپنے وجود کے لیے کسی اور خالق کی احتیاج ہوتی ہے جو اسے عرصۂ کتم سے نکال کر منصۂ شہود پر لائے۔

یہ سن کر یہودیوں نے کہا: ہم انھیں حقیقی معنوں میں اللہ کا فرزند نہیں مانتے ہم تو انھیں اللہ کا اعزازی بیٹا مانتے ہیں اور ویسے بھی دنیا کا یہ دستور ہے کہ جب کوئی بڑا آدمی کسی چھوٹے پر مہربانی کرتا ہے تو وہ اسے اپنا بیٹا کہہ کر پکارتا ہے حالانکہ ان دونوں میں کوئی نسب نہیں ہوتا۔

جب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کی یہ مثال سنی تو فرمایا: تمھاری اس مثال سے تو اور بھی قباحتیں جنم لیں گی کیونکہ بعض دفعہ آدمی کسی غیر کو پیار سے بیٹا کہتا ہے اور کبھی انسان اپنے بزرگ کو چچا یا ابا کہہ کر مخاطب کرتا ہے اور گفتگو کا یہ اسلوب قدیم الایام سے جاری ہے اور آئندہ بھی جاری رہے گا۔ اب جب کہ تورات کا حافظ فرزند خدا کہلاتا ہو تو صاحب تورات کو تو نعوذ باللہ خدا کا چچا' ماموں یا بزرگ کہنا چاہیے اور جب تم صاحب تورات کو ان الفاظ سے یاد نہیں کرتے تو اپنے اُوپر رحم کرو اور عزیر کو بھی اللہ کا فرزند نہ کہو۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دندان شکن جواب سن کر یہودی چکرا گئے اور کہنے لگے: آپ ہمیں مہلت دیں تا کہ ہم اپنے اس نظریہ کے متعلق مزید غور و خوض کر سکیں۔

آنحضرتؐ نے فرمایا: جاؤ تمھیں مہلت ہے خوب اچھی طرح سے اپنے نظریہ پر غور کرو لیکن یہ غور و خوض انصاف پر مبنی ہونا چاہیے۔

نصاریٰ کی تردید

پھر آپؐ نصاریٰ کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کہ تمھارا دعویٰ ہے کہ اللہ جو کہ ''قدیم'' ہے، اس نے ایک ''حادث''

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

یعنی مسیح سے اتحاد کرلیا ہے اس دعویٰ سے تمھاری کیا مراد ہے؟ کیا اس سے یہ مراد ہے کہ جب قدیم نے حادث سے اتحاد کیا تو وہ قدیم اپنی صفت قدامت سے دستبردار ہوکر حادث بن گیا یا بصورت دیگر حادث اس اتحاد کی وجہ سے قدیم ہوگیا؟ یا تمھارے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ اللہ نے اسی خصوصی کرامت سے سرفراز کرتے ہوئے اپنا بیٹا بنالیا؟ اگر تم سمجھتے ہو کہ قدیم حادث بن گیا تو یہ محال ہے اسی طرح سے حادث کا بھی قدیم بن جانا محال ہے۔

نصاریٰ نے عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیحؑ کو معجزات عطا فرمائے اور خدا نے اسے اعزازی طور پر اپنا بیٹا بنایا ہے۔ اس کے جواب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ اس شکل میں تمھیں وہی جواب دیا جائے گا جو ہم نے یہود کو دیا ہے۔

یہ سن کر ایک نصرانی نے کہا کہ آپ بھی حضرت ابراہیمؑ کو ''خلیل اللہ'' کہتے ہیں اگر آپؐ ابراہیمؑ کی اضافت اللہ کی طرف کریں تو جائز اور اگر ہم حضرت مسیحؑ کو ''ابن اللہ'' کہہ دیں تو وہ ناجائز کیوں ہوگا؟

حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تم نے غلط سمجھا اور تمھیں سخت مغالطہ ہوا ہے۔ یہ سچ ہے کہ ہم حضرت ابراہیمؑ کو ''خلیل اللہ'' کہتے ہیں لیکن سب سے پہلے یہ سمجھو کہ اس لفظ کا مفہوم کیا ہے اور خُلَّتْ اور ''خلیل'' کے معنی کو سمجھو۔ لفظ ''خلیل'' خُلَّتْ سے مشتق ہے اور لفظ خُلَّتْ کے دو معانی ہیں:

۱- خُلَّتْ بمعنی فقر و فاقہ، حضرت ابراہیم علیہ السلام صرف اپنے خدا سے ہی غرض رکھتے تھے اور وہ مشکلات کے حل کے لیے مخلوق کی طرف متوجہ نہیں ہوتے تھے اور وہ ماسوا اللہ سے اتنے بے نیاز تھے کہ جب انھیں نارِ نمرود میں پھینکا گیا اور جبریلؑ ان کی مدد کو آئے۔ آپؑ اس وقت منجنیق سے نکل کر ہوا میں پہنچ چکے تھے۔ جبریلؑ نے کہا مجھے کوئی حکم دیں میں آپؑ کی مدد کرنے آیا ہوں۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا: مجھے تمھاری مدد کی کوئی ضرورت نہیں ہے میں اپنے خدا پر بھروسا رکھتا ہوں اور وہ بہترین کارساز ہے۔ چنانچہ اس ''انقطاع الی اللہ'' اور مخلوق سے بے نیازی کی وجہ سے اللہ نے انھیں ''خلیل اللہ'' کا لقب دیا۔

۲- خُلَّتْ کا دوسرا معنی اسرار سے آگاہ ہونا ہے اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خلیل کہنے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ آپؑ ایسے اسرار و معارف سے آگاہ تھے جن سے اور لوگ واقف نہیں تھے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام میں خُلَّتْ کے دونوں معانی پائے جاتے ہیں لیکن خلیل اللہ اور ابن اللہ کے دونوں جملوں میں بڑا فرق ہے۔

اگر کوئی شخص کسی سے اپنی غرض و غایت وابستہ رکھے اور اس کے رازوں سے واقف ہو تو وہ ''خلیل'' کہلائے گا لیکن

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اگر وہی شخص اپنی غرض و غایت دوسروں سے وابستہ کرنے لگ جائے اور اسرار و معارف کو فراموش کر دے تو اس سے لفظ ''خلیل'' سلب ہو جائے گا۔ یعنی یہ ایک عارضی صفت ہے جو لگ بھی سکتی ہے اور جدا بھی ہو سکتی ہے جب کہ فرزند ہونا یہ ایک اٹوٹ رشتہ ہے جو کسی بھی صورت میں حذف نہیں ہو سکتا۔ کوئی بیٹا اپنے والد کا خواہ کتنا ہی نافرمان کیوں نہ ہو خواہ والد اسے گھر سے بھی کیوں نہ نکال دے پھر بھی وہ اس کا بیٹا ہی رہے گا۔

یاد رکھو! اگر معجزات کے اظہار کی وجہ سے حضرت مسیحؑ اللہ کے فرزند ہیں تو حضرت موسیٰؑ کے معجزات بھی کسی طور حضرت مسیحؑ کے معجزات سے کم نہیں تھے پھر اس کے باوجود تم نے حضرت موسیٰؑ کو خدا کا فرزند کیوں نہیں کہا؟

ایک نصرانی نے کہا کہ آسمانی کتابوں میں حضرت مسیحؑ کے یہ الفاظ موجود ہیں۔ انھوں نے فرمایا تھا: ''اب میں اپنے اور تمھارے باپ کے پاس جا رہا ہوں''۔

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یہ دلیل تو خود تمھارے نظریہ کو باطل کرنے والی ہے کیونکہ حضرت عیسیٰؑ نے تمام حاضرین سے یہ جملہ کہا تھا تو اب تمھارا کیا خیال ہے کہ وہ تمام حاضرین بھی خدا کے فرزند تھے؟ اور اگر بالفرض ان سب کو فرزندانِ خدا مان لیا جائے تو پھر یہ سوال پیدا ہوگا کہ مسیح تو اللہ کے خاص بندے تھے' اللہ نے انھیں اپنا فرزند بنا لیا لیکن کیا اس محفل میں موجود دوسرے افراد بھی مسیحؑ کی طرح سے صاحب معجزات تھے جنھیں انھوں نے خطاب کر کے فرمایا کہ ''میں اپنے اور تمھارے باپ کے پاس جا رہا ہوں؟''

جب تمام حاضرین بشمول مسیحؑ فرزندانِ خدا تھے تو ان میں حضرت مسیحؑ کا امتیاز و اختصاص کیا رہے گا؟ اصل بات یہ ہے کہ تم نے مسیحؑ کے اس قول کا مطلب سمجھا ہی نہیں ہے یا تم نے کبھی سمجھنے کی زحمت ہی برداشت نہیں کی ہے۔ حضرت عیسیٰؑ کے اس جملہ کا یہ مفہوم بھی تو ہو سکتا ہے کہ اب میں تم سے جدا ہو رہا ہوں اب میں اپنے اور تمھارے باپ آدمؑ و نوحؑ کی طرف جا رہا ہوں۔

آنحضرتؐ کا یہ استدلال سن کر نصاریٰ خاموش ہو گئے اور کہا کہ ہم نے آپؐ سے زیادہ کسی کی دل نشین گفتگو نہیں سنی اور آپؐ کے استدلال سے بڑھ کر کسی کے استدلال کو مضبوط نہیں پایا۔ آپ ہمیں مہلت دیں ہم اپنے عقیدہ پر مزید غور و خوض کریں گے۔

اس کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تین دیگر مذاہب کے علماء سے بھی مباحثہ کیا اور سب کو لاجواب کر دیا۔ پھر تین دن بعد تمام مذاہب کے وہ علماء آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اسلام قبول کیا۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

عیون الاخبار میں مرقوم ہے کہ ایک یہودی نے حضرت علی علیہ السلام سے پوچھا: وہ کون سی چیز ہے جو اللہ کے لیے نہیں ہے؟ اور وہ کون سی چیز ہے جو خدا کی طرف سے نہیں ہے اور وہ کون سی چیز ہے جس کا خدا کو علم نہیں ہے؟

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: اللہ کے لیے شریک نہیں ہے' اللہ کی طرف سے ظلم نہیں ہے اور تم یہودیوں نے عزیر کے ابن اللہ ہونے کا جو دعویٰ کیا ہے خدا کو اس بیٹے کا کوئی علم نہیں ہے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: ابتداء میں تمام درخت پھل دیتے تھے یہاں تک کہ لوگوں نے اللہ کے بیٹے کا عقیدہ قائم کرلیا۔ رحمٰن اس سے کہیں بلند ہے کہ اس کے ہاں بیٹا ہو۔ یہ ناحق بات سن کر درخت کانپ اُٹھے اور ان پر کانٹے اُگ آئے کہ کہیں ان پر عذاب نہ آجائے۔

تفسیر عیاشی میں مرقوم ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: جب یہودیوں نے عزیرؑ کو اللہ کا بیٹا کہا تو ان پر خدا کو بہت غصہ آیا اور جب نصاریٰ نے مسیح بن مریم کو اللہ کا بیٹا کہا تو ان پر اللہ کا سخت غضب نازل ہوا اور اللہ کا اس پر سخت غضب نازل ہوگا جو میرا خون بہائے گا اور مجھے میری عترت کے متعلق اذیت دے گا۔

احتجاج طبرسی میں مرقوم ہے کہ امیر المومنین علی علیہ السلام نے قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۚ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝ کا یہ مفہوم بیان کیا کہ یہاں لفظ قَاتَلَ لَعَنَ کے معنی میں استعمال کیا ہے اور لعنت کو "قتال" سے تعبیر فرمایا۔

"رب" ماننے کا مفہوم

اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ

"انھوں نے خدا کو چھوڑ کر اپنے علماء اور درویشوں کو رب بنالیا ہے"۔

مجمع البیان میں عدی بن حاتم سے منقول ہے کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو اس وقت میرے گلے میں صلیب لٹکی ہوئی تھی۔ آپؐ نے مجھ سے فرمایا: عدی! اپنی گردن سے اس بت کو نکال دے۔ چنانچہ میں نے صلیب اتار پھینکی۔ میں آگے بڑھا تو آپؐ سورہ برأت کی یہ آیت پڑھ رہے تھے: اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۔ میں نے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! ہم نے علماء ورُہبان کی کبھی عبادت نہیں کی تھی تو ہم نے انھیں کیسے رب مان لیا تھا۔ علماء ورُہبان کو رب ماننے کا ہم پر اتہام ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا ایسا نہیں ہے کہ تمھارے علماء ورُہبان خدا کی حلال کردہ چیز کو حرام قرار

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

دیتے تو تم بھی ان کی دیکھا دیکھی حرام قرار دیتے تھے اور جب وہ کسی حرام کو حلال قرار دیتے تھے تو تم بھی اسے حلال قرار دیتے تھے؟ میں نے کہا: جی ہاں' ایسا تو ہوتا تھا۔ آنحضرتؑ نے فرمایا: بس یہ ان کی عبادت ہے اور یہ ان کو رب ماننا ہے۔

اصول کافی میں ابوبصیر سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس آیت کا مطلب پوچھا: اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ (انھوں نے خدا کو چھوڑ کر اپنے علماء اور درویشوں کو رب بنالیا ہے)۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: خدا کی قسم! ان کے علماء ورُہبان نے انھیں اپنی عبادت کی دعوت نہیں دی تھی اور اگر بالفرض وہ انھیں اپنی عبادت کی دعوت بھی دیتے تو وہ لوگ پھر بھی قبول نہ کرتے۔ بات یہ ہے کہ وہ حرام کو حلال اور حلال کو حرام قرار دیتے تھے تو اہلِ کتاب ان کی اس میں پیروی کرتے تھے اور یوں لاشعوری طور پر وہ ان کی عبادت کرنے لگ گئے تھے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جس نے اللہ کی نافرمانی میں کسی شخص کی اطاعت کی تو اس نے اس کی عبادت کی ہے۔

تفسیر عیاشی میں اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ کے تحت حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے' آپؑ نے فرمایا: خدا کی قسم! اہلِ کتاب نے علماء ورُہبان کے لیے نہ تو روزے رکھے تھے اور نہ ان کے لیے نمازیں پڑھی تھیں۔ علماء ورُہبان نے ان کے لیے حلال کو حرام اور حرام کو حلال قرار دیا تھا اور انھوں نے اس میں علماء و رُہبان کی پیروی کی تھی۔

ایک اور حدیث میں یہ الفاظ وارد ہیں لیکن انھوں نے خدا کی نافرمانی میں ان کی اطاعت کی تھی۔

جابر کہتے ہیں کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اسی آیت کے متعلق دریافت کیا تو آپؑ نے فرمایا: اہلِ کتاب نے علماء ورُہبان کو اپنا معبود نہیں بنایا تھا۔ بات اتنی تھی کہ ان کے علماء ورُہبان نے ان کے لیے حلال کو حرام اور حرام کو حلال قرار دیا تھا اور ان لوگوں نے ان کی پیروی کی تھی۔ اسی لیے وہ ''ارباب من دون اللہ'' قرار پائے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَالْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ کی آیت پڑھ کر فرمایا: مسیح علیہ السلام کی انھوں نے نافرمانی کی تھی اور انھوں نے اپنے دل ودماغ میں مسیحؑ کی اتنی تعظیم کی کہ وہ اسے معبود اور ابن اللہ سمجھنے لگے۔ ایک گروہ نے کہا کہ وہ تین میں ایک ہے۔ ایک اور گروہ نے کہا کہ مسیح خود اللہ ہے۔ اور جہاں تک علماء ورُہبان کے رب ماننے کا تعلق ہے تو اہلِ کتب احبار ورُہبان کی اطاعت کرتے تھے اور ان کے احکام کی پیروی کرتے تھے اور جو کچھ انھوں نے کہا تھا لوگوں نے ان کے اقوال کو دین کا درجہ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

دے دیا تھا اور یوں لوگوں نے اللہ کے فرمان' کتب الٰہی اور انبیاء کو چھوڑ دیا تھا اور علماء و احبار کی پیروی کی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے اس پیروی کو ارباب من دون اللہ سے تعبیر کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے اس طرزِ عمل کا ہماری کتاب میں اس لیے ذکر کیا ہے تاکہ ہم نصیحت حاصل کریں۔

اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو شرم دلاتے ہوئے فرمایا: وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ سُبْحٰنَهٗ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ ''حالانکہ انھیں ایک معبود کی بندگی کے سوا اور کسی کی بندگی کا حکم نہیں دیا گیا۔ اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اور وہ ان کے مشرکانہ خیالات سے پاک و پاکیزہ ہے''۔

وہ شمع کیا بجھے جسے روشن خدا کرے

يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّطْفِـــُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَيَاْبَى اللّٰهُ اِلَّآ اَنْ يُّتِمَّ نُوْرَهٗ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۝

''وہ چاہتے ہیں کہ اپنے منہ کے پھونکوں سے اللہ کے نور کو بجھا دیں حالانکہ خدا اس کے علاوہ کچھ ماننے پر تیار نہیں ہے کہ وہ اپنے نور کو تمام کرے چاہے کافروں کو یہ کتنا ہی برا کیوں نہ لگے''۔

اس آیت میں یہود و نصاریٰ کے سربراہوں کی ان کوششوں کی طرف اشارہ کیا گیا ہے جسے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت کے ابطال کے لیے بجالا رہے تھے اور جس طرح سے وہ پیغمبر کے ان دلائل کو چھپا رہے تھے جو آپ کی شریعت کی صحت اور دین کی قوت پر دلالت کرتے تھے۔ اللہ نے ان کی اس حرکت کو پھونکوں سے نورِ خدا بجھانے کے مترادف قرار دیا اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ یہ لوگ اپنی پھونکوں سے نورِ خدا کو بجھانا چاہتے ہیں۔ نور سے وہ شواہد مراد ہیں جو آپ کی نبوت پر دلالت کرتے ہیں اور آنحضرتؐ کی نبوت کے دلائل و شواہد بے حد زیادہ ہیں۔

۱- آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معجزات آپ کی نبوت کی دلیل ہیں کیونکہ معجزہ کے متعلق دو امکان پیش کیے جاسکتے ہیں: پہلا امکان تو یہ ہے کہ معجزہ مدعی کی صداقت کا مظہر ہوتا ہے اور دوسرا امکان یہ ہے کہ معجزہ مدعی کی صداقت کا مظہر نہیں ہے۔ اگر پہلے امکان کو تسلیم کیا جائے تو محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت کی صداقت میں کوئی شک باقی نہیں رہتا۔ اور اگر اہلِ کتاب دوسرے امکان کو ترجیح دیں اور کہیں کہ معجزہ دلیل صداقت نہیں ہے تو خود ان کے لیے حضرت موسیٰ و حضرت عیسیٰ علیہما السلام کی نبوت کا اثبات مشکل ہو جائے گا۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دنیا کے کسی مکتب و مدرسہ میں تعلیم حاصل نہیں کی تھی مگر آپؐ نے قرآن کی شکل میں وہ نسخۂ کیمیا پیش کیا جس کی نظیر لانے سے دنیا کے تمام اہلِ علم عاجز آ گئے تھے۔

علاوہ ازیں آپ کی شریعت کا ماحصل تعظیم الٰہی، ثنائے پروردگار، اطاعت خدا کا اختیار کرنا، اپنے نفس کو حب دنیا سے بچانا اور سعادت آخرت کا حصول ہے اور عقل اس بات کی تائید کرتا ہے کہ خدا تک پہنچنے کا یہی راستہ ہے اس کے علاوہ خدا تک پہنچنے کا کوئی راستہ نہیں ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دنیا میں بے عیب شریعت پیش کی ہے۔ آپؐ کی شریعت میں ایسی کوئی بات شامل نہیں ہے جو اللہ کے مقامِ عظمت کے خلاف ہو اور آپؐ کی شریعت میں سارا زور دعوت الی اللہ پر ہی دیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں آنحضرتؐ کی زندگی میں ایک زمانہ ایسا بھی آیا ہے جب آپؐ سلطانِ عرب تھے اس کے باوجود بھی آپؐ نے دنیا جمع نہیں کی۔ الغرض آنحضرتؐ کی زندگی کا ایک ایک گوشہ آپؐ کی نبوت کا معجزہ ہے۔ اہلِ کتاب چاہتے تھے کہ نورِ اسلام دنیا میں پھیلنے سے رُک جائے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ یہ لوگ سورج کی روشنی کو پھونکوں سے بجھانا چاہتے ہیں جو کہ ان کے بس کی بات نہیں ہے۔ اللہ اس نور میں روز بروز اضافہ کرے گا اور اسلام کو روز بروز ترقی سے ہمکنار کرتا رہے گا۔ (اضافۃ من المترجم نقلاً عن الفخر الرازی)

تفسیر نور الثقلین میں اس آیت کے ضمن میں ''قاعدہ جری'' کے تحت چند روایات مرقوم ہیں جو کہ حسب ذیل ہیں مگر ان روایات کو تطبیق و تاویل اور بمنزلہ جز من الکل سمجھنا چاہیے۔

کتاب الشیبۃ میں ہے کہ علی بن حمزہ نے مذہب واقفیہ اختیار کر لیا تھا اور اس نے حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی وفات کا انکار کر کے امام علی رضا علیہ السلام کی امامت کی مخالفت کی تھی۔

شیخ الطائفہ نے اس کے متعلق ایک روایت نقل کی ہے کہ حضرت امام علی رضا علیہ السلام کے سامنے اس کا ذکر ہوا تو آپؑ نے فرمایا: علی بن حمزہ چاہتا ہے کہ خدا کے آسمان و زمین میں اس کی عبادت نہ کی جائے، جب کہ اللہ اپنے نور کو پورا کر کے رہے گا اگرچہ مشرکین کو ناگوار ہی کیوں نہ ہو۔ اگرچہ وہ لعین و مشرک اسے ناپسند ہی کیوں نہ کرے۔

راوی نے کہا: مولا وہ مشرک ہے؟ فرمایا: ہاں یہ ان لوگوں میں شامل ہے جو نورِ خدا کو اپنی پھونکوں سے بجھانا چاہتے ہیں۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: حق ہمیشہ ظاہر ہو کر رہتا ہے۔ فرعون نے بنی اسرائیل کے بچے ذبح کرائے تھے لیکن موسیٰؑ پھر بھی اپنے وقت پر آ ہی گئے تھے۔ بنی امیہ اور بنی عباس بھی سن چکے ہیں کہ قائم آلِ محمدؐ کا ظہور ہوگا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اور ان کے ہاتھوں ان کی حکومت ختم ہو جائے گی اسی لیے وہ ہم سے عداوت کرتے ہیں اور ہمیں قتل کرنے کے درپے ہیں تا کہ اس طرح سے قائم نہ پیدا ہو سکے لیکن کوئی بھی ظالم خدا کے امر پر غالب نہیں آ سکتا۔ اللہ اپنے نور کو مکمل کر کے رہے گا اگر چہ مشرکین کو کتنا ہی ناگوار کیوں نہ گزرے۔

کتاب کمال الدین وتمام النعمۃ میں بھی یہ روایت انھی الفاظ سے مذکور ہے۔

تفسیر عیاشی میں مذکور ہے کہ احمد بن محمد نے کہا: بنی زریق کے معاملہ میں حضرت امام علی رضا علیہ السلام میرے پاس ٹھہرے اور پکار کر فرمایا: احمد! میں نے لبیک کہا: آپؑ نے فرمایا کہ رسالت مآب کی وفات کے بعد لوگوں نے نورِ خدا کو بجھانے کی کوششیں کی تھیں لیکن اللہ نے امیر المومنین علی علیہ السلام کے ذریعے سے اپنے نور کو پیدا کیا۔

حمیری قرب الاسناد میں احمد بن محمد بن نصر کی زبانی نقل کرتے ہیں کہ حضرت امام علی رضا علیہ السلام نے ہم سے دارِ معاویہ کی مسجد میں رات کے وقت ملنے کا وعدہ کیا تھا۔ آپؑ حسبِ وعدہ تشریف لائے اور سلام کیا پھر فرمایا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد لوگوں نے نورِ خدا کو بجھانے کی کوششیں کی تھیں لیکن اللہ نے اپنے نور کو مکمل کیا تھا اور میرے والد کی وفات کے بعد علی بن حمزہ بھی خدا کے نور کو پھونکوں سے بجھانا چاہتا ہے جب کہ اللہ اپنے نور کو مکمل کر کے رہے گا۔ اللہ نے تمھیں اس امر کی ہدایت دی ہے جس سے لوگ ناواقف ہیں اس نعمت پر خدا کی حمد بجالاؤ۔

دین اسلام کو تمام ادیان پر غلبہ حاصل ہوگا

هُوَ الَّذِیْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّیْنِ كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ۝

"وہ وہی تو ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا تا کہ وہ اپنے دین کو تمام ادیان پر غالب بنائے خواہ مشرکین کو ناگوار ہی کیوں نہ ہو"۔

کتاب کمال الدین وتمام النعمۃ میں ابوبصیر سے منقول ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے یہ آیت پڑھ کر فرمایا: خدا کی قسم! ابھی تک اس آیت کی تاویل ظاہر نہیں ہوئی۔ اس کی تاویل حضرت قائم آلِ محمد علیہ السلام کے ظہور کے وقت ظاہر ہوگی۔ جب قائمؑ خروج کریں گے تو ہر مشرک و کافر کو ان کا خروج ناگوار گزرے گا اور جب ان کا خروج ہو جائے گا تو اسلام کو تمام ادیان پر غلبہ نصیب ہوگا اور کافر و مشرک اگر اُس دور میں کسی چٹان میں بھی چھپے ہوں گے تو چٹان وہاں سے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

گزرنے والے مومن کو صدا دے کر کہے گی کہ اے مومن! میرے اندر کافر چھپا بیٹھا ہے مجھے توڑ اور اسے باہر نکال کر قتل کر دے۔

حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: ہمارے اندر بارہ مہدیؑ ہیں۔ پہلے مہدی امیر المومنین علی علیہ السلام ہیں اور آخری مہدیؑ میری نسل میں سے نواں امام ہے اور وہ قائم بالحق ہے۔ اس کے ذریعہ سے اللہ مُردہ زمین کو زندگی عطا کرے گا اور اس کے ہاتھ سے اللہ دین حق کو تمام ادیان پر غالب کرے گا۔ اگرچہ مشرکین کو ناگوار ہی کیوں نہ گزرے۔

محمد بن مسلم ثقفی کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے سنا' انھوں نے فرمایا: ہمارے قائمؑ کی رعب سے مدد کی جائے گی اور نصرتِ الٰہی سے اس کی تائید ہوگی۔ اس کے لیے زمین کی طنابیں سمیٹ دی جائیں گی اور اس کے لیے خزانے ظاہر کر دیئے جائیں گے۔ اس کی حکومت مشرق و مغرب تک ہوگی۔ اس کے ذریعہ سے خدا اپنے دین کو تمام ادیان پر غلبہ عطا کرے گا۔ اگرچہ مشرکین کو ناگوار ہی کیوں نہ لگے۔ ہر ویران زمین اس کے دورِ حکومت میں آباد ہو جائے گی۔ روح اللہ عیسیٰؑ بن مریمؑ نازل ہو کر ان کے پیچھے نماز پڑھیں گے۔

احتجاج طبرسی میں امیر المومنین علی علیہ السلام سے یہ کلمات منقول ہیں۔ اس امر کا مالک اپنے عذر کے واضح ہونے کے بعد غائب ہو جائے گا کیونکہ اس وقت دلوں میں فتنہ رچ بس چکا ہوگا اور حالت یہ ہوگی کہ ان کا قریب ترین شخص بھی ان کا بدترین دشمن ہوگا۔ اس وقت اللہ تعالیٰ اپنے مخصوص لشکروں سے جو تمھیں دکھائی نہ دیں گے' اس کی تائید کرے گا اور اللہ اس کے ہاتھوں اپنے نبی کے دین کو تمام ادیان پر غالب کرے گا اگرچہ مشرکین کو ناگوار ہی کیوں نہ لگے۔

تفسیر عیاشی میں ہے کہ حضرت قائم علیہ السلام کے دورِ حکومت میں کوئی بھی فرد ایسا نہ ہوگا جو رسالتِ محمدیہؐ کی تصدیق نہ کرے گا۔

مجمع البیان میں حضرت مقداد بن اسود سے منقول ہے کہ میں نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا' آپؐ نے فرمایا: زمین پر اینٹ اور خیمہ کا کوئی گھر ایسا نہ رہے گا جہاں کلمہ اسلام داخل نہ ہوگا۔ کچھ لوگوں کو خدا عزت دے گا اور وہ اسلام کا اقرار کر کے مزید عزت والے بن جائیں گے اور کچھ لوگوں کو اتنا ذلیل کرے گا کہ انھیں اسلام قبول کرنا ہی پڑے گا۔

سونا چاندی ذخیرہ کرنے والوں کے لیے وعید

..... وَالَّذِينَ يَكْنِزُونَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنفِقُونَهَا فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۙ فَبَشِّرْهُم بِعَذَابٍ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اَلِیۡمٍ ۙ﴿۳۴﴾ یَّوۡمَ یُحۡمٰی عَلَیۡہَا فِیۡ نَارِ جَہَنَّمَ فَتُکۡوٰی بِہَا جِبَاہُہُمۡ وَ جُنُوۡبُہُمۡ وَ ظُہُوۡرُہُمۡ ؕ ہٰذَا مَا کَنَزۡتُمۡ لِاَنۡفُسِکُمۡ فَذُوۡقُوۡا مَا کُنۡتُمۡ تَکۡنِزُوۡنَ ﴿۳۵﴾

''اور وہ لوگ جو سونا چاندی کا ذخیرہ کرتے ہیں اور اسے راہِ خدا میں خرچ نہیں کرتے آپ انھیں دردناک عذاب کی بشارت دے دیں۔ جس دن وہ سونا چاندی آتشِ دوزخ میں تپایا جائے گا اور اس سے ان کی پیشانیوں اور ان کے پہلوؤں اور پشتوں کو داغا جائے گا (اور ان سے کہا جائے گا کہ) یہ وہی ہے جسے تم نے اپنے لیے ذخیرہ کیا تھا اب اپنے ذخیرہ کا ذائقہ چکھو''۔

الکافی میں معاذ بن کثیر سے منقول ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے سنا کہ ہمارے شیعوں کو اختیار ہے جو کچھ ان کے ہاتھ میں ہے اسے اچھے طریقہ سے خرچ کریں لیکن جب ہمارے قائمؑ کا ظہور ہوگا تو وہ ہر ذخیرہ اندوز پر اس کا ذخیرہ حرام کردیں گے اور اسے حاضر کرنے کا حکم دیں گے اور اس کے ذریعہ سے دشمن کے خلاف مدد حاصل کریں گے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: وَالَّذِیۡنَ یَکۡنِزُوۡنَ الذَّہَبَ وَ الۡفِضَّۃَ وَ لَا یُنۡفِقُوۡنَہَا فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ ۙ فَبَشِّرۡہُمۡ بِعَذَابٍ اَلِیۡمٍ ۙ﴿۳۴﴾ ''وہ لوگ جو سونا چاندی ذخیرہ کرتے ہیں اور اسے راہِ خدا میں خرچ نہیں کرتے آپ انھیں دردناک عذاب کی بشارت دے دیں''۔

شیخ الطائفہ امالی میں لکھتے ہیں کہ جب وَالَّذِیۡنَ یَکۡنِزُوۡنَ الذَّہَبَ وَ الۡفِضَّۃَ .....کی آیت مجیدہ نازل ہوئی تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اپنے مال کی زکوٰۃ ادا کرے تو وہ ذخیرہ (کنز) نہیں ہے۔ اگرچہ ساتویں زمین کے نیچے بھی اس کا مال کیوں نہ رکھا ہو۔ اور جس مال کی زکوٰۃ ادا نہ کی گئی ہو تو وہ ذخیرہ (کنز) ہے اگرچہ وہ زمین کے اوپر ہی کیوں نہ رکھا ہو۔

مجمع البیان میں حضرت علی علیہ السلام سے منقول ہے' آپؑ نے فرمایا: جب دولت چار ہزار سے بڑھ جائے تو وہ کنز (ذخیرہ) ہے خواہ اس کی زکوٰۃ ادا ہوئی ہو یا نہ ہوئی ہو اور جو دولت چار ہزار سے کم ہو وہ نفقہ میں شامل ہے۔ ذخیرہ کرنے والوں کو عذابِ الیم کی بشارت دی گئی ہے۔

سالم بن ابی الجعد کا بیان ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہلاکت ہے چاندی کے لیے۔ آپؐ نے اس جملہ کو تین بار دہرایا۔ آپؐ کے صحابہ کو یہ بات ناگوار گزری۔ حضرت عمر نے آپؐ سے پوچھا: یارسولؐ اللہ! ہم کون سا مال اپنے پاس رکھیں؟

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے پاس ذکر کرنے والی زبان' شکر کرنے والا دل اور صاحب ایمان بیوی رکھو جو ہر شخص کو دین کے لیے مددگار ثابت ہو۔

تفسیر علی بن ابراہیم کی ایک طویل روایت میں یہ الفاظ بھی مرقوم ہیں: حضرت عثمان بن عفان نے کعب الاحبار کی طرف دیکھا اور اس سے کہا: ابواسحاق! یہ بتاؤ کہ اگر کوئی شخص اپنے مال میں سے زکوٰۃ کا فریضہ ادا کرے تو اس کے بعد بھی اس کے ذمے کوئی شے باقی رہ جاتی ہے؟

کعب الاحبار نے کہا: نہیں' اگرچہ وہ ایک اینٹ سونے کی بنائے اور ایک اینٹ چاندی کی بنائے اس پر کچھ بھی واجب نہ ہوگا۔

حضرت ابوذرؓ نے اپنا عصا بلند کر کے کعب کے سر پر مارا' پھر اس سے کہا: کافرہ یہودیہ عورت کا بیٹا! تو کیا جانے اور احکام دین میں غور و نظر کیا کرے؟ اللہ کا فرمان تیرے قول سے کہیں زیادہ سچا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۙ ''وہ لوگ جو سونا چاندی ذخیرہ کرتے ہیں اور اسے راہ خدا میں خرچ نہیں کرتے آپ انھیں دردناک عذاب کی بشارت دے دیں''۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ ..... کی آیت پڑھ کر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے سونا چاندی ذخیرہ کرنے کو حرام قرار دیا ہے اور اسے راہ خدا میں خرچ کرنے کا حکم دیا ہے۔

آپؑ نے فرمایا: حضرت ابوذر غفاریؓ روزانہ شام کی گلیوں اور بازاروں اور لوگوں کے محلات کے سامنے کھڑے ہو کر یہ آیت پڑھتے تھے اور فرماتے تھے کہ ذخیرہ کرنے والوں کو بشارت ہو کہ ان کی پیشانیوں کو داغا جائے گا اور ان کے پہلوؤں کو داغا جائے گا اور ان کی پشت کو داغا جائے گا یہاں تک کہ آگ ان کے شکم میں داخل ہو جائے گی۔

کتاب الخصال میں امیرالمومنین علی علیہ السلام سے منقول ہے' آپؑ نے فرمایا کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمایا کرتے تھے: ''درہم و دینار نے تم سے پہلی اُمتوں کو ہلاک کیا تھا اور یہ تمھیں بھی ہلاک کریں گے''۔

ایک حدیث مرفوع میں مذکور ہے کہ سونا اور چاندی یہ دونوں مسخ شدہ پتھر ہیں جو ان سے محبت کرے گا وہ ان کے ساتھ محشور ہوگا۔

ابن سعد' ابن ابی شیبہ' بخاری' ابن ابی حاتم' ابوالشیخ اور ابن مردویہ نے زید بن وہب سے نقل کیا ہے' اس نے کہا کہ میں ''ربذہ'' میں ابوذر غفاری کے پاس سے گزرا۔ میں نے ان سے کہا کہ اس سرزمین پر آپ کو کس چیز نے اُتارا ہے؟ انھوں

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

نے کہا کہ ہم شام میں تھے وہاں میں : ۔ یَکْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا یُنْفِقُوْنَهَا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ ۙ کی آیت پڑھتا تھا۔ معاویہ نے کہا کہ یہ آیت ہمارے متعلق نازل نہیں ہوئی۔ یہ اہل کتاب کے متعلق نازل ہوئی ہے۔ میں نے کہا کہ نہیں یہ آیت ہمارے اور ان کے متعلق یکساں طور پر نازل ہوئی ہے۔

مسلم اور ابن مردویہ نے احنف بن قیس کی زبانی نقل کیا کہ ابوذر آئے اور انھوں نے کہا کہ ذخیرہ کرنے والوں کو ایسے داغ دینے کی بشارت ہو جو ان کی پشت پر لگائے جائیں گے اور ان کے پہلوؤں سے نکلیں گے اور ان کی پیشانی پر داغ دیا جائے گا جو پسِ گردن سے نکلے گا۔ میں نے کہا: یہ کیا ہے؟ ابوذر نے فرمایا: میں نے وہی کچھ کہا ہے جو میں نے ان کے نبی سے سنا ہے۔ (اضافۃ من المترجم نقلا عن الدر المنثور)

اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِیْ كِتٰبِ اللّٰهِ
یَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ مِنْهَاۤ اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ؕ ذٰلِكَ
الدِّیْنُ الْقَیِّمُ ۙ۬ فَلَا تَظْلِمُوْا فِیْهِنَّ اَنْفُسَكُمْ وَقَاتِلُوا الْمُشْرِكِیْنَ
كَآفَّةً كَمَا یُقَاتِلُوْنَكُمْ كَآفَّةً ؕ وَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِیْنَ ﴿۳۶﴾
اِنَّمَا النَّسِیْٓءُ زِیَادَةٌ فِی الْكُفْرِ یُضَلُّ بِهِ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا یُحِلُّوْنَهٗ
عَامًا وَّیُحَرِّمُوْنَهٗ عَامًا لِّیُوَاطِـُٔوْا عِدَّةَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ فَیُحِلُّوْا مَا
حَرَّمَ اللّٰهُ ؕ زُیِّنَ لَهُمْ سُوْٓءُ اَعْمَالِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ
الْكٰفِرِیْنَ ﴿۳۷﴾ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَا لَكُمْ اِذَا قِیْلَ لَكُمُ انْفِرُوْا فِیْ
سَبِیْلِ اللّٰهِ اثَّاقَلْتُمْ اِلَى الْاَرْضِ ؕ اَرَضِیْتُمْ بِالْحَیٰوةِ الدُّنْیَا
مِنَ الْاٰخِرَةِ ۚ فَمَا مَتَاعُ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا فِی الْاٰخِرَةِ اِلَّا قَلِیْلٌ ﴿۳۸﴾

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اِلَّا تَنْفِرُوْا يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ وَّيَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ
وَلَا تَضُرُّوْهُ شَيْـًٔا ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۳۹ اِلَّا تَنْصُرُوْهُ
فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا
فِي الْغَارِ اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ۚ فَاَنْزَلَ
اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلَيْهِ وَاَيَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ
الَّذِيْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰى ۭ وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ
حَكِيْمٌ ۝۴۰ اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّثِقَالًا وَّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ
فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝۴۱ لَوْ كَانَ
عَرَضًا قَرِيْبًا وَّسَفَرًا قَاصِدًا لَّاتَّبَعُوْكَ وَلٰكِنْۢ بَعُدَتْ عَلَيْهِمُ
الشُّقَّةُ ۭ وَسَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَوِ اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ ۚ
يُهْلِكُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝۴۲ عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ
ۚ لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَتَعْلَمَ
الْكٰذِبِيْنَ ۝۴۳ لَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ
الْاٰخِرِ اَنْ يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ
بِالْمُتَّقِيْنَ ۝۴۴ اِنَّمَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

الْاٰخِرِ وَارْتَابَتْ قُلُوْبُهُمْ فَهُمْ فِيْ رَيْبِهِمْ يَتَرَدَّدُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَلَوْ
اَرَادُوا الْخُرُوْجَ لَاَعَدُّوْا لَهٗ عُدَّةً وَّلٰكِنْ كَرِهَ اللّٰهُ انْۢبِعَاثَهُمْ
فَثَبَّطَهُمْ وَقِيْلَ اقْعُدُوْا مَعَ الْقٰعِدِيْنَ ﴿۴۶﴾ لَوْ خَرَجُوْا فِيْكُمْ مَّا
زَادُوْكُمْ اِلَّا خَبَالًا وَّلَاْ اَوْضَعُوْا خِلٰلَكُمْ يَبْغُوْنَكُمُ الْفِتْنَةَ ۚ
وَفِيْكُمْ سَمّٰعُوْنَ لَهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۷﴾ لَقَدِ ابْتَغَوُا
الْفِتْنَةَ مِنْ قَبْلُ وَقَلَّبُوْا لَكَ الْاُمُوْرَ حَتّٰى جَآءَ الْحَقُّ وَظَهَرَ اَمْرُ
اللّٰهِ وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّيْ وَلَا تَفْتِنِّيْ
ؕ اَلَا فِي الْفِتْنَةِ سَقَطُوْا ؕ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿۴۹﴾ اِنْ
تُصِبْكَ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۚ وَاِنْ تُصِبْكَ مُصِيْبَةٌ يَّقُوْلُوْا قَدْ اَخَذْنَآ
اَمْرَنَا مِنْ قَبْلُ وَيَتَوَلَّوْا وَّهُمْ فَرِحُوْنَ ﴿۵۰﴾ قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا
مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا ۚ هُوَ مَوْلٰىنَا ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ
الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۱﴾ قُلْ هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَآ اِلَّآ اِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ ؕ
وَنَحْنُ نَتَرَبَّصُ بِكُمْ اَنْ يُّصِيْبَكُمُ اللّٰهُ بِعَذَابٍ مِّنْ عِنْدِهٖٓ اَوْ
بِاَيْدِيْنَا ۚ فَتَرَبَّصُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ مُّتَرَبِّصُوْنَ ﴿۵۲﴾ قُلْ اَنْفِقُوْا طَوْعًا
اَوْ كَرْهًا لَّنْ يُّتَقَبَّلَ مِنْكُمْ ؕ اِنَّكُمْ كُنْتُمْ قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿۵۳﴾ وَمَا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

مِنْهُمْ أَنْ تُقْبَلْ مِنْهُمْ نَفَقَاتُهُمْ ۚ إِنَّهُمْ لَفِي
وَيَشْهَدُونَ ۚ وَيَأْتُونَ الصَّلَاةَ وَهُمْ كُسَالَىٰ وَلَا يُنْفِقُونَ
وَهُمْ كَارِهُونَ ۚ فَلَا تُعْجِبْكَ أَمْوَالُهُمْ وَلَا أَوْلَادُهُمْ ۚ إِنَّمَا يُرِيدُ
اللَّهُ لِيُعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ أَنْفُسُهُمْ وَهُمْ
كَافِرُونَ ۚ وَيَحْلِفُونَ بِاللَّهِ إِنَّهُمْ لَمِنْكُمْ ۖ وَمَا هُمْ مِنْكُمْ
وَلَٰكِنَّهُمْ قَوْمٌ يَفْرَقُونَ ۚ لَوْ يَجِدُونَ مَلْجَأً أَوْ مَغَارَاتٍ أَوْ
مُدَّخَلًا لَوَلَّوْا إِلَيْهِ وَهُمْ يَجْمَحُونَ ۚ وَمِنْهُمْ مَنْ يَلْمِزُكَ فِي
الصَّدَقَاتِ ۖ فَإِنْ أُعْطُوا مِنْهَا رَضُوا وَإِنْ لَمْ يُعْطَوْا مِنْهَا إِذَا
هُمْ يَسْخَطُونَ ۚ وَلَوْ أَنَّهُمْ رَضُوا مَا آتَاهُمُ اللَّهُ وَرَسُولُهُ ۙ
وَقَالُوا حَسْبُنَا اللَّهُ سَيُؤْتِينَا اللَّهُ مِنْ فَضْلِهِ وَرَسُولُهُ ۙ إِنَّا إِلَى
اللَّهِ رَاغِبُونَ ۚ إِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِينِ وَالْعَامِلِينَ
عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ وَالْغَارِمِينَ وَفِي سَبِيلِ
اللَّهِ وَابْنِ السَّبِيلِ ۖ فَرِيضَةً مِنَ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ۚ

"جس دن سے اللہ نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے اس دن سے ہی خدا کے نزدیک مہینوں کی تعداد بارہ ہے۔ ان میں سے چار مہینے محترم ہیں۔ یہی سیدھا اور محکم دین ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

لہٰذا ان مہینوں میں اپنے اُوپر ظلم نہ کرنا اور مشرکین سے تم سب مل کر لڑو جیسا کہ وہ مل کر تم سے لڑتے ہیں اور جان لو کہ اللہ اہلِ تقویٰ کے ہی ساتھ ہے۔

محترم مہینوں میں تقدیم و تاخیر کفر میں مزید کافرانہ حرکت ہے جس سے کافر گمراہی میں مبتلا کیے جا رہے ہیں کہ وہ ایک سال سے اسے حلال بنا لیتے ہیں اور دوسرے سال اسے حرام کر دیتے ہیں تاکہ اللہ کے حرام کردہ مہینوں کی تعداد پوری کر دیں اور اللہ کا حرام کیا ہوا حلال بھی کر لیں۔ ان کے بُرے اعمال ان کے لیے خوش نما بنا دیئے گئے ہیں اور اللہ کافر لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔

اے اہلِ ایمان! تمھیں کیا ہو گیا ہے کہ جب تمھیں اللہ کی راہ میں نکلنے کے لیے کہا گیا تو تم زمین سے چپک کر بیٹھ گئے؟ کیا تم نے آخرت کے عوض دنیا پر قناعت کر لی ہے؟ دنیاوی زندگی کا ساز و سامان آخرت کے مقابلہ میں انتہائی کم ہے۔ اگر تم نہ اُٹھو گے تو خدا تمھیں دردناک عذاب دے گا اور تمھارے بدلے دوسری قوم کو لے آئے گا اور تم خدا کا کچھ نہیں بگاڑ سکو گے۔ اللہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔

اگر تم پیغمبر کی مدد نہ کرو گے تو خدا نے اس وقت ان کی مدد کی ہے جب کافروں نے انھیں نکال دیا تھا۔ جب دو میں سے دوسرا تھا (اور اس وقت بھی مدد کی) جب غار میں وہ دو تھے (اور خدا نے اس وقت بھی مدد کی) جب وہ اپنے ساتھی سے کہہ رہے تھے کہ رنج نہ کرو۔ خدا ہمارے ساتھ ہے۔ اس وقت اللہ نے ان پر اپنی طرف سے تسکین نازل کی اور ان کی تائید ان لشکروں سے کی جو تم کو نظر نہ آتے تھے۔ اللہ نے کافروں کا بول نیچا کر دیا اور اللہ کا بول تو اُونچا ہی ہے۔ اللہ غالب اور حکمت والا ہے۔

نکلو خواہ ہلکے ہو یا بوجھل اور راہِ خدا میں اپنے مالوں اور جانوں کے ساتھ جہاد کرو۔ یہی تمھارے حق میں بہتر ہے اگر تم جانتے ہو۔ اگر آسانی سے ملنے والا فائدہ ہوتا اور سفر ہلکا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ہوتا تو وہ ضرور تمھارے پیچھے چلنے پر آمادہ ہوجاتے۔ مگر ان کے لیے راستے کی طویل مسافت مشکل بن گئی ہے اور یہ عنقریب خدا کی قسمیں کھا کر کہیں گے اگر ہمارے بس میں ہوتا تو ہم آپ کے ساتھ ضرور نکل پڑتے۔ وہ اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈال رہے ہیں۔ اللہ جانتا ہے کہ وہ جھوٹے ہیں۔

اللہ آپ سے درگزر کرے' آپ نے انھیں پیچھے رہنے کی اجازت کیوں دے دی (تمھیں چاہیے تھا کہ انھیں اس وقت تک رخصت نہ دیتے) یہاں تک کہ آپ پر سچ بولنے والے واضح ہوتے اور جھوٹوں کو بھی آپ معلوم کر لیتے۔

جو لوگ اللہ اور روزِ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں وہ ہرگز آپ سے یہ درخواست نہیں کریں گے کہ انھیں اپنی جان و مال کے ساتھ جہاد کرنے سے معاف رکھا جائے۔ اللہ متقین کو اچھی طرح سے جانتا ہے۔ ایسی اجازت تو صرف وہ لوگ طلب کرتے ہیں جو اللہ اور روزِ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اور جن کے دلوں میں شک ہے اور وہ اپنے شک میں ہی اُلٹ پلٹ رہے ہیں۔

اگر یہ نکلنے کے خواہش مند ہوتے تو وہ اس کے لیے کچھ تیاری بھی کرتے لیکن خدا کو ان کا نکلنا ہی پسند نہیں ہے اور ان سے کہا گیا کہ تم بیٹھنے والوں کے ساتھ بیٹھے رہو۔ اگر وہ تمھارے ساتھ جہاد پر نکلتے تو تمھارے اندر خرابی کے سوا کسی چیز کا اضافہ نہ کرتے اور وہ تمھارے درمیان فتنہ پردازی کے لیے دوڑ دھوپ کرتے اور خود تمھارے اندر ایسے لوگ موجود ہیں جو ان کی باتوں کو کان لگا کر سنتے ہیں' اللہ ظالموں کو اچھی طرح سے جانتا ہے۔

اس سے پہلے بھی انھوں نے فتنہ انگیزی کی کوششیں کی ہیں اور تمھیں ناکام کرنے کے لیے ہر طرح کی تدبیروں کا اُلٹ پھیر کر چکے ہیں یہاں تک کہ حق آ گیا اور حکمِ خدا غالب آ گیا اور یہ لوگ اسے ناپسند ہی کرتے رہ گئے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اور ان میں وہ بھی ہے جو کہتا ہے کہ مجھے رہنے کی اجازت دیجیے اور مجھے آزمائش میں مت ڈالیے۔ سن رکھو! یہ لوگ فتنہ ہی میں تو پڑے ہوئے ہیں اور یقیناً دوزخ کافروں کا احاطہ کیے ہوئے ہے۔ اگر آپ کو کوئی بھلائی پہنچتی ہے تو انھیں ناگوار گزرتی ہے اور اگر آپ پر کوئی مصیبت آجائے تو کہتے ہیں کہ ہم نے اپنا معاملہ پہلے ہی درست کرلیا تھا اور وہ خوش و خرم واپس چلے جاتے ہیں۔

آپ کہہ دیں کہ ہمیں تو بس وہی بھلائی یا تکلیف پہنچے گی جو خدا نے ہمارے لیے لکھی ہوگی۔ وہی ہمارا سرپرست ہے اور اہلِ ایمان کو اللہ پر ہی بھروسہ کرنا چاہیے۔ آپ کہہ دیں تم ہمارے متعلق جس بات کا انتظار کر رہے ہو وہ تو ہمارے لیے دو میں سے ایک بھلائی کی حیثیت رکھتی ہے جب کہ ہم تمھارے لیے اس بات کے منتظر ہیں کہ خدا اپنی طرف سے یا ہمارے ہاتھوں سے تمھیں عذاب میں مبتلا کرے۔ اب تم انتظار کرو ہم بھی تمھارے ساتھ انتظار کر رہے ہیں۔ آپ کہہ دیں تم اپنے مال خواہ راضی خوشی خرچ کرو یا بکراہت، بہرحال وہ قبول نہ کیے جائیں گے تم یقیناً فاسق لوگ ہو۔

ان کے خرچ کیے ہوئے مال کے قبول نہ ہونے کی اس کے علاوہ اور کوئی وجہ نہیں ہے کہ انھوں نے اللہ اور اس کے رسول کا انکار کیا ہے۔ یہ نماز بھی سُستی اور کسل مندی کے ساتھ بجالاتے ہیں اور بادل نخواستہ راہِ خدا میں خرچ کرتے ہیں۔ ان کے اموال اور اولاد آپ کو حیرت میں نہ ڈال دیں۔ خدا کا ارادہ تو یہی ہے کہ انھی کے ذریعہ سے انھیں دنیاوی زندگی میں عذاب دے اور انکارِ حق کی حالت میں ہی ان کی جانیں نکلیں۔

اور وہ اللہ کی قسمیں کھا کر کہتے ہیں کہ یہ تمھیں میں سے ہیں حالانکہ یہ تم میں سے نہیں ہیں۔ یہ تو بزدل قسم کے لوگ ہیں۔ اگر وہ کوئی جائے پناہ پالیں یا انھیں کوئی کھوہ یا گھس جانے کی جگہ مل جائے تو وہ بھاگ کر اس میں جا چھپیں گے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اے نبیؐ! ان میں سے کچھ لوگ زکوٰۃ کی تقسیم کے لیے آپ پر اعتراض کرتے ہیں اگر انھیں اس میں سے کچھ دے دیا جائے تو خوش ہو جاتے ہیں اور اگر انھیں اس میں سے کچھ نہ ملے تو ناراض ہو جاتے ہیں۔ کیا ہی اچھا ہوتا کہ اللہ اور رسول نے انھیں جو کچھ دیا تھا وہ اس پر راضی رہتے اور کہتے کہ اللہ ہمارے لیے کافی ہے۔ عنقریب وہ اور اس کا رسول اپنے فضل و احسان سے ہمیں عطا کریں گے۔ ہم یقیناً خدا کی طرف رغبت رکھنے والے ہیں۔

صدقات (زکوٰۃ) تو دراصل فقیروں اور مساکین کے ہیں اور جو عاملینِ زکوٰۃ ہوں اور ان کے لیے جن کی تالیفِ قلب مطلوب ہو اور گردنوں کو آزادی دلانے کے لیے اور قرض داروں کے لیے اور راہِ خدا میں اور غربت زدہ مسافروں کے لیے ہیں۔ یہ اللہ کی طرف سے فریضہ ہے۔ اللہ خوب جاننے والا اور صاحبِ حکمت ہے"۔

مہینے بارہ ہیں اور ان میں چار مہینے حرام ہیں

اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ مِنْهَآ اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ۭ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ فَلَا تَظْلِمُوْا فِيْهِنَّ اَنْفُسَكُمْ وَقَاتِلُوا الْمُشْرِكِيْنَ كَاۗفَّةً كَمَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ كَاۗفَّةً ۭ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ۝ اِنَّمَا النَّسِيْۗءُ زِيَادَةٌ فِي الْكُفْرِ يُضَلُّ بِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُحِلُّوْنَهٗ عَامًا وَّيُحَرِّمُوْنَهٗ عَامًا لِّيُوَاطِـُٔوْا عِدَّةَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ فَيُحِلُّوْا مَا حَرَّمَ اللّٰهُ ۭ زُيِّنَ لَهُمْ سُوْۗءُ اَعْمَالِهِمْ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ۝

"جس دن سے اللہ نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے اس دن سے ہی خدا کے نزدیک مہینوں کی تعداد بارہ ہے۔ یہ خدا کی کتاب تکوین کا فیصلہ ہے ان میں چار مہینے محترم ہیں۔ یہی سیدھا اور مستحکم دین ہے لہٰذا ان مہینوں میں اپنے آپ پر ظلم نہ کرنا اور تم سب مل کر مشرکین سے لڑو جیسا کہ وہ سب مل کر تم سے لڑتے ہیں اور جان لو کہ یقیناً اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے"۔

محترم مہینوں میں تقدیم و تاخیر کفر میں مزید اضافی حرکت ہے جس سے کافر گمراہی میں مبتلا کیے جا رہے ہیں کہ وہ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اسے ایک سال حلال بنا لیتے ہیں اور ایک سال حرام بنا لیتے ہیں تا کہ اللہ کے حرام کردہ مہینوں کی تعداد پوری کر دیں اور جسے اللہ نے حرام کیا ہے اسے حلال بھی کر لیں۔ ان کے بُرے اعمال ان کے لیے خوش نما بنا دیئے گئے ہیں اور اللہ کافر قوم کو ہدایت نہیں کرتا۔

مذکورہ بالا آیات میں چار مہینوں یعنی رجب، ذی القعدہ، ذی الحجہ، محرم کی حرمت کے استقلال کا حکم دیا گیا ہے اور زمانہ جاہلیت کی رسم نسی کو حرام قرار دیا گیا ہے اور ان آیات میں مشرکین سے جنگ کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

دنیا میں دو قسم کے مہینے رائج ہیں۔ اکثر اقوام وملل کے ہاں شمسی مہینے رائج ہیں جب کہ اسلامی عبادات بالخصوص روزے اور حج کا تعلق قمری مہینوں سے ہے۔ قمری مہینہ عام انسانی حلقہ چشم سے محسوس کیا جا سکتا ہے کیونکہ چاند کے بڑھنے اور گھٹنے سے یہ مہینہ تشکیل پاتا ہے۔ ایک شمسی سال تین سو پینسٹھ دن کا ہوتا ہے جب کہ ہر چار سال بعد اس میں مزید ایک دن کا اضافہ کر دیا جاتا ہے اور قمری سال تقریباً تین سو چون دنوں پر مشتمل ہوتا ہے اور قمری مہینے کسی خاص موسم کے پابند نہیں ہوتے۔

بارہ مہینوں سے ایک سال تشکیل پاتا ہے لیکن واضح رہے یہ تقسیم کار استوائی اور معتدل مناطق کے لیے ہے اور یہ زمین کے ۶۷ درجہ تک محدود ہے جب کہ شمالی اور جنوبی قطب میں یہ حساب کار آمد نہیں ہے کیونکہ قطبین میں ایک دن اور ایک رات ایک سال کا درجہ رکھتے ہیں۔

جزیرہ عرب میں لوٹ مار کا عام رواج تھا اور اکثر قبائل کی معیشت کا انحصار بھی اسی لوٹ مار پر ہوتا تھا۔ قبیلہ "مضر" عرب کا ایک طاقتور قبیلہ تھا وہ ماہ رجب کو انتہائی محترم سمجھتے تھے اسی لیے کتب حدیث میں "رجب مضر" کے الفاظ دکھائی دیتے ہیں۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بیت اللہ کے حج کو رواج دیا تھا۔ حج بیت اللہ کے لیے اہل عرب نے تین مہینوں یعنی ذی قعدہ، ذی الحجہ اور محرم کو محترم قرار دیا تھا تا کہ حجاج ان مہینوں میں بے خوف ہو کر سفر حج کر سکیں اور حج کر کے واپس اپنے گھروں کو لوٹ سکیں۔ اور یوں اہل عرب ان چار مہینوں کو "اشہر الحرم" کہا کرتے تھے۔ ان مہینوں کے تقدس کا خصوصی خیال رکھا جاتا تھا اور کوئی کسی پر حملہ آور نہیں ہوتا تھا۔ مگر اہل عرب میں جہاں اور برائیاں موجود تھیں۔ وہاں ایک اور برائی "نسیٔ" کی شکل میں بھی موجود تھی۔ یعنی محترم مہینوں کو آگے پیچھے کر دیتے تھے۔ مثلاً اگر کسی قبیلہ نے دوسرے قبیلہ سے انتقام لینا ہوتا تو وہ قبیلہ اعلان کرا دیتا کہ اس سال "محرم" کا مہینہ محترم نہیں ہوگا اس کی بجائے "صفر" کا مہینہ محترم ہوگا اور یوں وہ حرمت والے مہینوں کو آگے پیچھے کر کے اپنا مقصد حاصل کیا کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے اس حرکت کو کفر میں اضافہ سے تعبیر کیا ہے۔ (اضافۃ من المترجم)

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

الکافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے' آپؑ نے اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ .....کی آیت پڑھ کر فرمایا: سال کے مہینے بارہ ہیں۔ ان میں سب سے محترم مہینہ خدا کا مہینہ رمضان المبارک ہے اور ماہِ رمضان کا دل شب قدر ہے۔ قرآن مجید ماہ رمضان کی چاند رات میں نازل ہوا تھا۔ تم اس مہینہ کا استقبال قرآن کے ساتھ کرو۔

بیت اللہ کی حرمت اور ''کعب الاحبار'' کی تردید

زرارہ بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کے ساتھ حرم بیت اللہ میں بیٹھا تھا۔ آپؑ زانو اٹھائے ہوئے بیت اللہ کی طرف منہ کر کے بیٹھے تھے' آپؑ نے فرمایا: آگاہ رہو! کعبہ شریف کا دیکھنا عبادت ہے۔ اتنے میں بنی بجیلہ سے تعلق رکھنے والا ایک شخص آیا جس کا نام عاصم بن عمرو تھا۔ اس نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے کہا کہ کعب الاحبار کہا کرتا تھا کہ روزانہ فجر کے وقت کعبہ بیت المقدس کو سجدہ کرتا ہے۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: ''کعب الاحبار'' کے اس قول کے متعلق تیرا اپنا نظریہ کیا ہے؟

اس شخص نے کہا کہ میری نظر میں کعب الاحبار نے سچ کہا تھا۔ یہ سن کر حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: تو نے جھوٹ کہا اور تیرے ساتھ کعب الاحبار نے بھی جھوٹ کہا۔ امام علیہ السلام نے یہ فقرات بڑے غیظ وغضب کے عالم میں فرمائے۔

زرارہ کا بیان ہے کہ اس سے پہلے میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کی زبان سے ''تو نے جھوٹ کہا'' کا جملہ کبھی نہیں سنا تھا۔ پھر آپؑ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے زمین کا کوئی ایسا ٹکڑا پیدا نہیں کیا جو اسے کعبہ سے زیادہ محبوب ہو۔ پھر آپؑ نے اپنے ہاتھ سے کعبہ کی طرف اشارہ کر کے فرمایا: اس سے زیادہ خدا کو کوئی ٹکڑا عزیز نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کی زیارت اور حج کے لیے شوال' ذی قعدہ اور ذی الحجہ کے تین مہینوں کو مسلسل حرام کیا اور رجب کو علیحدہ حرام بنایا تا کہ اس میں لوگ عمرہ کر سکیں۔

شیخ الطائفہ کتاب الغیبۃ میں رقمطراز ہیں کہ جابر جعفی بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ مِنْهَآ اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ کی آیت مجیدہ کی تاویل دریافت کی تو آپؑ نے ٹھنڈی سانس بھری اور فرمایا:

جابر! سال میرے نانا جناب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں اور اس کے بارہ مہینوں سے ہم بارہ امام ہیں جن کا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

پہلا فرد حضرت علی علیہ السلام اور آخری فرد حضرت مہدی علیہ السلام ہیں۔ یہ سب خلق خدا پر حجت ہیں اور آنحضرتؐ کی وحی اور ان کے علم کے امین ہیں اور ان میں چار محترم مہینوں سے وہ امام مراد ہیں جن کا نام علیؑ ہے یعنی حضرت علی علیہ السلام' میرے والد علی زین العابدین علیہ السلام' پھر علی بن موسیٰ علیہ السلام اور پھر علی بن محمد علیہ السلام۔ چنانچہ ان کا اقرار ہی دین قیم ہے۔ ''ان میں اپنی جانوں پر ظلم نہ کرو'' مقصد یہ ہے کہ سب کی امامت کا عقیدہ رکھو تا کہ تم ہدایت یافتہ بن سکو۔

تفسیر عیاشی میں امیر المومنین علی علیہ السلام سے منقول ہے' آپؑ نے فرمایا کہ جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیماری نے زور پکڑا تو آپؐ نے فرمایا:

لوگو! ایک سال کے بارہ مہینے ہیں جن میں سے چار مہینے حرام ہیں۔ پھر آپؐ نے فرمایا: رجب اکیلا ہے۔ پھر ذی قعدہ' ذی الحجہ اور محرم کے مسلسل تین مہینے ہیں۔ آگاہ رہو! ماہ رمضان کے روزے فرض کیے گئے ہیں۔ جب رمضان کا چاند دکھائی دے تو روزہ رکھو اور جب شوال کا چاند دکھائی دے تو افطار کرو۔ اگر چاند دکھائی نہ دے تو پھر شعبان کے تیس دن پورے کرو۔ اکتیسویں دن روزہ رکھو۔

کتاب الخصال میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے' آپؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ مِنْهَآ اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ (خدا کے ہاں کتاب تکوین میں مہینوں کی تعداد بارہ ہے جس دن سے اس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے' اس میں چار مہینے حرمت والے ہیں) بارہ مہینوں کے نام یہ ہیں: محرم' صفر' ربیع الاول' ربیع الاخر' جمادی الاول' جمادی الاخر' رجب' شعبان' رمضان' شوال' ذوقعدہ اور ذوالحجہ۔ اور ان میں حرمت والے چار مہینے یہ ہیں: ذی الحجہ کے آخری بیس دن' محرم' صفر' ربیع الاول اور ربیع الآخر کے پہلے دس دن۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مہینے بارہ مقرر فرمائے اور ان کے دنوں کی تعداد اصولی طور پر تین سو ساٹھ دن بنتی تھی لیکن اس میں سے تخلیق ارض وسماء کے چھ دن نفی کیے گئے اسی لیے قمری سال کے دن تین سو ساٹھ سے کم ہیں۔

عبداللہ بن عمر راوی ہیں کہ رسولؐ خدا پر ایام تشریق میں اذا جآء نصر اللہ..... کی سورت نازل ہوئی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے یہ استنباط کیا کہ آپؐ کی زندگی کے ایام ختم ہونے والے ہیں۔ چنانچہ آپؐ اپنی ناقہ ''عضباء'' پر سوار ہوئے اور اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کرنے کے بعد فرمایا:

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

لوگو! مہینوں کی تعداد بارہ ہے۔ ان میں چار مہینے حرمت والے ہیں: ۱- رجب، جو کہ جمادی الاخر اور شعبان کے درمیان ہے ۲- ذوقعدہ ۳- ذی الحجہ ۴- محرم۔ ان کی حرمت کو پامال کر کے اپنے اوپر ظلم نہ کرو۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں قَاتِلُوا الْمُشْرِكِيْنَ كَآفَّةً کے ضمن میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ کافۃ کا معنی ہے "مل کر"۔ یعنی آیت مجیدہ کا معنی یہ ہے کہ تم سب مل کر مشرکین سے جنگ کرو جیسا کہ وہ سب مل کر تم سے جنگ کرتے ہیں۔

حرمت والے مہینوں کی تقدیم و تاخیر کفر میں اضافہ ہے

اِنَّمَا النَّسِیْٓءُ زِیَادَةٌ فِی الْكُفْرِ یُضَلُّ بِهِ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا یُحِلُّوْنَهٗ عَامًا وَّیُحَرِّمُوْنَهٗ عَامًا لِّیُوَاطِـُٔوْا عِدَّةَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ فَیُحِلُّوْا مَا حَرَّمَ اللّٰهُ ؕ زُیِّنَ لَهُمْ سُوْٓءُ اَعْمَالِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الْكٰفِرِیْنَ ۝

"محترم مہینوں میں تقدیم و تاخیر کفر میں اضافہ ہے جس سے کافر گمراہی میں مبتلا کیے جا رہے ہیں کہ وہ اسے ایک سال حلال بنا دیتے ہیں اور دوسرے سال اسے حرام قرار دیتے ہیں تاکہ اللہ کے حرام کردہ مہینوں کی تعداد پوری کر دیں اور اللہ کا حرام کیا ہوا حلال بھی کر لیں۔ ان کے برے اعمال ان کے لیے خوش نما بنا دیئے گئے ہیں اور اللہ کافر لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا"۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں اس آیت مجیدہ کے ضمن میں مرقوم ہے کہ بنی کنانہ کا ایک شخص ایامِ حج میں کھڑے ہو کر اعلان کر دیتا تھا کہ اس سال میں نے ماہ محرم کو حلال کر دیا ہے اور اس کے عوض ماہِ صفر کو حرام کر دیا ہے اور آئندہ سال محرم حرام رہے گا اور صفر حلال رہے گا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی اسی غلط رسم کے ابطال کے لیے اِنَّمَا النَّسِیْٓءُ زِیَادَةٌ فِی الْكُفْرِ..... کی آیت نازل فرمائی۔

کتاب الخصال میں بھی یہ روایت مرقوم ہے البتہ اس میں یہ اضافی الفاظ موجود ہیں کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: شیطان تمہارے علاقہ میں اپنی عبادت سے مایوس ہو چکا ہے۔

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے نسیٔ کو النَّسِیُّ بروزن الھَدِیُّ پڑھا۔ مجاہد بیان کرتے ہیں کہ مشرکین کی عادت تھی کہ وہ ہر سال کے دو ماہ میں حج پڑھتے تھے مثلاً وہ ذی الحجہ میں دو سال حج پڑھتے تھے پھر

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

دو سال محرم میں حج پڑھتے تھے پھر دو سال صفر میں حج پڑھتے تھے اور یوں سال کے دو ماہ میں حج پڑھتے تھے۔ حجۃ الوداع سے ایک سال قبل مشرکین نے ماہ ذی قعدہ میں حج پڑھا تھا پھر ۱۰ ہجری میں آنحضرتؐ نے حجۃ الوداع کیا تو اس سال حج ماہ ذی الحجہ میں ہی ہونا تھا اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے خطبہ میں یہ الفاظ ارشاد فرمائے تھے:

''آج زمانہ اپنی گردش مکمل کر کے اسی مقام پر پہنچ گیا ہے جس مقام پر وہ ارض وسماء کی تخلیق کے وقت تھا۔ ایک سال کے بارہ مہینے ہیں۔ ان میں سے چار مہینے حرمت والے ہیں جن میں سے ذی قعدہ، ذی الحجہ اور محرم ایک دوسرے کے ساتھ پیوستہ ہیں اور ان کے علاوہ ماہ رجب حرمت والا مہینہ ہے جو کہ جمادی الاخر اور شعبان کے درمیان ہے''۔

ان الفاظ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دراصل یہ پیغام دیا تھا کہ حرمت والے مہینے اب اپنے اصل مقام پر پہنچ چکے ہیں اور حج اپنے صحیح مہینہ ذی الحجہ میں آچکا ہے اور تقدیم وتاخیر کا قانون باطل ہے۔

ترغیب جہاد

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا مَا لَكُمْ إِذَا قِيلَ لَكُمُ انْفِرُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ اثَّاقَلْتُمْ إِلَى الْأَرْضِ ۚ أَرَضِيتُمْ بِالْحَيَاةِ الدُّنْيَا مِنَ الْآخِرَةِ ۚ فَمَا مَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا فِي الْآخِرَةِ إِلَّا قَلِيلٌ ﴿٣٨﴾ إِلَّا تَنْفِرُوا يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا أَلِيمًا وَيَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ وَلَا تَضُرُّوهُ شَيْئًا ۗ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٣٩﴾

''اب اہل ایمان! تمھیں کیا ہوگیا ہے جب تمھیں اللہ کی راہ میں نکلنے کے لیے کہا گیا تو تم زمین سے چپک کر بیٹھ گئے۔ کیا تم نے آخرت کے عوض دنیا پر قناعت کرلی ہے جب کہ دنیاوی زندگی کا ساز وسامان آخرت کے مقابلہ میں انتہائی کم ہے۔ اگر تم نہ اُٹھو گے تو خدا تمھیں دردناک عذاب دے گا اور تمھارے بدلے دوسری قوم کو لے آئے گا اور تم خدا کا کچھ نہیں بگاڑ سکو گے۔ اللہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے''۔

نہج البلاغہ میں حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام سے یہ کلمات منقول ہیں: خدا تم پر رحم کرے اپنے دشمنوں سے لڑنے کے لیے چل پڑو اور سست ہوکر زمین سے چمٹے نہ رہو۔ ورنہ یاد رکھو کہ ظلم وستم سہتے رہو گے اور ذلت میں پڑے رہو گے اور تمھارا حصہ انتہائی پست ہوگا۔ سنو! جنگ آزما ہوشیار و بیدار رہا کرتا ہے اور جو سو جاتا ہے دشمن اس سے غافل ہوکر سویا نہیں کرتا۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

إِلَّا تَنْصُرُوهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللَّهُ إِذْ أَخْرَجَهُ الَّذِينَ كَفَرُوا ثَانِيَ اثْنَيْنِ إِذْ هُمَا فِي الْغَارِ إِذْ
يَقُولُ لِصَاحِبِهِ لَا تَحْزَنْ إِنَّ اللَّهَ مَعَنَا ۖ فَأَنْزَلَ اللَّهُ سَكِينَتَهُ عَلَيْهِ وَأَيَّدَهُ بِجُنُودٍ لَمْ تَرَوْهَا
وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِينَ كَفَرُوا السُّفْلَىٰ ۗ وَكَلِمَةُ اللَّهِ هِيَ الْعُلْيَا ۗ وَاللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝

"اگر تم پیغمبر کی مدد نہ کرو گے تو خدا نے اس وقت ان کی مدد کی ہے جب کافروں نے اسے نکالا تھا وہ دو میں کا دوسرا تھا۔ خدا نے اس وقت مدد کی جب وہ غار میں دو تھے۔ خدا نے اس وقت مدد کی جب وہ اپنے ساتھی سے کہہ رہے تھے کہ رنج نہ کر یقیناً اللہ ہمارے ساتھ ہے۔ اللہ نے ان پر اپنی تسکین نازل کی اور ایسے لشکروں سے ان کی مدد کی جو تمھیں دکھائی نہ دیئے اور کافروں کا بول پست کر دیا اور خدا کا بول تو اُونچا ہی ہے اور اللہ غالب حکمت والا ہے"۔

اس رکوع کی اکثر آیات کا تعلق جنگِ تبوک سے ہے جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جنگ تبوک کے لیے روانہ ہونے اور لشکر کو تیار کرنے کا اعلان کیا تو اس وقت موسم سخت گرم تھا اور کھجوروں کی فصل پکنے کے قریب تھی۔ اسی لیے منافقین نے ٹال مٹول سے کام لیا اور مختلف حیلے بہانے شروع کیے۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے اہلِ ایمان کو جہاد کی ترغیب دی اور ان آیات میں انھیں غیرت دلائی تھی کہ تم کیسے مومن ہو جب تمھیں راہِ خدا میں نکلنے کے لیے کہا جاتا ہے تو زمین پر چپک کر بیٹھ جاتے ہو اور ہلنے جلنے کا نام تک نہیں لیتے۔ اگر تم نے اپنی روش کو نہ بدلا تو خدا تم پر دردناک عذاب نازل کرے گا اور اسلام کی خدمت کے لیے خدا تمھارے عوض کسی دوسری قوم کا انتخاب کرے گا اور تم خدا کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکو گے۔

پھر اللہ تعالیٰ نے ایک ہی رات کے تین مواقع کا تذکرہ کیا اور فرمایا: ان تین مواقع پر تمھاری کوئی مدد شامل نہیں تھی۔ میں نے ہی اپنے حبیب کی ان مواقع پر مدد کی۔ پہلا موقع وہ تھا جب گھر میں دو فرد تھے ایک رسولؐ خدا تھے اور ایک علی مرتضیٰؑ تھے۔ رسولؐ خدا نے گھر چھوڑا تو اس وقت علی مرتضیٰؑ گھر میں محمد مصطفیٰؐ کے بستر پر سو گئے۔ باہر نبی اکرمؐ کے دشمنوں نے گھر کا گھیراؤ کر رکھا تھا۔ اس وقت میں نے ہی اپنے حبیب کو خون آشام درندوں کے درمیان میں سے خیر و عافیت کے ساتھ گزارا۔ کسی بھی دشمن نے نبی کو گھر سے نکلتے ہوئے نہیں دیکھا۔

دوسرا موقع وہ تھا جب غار میں دو ہو چکے تھے۔ چنانچہ اس ساتھی کا غار میں آنا بھی سخت مصیبت کا موقع تھا۔ اس موقع پر بھی میں نے ہی مدد کی تھی۔ تیسرا موقع اس وقت پیش آیا جب کافر نشانِ قدم کو دیکھتے ہوئے غار کے دروازہ پر پہنچ گئے اور

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ساتھی نے تقاضائے بشریت سے مجبور ہوکر جزع فزع شروع کر دی۔ اگر کافر اس کی آواز سن لیتے تو وہ غار میں چلے آتے اور حبیبؐ خدا کو شہید کر دیتے۔ چنانچہ اس حساس اور فیصلہ کن لمحہ پر بھی میں نے ہی اپنے حبیبؐ کی مدد کی تھی۔

اس آیت میں یہ بتایا گیا کہ رسولؐ خدا نے اپنے مضطرب ساتھی کو کئی بار تسلی دی تھی۔ پھر اللہ نے اپنی طرف سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر تسکین نازل فرمائی اور ان کی مدد کے لیے ایسے لشکر بھیج دیئے جو کسی کو دکھائی نہیں دیتے تھے۔ یوں کافروں کا منصوبہ ناکام رہا اور خدا کا بول بالا رہا اور جہاں تک خدا کی معیت کی بات ہے تو اس سے معیت عمومی مراد ہے جو کہ ہر کسی کو حاصل ہے۔

کتاب الخصال میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے' آپؑ نے فرمایا: ایک یہودی سربراہ نے حضرت علی علیہ السلام سے پوچھا کہ اللہ نے نبی کی زندگی میں آپؐ کی کتنی بار آزمائش کی تھی؟

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیاتِ طیبہ میں میری سات مقامات پر آزمائش کی اور خدا کی نعمت سے میں ہر آزمائش میں سرخرو ہوا۔

میری دوسری آزمائش اس وقت ہوئی جب قریش نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قتل کا منصوبہ تشکیل دیا اور اس منصوبہ سازی کے وقت ابلیس لعین ایک کانے ثقفی کی صورت میں موجود تھا۔ اس نے مختلف آراء سننے کے بعد قریش کو مشورہ دیا تھا کہ قریش کے ہر گھرانے میں سے ایک ایک شخص لیا جائے اور سب مل کر بیک وقت محمدؐ پر حملہ کر دیں۔ اس طرح بنی ہاشم انتقام نہیں لے سکیں گے اور یوں محمدؐ کا خون رائیگاں چلا جائے گا۔

جبریل امینؑ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوئے اور انھیں قریش کے منصوبہ سے مطلع کیا اور بتایا کہ وہ فلاں رات آپؐ پر آخری حملہ کریں گے۔ جب وہ رات آئی تو نبی اکرمؐ نے مجھے بلایا اور کفار کے منصوبہ سے مجھے آگاہ کیا اور مجھے اپنے بستر پر سونے کا حکم دیا۔ میں نے خوش ہوکر تعمیلِ حکم کا وعدہ کیا۔ آپؐ ہجرت کر کے چلے گئے اور میں آنحضرتؐ کے بستر پر سوگیا۔ قریش ساری رات انتظار کرتے رہے۔ صبح کے وقت وہ گھر میں داخل ہوئے جیسے ہی وہ اندر آئے تو میں تلوار لے کر ان کے مقابلہ پر اُٹھ کھڑا ہوا۔ یوں اللہ تعالیٰ نے ان کے منصوبہ کو ناکام کیا اور اپنے پیغمبرؐ کی حفاظت فرمائی۔

پھر آپؑ نے وہاں پر موجود افراد سے فرمایا: لوگو! کیا ایسا نہیں ہے؟ سب نے کہا: جی ہاں' آپؑ نے صحیح فرمایا۔

حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام نے ایک مرتبہ حضرت ابوبکر کو خطاب کر کے فرمایا تھا تجھے خدا کی قسم! یہ بتاؤ شب ہجرت رسولؐ خدا کی قربانی بن کر تم سوئے تھے یا میں سویا تھا؟ حضرت ابوبکر نے کہا: آپؑ سوئے تھے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

آپؑ نے مجلس شوریٰ کے اراکین کے سامنے بھی اپنی اس لازوال قربانی کی داستان کو دہرا کر فرمایا تھا کہ بتاؤ شب ہجرت رسولؐ اکرم کی جان تم نے بچائی تھی یا میں نے بچائی تھی؟ وہاں پر موجود حاضرین نے کہا کہ آپؑ نے ہی رسولؐ خدا کی جان بچائی تھی۔

الخصال کے باب ''مناقب امیر المومنین وتعدادھا'' میں حضرت علی علیہ السلام کی زبانی مرقوم ہے' آپؑ نے فرمایا: میری ساتویں فضیلت یہ ہے کہ جب رسولؐ خدا ہجرت کر کے غار کی طرف گئے تھے تو اس رات آپؐ نے مجھے اپنے بستر پر سلایا تھا اور آپؐ نے مجھے اپنی چادر اڑھائی تھی۔ جب مشرکین آئے تو وہ سمجھے یہ محمدؐ ہے۔ انھوں نے مجھے بیدار کیا۔ جب انھوں نے نبی اکرمؐ کی جگہ مجھے دیکھا تو کہا محمدؐ کہاں گئے ہیں؟

میں نے کہا وہ کسی ضرورت کے تحت باہر گئے ہیں۔ یہ سن کر انھوں نے کہا: اگر محمدؐ بھاگ گیا ہوتا تو یہ بھی اس کے ساتھ بھاگ گیا ہوتا۔

احتجاج طبرسی میں مرقوم ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے حضرت عمر کی قائم کردہ مجلس شوریٰ میں اپنے فضائل بیان کرتے ہوئے یہ بھی فرمایا تھا: بتاؤ' رسولؐ خدا کے پاس غار میں کھانا لے کر کون جاتا تھا اور انھیں مکہ کے حالات سے کون آگاہ کرتا تھا۔ کیا یہ کام تم نے کیا تھا یا میں نے کیا تھا؟ حاضرین نے کہا کہ یہ کام آپؑ نے ہی کیا تھا۔

احتجاج طبرسی میں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی انبیائے سابقین پر فضیلت کی ایک طویل گفتگو مرقوم ہے جو حضرت علی علیہ السلام نے یہودی علماء کے سوالات کے جواب میں ارشاد فرمائی تھی۔ اس میں ایک جملہ یہ بھی ہے:

یوسف علیہ السلام اگر کنوئیں میں رہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی غار میں پوشیدہ رہے اور غار میں قیام کے دوران آپؐ نے اپنے ساتھی سے لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا (رنج نہ کر' اللہ ہمارے ساتھ ہے) کے جملے ارشاد فرمائے تھے۔

کتاب کمال الدین وتمام النعمۃ میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے ایک روایت منقول ہے جس کا ماحصل یہ ہے کہ حضرت ابوطالب نے تحفظ پیغمبرؐ کی مصلحت کے پیش نظر اپنے ایمان کو مخفی رکھا تھا۔ جب ان کی وفات ہوگئی تو اللہ نے اپنے پیغمبر کو وحی فرمائی کہ اب آپ مکہ چھوڑ دیں یہاں آپ کا کوئی مددگار باقی نہیں رہا۔

روضہ کافی میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے رفیق غار سے فرمایا کہ پرسکون رہو جب کہ آپؐ کے ساتھی پر کپکپی طاری تھی اور اسے کسی طرح سے سکون نہیں آ رہا تھا۔ جب آنحضرتؐ نے ساتھی کی یہ حالت مشاہدہ فرمائی تو اس سے فرمایا: اگر چاہو تو میں تمھیں اپنے انصار ساتھی دکھاؤں جو اپنی محافل میں محوِ گفتگو ہیں

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اور اگر چاہو تو میں تمھیں جعفر (بن ابی طالب) اور اس کے ساتھی دکھاؤں جو سمندر میں غوطہ خوری کر رہے ہیں؟

ساتھی نے کہا: جی ہاں' اس کے بعد آنحضرتؐ نے اس کے چہرے پر ہاتھ پھیرا تو اس نے انصار کو ان کی محافل میں محوِ گفتگو دیکھا اور جعفر اور اس کے ساتھیوں کو سمندر میں غوطہ خوری کرتے ہوئے دیکھا۔ چند الفاظ کے اختلاف کے ساتھ یہ روایت تفسیر علی بن ابراہیم میں بھی مرقوم ہے۔

حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے مروی ایک روایت کا ماحصل یہ ہے کہ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلَيْهِ وَاَيَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا میں "ہ" کی ضمیر کا مرجع رسولؐ خدا کی ذات بابرکات ہے۔

تفسیر عیاشی میں مرقوم ہے کہ حسن بن جہم نے حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے عرض کیا کہ لوگ ہمارے سامنے ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ کی آیت پڑھ کر ہمارے خلاف استدلال کرتے ہیں۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: مگر یہ تو دیکھو اس کے بعد یہ الفاظ ہیں: فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلَيْهِ وَاَيَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا۔ اگر کسی ساتھی کی رفاقت منظورِ خدا ہوتی تو اللہ واحد کی بجائے تثنیہ کے صیغے استعمال کرتا۔ جب کہ اللہ نے واحد کے صیغے استعمال کیے ہیں۔ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے بھی اسی مفہوم کی ایک اور روایت مروی ہے۔

ایک سوال اور اس کا جواب

کتاب کمال الدین وتمام النعمۃ میں امام زمانہ عجل اللہ فرجہ الشریف اور سعد کا مکالمہ مذکور ہے جس میں یہ گفتگو بھی مرقوم ہے: سعد! تمھارے مخالف نے اپنے نظریہ کے اثبات اور تمھارے عقیدہ کے ابطال کے لیے تمھارے سامنے یہ دلیل پیش کی ہے کہ جب رسولؐ مختار کی زندگی کو خطرہ لاحق ہوا تو آپؐ نے ہجرت کی اور ہجرت کے موقع پر ایک بزرگ کو اپنا ساتھی بنایا اور اسے ساتھی بنانے میں مصلحتِ نبوت یہ تھی کہ رسولؐ خدا نے دیکھا کہ اسلام اور قرآن کے لیے جتنا میرا وجود ضروری ہے اتنا میرے اس ساتھی کا وجود بھی ضروری ہے کیونکہ اسے مستقبل میں اُمت کی باگ ڈور سنبھالنا ہے اور اس نے حدود الٰہی کو قائم کرنا ہے اور بلاد کفر کو فتح کرنے کے لیے اس نے لشکر روانہ کرنے ہیں۔ لہٰذا اسلام کو جتنی میری ضرورت ہے اتنی ہی میرے ساتھی کی بھی ضرورت ہے۔ چنانچہ یہی سوچ کر رسولؐ خدا نے انھیں اپنا رفیقِ سفر بنایا تھا۔ جب کہ نبی اکرمؐ نے دیکھا کہ علیؑ کا وجود ایک بوجھ ہے اور علیؑ رہا تو رہا اور اگر نہ بھی رہا تو بھی اسلام کو اس کی کوئی خاص ضرورت نہیں ہے۔ اسی لیے نبی اکرمؐ نے علیؑ کی جان کی حفاظت کی فکر نہیں کی تھی اور اسے بستر موت پر سلا دیا تھا۔ کیونکہ آپؐ جانتے تھے کہ اگر علیؑ بالفرض

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

مارے بھی گئے تو اُمت میں ایسے بہت سے افراد موجود ہیں جو علیؑ جیسے کارنامے ادا کر سکتے ہیں۔

سعد نے کہا مولا! آپؑ نے بالکل سچ فرمایا۔ مخالف نے مجھ سے یہی گفتگو کی تھی۔ امام علیہ السلام نے فرمایا تمھیں اس کے جواب میں یہ کہنا چاہیے تھا کہ تم لوگوں کا عقیدہ ہے کہ خلفاء پیغمبر چار ہیں اور نبی اکرمؐ نے ان کی خلافت کی پیشین گوئی کرتے ہوئے فرمایا تھا الخلافة بعدی ثلاثون سنة "میرے بعد خلافت تیس برس تک رہے گی" اور اس حدیث کے تحت چار خلفاء ہی خلفائے راشدین تصور کیے جاتے ہیں۔ اگر نبی اکرمؐ کا صرف ایک ہی خلیفہ ہوتا تو تمھاری مذکورہ گفتگو صحیح ہو سکتی تھی جب کہ آپ کے بعد تو چار افراد نے منصب خلافت پر فائز ہونا تھا۔ بھلا اس میں کیا حکمت تھی کہ نبیؐ اپنے ایک خلیفہ کو بچانے کے لیے تو اتنے سرگرم تھے اس کے علاوہ باقی تین خلفاء کی جانوں کو آپؐ نے اہمیت کیوں نہیں دی تھی؟؟

اگر مقصد اپنے خلیفہ کی جان کی حفاظت تھا تو دوسرے تین خلفاء کو اپنے ساتھ لے کر کیوں نہ گئے کیا باقی تین خلفاء اسلام کے لیے غیر ضروری تھے؟ اگر تم مخالف کو یہ جواب دیتے تو اس کے استدلال کا تار و پود ہی بکھر جاتا۔

کتاب علل الشرائع میں مرقوم ہے کہ ابن مسعود بیان کرتے ہیں کہ جنگ جمل کے بعد مسجد کوفہ میں یہ بحث چلی کہ اگر حضرت علی علیہ السلام کے سابقہ سیاسی حریف حق پر نہ ہوتے تو آپؑ ان سے بھی ویسے ہی جنگ کرتے جیسا کہ آپؑ نے طلحہ و زبیر سے جنگ کی ہے۔

یہ بات حضرت علی علیہ السلام تک پہنچی آپؑ نے الصلاۃ الجامعۃ کی منادی کرائی۔ جب لوگ جمع ہو گئے تو آپؑ منبر پر تشریف لائے اور حمد و ثنا کے بعد ارشاد فرمایا:

لوگو! مجھے معلوم ہوا ہے کہ تم نے ایسی ایسی باتیں کی ہیں۔ لوگوں نے کہا: امیر المومنینؑ! واقعی ہم نے یہ باتیں کی ہیں۔ آپؑ نے فرمایا: میں نے اپنے مخالفین سے جنگ نہ کر کے چھ انبیاء کی سنت کی پیروی کی ہے۔ میں نے جنگ نہ کرنے میں حضرت ابراہیمؑ، حضرت لوطؑ، حضرت موسیٰؑ، حضرت عیسیٰؑ اور حضرت محمد مصطفیٰ صلوات اللہ علیہم کی پیروی کی ہے۔

تمھیں علم ہے کہ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب اپنی قوم سے خطرہ محسوس کیا تو آپؐ نے گھر چھوڑا اور غار میں جا کر چھپ گئے تھے اور مجھے اپنے بستر پر سلایا تھا۔ اب اگر تم کہو کہ رسولؐ خدا نے خوف کے بغیر گھر چھوڑا تھا تو کافر بن جاؤ گے اور اگر کہو کہ خوف لاحق تھا جس کی وجہ سے انھوں نے ہجرت کی تھی اور مجھے اپنے بستر پر سلایا تھا تو جب نبیؐ نے مخالفین سے جنگ نہیں کی تھی تو وصی نے بھی مخالفین سے جنگ نہ کر کے ان کی سنت پر عمل کیا ہے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ انفروا خفافا وثقالا (نکلو ہلکے ہو کر اور بوجھل ہو کر) کا مفہوم یہ ہے کہ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

جوان ہو تو بھی جہاد کے لیے نکلو اور اگر بوڑھے ہو تو بھی جہاد کے لیے نکلو۔

طولانی سفر جہاد سے مانع تھا

لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيبًا وَسَفَرًا قَاصِدًا لَّاتَّبَعُوكَ وَلَٰكِن بَعُدَتْ عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ ۚ وَسَيَحْلِفُونَ بِاللَّهِ لَوِ اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ ۖ يُهْلِكُونَ أَنفُسَهُمْ ۖ وَاللَّهُ يَعْلَمُ إِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ ﴿٤٢﴾

''اگر آسانی سے ملنے والا فائدہ ہوتا اور سفر ہلکا ہوتا تو وہ ضرور تمھارے پیچھے چلنے پر آمادہ ہو جاتے لیکن ان کے لیے راستے کی طویل مسافت مشکل بن گئی ہے اور یہ عنقریب خدا کی قسمیں کھا کر کہیں گے کہ اگر ہمارے بس میں ہوتا تو ہم ضرور آپ کے ساتھ نکل پڑتے۔ وہ اپنے آپ کو ہلاک کر رہے ہیں جب کہ خدا جانتا ہے کہ یہ لوگ جھوٹے ہیں''۔

کتاب التوحید میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ آپؑ نے یہ آیت پڑھ کر فرمایا کہ وہ لوگ جہاد کے لیے سفر کرنے کی استطاعت رکھتے تھے لیکن وہ دو وجوہات کی بنا پر جانا پسند نہیں کرتے تھے۔ پہلی وجہ تو یہ تھی کہ انھیں مالِ غنیمت ملنے کا یقین نہیں تھا اور دوسری وجہ راستے کی دُوری تھی۔

ایک اور روایت میں مرقوم ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے یہ آیت پڑھ کر فرمایا کہ اللہ نے ان کے اس قول کی تردید کی ہے کہ ان کے پاس سفر کی استطاعت نہیں تھی۔ وہ لوگ سفر کے لیے مطلوب وسائل سے مالا مال تھے۔

تفسیر عیاشی میں بھی حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے یہ روایت منقول ہے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ عَرَضًا قَرِيبًا سے جلد ملنے والی غنیمت مراد ہے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ اعلانِ نبوت کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تبوک سے طویل اور اس سے زیادہ پُر مشقت سفر نہیں کیا تھا۔ شام کے علاقہ میں رہائش پذیر نبطی نسل کے لوگ اشیاء کی خرید و فروخت کے لیے مدینہ آیا کرتے تھے۔ ایک سال جب وہ مدینہ آئے تو انھوں نے یہاں پہنچ کر یہ خبر دی کہ رومی رسولِ خدا سے جنگ کے لیے جمع ہو چکے ہیں اور جنگ کے لیے انھوں نے بہت بڑا لشکر تیار کیا ہے اور رومیوں کی مدد کے لیے ہرقل بھی اپنی افواج لے کر ان کے ساتھ شامل ہو گیا ہے اور ان کی مدد کے لیے عنان، جذام، بہراء اور عاملہ قبائل کے لوگ بھی ان کے لشکر میں شامل ہو چکے ہیں اور رومیوں کا لشکر ''بلقاء'' تک پہنچ چکا ہے اور رومی سلطان ''حمص'' میں قیام پذیر ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

جب رسولؐ خدا نے یہ خبر سنی تو آپؐ نے تبوک کی طرف سفر کرنے کا حکم دیا۔ تبوک بلقاء کا ایک قصبہ ہے۔ آپؐ نے بنی خزاعہ، مزنیہ اور جہنیہ قبائل کی طرف قاصد روانہ فرمائے اور لوگوں کو جہاد کی ترغیب دی۔ آپؐ نے مدینہ سے باہر ثنیۃ الوداع نامی مقام پر پڑاؤ ڈالا۔ آپؐ نے اہل ثروت کو حکم دیا کہ وہ ان لوگوں کی تیاری کرائیں جن کے پاس سفر کے وسائل موجود نہیں ہیں۔ اس سلسلہ میں آپؐ نے بلیغ خطبہ دیا جس کا خاطر خواہ نتیجہ برآمد ہوا اور دُور دُور سے عرب آ کر آپ کے لشکر میں شامل ہونے لگے۔ مگر اس حساس موقع پر منافقین نے اپنی منحوس روش کو قائم رکھا۔ ان منافقین نے لوگوں کو رومیوں کی قوت سے ڈرایا اور کہا کہ یہ جنگ کسی عرب قبیلہ سے نہیں بلکہ ایک مضبوط اور مستحکم حکومت سے جنگ ہے لہٰذا اس جنگ میں مسلمانوں کی کامیابی کے دور تک آثار دکھائی نہیں دیتے۔

ایسے ہی منافقین میں ایک منافق جدّ بن قیس بھی تھا۔ آنحضرتؐ نے اس سے فرمایا: ابوہب! ہمارے ساتھ تم بھی جہاد پر چلو۔ اس بدبخت نے ایک عجیب بہانہ بنایا اور کہا: یارسولؐ اللہ! میں آپؐ کے ساتھ ضرور چلتا لیکن میں اپنی ایک فطری مجبوری کے تحت آپؐ کے ساتھ نہیں جانا چاہتا اور آپ بھی مجھے اپنے ساتھ جانے پر مجبور نہ کریں۔ میری مجبوری یہ ہے کہ میں حسین عورتوں کو دیکھ کر دیوانہ ہو جاتا ہوں اور جس علاقہ میں آپؐ نے جانا ہے وہاں کی عورتیں بڑی خوبصورت ہوتی ہیں لہٰذا میں اس علاقہ میں جا کر اپنے آپ کو گناہ گار کرنا پسند نہیں کرتا۔ آپؐ میری اس مجبوری کو مدنظر رکھیں اور مجھے گھر میں ہی رہنے دیں۔

اس نے اسی طرفہ بہانے پر ہی اکتفا نہیں کی تھی بلکہ اس نے لوگوں سے یہ بھی کہا تھا کہ شدید گرمی پڑ رہی ہے تم بھی اس گرمی میں سفر پر مت نکلو۔ محمدؐ کو غلط فہمی ہے۔ اس نے رومیوں کو بھی عرب قبیلہ سمجھ رکھا ہے اور مجھے یقین ہے کہ ان میں سے کوئی بھی بچ کر گھر واپس نہیں آئے گا۔

اس کے بیٹے نے باپ کی باتیں سنیں تو اس نے باپ کو غیرت دلاتے ہوئے کہا کہ تجھے ایسی باتیں بناتے وقت حیا آنی چاہیے۔ اگر اللہ نے ان باتوں کو قرآن میں نازل کر دیا تو لوگ اسے قیامت تک پڑھتے رہیں گے اور تیری رسوائی ہوتی رہے گی۔ چنانچہ اللہ نے اس کے متعلق قرآن مجید میں فرمایا:

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّيْ وَلَا تَفْتِنِّيْ ۭ اَلَا فِي الْفِتْنَةِ سَقَطُوْا ۭ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ۝ ''اور ان میں وہ بھی ہے جو کہتا ہے کہ آپ مجھے گھر میں ٹھہرنے کی اجازت دے دیں اور مجھے فتنہ میں نہ ڈالیں آگاہ رہو کہ وہ فتنہ میں تو پڑ ہی چکے ہیں اور دوزخ کافروں کو ہر طرف سے گھیرے ہوئے ہے''۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

خطاب نبیؐ سے ہے اور مراد اُمت ہے

عیون الاخبار میں مرقوم ہے کہ مامون الرشید نے حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے کہا کہ کیا آپ عصمتِ انبیاء کے قائل ہیں؟ آپؑ نے کہا: جی ہاں۔

مامون نے کہا: اگر انبیاء معصوم ہیں تو پھر عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ (خدا آپ کو معاف کرے آپ نے انھیں گھر رہنے کی اجازت کیوں دی؟) کی آیت مجید کا کیا مقصد ہے؟

حضرت امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا: قرآن مجید میں کچھ آیات ایسی بھی ہیں جن میں خطاب نبی اکرم سے ہے لیکن اس سے مراد ان کی اُمت ہے اور یہ آیت بھی انھی آیات میں شامل ہے۔ اسی طرح سے لَئِنْ اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ (الزمر:۶۵) ''اگر تو نے شرک کیا تو تیرے عمل برباد ہو جائیں گے اور تو نقصان اُٹھانے والوں میں سے ہو جائے گا'' اور وَلَوْلَآ اَنْ ثَبَّتْنٰكَ لَقَدْ كِدْتَّ تَرْكَنُ اِلَيْهِمْ شَيْـًٔا قَلِيْلًا (بنی اسرائیل:۷۴) ''اور اگر ہم آپ کو ثابت قدم نہ رکھتے تو آپ بھی ان کی طرف کچھ نہ کچھ ضرور مائل ہو جاتے'' کی آیات کا تعلق بھی آیات کی اسی قسم سے ہے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَتَعْلَمَ الْكٰذِبِيْنَ (اللہ آپ سے درگزر کرے آپ نے انھیں پیچھے رہنے کی اجازت کیوں دے دی یہاں تک کہ آپ پر سچ بولنے والے واضح ہوتے اور جھوٹوں کو بھی آپ معلوم کر لیتے) کی آیت مجیدہ کے ضمن میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے' آپؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے نبیؐ سے یہ فرمایا ہے کہ آپ انھیں اجازت اس وقت دیتے جب آپؐ کو معلوم ہو جاتا کہ ان میں سے معذور کون ہیں اور بغیر عذر شرعی کے گھر میں بیٹھنے کے خواہش مند کون ہیں؟

شک بڑی مصیبت ہے

..... فَهُمْ فِيْ رَيْبِهِمْ يَتَرَدَّدُوْنَ ''وہ اپنے شک میں ہی اُلٹ پلٹ رہے ہیں''۔

کتاب الخصال میں اصبغ بن نباتہ سے منقول ہے کہ حضرت امیرالمومنین علی علیہ السلام نے فرمایا: جو اپنے شک میں الٹا پلٹتا رہے گا تو پہلے اس سے سبقت حاصل کر لیں گے اور پیچھے آنے والے اسے مل جائیں گے اور شیاطین کے سُم اس کے وجود کے ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالیں گے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

نہج البلاغہ میں حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام سے منقول ہے آپؑ نے فرمایا: جو شک میں الٹا پلٹتا رہا تو شیاطین کے سُم اسے پامال کر دیں گے۔

تفسیر عیاشی میں مغیرہ سے منقول ہے کہ امام علیہ السلام نے فرمایا: وَلَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ لَاَعَدُّوْا لَهٗ عُدَّةً (اگر وہ نکلنے کا ارادہ کرتے تو اس کے لیے کچھ تیاری بھی کرتے) کی آیت مجیدہ میں عُدَّةً سے نیت مراد ہے۔ مقصد یہ ہے کہ اگر ان کا ارادہ نکلنے کا ہوتا تو دل میں نکلنے کا قصد تو کرتے لیکن انھوں نے تو آج تک اس طرح کا قصد ہی نہیں کیا ہے۔

کتاب الخصال میں مرقوم ہے کہ امیر المومنین علی علیہ السلام نے فرمایا: جب تم حج کا ارادہ کرو تو اشیائے سفر کی خریداری کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: وَلَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ لَاَعَدُّوْا لَهٗ عُدَّةً "اگر ان کا ارادہ نکلنے کا ہوتا تو وہ اس کی تیاری تو کرتے"۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ اِنْ تُصِبْكَ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ (اور اگر آپ کو کوئی بھلائی پہنچے تو انھیں بری محسوس ہوتی ہے) میں حَسَنَةٌ (بھلائی) سے مراد غنیمت اور عافیت ہے۔

دو بھلائیوں میں سے ایک

قُلْ هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَآ اِلَّآ اِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ ۭ وَنَحْنُ نَتَرَبَّصُ بِكُمْ اَنْ يُّصِيْبَكُمُ اللّٰهُ بِعَذَابٍ مِّنْ عِنْدِهٖٓ اَوْ بِاَيْدِيْنَا ۚ فَتَرَبَّصُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ مُّتَرَبِّصُوْنَ ۝

"آپ کہہ دیں کہ تم ہمارے متعلق جس بات کا انتظار کر رہے ہو وہ تو ہمارے لیے دو بھلائیوں میں سے ایک بھلائی کا درجہ رکھتی ہے جب کہ ہم تمھارے متعلق اس بات کا انتظار کر رہے ہیں کہ خدا اپنی طرف سے تم پر عذاب نازل کرے یا ہمارے ہاتھوں سے تمھیں عذاب دے۔ تم بھی انتظار کرو ہم بھی تمھارے ساتھ انتظار کر رہے ہیں"۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا کہ آپ منافقین سے کہہ دیں جو کہ اس امر کے منتظر ہیں کہ یا تو انھیں فتح ملے گی یا یہ قتل ہو جائیں گے۔ یہ دونوں باتیں ہمارے لیے بھلائی کا درجہ رکھتی ہیں کیونکہ اگر ہمیں فتح ملی تو ہم کامیاب رہیں گے اور اگر بالفرض ہم اعلائے کلمۃ الحق کے لیے مارے بھی گئے تو بھی یہ ہمارے لیے نقصان دہ نہیں ہے کیونکہ شہادت ہمارے لیے باعثِ افتخار ہے۔ دونوں صورتوں میں ہمارا فائدہ ہی فائدہ ہے جب کہ ہم تمھارے متعلق دو امور

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

میں سے ایک کا انتظار کر رہے ہیں۔ ہمیں تمھارے متعلق عذاب خدا کا انتظار ہے اور دوسرا انتظار یہ ہے کہ خدا ہمارے ہاتھوں تمھیں عذاب دے۔

اسی آیت مجیدہ کو مدنظر رکھ کر حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے اپنے شیعوں کو تسلی دیتے ہوئے فرمایا تھا جیسا کہ روضہ کافی میں مرقوم ہے کہ آپؑ نے فرمایا کہ تمھارے مخالفین تمھارے متعلق دو میں سے ایک بات کے منتظر ہیں۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ تم اطاعتِ الٰہی میں مرجاؤ گے اور یہ صورت تمھارے لیے ایک بھلائی کا درجہ رکھتی ہے۔ تمھارے مخالفین تمھارے متعلق دوسرا انتظار یہ کر رہے ہیں کہ تم ظہورِ امام کو حاصل کرلو گے اور یہ بات بھی تمھارے لیے باعث اعزاز ہے جب کہ ہمیں ان کے متعلق دو باتوں کا انتظار ہے۔ پہلا انتظار تو یہ ہے کہ خدا اپنی طرف سے عذاب بھیج کر ان کو مسخ کر دے گا اور دوسرا انتظار یہ ہے کہ خدا ہمیں ان پر غلبہ دے کر انھیں ہمارے ہاتھوں سے قتل کرا دے گا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی سے فرمایا تھا: فَتَرَبَّصُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ مُّتَرَبِّصُوْنَ ۝ (تم بھی انتظار کرو اور ہم بھی انتظار کر رہے ہیں) اور تَرَبُّصْ دشمنوں پر آزمائش نازل ہونے کے انتظار کو کہا جاتا ہے۔

نہج البلاغہ میں حضرت امیرالمومنین علی علیہ السلام سے یہ کلمات منقول ہیں۔ اسی طرح سے وہ مسلمان جو بددیانتی سے پاک دامن ہو دو اچھائیوں میں سے ایک کا منتظر رہتا ہے یا اللہ کی طرف سے بلاوا آئے یا اس شکل میں اللہ کے یہاں کی نعمتیں ہی اس کے لیے بہتر ہیں اور یا اللہ تعالیٰ کی طرف سے (دنیا کی) نعمتیں حاصل ہوں تو اس صورت میں اس کے مال بھی ہے اور اولاد بھی اور پھر اس کا دین اور عزتِ نفس بھی برقرار رہے۔

منافقین کے اعمال قبول کیوں نہیں ہیں؟

وَمَا مَنَعَهُمْ اَنْ تُقْبَلَ مِنْهُمْ نَفَقٰتُهُمْ اِلَّآ اَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ وَلَا يَاْتُوْنَ الصَّلٰوةَ اِلَّا وَهُمْ كُسَالٰى وَلَا يُنْفِقُوْنَ اِلَّا وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ۝ فَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ ۭ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ۝

''ان کے خرچ کیے ہوئے مال کے قبول نہ ہونے کی اس کے علاوہ اور کوئی وجہ نہیں ہے کہ انھوں نے اللہ اور اس کے رسول کا انکار کیا ہے اور یہ نماز بھی ادا کرتے ہیں تو سستی اور کسل مندی کے ساتھ ادا کرتے ہیں اور وہ بادل نخواستہ راہِ خدا میں خرچ کرتے ہیں ان کے اموال اور اولاد آپ کو حیرت

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

میں نہ ڈالیں۔ خدا کا ارادہ تو یہی ہے کہ وہ انھیں اسی کے ذریعہ سے دار دنیا میں عذاب دے اور حالتِ کفر میں ہی ان کی جانیں نکلیں"۔

آیاتِ بالا سے معلوم ہوتا ہے کہ حیاتِ پیغمبرؐ میں منافقین کی دو مشہور علامتیں تھیں:

۱- وہ نماز کسل مندی اور سستی سے پڑھتے تھے جب کہ مومن پورے شوق و اخلاص کے ساتھ نماز ادا کرتے تھے۔ اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا کہ منافق مسجد میں یوں تنگ ہوتا ہے جیسا کہ پرندہ پنجرے میں تنگ ہوتا ہے اور مومن مسجد میں یوں خوش ہوتا ہے جیسا کہ مچھلی پانی میں خوش ہوتی ہے۔

اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ منافق خواہ کتنے ہی برے تھے لیکن وہ بد بخت تارک الصلاۃ نہیں تھے۔ نجانے آج کے بے نماز مسلمان کیسے ہیں جو مہینوں تک نماز نہیں پڑھتے پھر بھی وہ اپنے آپ کو اسلام کا شیدائی قرار دیتے ہیں!!

۲- منافقین کی دوسری علامت یہ تھی کہ وہ اللہ کی راہ میں جو کچھ بھی خرچ کرتے تھے وہ اسے بادل نخواستہ بجالاتے تھے۔

مذکورہ بالا علامات کے علاوہ منافقین کی ایک علامت یہ تھی کہ حضرت علی علیہ السلام سے بُغض رکھتے تھے جیسا کہ روایات میں مروی ہے کہ ہم گروہِ انصار منافقین کو بُغضِ علیؑ سے پہچانتے تھے۔

حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام نے خود فرمایا تھا کہ نبی اُمی نے مجھ سے عہد کیا تھا کہ سوائے مومن کے اور کوئی مجھ سے محبت نہیں کرے گا اور منافق کے علاوہ کوئی مجھ سے بُغض نہیں رکھے گا۔ (اضافہ من المترجم)

روضہ کافی میں مرقوم ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے ایک طویل حدیث کے دوران فرمایا: خدا کی قسم! اگر کوئی شخص پوری زندگی دن کے روزے رکھے اور راتوں کو قیام کرے اور پھر خدا کے حضور ہماری ولایت کے بغیر پیش ہو تو خدا اس کا کوئی عمل قبول نہیں کرے گا خدا ایسے شخص پر ناراض ہوگا اور اس پر لعنت کرے گا۔ پھر آپؑ نے مذکورہ بالا آیت کی تلاوت فرمائی اور پھر فرمایا: ایمان کے ساتھ عمل نقصان نہیں دیتا اور کفر کی موجودگی میں کوئی عمل فائدہ نہیں دیتا۔

احتجاج طبرسی میں حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام سے ایک طویل حدیث منقول ہے جس میں آپؑ نے یہ کلمات بھی ارشاد فرمائے:

ہر وہ عمل جو خدا کے منتخب بندوں کے علاوہ کسی اور کے ہاتھوں نافذ ہو تو بندوں کے ذاتی قائم کردہ حدود، عہود، قوانین، رسوم اور ان کے آئین و دستور کی کوئی اہمیت نہیں ہے وہ قابلِ قبول نہیں ہیں۔ اگرچہ ظاہری طور پر ان پر ایمان کے الفاظ کا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اطلاق ہی کیوں نہ ہوتا ہو۔ ہر وہ شخص جو اولیاء الٰہی کے حق کا منکر ہو تو اس کا خدا پر ایمان لانا اس کے لیے فائدہ مند ثابت نہ ہوگا اور اس کے عمل ضائع ہو جائیں گے اور وہ آخرت میں نقصان اُٹھانے والوں میں سے ہوگا۔

اصولِ کافی میں مرقوم ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ایمان کے ساتھ عمل نقصان نہیں دیتا اور کفر کی موجودگی میں کوئی عمل فائدہ نہیں دیتا۔ کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے فرمایا: وَمَا مَنَعَهُمْ اَنْ تُقْبَلَ مِنْهُمْ نَفَقٰتُهُمْ اِلَّآ اَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ .....

محمد بن یحییٰ سے بھی یہی روایت منقول ہے۔

کتاب الخصال میں حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام سے منقول ہے' آپؑ نے فرمایا: نماز میں سُستی اور کسل مندی سے کھڑے نہ ہونا اور اپنے دل میں بُرے خیالات نہ لانا۔ ذہن میں یہ تصور کرو کہ تم خدا کے سامنے کھڑے ہو۔ بندہ کی نماز کا وہی حصہ قبول کیا جائے گا جو اس نے اخلاص سے ادا کیا ہوگا۔

روضہ کافی میں سعید بن ہلال سے منقول ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا: میں تجھے خدا کے تقویٰ اور راست گفتاری' پرہیزگاری اور جدوجہد کی وصیت کرتا ہوں اور جان لو کہ اس جدوجہد کا کوئی فائدہ نہیں جس میں پرہیزگاری نہ ہو۔ خبردار! اپنے سے اُوپر والوں کی طرف مت دیکھو اور ہمیشہ خدا کے اس فرمان پر نظر رکھو: فَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ (ان کی دولت اور ان کی اولاد سے آپ کو حیرت میں نہ ڈالو)

مجمع البیان میں ابن عباس اور امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے' انھوں نے فرمایا کہ لفظ مُدَّخَلًا سے زمین کی کھوہ مراد ہے۔

خوارج کے متعلق پیشین گوئی

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّلْمِزُكَ فِي الصَّدَقٰتِ ۚ فَاِنْ اُعْطُوْا مِنْهَا رَضُوْا وَاِنْ لَّمْ يُعْطَوْا مِنْهَآ اِذَا هُمْ يَسْخَطُوْنَ ۝

''اور ان میں سے کچھ لوگ زکوٰۃ کی تقسیم کے لیے آپ پر اعتراض کرتے ہیں اگر ان میں سے انھیں کچھ دے دیا جائے تو خوش ہو جاتے ہیں اور اگر انھیں اس میں سے کچھ نہ ملے تو ناراض ہو جاتے ہیں''۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

مجمع البیان میں ابوسعید خدری سے منقول ہے' انھوں نے ابن عباس سے روایت نقل کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جنگ حُنین کے غنائم تقسیم کر رہے تھے کہ حرقوص بن زہیر جو کہ ابن ذی الخویصرہ تمیمی کے نام سے مشہور تھا' اس نے آنحضرتؐ سے کہا: محمدؐ! عدل کرد۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تجھ پر افسوس اگر میں نے ہی عدل نہ کیا تو دنیا میں اور کون عدل کرے گا؟

حضرت عمر نے کہا: یارسولؐ اللہ! مجھے اجازت دیں میں اس کی گردن کاٹ دوں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اسے رہنے دیں' عنقریب اس کی ایک جماعت ہوگی۔ ان کی نمازوں کے سامنے تم اپنی نمازوں کو حقیر سمجھو گے اور ان کے روزوں کے سامنے تم اپنے روزوں کو قلیل سمجھو گے۔ وہ دین سے یوں نکل جائیں گے جیسے تیر کمان سے نکل جاتا ہے جب تم اس کے پھل کو دیکھو گے تو تمھیں کچھ بھی دکھائی نہ دے گا۔ ان کا پرچم ایک سیاہ فام شخص کے ہاتھ میں ہوگا جس کے ایک ہاتھ پر عورت کے پستان کی طرح سے پستان ہوگا۔ جب وہ خروج کریں تو تم انھیں قتل کر دینا۔ چنانچہ اس کے متعلق وَمِنْهُمْ مَنْ يَلْمِزُكَ فِي الصَّدَقٰتِ کی آیت مجیدہ نازل ہوئی۔

ابوسعید خدری بیان کرتے ہیں کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسولؐ خدا سے یہ بات سنی تھی اور میں یہ بھی گواہی دیتا ہوں کہ علی علیہ السلام نے ہی انھیں قتل کیا تھا اور جنگ نہروان کے موقع پر میں موجود تھا کہ اس شخص کی لاش لائی گئی تو اس کے ہاتھ پر پستان موجود تھا اور جو نشانی رسولؐ خدا نے بیان کی تھی وہ نشانی اس میں موجود تھی۔

اصول کافی میں مرقوم ہے کہ حضرت امام صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ لوگوں کی دو تہائی اکثریت فَاِنْ اُعْطُوْا مِنْهَا رَضُوْا وَاِنْ لَّمْ يُعْطَوْا مِنْهَا اِذَا هُمْ يَسْخَطُوْنَ ۝ کی مصداق ہے۔

مصارفِ زکوٰۃ

اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ وَالْغٰرِمِيْنَ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۭ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝

''صدقات (زکوٰۃ) تو دراصل فقیروں اور مساکین کے لیے ہیں اور جو عاملینِ زکوٰۃ ہوں اور ان کے لیے جن کی تالیفِ قلب مطلوب ہو اور گردنوں کو آزادی دلانے کے لیے اور قرض داروں کا قرض اُتارنے کے لیے اور راہِ خدا میں اور غربت زدہ مسافروں کے لیے ہیں۔ یہ اللہ کی طرف سے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

فریضہ ہے۔ اللہ خوب جاننے والا اور صاحب حکمت ہے"۔

اصول کافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے آپؑ نے اپنے آبائے طاہرین کی سند سے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا کہ آپؐ نے فرمایا: جو مسلمان اور مومن مر جائے اور قرض چھوڑ جائے بشرطیکہ وہ اسراف اور فساد کی وجہ سے مقروض نہ ہوا ہو تو حاکم کا فرض ہے کہ اس کا قرض ادا کرے۔ اگر حاکم نے اس کا قرض ادا نہ کیا تو وہ گناہ گار ہوگا کیونکہ مقروض کے لیے اللہ نے زکوٰۃ میں حصہ رکھا ہے اور وہ حصہ حاکم کے پاس ہے۔ اور اگر حاکم نے اس کا حصہ ادا نہ کیا تو گناہ گار قرار پائے گا۔

الکافی میں زرارہ اور محمد بن مسلم سے منقول ہے کہ ہم نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کے سامنے اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ کی آیت پڑھی اور ہم نے امام علیہ السلام سے پوچھا کہ اگر مستحقین زکوٰۃ عقیدہ امامت کے عارف نہ ہوں تو اس کے باوجود بھی انھیں زکوٰۃ دی جاسکتی ہے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: حاکم کو چاہیے کہ وہ تمام طبقات کو زکوٰۃ دے کیونکہ وہ سب کے سب اس کی اطاعت کا اقرار کرتے ہیں۔ ہم نے کہا: اگر وہ عقیدہ امامت کے عارف نہ ہوں پھر بھی انھیں زکوٰۃ دینی چاہیے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: اگر زکوٰۃ صرف عقیدہ امامت کے عارف مستحقین کو ہی دی جائے اور دوسروں کو نہ دی جائے تو پھر زکوٰۃ کی رقم آخر کہاں خرچ کی جائے گی (کیونکہ عارف مستحقین کی تعداد انتہائی کم ہے اور غیر عارف افراد کی تعداد زیادہ ہے) جو معرفت نہیں رکھتا اسے زکوٰۃ اس لیے دی جاتی ہے تاکہ اسے دین کی رغبت ہو اور وہ دین پر ثابت قدم رہے۔ لیکن آج سے تم اور تمھارے ساتھی صرف انھیں زکوٰۃ دو جو حق کے عارف ہوں۔ تمھیں مسلمانوں میں جو عارف دکھائی دیں انھیں تم زکوٰۃ دو۔

پھر آپؑ نے فرمایا: مؤلفۃ القلوب اور غلاموں کے آزاد کرانے کا حصہ عام ہے باقی حصے خاص ہیں۔ ہم نے کہا کہ اگر مستحقین زکوٰۃ نہ ملیں تو پھر کیا کیا جائے؟ امام علیہ السلام نے فرمایا: یہ بات ناممکن ہے کہ اللہ ایک فریضہ مقرر کرے اور اس کا مستحق ہی موجود نہ ہو۔ ہم نے کہا: اگر صدقات کی رقم ان کی ضروریات کی کفایت نہ کرے تو پھر کیا کرنا چاہیے؟ امام علیہ السلام نے فرمایا: اللہ نے دولت مندوں کے مال میں اتنی رقم فرض کی ہے جو ناداروں کے لیے کافی ہے اور اگر وہ کافی نہ ہوتی تو خدا اور فرض کرتا۔ غریب اس لیے غریب نہیں ہیں کہ خدا نے ان کے لیے حصہ تھوڑا مقرر کیا ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ دولت مند طبقہ ان کا پورا حق ادا ہی نہیں کر رہا جس کی وجہ سے ان کی غریبی ختم نہیں ہوئی۔ اگر لوگ ان کے حقوق پورے ادا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کرتے تو سب لوگ خیریت سے زندگی بسر کرتے۔

ابوبصیر بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کے سامنے اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ ..... کی آیت تلاوت کی۔ امام علیہ السلام نے فرمایا: فقیر وہ ہے جو لوگوں سے سوال نہ کرتا ہو۔ مسکین وہ ہے جو اس سے بھی بُری حالت میں ہو اور "بائس" وہ ہے جو فقیر و مسکین سے بھی زیادہ تنگ دست ہو۔ اللہ نے تجھ پر جو عمل فرض کیا ہے اسے برملا ادا کرنا چھپ کر ادا کرنے سے بہتر ہے۔ اور اگر کوئی شخص اپنی واجب زکوٰۃ اُٹھا کر علی الاعلان لوگوں میں تقسیم کرے تو اس کا یہ عمل بہتر اور اچھا ہوگا۔

عبدالکریم بن عتبہ ہاشمی بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں بیٹھا ہوا تھا کہ آپؑ کے پاس فرقہ معتزلہ کے کچھ لوگ آئے۔ ان میں اس فرقہ کا مشہور عالم عمرو بن عبید بھی موجود تھا۔ امام علیہ السلام اور اس کے درمیان کافی گفتگو ہوئی۔ آپؑ نے دورانِ گفتگو اس سے فرمایا: صدقات کے متعلق تمھاری کیا رائے ہے؟

عمرو بن عبید نے جواب میں اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ ..... کی آیت پڑھی۔ امام علیہ السلام نے فرمایا: وہ تو درست ہے۔ میں تم سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ تم صدقات کو کس طرح سے تقسیم کرو گے؟ اس نے کہا: میں اس کے آٹھ حصے بناؤں گا اور ہر طبقہ کو ایک ایک حصہ دوں گا۔

آپؑ نے فرمایا: اچھا یہ بتاؤ کہ اگر ایک طبقہ کے حق داروں کی تعداد دس ہزار ہو اور دوسرے طبقہ کے افراد کی تعداد دو یا تین افراد پر مشتمل ہو تو کیا دو تین افراد کو بھی اتنا ہی حصہ دو گے جو تم نے دس ہزار کو دیا تھا؟ عمرو بن عبید نے کہا: جی ہاں، میں ایسا ہی کروں گا۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: اچھا یہ بتاؤ تمھارے پاس کچھ صدقات دیہات سے اور کچھ صدقات شہر سے جمع ہوتے ہیں تو کیا تم اسے دیہات اور شہر میں برابر تقسیم کرو گے؟ اس نے کہا: جی ہاں۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: اگر تم ایسا کرو گے تو تم سیرتِ رسولؐ کے خلاف کرو گے کیونکہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دستور تھا کہ آپؐ دیہات والوں کے صدقات دیہات والوں میں اور شہر والوں کے صدقات شہر والوں میں ہی تقسیم کرتے تھے۔ آپؐ برابر تقسیم نہیں کرتے تھے۔ آپؐ حاضرین کی تعداد کو دیکھ کر ہی تقسیم کر دیا کرتے تھے اور اس کے لیے آپؐ کا کوئی مخصوص طرزِ عمل نہیں تھا۔ اور اگر میری بات سن کر تمھیں تسکین نہیں ہو رہی تو پھر اہلِ بصرہ سے جا کر پوچھ لینا وہ تمھیں رسولؐ خدا کے طرزِ عمل سے آگاہ کر دیں گے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ کہا گیا ہے کہ ''فقیر'' سے وہ مفلس مراد ہے جو لوگوں سے سوال نہ کرتا ہو اور مسکین سے وہ مفلس مراد ہے جو دستِ سوال لوگوں کے سامنے دراز کرتا ہو۔ ابن عباس' حسن' زہری اور مجاہد کا خیال ہے کہ لفظ ''مسکین'' سکنہ سے مشتق ہے اور مسکنت کے لیے سوال ضروری ہے۔ یہی مفہوم حضرت امام محمد باقر اور امام جعفر صادق علیہ السلام سے بھی مروی ہے۔

ایک قول یہ ہے کہ فقیر وہ ہے جو سوال کرتا ہو اور مسکین وہ ہے جو سوال نہ کرتا ہو۔ حدیث میں ایسے الفاظ وارد ہیں جو اس مفہوم پر دلالت کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے' آپؐ نے فرمایا:

مسکین وہ نہیں ہے جس کے پاس ایک دو وقت کا کھانا نہ ہو یا جس کے پاس ایک دو کھجوریں نہ ہوں۔ مسکین وہ ہے جس کے پاس اتنا کچھ نہ ہو جو اس کے لیے کفایت کر سکے اور وہ لوگوں سے سوال نہ کرتا ہو اور اس کی حالت دیکھ کر اسے مفلس نہ سمجھا جاتا ہو کہ اس کو صدقہ دیا جا سکے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ حضرت امام صادق علیہ السلام سے مستحقین زکوٰۃ کی توضیح کرتے ہوئے فرمایا: ''فقراء'' وہ ہیں جو لوگوں سے سوال نہ کرتے ہوں اور ان پر ان کے گھر کی ذمہ داریاں عائد ہوں اور اس کی دلیل میں اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان موجود ہے۔ خداوند عالم نے سورہ البقرہ میں فرمایا:

لِلْفُقَرَآءِ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا فِي الْاَرْضِ ۫ يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ ۚ تَعْرِفُهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ۚ لَا يَسْئَلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا ۗ

''خاص طور پر مدد کے مستحق وہ تنگ دست لوگ ہیں جو اللہ کے کام میں ایسے گھر گئے ہیں کہ اپنی ذاتی کسبِ معاش کے لیے زمین میں کوئی دوڑ دھوپ نہیں کر سکتے۔ ان کی خودداری دیکھ کر ناواقف آدمی گمان کرتا ہے کہ یہ خوش حال ہیں تم ان کے چہروں سے ان کی اندرونی حالت پہچان سکتے ہو مگر وہ ایسے لوگ نہیں ہیں کہ لوگوں کے پیچھے پڑ کر کچھ مانگیں''۔

اور مساکین سے معذور' اپاہج' اندھے' محتاج' لنگڑے اور جذامی افراد کے ساتھ ساتھ تمام اپاہج مرد و عورتیں مراد ہیں۔ وَالْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا سے وہ افراد مراد ہیں جو زکوٰۃ کی رقم اور غلہ اور مویشی جمع کرتے ہیں اور اسے اس کے پاس لاتے ہیں جو تقسیم کرنے والا ہے۔ وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ سے وہ لوگ مراد ہیں جو خدا کی توحید کے قائل ہو چکے ہیں لیکن ابھی تک رسالتِ محمدیہ کی معرفت ان کے دلوں میں داخل نہ ہوئی ہو۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کی تالیفِ قلب کرتے تھے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اور مال زکوٰۃ میں سے انھیں کچھ حصّہ دیتے تھے تا کہ انھیں معرفت حاصل ہو اور ان کے دلوں میں اسلام کی رغبت پیدا ہو۔

ابو الجارود کا بیان ہے کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ رسولؐ خدا نے ابوسفیان بن حرب بن امیہ، سہیل بن عمرو جس کا تعلق بنی عامر بن لوی سے تھا اور ہمام بن عمرو اور اس کے بھائی، صفوان بن اُمیہ بن خلف قرشی الجمحی، اقرع بن حابس تمیمی، احد بن حازم، عینیہ بن حصین الفرازی، مالک بن عوف اور علقمہ بن علاثہ میں سے ہر ایک کو مؤلفۃ القلوب سمجھ کر ایک ایک سو اُونٹ چرواہوں سمیت عطا کیے بلکہ اس سے بھی کچھ زیادہ اُونٹ عطا کیے تھے۔

اصول کافی میں حضرت امام محمد باقر علیہ اسلام سے منقول ہے، آپؑ نے فرمایا: مولفۃ القلوب وہ لوگ ہیں جو خدا کو واحد سمجھتے ہوں اور غیر اللہ کی عبادت سے دست کش ہو چکے ہوں لیکن ان کے دلوں میں رسالتِ محمدیہ کی معرفت داخل نہ ہوئی ہو۔ رسولؐ خدا ان کی تالیفِ قلب فرماتے تھے تا کہ وہ معرفت حاصل کر کے پکے مسلمان بن جائیں۔

زرارہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے مؤلفۃ القلوب کے متعلق پوچھا تو آپؑ نے فرمایا: وہ ایسی قوم ہے جو خدا کو واحد مانتی ہو اور غیر اللہ کی عبادت چھوڑ چکی ہو اور وہ منہ سے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کی گواہی دیتے ہوں لیکن انھیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعض تعلیمات میں شک ہو۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو حکم دیا کہ وہ ان کی مال و دولت سے تالیفِ قلب کریں، تا کہ وہ اچھے مسلمان ثابت ہوں اور جس دین میں داخل ہوئے ہیں وہ اس میں پختہ ہو جائیں۔ چنانچہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جنگِ حُنین کے موقع پر قریش اور قبیلہ حضر کے سرداروں کی تالیف قلب کی تھی۔ آپؐ نے ابوسفیان بن حرب اور عینیہ بن حصین الفرازی جیسے افراد کو بہت سا مالِ غنیمت عطا کیا تھا جس کی وجہ سے انصار ناراض ہوئے تھے اور انھوں نے سعد بن عبادہ سے اس بات کی شکایت کی تھی۔

سعد بن معاذ مقام "جعرانہ" پر پہنچے تو انھوں نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کچھ عرض کرنے کی اجازت طلب کی۔ آپؐ نے فرمایا: ہاں میری طرف سے تمھیں اجازت ہے۔ سعد نے عرض کیا جس طرح سے آج آپؐ نے دولت کو ان لوگوں میں تقسیم کیا ہے اگر اس کے متعلق کوئی حکمِ خداوندی نازل ہوا ہے تو ہم راضی ہیں اور اگر اس کے لیے حکمِ خداوندی نازل نہیں ہوا تو پھر ہم راضی نہیں ہیں۔

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انصاری افواج سے فرمایا: کیا تم سب اپنے سردار سعد کے قول کی تائید کرتے ہو؟ انصار نے کہا: ہمارا سردار اللہ اور اس کا رسول ہے۔ رسولؐ خدا نے دوبارہ دریافت کیا تو انصار نے کہا کہ ہمارا سردار اللہ اور اس کا رسول ہے۔ نبی اکرمؐ نے تیسری مرتبہ یہ بات دریافت کی تو انھوں نے کہا: جی ہاں، ہم سعد کی رائے رکھتے ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: اللہ نے ان کا نور ختم کر دیا اور مؤلفۃ القلوب کا حصہ صدقات میں مقرر نہ دیا۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: جتنے مؤلفۃ القلوب آج ہیں اتنے پہلے کبھی نہ تھے اور مؤلفۃ القلوب وہ لوگ تھے جنھوں نے خدا کو واحد مان لیا تھا اور شرک کی حدود سے نکل گئے تھے لیکن حضرت محمد مصطفیٰؐ کی معرفت ان کے دلوں میں داخل نہیں ہوئی تھی۔ رسول اکرمؐ نے ان کی تالیفِ قلب کی تھی اور رسولؐ خدا کے بعد اہلِ ایمان بھی ان کی تالیفِ قلب کرتے آرہے ہیں تاکہ انھیں معرفت حاصل ہو سکے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ وَفِي الرِّقَابِ گردنیں آزاد کرانے سے مراد یہ ہے کہ اگر کسی شخص پر قتلِ خطا، ظہار، حرم میں عمداً شکار کرنے یا قسم کی وجہ سے غلام آزاد کرنا ضروری ہو جائے اور اس کی استطاعت سے یہ امر زیادہ ہو تو صدقات میں سے اس کی مدد کرنی چاہیے تاکہ وہ غلام آزاد کر سکے۔

من لایحضرہ الفقیہہ میں مرقوم ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا گیا: اگر کوئی ''مکاتب غلام'' اپنی آزادی کے لیے کچھ رقم ادا کر چکا ہو اور اس کے پاس مزید رقم نہ ہو تو کیا کرنا چاہیے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: مال صدقات میں سے اس کی مدد کرنی چاہیے تاکہ وہ باقی ماندہ رقم ادا کر کے آزادی حاصل کر سکے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے معارف صدقات میں وَفِي الرِّقَابِ کہہ کر غلاموں کی آزادی کے لیے حصہ مقرر فرمایا ہے۔

الکافی میں موسیٰ بن بکر سے منقول ہے کہ حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص اپنی ذات اور اپنے اہل و عیال کے لیے رزق حلال تلاش کرے تو وہ خدا کی راہ میں جہاد کرنے والے کی مانند ہے۔ اگر محنت مزدوری کے باوجود بھی وہ پریشان حالی کا شکار ہو جائے تو خدا اور رسولؐ پر بھروسہ کر کے اتنا قرض لے جس سے وہ اپنے اہل و عیال کی روزی فراہم کر سکے اور اگر وہ قرض ادا کرنے سے پہلے مر جائے تو حاکم کو چاہیے کہ وہ اس کا قرض ادا کرے۔ اگر حاکم قرض ادا نہیں کرے گا تو اس کا بوجھ اسی پر ہوگا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے مصارفِ صدقات میں وَالْغٰرِمِيْنَ کہہ کر مقروض افراد کا قرض ادا کرنے کا حکم دیا ہے۔

ابو محمد جزائری کا بیان ہے کہ میں حضرت امام علی رضا علیہ السلام کی خدمت میں موجود تھا کہ ایک شخص نے امام علیہ السلام سے پوچھا کہ قرض خواہ کو حکم دیا ہے: وَاِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ (البقرہ:۲۸۰) ''اگر مقروض تنگدست ہو تو فراخ دستی تک اسے مہلت دی جانی چاہیے'' تو کیا اس مہلت کی کوئی حد اور میعاد بھی ہے کہ کب تک اسے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

مہلت دی جائے جب کہ مقروض نے قرض خواہ سے اُدھار لیا ہے اور اس کی رقم بیوی بچوں کو کھلا چکا ہے۔ اب مقروض کے پاس زرعی کھیت نہیں ہیں کہ جہاں سے غلّہ وصول ہونے کی توقع ہو اور مقروض نے کسی سے قرض بھی نہیں لینا جس کے ملنے کی امید ہو۔ مقروض کے پاس کوئی غائب مال بھی نہیں ہے جس کے آنے کی آرزو ہو۔ آخر قرض خواہ کی حق رسی کی کیا صورت ہے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: وہ اتنا عرصہ صبر کرے کہ مقروض کی خبر حاکم تک پہنچ سکے۔ اگر مقروض نے رقم اُدھار لے کر معصیتِ خدا میں خرچ نہیں کی تو حاکم کا فریضہ ہے کہ وہ اس کے قرض کو بیت المال سے ادا کرے۔ اور اگر مقروض ادھار کی رقم کو معصیتِ خدا میں خرچ کر چکا ہو تو پھر حاکم پر اس کی ادائیگی ضروری نہیں ہے۔ سائل نے کہا: اگر یہ معلوم نہ ہو کہ اس نے ادھار کی رقم جائز مصرف میں خرچ کی تھی یا ناجائز مقام پر صرف کی تھی تو اس صورت میں قرض خواہ کی حق رسی کیسے کی جائے گی؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: مقروض کا مال قرق کر کے اس کی رقم وصول کی جائے گی۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں ہے کہ وہ افراد جنھوں نے قرض لیا ہو اور اسے اطاعتِ خدا میں صرف کیا ہو اور اسراف بھی نہ کیا ہو تو حاکم پر واجب ہے کہ مال صدقات سے ان کی اعانت کرے اور انھیں قرض سے نجات دلائے اور جو مجاہد جہاد پر جانا چاہتے ہوں اور ان کے پاس سفر خرچ اور سواری نہ ہو تو بھی حاکم پر واجب ہے کہ مال صدقات سے ان کی تیاری کرائے۔ کچھ مسلمان حج پر جانے کے خواہش مند ہوں اور ان کے پاس زادِ راہ نہ ہو تو حاکم ''فی سبیل اللہ'' کی مد میں سے ان کی مدد کرے۔ اس کے علاوہ فی سبیل اللہ کی مد کے تحت ہر نیکی کے کام میں مدد کی جاسکتی ہے۔

کتاب معانی الاخبار میں حسین بن عمر سے منقول ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ ایک شخص نے مرتے وقت کچھ دولت میرے پاس رکھی تھی اور وصیت کی تھی کہ اسے ''فی سبیل اللہ'' خرچ کرنا۔ اب آپؑ بتائیں میں اس رقم کو کہاں خرچ کروں؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: تم وہ رقم حج میں صرف کرو۔ میں (سائل) نے کہا کہ اس نے مجھے فی سبیل اللہ خرچ کرنے کی وصیت کی تھی؟ آپؑ نے فرمایا: حج سے بڑھ کر فی سبیل اللہ کا اور کوئی مصرف مجھے دکھائی نہیں دیتا۔

حسن بن راشد بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام سے مدینہ میں پوچھا تھا کہ اگر ایک شخص کچھ رقم کے متعلق وصیت کر جائے کہ اسے فی سبیل اللہ خرچ کرنا ہے تو وہ رقم کہاں خرچ کی جائے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: اس رقم سے ہمارے شیعوں کی مدد کی جائے۔ ہمارے شیعہ ہی فی سبیل اللہ کا بہترین مصرف

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے اگر کچھ مسافر ایسا سفر کر رہے ہوں جو خدا کی اطاعت کے ضمن میں شامل ہو راستے میں ڈاکہ پڑ جائے اور ان کا مال ختم ہو جائے تو حاکم کو چاہیے کہ مالِ صدقات میں سے انھیں ان کے گھروں تک پہنچائے۔ کیونکہ مصارف زکوٰۃ آٹھ ہیں اور اس میں مسافروں کا حصّہ بھی ہے۔ حاکم کی صوابدید پر منحصر ہے کہ جہاں مناسب سمجھے مالِ صدقات کو خرچ کر سکتا ہے۔

آلِ رسولؐ پر صدقہ حرام ہے

عیون الاخبار میں مرقوم ہے کہ حضرت امام علی رضا علیہ السلام نے دربارِ مامون میں ایک نشست کے دوران اُمت اور آل کے درمیان بارہ فرق بیان کیے تھے۔ اس تقریر کے دوران آپؑ نے یہ کلمات بھی فرمائے:

اللہ نے جو چیز اپنے اور اپنے رسولؐ کے لیے پسند کی وہی چیز ذی القربیٰ آنحضرتؐ کے قرابت داروں کے لیے بھی پسند فرمائی۔ اللہ تعالیٰ نے آیت خمس میں یہ ترتیب قائم رکھی اور فرمایا: فان للّٰہ خمسہ وللرسول ولذی القربیٰ۔ اس آیت میں سب سے پہلے اللہ کا ذکر کیا گیا ہے۔ پھر رسولؐ خدا کا ذکر کیا ہے اس کے بعد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قرابت داروں کا ذکر کیا گیا ہے۔ یہی ترتیبِ آیت اطاعت میں ہے جیسا کہ فرمانِ قدرت ہے: اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ (النساء: ۵۹) اور یہی ترتیب آیت ولایت میں ہے جیسا کہ فرمانِ قدرت ہے: اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوا الَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ وَیُؤْتُوْنَ الزَّکٰوۃَ وَھُمْ رٰکِعُوْنَ ۝ (المائدہ: ۵۵)

اللہ نے فَے، انفال، خمس، اطاعت اور ولایت میں خاندانِ محمدؐ کو آنحضرت کے ساتھ شامل رکھا اور جب صدقات کی تقسیم کی باری آئی تو اللہ نے اس میں اپنے آپ کو شامل نہ کیا اور نہ ہی اپنے رسول کو اس میں شامل کیا اور نہ ہی آنحضرتؐ کے خاندان کو اس میں شامل کیا۔ اللہ نے آلِ رسولؐ پر صدقات کو حرام کیا ہے کیونکہ صدقات لوگوں کے ہاتھ کی میل کچیل ہے جب کہ آلِ محمدؐ ہر میل کچیل سے پاک ہیں۔ اللہ نے آلِ محمدؐ کو طہارت دی ہے اور انھیں منتخب کیا ہے اسی لیے اللہ نے انکے لیے وہی کچھ پسند کیا جو اپنے لیے پسند کیا اور ان کے لیے وہی کچھ ناپسند کیا جو اپنے لیے ناپسند کیا۔

کتاب الخصال میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے آپؑ نے فرمایا: بنی ہاشم کے لیے صدقہ حرام ہے البتہ دو مقامات پر جائز ہے۔ جب وہ پیاسے ہوں انھیں پانی ملے تو پانی پی لیں اور ان کا باہمی صدقہ ان کے لیے حلال ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

من لایحضرہ الفقیہ اور معانی الاخبار کی دو احادیث کا ماحصل یہ ہے کہ لفظ سہم (حصہ) کا اطلاق آٹھویں حصے پر ہوتا ہے لہٰذا اگر کوئی شخص اپنی جائیداد کے ایک ''سہم'' کی وصیت کرے تو اس سے اس کی جائیداد کا آٹھواں حصہ مراد ہوگا۔

تہذیب الاحکام میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے' آپؑ نے فرمایا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات طیبہ میں بنی ہاشم کے کچھ افراد نے آپس میں مشورہ کیا کہ ہم رسولؐ خدا سے عرض کریں کہ آپ ہمیں ''عامل زکوٰۃ'' مقرر کریں تاکہ اس طرح سے ہمیں کم از کم ''عاملینِ زکوٰۃ'' کی مد میں سے کچھ نہ کچھ حصہ مل جائے گا۔ یہ سوچ کر وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے اور ان سے یہ درخواست کی۔ آنحضرتؐ نے فرمایا: اے اولادِ عبدالمطلب! صدقہ نہ تو میرے لیے حلال ہے اور نہ تمھارے لیے حلال ہے۔ خدا نے مجھ سے شفاعت کا وعدہ کیا ہے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ نے آپ سے شفاعت کا وعدہ کیا ہے۔ تمھارا کیا خیال ہے جب آنحضرت جنت کے کنڈے کو پکڑ کر کھڑے ہوں گے تو کیا وہ اوروں کو بنی عبدالمطلب پر ترجیح دیں گے؟

زید شحام کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ بنی ہاشم پر کون سا صدقہ حرام ہے؟

آپؑ نے فرمایا: ان پر واجب زکوٰۃ حرام ہے۔ ہمارے باہمی صدقات ایک دوسرے پر حرام نہیں ہیں۔

ابن سنان بیان کرتے ہیں کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: صدقہ اولادِ عباس اور ان جیسے دوسرے بنی ہاشم پر حرام ہے۔

وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ اُذُنٌ ؕ قُلْ اُذُنُ خَيْرٍ
لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
مِنْكُمْ ۚ وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٦١﴾
يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ لِيُرْضُوْكُمْ ۚ وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اَحَقُّ اَنْ
يُّرْضُوْهُ اِنْ كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿٦٢﴾ اَلَمْ يَعْلَمُوْۤا اَنَّهٗ مَنْ يُّحَادِدِ اللّٰهَ
وَرَسُوْلَهٗ فَاَنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ الْخِزْيُ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

الْعَظِيْمُ ﴿٦٠﴾ يَحْذَرُ الْمُنٰفِقُوْنَ اَنْ تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُوْرَةٌ تُنَبِّئُهُمْ
بِمَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۚ قُلِ اسْتَهْزِءُوْا ۚ اِنَّ اللّٰهَ مُخْرِجٌ مَّا
تَحْذَرُوْنَ ﴿٦١﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّمَا كُنَّا نَخُوْضُ وَنَلْعَبُ
ۚ قُلْ اَبِاللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ وَرَسُوْلِهٖ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٦٥﴾ لَا تَعْتَذِرُوْا
قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ ۭ اِنْ نَّعْفُ عَنْ طَاۗىِٕفَةٍ مِّنْكُمْ
نُعَذِّبْ طَاۗىِٕفَةًۢ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿٦٦﴾ اَلْمُنٰفِقُوْنَ
وَالْمُنٰفِقٰتُ بَعْضُهُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمُنْكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ
الْمَعْرُوْفِ وَيَقْبِضُوْنَ اَيْدِيَهُمْ ۭ نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ ۭ اِنَّ
الْمُنٰفِقِيْنَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿٦٧﴾ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ
وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ هِيَ حَسْبُهُمْ ۚ وَلَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۚ
وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿٦٨﴾ كَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْكُمْ
قُوَّةً وَّاَكْثَرَ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا ۭ فَاسْتَمْتَعُوْا بِخَلَاقِهِمْ فَاسْتَمْتَعْتُمْ
بِخَلَاقِكُمْ كَمَا اسْتَمْتَعَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ بِخَلَاقِهِمْ وَخُضْتُمْ
كَالَّذِيْ خَاضُوْٓا ۙ اُولٰۗىِٕكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ
وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿٦٩﴾ اَلَمْ يَاْتِهِمْ نَبَاُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَوْمِ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ ۛ وَقَوْمِ اِبْرٰهِيْمَ وَاَصْحٰبِ مَدْيَنَ
وَالْمُؤْتَفِكٰتِ ۭ اَتَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا كَانَ اللّٰهُ
لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝ وَالْمُؤْمِنُوْنَ
وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَاۗءُ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ
وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ
وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ اُولٰۗىِٕكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ
عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ
مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ
ۭ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ يٰٓاَيُّهَا
النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۭ وَمَاْوٰىهُمْ
جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝ يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ مَا قَالُوْا ۭ وَلَقَدْ
قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ وَكَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ وَهَمُّوْا بِمَا لَمْ يَنَالُوْا ۚ
وَمَا نَقَمُوْٓا اِلَّآ اَنْ اَغْنٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَاِنْ
يَّتُوْبُوْا يَكُ خَيْرًا لَّهُمْ ۚ وَاِنْ يَّتَوَلَّوْا يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ
فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَمَا لَهُمْ فِي الْاَرْضِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

نَصِيْرٍ ﴿٧٤﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ عٰهَدَ اللّٰهَ لَئِنْ اٰتٰنَا مِنْ فَضْلِهٖ
لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُوْنَنَّ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٧٥﴾ فَلَمَّاۤ اٰتٰىهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ
بَخِلُوْا بِهٖ وَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿٧٦﴾ فَاَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا فِيْ قُلُوْبِهِمْ
اِلٰى يَوْمِ يَلْقَوْنَهٗ بِمَاۤ اَخْلَفُوا اللّٰهَ مَا وَعَدُوْهُ وَبِمَا كَانُوْا
يَكْذِبُوْنَ ﴿٧٧﴾ اَلَمْ يَعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ وَاَنَّ
اللّٰهَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿٧٨﴾ اَلَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ
الْمُؤْمِنِيْنَ فِي الصَّدَقٰتِ وَالَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ اِلَّا جُهْدَهُمْ
فَيَسْخَرُوْنَ مِنْهُمْ ؕ سَخِرَ اللّٰهُ مِنْهُمْ ۫ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٧٩﴾
اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً
فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ
وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿٨٠﴾ فَرِحَ الْمُخَلَّفُوْنَ
بِمَقْعَدِهِمْ خِلٰفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَكَرِهُوْۤا اَنْ يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ
وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَالُوْا لَا تَنْفِرُوْا فِي الْحَرِّ ؕ قُلْ نَارُ
جَهَنَّمَ اَشَدُّ حَرًّا ؕ لَوْ كَانُوْا يَفْقَهُوْنَ ﴿٨١﴾ فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلًا
وَّلْيَبْكُوْا كَثِيْرًا ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿٨٢﴾ فَاِنْ رَّجَعَكَ اللّٰهُ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اِلٰی طَآئِفَةٍ مِّنْهُمْ فَاسْتَاْذَنُوْكَ لِلْخُرُوْجِ فَقُلْ لَّنْ تَخْرُجُوْا مَعِیَ اَبَدًا وَّلَنْ تُقَاتِلُوْا مَعِیَ عَدُوًّا ؕ اِنَّكُمْ رَضِیْتُمْ بِالْقُعُوْدِ اَوَّلَ مَرَّةٍ فَاقْعُدُوْا مَعَ الْخٰلِفِیْنَ ﴿۸۳﴾ وَلَا تُصَلِّ عَلٰۤی اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰی قَبْرِهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَاتُوْا وَهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۸۴﴾

''اور ان میں کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو پیغمبر کو اذیت دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ وہ تو محض کان ہیں۔ آپ کہہ دیں کہ وہ تمھاری بھلائی کے لیے کان ہیں۔ وہ اللہ پر ایمان رکھتا ہے اور اہلِ ایمان کی باتوں پر اعتماد کرتا ہے اور وہ تم میں سے صاحبانِ ایمان کے لیے سراسر رحمت ہے اور جو لوگ رسولؐ خدا کو اذیت دیتے ہیں ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

یہ لوگ تمھیں راضی کرنے کے لیے خدا کی قسمیں کھاتے ہیں حالانکہ اگر یہ مومنین ہیں تو انھیں اللہ اور اس کے رسول کو راضی کرنے کی فکر کرنی چاہیے تھی۔ کیا انھیں معلوم نہیں ہے کہ جو اور اس کے رسول کا مقابلہ کرتا ہے اس کے لیے دوزخ کی آگ ہے جس میں وہ ہمیشہ رہے گا۔ یہ بہت بڑی رُسوائی ہے۔

منافق اس بات سے خوفزدہ ہیں کہ کہیں کوئی ایسی سورہ نازل نہ ہوجائے جو ان کے دلوں کے بھید کھول کر رکھ دے۔ آپ کہہ دیں کہ تم مذاق اُڑاؤ' اللہ اس چیز کو کھول دینے والا ہے جس کے کھلنے سے تم ڈر رہے ہو۔ اور اگر ان سے پوچھو کہ تم یہ کیا باتیں کر رہے تھے تو وہ فوراً کہہ دیں گے کہ ہم تو ہنسی مذاق اور دل لگی کر رہے تھے۔ آپ کہہ دیں کیا تم نے اللہ اور اس کی آیات اور اس کے رسول کا ہی مذاق اُڑانا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

عذر مت تراشو۔ تم ایمان لانے کے بعد کفر اختیار کر چکے ہو۔ اگر ہم نے تم میں سے ایک گروہ کو معاف کر بھی دیا تو دوسرے گروہ کو ہم ضرور سزا دیں گے کیونکہ وہ مجرم ہیں۔ منافق مرد اور منافق عورتیں سب ایک دوسرے کے ہم جنس ہیں۔ برائی کا حکم دیتے ہیں اور بھلائی سے منع کرتے ہیں، اور اپنے ہاتھوں کو راہِ خدا میں خرچ کرنے سے روکتے ہیں۔ انھوں نے اللہ کو بھلا دیا ہے، اللہ نے بھی انھیں نظر انداز کر دیا ہے۔ منافق ہی فاسق ہیں۔

اللہ نے منافق مردوں اور منافق عورتوں اور کفار سے نارِ جہنّم کا وعدہ کیا ہے جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے وہی ان کے لیے موزوں ہے اور اللہ نے ان پر لعنت کی ہے اور ان کے لیے قائم رہنے والا عذاب ہے۔

تمھاری مثال تم سے پہلے والوں کی سی ہے جو تم سے زیادہ طاقتور تھے اور وہ تم سے زیادہ مالدار اور صاحبِ اولاد بھی تھے۔ پھر انھوں نے دنیا میں اپنے حصّے کے مزے لوٹ لیے اور تم نے بھی اپنے حصّے کے مزے اسی طرح لوٹے جیسے انھوں نے لوٹے تھے۔ اور تم بھی ویسی ہی بحثوں میں پڑے جیسی بحثوں میں وہ پڑے تھے ان کے اعمال دنیا اور آخرت میں تباہ ہو گئے اور وہی لوگ خسارہ اُٹھانے والے ہیں۔

کیا ان کے پاس ان سے پہلے والے لوگ قومِ نوح، عاد، ثمود، قومِ ابراہیم، اصحابِ مدین اور اُلٹ دی جانے والی بستیوں کی تاریخ نہیں پہنچی۔ جن کے پاس ان کے رسول واضح نشانیاں لے کر آئے تھے۔ پھر یہ اللہ کا کام نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا لیکن وہ اپنے آپ پر خود ہی ظلم کرتے تھے۔ مومن مرد اور مومن عورتیں سب ایک دوسرے کے مددگار ہیں۔ وہ نیکی کا حکم دیتے ہیں اور برائی سے روکتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتے ہیں ان پر عنقریب خدا رحمت کرے گا۔ یقیناً اللہ غالب اور حکمت والا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اللہ نے مومن مردوں اور مومن عورتوں سے وعدہ کیا ہے کہ وہ انھیں ایسے باغات دے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے اور سدا بہار باغوں میں ان کے لیے پاکیزہ رہائش گاہیں ہوں گی اور سب سے بڑھ کر یہ کہ انھیں خدا کی خوشنودی حاصل ہوگی۔ یہی بہت بڑی کامیابی ہے۔

اے نبی! کفار اور منافقین سے جہاد کیجیے اور ان پر سختی کیجیے آخرکار ان کا ٹھکانا دوزخ ہے جو بدترین ٹھکانا ہے۔ یہ لوگ خدا کی قسم کھا کر کہتے ہیں کہ ہم نے وہ بات نہیں کہی۔ حالانکہ انھوں نے ضرور وہ کافرانہ بات کہی ہے اور اسلام لانے کے بعد انھوں نے کفر کیا ہے اور انھوں نے وہ ارادہ کیا تھا جسے وہ حاصل نہ کر سکے۔ انھیں غصہ ہے تو اس بات پر کہ اللہ اور رسول نے اپنے فضل سے انھیں غنی کر دیا ہے۔ اب اگر وہ توبہ کر لیں تو ان کے حق میں بہتر ہے۔ اور اگر وہ منہ پھیر لیں تو اللہ ان پر دنیا اور آخرت میں دردناک عذاب نازل کرے گا اور روئے زمین پر ان کا کوئی سرپرست اور مددگار نہ ہوگا۔

ان میں بعض ایسے بھی ہیں جنھوں نے اللہ سے عہد کیا تھا کہ اگر اس نے اپنے فضل سے ہم کو نوازا تو ہم اس کی راہ میں صدقہ دیں گے اور ہم صالح بن کر رہیں گے۔ مگر جب اللہ نے اپنے فضل سے ان کو دولت مند بنا دیا تو وہ بخل پر اُتر آئے اور کنارہ کش ہو کر پلٹ گئے۔ ان کے بخل نے ان کے دلوں میں نفاق راسخ کر دیا جو خدا کے حضور پیشی کے دن تک ان کا پیچھا نہ چھوڑے گا کیونکہ انھوں نے خدا سے وعدہ خلافی کی ہے اور اس کا سبب یہ بھی ہے کہ وہ جھوٹ بولتے تھے۔

کیا انھیں یہ بات معلوم نہیں ہے کہ اللہ کو ان کے مخفی راز اور پوشیدہ سرگرمیاں معلوم ہیں اور یقیناً اللہ غیب کی تمام باتوں کو جاننے والا ہے۔ وہ لوگ جو راہِ خدا میں فراخدلی سے حصہ لینے والے مومنین اور ان غریبوں پر جن کے پاس ان کی محنت کے علاوہ کچھ نہیں ہے الزام

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

لگاتے ہیں پھر ان کا مذاق اُڑاتے ہیں اللہ ان مذاق اُڑانے والوں کا مذاق اُڑاتا ہے اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

آپ ان کے لیے مغفرت طلب کریں یا نہ کریں اگر تم ستر مرتبہ بھی معاف کرنے کی درخواست کرو گے تو اللہ انھیں ہرگز معاف نہیں کرے گا۔ اس کا سبب یہ ہے کہ انھوں نے اللہ اور اس کے رسول کا انکار کیا ہے اور اللہ فاسق لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔

جن لوگوں کو پیچھے رہنے کی اجازت دی گئی تھی وہ اللہ کے رسول کا ساتھ نہ دینے اور گھر بیٹھ رہنے پر خوش ہوئے اور انھیں گوارا نہ ہوا کہ اللہ کی راہ میں اپنی دولت اور جانوں سے جہاد کریں۔ انھوں نے کہا: گرمی میں مت نکلو آپ کہہ دیں کہ دوزخ کی آگ کہیں زیادہ گرم ہے۔ کاش انھیں اس کا شعور ہوتا۔ ان کو ہنسنا کم اور رونا زیادہ چاہیے۔ یہ ان کے اعمال کی جزا ہے۔

اگر اللہ آپ کو ان کے درمیان واپس لے جائے اور آئندہ ان میں سے کوئی گروہ جہاد کے لیے آپ سے اجازت مانگے تو صاف کہہ دینا کہ اب تم میرے ساتھ ہرگز نہیں چل سکتے اور نہ میری معیت میں کسی دشمن سے لڑو۔ تم نے پہلے بیٹھ رہنے کو پسند کیا تھا تو اب گھر بیٹھنے والوں کے ساتھ بیٹھے رہو۔

اور اگر ان میں سے کوئی مرے تو اس کی نماز جنازہ نہ پڑھنا اور نہ کبھی اس کی قبر پر کھڑے ہونا کیونکہ انھوں نے اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ کفر کیا ہے اور وہ مرے ہیں تو اس حال میں کہ وہ فاسق تھے۔

پیغمبر اکرمؐ کے متعلق گستاخی

وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ اُذُنٌ ۭ قُلْ اُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ۭ وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

''اور ان میں کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو پیغمبر کو اذیت دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ وہ تو محض کان ہیں۔ آپ کہہ دیں کہ وہ تمھاری بھلائی کے لیے کان ہیں۔ وہ اللہ پر ایمان رکھتا ہے اور اہلِ ایمان کی باتوں پر اعتماد کرتا ہے اور وہ تم میں سے صاحبانِ ایمان کے لیے سراسر رحمت ہے اور جو لوگ رسولؐ خدا کو اذیت دیتے ہیں ان کے لیے دردناک عذاب ہے''۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں اس آیتِ مجیدہ کے متعلق منقول ہے کہ ایک منافق کا نام عبداللہ بن نفیل تھا۔ وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بیٹھ کر آپؐ کی باتیں سنتا تھا اور آپؐ کی گفتگو منافقین کے سامنے بیان کرتا تھا اور وہ چغل خوری کرتا تھا۔ جبریل امینؑ آپؐ کے پاس آئے اور عرض کیا کہ ایک شخص آپؐ کی چغل خوری کرتا ہے اور آپؐ کی باتیں منافقین سے بیان کرتا ہے۔

آنحضرتؐ نے فرمایا: وہ کون ہے؟ جبریل امینؑ نے عرض کیا کہ وہ سیاہ رنگ کا شخص، اس کے سر پر گھنے بال ہیں، اس کی آنکھیں کسی ہانڈی کی طرح سے ہیں اور وہ زبانِ شیطان سے گفتگو کرتا ہے۔

رسولؐ خدا نے اسے بلایا اور اسے ملامت کیا۔ اس نے قسم کھا کر کہا کہ میں نے ایسی کوئی حرکت نہیں کی۔ رسولؐ خدا نے اس کا عذر قبول کیا اور اس سے فرمایا کہ آئندہ منافقین کے ساتھ مت بیٹھنا۔

وہ آنحضرتؐ کے پاس سے اٹھ کر اپنے ساتھیوں کے پاس آیا اور اس نے کہا کہ لوگو! محمد تو نرے کان ہی کان ہیں (یعنی وہ کانوں کے کچے ہیں) اللہ نے اسے میرے متعلق خبر دی ہے کہ میں ان کے متعلق چغل خوری کرتا ہوں اور ان کے حالات لوگوں سے بیان کرتا ہوں۔ میں نے جب انھیں اپنے متعلق یقین دلایا تو انھوں نے میری باتوں کا بھی یقین کرلیا۔

اللہ تعالیٰ نے اس کے متعلق یہ آیت نازل فرمائی: وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ اُذُنٌ ۭ قُلْ اُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ۭ وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۔

اور ان میں کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو پیغمبر کو اذیت دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ وہ تو محض کان ہیں۔ اس کے جواب میں اللہ نے فرمایا کہ ''آپ ان سے کہہ دیں کہ یہ بھلائی کا کان ہے اور وہ اللہ پر ایمان رکھتا ہے اور اہلِ ایمان کی باتوں پر اعتماد کرتے ہیں اور جو تم میں سے اہلِ ایمان ہیں ان کے لیے وہ سراسر رحمت ہیں اور وہ لوگ جو رسولؐ خدا کو اذیت دیتے ہیں ان کے لیے دردناک عذاب ہے''۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اس آیت میں ''مومنین'' سے وہ لوگ مراد ہیں جو ایمان کے دعوے دار ہیں جب کہ ان کے عقیدہ میں یقین نہیں پایا جاتا۔

کتاب احتجاج طبرسی میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ایک طویل حدیث منقول ہے جس میں آپؐ نے حضرت علی علیہ السلام کے مناقب کا تذکرہ کیا اور منافقین کے طرزِ عمل کو بیان فرمایا اور اس کے ضمن میں آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا:

منافقین نے مجھے اتنی ایذائیں دیں کہ انھوں نے میرا نام ہی ''کان'' رکھ دیا ہے اور اگر میں چاہوں تو ان لوگوں کے نام بھی لے سکتا ہوں اور اگر میں ان کی طرف اشارہ کرنا چاہوں تو بھی میں کرسکتا ہوں لیکن میں پھر بھی ان کا بھرم رکھ رہا ہوں اور ایسا نہیں کروں گا۔

مومنین کی باتوں پر اعتماد کرنا چاہیے

الکافی میں مرقوم ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے اپنے فرزند حضرت اسماعیل علیہ السلام سے فرمایا: بیٹا! اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کا ایک وصف یہ بھی بیان کیا ہے: يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ (وہ اللہ پر ایمان رکھتا ہے اور مومنین کی باتوں پر اعتماد کرتا ہے) لہٰذا جب مومن تمھارے پاس کسی بات کی گواہی دیں تو تم بھی ان پر اعتماد کیا کرو۔

ایک مرتبہ حضرت اسماعیلؑ اپنے والد امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں آئے اور عرض کیا کہ میں فلاں شخص کو کچھ رقم دینا چاہتا ہوں تاکہ وہ اس سے تجارت کرے اور اس سے مجھے منافع حاصل ہوگا۔ آپ کی کیا رائے ہے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: بیٹا کیا تمھیں معلوم نہیں ہے کہ وہ تو شراب پیتا ہے؟ حضرت اسماعیلؑ نے کہا: ابا جان! مجھے چند مومنین کی زبانی معلوم ہوا ہے کہ وہ شراب پیتا ہے۔ امام علیہ السلام نے فرمایا: تمھیں ان کی بات پر اعتماد کرلینا چاہیے کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی اہلِ ایمان کی باتوں پر اعتماد کرتے تھے جیسا کہ اللہ نے فرمایا ہے: يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ۔

تفسیر عیاشی میں اس روایت کے بعد ان الفاظ کا اضافہ ہے کیونکہ آنحضرتؐ مومنین پر شفیق اور مہربان تھے۔

منافقین کس بات سے خوفزدہ تھے؟

يَحْذَرُ الْمُنٰفِقُوْنَ اَنْ تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُوْرَةٌ تُنَبِّئُهُمْ بِمَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ قُلِ اسْتَهْزِءُوْا ۚ اِنَّ اللّٰهَ مُخْرِجٌ مَّا تَحْذَرُوْنَ ۝

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

''منافق اس بات سے خوفزدہ ہیں کہ کہیں کوئی ایسی سورہ نازل نہ ہو جو ان کے دلوں کے بھید کھول کر رکھ دے۔ آپ کہہ دیں کہ تم مذاق اڑاؤ۔ اللہ اس چیز کو کھول دینے والا ہے جس کے کھلنے سے تم ڈرتے ہو''۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ جب رسولؐ خدا جنگِ تبوک کے لیے روانہ ہوئے تو منافقین آپس میں ہنسی مذاق کر کے کہتے تھے کہ کیا محمدؐ نے رومیوں سے جنگ کرنے کو عام لوگوں سے جنگ کرنے کے برابر سمجھ رکھا ہے۔ اس جنگ میں کوئی بھی زندہ بچ کر واپس نہیں آئے گا۔

اس محفل میں ایک منافق نے مذاق اڑاتے ہوئے کہا: یار یہ باتیں نہ کرو ممکن ہے کہ اللہ محمد کو ہماری ان باتوں سے آگاہ کر دے اور قرآن کی کوئی سورت ہمارے متعلق بھیج دے جس میں ہمارے قلبی جذبات کا بھید کھول کر رکھ دے۔ بعد میں لوگ اسے قرآن سمجھ کر پڑھتے رہیں۔

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بذریعہ وحی منافقین کی اس گفتگو کی خبر ہوئی۔ آپؐ نے عمار یاسرؓ سے فرمایا کہ تم جاؤ اور ان لوگوں کی خبر لو وہ حق کی دشمنی میں جل رہے ہیں۔

حضرت عمارؓ اس گروہ کے پاس گئے اور ان سے فرمایا کہ تم نے کیا کہا؟ وہ کہنے لگے کہ ہم تو یہاں بیٹھ کر ہنسی مذاق کی باتیں کر رہے تھے۔ اس پر اللہ نے یہ آیات نازل فرمائیں: يَحْذَرُ الْمُنٰفِقُوْنَ اَنْ تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُوْرَةٌ تُنَبِّئُهُمْ بِمَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۭ قُلِ اسْتَهْزِءُوْا ۚ اِنَّ اللّٰهَ مُخْرِجٌ مَّا تَحْذَرُوْنَ ۝ وَلَىِٕنْ سَاَلْتَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّمَا كُنَّا نَخُوْضُ وَنَلْعَبُ ۭ قُلْ اَبِاللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ وَرَسُوْلِهٖ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُوْنَ ۝

آنحضرتؐ کو شہید کرنے کا منصوبہ

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ يَحْذَرُ الْمُنٰفِقُوْنَ اَنْ تُنَزَّلَ ..... کی آیت ان بارہ منافقین کے متعلق نازل ہوئی جنھوں نے تبوک سے واپسی پر عقبہ ہرشی کے مقام پر رات کے وقت آنحضرتؐ کی ناقہ کو بدکا کر آپ کو شہید کرنے کا منصوبہ بنایا تھا۔

جب آنحضرتؐ اس گھاٹی میں داخل ہوئے تو منافق وہاں پر چھپے بیٹھے تھے۔ انھوں نے وہاں ناقہ کو بدکانے کے لیے ٹین اور ڈرم لڑھکائے۔ اس وقت حضرت حذیفہؓ اور عمارؓ آنحضرتؐ کے ساتھ چل رہے تھے۔ جبریل امینؑ نے ان لوگوں کو وہاں سے بھگا دیا اور رسولؐ خدا کو کوئی ضرر نہ پہنچا۔ جب وہ گھاٹی سے بھاگ کھڑے ہوئے تو آنحضرتؐ نے حذیفہؓ سے فرمایا: کیا تو

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

نے ان لوگوں کو پہچانا تھا؟ حذیفہ نے اپنی لاعلمی کا اظہار کیا۔ آنحضرتؐ نے حذیفہؓ کو سب کے نام بتا دیئے۔

حذیفہؓ نے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! آپ انھیں قتل کیوں نہیں کرا دیتے؟

آپؐ نے فرمایا: مجھے اہلِ عرب کی یہ بات سننا پسند نہیں ہے کہ محمدؐ نے اپنے صحابہ کے ذریعہ کامیابی حاصل کرنے کے بعد انھیں قتل کرنا شروع کر دیا ہے۔

یہ روایت ابن کیسان سے منقول ہے جب کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ انھوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو شہید کرنے کا منصوبہ بنایا تھا اور انھوں نے ایک دوسرے سے کہا تھا کہ اگر محمد کو ہماری اس گفتگو کا پتہ چل گیا تو ہم کہیں گے کہ ہم تو یوں ہی ہنسی مذاق میں یہ باتیں کر رہے تھے اور اگر اسے پتہ نہ چلا تو ہم اپنے منصوبہ کے مطابق اسے قتل کر دیں گے۔

تفسیر عیاشی میں صفوان جمال سے منقول ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اللہ نے آسمان سے جتنی بھی کتابیں نازل فرمائیں ان کی ابتداء بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے فرمائی اور جب جبریل امینؑ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لاتے تو آنحضرت کو معلوم ہو جاتا تھا کہ سابقہ سورہ ختم ہو چکی ہے اور اب نئی سورہ شروع ہو رہی ہے۔

جابر جعفی کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ ..... نُعَذِّبْ طَآئِفَةً کی آیات مجیدہ کا شانِ نزول دریافت کیا اور ان کی تفسیر پوچھی۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: اللہ نے جو بھی آیت نازل فرمائی ہے اس کی کوئی نہ کوئی تفسیر ضرور ہے۔ یہ آیات ان بارہ منافقین کے لیے نازل ہوئیں جو رسولؐ خدا کو شہید کرنے کی غرض سے چھپ کر بیٹھے تھے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے' آپؑ نے فرمایا: لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ ۚ اِنْ نَّعْفُ عَنْ طَآئِفَةٍ مِّنْكُمْ نُعَذِّبْ طَآئِفَةً بِاَنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ۝ (عذر مت تراشو تم ایمان کے بعد کافر ہو چکے ہو۔ اگر ہم نے تم میں سے ایک گروہ کو معاف کر دیا تو دوسرے گروہ کو عذاب دیں گے کیونکہ وہ مجرم ہیں) کی آیت مجیدہ ان لوگوں کے متعلق نازل ہوئی جو پہلے سچے مومن تھے' پھر انھوں نے شک کیا اور منافقت میں مبتلا ہوئے' وہ چار افراد تھے۔ ان میں سے ایک کا نام "مخشی بن الحمیر" تھا۔ اس نے اپنے گناہ کا اعتراف کر لیا تھا اور توبہ کی تھی۔ اس نے رسول اکرمؐ سے عرض کیا تھا کہ مجھے میرے نام نے ہلاک کر دیا ہے۔ رسولؐ خدا نے اس کا نام عبداللہ بن عبدالرحمٰن رکھا۔ پھر اس نے بارگاہ خداوندی میں دعا کی کہ خدایا! مجھے اپنی راہ میں شہادت عطا فرما اور کسی کو میرے متعلق علم نہ ہو کہ میری لاش کہاں ہے؟ چنانچہ اللہ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

نے اس کی توبہ قبول فرمائی اور اس کی دعا مستجاب ہوئی۔ وہ جنگ یمامہ میں شہید ہوا۔ کسی کو اس کے متعلق پتہ نہ چلا کہ وہ کہاں قتل ہوا ہے۔

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ اِنْ نَّعْفُ عَنْ طَآئِفَةٍ مِّنْكُمْ نُعَذِّبْ طَآئِفَةً .....کی آیت مجیدہ کے متعلق روایت ہے کہ وہ تین افراد تھے۔ دو نے آنحضرتؐ کا مذاق اڑایا تھا اور تیسرا ہنسا تھا۔ بعد میں ہنسنے والے نے توبہ کر لی تھی۔ اس کا نام مخشی بن حمیر تھا۔ خدا نے اسے معاف کر دیا تھا۔

توضیح: اس شخص کے نام کے متعلق اختلاف ہے۔ بعض کتابوں میں اس کا نام مخشی بن حمیر اور بعض کتابوں میں اس کا نام مختمر اور بعض کتابوں میں اس کا نام محشن بیان کیا گیا ہے۔ ملاحظہ فرمائیں اسد الغابہ، ج ۴، ص ۳۳۸۔ الاصابہ، ج ۳، ص ۳۸۲۔ سیرت ابن ہشام، ج ۲، ص ۵۲۴ وغیرہ (اضافہ من المحشی)

اللہ نسیان سے پاک ہے

نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ .....''انھوں نے خدا کو بھلا دیا اور خدا نے انھیں نظر انداز کر دیا''۔

عیون الاخبار میں عبدالعزیز بن مسلم سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ کی آیت مجیدہ کے متعلق پوچھا کہ کیا اللہ پر بھی نسیان طاری ہوتا ہے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا کہ اللہ پر سہو و نسیان طاری نہیں ہوتا۔ سہو و نسیان مخلوق کی صفت ہے کیا تو نے قرآن مجید کی یہ آیت نہیں پڑھی: وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا ﴿۶۴﴾ (مریم:۶۴) ''تیرا رب بھولنے والا نہیں ہے''۔ البتہ جو بندۂ خدا کو فراموش کر دے تو خدا بدلے میں انھیں ان کے نفوس فراموش کرا دیتا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ نَسُوا اللّٰهَ فَأَنسَاهُمْ أَنفُسَهُمْ ۚ أُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ ﴿۱۹﴾ (الحشر:۱۹) ''اور تم ان لوگوں کی طرح سے مت بنو جنھوں نے خدا کو بھلا دیا، خدا نے انھیں ان کے نفوس فراموش کر دیئے وہی فاسق ہیں''۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: فَالْيَوْمَ نَنسَاهُمْ كَمَا نَسُوا لِقَاءَ يَوْمِهِمْ هَٰذَا (الاعراف:۵۱) ''آج ہم ان کو اسی طرح سے بھلا دیں گے جیسا کہ انھوں نے ہمارے اس دن کی ملاقات کو بھلایا تھا''۔

اس آیت میں ''نسیان'' ترک یعنی چھوڑ دینے کے معنی میں ہے۔ مقصدِ آیت یہ ہے کہ جس طرح سے انھوں نے روزِ آخرت کی تیاری کو چھوڑ رکھا تھا آج ہم بھی انھیں چھوڑ دیں گے۔ یہ حدیث کتاب التوحید میں بھی انھی الفاظ سے مرقوم ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

Scanned by CamScanner

کتاب التوحید میں مرقوم ہے کہ ایک شخص نے حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام سے کچھ آیات متشابہات کے متعلق دریافت کیا۔ اس نے آپ سے ایک سوال یہ بھی کیا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ (انھوں نے خدا کو بھلایا' خدا نے انھیں بھلایا) کا کیا معنی ہے؟

حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام نے فرمایا: اس کا مقصد یہ ہے کہ انھوں نے دنیا میں رہتے ہوئے خدا کو فراموش کر دیا اور اللہ کی اطاعت نہ کی۔ اللہ نے انھیں قیامت میں نظر انداز کر دیا۔ یعنی اللہ نے ان کے لیے قیامت میں ثواب کا کوئی حصہ نہیں رکھا اور انھیں ہر بھلائی سے نظر انداز کر دیا گیا ہے۔ ویسے یہ لفظ لغتِ عرب کے اس محاورہ سے مشتق ہے قد نسینا فلان فلا یذکرنا۔ اس محاورہ کا مفہوم یہ ہے کہ فلاں شخص نے ہمیں نظر انداز کر دیا ہے اور وہ ہماری بھلائی کے لیے کوئی احکام صادر نہیں کرتا۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے' آپؑ نے فرمایا: نَسُوا اللّٰهَ کا معنی یہ ہے کہ انھوں نے اللہ کی اطاعت چھوڑ دی اور فَنَسِيَهُمْ کا مفہوم یہ ہے کہ خدا نے انھیں چھوڑ دیا۔

ابی معمر سعدی بیان کرتے ہیں کہ حضرت علی علیہ السلام نے نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ کی تفسیر کرتے ہوئے فرمایا کہ انھوں نے دارِ دنیا میں خدا کو فراموش کر دیا۔ انھوں نے خدا کی اطاعت نہ کی اور اس پر اور اس کے رسول پر ایمان نہ لائے اور خدا نے انھیں آخرت میں نظر انداز کر دیا اور ان کے لیے ثواب میں کوئی حصہ نہ رکھا اور انھیں ہر بھلائی سے فراموش کر دیا۔

عذاب شدہ دھرتی

.....وَالْمُؤْتَفِكَتِ ۚ اَتَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ..... ۚ

''کیا ان کے پاس اُلٹی ہوئی بستیوں کی تاریخ نہیں پہنچی جن کے رسول ان کے پاس واضح نشانیاں لے کر گئے تھے''۔

الکافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے' آپؑ نے فرمایا کہ ''مؤتفکات'' یعنی اُلٹی ہوئی بستیوں سے قومِ لوط کی بستیاں مراد ہیں جنھیں خدا نے اُلٹا دیا تھا۔

من لایحضرہ الفقیہہ میں جویریہ بن سہر سے منقول ہے کہ ہم حضرت علی علیہ السلام کے ساتھ خوارج سے جنگ کرنے کے لیے گئے تھے جب ہم سرزمینِ بابل پر پہنچے تو نمازِ عصر کا وقت ہوا۔ آپؑ اپنی سواری سے اُترے اور لوگ بھی اپنی سواریوں

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

سے اُترے۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا: لوگو! یہ زمین ملعون ہے۔ اس دھرتی پر تین مرتبہ خدا کا عذاب نازل ہو چکا ہے۔

ایک اور روایت میں یہ الفاظ مذکور ہیں کہ اس دھرتی پر دو دفعہ خدا کا عذاب نازل ہو چکا ہے اور تیسری بار بھی یہاں عذاب آنے کی توقع ہے اور یہ زمین مؤتفکات (اُلٹی ہوئی بستیوں) میں سے ایک ہے۔

مومن ایک دوسرے کے رفیق ہیں

وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ

''مومن مرد اور مومن عورتیں سب ایک دوسرے کے مددگار ہیں''۔

تفسیر عیاشی میں صفوان الجمال سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا: میرے ماں باپ آپؑ پر فدا ہوں ایک مسلم عورت میرے پاس آتی ہے جو کہ میرے عمل اور میری نیک نامی سے آگاہ ہے اور میں بھی اس کے اسلام اور اس کی محبت اہلِ بیتؑ اور عقیدۂ ولایت سے واقف ہوں اور اس کے ساتھ کوئی محرم نہ ہو تو کیا میں اسے اُونٹ پر سوار کر سکتا ہوں؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: جب تمھارے پاس کوئی مسلمان عورت آئے تو تم اسے سوار کر لو کیونکہ مومن مرد مومنہ خاتون کا محرم ہے۔ یہ کہہ کر آپؑ نے یہ آیت پڑھی: وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ

سب سے بڑی نعمت

وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۚ

''اور سب سے بڑھ کر انھیں خدا کی خوشنودی کی نعمت حاصل ہوگی۔ یہی عظیم کامیابی ہے''۔

تفسیر عیاشی میں مرقوم ہے کہ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا: جب اہلِ جنت جنت میں جائیں گے اور خدا کے پیارے اپنے باغات و مساکن میں داخل ہوں گے ہر مومن گاؤ تکیہ پر تکیہ لگا کر بیٹھ جائے گا تو ان کے حشم و خدام انھیں گھیر لیں گے اور جنت کے میوے ان پر جھک جائیں گے اور ان کے گرد جنت کے چشمے پھوٹ رہے ہوں گے اور اس کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی اور ان کے لیے بستر بچھ جائیں گے اور ان کے خدام کچھ طلب کرنے سے قبل نعمات ان کے سامنے پیش کرنے میں مصروف ہوں گے اور انھیں حورعین کے جلوے میسر ہوں گے۔ جتنی دیر تک خدا چاہے گا وہ اس حالت میں رہیں گے۔ پھر خداوند جبار ان کی طرف متوجہ ہو کر ان سے فرمائے گا: ''اے میرے پیارو! اے میرے اطاعت گزارو! اے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

میرے جوارِ قدس میں میری جنت میں رہائش پذیر لوگو! کیا ان نعمات سے بھی بڑی نعمت کے متعلق میں تمھیں خبر نہ دوں؟''

اس وقت اہلِ جنت کہیں گے: ''پروردگار بھلا اس سے بڑھ کر اور نعمت کیا ہوسکتی ہے جو اس وقت ہمیں پوری طرح سے میسر ہے۔ ہمیں ہر وہ نعمت میسر ہے جس کی ہم خواہش کرتے ہیں اور تیرے جوارِ قدس میں ہماری آنکھوں کی ٹھنڈک کا ہر سامان موجود ہے۔ اللہ تعالیٰ پھر اپنی بات کو دہرائے گا۔ اس وقت وہ کہیں گے: جی ہاں پروردگار! تیری رضا اور ہم سے تیری محبت ہمارے لیے تمام نعمات سے بہتر ہے۔

پھر امام علیہ السلام نے یہ آیت تلاوت فرمائی: وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ۭ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ ''اللہ نے مومن مردوں اور عورتوں سے ان باغات کا وعدہ کیا ہے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے اور سدا بہار باغات میں ان کے لیے پاکیزہ رہائش گاہیں ہوں گی اور سب سے بڑھ کر انھیں اللہ کی رضا کی نعمت میسر ہوگی۔ یہی بہت بڑی کامیابی ہے''۔

جنتِ عدن

کتاب الخصال میں مرقوم ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے روزِ شوریٰ اپنا حق خلافت جتلاتے ہوئے اپنے بہت سے فضائل و مناقب بیان کیے تھے۔ ان فضائل و مناقب کو بیان کرتے ہوئے آپؑ نے ارکانِ شوریٰ کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا: میں تم لوگوں کو خدا کی قسم دے کر تم سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا رسولِ خدا نے یہ نہیں کہا تھا:

''جو میرے جیسی زندگی جینے کا خواہش مند ہو اور جو میرے جیسی موت مرنے کا مشتاق ہو اور جو میرے ساتھ اُس جنتِ عدن میں رہنے کا خواہش مند ہو جسے میرے رب نے اپنے ہاتھ سے کاشت کیا ہے۔ پھر کُنْ کہا تو وہ بن گئی۔ جسے یہ سعادت حاصل کرنے کی خواہش ہو تو وہ علی بن ابی طالبؑ اور اس کے بعد اس کے اوصیاء سے محبت رکھے۔ کیا آنحضرتؐ نے یہ ارشاد میرے لیے کہا تھا یا تمھارے لیے کہا تھا؟

ارکانِ شوریٰ نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آپؑ کے متعلق ہی یہ جملے ارشاد فرمائے تھے۔

مجمع البیان میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے' آپؐ نے فرمایا: ''عدن'' اللہ کا وہ گھر ہے جس جیسا آنکھ نے دیکھا نہیں ہے اور کسی انسان کے دل نے اس کا تصور تک بھی کبھی نہیں کیا۔ اس میں تین طبقات کے علاوہ اور

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کوئی رہائش نہیں رکھے گا۔ اس میں انبیاء، صدیقین اور شہداء کی رہائش ہوگی۔ اللہ فرماتا ہے کہ ''اس کے لیے خوش خبری ہے جو تجھ میں داخل ہو''۔

کفار و منافقین سے جہاد کریں

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِينَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۚ وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ﴿٧٣﴾

''اے نبی! کفار و منافقین سے جہاد کریں اور ان پر سختی کریں ان کا ٹھکانا دوزخ ہے جو کہ بدترین جائے بازگشت ہے''۔

اس آیت مجیدہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دو طبقات یعنی کفار و منافقین سے جہاد کا حکم دیا گیا ہے۔ کفار کا کفر ظاہر ہوتا ہے لہٰذا ان سے جہاد بھی ظاہری ہوگا۔ اسی لیے آنحضرتؐ نے ان سے تلوار کے ساتھ جہاد کیا تھا جب کہ منافقین کا کفر باطنی ہوتا ہے اسی لیے آپؐ نے ان سے تلوار کی بجائے زبان سے جہاد کیا۔

علاوہ ازیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام سے فرمایا تھا کہ جس طرح سے میں نے کفار کے ساتھ تنزیل کے تحت جہاد کیا ہے اسی طرح سے تو منافقین سے تاویل کے تحت جہاد کرے گا۔

ویسے ائمہ ہدیٰ علیہم السلام نے جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِينَ کی درمیانی ''واؤ'' کی واو معیت کے معنی میں قرار دیا ہے اور اگر اس ''واؤ'' کو عطف کی بجائے معیت کے معنی میں قرار دیا جائے تو آیت مجیدہ کا ترجمہ یہ ہوگا: ''اے نبی! آپ منافقین کو اپنے ساتھ ملا کر کفار سے جہاد کریں''۔

ویسے بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت طیبہ کا مطالعہ کرنے والے افراد جانتے ہیں کہ آپؐ ہمیشہ منافقین کو بھی غزوات میں ساتھ لے جانے کے عادی تھے۔ (اضافہ من المترجم)

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ قراءت اہل بیتؑ میں جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِينَ کے الفاظ وارد ہیں اور آئمہ اہل بیتؑ اس کی یہ دلیل دیتے تھے کہ اگر آنحضرتؐ کو منافقین سے بھی کفار کی طرح جہاد کا حکم ہوتا تو آپ یقیناً ان سے جنگ کرتے جب کہ آپ کی پوری زندگی میں اس طرح کا کوئی واقعہ موجود نہیں ہے۔ آنحضرتؐ نے منافقین سے کبھی جنگ نہیں کی تھی۔ آپؐ نے ہر موقع پر ان کی تالیفِ قلب فرمائی تھی۔ ویسے بھی منافقین کا کفر باطنی تھا اسی لیے انھیں قتل کرنا جائز نہیں تھا۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے اس آیت مجیدہ کا مفہوم واضح کرتے ہوئے فرمایا کہ اللہ نے اپنے پیغمبر کو حکم

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

دیا تھا کہ جب وہ کفار سے جہاد کے لیے جائیں تو منافقین کو بھی اپنے ساتھ لے کر جائیں۔ آنحضرت نے پوری زندگی منافقین سے جنگ نہیں کی تھی۔ اس کے برعکس آپؐ ان کی تالیفِ قلب فرمایا کرتے تھے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں بھی اس آیت مجیدہ کا یہی مفہوم بیان کیا گیا ہے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: منافقین سے جہاد کا ایک مفہوم یہ بھی ہے کہ اللہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حکم دیا کہ آپ ان پر فرائض عائد کر کے ان سے جہاد کریں۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس آیت مجیدہ کے ضمن میں یہ بھی منقول ہے کہ اس آیت کے ایک حصّہ پر رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عمل کیا تھا اور دوسرے حصّہ پر حضرت علی علیہ السلام نے عمل کیا تھا اور حضرت علی علیہ السلام کا جہاد بھی دراصل رسولؐ خدا کا ہی جہاد تھا۔

شیخ الطا ۔ امالی میں ابن عباس کی سند سے رقم طراز ہیں کہ جب یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِیْنَ کی آیت نازل ہوئی تو حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں ''عمالقہ'' یعنی کفار سے ضرور جہاد کروں گا۔ اس وقت جبریل امینؑ نازل ہوئے اور انھوں نے کہا کہ آپؐ جہاد کریں گے یا علیؑ کریں گے۔

منافقین کی جھوٹی قسمیں

يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ مَا قَالُوْا ۚ وَلَقَدْ قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ وَكَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ وَهَمُّوْا بِمَا لَمْ يَنَالُوْا

''یہ لوگ خدا کی قسم کھا کر کہتے ہیں کہ انھوں نے وہ بات نہیں کہی جب کہ انھوں نے ضرور وہ کافرانہ بات کہی ہے اور اسلام لانے کے بعد انھوں نے کفر کیا ہے اور انھوں نے وہ ارادہ کیا تھا جسے وہ حاصل نہ کر سکے''۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ اس آیت سے وہ لوگ مراد ہیں جنھوں نے کعبہ میں بیٹھ کر آپس میں عہد و پیمان کیا تھا کہ رسولؐ خدا کی وفات کی صورت میں وہ بنی ہاشم میں خلافت کو نہیں جانے دیں گے۔ چنانچہ یہ ان کا کلمہ کفر تھا اور پھر آنحضرت کو شہید کرنے کی غرض سے وہ تبوک سے واپسی پر ایک گھاٹی میں چھپ کر بیٹھے تھے لیکن اللہ نے ان کے منصوبہ کو ناکام کر دیا تھا اور آنحضرتؐ ان کے شر سے محفوظ رہ گئے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے متعلق فرمایا: وَهَمُّوْا بِمَا لَمْ يَنَالُوْا ''انھوں نے وہ ارادہ کیا تھا جسے وہ حاصل نہ کر سکے تھے''۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

تفسیر مذکور میں یَوْمَ یَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِیْعًا فَیَحْلِفُوْنَ لَهٗ كَمَا یَحْلِفُوْنَ لَكُمْ (المجادلہ: ۱۸) (جس دن خدا ان سب کو معبوث کرے گا تو وہ اس کے سامنے بھی اسی طرح سے قسمیں کھائیں گے جیسا کہ وہ تمھارے لیے قسمیں کھاتے ہیں) کی آیت مجیدہ کے ضمن میں مرقوم ہے: جب قیامت کا دن ہوگا تو اللہ تعالیٰ ان تمام افراد کو جمع کرے گا جنھوں نے آلِ محمدؐ کے حقوق غصب کیے ہوں گے۔ ان کے سامنے ان کے اعمال پیش کیے جائیں گے وہ اس وقت خدا کے سامنے قسمیں کھا کر کہیں گے کہ ہم نے اس طرح کا کوئی کام نہیں کیا تھا۔ اس طرح کی جھوٹی قسمیں انھوں نے آنحضرتؐ کے سامنے اس وقت بھی کھائی تھیں جب انھوں نے بنی ہاشم میں خلافت منتقل نہ ہونے کی کافرانہ بات کہی تھی اور انھوں نے جب ایک گھاٹی کی چڑھائی پر آنحضرتؐ کو شہید کرنے کی ناکام کوشش کی تھی تو اس وقت بھی انھوں نے جھوٹی قسمیں کھا کر آنحضرتؐ کو اعتماد دلانے کی کوشش کی تھیں کہ ان کا دامن بالکل پاک ہے۔ انھوں نے اس طرح کی کوئی کافرانہ گفتگو اور کافرانہ حرکت نہیں کی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی تردید میں فرمایا:

یَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ مَا قَالُوْا ۚ وَلَقَدْ قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ وَكَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ وَهَمُّوْا بِمَا لَمْ یَنَالُوْا ۚ وَمَا نَقَمُوْٓا اِلَّآ اَنْ اَغْنٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَاِنْ یَّتُوْبُوْا یَكُ خَیْرًا لَّهُمْ ۚ

"وہ خدا کی قسمیں کھا کر کہتے ہیں کہ انھوں نے وہ بات نہیں کی ہے جب کہ انھوں نے کافرانہ گفتگو ضرور کی ہے اور اسلام لانے کے بعد کفر کیا ہے اور انھوں نے وہ ارادہ کیا تھا جسے وہ حاصل نہ کر سکے تھے اور انھیں غصہ ہے تو اس بات پر ہے کہ خدا و رسول نے اپنا فضل کرتے ہوئے انھیں غنی کر دیا ہے اور اگر وہ توبہ کر لیں تو ان کے حق میں بہتر ہے۔ چنانچہ جس طرح سے انھوں نے رسولِ خدا کے سامنے جھوٹی قسمیں کھائی تھیں قیامت کے روز بھی وہ خدا کے سامنے جھوٹی قسمیں کھائیں گے"۔

تفسیر عیاشی میں زید بن ارقم سے منقول ہے کہ جب حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غدیر خم میں حضرت علی علیہ السلام کے مولا ہونے کا اعلان کیا تو اس کے بعد ہم اپنے اپنے خیموں میں چلے آئے۔ میرے خیمہ کے ساتھ ایک خیمہ نصب تھا جس میں تین قریشی افراد بیٹھے تھے جب کہ میرے خیمہ میں حذیفہ بن الیمان تھا۔ ہم نے ساتھ والے خیمے سے آواز سنی ان تین میں سے ایک نے نبی اکرمؐ کے متعلق گستاخی کی اور کہا کہ محمدؐ کیا سمجھتا ہے کہ اس کے بعد علیؑ حکومت کرے گا؟ دوسرے بد بخت نے بھی اس جیسی گستاخی کی اور اس کی تائید کی۔ تیسرے بد بخت نے بھی ان کی ہاں میں ہاں ملائی اور اس نے بھی آنحضرتؐ کے متعلق نازیبا کلمات کہے اور کہا: خدا کی قسم! جو کچھ محمدؐ چاہتا ہے ایسا کبھی نہیں ہوگا۔ حذیفہ کو بہت غصہ آیا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اور اس نے خیمہ کا ایک کنارا ہٹایا اور ان کے خیمہ میں سر داخل کر کے کہا: رسولؐ خدا کی زندگی میں تم اس طرح کی باتیں کر رہے ہو جب کہ ابھی تک وحی الٰہی کا سلسلہ جاری ہے۔ میں آنحضرتؐ کو تمھاری گفتگو سے باخبر کروں گا۔

انھوں نے حذیفہ سے کہا کہ بندۂ خدا ہمیں معلوم نہ تھا کہ تو بھی یہاں موجود ہے اور ہماری باتوں کو سن رہا ہے۔ ہمسائے کی باتیں امانت ہوتی ہیں لہٰذا تم انھیں امانت سمجھ کر اپنے پاس محفوظ رکھو۔

حذیفہ نے کہا کہ ایسی باتیں امانت نہیں ہوتیں۔ اگر میں نے آنحضرتؐ کو اس سے مطلع نہ کیا تو میں سمجھوں گا کہ میں نے خدا و رسولؐ کی خیر خواہی میں کوتاہی کی ہے۔ انھوں نے کہا کہ اگر یہ بات ہے تو تم اپنا شوق پورا کرلو۔ ہم قسم کھا کر ان سے کہیں گے کہ ہم نے ایسی کوئی بات نہیں کہی' یہ ہم پر جھوٹ ہے۔ جب ہم تین افراد قسم کھا کر بات کریں گے تو ہمیں یقین ہے کہ نبی ہمیں سچا قرار دے گا اور تمھیں جھوٹا قرار دے گا۔

حذیفہ نے کہا: خواہ کچھ بھی ہو میں خدا و رسول کی خیر خواہی کر کے ہی رہوں گا۔ یہ کہہ کر حذیفہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے اس وقت علی علیہ السلام بھی نبی اکرمؐ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے اور انھوں نے تلوار حمائل کی ہوئی تھی۔ حضرت حذیفہ نے منافقین کی گفتگو آنحضرتؐ سے نقل کی۔ رسول اکرمؐ نے انھیں بلایا۔ انھوں نے آنحضرتؐ کے سامنے قسم کھا کر کہا کہ یہ سراسر جھوٹ اور افترا ہے۔ ہم نے سرے سے ایسی کوئی بات ہی نہیں کی۔

اس وقت جبریل امینؑ یہ آیت لائے: يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ مَا قَالُوْا ۚ وَلَقَدْ قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ وَكَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ "یہ خدا کی قسمیں کھا کر کہتے ہیں کہ انھوں نے وہ بات نہیں کہی جب کہ انھوں نے کافرانہ بات ضرور کہی ہے اور وہ اسلام کے بعد کافر ہو چکے ہیں"۔

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: یہ جو چاہیں کہتے پھریں میری پسلیوں میں میرا دل موجود ہے اور میری تلوار میری گردن میں موجود ہے۔ اگر یہ کچھ ارادے کر سکتے ہیں تو جواب میں میں بھی ارادہ کر سکتا ہوں۔

اس وقت جبریل امینؑ نے رسولؐ خدا سے عرض کیا کہ آپ علیؑ کو آنے والے واقعات کی خبر دیں۔

حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کو آنے والے حالات کی خبر دی تو حضرت علی علیہ السلام نے کہا: اگر تقدیرِ خدا یہی ہے تو پھر میں بھی تقدیر کے فیصلہ پر صبر کروں گا۔

ایک اور روایت میں حضرت حذیفہؓ کے بجائے حضرت مقدادؓ کا نام بیان کیا گیا ہے اور ان کے حوالے سے مذکورہ بالا واقعہ بیان کیا گیا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ثعلبہ انصاری کا واقعہ

وَمِنْهُمْ مَّنْ عٰهَدَ اللّٰهَ لَئِنْ اٰتٰنَا مِنْ فَضْلِهٖ لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُوْنَنَّ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ فَلَمَّآ اٰتٰىهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ بَخِلُوْا بِهٖ وَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝

''اور ان میں بعض ایسے بھی ہیں جنھوں نے اللہ سے عہد کیا تھا کہ اگر اس نے اپنے فضل سے ہم کو نوازا تو ہم اس کی راہ میں صدقہ دیں گے اور صالح بن کر رہیں گے۔ مگر جب اللہ نے اپنے فضل سے ان کو دولت مند بنا دیا تو وہ بخل پر اُتر آئے اور کنارہ کش ہو کر پلٹ گئے''۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے ثعلبہ بن خاطب بن عمرو بن عوف کی مذمت کی ہے۔ وہ پہلے انتہائی مفلس تھا۔ اس نے خدا سے عہد کیا تھا کہ اگر خدا نے اسے وافر مقدار میں رزق عطا کیا تو وہ زکوٰۃ و صدقات کی پابندی کرے گا۔ لیکن جب اللہ نے اسے وسیع رزق دیا تو وہ اپنے عہد پر قائم نہ رہا اور اس نے بخل سے کام لیا۔ ان آیات میں اس کے طرزِ عمل کی مذمت کی گئی ہے۔

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ ایک قول کے مطابق یہ آیات ثعلبہ بن خاطب کے بارے میں نازل ہوئیں۔ اس کا تعلق انصار مدینہ سے تھا اور وہ انتہائی غریب و مفلس شخص تھا۔ اس نے حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا کہ آپؐ اللہ تعالیٰ سے درخواست کریں کہ وہ مجھے بہت سی دولت عطا فرمائے۔

نبی اکرمؐ نے فرمایا: ثعلبہ وہ کم رزق جس کا تو شکر ادا کر سکے وہ اس زیادہ رزق سے بہتر ہے جس کا تم سے شکر ادا نہ ہو سکے۔ کیا میں تیرے لیے اسوۂ کامل نہیں ہوں۔ مجھے اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے اگر میں ارادہ کرلوں تو یہ پہاڑ سونے اور چاندی کے ہو جائیں اور میرے ساتھ چلنے لگ جائیں۔

اس وقت ثعلبہ خاموشی سے اُٹھ کر چلا گیا۔ پھر چند دنوں بعد وہ حاضرِ خدمت ہوا اور حصولِ دولت کے لیے دعا کی التجا کی اور کہا: مجھے اس ذات کی قسم! جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے۔ میں خدا سے عہد کرتا ہوں کہ اگر اس نے مجھے دولت دے دی تو ہر صاحب حق کو اس کا حق دوں گا۔ اس وقت رسولؐ خدا نے بارگاہِ خداوندی میں درخواست کی اور کہا: پروردگار! ثعلبہ کو مال عطا فرما۔

راوی کا بیان ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعا قبول ہوئی۔ اس کے گھر کی بکری کیڑے مکوڑوں کی طرح سے بچوں پر بچے دینے لگی۔ کچھ عرصہ بعد اس کے پاس اتنی بکریاں ہوگئیں کہ اس کے لیے شہر مدینہ تنگ پڑ گیا۔ اس نے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

مدینہ چھوڑ دیا اور ایک وادی میں رہنے لگ گیا۔ رسولؐ خدا نے زکوٰۃ کی وصولی کے لیے زکوٰۃ کے نمائندے کو اس کے پاس بھیجا لیکن اس نے یہ کہہ کر زکوٰۃ دینے سے انکار کر دیا کہ یہ مجھے جزیہ کی بہن دکھائی دیتی ہے۔

زکوٰۃ کا نمائندہ خالی ہاتھ واپس آیا اور اس نے رسولؐ خدا کو ثعلبہ کا جواب سنایا۔ آنحضرتؐ نے فرمایا: ثعلبہ پر افسوس۔ اس وقت اللہ تعالیٰ نے اس کے متعلق مذکورہ آیات نازل فرمائیں۔

علاماتِ نفاق

فَاَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا فِيْ قُلُوْبِهِمْ اِلٰى يَوْمِ يَلْقَوْنَهٗ بِمَآ اَخْلَفُوا اللّٰهَ مَا وَعَدُوْهُ وَبِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ۝

''ان کے بخل نے ان کے دلوں میں نفاق راسخ کر دیا جو خدا کے حضور پیشی کے دن تک ان کا پیچھا نہ چھوڑے گا کیونکہ انھوں نے خدا سے وعدہ خلافی کی ہے اور وہ جھوٹ بولتے ہیں''۔

کتاب التوحید میں حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام سے منقول ہے' آپؑ نے فرمایا: قرآن مجید میں جہاں جہاں ''لقائے رب'' کے متعلق آیات ہیں مثلاً الذین یظنون انھم ملاقوا ربھم یا الی یوم یلقونہ جیسی آیات میں ''لقاء'' سے مراد وہ ملاقات نہیں ہے جس میں رویت شامل ہوتی ہے۔ ''لقاء'' سے خدا کے حضور پیشی مراد ہے۔

کتاب الخصال میں عبداللہ بن مسعود سے منقول ہے کہ حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس میں چار عادات پائی جائیں وہ منافق ہے اور جس میں ان میں سے ایک عادت ہو تو بھی اس میں منافقت کی خصلت موجود ہے جب تک اسے چھوڑ نہ دے: ۱- جب بات کرے تو جھوٹ بولے ۲- وعدہ کرے تو وعدہ خلافی کرے ۳- معاہدہ کرے تو غداری کرے ۴- کسی سے جھگڑا کرے تو گالیاں دے۔

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایک حدیث صحیح میں وارد ہے کہ منافق کی تین علامات ہیں: ۱- جب بات کرے تو جھوٹ بولے ۲- وعدہ کرے تو وعدہ خلافی کرے ۳- اس کے پاس امانت رکھی جائے تو اس میں خیانت کرے۔

اہلِ خیر پر اعتراض کرنے والے

اَلَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي الصَّدَقٰتِ وَالَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ اِلَّا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

جُهْدَهُمْ فَيَسْخَرُوْنَ مِنْهُمْ ۙ سَخِرَ اللّٰهُ مِنْهُمْ ۙ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝

''وہ لوگ جو فراخ دلی سے حصّہ لینے والے مومنین اور ان غریبوں پر جن کے پاس ان کی محنت کے علاوہ کچھ نہیں ہے' الزام لگاتے ہیں پھر ان کا مذاق اُڑاتے ہیں۔ اللہ ان مذاق اڑانے والوں کا مذاق اُڑاتا ہے اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے''۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں اس آیت کے شانِ نزول کے متعلق لکھا ہے کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غزوۂ تبوک کے لیے لوگوں سے مالی تعاون کا سوال کیا تو کچھ فراخ دل افراد نے دل کھول کر مدد کی اور بعض مزدوروں نے اپنی آدھی مزدوری اس فنڈ میں جمع کرائی۔ منافق اسے دیکھ کر کڑھتے تھے۔ جو شخص فراخ دلی سے مدد کرتا تھا تو منافق کہتے تھے کہ یہ ریاکار اور شہرت پسند ہے اور جب کوئی غریب اپنی حسب استطاعت رقم جمع کراتا تو یہ مذاق اڑا کر کہتے تھے بھلا اس معمولی سی رقم کے ذریعہ سے بھی رومۃ الکبریٰ کے لشکر کو شکست دی جاسکتی ہے۔

ایک مرتبہ سالم بن عمیر انصاری ایک صاع (قریباً تین کلوگرام) کھجوریں لے کر آئے اور انھوں نے بارگاہ رسالتؐ میں عرض کیا: یارسولؐ اللہ! میں نے ساری رات ایک شخص کی کھجوروں کو ڈول بھر بھر کر پانی پلایا۔ اس نے اُجرت میں مجھے دو صاع کھجوریں دی ہیں۔ میں نے اس میں سے ایک صاع اپنے گھر رکھا ہے اور ایک صاع کھجوریں لے آیا ہوں اور یہ خدا کو قرض میں دے رہا ہوں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب صحابی کا جذبہ دیکھا تو آپؐ نے اس کے جذبات کی قدر کی اور فرمایا: اس کی کھجوروں کو عطیات کے ڈھیر پر رکھ دیا جائے۔

منافقین نے ایک دوسرے سے کہا کہ اللہ تو بڑا غنی ہے وہ بھلا اس کی کھجوروں کو کیا کرے گا۔ اصل بات یہ ہے کہ ''ابوعقیل'' (سالم بن عمیر انصاری کی کنیت) تھوڑی سی کھجوریں پیش کر کے اپنے آپ کو عطیہ دہندگان میں شمار کرنا چاہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس پر مذکورہ آیت نازل فرمائی۔

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا گیا کہ کون سا صدقہ افضل ہے؟ آنحضرتؐ نے فرمایا: ایک مفلس کی خیرات سب سے افضل ہے۔

عیون الاخبار میں امام علی رضا علیہ السلام سے منقول ہے' آپؑ نے فرمایا: اللہ مذاق نہیں کرتا' کسی کا ٹھٹھہ نہیں اُڑاتا' وہ مکر نہیں کرتا' وہ کسی کو دھوکا نہیں دیتا البتہ اللہ ان افعال کی جزا دیتا ہے' اللہ اس سے کہیں بلند و برتر ہے جو ظالم لوگ اس کے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

متعلق بیان کرتے ہیں۔

تفسیر عیاشی میں مرقوم ہے کہ حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام نے ایک شخص کی کھجوروں کو اُجرت پر پانی پلایا اور ہر ڈول کے بدلے ایک کھجور کا دانہ اُجرت طے کیا۔ جب آپؑ کو مزدوری ملی تو آپؑ مزدوری کی کھجوریں لے کر پیغمبر اکرمؐ کی خدمت میں آئے اور عرض کیا: یارسولؐ اللہ! یہ کھجوریں میری طرف سے قبول فرمائیں۔ اس وقت ابن عوف دروازے پر کھڑا تھا۔ اس نے اعتراض کیا تو اللہ تعالیٰ نے اَلَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي الصَّدَقٰتِ وَالَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ اِلَّا جُهْدَهُمْ.....کی آیت نازل فرمائی۔

منافقین کے لیے استغفار کی ممانعت

اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ۚ اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ۚ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝

''آپ ان کے لیے مغفرت طلب کریں یا نہ کریں اگر تم ستر مرتبہ بھی ان کی مغفرت طلب کرو تو بھی خدا انھیں ہرگز معاف نہیں کرے گا۔ اس کا سبب یہ ہے کہ انھوں نے اللہ اور اس کے رسولؐ کا انکار کیا ہے۔ اللہ فاسق لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا''۔

تفسیر عیاشی میں مرقوم ہے کہ حضرت امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا: (رسولؐ خدا اتنے مہربان تھے کہ) اللہ نے ان سے کہہ دیا تھا کہ اگر آپؐ منافقین کے لیے ستر مرتبہ بھی مغفرت طلب کریں تو بھی خدا انھیں معاف نہیں کرے گا۔

آپؐ نے فرمایا: کوئی بات نہیں اگر ستر مرتبہ استغفار سے ان کی مغفرت نہیں ہوتی تو میں ستر مرتبہ کی بجائے سو بار ان کے لیے استغفار کروں گا ممکن ہے کہ اللہ انھیں معاف کر دے۔

اللہ تعالیٰ نے پھر یہ آیات نازل فرمائیں: سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ۭ لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ۚ (المنافقون:۶) ''ان کے لیے برابر ہے خواہ آپ ان کے لیے استغفار کریں یا نہ کریں خدا انھیں ہرگز معاف نہیں کرے گا''۔ وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰي قَبْرِهٖ ۚ اگر ان میں سے کوئی مرے تو آپ اس کی نماز جنازہ نہ پڑھیں اور نہ کبھی اس کی قبر پر کھڑے ہوں''۔

ان آیات کے نزول کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منافقین کے لیے استغفار کرنا چھوڑ دیا اور پھر کسی

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

منافق کی قبر پر کھڑے نہ ہوئے۔

مجمع البیان میں علامہ طبرسی رقم طراز ہیں کہ اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ (اگر آپ ان کے لیے ستر مرتبہ بھی مغفرت طلب کریں تو بھی خدا ان کو ہرگز معاف نہیں کرے گا) کی آیت مجیدہ میں ''ستر'' سے ستر کا عدد مراد نہیں ہے۔ اس سے مقصود یہ ہے کہ خواہ آپ کتنی بار بھی ان کے لیے مغفرت طلب کریں تو بھی اللہ انھیں ہرگز معاف نہیں کرے گا۔

لغت عرب میں اس طرح کے محاورے عام استعمال ہوتے رہتے ہیں مثلاً عرب کہتے ہیں: لو قلت لی الف مرة ما قبلتُ (اگر تم ہزار بار بھی مجھ سے کہو گے تو بھی میں قبول نہیں کروں گا) اس محاورہ کا مطلب یہ نہیں ہے کہ اگر تم ایک ہزار ایک بار کہو گے تو میں قبول کرلوں گا۔ چنانچہ مذکورہ آیت میں بھی اللہ نے یہی فرمایا ہے کہ آپ خواہ کتنی بار بھی ان کے لیے مغفرت طلب کریں پھر بھی میں ان کو معاف نہیں کروں گا۔ اور روایات میں جو یہ بیان کیا گیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا کہ ''میں ان کے لیے ستر سے زیادہ مرتبہ مغفرت طلب کروں گا''۔ یہ ایک خبرِ واحد ہے جس پر بھروسہ نہیں کیا جاسکتا۔ اور اس خبرِ واحد سے یہ ترجیح ہوتا ہے کہ آنحضرتؐ کفار کے لیے استغفار کرتے تھے جب کہ یہ بات بالاجماع جائز نہیں ہے۔ اس کے برعکس رسولِ اکرمؐ سے یہ بھی مروی ہے کہ آپؐ نے فرمایا: ''اگر ستر سے زیادہ بار طلب مغفرت کرنے سے ان کی مغفرت ممکن ہوتی تو میں ضرور اس کے لیے مغفرت طلب کرتا''۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ .....کی آیت مجیدہ کا شانِ نزول یہ ہے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ واپس آئے اور رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی بیمار ہوا۔ اس کا بیٹا عبداللہ بن عبداللہ جو کہ خالص مومن تھا' آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے آنحضرتؐ سے عرض کیا کہ میرا باپ موت و حیات کی کشمکش میں مبتلا ہے۔ اگر آپؐ ہمارے پاس نہ آئے تو یہ ہمارے لیے ننگ و عار ثابت ہوگی۔ رسولؐ خدا اس کی عیادت کے لیے تشریف لے گئے۔ اس وقت اس کے گرد منافق جمع تھے۔ عبداللہ بن عبداللہ نے رسولؐ خدا سے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! اس کے لیے استغفار کریں۔ آنحضرتؐ نے اس کے لیے استغفار کیا۔

حضرت عمر بھی وہاں موجود تھے انھوں نے رسولؐ خدا سے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! کیا اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو منافق کے استغفار سے منع نہیں کیا؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کا سوال سن کر نظرانداز کردیا۔ حضرت عمر نے دوبارہ یہی سوال کیا۔ آنحضرتؐ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

نے فرمایا: تجھ پر افسوس' اللہ نے مجھے اختیار دیا ہے' میں نے استغفار کو اختیار کیا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ۚ اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ۚ (آپ ان کے لیے استغفار کریں یا نہ کریں اگر آپؐ ان کے لیے ستر بار بھی استغفار کریں تو بھی خدا انھیں ہرگز معاف نہیں کرے گا)

عبداللہ کی موت کے بعد اس کا بیٹا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آیا اور عرض کیا: میرے ماں باپ آپؐ پر قربان اگر آپؐ مناسب سمجھیں تو میرے والد کے جنازہ میں شرکت فرمائیں۔

رسولؐ خدا اس کے کہنے پر جنازہ میں تشریف لے گئے اور اس کی قبر پر کھڑے ہوئے۔ حضرت عمر نے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! کیا اللہ نے آپؐ کو منافقین کی نماز جنازہ اور ان کی قبر پر کھڑے ہونے سے منع نہیں کیا؟

رسولؐ خدا نے فرمایا: تجھے معلوم ہے کہ میں نے اس کے جنازہ میں کیا کہا ہے؟ میں نے تو اس کے جنازہ میں یہ کلمات کہے ہیں: اللھم احش قبرہ نارا وجوفہ نارا واصلہ النار (خدایا! اس کی قبر آگ سے بھر اور اس کے پیٹ میں آگ بھر اور اسے دوزخ میں داخل کر)۔

مجمع البیان میں انس بن مالک سے منقول ہے کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو کچھ مجھے معلوم ہے اگر تمھیں وہ معلوم ہو جائے تو تم کم سے کم ہنسو گے اور زیادہ سے زیادہ روؤ گے۔

نماز جنازہ کی تکبیرات

الکافی میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے' آپؑ نے فرمایا: جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی میت کا جنازہ پڑھتے تو آپؐ تکبیر کہتے پھر تشہد پڑھتے تھے' پھر تکبیر کہتے اور انبیاء پر درود پڑھتے تھے۔ پھر تکبیر کہتے تھے اس کے بعد اہل ایمان کے لیے دعا کرتے تھے۔ پھر چوتھی تکبیر کہنے کے بعد میت کے لیے دعا کرتے تھے۔ پھر آخری تکبیر کہہ کر نماز ختم کر دیتے تھے۔ جب اللہ تعالیٰ نے آنحضرتؐ کو منافقین کا جنازہ پڑھنے سے منع کیا تو آپؐ ان کے جنازہ پر چار تکبیرات پڑھتے تھے اور ان کے جنازہ پر میت کے لیے دعا نہیں کرتے تھے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: رسولؐ خدا کچھ لوگوں پر پانچ تکبیریں پڑھتے تھے اور کچھ لوگوں پر چار تکبیریں پڑھتے تھے جس پر آپؐ چار تکبیریں پڑھتے تو اسے نفاق سے متہم کیا جاتا تھا یعنی اسے منافق سمجھا جاتا تھا۔

تفسیر عیاشی میں زرارہ سے منقول ہے' اس نے کہا کہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے سنا' آپؑ نے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عبداللہ بن ابی کے بیٹے سے کہا: جب تو اپنے باپ کی تجہیز وتکفین سے فارغ ہوجائے تو مجھے خبر کرنا۔ کچھ دیر بعد اس نے آنحضرت کو خبر دی۔ نبی کریمؐ نے جوتا پہننے کا ارادہ کیا تو حضرت عمر نے کہا کہ کیا اللہ تعالیٰ نے آپؐ سے یہ نہیں فرمایا: وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ (اگر ان میں سے کوئی مرجائے تو اس کی نماز جنازہ نہ پڑھنا اور نہ کبھی اس کی قبر پر کھڑے ہونا)۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تجھ پر افسوس ہے، میں تو وہاں یہ دعا پڑھوں گا: اللھم املاء قبرہ نارًا واملاء جوفہ نارًا واصلہ یوم القیامۃ نارًا (خدایا! اس کی قبر کو آگ سے بھر، اس کے پیٹ میں آگ بھر اور اسے قیامت کے دن دوزخ میں داخل فرما)۔

حنان بن سدیر نے اپنے والد سے، اس نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے، آپؑ نے فرمایا: ایک منافق مرگیا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے بیٹے کی طرف پیغام بھیجا جب تم اس کا جنازہ لے کر نکلو تو مجھے اطلاع کرنا۔ جب اس کا جنازہ تیار ہوا تو انھوں نے آنحضرت کو اطلاع کی۔ آپؐ ان کی طرف چلے یہاں تک کہ آپؐ نے اس کے بیٹے کا جنازہ میں ہاتھ پکڑا اور چلنے لگے۔ حضرت عمر نے آپؐ پر اعتراض کیا اور کہا: یارسولؐ اللہ! کیا اللہ نے آپ کو منافقین کا جنازہ پڑھنے اور ان کی قبروں پر کھڑا ہونے سے منع نہیں کیا؟

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کوئی جواب نہ دیا۔ قبر پر پہنچنے سے پہلے حضرت عمر نے اپنے اعتراض کو دہرایا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے فرمایا: ہمیں اس کا جنازہ پڑھنے اور اس کی قبر پر کھڑا ہونے کی ضرورت نہیں تھی۔ پھر آپؐ نے فرمایا: اس کا بیٹا مومن ہے۔ ہم پر اس کے حق کی ادائیگی ضروری ہے۔

حضرت عمر نے کہا: میں خدا سے اس کی ناراضگی اور آپؐ کی ناراضگی سے پناہ چاہتا ہوں۔

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ روایات میں وارد ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عبداللہ بن ابی کا نماز جنازہ پڑھا اور اس کے کفن کے لیے آپ نے اپنی قمیص عطا فرمائی۔ اس وقت تک اللہ نے آپؐ کو منافقین کا جنازہ پڑھنے سے منع نہیں کیا تھا؟ یہ روایت ابن عباس، جابر اور قتادہ سے منقول ہے۔

ایک اور روایت میں مذکور ہے کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کا جنازہ پڑھنے کا ارادہ کیا تو جبریل امینؑ نے آپؐ کا کپڑا پکڑ کر یہ آیت تلاوت فرمائی: وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا .....(اگر ان میں سے کوئی مرجائے تو آپؐ اس کا جنازہ نہ پڑھیں)۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کہا جاتا ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا گیا کہ وہ تو کافر تھا اس کے باوجود آپ نے اس کے کفن کے لیے قمیص کیوں بھیجی؟

آپؐ نے فرمایا: میری قمیص خدا کے حضور اسے ہرگز فائدہ نہ دے سکے گی میں خدا سے اُمید کرتا ہوں کہ میرے اس عمل کی وجہ سے بہت سے لوگ اسلام میں داخل ہوں گے۔ چنانچہ روایات میں مذکور ہے کہ جب لوگوں نے دیکھا کہ رسولؐ خدا کے قمیص سے ان کے سردار عبداللہ بن ابی نے اپنی مغفرت کا سہارا تلاش کیا تھا تو اس وجہ سے قبیلہ خزرج کے ایک ہزار افراد نے اسلام قبول کیا۔ یہ روایت زجاج سے منقول ہے جب کہ اکثر روایت میں بیان کیا گیا کہ آنحضرتؐ نے اس کی نماز جنازہ نہیں پڑھی تھی۔

عوالی اللئالی میں مرقوم ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عبداللہ بن ابی کی نماز جنازہ پڑھی تو حضرت عمر نے آپؐ سے کہا: کیا آپؐ ایک دشمنِ خدا کا نماز جنازہ پڑھتے ہیں جب کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو منافقین کا جنازہ پڑھنے سے منع کیا ہے؟

آنحضرتؐ نے فرمایا: تجھے کیا معلوم ہے کہ میں نے کیا پڑھا تھا۔ میں نے تو یہ پڑھا ہے: اللھم احش قبرہ نارًا وسلّط علیہ الحیات والعقارب "خدایا! اس کی قبر کو آگ سے بھر دے اور اس پر سانپ بچھو مسلط فرما"۔

وَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَاَوْلَادُهُمْ ؕ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّعَذِّبَهُمْ
بِهَا فِي الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۸۵﴾ وَاِذَآ اُنْزِلَتْ
سُوْرَةٌ اَنْ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَجَاهِدُوْا مَعَ رَسُوْلِهِ اسْتَاْذَنَكَ اُولُوا
الطَّوْلِ مِنْهُمْ وَقَالُوْا ذَرْنَا نَكُنْ مَّعَ الْقٰعِدِيْنَ ﴿۸۶﴾ رَضُوْا بِاَنْ
يَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ وَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ﴿۸۷﴾
لٰكِنِ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۚ
وَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْخَيْرٰتُ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۸۸﴾ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ
الْعَظِیْمُ ﴿۸۹﴾ وَجَآءَ الْمُعَذِّرُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ لِیُؤْذَنَ لَهُمْ وَقَعَدَ
الَّذِیْنَ كَذَبُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ سَیُصِیْبُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ
عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿۹۰﴾ لَیْسَ عَلَى الضُّعَفَآءِ وَلَا عَلَى الْمَرْضٰى وَلَا عَلَى
الَّذِیْنَ لَا یَجِدُوْنَ مَا یُنْفِقُوْنَ حَرَجٌ اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ مَا
عَلَى الْمُحْسِنِیْنَ مِنْ سَبِیْلٍ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۹۱﴾ وَّلَا عَلَى
الَّذِیْنَ اِذَا مَاۤ اَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَاۤ اَجِدُ مَاۤ اَحْمِلُكُمْ عَلَیْهِ ۖ
تَوَلَّوْا وَّاَعْیُنُهُمْ تَفِیْضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا اَلَّا یَجِدُوْا مَا یُنْفِقُوْنَ ؕ ﴿۹۲﴾
اِنَّمَا السَّبِیْلُ عَلَى الَّذِیْنَ یَسْتَاْذِنُوْنَكَ وَهُمْ اَغْنِیَآءُ ۚ رَضُوْا بِاَنْ
یَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ ۙ وَطَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۹۳﴾

یَعْتَذِرُوْنَ اِلَیْكُمْ اِذَا رَجَعْتُمْ اِلَیْهِمْ ؕ قُلْ لَّا تَعْتَذِرُوْا لَنْ

نُّؤْمِنَ لَكُمْ قَدْ نَبَّاَنَا اللّٰهُ مِنْ اَخْبَارِكُمْ ؕ وَسَیَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ
وَرَسُوْلُهٗ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ فَیُنَبِّئُكُمْ بِمَا
كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۴﴾ سَیَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ اِذَا انْقَلَبْتُمْ اِلَیْهِمْ
لِتُعْرِضُوْا عَنْهُمْ ؕ فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمْ ؕ اِنَّهُمْ رِجْسٌ ۖ وَّمَاْوٰىهُمْ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

جَهَنَّمُ ۚ جَزَآءً بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴿٩٥﴾ يَحْلِفُونَ لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ
ۚ فَإِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى عَنِ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿٩٦﴾
اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا وَّاَجْدَرُ اَلَّا يَعْلَمُوْا حُدُوْدَ مَآ
اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٩٧﴾ وَمِنَ الْاَعْرَابِ
مَنْ يَّتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ مَغْرَمًا وَّيَتَرَبَّصُ بِكُمُ الدَّوَآئِرَ ؕ عَلَيْهِمْ
دَآئِرَةُ السَّوْءِ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٩٨﴾ وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ
يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ
وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ ؕ اَلَآ اِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ ؕ سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِيْ
رَحْمَتِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٩٩﴾ وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ
الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ ۙ رَّضِيَ اللّٰهُ
عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ
خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿١٠٠﴾ وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ مِّنَ
الْاَعْرَابِ مُنٰفِقُوْنَ ۛ وَمِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ۛ مَرَدُوْا عَلَى النِّفَاقِ
لَا تَعْلَمُهُمْ ؕ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ؕ سَنُعَذِّبُهُمْ مَّرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّوْنَ
اِلٰى عَذَابٍ عَظِيْمٍ ﴿١٠١﴾ وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۰۲﴾ خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ
وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ؕ وَاللّٰهُ
سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۰۳﴾ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ
عِبَادِهٖ وَيَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۰۴﴾ وَقُلِ
اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ
وَسَتُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ
تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ وَاٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ لِاَمْرِ اللّٰهِ اِمَّا يُعَذِّبُهُمْ وَاِمَّا
يَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۰۶﴾

”اور ان کے اموال و اولاد آپ کو حیرت میں نہ ڈال دیں۔ اللہ تو بس یہ چاہتا ہے کہ مال و اولاد کے ذریعہ سے انھیں دنیا میں عذاب دے اور ان کی جانیں اس حال میں نکلیں کہ وہ کافر ہوں۔

اور جب کوئی سورہ نازل ہوتی ہے کہ اللہ پر ایمان لاؤ اور رسول کے ساتھ شامل ہو کر جہاد کرو تو ان کے صاحبانِ حیثیت آپ سے درخواست کرنے لگ گئے اور انھوں نے کہا کہ ہمیں چھوڑ دیں کہ ہم بیٹھے رہنے والوں کے ساتھ رہیں۔ ان لوگوں نے گھر میں بیٹھنے والیوں کے ساتھ شامل ہونا پسند کرلیا ہے اور ان کے دلوں پر مہر لگا دی گئی ہے۔ وہ کچھ بھی نہیں سمجھیں گے۔ لیکن رسول اور ان پر ایمان لانے والوں نے اپنے مال و جان سے جہاد

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

میں شرکت کی ہے۔ ساری بھلائیاں انھی کے لیے ہیں اور وہی فلاح پانے والے ہیں۔
اللہ نے ان کے لیے ایسے باغات تیار کیے ہیں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں' وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے۔ یہ عظیم الشان کامیابی ہے۔

بدوی عربوں میں سے بھی معذرت کرنے والے آئے کہ انھیں بھی پیچھے رہنے کی اجازت دی جائے۔ اسی طرح وہ لوگ بھی گھروں میں بیٹھ گئے جنھوں نے اللہ اور اس کے رسول سے جھوٹا عہد کیا تھا۔ عنقریب ان کافروں پر دردناک عذاب نازل ہوگا۔

جو لوگ کمزور ہیں یا بیمار ہیں یا ان کے پاس راہِ خدا میں خرچ کرنے کے لیے کچھ نہیں ہے تو ان کے بیٹھے رہنے میں کوئی حرج نہیں ہے بشرطیکہ وہ خدا و رسول کے خیرخواہ ہوں۔ نیک کردار لوگوں پر کوئی الزام نہیں ہے۔ اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

اسی طرح سے ان لوگوں پر بھی اعتراض کا کوئی موقع نہیں ہے جنھوں نے خود آ کر تم سے درخواست کی تھی کہ ہمارے لیے سواریاں بہم پہنچائی جائیں اور جب تم نے کہا کہ میں تمھارے لیے سواریوں کا کوئی انتظام نہیں کرسکتا تو وہ مجبوراً واپس گئے اور حالت یہ تھی کہ ان کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے اور انھیں اس بات کا بڑا صدمہ تھا کہ وہ اپنے خرچ پر شریکِ جہاد ہونے کی قدرت نہیں رکھتے۔ البتہ اعتراض تو ان لوگوں پر ہے جو مالدار ہیں۔ پھر بھی تم سے درخواست کرتے ہیں کہ انھیں شرکتِ جہاد سے معاف رکھا جائے۔ انھوں نے گھر بیٹھنے والیوں میں شامل ہونا پسند کرلیا ہے۔ اللہ نے ان کے دلوں پر مہر لگا دی ہے اس لیے اب وہ کچھ نہیں جانتے۔

جب تم پلٹ کر ان کے پاس پہنچو گے تو یہ طرح طرح کے عذر پیش کریں گے۔ آپ ان سے کہہ دینا کہ بہانے مت بناؤ۔ ہم تمھاری باتوں کا اعتبار نہیں کریں گے۔ اللہ نے ہمیں تمھارے حالات سے آگاہ کر دیا ہے۔ اب اللہ اور اس کا رسول تمھارے طرزِ عمل کو دیکھے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

گا۔ پھر تم اس کی طرف پلٹائے جاؤ گے جو حاضر و غائب کے جاننے والا ہے۔ وہ تمھیں تمھارے اعمال کی خبر دے گا۔

عنقریب یہ لوگ تمھاری واپسی پر خدا کی قسمیں کھائیں گے تاکہ تم ان سے درگزر کرو۔ تم ان سے صرفِ نظر ہی کرلو۔ یہ مجسم نجاست ہیں اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے جو ان کی کمائی کے عوض انھیں نصیب ہوگی۔ یہ تمھارے لیے قسمیں کھائیں گے کہ کسی طرح سے تم ان سے راضی ہوجاؤ حالانکہ تم ان سے راضی ہو بھی گئے تو اللہ ان فاسق لوگوں سے راضی نہیں ہوگا۔

بدوی عرب کفر و نفاق میں زیادہ سخت ہیں اور وہ اس قابل ہیں کہ جو کتاب خدا نے اپنے رسول پر نازل کی ہے وہ اس کے حدود و احکام کو نہ پہچانیں۔ اللہ خوب جاننے والا اور صاحبِ حکمت ہے۔

انھی اعراب میں ایسے لوگ بھی ہیں جو راہِ خدا میں کچھ خرچ کرتے ہیں تو وہ اسے اپنے اُوپر تاوان سمجھتے ہیں اور تمھارے لیے گردشِ زمانہ کا انتظار کر رہے ہیں۔ خود انھی پر بُری گردش کی مار ہے اور اللہ خوب سننے والا اور جاننے والا ہے۔

اور ان اعراب میں وہ بھی ہیں جو اللہ اور روزِ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں اور جو کچھ خرچ کرتے ہیں اسے اللہ کی قربت اور رسول کی دعائے رحمت کا ذریعہ سمجھتے ہیں۔ بے شک یہ ان کے لیے سامانِ قربت ہے۔ خدا عنقریب انھیں اپنی رحمت میں داخل کرے گا۔ یقیناً اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

اور مہاجرین و انصار میں سے سبقت کرنے والے اور جن لوگوں نے نیکی میں ان کی پیروی کی ہے ان سب سے خدا راضی ہوا اور وہ اللہ سے راضی ہوئے۔ اللہ نے ان کے لیے ایسے باغ تیار کیے ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی۔ وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ یہ بہت بڑی کامیابی ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

Scanned by CamScanner

تمھارے گرد بدویوں میں منافق موجود ہیں اور اسی طرح خود مدینہ کے باشندوں میں بھی منافق موجود ہیں جو نفاق میں طاق ہوگئے ہیں۔ تم انھیں نہیں جانتے ہم ان کو جانتے ہیں۔ ہم عنقریب انھیں دوہری سزا دیں گے۔ پھر انھیں عذابِ عظیم کی جانب پلٹایا جائے گا۔

کچھ اور لوگ ہیں جنھوں نے اپنے گناہوں کا اعتراف کرلیا ہے۔ انھوں نے نیک اور برے اعمال مخلوط کر دیئے ہیں۔ عنقریب خدا ان کی توبہ قبول کرلے گا۔ بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

اے نبیؐ! آپ ان کے اموال سے صدقہ لے کر انھیں پاک کریں اور ان کا تزکیہ کریں اور ان کے حق میں دعا کریں۔ یقیناً آپ کی دعا ان کے لیے تسکین کا باعث ہے اور خدا سب کچھ سننے والا جاننے والا ہے۔

کیا انھیں علم نہیں ہے کہ اللہ ہی اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور ان کی خیرات کو قبولیت عطا کرتا ہے اور یقیناً اللہ ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔ آپ کہہ دیجیے تم لوگ عمل کرتے رہو کہ تمھارے عمل کو اللہ اور اس کا رسول اور اہلِ ایمان دیکھ رہے ہیں۔ پھر تم اس کی طرف پلٹائے جاؤ گے جو حاضر و غائب کے جاننے والا ہے۔ وہ تمھیں تمھارے اعمال کی خبر دے گا۔ کچھ دوسرے ہیں جن کا معاملہ ابھی خدا کے حکم پر ٹھہرا ہوا ہے چاہے تو انھیں سزا دے اور اگر چاہے تو ان کی توبہ قبول کرے۔ اللہ سب کچھ جاننے والا اور حکمت والا ہے"۔

منافقین جھوٹے ہیں

رَضُوْا بِاَنْ یَّکُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ .....

"انھوں نے گھر میں بیٹھنے والیوں کے ساتھ شامل ہونا پسند کرلیا ہے"۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: لفظ "خوالف" سے خانہ نشین عورتیں مراد ہیں۔ منافقین نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے بہانہ بناتے ہوئے کہا کہ آپ ہمیں گھر رہنے کی اجازت

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

دیں' کیونکہ ہمارے گھر خالی پڑے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی تردید کرتے ہوئے فرمایا کہ ان کے گھر خالی نہیں ہیں لوگ صرف بھاگنا چاہتے ہیں۔ ان کے گھر ہر لحاظ سے محفوظ ہیں۔

بے استطاعت مخلص

لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَآءِ وَلَا عَلَى الْمَرْضٰى وَلَا عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ مَا يُنْفِقُوْنَ حَرَجٌ اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ مَا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ سَبِيْلٍ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَّلَا عَلَى الَّذِيْنَ اِذَا مَاۤ اَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَاۤ اَجِدُ مَاۤ اَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ ۖ تَوَلَّوْا وَّاَعْيُنُهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا اَلَّا يَجِدُوْا مَا يُنْفِقُوْنَ ۝

''جو لوگ کمزور ہیں یا بیمار ہیں یا ان کے پاس راہِ خدا میں خرچ کرنے کے لیے کچھ نہیں ہے تو ان کے بیٹھے رہنے میں کوئی حرج نہیں ہے' بشرطیکہ وہ خدا اور رسولؐ کے خیر خواہ ہوں۔ نیک کردار لوگوں پر کوئی الزام نہیں ہے۔ اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اسی طرح سے ان لوگوں پر بھی اعتراض کا کوئی موقع نہیں ہے جنھوں نے خود آ کر تم سے درخواست کی تھی کہ ہمارے لیے سواریاں بہم پہنچائی جائیں اور جب تم نے کہا کہ میں تمھارے لیے سواریوں کا انتظام نہیں کر سکتا تو وہ مجبوراً واپس گئے اور حالت یہ تھی کہ ان کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔ انھیں اس بات کا بڑا صدمہ تھا کہ وہ اپنے خرچ پر شریکِ جہاد ہونے کی قدرت نہیں رکھتے''۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مذکور ہے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں کچھ مخلص مگر مفلس اہلِ ایمان آئے۔ ان کی تعداد سات افراد پر مشتمل تھی۔ یہ افراد روتے ہوئے آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ ان میں سے سالم بن عمیر کا تعلق بنی عمرو بن عوف سے تھا اور وہ جنگِ بدر میں بھی شامل ہوئے تھے۔ ہرمی بن عمیر (ہرمی بن عبداللہ) کا تعلق بنی واقف سے تھا اور علبہ بن زید کا تعلق بنی حارثہ سے تھا۔ جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں کو جنگِ تبوک کے لیے فنڈ لانے کو کہا تو یہ آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انھوں نے کہا: یارسولؐ اللہ! میرے پاس حاضر کرنے کے لیے دولت نہیں ہے۔ میں اپنی عظمت و آبرو حلال کرتا ہوں۔ مقصد یہ ہے کہ میں لوگوں کے لیے اپنے عیوب بیان کرنا حلال کرتا ہوں۔ رسولِ خدا نے فرمایا کہ اللہ نے تیرا صدقہ قبول کیا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ابو یعلی عبدالرحمٰن بن کعب کا تعلق بنی مازن سے تھا۔ عمرو بن غنیمہ کا تعلق بنی سلمہ سے تھا۔ سلمہ بن صخر کا تعلق بنی زریق سے تھا اور ماضرہ بن سارہ السلمی کا تعلق بنی العنز سے تھا۔ الغرض مذکورہ افراد روتے ہوئے آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انھوں نے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! ہمارے پاس سواریاں موجود نہیں ہیں۔ آپؐ ہمیں سواریاں مہیا کریں تاکہ ہم بھی جہاد میں شرکت کرسکیں۔

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سواری فراہم کرنے سے معذرت کرتے ہوئے فرمایا کہ میرے پاس سواریاں موجود نہیں ہیں۔ اگر سواریاں ہوتیں تو میں ضرور تمھیں سوار کراتا۔

آنحضرتؐ کا یہ جواب سن کر وہ لوگ روتے ہوئے اپنے گھروں کو چلے گئے۔ اللہ تعالیٰ کو ان کا اخلاص اتنا پسند آیا کہ اللہ نے ان کے متعلق یہ آیت نازل فرمائی: وَّلَا عَلَى الَّذِيْنَ اِذَا مَآ اَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ ..... ''ان لوگوں پر اعتراض کا کوئی موقع نہیں ہے جنھوں نے خود آکر آپؐ کے پاس درخواست کی کہ ہمارے لیے سواریاں بہم پہنچائی جائیں اور جب تم نے کہا کہ میں تمھارے لیے سواریاں فراہم نہیں کرسکتا تو وہ روتے ہوئے واپس چلے گئے''۔

پھر اللہ تعالیٰ نے صاحبانِ قدرت کی مذمت کی جن کے پاس سفر کے لیے وسائل موجود تھے اس کے باوجود بھی انھوں نے جہاد کی بجائے گھر میں رہنے کو ترجیح دی۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ایسے افراد کے لیے فرمایا: اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ وَهُمْ اَغْنِيَآءُ ۚ رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ ۙ وَطَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ ''اعتراض تو ان لوگوں پر ہے جو مالدار ہیں پھر بھی تم سے گھر میں بیٹھے رہنے کی اجازت طلب کرتے ہیں۔ انھوں نے گھر میں بیٹھنے والیوں کے ساتھ شامل ہونا پسند کرلیا ہے۔ اللہ نے ان کے دلوں پر مہر لگادی ہے۔ اس لیے وہ کچھ نہیں جانتے''۔ اس طرح کی اجازت مانگنے والوں کی تعداد ۸۰ افراد پر مشتمل تھی اور ان کا تعلق مختلف قبائل سے تھا۔

اصولِ کافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ایک روایت کا ماحصل یہ ہے کہ خدا کی طرف سے تکلیف شرعی بقدر استطاعت ہوتی ہے اور جب کسی کے پاس استطاعت نہ ہو تو اس پر سے شرعی تکلیف ہٹا دی جاتی ہے جیسا کہ اللہ نے کمزور، بیمار اور جن کے پاس راہِ خدا میں خرچ کرنے کی استطاعت نہیں تھی۔ ان کو جہاد اور جہاد کی تیاریوں سے مستثنیٰ قرار دیا تھا اور اسی طرح سے اللہ تعالیٰ نے ان اہلِ ایمان کو بھی جہاد سے معذور قرار دیا تھا، جنھوں نے آنحضرتؐ سے سواریوں کا مطالبہ کیا تھا۔

پھر آپؐ نے لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَآءِ ..... اَلَّا يَجِدُوْا مَا يُنْفِقُوْنَ ۝ کی آیات کی تلاوت فرمائی۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

من لایحضرہ الفقیہ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے ارشاد فرمایا: ہم اپنے اہل کبائر شیعوں کی شفاعت کریں گے جب کہ توبہ کرنے والوں کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: مَا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ سَبِيْلٍ (نیک کردار لوگوں پر کوئی الزام نہیں ہے)

کتاب الخصال میں تمیم الداری سے منقول ہے کہ حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو مجھے پانچ باتوں کی ضمانت دے میں اسے جنت کی ضمانت دوں گا۔ لوگوں نے کہا: یارسولؐ اللہ! وہ پانچ کون سی باتیں ہیں؟

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: (۱) اللہ تعالیٰ کی خیر خواہی (۲) اللہ کے رسول کی خیر خواہی (۳) کتاب خدا کی خیر خواہی (۴) اللہ کے دین کی خیر خواہی (۵) جماعت مسلمین کی خیر خواہی۔

تفسیر عیاشی میں عبداللہ بن حرب سے منقول ہے کہ جب امیر المومنین علی علیہ السلام جنگِ صفین سے واپس ہوئے اور آپ نخیلہ سے گزر کر کوفہ کے قریب پہنچے تو ہمیں وہاں ایک بزرگ دکھائی دیا جو ایک گھر کی دیوار کے سایہ میں بیٹھا ہوا تھا اور اس کے چہرے پر بیماری کے آثار نمایاں تھے۔ امیر المومنین علی علیہ السلام نے اسے سلام کیا' اس نے باوقار طریقہ سے سلام کا جواب دیا۔ آپؑ نے اس سے فرمایا: کیا تم اس جنگ میں ہمارے ساتھ شامل ہوئے تھے؟

اس نے جواب دیا کہ امیر المومنینؑ! میری دلی خواہش تھی کہ میں آپؑ کے ہمرکاب ہوکر جنگ میں شرکت کروں' لیکن بیماری کی وجہ سے میں شرکت نہ کرسکا۔ امیر المومنین علیہ السلام نے اس وقت یہ آیت تلاوت فرمائی: لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَآءِ وَلَا عَلَى الْمَرْضٰى وَلَا عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ مَا يُنْفِقُوْنَ حَرَجٌ اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ مَا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ سَبِيْلٍ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ (جو لوگ کمزور ہیں یا بیمار ہیں یا ان کے پاس راہِ خدا میں خرچ کرنے کے لیے کچھ نہیں ہے تو ان کے بیٹھے رہنے میں کوئی حرج نہیں ہے' بشرطیکہ وہ خدا اور اس کے رسول کے خیر خواہ ہوں۔ نیک کردار لوگوں پر کوئی الزام نہیں ہے۔ اللہ بخشنے والا مہربان ہے)

عبدالرحمٰن بن کثیر بیان کرتے ہیں کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ ہمارے شیعوں پر گناہوں اور خطاؤں کی مہر ثبت نہیں کی جاتی۔ وہ خدا کے چنے ہوئے لوگ ہیں جنھیں خدا نے اپنے دین کی خدمت کے لیے منتخب کیا ہے۔ اللہ نے انھی کے لیے فرمایا ہے: مَا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ سَبِيْلٍ (نیک کردار لوگوں پر کوئی الزام نہیں ہے)۔

حضرت امام محمد باقر اور حضرت امام جعفر صادق علیہما السلام سے منقول ہے کہ وَّلَا عَلَى الَّذِيْنَ اِذَا مَآ اَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ ..... کی آیت کے مصادیق میں عبداللہ بن یزید بن ورقاء الخزاعی بھی شامل تھے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

(توضیح: بعض کتابوں میں اس کا نام عبداللہ بن بدیل بن ورقاء الخزاعی مرقوم ہے)

اللہ کو ناراض کر کے مخلوق کی رضامندی کی خواہش نہیں کرنی چاہیے

فَاِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى عَنِ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ۝

''اگر تم ان سے راضی ہو بھی گئے تو اللہ ان فاسق لوگوں سے راضی نہیں ہوگا''۔

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آپؐ نے ارشاد فرمایا: جو شخص لوگوں کو ناراض کر کے اللہ کی رضا کو تلاش کرے تو اللہ بھی اس سے راضی ہوگا اور لوگوں کو بھی اس سے راضی کرے گا اور جو خدا کو ناراض کر کے لوگوں کی رضامندی تلاش کرے تو اللہ اس پر ناراض ہوگا اور لوگوں کو بھی اس پر ناراض کر دے گا۔

بدوی عرب کفر و نفاق میں بہت سخت ہیں

اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا

''بدوی عرب کفر و نفاق میں زیادہ سخت ہیں''۔

راغب اپنی کتاب المفردات میں لکھتے ہیں کہ عرب نسلِ اسماعیل ہیں اور لفظ ''اعراب'' کا اطلاق دیہاتی افراد پر ہوتا ہے۔ بعض علمائے لغت لکھتے ہیں کہ ''اعراب'' کی جمع ''اعاریب'' ہے۔

اللہ تعالیٰ نے اہلِ دیہات کے متعلق فرمایا ہے کہ وہ لوگ کفر و نفاق میں زیادہ سخت ہیں' کیونکہ وہ تہذیب و تمدن سے ناآشنا ہیں اور دیہات نشین ہونے کی وجہ سے علم و ادب سے محروم ہیں' اسی لیے وہ زیادہ سخت مزاج ہیں۔

اصولِ کافی میں علی بن ابی حمزہ سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے سنا کہ آپؑ فرمایا کرتے تھے: دین میں سمجھ بوجھ حاصل کرو۔ جسے دین میں سمجھ بوجھ حاصل نہ ہو تو وہ ''اعرابی'' ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں فرمایا ہے: لِيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ اِذَا رَجَعُوْٓا اِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ ۝ (التوبہ:۱۲۲) ''تاکہ وہ دین میں سمجھ بوجھ پیدا کریں اور اپنی قوم کو تبلیغ کریں جب وہ ان کی طرف لوٹ کر آئیں تاکہ وہ خدا کی نافرمانی سے بچ جائیں''۔

مفضل بن عمر بیان کرتے ہیں کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرمایا کرتے تھے: تمھیں خدا کے دین میں سمجھ بوجھ حاصل کرنی چاہیے اور ''اعراب'' مت بنو۔ جو دین میں سمجھ بوجھ سے عاری ہو تو اللہ قیامت کے دن اس کی طرف نگاہِ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

رحمت نہیں کرے گا اور اس کے اعمال میں پاکیزگی پیدا نہیں کرے گا۔

روضہ کافی میں مرقوم ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ہم بنی ہاشم ہیں اور ہمارے شیعہ "عرب" ہیں جب کہ دوسرے لوگ "اعراب" ہیں۔

"اعراب" کی دو اقسام ہیں

وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يَّتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ مَغْرَمًا وَّيَتَرَبَّصُ بِكُمُ الدَّوَآئِرَ ؕ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ ؕ اَلَاۤ اِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ ؕ سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

"انھی اعراب میں ایسے لوگ بھی ہیں جو راہِ خدا میں کچھ خرچ کرتے ہیں تو وہ اسے اپنے اوپر تاوان سمجھتے ہیں اور تمھارے لیے گردشِ زمانہ کا انتظار کر رہے ہیں۔ خود انھی پر گردشِ زمانہ کی مار ہے اور اللہ خوب سننے والا جاننے والا ہے۔ اور ان اعراب میں وہ بھی ہیں جو اللہ اور روزِ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں اور جو کچھ خرچ کرتے ہیں اسے اللہ کی قربتوں اور رسول کی دعائے رحمت کا ذریعہ سمجھتے ہیں۔ بے شک یہ ان کے لیے سامانِ قربت ہے۔ خدا عنقریب انھیں اپنی رحمت میں داخل کرے گا۔ یقیناً اللہ بخشنے والا مہربان ہے"۔

اعراب میں کچھ لوگ ایسے تھے جو راہِ خدا میں انفاق کرنے کو اپنے لیے تاوان تصور کرتے تھے خواہ انفاق کا تعلق جہاد فی سبیل اللہ سے ہو یا صدقات و زکوٰۃ سے ہو یا کسی بھی نیک مقصد سے ہو وہ اس کو اپنے لیے خسارہ اور بھاری بھرکم تاوان سمجھتے تھے اور وہ مسلمانوں کے متعلق ہر وقت گردشِ روزگار کے منتظر رہتے تھے اور سمجھتے تھے کہ مسلمان اگر آج نہیں تو کل گردشِ روزگار میں پھنسیں گے۔ ایسے لوگوں کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ یہ لوگ خود ہی گردشِ روزگار کے مارے ہوئے ہیں۔ اللہ ان کی گفتگو سن رہا ہے اور ان کے گناہوں سے خوب واقف ہے۔

ان کے برعکس اعراب میں ایسے افراد بھی موجود تھے جو خدا پر مکمل ایمان رکھتے تھے اور عقیدہ توحید پر پوری طرح سے کاربند تھے اور وہ راہِ خدا میں خرچ کرنے کو اپنے لیے تاوان اور مصیبت سمجھنے کے بجائے اسے خدا کی قربتوں اور رسول کی

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

دعائے خیر کا ذریعہ قرار دیتے تھے۔ ایسے لوگوں کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اس طرح کا اِنفاق ان کے لیے قربِ الٰہی کا ذریعہ ثابت ہوگا اور اللہ ان سے وعدہ کر رہا ہے کہ وہ انھیں اپنی رحمت میں داخل کرے گا کیونکہ وہ گناہوں کا بخشنے والا ہے اور اطاعت گزار مومنین کے گناہوں کو بخش دے گا۔

تفسیر عیاشی میں داؤد بن حصین سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ جو اعراب خدا اور رسول پر ایمان رکھتے ہوں اور قربت الٰہی کی نیت سے انفاق کریں تو کیا خدا انھیں ثواب دے گا؟ آپؑ نے فرمایا: جی ہاں۔

اصول کافی میں مرقوم ہے کہ ابوعمرو زبیری نے کہا کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا: کیا ایمان کے بھی منازل و درجات ہیں اور کیا مومن ایمان کے مختلف درجات پر فائز ہیں؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: جی ہاں' ایسا ہی ہے۔

راوی کا بیان ہے کہ میں نے امام علیہ السلام سے کہا کہ آپ اس کی وضاحت فرمائیں۔ امام علیہ السلام نے فرمایا: جس طرح گھوڑوں کی دوڑ کا مقابلہ ہوتا ہے اسی طرح سے اللہ نے اہلِ ایمان کے درمیان بھی ایمانی درجات کا مقابلہ کرایا ہے۔ پھر جتنا کسی نے سبقت کی اسے اتنے ہی درجات سے نوازا۔ لہٰذا کسی مسبوق کو سابق پر اور کسی مفضول کو فاضل پر کوئی سبقت نہیں دی گئی۔ اگر ایمان میں سبقت کرنے والوں کو فضیلت نہ دی جائے تو پھر اُمت کے آخری افراد سابقین کے برابر قرار پائیں گے۔ جب کہ اللہ نے ایمان میں سبقت حاصل کرنے والوں کو تاخیر کرنے والوں پر فضیلت دی ہے۔ اللہ نے ایمانی درجات کی وجہ سے سابقین کو مقدم رکھا اور ایمان میں تاخیر کی وجہ سے تاخیر کرنے والوں کو مؤخر رکھا۔ اگرچہ کچھ متاخرین اپنے سابقین سے نماز' روزے' حج' زکوٰۃ' جہاد و انفاق جیسے اعمال میں زیادہ ہیں لیکن پھر بھی فضیلت کے زیادہ حقدار سابقین ہی ہیں۔ اللہ آخرین کو سابقین کے درجات دینے پر رضامند نہیں ہے۔ اللہ کسی سابق کو مؤخر اور کسی مؤخر کو سابق کا رتبہ دینا نہیں چاہتا۔ کیا تم نے درجاتِ ایمانی کے لیے اللہ کا یہ فرمان نہیں پڑھا: وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ ۙ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ..... ''مہاجرین و انصار میں سے ابتدائی سبقت حاصل کرنے والے اور جن لوگوں نے نیکی میں ان کی پیروی کی ہے ان سب سے خدا راضی ہوا اور وہ خدا سے راضی ہوئے''۔

اللہ تعالیٰ نے آیت کے آغاز میں مہاجرین اولین کا ذکر کیا۔ ان کے بعد دوسرے نمبر پر انصار کا تذکرہ کیا اور تیسرے نمبر پر نیکی کے کاموں میں ان کی اتباع کرنے والوں کا تذکرہ کیا۔ اللہ تعالیٰ نے ہر طبقہ کے علیحدہ علیحدہ درجات مقرر کیے ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کتاب کمال الدین وتمام النعمۃ میں سلیم بن قیس الہلالی سے منقول ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے حضرت عثمان کے دورِ حکومت میں مسجد نبوی کے اندر مہاجرین وانصار سے گفتگو کرتے ہوئے فرمایا: میں تمھیں خدا کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کہ جب وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ اور وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ ۙ اُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ ۚ (الواقعہ: ۱۰-۱۱) کی آیات نازل ہوئیں تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سابقین کے متعلق پوچھا گیا تھا جس کے جواب میں آنحضرتؐ نے فرمایا: اللہ نے یہ آیات انبیاء اور ان کے اوصیاء کے متعلق نازل فرمائی ہیں۔ میں تمام انبیاء ورسل سے افضل ہوں اور علی بن ابی طالبؑ تمام اوصیاء سے افضل ہے۔

تو کیا یہ بات سچ ہے؟ مسجد میں موجود صحابہ نے کہا: بے شک یہ سچ ہے رسولؐ خدا نے ایسا ہی فرمایا تھا۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ سے حضرت ابوذرؓ، حضرت مقدادؓ، حضرت سلمانؓ اور حضرت عمارؓ جیسے نقباء مراد ہیں جو ابتداء میں اسلام لائے اور انھوں نے تصدیق نبوت کی اور آنحضرتؐ کے بعد ولایتِ امیر المومنین علیہ السلام کے عقیدہ پر ثابت قدم رہے۔

روضہ کافی میں ابی المقدام سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے سنا کہ آپؑ نے فرمایا کہ میں اور میرے والد ماجد مسجد نبوی میں گئے۔ جب ہم قبر مطہر اور منبر کے درمیان پہنچے تو وہاں شیعہ موجود تھے۔ میرے والد نے ان پر سلام کیا اور فرمایا:

خدا کی قسم! مجھے تمھاری خوشبو اور تمھاری ارواح سے محبت ہے۔ تم زہد و پرہیزگاری کے ذریعہ سے میری مدد کرو اور تمھیں معلوم ہونا چاہیے کہ ہماری ولایت زُہد و پرہیزگاری کے بغیر حاصل نہیں ہوسکتی۔ تم نے جسے اپنا امام تسلیم کیا ہے اس کے عمل کے مطابق عمل بجالاؤ۔ تم لوگ خدا کے شیعہ ہو، تم لوگ خدا کے انصار ہو۔ تم ''سابقون اولون'' اور ''سابقین آخرون'' ہو۔ تم لوگ دنیا میں سبقت حاصل کرنے والے ہو اور تم لوگ آخرت کے دن جنت کی طرف سبقت حاصل کرنے والے ہو۔

نہج البلاغہ میں مرقوم ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: زمین میں حجتِ خدا کی معرفت کے بغیر کسی ایک کو بھی صحیح معنی میں مہاجر نہیں کہا جاسکتا' ہاں جو اسے پہچانے اور اس کا اقرار کرے وہی مہاجر ہے۔

اوّل المسلمین کون ہیں؟

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ مہاجرین میں سے پہلے مسلم کے متعلق علماء میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ ایک قول یہ ہے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کہ سب سے پہلے ام المومنین حضرت خدیجہ بنت خویلد نے اسلام قبول کیا' اس کے بعد حضرت علی بن ابی طالب نے اسلام کا اعلان کیا۔ یہ قول ابن عباس' جابر بن عبداللہ' انس' زید بن ارقم' مجاہد' قتادہ اور ابن اسحاق کے علاوہ دوسرے بہت سے علماء سے منقول ہے۔

انس بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سوموار کے دن مبعوث ہوئے اور حضرت علی علیہ السلام نے منگل کے دن اسلام کا اعلان کیا اور نماز پڑھی۔

مجاہد اور ابن اسحاق کا بیان ہے کہ حضرت علی علیہ السلام دس برس کے تھے جب انھوں نے اسلام قبول کیا تھا۔ ان کے اسلام میں کفر شامل نہیں تھا کیونکہ رسولؐ خدا بچپن میں ہی حضرت علی علیہ السلام کو ابوطالب سے اُٹھا کر لے گئے تھے اور آنحضرتؐ نے ان کی اپنی آغوش میں ہی تربیت کی تھی۔ حضرت علی علیہ السلام ہمیشہ رسولؐ خدا کے ساتھ ہی رہتے تھے' یہاں تک کہ آپ کو نبی مبعوث کیا گیا۔ روایات میں ہے کہ حضرت ابوطالبؑ نے حضرت علی علیہ السلام سے کہا تھا کہ بیٹا! یہ کون سا دین ہے' تم نے کون سا دین اختیار کیا ہے؟

حضرت علی علیہ السلام نے کہا: ابو جان! میں اللہ اور اس کے رسولؐ پر ایمان لایا ہوں اور وہ جو کچھ لائے ہیں میں نے ان کی تصدیق کی ہے اور میں نے ان کے ساتھ شامل ہو کر اللہ کی نماز پڑھی ہے۔

یہ سن کر حضرت ابوطالبؑ نے کہا: محمدؐ ہمیشہ بھلائی کی ہی دعوت دیتے ہیں' آپؐ ان کے ساتھ وابستہ رہو۔

عباد بن عبداللہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت علی علیہ السلام سے سنا وہ فرماتے تھے:

انا عبداللّٰہ واخو رسولہ وانا الصدیق الاکبر لا یقولھا بعدی الاکذاب مفتر صلیت قبل الناس بسبع سنین –

''میں اللہ کا بندہ ہوں اور اس کے رسول کا بھائی ہوں اور میں ہی صدیق اکبر ہوں۔ میرے بعد جو بھی صدیق اکبر کا دعویٰ کرے گا وہ جھوٹا اور مفتری ہے۔ میں نے لوگوں سے سات برس قبل نماز پڑھی ہے''۔

مسند سید ابی طالب ہروی میں ابوایوب انصاری سے منقول ہے کہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پورے سات برس تک ملائکہ مجھ پر اور علیؑ پر رحمت بھیجتے رہے کیونکہ اس پورے عرصہ میں میرے اور علیؑ کے سوا کوئی نماز پڑھنے والا نہیں تھا۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

حاکم ابوالقاسم حسکانی عبدالرحمٰن بن عوف سے نقل کرتے ہیں کہ سابقین اوّلین قریش کے دس افراد ہیں۔ ان میں سے علی بن ابی طالب مسلمِ اوّل ہے۔

علیؑ وحیِ اوّل کے شاہد ہیں

نہج البلاغہ کے ایک خطبہ کے ضمن میں حضرت علی علیہ السلام نے اپنی سرگزشت بیان کرتے ہوئے فرمایا:

میں نے تو بچپن میں ہی عرب کا سینہ پیوندِ زمین کر دیا تھا اور قبیلہ ربیعہ و حضر کے اُبھرے ہوئے سینگوں کو توڑ دیا تھا۔ تم جانتے ہی ہو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے قریب کی عزیز داری اور مخصوص قدر و منزلت کی وجہ سے میرا مقام ان کے نزدیک کیا تھا۔ میں بچہ ہی تھا کہ رسولؐ نے مجھے گود میں لے لیا تھا۔ آپؐ مجھے اپنے سینہ سے چمٹائے رکھتے تھے۔ آپؐ مجھے بستر میں اپنے پہلو میں جگہ دیتے تھے۔ اپنے جسمِ مبارک کو مجھ سے مَس کرتے تھے اور اپنی خوشبو مجھے سونگھاتے تھے۔ پہلے آپؐ کسی چیز کو چباتے پھر اس کے لقمے بنا کر میرے منہ میں ڈالتے تھے۔ انھوں نے نہ تو میری کسی بات میں جھوٹ کا شائبہ پایا نہ میرے کسی کام میں لغزش و کمزوری دیکھی۔ اللہ نے آپؐ کی دودھ بڑھائی کے وقت سے ہی فرشتوں میں سے ایک عظیم المرتبت ملک (روح القدس) کو آپؐ کے ساتھ لگا دیا تھا جو انھیں شب و روز بزرگ خصلتوں اور پاکیزہ سیرتوں کی راہ پر لے چلتا تھا اور میں ان کے پیچھے پیچھے یوں لگا رہتا تھا جیسے اُونٹنی کا بچہ اپنی ماں کے پیچھے۔

آپؐ ہر روز میرے لیے اخلاق حسنہ کے پرچم بلند کرتے تھے اور مجھے ان کی پیروی کا حکم دیتے تھے اور ہر سال (کوہِ) حرا میں کچھ عرصہ قیام فرماتے تھے۔ وہاں میرے علاوہ کوئی انھیں نہیں دیکھتا تھا۔ اس وقت رسولؐ اللہ اور ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰؑ کے گھر کے علاوہ کسی گھر کی چار دیواری میں اسلام موجود نہیں تھا۔ البتہ ان میں تیسرا فرد میں تھا۔ میں وحی و رسالت کا نور دیکھتا تھا اور نبوت کی خوشبو سونگھتا تھا۔

جب آپؐ پر (پہلے پہل) وحی نازل ہوئی تو میں نے شیطان کی ایک چیخ سنی جس پر میں نے پوچھا کہ یا رسولؐ اللہ! یہ آواز کیسی ہے؟

آپؐ نے فرمایا کہ یہ شیطان ہے جو اپنے پوجے جانے سے مایوس ہو چکا ہے۔ اے علیؑ! جو میں سنتا ہوں تم بھی سنتے ہو اور جو میں دیکھتا ہوں تم بھی دیکھتے ہو۔ فرق اتنا ہے کہ تم نبی نہیں ہو بلکہ (میرے) وزیر و جانشین ہو اور یقیناً بھلائی کی راہ پر ہو۔ (اضافہ من المترجم نقلاً عن نہج البلاغہ)

Presented by Ziaraat.Com

Scanned by CamScanner

لوگوں کی اقسام

اصول کافی میں حمزہ بن طیار سے منقول ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: لوگوں کی چھ اقسام ہیں۔ میں (راوی) نے کہا: اگر آپؑ اجازت دیں تو میں اسے لکھ لوں؟

آپؑ نے فرمایا: ہاں اجازت ہے اور وہ چھ اقسام یہ ہیں:

۱- وہ اعراب جو انفاق فی سبیل اللہ کو اپنے لیے تاوان سمجھتے ہیں اور مسلمانوں کے متعلق گردش روزگار کے منتظر ہیں۔ ۲-وہ اعراب جو انفاق فی سبیل اللہ کو اللہ کی قربت اور رسول کی دعاؤں کا ذریعہ سمجھتے ہیں۔ ۳-مہاجرین کے سابقین ۴- انصار میں سے سابقین ۵- نیک کاموں میں ان کی اتباع کرنے والے ۶- وہ لوگ جنھوں نے نیک اور بداعمال کو مخلوط کر دیا ہے جن کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

"کچھ اور لوگ وہ بھی ہیں جنھوں نے اپنے گناہوں کا اعتراف کرلیا ہے اور انھوں نے نیک اور برے اعمال مخلوط کر دیئے ہیں خدا عنقریب ان کی توبہ قبول کرلے گا۔ بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے"۔

میں (راوی) نے کہا: وہ کون لوگ ہیں؟ آپؑ نے فرمایا: (قاتلِ حمزہ) وحشی کا تعلق بھی اسی گروہ سے ہے۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا (جنھوں نے نیک و بداعمال کو مخلوط کر دیا ہے) کے ضمن میں فرمایا: یہ مومنین کا وہ گروہ ہے جو ایسے گناہ سرانجام دیتے ہیں جنھیں مومن عیب شمار کرتے ہیں اور ان سے کراہت کرتے ہیں ان لوگوں کے متعلق توبہ کی قبولیت کا زیادہ امکان ہے۔

ابن شہر آشوب مناقب میں لکھتے ہیں کہ امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام نے حبیب بن مسلمہ فہری سے فرمایا: تیرے بہت سے سفر اطاعتِ خدا کے خلاف ہیں۔

اس نے کہا: لیکن میں نے جو سفر آپؑ کے والد کی طرف کیا تھا وہ تو معصیتِ خدا میں شامل نہیں تھا؟

امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام نے فرمایا: وہ تو صحیح ہے لیکن بات یہ ہے کہ تو نے تھوڑی سی دنیا کے حصول کے لیے معاویہ کی اطاعت کی ہے۔ اگر معاویہ نے اپنی دولت کے ذریعہ سے تجھے دنیاوی سہارا دیا بھی ہے تو بھی اس نے آخرت میں تجھے نقصان سے دوچار کیا ہے۔ اگر تو برے اعمال بجالاتا اور زبان سے اچھی باتیں کرتا تو تو اس گروہ میں شامل ہوجاتا جنھوں نے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

نیک و بداعمال کو مخلوط کر دیا ہے۔ لیکن تیرا تعلق تو اس گروہ سے ہے جن کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: كَلَّا بَلْ ۜ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝ (المطففین:۱۴) ''ہرگز نہیں ان کے اعمال کی وجہ سے ان کے دلوں پر زنگ چڑھا ہوا ہے''۔

تفسیر عیاشی میں خیثمہ کی زبانی منقول ہے کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ۭ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ۭ کی آیت پڑھ کر فرمایا کہ اس آیت سے ہمارے گناہ گار شیعہ مومن مراد ہیں۔

ابونصر کی روایت میں منقول ہے کہ اس سے وہ لوگ مراد ہیں جنھوں نے حضرت حمزہ اور جعفر طیار جیسے اہل ایمان کو شہید کیا پھر توبہ کر کے اسلام قبول کیا۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: قاتلِ مومن سے توبہ کی توفیق سلب کر لی جاتی ہے البتہ اللہ بندوں کی آرزو کو منقطع نہیں کرتا۔

قرآن کریم میں جہاں اللہ کے لیے لفظ ''عسیٰ'' آیا ہے تو اس کا معنی ''ممکن ہے'' نہیں ہے بلکہ وہ وجوب کے معنیٰ میں استعمال ہوا ہے۔

ابوبکر حضرمی کا بیان ہے کہ محمد بن سعید نے مجھ سے کہا کہ تم حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کے سامنے میرے نظریات و عقائد پیش کر کے پوچھو کہ آیا یہ نظریات و عقائد درست ہیں؟ تم ان سے کہنا کہ میں (محمد بن سعید) آپ حضرات سے محبت کرتا ہوں اور آپ کے دشمن سے بیزار ہوں اور میں ''قدر'' پر عقیدہ رکھتا ہوں۔

جب میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کے سامنے اس کا عقیدہ پیش کیا تو جواب میں آپؑ نے یہ آیت پڑھی: خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ۭ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ۭ (انھوں نے نیک اور بداعمال آپس میں مخلوط کر دیئے ہیں قریب ہے کہ اللہ ان کی توبہ قبول کرے)۔ پھر آپؑ نے فرمایا: میں اسے امیر المومنین کے خیر خواہوں میں سے نہیں سمجھتا۔

زرارہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے کہا کہ ہمارے پاس حق و صداقت کا ایک معیار ہے اور وہ یہ ہے کہ جو ہمارے عقائد کی موافقت کرے خواہ وہ علوی ہو یا غیر علوی ہو اس سے ہم محبت کریں گے اور جو علوی یا غیر علوی ہمارے عقائد کی مخالفت کرے ہم اس سے بیزاری کا اظہار کریں گے۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: زرارہ! اللہ کا فرمان تیرے قول سے کہیں زیادہ صحیح ہے تم نے تو یہ معیار بنایا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ہے مگر یہ بتاؤ وہ لوگ کہاں جائیں گے جنھوں نے نیک اور برے اعمال کو مخلوط کر دیا ہے؟

ابولبابہ کی توبہ

تفسیر علی بن ابراہیم میں وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ (اور کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جنھوں نے اپنے گناہوں کا اعتراف کیا ہے انھوں نے نیک اور برے اعمال مخلوط کر دیئے ہیں۔ عنقریب خدا ان کی توبہ قبول کرے گا۔ بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے) کی آیت مجیدہ کے ضمن میں مرقوم ہے کہ یہ آیت ابولبابہ بن عبدالمنذر کے حق میں نازل ہوئی۔ جب آنحضرتؐ نے ''بنی قریظہ'' کا محاصرہ کیا تو انھوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پیغام بھجوایا کہ آپ ہمارے پاس اپنے صحابی ابولبابہ کو بھیجیں' ہم اس سے مشورہ لیں گے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابولبابہ سے فرمایا کہ تم اپنے حلیف اور ساتھی قبیلہ کے پاس جاؤ۔ ابولبابہ وہاں گئے۔ بنی قریظہ نے ان سے کہا کہ اب آپ ہمیں مشورہ دیں کیا ہم محمدؐ کے فیصلہ کو حتمی جان کر قلعہ کے دروازے کھول دیں؟

ابولبابہ نے کہا: ہاں تم ان کے فیصلہ کو حتمی جان کر قلعہ سے اتر آؤ لیکن تمھیں یہ معلوم ہونا چاہیے کہ وہ تمھارے قتل کا فیصلہ کرنے والے ہیں۔ یہ کہہ کر اس نے اپنے ہاتھ سے حلق کی طرف اشارہ کیا۔

ابولبابہ سے جب یہ حرکت صادر ہوئی تو وہ دل ہی دل میں اس حرکت پر نادم ہوا اور اس نے اپنے آپ سے کہا کہ میں نے ایسا کر کے خدا اور اس کے رسولؐ سے خیانت کی ہے۔ پھر وہ ان کے قلعہ سے باہر چلا آیا اور رسولؐ خدا کی خدمت میں حاضر ہونے کے بجائے سیدھا مسجد نبویؐ میں گیا اور اس نے اپنے آپ کو ایک ستون کے ساتھ جا کر باندھ دیا۔ وہ ستون مسجد نبویؐ میں اب بھی موجود ہے جسے ''اسطوانہ توبہ'' کہا جاتا ہے اور ابولبابہ نے اپنے آپ سے عہد کیا تھا کہ جب تک خدا اس کی توبہ قبول نہیں کرے گا اس وقت تک وہ اپنے آپ کو رسیوں سے آزاد نہیں کرے گا۔

رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس کے متعلق اطلاع ملی تو آپؐ نے فرمایا: اگر وہ غلطی کر کے ہمارے پاس چلا آتا تو ہم خدا کی بارگاہ میں اس کے لیے مغفرت کی درخواست کرتے۔ اب اگر اس نے خدا سے ہی براہِ راست رابطہ کر لیا ہے تو پھر خدا جانے اور وہ جانے۔ ابولبابہ دن کو روزہ رکھتا اور افطار کے وقت اس کی بیٹی اس کے لیے کھانا لے کر آتی تھی اور وہ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

تھوڑا سا کھانا کھاتا جس سے اس کے جسم و جان کا رشتہ بحال رہتا تھا اور قضائے حاجت کے لیے اس کی بیٹی اس کی رسیاں کھولتی تھی۔

کچھ دن اسی حالت میں گزرے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک رات حضرت اُم سلمہؓ کے گھر میں مقیم تھے کہ اللہ نے اس کی توبہ کی آیت نازل فرمائی۔ رسولؐ خدا نے اُم سلمہ سے فرمایا کہ اللہ نے ابولبابہ کی توبہ قبول کی ہے۔

اُم سلمہؓ نے عرض کیا: اگر آپؐ اجازت دیں تو میں اس کو اس بات کی خبر سناؤں؟ آنحضرتؐ نے اجازت دی۔ بی بی نے حجرہ سے سر نکال کر فرمایا: ابولبابہ! تجھے بشارت ہو اللہ نے تیری توبہ قبول کر لی ہے۔

ابولبابہ خدا کی حمد بجا لایا۔ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ دوڑ کر آئے تا کہ اس کی رسیاں کھولیں۔ ابولبابہ نے کہا: آپ حضرات میری رسیاں نہ کھولیں میری خواہش ہے کہ رسولؐ خدا ہی مجھے آزاد کریں۔

رسولؐ خدا بنفس نفیس تشریف لائے اور آپؐ نے فرمایا: ابولبابہ! اللہ نے تیری توبہ قبول کر لی ہے اور تم یوں سمجھو کہ آج تم شکمِ مادر سے ہی پیدا ہوئے ہو۔

ابولبابہ نے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! کیا میں اپنا سارا مال راہِ خدا میں صدقہ کر دوں؟

آنحضرتؐ نے فرمایا: نہیں۔ اس نے کہا: تو کیا میں دو تہائی مال راہِ خدا میں تصدق کر دوں؟ آنحضرتؐ نے نفی میں جواب دیا۔ اس نے کہا: تو کیا میں نصف مال تصدق کر دوں؟ آنحضرتؐ نے فرمایا: نہیں۔ اس نے کہا: تو کیا میں ایک تہائی مال صدقہ کر دوں؟ آپؐ نے فرمایا: جی ہاں۔

اللہ تعالیٰ نے اس وقت یہ آیات نازل فرمائیں: وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ۭ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝ ''کچھ اور لوگ ہیں جنھوں نے اپنے گناہوں کا اعتراف کیا ہے۔ انھوں نے نیک اور برے عمل مخلوط کر دیئے ہیں۔ عنقریب خدا ان کی توبہ قبول کر لے گا' بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ آپ ان کے اموال سے صدقہ لے کر انھیں پاک کریں اور اس ذریعہ سے ان کا تزکیہ کریں اور ان کے حق میں دعا کریں' یقیناً آپ کی دعا ان کے لیے تسکین کا موجب ہے اور خدا سب کچھ سننے والا جاننے والا ہے۔ کیا انھیں علم نہیں ہے کہ اللہ ہی اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور ان کی خیرات کو قبولیت عطا کرتا ہے اور یقیناً اللہ ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے''۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

مجمع البیان میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ مذکورہ آیات ابولبابہ انصاری کے متعلق نازل ہوئیں۔

عوالی اللئالی میں مرقوم ہے کہ غزوۂ تبوک سے پیچھے رہ جانے والے جن تین افراد کے متعلق وعلی الثلاثۃ الذین خلفوا کی آیت نازل ہوئی اور پھر جب خدا نے ان کی توبہ قبول کی تو انھوں نے قبولیت توبہ کی آیات نازل ہونے کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے درخواست کی کہ آپؐ ہمارے اموال میں سے صدقہ لیں اور ہمیں اس طرح سے گناہوں سے پاک کریں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ خدا نے مجھے تمھارے اموال میں سے صدقہ لینے کا حکم نہیں دیا۔ (اسی لیے میں فی الحال تم سے صدقہ لینا پسند نہیں کرتا)۔ اس وقت اللہ تعالیٰ نے خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً .....کی آیات نازل فرمائیں۔ اس کے بعد رسولؐ خدا نے ان سے زکوٰۃ واجبہ وصول فرمائی۔

تہذیب الاحکام میں علی بن مہزیار سے مروی ہے کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے مجھے خط تحریر کیا جسے میں نے راہِ مکہ میں پڑھا۔ اس میں انھوں نے لکھا: اس سال جس چیز کو میں واجب قرار دے رہا ہوں۔ یہ سال دوسو بیس ہے۔ اس میں کچھ مصلحتیں ہیں۔ جن تمام مصلحتوں کا ذکر میں خوفِ انتشار سے نہیں کرتا البتہ کچھ مصلحتیں میں عنقریب تمھارے لیے بیان کروں گا۔ ان شاء اللہ!

میرے حُب دار ـــــ میں خدا سے ان کی اصلاح کی درخواست کرتا ہوں۔ سارے یا کچھ حُب داروں نے اپنے واجبات کی ادائیگی میں تقصیر کی ہے۔ میں نے اسے جان لیا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ اس سال انھیں امرِ خمس سے پاک کروں اور ان کا تزکیہ کروں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ۖ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ۗ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝ وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۖ وَسَتُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝

"آپ ان کے مال سے صدقہ لے کر انھیں پاک کریں اور اس طرح سے ان کا تزکیہ کریں اور ان کے حق میں دعا کریں یقیناً آپ کی دعا ان کے لیے تسکین کا باعث ہے اور اللہ سب کچھ سننے والا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

جاننے والا ہے۔ کیا انھیں علم نہیں ہے کہ اللہ ہی اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور ان کی خیرات کو شرف قبولیت عطا کرتا ہے۔ یقیناً اللہ ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔

آپ کہہ دیجیے کہ تم لوگ عمل کرتے رہو۔ تمھارے عمل کو اللہ اور اس کا رسول اور اہل ایمان دیکھ رہے ہیں۔ پھر تم اس کی طرف پلٹائے جاؤ گے جو حاضر و غائب کا جاننے والا ہے۔ وہ تمھیں تمھارے اعمال کی خبر دے گا"۔

تفسیر عیاشی میں مرقوم ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کے ایک شاگرد نے ان سے خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِمْ بِهَا .....کی آیت مجیدہ کے متعلق پوچھا کہ کیا یہ حکم رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے مخصوص ہے یا ان کے بعد کے امام کے لیے بھی ہے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: رسولؐ خدا کے بعد یہ حکم امام کے لیے بھی ہے۔

زرارہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِمْ بِهَا کی آیت واتوا الزکوٰۃ کے مفہوم کی حامل ہے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: صدقات کا تعلق نباتات اور حیوانات کے ساتھ ہے جب کہ زکوٰۃ کا تعلق سونے چاندی سے ہے۔

اصول کافی میں مرقوم ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص یہ گمان کرے کہ امام لوگوں کے مال کا محتاج ہوتا ہے تو وہ کافر ہے۔ اس کے برعکس لوگ اس بات کے محتاج ہیں کہ امامؑ ان سے قبول کرے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِمْ بِهَا (آپ ان کے اموال سے صدقہ وصول کر کے انھیں پاک کریں اور اس ذریعہ سے ان کا تزکیہ فرمائیں)۔

ابن بکیر کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کو یہ کہتے ہوئے پایا کہ میں تم میں سے کسی ایک سے درہم لیتا ہوں، جب کہ میں پورے مدینہ کا مال دار انسان ہوں۔ اس کے باوجود میں تم سے صرف اس لیے درہم لیتا ہوں تاکہ تم پاک ہوسکو۔

الکافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب آیت زکوٰۃ خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِمْ بِهَا نازل ہوئی تو وہ اتفاق سے ماہِ رمضان میں نازل ہوئی تھی۔ حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

وسلم نے اپنے منادی کو حکم دیا جس نے لوگوں میں اعلان کرتے ہوئے کہا: اللہ نے تم پر زکوٰۃ واجب کی ہے جیسا کہ اس نے نماز واجب کی ہے۔

اللہ نے لوگوں پر سونا چاندی' اُونٹ' گائے' بکری' گندم' جو' کھجور' منقّی میں سے زکوٰۃ واجب کی ہے۔ زکوٰۃ کا اعلان ماہِ رمضان میں کیا گیا تھا اور مذکورہ اشیاء کے علاوہ باقی چیزوں پر زکوٰۃ معاف کر دی گئی تھی۔ اس اعلان کے ایک سال تک لوگوں سے کچھ بھی وصول نہ کیا گیا۔ پھر جب اگلا سال شروع ہوا تو لوگوں نے روزے رکھے اور افطار کیے۔ رسولؐ خدا کے منادی نے مسلمانوں میں ندا کی۔ اے مسلمانو! اپنے اموال کی زکوٰۃ ادا کرو' تا کہ تمھاری نمازیں قبول ہوں۔ اس کے بعد رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عاملین صدقات اور عاملین خراج روانہ کیے۔

مجمع البیان میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب کسی سے صدقہ وصول کرتے تو آپ صَلِّ عَلَيْهِمْ کے تحت ان کے حق میں دعائے خیر فرماتے تھے۔ عبداللہ بن ابی اوفٰی کا بیان ہے اور وہ بیعتِ رضوان کرنے والوں میں شامل تھا کہ میرے والد نے اپنا صدقہ رسولؐ خدا کی خدمت میں پیش کیا تو رسولؐ خدا نے میرے والد کے حق میں دعا کرتے ہوئے فرمایا: اللھم صل علی آل ابی اوفٰی (خدایا! آلِ ابی اوفٰی پر رحمت نازل فرما!)۔ اس روایت کو بخاری اور مسلم نے اپنی صحاح میں نقل کیا ہے۔

کتاب الخصال میں حفص بن غیاث نخعی سے منقول ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ اگر دنیا میں بھلائی ہے تو صرف دو افراد کے لیے ہے۔ پہلا شخص وہ ہے جس کی بھلائی میں روزانہ اضافہ ہوتا اور دوسرا شخص وہ ہے جو اپنے گناہوں کی تلافی توبہ سے کرتا ہو۔ مگر توبہ کی قبولیت ہو تو کیسے ہو؟ خدا کی قسم! اگر کوئی شخص اتنے سجدے کرے کہ اس کی گردن ٹوٹ جائے جب تک اس کے دل میں ہماری ولایت نہ ہوگی اس وقت تک خدا اس کی توبہ اور سجدوں کو قبول نہیں کرے گا۔

ایک طویل حدیث کے ضمن میں امیر المومنین علی علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جب تم سائل کو کچھ عطا کرو تو اس سے کہو کہ وہ تمھارے حق میں دعا کرے' کیونکہ اس کی دعا تمھارے حق میں قبول کی جاتی ہے' جب کہ اس کی دعا خود اس کے حق میں قبول نہیں ہوتی' کیونکہ وہ جھوٹ بولتے ہیں اور عطا کرنے والے کو چاہیے کہ اس نے اپنے جس ہاتھ سے خیرات دی ہے وہ اپنے اس ہاتھ کو بوسہ دے' کیونکہ جب کوئی شخص خدا کی راہ میں کچھ دیتا ہے تو وہ چیز سائل کے ہاتھ میں بعد میں جاتی ہے پہلے وہ خدا کے ہاتھ میں جاتی ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ (کیا انھیں معلوم نہیں ہے کہ اللہ ہی اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور وہ صدقات کو قبولیت عطا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کرتا ہے۔)

کتاب التوحید کہ یَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ کا یہ مطلب نہیں ہے کہ اللہ صدقات اپنے ہاتھ میں لیتا ہے بلکہ اس کا مقصد یہ ہے کہ اللہ اہلِ صدقات کا صدقہ قبول کرتا ہے اور انھیں ثواب عطا کرتا ہے۔

کتاب ثواب الاعمال میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا کہ حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام نے فرمایا کہ میں نے ایک دن ایک دینار تصدق کیا تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علیؑ! کیا تمھیں معلوم نہیں ہے کہ جب کوئی شخص صدقہ دیتا ہے تو وہ صدقہ ستر شیاطین کے جبڑوں سے نکلتا ہے۔ ہر شیطان اسے کہتا ہے کہ تم صدقہ نہ کرو اور صدقہ سائل کے ہاتھ میں بعد میں پہنچتا ہے اس سے پہلے اللہ جل جلالہ کے ہاتھ میں جاتا ہے۔

پھر آنحضرتؐ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: اَلَمْ یَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ یَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَ یَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ وَ اَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ ۝ (کیا انھیں یہ معلوم نہیں ہے کہ اللہ ہی اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور صدقات کو شرفِ قبولیت عطا کرتا ہے اور یقیناً اللہ ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے)

تہذیب الاحکام کی ایک طویل حدیث کے ضمن میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: اللہ نے جتنی بھی چیزیں پیدا کی ہیں ان کا کوئی نہ کوئی خازن ہوتا ہے سوائے صدقہ کے۔ اللہ تعالیٰ صدقہ کو براہِ راست اپنی تحویل میں لے لیتا ہے۔ میرے والد علیہ السلام کا دستور تھا کہ جب وہ کسی سائل کو صدقہ دیتے تو پھر اس کے ہاتھ سے وہ صدقہ اُٹھا لیتے اور اسے بوسہ دیتے تھے اور اس چیز کی خوشبو سونگھا کرتے تھے۔ اس کے بعد دوبارہ وہ چیز سائل کے ہاتھ میں تھما دیتے تھے۔

تفسیر عیاشی میں مرقوم ہے کہ حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: دو خصلتیں ایسی ہیں کہ میں ان میں کسی کو اپنے ساتھ شریک کرنا پسند نہیں کرتا۔ پہلی چیز میرا وضو ہے، کیونکہ اس کا تعلق میری نماز سے ہے (اسی لیے میں نہیں چاہتا کہ کوئی دوسرا شخص مجھے وضو کرائے) اور دوسری چیز میرا صدقہ ہے جسے میں اپنے ہاتھ سے سائل کے ہاتھ میں دیتا ہوں، کیونکہ صدقہ براہِ راست خدا کے ہاتھ میں جاتا ہے۔

محمد بن مسلم نے صادقین علیہما السلام میں سے ایک بزرگوار سے یہ بات نقل کی ہے کہ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کا دستور تھا کہ جب آپؑ سائل کو کچھ عطا کرتے تو آپؑ اس کے ہاتھ کو بوسہ دیتے تھے۔ آپؑ سے اس کی وجہ دریافت کی گئی تو آپؑ نے فرمایا کیونکہ صدقہ بندہ کے ہاتھ میں جانے سے پہلے اللہ کے ہاتھ میں جاتا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

آپؑ نے فرمایا: ہر چیز کے لیے اللہ نے کوئی نہ کوئی فرشتہ موکل کیا ہے، مگر صدقہ پر کوئی فرشتہ موکل نہیں ہے، صدقہ براہِ راست خدا کے ہاتھ میں جاتا ہے۔

فضل کا بیان ہے کہ میرا گمان ہے کہ امام علیہ السلام روٹی اور درہم کو بوسہ دیتے تھے۔

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا: میں خدا کی طرف سے ضمانت دیتا ہوں کہ صدقہ بندہ کے ہاتھ میں جانے سے پہلے رب کے ہاتھ میں جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: وَيَأْخُذُ الصَّدَقٰتِ یعنی اللہ صدقات وصول کرتا ہے۔ مقصد یہ ہے کہ وہ صدقات کو شرفِ قبولیت عطا کرتا ہے۔

اللہ، رسول اور مومنین اعمال کے ناظر ہیں

وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۭ وَسَتُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝

''آپ کہہ دیجیے کہ تم لوگ عمل کرتے رہو کہ تمھارے عمل کو اللہ، اس کا رسول اور اہلِ ایمان دیکھ رہے ہیں۔ پھر تم اس کی طرف پلٹائے جاؤ گے جو حاضر و غائب کا جاننے والا ہے وہ تمھیں تمھارے اعمال کی خبر دے گا''۔

تفسیر عیاشی میں محمد بن مسلم سے منقول ہے کہ اس نے صادقین علیہما السلام میں سے ایک بزرگوار سے پوچھا کہ کیا رسولؐ خدا کے سامنے اعمال پیش کیے جاتے ہیں؟ انھوں نے فرمایا: اس میں کوئی شک نہیں ہے۔

امام علیہ السلام سے راوی نے کہا کہ وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ کا کیا مقصد ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اللہ نے زمین پر اپنے کچھ گواہ مقرر کیے ہیں۔

زرارہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ کا مطلب دریافت کیا تو آپؑ نے فرمایا: تم چاہتے ہو کہ جو کچھ تمھارے دل میں ہے اس کی لوگ مجھ سے روایت کریں۔

ابوبصیر کہتے ہیں کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ابوالخطاب کہا کرتا تھا کہ ہر جمعرات کے دن اُمت کے اعمال رسولؐ خدا کے سامنے پیش کیے جاتے ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ ابوالخطاب کی یہ بات صحیح نہیں ہے' جب کہ حقیقت یہ ہے کہ اُمت کے تمام نیک و بد افراد کے اعمال رسولؐ خدا کی خدمت میں ہر صبح و شام پیش کیے جاتے ہیں' لہٰذا تم ہوشیار رہو۔ اور اس کے متعلق اللہ نے فرمایا ہے: فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۔

برید عجلی کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ کی آیت مجیدہ کے متعلق دریافت کیا تو آپؑ نے فرمایا: جب کوئی مومن یا کافر لحد میں اُتارا جاتا ہے تو اس کے اعمال رسولؐ خدا اور جملہ ائمہ معصومینؑ کے سامنے پیش کیے جاتے ہیں۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: وَالْمُؤْمِنُوْنَ سے ائمہ مراد ہیں۔

محمد بن مسلم کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ کی آیت مجیدہ کے متعلق پوچھا تو آپؑ نے فرمایا: اللہ نے زمین پر شاہد مقرر کیا ہے۔ بندوں کے اعمال رسولؐ خدا کی خدمت میں پیش کیے جاتے ہیں۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: جب قیامت کا دن ہوگا تو عرش کی داہنی جانب ایک منبر نصب کیا جائے گا' جس کی چوبیس سیڑھیاں ہوں گی۔ اتنے میں حضرت علی بن ابی طالب علیہ السلام آئیں گے' ان کے ہاتھ میں ''لواء الحمد'' ہوگا اور وہ اس منبر پر بیٹھیں گے۔ مخلوق ان کے سامنے پیش کی جائے گی جو علیؑ کو پہچانتا ہوگا وہ جنت میں داخل کیا جائے گا اور جو علیؑ کا ناآشنا ہوگا اسے دوزخ میں ڈالا جائے گا۔ (ایک معنی یہ بھی ہے کہ جسے علیؑ پہچانیں گے وہ جنت میں جائے گا اور جس کو علیؑ نہ پہچانیں گے وہ دوزخ میں ڈالا جائے گا)۔ اور اس کا اشارہ اللہ نے قرآن مجید کی اس آیت میں کیا ہے: وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۔

شیخ الطائفہ امالی میں لکھتے ہیں کہ عمر بن اذنیہ نے کہا کہ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں بیٹھا تھا کہ میں نے عرض کیا کہ میں آپؑ پر قربان جاؤں' قرآن مجید کی اس آیت کا کیا مطلب ہے: وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: اللہ نے ہمیں مراد لیا ہے۔

اصول کافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ایک روایت کا ماحصل یہ ہے کہ اس آیت مجیدہ میں لفظ ''مومنون''، ''مامونون'' کے معانی میں ہے اور وہ ہم ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ہر صبح نیک اور بد افراد کے تمام اعمال رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں پیش کیے جاتے ہیں۔ اسی کے متعلق اللہ نے فرمایا ہے: وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ ..... اس کے بعد آپؑ خاموش ہو گئے۔

یعقوب بن شعیب بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ کی آیت مجیدہ کے متعلق پوچھا تو آپؑ نے فرمایا: وہ ائمہ ہیں۔

عیسیٰ بن سماعہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے سنا کہ آپؑ نے فرمایا: لوگو! تم رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کیوں تکلیف دیتے ہو؟

ایک شخص نے کہا: ہم کس طرح سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تکلیف دیتے ہیں؟ (جب کہ وہ اس وقت ہمارے اندر موجود ہی نہیں ہیں)

امام علیہ السلام نے فرمایا: کیا تم نہیں جانتے کہ تمھارے اعمال ان کی خدمت میں پیش کیے جاتے ہیں؟ جب آنحضرتؐ ان میں سے کوئی معصیت دیکھتے ہیں تو انھیں اس سے اذیت پہنچتی ہے۔ لہٰذا رسولؐ خدا کو اذیت نہ پہنچاؤ۔ انھیں خوش کرنے کی کوشش کرو۔

عبداللہ بن ابان الزیات حضرت امام علی رضا علیہ السلام کے ہاں صاحب مرتبہ شخص تھے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے ایک دن امام علیہ السلام سے عرض کیا کہ آپؑ میرے اور میرے خاندان کے لیے دعا کریں۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: تو کیا میں ایسا نہیں کرتا؟ خدا کی قسم! تمھارے اعمال ہر شب و روز میرے سامنے پیش کیے جاتے ہیں۔ عبداللہ کہتے ہیں کہ میں نے اس بات کو بہت گراں تصور کیا۔ امام علیہ السلام نے فرمایا: کیا تو خدا کی کتاب نہیں پڑھتا۔ اللہ نے فرمایا ہے: وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ خدا کی قسم! وہ علی بن ابی طالبؑ ہیں۔

توضیح: فیض اپنی کتاب الوافی میں رقم طراز ہیں کہ حضرت امام علی رضا علیہ السلام کے اس فرمان کا مقصد یہ ہے کہ حضرت علی علیہ السلام اور ان کی اولاد کے ائمہ لوگوں کے اعمال کے ناظر ہیں۔ (اضافہ من المحشی والمترجم)

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ کی آیت پڑھ کر فرمایا کہ خدا کی قسم! وہ علی بن ابی طالبؑ ہیں۔

محمد بن الوشاء کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے سنا، آپؑ فرمایا کرتے تھے: تمام نیک و بد

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

افراد کے اعمال رسولؐ خدا کی خدمت میں پیش کیے جاتے ہیں۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ ایک بار حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے صحابہ سے کہا کہ تمھارے درمیان میرا رہنا تمھارے لیے بہتر ہے' کیونکہ اللہ تعالیٰ فرما رہا ہے: وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ (انفال:۳۲) (جب تک آپ ان کے درمیان موجود ہیں اس وقت تک خدا انھیں عذاب نہیں دے گا)۔ اور میرا تم سے جدا ہونا بھی تمھارے لیے بہتر ہے۔ صحابہ نے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! آپ کی زندگی تو ہمارے لیے مفید ہے۔ بھلا آپؐ کی جدائی ہمارے لیے کیسے بہتر ہے؟

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمھارے اعمال ہر جمعرات اور سوموار کے دن میرے سامنے پیش کیے جاتے ہیں۔ میں تمھارے اعمال میں جب بھلائی دیکھتا ہوں تو اللہ کی حمد کرتا ہوں اور جب برائی دیکھتا ہوں اس کے لیے خدا سے تمھارے لیے مغفرت طلب کرتا ہوں۔

کتاب جعفر بن محمد الدوریستی میں حضرت ابوذرؓ سے منقول ہے کہ حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ابوذرؓ! ایک جمعہ سے دوسرے جمعہ تک کے اعمال خدا کے سامنے سوموار اور جمعرات کے دن پیش کیے جاتے ہیں۔ اللہ ہر مومن کے گناہ معاف کر دیتا ہے' البتہ جس کے اور اس کے بھائی درمیان بُغض ہو تو اسے معاف نہیں کرتا۔

امرِ الٰہی کے امیدوار

کتاب معانی الاخبار میں حمران سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے قولِ خداوندی الا المستضعفین کے متعلق دریافت کیا تو آپؑ نے فرمایا: وہ اہلِ ولایت ہیں۔

میں نے کہا: کیسی ولایت؟ اس ولایت کی وضاحت فرمائیں۔

آپؑ نے فرمایا: وہ ولایت دینی نہیں ہے' البتہ نکاح' میراث اور اختلاط کی ولایت ہے' کیونکہ وہ مومن نہیں ہیں اور وہ کافر بھی نہیں ہیں ان کا معاملہ حکمِ خدا پر ٹھہرا ہوا ہے۔

اصولِ کافی میں عمر بن ابان سے بھی یہی روایت منقول ہے۔ اصولِ کافی میں زرارہ سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے وَاٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ لِاَمْرِ اللّٰهِ (کچھ دوسرے وہ ہیں جن کا معاملہ خدا کے حکم پر ٹھہرا ہوا ہے) کے متعلق دریافت کیا تو آپؑ نے فرمایا: اس سے وہ لوگ مراد ہیں جو پہلے مشرک تھے اور انھوں نے زمانہ شرک میں

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

حضرت حمزہؓ اور حضرت جعفرؓ جیسے افراد کو شہید کیا۔ پھر انھوں نے اسلام قبول کرلیا اور خدا کی توحید پر ایمان لائے اور شرک کو چھوڑ دیا' لیکن ان کے قلوب میں ایمان کی حرارت داخل نہ ہوسکی' اس لیے وہ مومن کامل نہ بن سکے کہ ان کے لیے جنت واجب ہوتی اور کفر وشرک کو چھوڑ چکے تھے' اسی لیے انھیں کافر بھی نہیں کہا جاسکتا تھا اور انھیں دوزخی بھی نہیں کہا جا سکتا۔ ان کا معاملہ خدا کے حکم پر ٹھہرا ہوا ہے چاہے تو وہ انھیں عذاب دے اور چاہے تو وہ ان کی توبہ قبول کرے۔

یہ روایت ابوالطیار کی زبانی تفسیر علی بن ابراہیم میں بھی منقول ہے اور موسیٰ بن بکر کی سند سے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے یہ روایت اصولِ کافی میں بھی مروی ہے۔

تفسیر عیاشی میں ہشام بن سالم سے منقول ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ؕ اور وَاٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ لِاَمْرِ اللّٰهِ کی آیات کے متعلق فرمایا: اس سے وہ مشرک مراد ہیں جنھوں نے مسلمانوں کو شہید کیا' پھر انھوں نے اسلام قبول کرلیا۔ ان لوگوں کا معاملہ خدا کے حکم پر ٹھہرا ہوا ہے چاہے تو وہ انھیں عذاب دے اور اگر چاہے تو انھیں معاف کردے۔

زرارہ' حمران اور محمد بن مسلم نے حضرت امام محمد باقر اور حضرت امام جعفر صادق علیہما السلام سے وَاٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ لِاَمْرِ اللّٰهِ ..... کی آیت مجیدہ کے متعلق نقل کیا کہ اس سے وہ لوگ مراد ہیں جنھوں نے زمانۂ کفر میں بدر' احد اور حنین کی غزوات میں مسلمانوں سے جنگ کی اور بعدازاں اسلام قبول کرلیا۔ ان کا معاملہ خدا کے حکم پر ٹھہرا ہوا ہے۔ وہ چاہے تو انھیں عذاب دے اور چاہے تو انھیں معاف کردے۔

ابن الطیار بیان کرتے ہیں کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: انجام آخرت کے لحاظ سے لوگوں کی چھ اقسام ہیں جب کہ بلحاظ نتیجہ تین اقسام ہیں: ۱- اہلِ ایمان ۲- اہلِ کفر ۳- مستضعفین ۴- وَاٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ لِاَمْرِ اللّٰهِ ۵- اپنے گناہوں کے معترف جنھوں نے نیک و بداعمال کو مخلوط کیا ہے۔ ۶- اہلِ اعراف۔ اہلِ ایمان سے جنت کا وعدہ ہے۔ اہلِ کفر سے دوزخ کا وعدہ ہے۔ باقی چاروں کا معاملہ خدا کے حکم پر ٹھہرا ہوا ہے چاہے تو وہ انھیں عذاب دے اور چاہے تو انھیں معاف کردے اور ان کی توبہ قبول کرے۔

حارث بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ کیا ایمان و کفر کے درمیان بھی کوئی منزلت ہے؟

آپؑ نے فرمایا: جی ہاں' بلکہ کئی منازل ہیں۔ اگر ان میں سے کسی کا بھی کوئی انکار کرے تو اللہ اسے دوزخ میں ڈالے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

گا۔ وَاٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ لِاَمْرِ اللّٰهِ والے اور مستضعفین اور خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا والے اور اہلِ اعراف کا تعلق درمیانی منازل سے ہے۔

زرارہ کہتے ہیں کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: وَاٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ لِاَمْرِ اللّٰهِ سے وہ لوگ مراد ہیں جو پہلے مشرک تھے اور انھوں نے زمانۂ کفر میں حمزہؓ و جعفرؓ جیسی شخصیات کو شہید کیا۔ پھر وہ اسلام میں داخل ہوگئے اور شرک چھوڑ دیا۔ ان کے دلوں میں ایمان کی حرارت داخل نہ ہوسکی' اسی لیے وہ ایسے مومن نہ بن پائے جن کے لیے خدا نے جنت واجب کی ہے اور کفر کو بھی چھوڑ چکے تھے۔ اسی لیے ان کا شمار کفار میں نہیں کیا جا سکتا' جن کے لیے دوزخ واجب کی گئی ہے۔ یہ لوگ خدا کے حکم پر ٹھہرے ہوں گے' چاہے تو انھیں عذاب دے اور چاہے تو ان کی توبہ قبول کرے۔ خدا ان کے متعلق جو چاہے گا وہی فیصلہ صادر کرے گا۔ میں (راوی) نے کہا: کیا انھیں جنت سے رزق دیا جائے گا یا دوزخ سے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: جہاں سے خدا چاہے گا انھیں رزق دے گا۔

حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے فرمایا: ان لوگوں کو خدا روک دے گا اور ان کے متعلق جو چاہے گا فیصلہ صادر کرے گا۔

وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مَسْجِدًا ضِرَارًا وَّكُفْرًا وَّتَفْرِيْقًا بَيْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاِرْصَادًا لِّمَنْ حَارَبَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ مِنْ قَبْلُ ؕ وَلَيَحْلِفُنَّ اِنْ اَرَدْنَاۤ اِلَّا الْحُسْنٰى ؕ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝ لَا تَقُمْ فِيْهِ اَبَدًا ؕ لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ ؕ فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ ۝ اَفَمَنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى تَقْوٰى مِنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

شَفَا جُرُفٍ هَارٍ فَانْهَارَ بِهٖ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي
الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾ لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ الَّذِيْ بَنَوْا رِيْبَةً فِيْ
قُلُوْبِهِمْ اِلَّآ اَنْ تَقَطَّعَ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۱۰﴾ اِنَّ اللّٰهَ
اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ؕ
يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ ۖ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِي
التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْاٰنِ ؕ وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ
فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ بَايَعْتُمْ بِهٖ ؕ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ
الْعَظِيْمُ ﴿۱۱۱﴾ اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ
السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ
وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾ مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْٓا اُولِيْ قُرْبٰى
مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۱۱۳﴾ وَمَا كَانَ
اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا
تَبَيَّنَ لَهٗٓ اَنَّهٗ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ تَبَرَّاَ مِنْهُ ؕ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۱۴﴾
وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِلَّ قَوْمًا بَعْدَ اِذْ هَدٰىهُمْ حَتّٰى يُبَيِّنَ لَهُمْ مَّا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

يَتَّقُوْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۱۵﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۭ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ
مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۱۱۶﴾ لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَي النَّبِيِّ وَالْمُهٰجِرِيْنَ
وَالْاَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِنْۢ بَعْدِ مَا كَادَ
يَزِيْغُ قُلُوْبُ فَرِيْقٍ مِّنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّهٗ بِهِمْ رَءُوْفٌ
رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۷﴾ وَّعَلَي الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا ۭ حَتّٰٓى اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ
الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ وَظَنُّوْٓا اَنْ لَّا
مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّآ اِلَيْهِ ۭ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوْبُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ
هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۱۸﴾

''اور جن لوگوں نے مسجد ضرار بنائی کہ اس کے ذریعہ اسلام کو نقصان پہنچائیں اور کفر کو تقویت بخشیں اور مومنین کے درمیان تفریق پیدا کریں اور اسے اس شخص کے لیے کمین گاہ بنائیں جو اس سے پہلے خدا اور اس کے رسول کے خلاف برسرِ پیکار رہ چکا ہے۔ وہ ضرور قسمیں کھا کر کہیں گے کہ ہمارا ارادہ تو بھلائی کے سوا کسی دوسری چیز کا نہ تھا' حالانکہ خدا گواہی دیتا ہے کہ یہ سب جھوٹے ہیں۔

آپ اس میں ہرگز کھڑے نہ ہونا۔ آپ کے کھڑے ہونے کے لیے وہی مسجد زیادہ موزوں ہے جو اوّل روز سے ہی تقویٰ پر قائم کی گئی ہے۔ اس میں ایسے لوگ رہتے ہیں جو پاک رہنا پسند کرتے ہیں اور اللہ کو پاکیزہ افراد پسند ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کیا جس نے اپنی بنیاد خوفِ خدا اور رضائے الٰہی پر رکھی ہے وہ بہتر ہے یا جس نے اپنی بنیاد اس گرتے ہوئے کگارے کے کنارے پر رکھی ہو کہ وہ ساری عمارت کو لے کر جہنم میں گر جائے؟ اللہ ظلم کرنے والوں کو کبھی سیدھی راہ نہیں دکھاتا۔

یہ عمارت جو انھوں نے بنائی ہے ہمیشہ ان کے دلوں میں بے یقینی کی جڑ بنی رہے گی بجز اس کے کہ ان کے دل ہی ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں۔ اللہ صاحبِ علم اور صاحبِ حکمت ہے۔ یقیناً اللہ نے صاحبانِ ایمان سے ان کی جانوں اور اموال کو جنت کے عوض خرید لیا ہے۔ یہ لوگ راہِ خدا میں جہاد کرتے ہیں، قتل کرتے ہیں اور خود قتل ہوتے ہیں۔ یہ وعدہ اللہ کے ذمہ ایک پختہ عہد ہے۔ تورات، انجیل اور قرآن میں ہر جگہ اس کا ذکر موجود ہے اور خدا سے بڑھ کر اپنے عہد کو پورا کرنے والا کون ہے؟ پس تم اپنے اس سودے پر خوشیاں مناؤ جو تم نے خدا سے چکا لیا ہے، یہی سب سے بڑی کامیابی ہے۔

یہ لوگ توبہ کرنے والے، عبادت کرنے والے، حمد پروردگار کرنے والے، راہِ خدا میں سفر کرنے والے، رکوع کرنے والے، سجدہ کرنے والے، نیکیوں کا حکم کرنے والے، برائیوں سے روکنے والے اور حدودِ الٰہی کی حفاظت کرنے والے ہیں۔ آپ اہلِ ایمان کو (جنت کی) بشارت دے دیں۔ نبی اور اہلِ ایمان کی یہ شان نہیں ہے کہ وہ مشرکین کے لیے دعائے مغفرت کریں چاہے وہ ان کے قرابت دار ہی کیوں نہ ہوں جب کہ ان پر یہ بات کھل چکی ہے کہ وہ جہنم کے مستحق ہیں۔ اور ابراہیم کا ان کے باپ کے لیے استغفار صرف اس وعدہ کی بنا پر تھا جو انھوں نے اس سے کیا تھا۔ جب ان کے لیے یہ واضح ہو گیا کہ وہ دشمنِ خدا ہے تو اس سے بیزاری اختیار کر لی۔ یقیناً ابراہیمؑ بہت زیادہ تضرع کرنے والے اور بُردبار تھے۔

اللہ کا یہ طریقہ نہیں کہ لوگوں کو ہدایت دینے کے بعد پھر گمراہی میں مبتلا کرے جب تک انھیں صاف صاف نہ بتائے کہ انھیں کن چیزوں سے بچنا چاہیے۔ بے شک اللہ ہر چیز کا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

جاننے والا ہے۔ یقیناً اللہ ہی کے لیے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت ہے۔ وہ زندگی بخشتا ہے اور موت دیتا ہے۔ خدا کے علاوہ تمھارا کوئی سرپرست اور مددگار نہیں ہے۔ یقیناً اللہ نے نبی اور ان مہاجرین و انصار پر توجہ فرمائی' جنھوں نے تنگی کے وقت میں پیغمبر کا ساتھ دیا۔ اگرچہ ان میں کچھ لوگوں کے دل کجی کی طرف مائل ہو چکے تھے۔ اللہ نے ان کی توبہ کو قبول کیا۔ وہ ان پر بڑا ترس کھانے والا مہربانی کرنے والا ہے۔

اور اللہ نے ان تینوں پر بھی رحم کیا' جو جہاد سے پیچھے رہ گئے' یہاں تک کہ جب زمین اپنی وسعتوں سمیت ان پر تنگ ہوگئی اور ان کی اپنی جانیں بھی ان پر بار ہونے لگیں اور انھوں نے جان لیا کہ اللہ سے بچنے کے لیے کوئی جائے پناہ خود اللہ ہی کے دامنِ رحمت کے سوا کہیں نہیں ہے تو اللہ نے ان پر توجہ فرمائی تاکہ وہ توبہ کرلیں۔ یقیناً وہ بڑا معاف کرنے والا اور رحیم ہے"۔

مسجدِ ضرار

وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مَسْجِدًا ضِرَارًا .....

"اور جن لوگوں نے مسجد ضرار بنائی کہ اس کے ذریعہ اسلام کو نقصان پہنچائیں اور کفر کو تقویت بخشیں"۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں اس آیت مجیدہ کے ضمن میں مرقوم ہے کہ کچھ منافقین آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آئے اور انھوں نے آپؐ سے عرض کیا کہ ہم اپنے محلہ بنی سالم میں ایک مسجد تعمیر کرنا چاہتے ہیں تاکہ کمزور اور بیمار افراد اور بادوباراں کے وقت عام لوگ وہاں نماز پڑھ سکیں۔ آپ ہمیں اس مسجد کی تعمیر کی اجازت مرحمت فرمائیں۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انھیں مسجد بنانے کی اجازت عطا فرمائی۔ ان لوگوں نے اجازت حاصل کرنے کے بعد ایک مسجد تعمیر کی۔ اس وقت آنحضرتؐ جنگِ تبوک کی تیاریوں میں مصروف تھے۔ جب مسجد بن گئی تو منافقین آپؐ کے پاس آئے اور عرض کیا کہ آپؐ ہماری مسجد میں تشریف لے چلیں اور آپؐ وہاں نماز پڑھ کر مسجد کا افتتاح کریں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

رسولؐ خدا نے فرمایا: فی الحال مجھے بہت جلدی ہے' جب میں اس مہم سے فراغت حاصل کروں گا تو میں وہاں آ کر نماز پڑھوں گا۔

الغرض آنحضرتؐ تبوک کی طرف روانہ ہوئے اور جب آپؐ تبوک سے مدینہ تشریف لائے تو اس وقت منافقین کی تعمیر کردہ مسجد کی مذمت میں یہ آیات نازل ہوئیں' اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یہ نام نہاد مسجد اسلام کو نقصان پہنچانے اور کفر کو تقویت پہنچانے اور مومنین میں تفریق پیدا کرنے کی غرض سے تعمیر ہوئی ہے اور یہ مسجد ابوعامر راہب کے لیے بعنوان کمین گاہ بنائی گئی ہے جب کہ وہ راہب خدا اور رسول کے خلاف برسرِ پیکار رہ چکا ہے اور منافق اس کے متعلق قسمیں کھا کر آپ کو یقین دلائیں گے کہ ہم نے اس مسجد کو صرف بھلائی کی غرض سے تعمیر کیا ہے' جب کہ خدا گواہی دیتا ہے کہ یہ جھوٹے ہیں۔ آپؐ اس مسجد میں نماز پڑھنے کے لیے ہرگز کھڑے نہ ہوں۔ اس کے بجائے آپ مسجد قبا میں نماز پڑھیں' کیونکہ اس مسجد کی بنیاد روزِ اوّل سے ہی تقویٰ پر رکھی گئی ہے۔ مسجد قبا والے طہارت پسند افراد ہیں' جب کہ اللہ بھی طہارت پسند افراد سے محبت رکھتا ہے۔ یہ لوگ پانی سے استنجا کیا کرتے تھے۔

الکافی میں حلبی سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ وہ کون سی مسجد ہے جس کے متعلق اللہ نے گواہی دی ہے کہ اس کی اساس روزِ اوّل سے ہی تقویٰ پر رکھی گئی ہے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: وہ مسجدِ قبا ہے۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے بھی یہی روایت مختلف الفاظ سے منقول ہے۔

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ لمسجد اسس علی التقویٰ کے متعلق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے' آپؐ نے فرمایا: اس سے میری یہ مسجد (مسجدِ نبوی) مراد ہے۔

حضرت امام محمد باقر اور حضرت امام جعفر صادق علیہما السلام سے مروی ہے کہ فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا کے الفاظ کے ذریعہ سے ان اہلِ ایمان کی تعریف کی گئی ہے جو پیشاب پاخانہ کے لیے پانی استعمال کرتے تھے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک مرتبہ اہلِ قبا سے فرمایا کہ اللہ نے تمھاری طہارت پسندی کی تعریف کی ہے آخر اس کی کیا وجہ ہے؟ صحابہ نے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! ہم پانی سے استنجا کرنے کے عادی ہیں۔

یہ سن کر آپؐ نے فرمایا: اسی لیے تو اللہ نے تمھارے متعلق فرمایا ہے: فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ ○ (اس میں ایسے لوگ بھی رہتے ہیں جو پاک رہنا پسند کرتے ہیں اور اللہ کو پاکیزہ افراد پسند ہیں)۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: اَمْ مَنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى شَفَا جُرُفٍ هَارٍ فَانْهَارَ بِهٖ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ کی آیت مسجدِ ضرار کے متعلق نازل ہوئی۔

مصباح الشریعہ میں مرقوم ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو بھی عبادت غیر اللہ کی رضا کے لیے سرانجام دی جائے گی وہ رائیگاں چلی جائے گی۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: اَفَمَنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى تَقْوٰى مِنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى شَفَا جُرُفٍ هَارٍ فَانْهَارَ بِهٖ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ (کیا جس نے اپنی بنیاد خوفِ خدا اور رضائے الٰہی پر رکھی ہے وہ بہتر ہے یا جس نے اپنی بنیاد اس گرتے ہوئے کگارے کے کنارے پر رکھی ہو کہ وہ ساری عمارت کو ہی لے کر دوزخ میں گر جائے؟ اللہ ظلم کرنے والوں کو کبھی سیدھی راہ نہیں دکھاتا)۔ اور تقویٰ یہ ہے کہ مشکوک چیز کے خوف سے انسان بعض جائز چیزوں کو بھی خیر باد کہہ دے۔

امالی شیخ الطائفہ میں جبش بن معتمر سے منقول ہے کہ میں امیر المومنین علی علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا' اور میں نے آپؑ پر سلام کر کے مزاج پرسی کی۔ آپؑ نے فرمایا: میں اپنے چاہنے والوں کو چاہتا ہوں اور اپنے سے بُغض رکھنے والوں سے بُغض رکھتا ہوں۔ ہمارا محب اللہ کی رحمت کا منتظر ہے' جب کہ ہمارے دشمن کی بنیاد اس گرتے ہوئے کگارے کے کنارے پر رکھی گئی ہے' جو ساری عمارت کو لے کر دوزخ میں گر جائے۔

انھی اسناد سے امیر المومنین علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: خدا نے جس بندۂ مومن کے دل کا امتحان لیا ہے تو وہ اپنے دل میں ہماری مودّت کی ٹھنڈک محسوس کرتا ہے اور جس بندے پر خدا ناراض ہوتا ہے تو وہ اپنے دل میں ہماری عداوت محسوس کرتا ہے۔ ہمارا محب رحمت الٰہی کا منتظر رہتا ہے اور اس کے لیے رحمت کے دروازے کھل چکے ہیں' جب کہ ہم سے بُغض رکھنے والا اس گرتے ہوئے کگارے کے کنارے کھڑا ہے جو گرے گا تو سیدھا دوزخ میں ہی جائے گا۔ اہلِ رحمت کو ان کا ٹھکانا مبارک ہو اور اہلِ دوزخ کو ان کا ٹھکانہ مبارک ہو۔

حضرت میثم تمار کے فرزند کا بیان ہے کہ میرے والد کی کتاب میں بھی امیر المومنین علی علیہ السلام کی یہ حدیث مرقوم ہے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ جب مسجدِ ضرار کے متعلق مذکورہ آیات نازل ہوئیں تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بنی عمرو بن عوف سے تعلق رکھنے والے عامر بن عدی اور بنی خزاعہ سے تعلق رکھنے والے مالک بن دخشم خزاعی اور زید بن حارثہ کو مذکورہ مسجد منہدم کرنے کے لیے روانہ کیا۔ مالک نے عامر سے کہا کہ ذرا ٹھہرو' میں اپنے گھر سے آگ لاتا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ہوں۔ چنانچہ مالک آگ لے آئے اور مسجد میں لگے ہوئے کھجور کے شہتیروں کو آگ لگا دی جس سے پوری مسجد میں آگ پھیل گئی اور چند ہی لمحات میں پوری مسجد جل کر خاکستر ہوگئی۔ اس کے بعد انھوں نے اس کی دیواریں گرا دیں۔

مجمع البیان میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسجدِ ضرار کو منہدم کرنے کے لیے عمار بن یاسرؓ اور وحشی کو روانہ کیا تھا۔ انھوں نے جا کر مسجد کو جلا ڈالا۔ پھر مسجد کی جگہ کو لوگوں نے اروڑی بنا دیا۔ وہاں غلاظت اور مُردہ جانور پھینکے جاتے تھے۔

فضیلتِ جہاد

اِنَّ اللّٰہَ اشۡتَرٰی مِنَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ اَنۡفُسَہُمۡ وَ اَمۡوَالَہُمۡ بِاَنَّ لَہُمُ الۡجَنَّۃَ ؕ یُقَاتِلُوۡنَ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ فَیَقۡتُلُوۡنَ وَ یُقۡتَلُوۡنَ

''یقیناً اللہ نے صاحبانِ ایمان سے ان کی جانوں اور اموال کو جنت کے عوض خرید لیا ہے یہ لوگ راہِ خدا میں جہاد کرتے ہیں، قتل کرتے ہیں اور خود قتل ہوتے ہیں''۔

الکافی میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کا ایک اموی خلیفہ کے نام ایک طویل مکتوب مرقوم ہے جس کا کچھ حصہ حسب ذیل ہے:

جہاد کے عمل کو اللہ نے دوسرے اعمال پر فضیلت دی ہے اور جہاد کرنے والے کو خدا نے خصوصی درجات اور مغفرت و رحمت کا مستحق قرار دیا ہے۔ جہاد غلبہ دین کا ذریعہ ہے اور جہاد سے ہی دین کا دفاع کیا جاتا ہے اور جہاد ہی کے ذریعہ سے اللہ نے مومنین سے ان کی جانوں اور اموال کا سودا کیا ہے اور اس کے بدلہ میں انھیں جنت عطا کی ہے اور یہ سراسر فائدہ مند تجارت ہے۔ اللہ نے اس کے لیے حفظِ حدود کی شرط عائد کی ہے اور اس کی پہلی شرط یہ ہے کہ انسان دوسرے انسانوں کی عبادت کی بجائے اللہ کی عبادت کرے اور بندوں کی سرپرستی سے نکل کر خدا کی سرپرستی میں داخل ہو جائے۔

دعوت و جہاد کے شرائط

ابوعمرو زبیری بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا: فرزندِ رسولؐ یہ بیان فرمائیں کہ دعوت الی اللہ اور جہاد فی سبیل اللہ کی کچھ شرائط ہیں یا ہر شخص جو خدا پر ایمان رکھتا ہو وہ یہ فریضہ ادا کر سکتا ہے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: اس کی کچھ حدود و قیود ہیں۔ دعوت الی اللہ اور جہاد فی سبیل اللہ جیسی اہم ذمہ داری

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ہر کس و ناکس کے بس میں نہیں ہے۔ یہ فریضہ کچھ مخصوص افراد سے مخصوص ہے جس میں وہ شرائط موجود نہ ہوں تو اسے نہ تو جہاد فی سبیل اللہ کا حق ہے اور نہ ہی وہ دعوت الی اللہ دینے کا مجاز ہے۔

میں (راوی) نے عرض کیا: فرزندِ رسولؐ! اس کی حدود و قیود کی وضاحت فرمائیں۔

آپؑ نے فرمایا کہ اللہ نے نیکی کی دعوت دینے کے لیے فرمایا: وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ (آل عمران: ۱۰۴) (تم میں سے ایک گروہ ہونا چاہیے جو اچھائی کی دعوت دے اور نیکی کا حکم دے اور برائی سے منع کرے وہی لوگ ہی کامیاب ہیں۔)

اللہ تعالیٰ نے اس گروہ و اُمت کا تعارف کرایا کہ اس گروہ کا تعلق اولادِ ابراہیم اور نسلِ اسماعیل سے ہے اور اس گروہ کا تعلق سکانِ حرم سے ہے اور یہ گروہ وہ ہے جس نے غیر اللہ کی کبھی عبادت نہیں کی۔ اسی گروہ کے لیے تعمیر کعبہ کے وقت حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل علیہ السلام نے دعا مانگی تھی۔ اسی گروہ کے متعلق خدا نے اپنی کتاب میں یہ گواہی دی ہے کہ ان سے خدا نے ہر ناپاکی کو دُور رکھا ہے اور انھیں طہارتِ کاملہ سے نوازا ہے۔ اسی گروہ کی نشان دہی کرانے کے لیے اللہ نے اپنے حبیب کی زبانی یہ الفاظ کہلائے۔ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۣ عَلٰي بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ ۭ (یوسف: ۱۰۸) ''میں اللہ کی طرف دعوت دیتا ہوں میں خود بھی بصیرت پر ہوں اور جس نے میری اتباع کی ہے وہ بھی بصیرت پر رہ کر اللہ کی دعوت دیتا ہے''۔ اور صاحبِ بصیرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پیرو وہی ہے جو آنحضرتؐ پر سچے دل سے ایمان لایا ہو اور آپؐ کی تصدیق کی ہو اور جس کی پیشانی غیر اللہ کے سجدوں سے داغ دار نہ ہوئی ہو جس نے اپنے ایمان کے ساتھ ظلم یعنی شرک کو کبھی مخلوط نہ کیا ہو۔

اللہ تعالیٰ نے جن پیروانِ رسول کو دعوت الی اللہ کا حق دیا ہے۔ انھی کے متعلق اللہ نے اپنے نبی سے فرمایا: يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ (انفال: ۶۴) ''اے نبیؐ! آپؐ کے لیے اور آپ کی پیروی کرنے والے اہلِ ایمان کے لیے اللہ کافی ہے''۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیروکاروں کے اوصاف بیان کرتے ہوئے فرمایا:

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّاۗءُ عَلَي الْكُفَّارِ رُحَمَاۗءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ۡ سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ۭ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ۚ وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ ۚ (الفتح: ۲۹)

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

''محمدؐ اللہ کے رسول ہیں اور جو لوگ ان کے ساتھ ہیں وہ کفار پر سخت اور آپس میں مہربان ہیں۔ تم جب دیکھو گے انھیں رکوع و سجود اور اللہ کے فضل اور اس کی خوشنودی کی طلب میں مشغول پاؤ گے۔ سجود کے اثرات ان کے چہروں پر نمایاں ہیں۔ تورات اور انجیل میں ان کی یہ صفت موجود ہے''۔

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایسے ہی ایماندار ساتھیوں کے متعلق اللہ نے فرمایا:

يَوْمَ لَا يُخْزِي اللَّهُ النَّبِيَّ وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ ۖ نُورُهُمْ يَسْعَىٰ بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَبِأَيْمَانِهِمْ ..... (التحریم:۸) ''یہ وہ دن ہوگا جب اللہ اپنے نبی کو اور ان لوگوں کو جو ان کے ساتھ ایمان لائے ہیں رُسوا نہ کرے گا۔ ان کا نور ان کے آگے اور ان کی دائیں جانب دوڑ رہا ہوگا''۔

ایسے ہی افراد کی یقینی نجات اور وارثانِ فردوس ہونے کے متعلق اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

قَدْ أَفْلَحَ الْمُؤْمِنُونَ ۝ الَّذِينَ هُمْ فِي صَلَاتِهِمْ خَاشِعُونَ ۝ وَالَّذِينَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُونَ ۝ وَالَّذِينَ هُمْ لِلزَّكَاةِ فَاعِلُونَ ۝ وَالَّذِينَ هُمْ لِفُرُوجِهِمْ حَافِظُونَ ۝ إِلَّا عَلَىٰ أَزْوَاجِهِمْ أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ فَإِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُومِينَ ۝ فَمَنِ ابْتَغَىٰ وَرَاءَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْعَادُونَ ۝ وَالَّذِينَ هُمْ لِأَمَانَاتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رَاعُونَ ۝ وَالَّذِينَ هُمْ عَلَىٰ صَلَوَاتِهِمْ يُحَافِظُونَ ۝ أُولَٰئِكَ هُمُ الْوَارِثُونَ ۝ الَّذِينَ يَرِثُونَ الْفِرْدَوْسَ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۝ (المومنون:۱-۱۱)

''یقیناً فلاح پائی ہے ایمان لانے والوں نے جو اپنی نماز میں خشوع اختیار کرتے ہیں۔ لغویات سے دُور رہتے ہیں۔ زکوٰۃ کی ادائیگی کرتے ہیں۔ اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرتے ہیں سوائے اپنی بیویوں کے اور ان عورتوں کے جو ان کی ملکِ یمین میں ہوں۔ ان کے متعلق انھیں ملامت نہیں کی جائے گی جو اس کے علاوہ اور طریقہ سے جنسی خواہش کی تکمیل چاہیں وہ زیادتی کرنے والے ہیں۔ اپنی امانتوں اور اپنے عہد و پیمان کا پاس رکھتے ہوں اور اپنی نمازوں کی محافظت کرتے ہیں۔ یہی لوگ وہ وارث ہیں جو میراث میں فردوس پائیں گے اور اس میں ہمیشہ رہیں گے''۔

اللہ تعالیٰ نے ان کے متعلق فرمایا:

وَالَّذِينَ لَا يَدْعُونَ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ وَلَا يَقْتُلُونَ النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللَّهُ إِلَّا بِالْحَقِّ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

وَلَا يَزْنُوْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا ۙ يُّضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَيَخْلُدْ فِيْهٖ مُهَانًا ۙ (الفرقان: ۶۸-۶۹)

''وہ اللہ کے سوا کسی اور معبود کو نہیں پکارتے' اللہ کی حرام کردہ کسی جان کو ناحق قتل نہیں کرتے اور نہ ہی زنا کا ارتکاب کرتے ہیں۔ یہ کام جو کوئی بھی کرے گا وہ اپنے گناہ کا بدلہ پائے گا۔ قیامت کے دن اس کے لیے دگنا عذاب کر دیا جائے گا اور اسی میں ہمیشہ ذلت کے ساتھ پڑا رہے گا''۔

اللہ نے ایسے ہی افراد سے جنت کا سودا کیا ہے اور ان کی جان و مال خرید کر انھیں جنت کا مالک بنایا ہے اور اس بیعنامہ کو خدا نے تورات' انجیل اور قرآن میں تحریر کیا ہے۔ جب اللہ تعالیٰ نے اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ (التوبہ:۱۱۱) کی آیت نازل فرمائی تو ایک شخص نے حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا کہ یارسولؐ اللہ! اگر کوئی شخص محرمات کو بجا لاتا ہو اور وہ تلوار لے کر جہاد میں چلا جائے اور لڑتے ہوئے قتل ہو جائے تو کیا وہ شہید ہوگا اور وہ بھی اس آیت کا مصداق قرار پائے گا؟

اللہ تعالیٰ نے اس وقت اس کے بعد والی یہ آیت نازل فرمائی: اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ۗ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ آیت پڑھ کر مجاہدین کی یہ صفات بیان فرمائیں کہ وہ گناہوں سے توبہ کرنے والے ہوتے ہیں اور وہ صرف خدا کے عبادت گزار ہوتے ہیں۔ غیر اللہ کی عبادت نہیں کرتے اور کسی کو اس کا شریک نہیں بناتے اور وہ فراخی و تنگی دونوں حالتوں میں خدا کی حمد کرنے والے ہوتے ہیں اور وہ روزہ رکھنے والے ہوتے ہیں اور وہ رکوع و سجود بجا لانے اور پنجگانہ نمازوں کی حفاظت کرنے والے ہوتے ہیں اور وہ اخلاص قلب اور خشوع کے ساتھ نماز ادا کرتے ہیں اور وہ نماز کے اوقات کی مکمل پابندی کرتے ہیں اور وہ نیکی پر خود بھی کاربند رہتے ہیں اور دوسروں کو بھی نیکی کا حکم دیتے ہیں اور برائیوں سے صرف خود ہی پرہیز نہیں کرتے بلکہ دوسروں کو بھی برائی سے منع کرتے ہیں اور حدود الٰہیہ کے محافظ ہوتے ہیں۔ جس میں مذکورہ صفات موجود ہوں اور وہ جنگ میں قتل ہو جائے تو وہ شہید ہے اور اس کی جان و مال کی قیمت جنت ہے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام حج کی ادائیگی کے لیے مکہ جا رہے تھے۔ راستہ میں عباد بصری سے ملاقات ہوئی۔ اس نے آپؑ سے کہا: اے علی بن الحسینؑ! آپؑ نے جہاد کا پُرخطر اور دشوار راستہ چھوڑ دیا ہے اور حج کا آرام دہ راستہ اختیار کر لیا ہے جب کہ اللہ نے فرمایا ہے:

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ۚ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ ۣ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْاٰنِ ۚ وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ بَايَعْتُمْ بِهٖ ۚ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ (یقیناً صاحبانِ ایمان سے اللہ نے ان کی جانوں اور اموال کو جنت کے عوض خرید لیا ہے۔ یہ لوگ راہِ خدا میں جہاد کرتے ہیں، قتل کرتے ہیں اور خود قتل ہوتے ہیں۔ یہ وعدہ اللہ کے ذمہ ایک پختہ عہد ہے۔ تورات، انجیل اور قرآن میں ہر جگہ اس کا ذکر موجود ہے اور خدا سے بڑھ کر اپنے عہد کو پورا کرنے والا کون ہے۔ تم اپنے اس سودے پر خوشیاں مناؤ جو تم نے خدا سے چکا لیا ہے۔ یہی سب سے بڑی کامیابی ہے۔)

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام نے اس سے فرمایا اس سے متصل آیت بھی پڑھو کہ اللہ تعالیٰ فرما رہا ہے:

اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ۗ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ (یہ لوگ توبہ کرنے والے، عبادت کرنے والے، حمد کرنے والے، راہِ خدا میں سفر کرنے والے، رکوع کرنے والے، سجدے کرنے والے، نیکیوں کا حکم کرنے والے، برائیوں سے روکنے والے اور حدودِ الٰہی کی حفاظت کرنے والے ہیں۔ تم اہلِ ایمان کو (جنت کی) بشارت دے دیں۔)

جب ہمیں ان صفات سے متصف افراد ملیں گے تو ہم حج کے بجائے ان کے ساتھ شامل ہو کر جہاد کرنا پسند کریں گے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام جنگ کا ارادہ کرتے تو آپؑ جنگ کے آغاز سے قبل یہ دعا پڑھتے تھے: اللھم انك ..... تبدیلا (پروردگار! تو نے لوگوں کو اپنے راستے کی رہنمائی کی ہے، جس میں تو نے اپنی رضا رکھی ہے اور تو نے اپنے اولیاء کو اس کی دعوت دی ہے اور تو نے اسے عظیم ثواب اور بہترین منزل کے حصول کا ذریعہ بنایا ہے۔ پھر تو نے اہلِ ایمان سے ان کی جانوں اور ان کے اموال کو جنت کے عوض خرید کیا ہے۔ وہ تیری راہ میں جنگ لڑتے ہیں اور قتل کرتے ہیں اور خود قتل ہوتے ہیں۔ تو نے ان سے برحق وعدہ لیا ہے۔ خدایا! مجھے بھی ان لوگوں میں سے قرار دے جن سے تو نے ان کی جان و مال کا سودا کیا ہے اور جنھوں نے تجھ سے کیے ہوئے اقرار کو نبھایا ہے اور کسی طرح کی بدعہدی اور خلاف ورزی نہیں کی ہے۔

نہج البلاغہ میں حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام سے یہ کلمات منقول ہیں کہ آپؑ نے فرمایا: کیا کوئی جوانمرد ہے جو اس چبائے ہوئے لقمہ (دنیا) کو اس کے اہل کے لیے چھوڑ دے؟ تمھارے نفسوں کی قیمت صرف جنت ہے لہٰذا جنت کے علاوہ اور کسی قیمت پر انھیں نہ بیچو۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

نہج البلاغہ میں ہی حضرت علیہ السلام کے یہ کلمات منقول ہیں: جس نے تم کو مال و متاع بخشا ہے اس کی راہ میں تم اسے صرف نہیں کرتے اور نہ اپنی جانوں کو اس کے لیے خطرہ میں ڈالتے ہو، جس نے ان کو پیدا کیا ہے۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ایک روایت کا ماحصل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اہلِ ایمان سے عالمِ میثاق میں ان کی جان و مال کا سودا کیا تھا اور وہ لوگ زمانۂ رجعت میں اپنے وعدہ کی تکمیل کریں گے۔

بعض روایات کے مطابق ائمہ اہلِ بیتؑ کی قرأت میں التائبون کی بجائے التائبین کے الفاظ منقول ہیں۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں ہے کہ اِنَّ اللّٰہَ اشْتَرٰی مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَنْفُسَھُمْ وَ اَمْوَالَھُمْ بِاَنَّ لَھُمُ الْجَنَّۃَ کی آیت ائمہ صلوات اللہ علیہم کے حق میں نازل ہوئی۔ مقصد یہ ہے کہ ائمہ ہدیٰ علیہم السلام اس آیت کے اوّلین مصداق ہیں۔

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ اللہ نے اہلِ ایمان سے ان کی جان و مال کو جنت کے عوض خرید کیا ہے۔ لہٰذا اہلِ ایمان خدا کی راہ میں جہاد کر کے اپنی جانوں کے سودے کا عملی مظاہرہ کرتے ہیں۔ جہاد کی دو قسمیں ہیں: (۱) تلواروں کے ساتھ جہاد کرنا (۲) زبان کے ساتھ جہاد کرنا۔ بعض اوقات زبانی جہاد زیادہ ضروری ہوتا ہے، کیونکہ ''سبیل اللہ'' سے اللہ کا دین مراد ہے اور دینی دعوت کی ابتداء زبان سے ہی کی جاتی ہے۔ اسی لیے رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام سے فرمایا تھا: اگر اللہ تیرے ہاتھوں پر ایک بھی انسان کو ہدایت کر دے تو یہ دنیا و مافیہا کی دولت سے بہتر ہے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے تھے کہ لوگو! تمھارے ابدان کی قیمت جنت کے علاوہ اور کچھ نہیں ہے لہٰذا جنت کے علاوہ اسے اور کسی قیمت کے عوض مت بیچو۔

لفظ ''السائحون'' کے متعلق رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ میری اُمت کی سیاحت روزے ہیں۔

ابی بن کعب، عبداللہ بن مسعود اور اعمش کی قرأت میں التائبین العابدین منقول ہے۔ (بالفاظ دیگر یہ ''المومنین'' مجرور کی صفت ہیں)

روضہ کافی میں ابوبصیر سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کے سامنے اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ کی آیت پڑھی تو آپؑ نے فرمایا: اسے التائبین العابدین پڑھو۔

میں (راوی) نے آپؑ سے اس کی وجہ دریافت کی تو آپؑ نے فرمایا: یہ صفات لفظ ''المومنین'' کی ہیں اسی لیے انھیں مجرور حالت میں ''یا'' کے ساتھ پڑھنا چاہیے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

حدود الٰہی کی محافظت ضروری ہے

وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ..... اور حدود الٰہی کے محافظ۔

الکافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: اگر کوئی شخص اپنے چور کو پکڑ کر اسے معاف کرنا چاہے تو اسے اس کا اختیار حاصل ہے۔ اور اگر وہ اسے حاکم کے سامنے پیش کرے اور پھر کہے کہ میں اسے اس کا جرم معاف کرتا ہوں، تو حاکم چور پر ''قطع ید'' کی شرعی سزا نافذ کرے گا۔ حاکم کے سامنے مقدمہ پیش ہونے سے پہلے اسے معافی کا حق حاصل ہے۔ بعد میں یہ حق ختم ہو جاتا ہے کیونکہ اللہ نے اہلِ ایمان کے اوصاف بیان کرتے ہوئے فرمایا ہے:
وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ (وہ حدود الٰہی کے محافظ ہوتے ہیں)

ابراہیم علیہ السلام کا آزر کے لیے استغفار

وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗٓ اَنَّهٗ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ تَبَرَّاَ مِنْهُ ۚ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۱۴﴾

''اور ابراہیم کا ان کے باپ کے لیے استغفار صرف اس وعدہ کی بنا پر تھا جو انھوں نے اس سے کیا تھا، جب ان کے لیے یہ واضح ہو گیا کہ وہ دشمنِ خدا ہے تو انھوں نے اُس سے بیزاری اختیار کر لی۔ بے شک ابراہیمؑ بہت زیادہ تضرع کرنے والے اور بُردبار تھے''۔

قرآن مجید میں ''آزر'' کو جو کہ بت پرست تھا۔ ابراہیمؑ کا ''اب'' قرار دیا گیا ہے اور اسی لفظ کی وجہ سے مسلمانوں کی ایک بڑی تعداد کا یہ عقیدہ ہے کہ ابراہیم علیہ السلام کے والد کافر اور بت پرست تھے جب کہ ائمہ ہدیٰ علیہم السلام سے مروی روایات کے مطابق ''آزر'' حضرت خلیل اللہ کا والد نہیں، بلکہ چچا تھا۔

جہاں تک لفظ ''اب'' سے استدلال کا تعلق ہے تو اس سے اس کا والد ہونا ثابت نہیں ہوتا۔ کیونکہ لفظ ''اب'' کثیر المعنی لفظ ہے۔ اس لفظ کا اطلاق والد کے علاوہ چچا اور دادا پر بھی ہوتا ہے جیسا کہ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ حَضَرَ يَعْقُوْبَ الْمَوْتُ ۙ اِذْ قَالَ لِبَنِيْهِ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْۢ بَعْدِيْ ۭ قَالُوْا نَعْبُدُ اِلٰهَكَ وَاِلٰهَ اٰبَآئِكَ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۳﴾ (البقرہ:۱۳۳)

''کیا تم اس وقت موجود تھے جب یعقوبؑ پر موت آئی تو انھوں نے اپنے بیٹوں سے کہا کہ تم

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

میرے بعد کس کی عبادت کرو گے؟ انھوں نے کہا کہ ہم تیرے معبود اور تیرے آباء ابراہیمؑ و اسماعیلؑ و اسحاقؑ کے معبودِ واحد کی عبادت کریں گے اور ہم اسی کے فرماں بردار ہیں''۔

آیت بالا میں حضرت یعقوب علیہ السلام کے بیٹوں نے حضرت ابراہیم، اسماعیل اور اسحاق علیہم السلام کو حضرت یعقوب علیہ السلام کے آباء قرار دیا' جب کہ ابراہیم علیہ السلام حضرت یعقوبؑ کے دادا تھے اور حضرت اسماعیل علیہ السلام، حضرت یعقوبؑ کے چچا تھے اور حضرت اسحاق علیہ السلام ان کے حقیقی والد تھے۔ اس سے معلوم ہوا کہ لفظ ''اب'' کا اطلاق صرف والد تک ہی محدود نہیں' بلکہ اس لفظ کا اطلاق چچا اور دادا پر بھی کیا جاتا ہے۔

قرآن مجید کی متعدد آیات میں بیان کیا گیا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے ''اب آزر'' سے استغفار کا وعدہ کیا تھا' لیکن جب انھوں نے محسوس کیا کہ وہ دشمنِ خدا ہے تو انھوں نے اس سے بیزاری اختیار کر لی تھی' جب کہ اس کے برعکس وہ پوری زندگی اپنے والدین کے لیے دعا مانگتے رہے تھے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی دعا کو ان الفاظ سے بیان کیا ہے:

رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ۝ (ابراہیم:۴۱)

''اے ہمارے پروردگار! قیامت قائم ہونے کے دن میری' میرے والدین اور اہلِ ایمان کی مغفرت فرما''۔

معلوم ہوتا ہے جس کے لیے حضرت نے دعائے مغفرت چھوڑ دی تھی وہ اور تھا اور جس والد کے لیے عمر بھر مغفرت کی دعا کرتے رہے وہ آپ کا حقیقی والد تھا۔ (اضافہ من المترجم)

تفسیر عیاشی میں مرقوم ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے اپنے ایک ساتھی سے فرمایا کہ وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ إِبْرٰهِيْمَ لِأَبِيْهِ إِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ إِيَّاهُ کی آیت مجیدہ کے متعلق لوگ کیا کہتے ہیں؟ حضرتؑ کے ساتھی نے عرض کیا کہ لوگ یہ کہتے ہیں کہ ابراہیم علیہ السلام نے آزر سے وعدہ کیا تھا کہ میں تیرے لیے مغفرت طلب کروں گا۔ اسی لیے انھوں نے اس کے لیے مغفرت طلب کی تھی' لیکن جب انھوں نے دیکھا کہ یہ دشمنِ خدا ہے تو انھوں نے دعائے مغفرت چھوڑ دی۔

یہ سن کر امام علیہ السلام نے فرمایا: ایسا نہیں ہے' اصل بات یہ ہے کہ ابراہیم علیہ السلام نے اس سے وعدہ کیا تھا کہ اگر اس نے اسلام قبول کر لیا تو آپؑ اس کے لیے مغفرت طلب کریں گے۔ پھر جب آپؑ نے محسوس کیا کہ وہ دشمنِ خدا ہے تو آپؑ نے اس سے بیزاری اختیار کر لی۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک صحابی کا بیان ہے کہ ایک شخص نے میرے پہلو میں نماز ادا کی۔ نماز سے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

فراغت پانے کے بعد اس نے اپنے مردہ والدین کی مغفرت کے لیے دعا کرنا شروع کی۔ میں نے اس سے کہا کہ تم یہ کیا کرتے ہو۔ تمھارے والدین تو حالتِ کفر پر مرے تھے' تم ان کے لیے مغفرت کیوں طلب کرتے ہو؟ اس نے کہا کہ بھائی میں نے غلطی تھوڑی کی ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بھی تو آزر کے لیے دعائے مغفرت کی تھی۔

جب میں نے اس کا جواب سنا تو میں چپ ہوگیا۔ میں نے یہی بات رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں پیش کی تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی:

وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ إِبْرٰهِيمَ لِأَبِيهِ إِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ إِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗٓ أَنَّهٗ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ تَبَرَّأَ مِنْهُ ۚ

''اور ابراہیمؑ کا اپنے باپ کے لیے استغفار صرف اس وعدہ کی بنا پر تھا جو انھوں نے اس سے کیا تھا جب ان کے لیے یہ واضح ہوگیا کہ وہ دشمنِ خدا ہے تو انھوں نے اس سے بیزاری اختیار کرلی اور پھر اس کے لیے دعائے مغفرت نہ کی''۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں اس آیت مجیدہ کے ضمن میں مرقوم ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے آزر سے کہا تھا کہ اگر تو نے بتوں کی پوجا چھوڑ دی تو میں تیرے لیے استغفار کروں گا' لیکن آزر نے بت پرستی نہ چھوڑی' جس کی وجہ سے ابراہیمؑ نے اس سے بیزاری اختیار کرلی۔ یقیناً ابراہیمؑ ''اوّاہ'' اور حلیم یعنی بہ کثرت دعا کرنے والے اور بُردبار تھے۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: ابراہیم علیہ السلام ''اوّاہ'' تھے یعنی اپنی نماز میں تضرع کرتے تھے اور تنہائی کے لمحات میں بھی ہمیشہ تضرع کرتے تھے۔

مجمع البیان میں مرقوم ہے: پھر اللہ تعالیٰ نے یہ بیان کیا کہ ابراہیم علیہ السلام نے آزر کے لیے استغفار کیا تھا جب کہ وہ کافر تھا۔ ہمارے اصحاب کے بیان کے مطابق آزر آپ کا سگا باپ نہیں تھا' بلکہ وہ آپؑ کا نانا یا چچا تھا۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے إِنَّ إِبْرٰهِيمَ لَأَوَّاهٌ کی تفسیر کرتے ہوئے فرمایا کہ ''اوّاہ'' بہ کثرت دعا کرنے والے کو کہا جاتا ہے۔ جب کہ ایک اور قول کے مطابق لفظ ''اوّاہ'' کا معنی خشوع اور عاجزی کرنے والا ہے۔ اور اس مفہوم کو ابن شداد نے روایت مرفوع کے تحت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا ہے۔

ابوعبیدہ کہتے ہیں کہ ابراہیم علیہ السلام کے ''اوّاہ'' ہونے کا مطلب یہ ہے کہ آپ خوفِ خدا سے آہیں بھرا کرتے تھے اور اجابت دعا کے لیے تضرع و عاجزی سے کام لیتے تھے اور اطاعتِ خداوندی کا ہمیشہ التزام کیا کرتے تھے۔ زجاج نے کہا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کہ ابوعبیدہ کا قول تمام اقوال سے زیادہ جامع ہے۔

اصول کافی میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ ''اوّاہ'' کے معنی بہ کثرت دعا کرنے والے کے ہیں۔

عبدالرحمٰن بن حجاج کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے عرض کیا کہ اگر مجھے کسی نصرانی طبیب سے علاج کرانا پڑے اور میں اس کے علاج سے صحت یاب ہو جاؤں تو کیا میں اس کے لیے دعا کر سکتا ہوں؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: تم دعا کر سکتے ہو لیکن تمھاری دعا اسے کوئی فائدہ نہیں پہنچائے گی۔

محمد بن عرفہ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے پوچھا کہ اگر مجھے کبھی کسی یہودی اور نصرانی کے متعلق دعا کرنا پڑے تو میں اسے کن الفاظ سے دعا دوں؟

آپؑ نے فرمایا: تم اس سے کہو کہ اللہ تیری دنیا میں برکت ڈالے۔

اللہ واضح ہدایت سے قبل کسی کو گمراہی میں مبتلا نہیں کرتا

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِلَّ قَوْمًا بَعْدَ اِذْ هَدٰىهُمْ حَتّٰى يُبَيِّنَ لَهُمْ مَّا يَتَّقُوْنَ ۚ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝

''اللہ کا یہ طریقہ نہیں ہے کہ لوگوں کو ہدایت دینے کے بعد پھر گمراہی میں مبتلا کرے، جب تک انھیں صاف صاف نہ بتا دے کہ انھیں کن چیزوں سے بچنا چاہیے۔ بے شک اللہ ہر چیز کے جاننے والا ہے''۔

کتاب التوحید میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس آیت مجیدہ کے ضمن میں مرقوم ہے کہ اللہ تعالیٰ کا اصول یہ ہے کہ وہ لوگوں کو پہلے اس بات کی خبر دیتا ہے کہ اس کی رضامندی کن چیزوں میں پوشیدہ ہے اور اس کی ناراضگی کن امور میں مضمر ہے۔ اصول کافی میں بھی یہ روایت انھی الفاظ سے منقول ہے۔

اصول کافی، قرب الاسناد اور تفسیر عیاشی میں اسی آیت کے ضمن میں چند روایات مذکور ہیں جن کا ماحصل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جب تک نئے امام کا تعارف نہ کرا دے اس وقت تک امام سابق کو دنیا سے نہیں اُٹھاتا۔

تین صحابی جو جنگِ تبوک میں شریک نہیں ہوئے تھے

لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِنْۢ بَعْدِ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

مَا كَادَ يَزِيغُ قُلُوبُ فَرِيقٍ مِّنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ ۚ إِنَّهُ بِهِمْ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ﴿١١٧﴾ وَعَلَى الثَّلَاثَةِ
الَّذِينَ خُلِّفُوا ۚ حَتَّىٰ إِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ أَنفُسُهُمْ وَظَنُّوا
أَن لَّا مَلْجَأَ مِنَ اللَّهِ إِلَّا إِلَيْهِ ۚ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوبُوا ۚ إِنَّ اللَّهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ﴿١١٨﴾

''یقیناً اللہ نے نبی اور ان مہاجرین و انصار پر توجہ فرمائی' جنھوں نے تنگی کے وقت میں پیغمبر کا ساتھ دیا' اگرچہ اس وقت ان میں سے کچھ لوگوں کے دل کجی کی طرف مائل ہو چلے تھے۔ اللہ نے ان کی توبہ کو قبول کیا وہ بڑا ترس کھانے والا مہربان ہے۔ اور اللہ نے ان تینوں پر بھی رحم کیا جو جہاد سے پیچھے رہ گئے تھے یہاں تک کہ جب زمین اپنی وسعتوں سمیت ان پر تنگ ہوگئی اور ان کی جانیں بھی ان پر بار ہونے لگیں اور انھوں نے جان لیا کہ اللہ سے بچنے کے لیے کوئی جائے پناہ خود اللہ ہی کے دامنِ رحمت کے سوا کہیں نہیں ہے تو اللہ نے ان پر توجہ فرمائی تا کہ وہ توبہ کرلیں۔ یقیناً اللہ بڑا توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے''۔

تفسیر علی بن ابراہیم اور احتجاج طبرسی میں لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ کے متعلق لکھا ہے کہ اس کی ایک قرأت ''بالنبی'' بھی ہے۔ مجمع البیان اور تفسیر عیاشی لفظ ''خُلِّفُوْا'' کے متعلق مرقوم ہے کہ اس کی ایک قرأت ''خالفوا'' بھی ہے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ غزوۂ تبوک کے وقت بہت سے منافقین نے خودساختہ حیلے بہانے بنا کر گھر میں رہنے کی اجازت حاصل کر لی تھی اور آنحضرتؐ کے تین مخلص صحابی یعنی کعب بن مالک شاعر' مرارہ بن ربیع اور ہلال بن امیہ واقفی بھی اس جنگ میں شریک نہیں ہوئے تھے اور وہ آج اور کل کے چکروں میں گرفتار رہے۔ اس سلسلہ میں حضرت کعب کا بیان ہے کہ جب رسولؐ خدا نے تبوک کا سفر اختیار کیا تھا تو اس وقت میرے پاس روانگی کے لیے پورا ساز و سامان موجود تھا۔ اس سے قبل کبھی بھی میرے پاس دو سواریاں بیک وقت جمع نہیں ہوئی تھیں مگر اس وقت میرے پاس دو سواریاں موجود تھیں۔ میں دل ہی دل میں سوچتا رہا کہ میں کل جاؤں گا' پرسوں جاؤں گا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد میں روزانہ بازار میں جاتا تھا اور میری طرح سے ہلال بن اُمیہ اور مرارہ بن ربیع بھی پیچھے رہ گئے تھے۔ ہم آپس میں ملاقاتیں کرتے تھے اور کہتے تھے کہ بس ہم کل یہاں سے چلیں گے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ جا ملیں گے۔ لیکن جب دوسرا دن ہوتا تو ہم کہتے کہ بس ہم پرسوں یہاں سے ضرور چلے جائیں گے۔

الغرض ''آج کل'' کرتے ہوئے دن گزرتے رہے اور ہم گھروں میں رہ گئے یہاں تک کہ حبیب خدا صلی اللہ علیہ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

وآلہ وسلم تبوک سے واپس مدینہ تشریف لائے۔ آپ کی تشریف آوری پر منافقین نے طرح طرح کے بہانے بنائے جنھیں آپ نے قبول فرمایا۔ پھر ہم آنحضرتؐ کے سلام کے لیے حاضر ہوئے۔ آپؐ نے ہم سے مدینہ رہنے کا سبب دریافت کیا تو میں نے کہا: یارسولؐ اللہ! لوگ جھوٹ بہانے بنا رہے ہیں' لیکن میں آپؐ کے سامنے ہرگز جھوٹ نہیں بولوں گا۔ ہمارے پاس روانگی کے مکمل وسائل موجود تھے' لیکن اس کے باوجود ہم ٹال مٹول سے کام لیتے رہے اور یوں ہم گھروں میں رہ گئے۔

جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ سنا تو آپؐ نے ہم سے منہ پھیر لیا۔ ہم نے اپنے بھائیوں کو سلام کیا تو انھوں نے بھی ہمیں کوئی جواب نہیں دیا اور جب ہمارے اہلِ خاندان نے سنا تو انھوں نے بھی ہم سے منہ موڑ لیے اور ہم سے کلام کرنا ترک کر دیا۔ ہم مسجد میں جاتے تو ہم پر کوئی بھی سلام نہ کرتا اور کوئی ہم سے کلام نہ کرتا۔ پھر ہماری بیویاں آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور انھوں نے آپؐ سے عرض کیا کہ ہمیں معلوم ہوا ہے کہ آپؐ ہمارے شوہروں پر ناراض ہیں تو کیا ہم ان سے طلاق لے لیں؟

آنحضرتؐ نے فرمایا: نہیں' البتہ ان سے حقوقِ زوجیت منقطع کر لیں۔ جب مذکورہ افراد سے تمام اہلِ مدینہ نے تعلقات ختم کر دیئے تو کعب بن مالک نے اپنے دونوں ساتھیوں سے کہا کہ مدینہ میں ہمارے رہنے کا آخر کیا فائدہ ہے۔ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم سے ناراض ہیں اور ہمارے بھائی اور رشتہ دار بھی ہم سے کلام کرنے پر راضی نہیں ہیں۔ لہٰذا آؤ ہم اس پہاڑ پر چلے جائیں اور وہاں خدا سے گڑگڑا کر توبہ کی درخواست کریں۔

چنانچہ تینوں صحابی مدینہ سے نکلے اور پہاڑ پر چلے گئے۔ دن کے وقت وہ روزہ رکھتے تھے اور سارا دن نمازیں پڑھ کر خدا سے مغفرت کی درخواست کرتے رہتے تھے۔ ان کے اہلِ خانہ ان کے لیے کھانا پانی وہاں پہنچا دیتے تھے۔ کچھ عرصہ تک وہ اسی حالت پر رہے مگر ان کی توبہ قبول نہ ہوئی۔ جب اس حالت میں کافی دن گزر گئے تو حضرت کعب نے ساتھیوں سے کہا کہ دوستو! جب رسولؐ خدا ہم پر ناراض ہیں اور ہمارے بھائی ہم پر ناراض ہیں اور ہماری بیویاں اور ہماری اولادیں ہم سے ناراض ہیں اور کوئی ہم سے کلام کرنا پسند نہیں کرتا تو پھر ہم ایک دوسرے سے کیوں خوش ہیں؟ ہمیں بھی ایک دوسرے سے ناراض ہونا چاہیے اور ہمیں ایک دوسرے سے جدا ہو جانا چاہیے۔ اب ہم پہاڑوں میں ایک دوسرے سے جدا ہو جائیں گے اور اس وقت تک پہاڑوں میں تن تنہا رہیں گے' جب تک خدا ہماری توبہ قبول نہ کر لے' یا ہم پر موت نہ آ جائے۔

اس کے بعد تینوں ساتھی ایک دوسرے سے علیحدہ ہو گئے اور تین دن تک مسلسل پہاڑوں میں گریہ و بکا کرتے رہے۔ تیسری رات جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ میں قیام پذیر تھے تو اللہ تعالیٰ نے ان

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کی توبہ کی قبولیت کی آیت نازل کی اور فرمایا:

وَعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا ۭ حَتّٰٓى اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ وَظَنُّوْٓا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّآ اِلَيْهِ ۭ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوْبُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝

''اور اللہ نے ان تینوں پر بھی رحم کیا جو جہاد سے پیچھے رہ گئے تھے' یہاں تک کہ جب زمین اپنی وسعتوں سمیت ان پر تنگ ہوگئی اور ان کی اپنی جانیں بھی ان پر بار ہونے لگیں اور انھوں نے جان لیا کہ اللہ سے بچنے کے لیے کوئی جائے پناہ خود اللہ ہی کے دامنِ رحمت کے سوا کچھ نہیں ہے تو اللہ نے ان پر توجہ فرمائی تاکہ وہ توبہ کرلیں۔ یقیناً اللہ بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے''۔

چنانچہ جب انھیں یہ آیت سنائی گئی تو وہ پہاڑ سے نیچے اُتر آئے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ۝۱۱۹ مَا كَانَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ اَنْ يَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَلَا يَرْغَبُوْا بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ نَّفْسِهٖ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ لَا يُصِيْبُهُمْ ظَمَاٌ وَّلَا نَصَبٌ وَّلَا مَخْمَصَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَطَــــُٔوْنَ مَوْطِئًا يَّغِيْظُ الْكُفَّارَ وَلَا يَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ بِهٖ عَمَلٌ صَالِحٌ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝۱۲۰ۙ وَلَا يُنْفِقُوْنَ نَفَقَةً صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً وَّلَا يَقْطَعُوْنَ وَادِيًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝۱۲۱ وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِيَنْفِرُوْا كَاۗفَّةً ۭ فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ اِذَا رَجَعُوْٓا
اِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَاتِلُوا الَّذِيْنَ
يَلُوْنَكُمْ مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوْا فِيْكُمْ غِلْظَةً ۭ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ
الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۲۳﴾ وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ اَيُّكُمْ
زَادَتْهُ هٰذِهٖٓ اِيْمَانًا ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَزَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّهُمْ
يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَتْهُمْ رِجْسًا
اِلٰى رِجْسِهِمْ وَمَاتُوْا وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۲۵﴾ اَوَلَا يَرَوْنَ اَنَّهُمْ يُفْتَنُوْنَ
فِيْ كُلِّ عَامٍ مَّرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ لَا يَتُوْبُوْنَ وَلَا هُمْ
يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۲۶﴾ وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ نَّظَرَ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ ۭ
هَلْ يَرٰىكُمْ مِّنْ اَحَدٍ ثُمَّ انْصَرَفُوْا ۭ صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ بِاَنَّهُمْ
قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ لَقَدْ جَاۗءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ
عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۸﴾
فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۡ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ
رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۲۹﴾

''اے اہلِ ایمان! اللہ سے ڈرتے رہو اور سچوں کے ساتھ ہو جاؤ۔ اہلِ مدینہ اور اس کے اطراف میں رہنے والے دیہاتیوں کو یہ حق نہیں ہے اور وہ اللہ کے رسول کو چھوڑ کر گھر

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

جائیں اور اپنے نفوس کو ان کے نفس سے زیادہ عزیز جانیں اس لیے کہ انھیں جو کوئی پیاس، تھکن اور جسمانی مشقت راہِ خدا میں محسوس ہوتی ہے اور وہ جب بھی کوئی ایسا قدم اُٹھاتے ہیں جو منکرین حق کے لیے ناگوار ہوتا ہے اور جب بھی وہ کسی دشمن سے عداوتِ حق کا کوئی انتقام لیتے ہیں تو اس کے بدلے ان کے لیے عملِ صالح لکھا جاتا ہے۔ یقیناً خدا نیکی کرنے والوں کے اجر کو ضائع نہیں کرتا۔ اسی طرح سے ایسا کبھی نہیں ہوگا کہ وہ (راہِ خدا) میں تھوڑا یا بہت کوئی خرچ اُٹھائیں اور (جہاد کے لیے) کوئی وادی پار کریں اور ان کے حق میں اسے لکھ نہ لیا جائے، تاکہ خدا انھیں ان کے اچھے اعمال کا بہتر صلہ عطا کرے۔

صاحبانِ ایمان کا یہ فرض نہیں کہ وہ سب کے سب جہاد کے لیے نکل پڑیں تو ہر گروہ میں سے ایک جماعت اس کام کے لیے کیوں نہیں نکلتی ہے کہ وہ دین کی سمجھ پیدا کرے اور واپس جا کر اپنی قوم کو خبردار کرے تاکہ وہ اس طرح ڈرنے لگیں۔

ایمان والو! اپنے اردگرد رہنے والے کافروں سے جنگ کرو اور وہ تمھارے اندر سختی اور طاقت کا احساس کریں اور جان لو کہ اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے۔

اور جب کبھی کوئی سورہ نازل ہوتی ہے تو ان میں سے بعض لوگ (بطور طنز) کہتے ہیں کہ اس سورہ نے تم میں سے کس کے ایمان میں اضافہ کیا ہے؟ جو لوگ ایمان لائے ہیں ان کے ایمان میں اضافہ ہوتا ہے اور وہ خوش ہوتے ہیں۔ اور جن کے دلوں میں بیماری ہے تو سورہ کے نزول سے ان کی سابق نجاست پر ایک نئی نجاست کا اضافہ ہو جاتا ہے۔ اور ایسے لوگ کفر پر ہی مر جاتے ہیں۔

تو کیا وہ نہیں دیکھتے کہ ہر سال ایک یا دو مرتبہ انھیں آزمایش میں مبتلا کیا جاتا ہے، پھر بھی وہ نہ تو توبہ کرتے ہیں اور نہ ہی کوئی نصیحت حاصل کرتے ہیں۔ جب کوئی سورہ نازل ہوتی ہے تو یہ لوگ آنکھوں ہی آنکھوں میں ایک دوسرے سے باتیں کرتے ہیں کہ کہیں تمھیں کوئی

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

دیکھ تو نہیں رہا ہے۔ پھر وہ چپکے سے نکل بھاگتے ہیں۔ اللہ نے ان کے دل پھیر دیئے ہیں، کیونکہ یہ سمجھنے والی قوم نہیں ہے۔

یقیناً تمھارے پاس ایک رسول آیا ہے جو خود تم میں سے ہی ہے۔ تمھاری ہر مصیبت اس پر شاق گزرتی ہے۔ وہ تمھاری ہدایت کے لیے بہت حرص کرنے والا ہے اور اہلِ ایمان کے لیے شفیق اور رحیم ہے۔ اگر یہ لوگ منہ پھیر لیں تو کہہ دیں کہ میرے لیے اللہ کافی ہے۔ اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے۔ میں نے اسی پر بھروسہ کیا ہے اور وہ عرشِ عظیم کا پروردگار ہے"۔

ہو جاؤ سچوں کے ساتھ

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ ۝

"اے ایمان والو! اللہ سے ڈرتے رہو اور ہو جاؤ سچوں کے ساتھ"۔

مناقب ابن شہر آشوب میں حضرت جابر بن عبداللہ انصاری سے منقول ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ اللہ نے جس جماعت صادقین کے ساتھ رہنے کا حکم دیا ہے وہ جماعتِ صادقین ہم ہیں۔

ابن ابی نصر بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے وَ كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ ۝ کے متعلق دریافت کیا تو آپؑ نے فرمایا: صادقین ائمہ ہیں اور ان کے اطاعت گزار مصدق ہیں۔

احتجاج طبرسی کی ایک طویل حدیث کے ضمن میں امیر المومنین علی علیہ السلام سے یہ کلمات منقول ہیں: اللہ نے کچھ لوگوں کو علم کا اہل مقرر کیا ہے اور ان کی اطاعت کو فرض قرار دیا ہے اور ان کے لیے فرمایا ہے: یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ ۝ (ایمان والو! اللہ سے ڈرتے رہو اور ہو جاؤ سچوں کے ساتھ۔)

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ ابن عباس اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی قرأت میں "من الصادقین" کے الفاظ وارد ہیں۔

کتاب کمال الدین وتمام النعمۃ میں سلیم بن قیس کے حوالہ سے مرقوم ہے کہ امیر المومنین علی علیہ السلام نے خلافتِ عثمان کے عہد میں مسجد نبویؐ میں مہاجرین وانصار کے مجمع سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا:

اے گروہِ صحابہ! خدا کے لیے بتاؤ کہ جب یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ ۝ کی آیت

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

نازل ہوئی تھی تو اس وقت سلمان فارسیؓ نے رسولِ خدا سے عرض کیا تھا کہ یارسولؐ اللہ! یہ آیت عام ہے یا خاص؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا: عام اہلِ ایمان کو اس کا حکم دیا گیا ہے اور صادقین سے میرا بھائی علیؑ اور قیامت تک آنے والے میرے اوصیاء مراد ہیں۔ کیا تم نے یہ بات سنی تھی؟

وہاں پر موجود صحابہ نے کہا: جی ہاں، ہم نے رسولِ خدا کا یہ فرمان سنا تھا۔

توضیح: اس آیت مجیدہ کے ضمن میں اہلِ سنت کے مشہور مفسر فخر الدین رازی نے لکھا ہے کہ اس آیت نے قیامت تک کے لیے اُمت کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا ہے۔ ایک حصہ وہ ہے جنھیں یہ حکم دیا گیا ہے کہ وہ اللہ سے ڈرتے رہیں اور سچوں کے ساتھ ہو جائیں۔ اس گروہ سے غلطی اور خطا کا امکان ہے اسی لیے اللہ نے فرمایا کہ وہ اللہ سے ڈرتے رہیں اور سچوں کے ساتھ ہو جائیں، تاکہ وہ غلطیوں سے بچ سکیں۔

اور اُمت کا دوسرا حصہ جماعتِ صادقین پر مشتمل ہے اور یہ جماعت معصوم جماعت ہے اور کائنات میں جب تک یہ آیت باقی رہے گی اس وقت تک معصوم جماعت کا کوئی نہ فرد باقی رہے گا، کیونکہ یہ بات ناممکن ہے کہ غیر معصوم کو حکم دیا جائے کہ وہ صادقین کے ساتھ ہو جائیں اور پھر عملی طور پر جماعت صادقین ہی موجود نہ ہو۔ (اضافہ من المترجم)

کتاب معانی الاخبار میں امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام کا ایک خطبہ مذکور ہے۔ اس خطبہ میں آنجنابؑ نے یہ کلمات بھی ارشاد فرمائے:

''اے لوگو! آگاہ رہو! مجھے قرآن مجید میں کچھ اسماء سے مخصوص کیا گیا ہے۔ ان ناموں پر قابض ہونے کی جسارت نہ کرنا ورنہ تم اپنے دین سے گمراہ ہو جاؤ گے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: وَ كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ اور وہ صادق میں ہوں''۔

امالی شیخ الطائفہ میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ کی آیت کا مفہوم یہ ہے کہ اے ایمان والو! تم علی بن ابی طالبؑ کے ساتھ ہو جاؤ۔

تہذیب الاحکام میں حضرت امام صادق علیہ السلام سے دعائے غدیر منقول ہے جس کے کچھ کلمات کا ترجمہ یہ ہے:

''پروردگار! تو نے ہمیں اپنے مقرر کردہ صاحبانِ امر کی اطاعت کا حکم دیا ہے اور تو نے ہمیں ''صادقین'' کے ساتھ ہو جانے کا حکم دیا ہے اور تو نے فرمایا ہے: يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَ اُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۚ (النساء: ۵۹) (اے ایمان والو! تم اللہ کی اطاعت کرو اور رسول اور جو تم میں صاحبانِ امر ہوں ان کی اطاعت کرو۔)

اور پروردگار تو نے ہی فرمایا ہے: يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ (اے ایمان والو! اللہ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

سے ڈرتے رہو اور ہو جاؤ سچوں کے ساتھ)۔ پروردگار! ہم نے تیرے فرمان کی اطاعت کی ہے۔ ہمیں ثابت قدم رکھنا اور ہمیں فرمانبرداری کی حالت میں موت دینا۔ اپنے اولیاء کا تصدیق کنندہ ہونے کی حالت میں ہماری روح قبض کرنا اور اپنی طرف سے ہدایت دینے کے بعد ہمارے دلوں کو کج نہ ہونے دینا اور ہمیں اپنی طرف سے رحمت عطا فرما۔ بے شک تو بہت زیادہ عطا کرنے والا ہے۔

تفسیر عیاشی میں ابوحمزہ ثمالی سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے عرض کیا کہ مولاؑ! میں کون سا عمل بجالاؤں جس سے حقیقتِ ایمان کی تکمیل ہو جائے؟

آپؑ نے فرمایا: تم خدا کے محبوب بندوں یعنی حضرت محمد مصطفیؐ، علی مرتضیٰؑ، حسنؑ، حسینؑ، علی بن الحسینؑ اور مجھ سے اور میری گود میں بیٹھے ہوئے میرے اس فرزند جعفرؑ سے محبت رکھو۔ جو بھی ان سے محبت رکھے گا تو وہ تمام اولیائے خدا سے محبت رکھے گا اور ان سے محبت رکھنے والا وَ كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ کی آیت پر عمل کرنے والا قرار پائے گا۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ وَ كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ سے ائمہ علیہم السلام مراد ہیں۔

دین میں سوجھ بوجھ پیدا کرنے کے لیے سفر کرو

وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِيَنْفِرُوْا كَآفَّةً ؕ فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ اِذَا رَجَعُوْٓا اِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾

''اور صاحبانِ ایمان کا یہ فرض نہیں ہے کہ وہ سب کے سب نکل پڑیں تو ہر گروہ میں سے ایک جماعت اس کام کے لیے کیوں نہیں نکلتی ہے کہ وہ دین کی سمجھ بوجھ پیدا کرے اور واپس جا کر اپنی قوم کو خبردار کرے' تاکہ وہ اس طرح سے ڈرنے لگیں''۔

آیت بالا میں اللہ تعالیٰ نے فہمِ دین کو اُمت کے تمام گروہوں کے لیے فرضِ کفایہ قرار دیا اور فرمایا کہ ہر گروہ اور علاقہ میں سے کچھ افراد دین فہمی کے لیے رسولؐ خدا کے پاس جائیں اور جب انھیں خود اچھی طرح سے دین فہمی کا ملکہ حاصل ہو جائے تو وہ اپنے علاقوں اور قوم کی طرف لوٹ جائیں اور انھیں دینی حقائق سے آگاہ کریں' تاکہ باقی لوگ خدا کی نافرمانی سے ڈر جائیں۔

آیت مجیدہ اس امر کی دلیل ہے کہ دین فہمی کی غرض تبلیغ دین ہونا چاہیے' حصولِ دولت نہیں ہونا چاہیے اور جو بھی دین

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

قویم اور صراطِ مستقیم کی رشد و ہدایت کے لیے علمِ دین حاصل کرے تو وہ ہدایت یافتہ ہوگا اور جو شخص دین فہمی کو حصولِ دنیا کی غرض سے حاصل کرے گا وہ خدائی اجر وثواب سے محروم رہے گا اور ایسا شخص ممکن ہے کہ دنیا میں کچھ کامیابی حاصل کرلے لیکن آخرت میں اس کا کوئی حصہ نہیں ہوگا۔ (اضافہ من المترجم)

اصولِ کافی میں علی بن ابی حمزہ سے منقول ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام اپنے ساتھیوں سے فرمایا کرتے تھے: دین میں سمجھ بوجھ حاصل کرو اور دین کی سمجھ بوجھ نہ رکھنے والا جاہل گنوار ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: لِيَتَفَقَّهُوا فِي الدِّينِ وَلِيُنْذِرُوا قَوْمَهُمْ إِذَا رَجَعُوا إِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُونَ ﴿۱۲۲﴾ (وہ دین میں سمجھ بوجھ پیدا کریں اور واپس جا کر اپنی قوم کو خبردار کریں تا کہ وہ اس طرح سے ڈرنے لگیں۔)

''اختلافِ اُمت رحمت ہے'' کا مفہوم

علل الشرائع میں عبداللہ بن مومن انصاری سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ مولا! لوگ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایک حدیث بیان کرتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے فرمایا: اِختِلافُ اُمَّتِی رَحمَةٌ (میری اُمت کا اختلاف رحمت ہے) کیا یہ حدیث صحیح ہے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: جی ہاں، یہ حدیث صحیح ہے۔ میں (راوی) نے کہا: اگر اُمت کا اختلاف رحمت ہے تو پھر ان کا اتحاد تو عذاب قرار پائے گا!!؟ آپؑ نے فرمایا: حدیث کا وہ مفہوم نہیں ہے جو تم سمجھ رہے ہو۔ ''اختلاف'' کا ایک مفہوم یکے بعد دیگرے آنا بھی ہے جیسا کہ ارشاد خداوندی ہے: واختلاف اللیل والنھار (رات دن کا ایک دوسرے کے بعد آنا) چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اُمت اسلامیہ کو حکم دیا۔ فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِنْهُمْ طَائِفَةٌ لِيَتَفَقَّهُوا فِي الدِّينِ وَلِيُنْذِرُوا قَوْمَهُمْ إِذَا رَجَعُوا إِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُونَ ﴿۱۲۲﴾ ''ہر گروہ میں سے ایک جماعت اس کام کے لیے کیوں نہیں نکلتی ہے کہ وہ دین کی سمجھ بوجھ پیدا کرے اور واپس جا کر اپنی قوم کو خبردار کرے تا کہ وہ اس طرح سے ڈرنے لگیں''۔

اللہ تعالیٰ نے اہلِ ایمان کو حکم دیا کہ وہ دین فہمی کے لیے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں یکے بعد دیگرے آتے رہیں اور احکامِ اسلام سے واقفیت حاصل کریں اور جب انھیں واقفیت حاصل ہوجائے تو اپنی قوم میں جائیں اور انھیں دین کی تبلیغ کریں۔ اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اِختِلافُ اُمَّتِی رَحمَةٌ - میری اُمت کا یکے بعد دیگرے فہم دین کے لیے میرے پاس آنا رحمت ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

حبیبؐ خدا کی حدیث کا یہ مفہوم ہرگز نہیں ہے کہ خدا کے دین میں اختلاف رحمت ہے، کیونکہ دین تو ایک ہے۔

تفسیر عیاشی میں مرقوم ہے کہ حضرت امام علی رضا علیہ السلام نے اپنے ایک خط میں یہ کلمات تحریر فرمائے: ہمارا شیعہ بس وہ ہے جو ہماری پیروی کرے اور ہماری مخالفت نہ کرے اور جب ہم خوف میں ہوں تو وہ بھی اپنے آپ کو خوف میں محسوس کرے اور جب ہم امن میں ہوں تو وہ بھی اپنے آپ کو امن میں محسوس کرے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: فَسْئَلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ (النحل:۴۳۔تم اہلِ ذکر سے سوال کرو اگر تم نہیں جانتے۔)

اور اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآىِٕفَةٌ (ہر گروہ میں سے ایک جماعت دین فہمی کے لیے سفر کیوں نہیں کرتی؟) لہٰذا تم پر سوال کرنا اور ہم سے دریافت کرنا واجب کیا گیا ہے لیکن ہم پر جواب فرض نہیں کیا گیا۔

اصولِ کافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: تم خدا کے دین میں سمجھ بوجھ حاصل کرو اور جاہل دیہاتی نہ بنو۔ تم میں سے جو خدا کے دین کی سمجھ بوجھ حاصل نہیں کرے گا خدا اس کے عمل میں پاکیزگی پیدا نہیں کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: میری خواہش ہے کہ میرے اصحاب کے سروں پر کوڑے برسائے جائیں، یہاں تک کہ وہ دین میں سمجھ بوجھ حاصل کریں۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے کسی نے کہا کہ اگر ایک شخص فہم دین حاصل کر کے اپنے گھر میں بیٹھ جائے اور اپنے کسی بھائی کو دینی حقائق سے باخبر نہ کرے تو اس کے لیے آپ کیا فرماتے ہیں؟

آپؑ نے فرمایا: ایسا شخص "فقیہہ" کہلانے کا حق دار نہیں ہے۔

حضرت امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا: فہمِ دین کی علامات میں حلم اور خاموشی شامل ہیں۔

کتاب الخصال میں مرقوم ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اس وقت تک کوئی شخص فقیہہ نہیں بن سکتا جب تک وہ اپنے لباس کے نئے اور پرانے ہونے سے بے پرواہ نہ ہو جائے اور کوئی شخص اس وقت تک فقیہہ نہیں بن سکتا جب تک وہ کھانے پینے کی فکر سے آزاد نہ ہو جائے۔

حارث اعور بیان کرتے ہیں کہ امیر المومنین علی علیہ السلام نے فرمایا: تین باتوں سے مسلم کی تکمیل ہوتی ہے: ۱- دین میں سمجھ بوجھ حاصل کرنا ۲- معیشت میں اعتدال کا ہونا ۳- مصائب پر صبر کرنا۔

اصولِ کافی کی تین، عیون الاخبار کی ایک، علل الشرائع کی ایک اور تفسیر عیاشی کی تین مختلف الاسناد احادیث میں مرقوم

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ہے کہ امام کی وفات کی صورت میں دوسرے امام کی معرفت حاصل کرنے کے لیے سفر کرنا بھی اہل ایمان کے لیے ضروری ہے اور اس راہ میں جو مر جائے تو اس کی موت خدا کی راہ میں قرار پائے گی۔

(واضح رہے کہ یہ تاویل قاعدہ ''جری'' کا پھیلاؤ ہے۔ ظاہری تفسیر نہیں ہے۔ من المترجم)

قریبی کفار سے جہاد کا حکم

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا قَاتِلُوا الَّذِينَ يَلُونَكُم مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوا فِيكُمْ غِلْظَةً ۚ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ مَعَ الْمُتَّقِينَ ﴿١٢٣﴾

''اے ایمان والو! اپنے اردگرد رہنے والے کافروں سے جنگ کرو اور وہ تمہارے اندر سختی اور طاقت محسوس کریں اور جان لو کہ اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے''۔

تفسیر عیاشی میں ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اس آیت کے تحت علاقہ دیلم کے کفار سے جنگ کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ اس آیت مجیدہ کے تحت تمام مسلمان ممالک پر واجب ہے کہ وہ اپنے قریبی کفار ممالک سے جہاد کریں اور دُور دراز کافر سلطنتوں پر حملہ نہ کریں البتہ ان کے ساتھ سختی کا رویہ اختیار کریں۔

ایمان میں کمی بیشی ممکن ہے

اصول کافی کی ایک طویل حدیث میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ ایمان میں کمی بھی ہوتی ہے اور ایمان میں اضافہ بھی ہوتا ہے۔

راوی نے کہا: مولا! ایمان میں جہاں تک کمی کا سوال ہے وہ تو میں نے سمجھ لی ہے۔ ایمان میں اضافہ کے متعلق آپؑ کی کیا دلیل ہے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اسے قرآن مجید کی متعدد آیات میں بیان کیا ہے جیسا کہ ارشاد خداوندی ہے:

وَإِذَا مَا أُنزِلَتْ سُورَةٌ فَمِنْهُم مَّن يَقُولُ أَيُّكُمْ زَادَتْهُ هَٰذِهِ إِيمَانًا ۚ فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا فَزَادَتْهُمْ إِيمَانًا وَهُمْ يَسْتَبْشِرُونَ ﴿١٢٤﴾ وَأَمَّا الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ فَزَادَتْهُمْ رِجْسًا إِلَىٰ رِجْسِهِمْ وَمَاتُوا وَهُمْ كَافِرُونَ ﴿١٢٥﴾ ''اور جب بھی کوئی سورہ نازل ہوتی ہے تو ان میں سے بعض لوگ کہتے ہیں کہ اس سورہ نے تم میں سے کس کے ایمان میں اضافہ کیا ہے؟ جو

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

لوگ ایمان لائے ہیں تو سورہ ان کے ایمان میں اضافہ کرتی ہے اور وہ خوش ہوتے ہیں اور جن کے دلوں میں بیماری ہے تو سورہ کے نزول سے ان کی سابق نجاست پر ایک نئی نجاست کا اضافہ ہوتا ہے۔ ایسے لوگ کفر پر ہی مرجاتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے اصحابِ کہف کے متعلق فرمایا: نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ نَبَاَهُمْ بِالْحَقِّ ۚ اِنَّهُمْ فِتْيَةٌ اٰمَنُوْا بِرَبِّهِمْ وَزِدْنٰهُمْ هُدًى ۝ (الکہف: ۱۳) ''ہم ان کا قصہ پوری طرح سے تمھیں سناتے ہیں۔ وہ ایسے جوان تھے جو اپنے رب پر ایمان لائے تھے اور ہم نے ہدایت کا ان میں اضافہ کیا تھا''۔

اگر ایمان کے درجات میں کمی بیشی نہ ہوتی تو کسی مومن کو اپنے مومن بھائی پر فضیلت حاصل نہ ہوتی اور نعمات میں سب کے سب یکساں طور پر حصہ دار ہوتے اور تمام اہلِ ایمان برابر ہوتے اور کسی کو کسی پر برتری حاصل نہ ہوتی۔ ایمانی تقاضوں کے اتمام سے اہلِ ایمان جنت میں جائیں گے اور ایمانی درجات میں اضافہ کی وجہ سے جنت کے درجات میں فرق ہوگا اور جہاں ایمانی تقاضے مفقود ہوں گے تو ایسے افراد دوزخ میں داخل ہوں گے۔

نہج البلاغہ میں حضرت علی علیہ السلام کا یہ فرمان مرقوم ہے: ایمان دل میں چمک کی مانند نمودار ہوتا ہے جتنا ایمان بڑھتا جائے گا اتنا ہی چمک میں اضافہ ہوتا جائے گا۔

تفسیر عیاشی میں وَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَتْهُمْ رِجْسًا اِلٰى رِجْسِهِمْ (اور وہ لوگ جن کے دلوں میں بیماری ہے تو سورہ کے نزول سے ان کی سابق نجاست پر ایک نئی نجاست کا اضافہ ہوتا ہے) کی آیت مجیدہ کے تحت حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہے کہ ''رجس'' سے مراد شک ہے۔ مقصد آیت یہ ہے کہ جن کے دلوں میں بیماری ہے سورتوں کے نزول سے ان کے شکوک وشبہات میں مزید اضافہ ہوتا ہے۔

اوصافِ رسولؐ

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝

''یقیناً تمھارے پاس ایسا رسول آیا ہے جو خود تم میں سے ہی ہے۔ تمھارا مشقت میں پڑنا اس پر شاق ہے۔ وہ تمھاری ہدایت کے لیے بہت حرص کرنے والا ہے۔ اہلِ ایمان کے لیے شفیق اور مہربان ہے''۔

اس آیت مجیدہ میں اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیبؐ کے پانچ اوصاف بیان کیے ہیں:

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

۱- مِنْ اَنْفُسِكُمْ یعنی ہمارا رسول خود تم میں سے ہی ہے اور ''تم میں سے'' ہونے کے بھی کئی مفہوم ہیں: (ا) اس کا تعلق تمھاری جنس بشر سے ہی ہے اور ہمارا حبیب نسل انسانی سے تعلق رکھتا ہے۔ اگر ایک انسان کی بجائے اللہ کسی فرشتہ کو نبی و رسول بنا کر بھیجتا تو مقصدِ ہدایت فوت ہو جاتا۔ (ب) اہلِ عرب سے فرمایا کہ ہمارا رسول خود تم میں سے ہی ہے یعنی وہ خاندانی حوالے سے عربی ہیں۔ ابن عباس بیان کرتے ہیں کہ عرب کے جتنے بھی قبیلے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کسی نہ کسی دادی نانی کا ان سے تعلق بنتا تھا اسی لیے اللہ تعالیٰ نے اہلِ عرب سے فرمایا کہ تمھیں تو خوش ہو کر ہمارے رسول پر ایمان لانا چاہیے اور تمھیں ان کی پشت پناہی کرنی چاہیے کیونکہ اس کی عزت و عظمت میں تمھاری عزت و عظمت کا راز مضمر ہے۔ (ج) یہ اہلِ حرم کے لیے خطاب ہے۔ اہلِ عرب اہلِ حرم کا احترام کرتے تھے اور انھیں ''خدا کا کنبہ'' قرار دیتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے اہلِ عرب سے فرمایا کہ اب تک تم اہلِ حرم کا احترام کرتے آئے ہو لہٰذا اب ہمارے نبی کا خصوصی احترام کرو کیونکہ ان سے ہی عظمتِ کعبہ وابستہ ہے۔ (د) اس سے رسولؐ خدا کی طہارت و پاکیزگی کی طرف اشارہ ہے تو گویا قدرت یہ فرما رہی ہے کہ ہمارے حبیب کا تعلق خود تم میں سے ہی ہے۔ تم لوگ اس کی صداقت و امانت، شرافت و کردار کو تو جانتے ہی ہو اور تمھیں یہ بھی معلوم ہے کہ وہ ہمیشہ تم سے آفات دُور رکھنے اور تمھیں زیادہ سے زیادہ فوائد پہنچانے کے خواہش مند رہے ہیں اور تمھارے اتنے بڑے خیر خواہ کو رسول بنا کر روانہ کرنا ہماری طرف سے تمھارے لیے عظیم نعمت ہے۔

بعض روایات میں اس لفظ کو اَنْفَسِكُمْ (بروزن افعل التفضیل) بھی بیان کیا گیا ہے اور اَنْفَسُ لفظ ''نفیس'' سے اسمِ تفضیل ہے۔ اس صورت میں معنی یہ ہوگا کہ ہماری طرف سے تمھارے پاس وہ رسول آیا ہے جو تم میں سے محترم و معزز اور اشرف و افضل ہے۔

۲- نبیؐ کی دوسری صفت اللہ نے یہ بیان کی: عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ ''تمھارا مشقت اور زحمت میں پڑنا انھیں بڑا گراں گزرتا ہے۔ اور ہمارا رسول نہیں چاہتا کہ تم آگ کا ایندھن بنو اور عذابِ الٰہی کے مستحق قرار پاؤ''۔

۳- نبی کی تیسری صفت اللہ نے یہ بیان کی: حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ ہمارا رسول تمھاری بھلائی کے لیے بڑا حریص ہے اور اس کی خواہش ہے کہ تمھیں دنیا و آخرت کی بھلائیاں نصیب ہوں۔

۴،۵- اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کی چوتھی اور پانچویں صفت بیان کرتے ہوئے فرمایا: بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ (ہمارا رسول اہلِ ایمان کے لیے رؤوف (شفیق) بھی ہے اور ''رحیم'' یعنی مہربان بھی ہے۔

ابن عباس فرماتے ہیں: رؤوف، رحیم اللہ تعالیٰ کے صفاتی نام ہیں مگر خداوند عالم نے یہ نام اپنے حبیب کو بھی عطا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

فرمائے ہیں۔ (اضافہ من المترجم نقلاً عن الفخر الرازی)

تفسیر عیاشی میں مرقوم ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ ..... کی آیت پڑھ کر فرمایا: رسولؐ خدا ہم میں سے تھے۔ انھیں ہماری مشقت ناگوار تھی اور وہ ہماری بھلائی کے لیے حریص تھے۔ آنحضرتؐ کی مذکورہ صفات کا تعلق ہم سے ہے جب کہ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ کا تعلق تمام اہلِ ایمان سے ہے۔ آنحضرتؐ کی مذکورہ تین صفات کا تعلق صرف ہم سے ہے جب کہ چوتھی صفت میں بھی ہم اہلِ ایمان کے ساتھ شریک ہیں۔

درندوں سے بچنے کی عزیمت

اصول کافی میں اصبغ بن نباتہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے امیر المومنین علی علیہ السلام سے عرض کیا: ''امیر المومنین جہاں میں رہتا ہوں وہاں درندے بہ کثرت پائے جاتے ہیں اور حد یہ ہے کہ درندے میرے گھر میں بھی داخل ہو جاتے ہیں ان سے بچنے کے لیے مجھے کوئی عزیمت تلقین فرمائیں۔

آپؑ نے فرمایا: تم سورہ توبہ کی آخری دو آیات لَقَدْ جَآءَكُمْ ..... رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ پڑھا کرو۔ خدا نے چاہا تو درندے وہاں نہیں آئیں گے۔ اس شخص نے یہ آیات پڑھیں تو درندے وہاں سے نقل مکانی کر گئے۔

من لایحضرہ الفقیہہ میں مرقوم ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام سے فرمایا: علیؑ! جس کو درندوں کا خوف ہو تو وہ سورہ توبہ کی آخری دو آیات پڑھے۔ (وہ درندوں سے محفوظ رہے گا)

مجمع البیان میں لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ ..... کے ضمن میں مرقوم ہے کہ اس کا مفہوم یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تمام خاندانی سلسلہ نکاح سے مربوط رہا ہے۔ آپؐ کے سلسلہ نسب میں دور جاہلیت کی کوئی نجاست شامل نہیں ہے۔

ابن عباس، ابن علیہ، ابن محیص اور زہری کی قرأت میں اَنْفُسِكُمْ (بروزن افعل التفضیل) پڑھا گیا ہے۔ بعض روایات میں مرقوم ہے کہ حضرت فاطمہ زہراء سلام اللہ علیہا بھی اس کو افعل التفضیل کے وزن پر اَنْفَسُ پڑھتی تھیں۔

فخر رازی لکھتے ہیں کہ حضرت بی بی عائشہ بھی اسے اَنْفَسُ پڑھتی تھیں۔ (اضافہ من المترجم)

جوامع الجامع کے مطابق اگر اَنْفُسِكُمْ پڑھا جائے تو معنی یہ ہے کہ تمھارے پاس ہمارا وہ رسول آیا ہے جو تم میں سے اشرف اور افضل ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

عرشِ عظیم

وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ ''.....اور وہ عرشِ عظیم کا پروردگار ہے''۔

کتاب التوحید میں حنان بن سدیر سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرش و کرسی کے متعلق سوال کیا تو اس کے جواب میں آپؑ نے فرمایا:

''عرش کی کثیر اور مختلف صفات ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں لفظ ''عظیم'' سے اس کی صفت بیان کی ہے اور عرشِ عظیم کا معنی ہے مُلک عظیم۔ لفظ عرش ملک و سلطنت کے معانی میں ہے جیسا کہ فرمان خداوندی ہے: الرحمٰن علی العرش استوٰی یعنی رحمٰن اپنی سلطنت پر متمکن ہوا۔ اور یہ اشیاء کی کیفیت کی ملکیت ہے۔ عرش، کرسی سے جدا چیز ہے جب کہ عرش و کرسی دونوں کا تعلق غیب کے بہت بڑے دروازوں سے ہے اور وہ دونوں ہی غیب ہیں اور غیب ہونے میں دونوں یکساں ہیں۔ لفظ کرسی کا اطلاق غیب کے اس دروازے پر کیا گیا ہے جہاں سے کائنات ظہور پذیر ہوئی اور اس سے تمام اشیاء ظاہر ہوئیں جب کہ عرش اس باطنی دروازے کا نام ہے جس میں علم' کیف' کون' حمد' قدر' ظرفیت' مشیت' صفت ارادہ' علم الفاظ و حرکات' علم ترک' علم العود والبداء پائے جاتے ہیں۔ جب کہ دونوں کا تعلق علم الٰہی سے ہے۔ عرش کی سلطنت اور ہے اور کرسی کی سلطنت اور ہے اور عرش کا علم کرسی کے علم سے غائب تر ہے اور جب رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ کہا جاتا ہے تو اس کا مفہوم یہ ہوتا ہے کہ اس کی صفت کرسی کی صفت سے عظیم ہے۔

حضرت امام علی زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا: اللہ نے عرش کو مربع صورت میں بنایا۔ اس سے پہلے صرف تین چیزوں یعنی ہوا' قلم اور نور کو پیدا کیا تھا۔ پھر اسے مختلف انوار سے پیدا کیا۔ ان انوار میں ایک سبز نور تھا جس کی وجہ سے کچھ اشیاء کو سبزی ملی۔ ایک زرد نور تھا جس کی وجہ سے کچھ اشیاء کو زردی ملی اور ایک سرخ نور تھا جس کی وجہ سے اشیاء کو سرخی ملی اور ایک سفید نور تھا اور وہ نور الانوار ہے۔ اسی سے دن کو روشنی ملی۔

پھر اللہ نے اس کے ستر ہزار طبقات مقرر کیے۔ ہر طبقہ کی موٹائی اتنی ہی رکھی جتنا کہ اسفل السافلین سے عرش کی ابتداء کی ہے۔ ہر طبق اپنے رب کی تسبیح کرتا ہے اور مختلف آوازوں میں اس کی تقدیس بیان کرتا ہے۔ اگر کسی زبان کو اجازت مل جائے کہ وہ دوسروں تک اپنی تسبیح کی آواز پہنچائے تو اس کے نیچے جتنے پہاڑ' شہر اور قلعے ہیں وہ سب کے سب گر جائیں اور سمندر دھنس جائیں اور ان میں رہنے والی مخلوق تباہ ہو جائے۔

عرش کے آٹھ ارکان ہیں۔ ہر رکن پر اتنے زیادہ فرشتے ہیں جن کی تعداد کو خدا کے علاوہ کوئی بھی نہیں جانتا۔ وہ دن

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

رات خدا کی تسبیح کرتے ہیں اور وہ تھکتے نہیں ہیں۔ اور اگر کسی چیز کو اس کے اوپر قائم جبروت و کبریائی، عظمت، قدس، رحمت و علم کا احساس ہو جائے تو وہ چشم زدن کے لیے بھی قائم نہ رہ سکے۔ اس سے بڑھ کر اور گفتگو نہیں کی جا سکتی۔

کتاب طب الائمہ میں مرقوم ہے کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

جس شخص کو کسی دوسرے سے نقصان و اذیت کا اندیشہ ہو اور وہ یہ چاہتا ہوں کہ خدا اس کو اذیت سے روک دے تو جب اس پر نگاہ پڑے تو یہ عزیمت پڑھے: اعوذ بحول اللہ وقوتہ من حولہ خلقہ و قوتہم واعوذ برب الفلق من شر ما خلق فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ ﴿۱۲۹﴾ اللہ تعالیٰ اسے ہر سازش کرنے والے کی سازش اور ہر مکار کے مکر اور ہر حاسد کے حسد سے محفوظ رکھے گا۔ یہ کلمات اس کے چہرے کے سامنے کہنے چاہییں۔ اللہ تعالیٰ اپنی قوت اس کی حفاظت کرے گا۔ (عن ھامش بعض النسخ)

○○○

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

سُوْرَةُ يُوْنُسَ

سورة يونس مكية الآيات : ۴۰، ۹۴، ۹۵، ۹۶ فمدنية

اياتها ۱۰۹ – نزلت بعد الاسرآء ركوعاتها ۱۱

''سورہ یونس مکہ میں نازل ہوئی مگر اس کی آیات ۴۰، ۹۴،
۹۵، ۹۶ مدینہ میں نازل ہوئیں۔
اس کی کل آیات کی تعداد ۱۰۹ ہے اور یہ سورۂ سورہ اسراء
کے بعد نازل ہوئی اور اس کے گیارہ رکوع ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com

Scanned by CamScanner

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ۝١ اَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى رَجُلٍ مِّنْهُمْ اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۗ قَالَ الْكٰفِرُوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ مُّبِيْنٌ ۝٢ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ ۭ مَا مِنْ شَفِيْعٍ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اِذْنِهٖ ۭ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۭ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝٣ اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا ۭ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ۭ اِنَّهٗ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ بِالْقِسْطِ ۭ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌۢ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ۝٤ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَاۗءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا وَّقَدَّرَهٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ۭ مَا خَلَقَ اللّٰهُ ذٰلِكَ اِلَّا بِالْحَقِّ ۚ يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝٥ اِنَّ فِي اخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ
فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَّقُوْنَ ۝٦ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا
يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا وَرَضُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاطْمَاَنُّوْا بِهَا وَالَّذِيْنَ
هُمْ عَنْ اٰيٰتِنَا غٰفِلُوْنَ ۝٧ اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمُ النَّارُ بِمَا كَانُوْا
يَكْسِبُوْنَ ۝٨ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ يَهْدِيْهِمْ
رَبُّهُمْ بِاِيْمَانِهِمْ ۚ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۝٩
دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ۚ وَاٰخِرُ
دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝١٠ وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ
لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ لَقُضِيَ اِلَيْهِمْ اَجَلُهُمْ ؕ
فَنَذَرُ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝١١ وَاِذَا
مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْۢبِهٖٓ اَوْ قَاعِدًا اَوْ قَآئِمًا ۚ فَلَمَّا
كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنْ لَّمْ يَدْعُنَآ اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ ؕ كَذٰلِكَ
زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝١٢ وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ مِنْ
قَبْلِكُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا ۙ وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَمَا كَانُوْا
لِيُؤْمِنُوْا ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ۝١٣ ثُمَّ جَعَلْنٰكُمْ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

خَسْفَ بِنَا الْاَرْضَ فَاِذَا هِيَ تَمُوْرُ ۝ اَمْ اَمِنْتُمْ مَّنْ فِي السَّمَآءِ اَنْ يُّرْسِلَ
عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ۝ فَسَتَعْلَمُوْنَ كَيْفَ نَذِيْرِ ۝ وَلَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ
فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ۝ اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صٰٓفّٰتٍ وَّيَقْبِضْنَ
مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا الرَّحْمٰنُ ۝ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ بَصِيْرٌ ۝ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ
جُنْدٌ لَّكُمْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ ۝ اِنِ الْكٰفِرُوْنَ اِلَّا فِيْ غُرُوْرٍ ۝
اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ يَرْزُقُكُمْ اِنْ اَمْسَكَ رِزْقَهٗ ۝ بَلْ لَّجُّوْا فِيْ عُتُوٍّ وَّنُفُوْرٍ ۝
اَفَمَنْ يَّمْشِيْ مُكِبًّا عَلٰى وَجْهِهٖٓ اَهْدٰٓى اَمَّنْ يَّمْشِيْ سَوِيًّا عَلٰى صِرَاطٍ
مُّسْتَقِيْمٍ ۝ قُلْ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۝
قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝ قُلْ هُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝
وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ
وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ فَلَمَّا رَاَوْهُ زُلْفَةً سِيْٓـَٔتْ وُجُوْهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
وَقِيْلَ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تَدَّعُوْنَ ۝ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَهْلَكَنِيَ اللّٰهُ وَمَنْ
مَّعِيَ اَوْ رَحِمَنَا فَمَنْ يُّجِيْرُ الْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ
اٰمَنَّا بِهٖ وَعَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ قُلْ
اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ۝

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

مَسَّتْهُمْ إِذَا لَهُمْ مَّكْرٌ فِيْٓ اٰيَاتِنَا ۚ قُلِ اللّٰهُ اَسْرَعُ مَكْرًا ۚ اِنَّ
رُسُلَنَا يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ ۝٢١ هُوَ الَّذِيْ يُسَيِّرُكُمْ فِي الْبَرِّ
وَالْبَحْرِ ۚ حَتّٰٓى اِذَا كُنْتُمْ فِي الْفُلْكِ ۚ وَجَرَيْنَ بِهِمْ بِرِيْحٍ طَيِّبَةٍ
وَّفَرِحُوْا بِهَا جَآءَتْهَا رِيْحٌ عَاصِفٌ وَّجَآءَهُمُ الْمَوْجُ مِنْ كُلِّ
مَكَانٍ وَّظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اُحِيْطَ بِهِمْ ۙ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ
ۚ لَئِنْ اَنْجَيْتَنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ۝٢٢ فَلَمَّآ
اَنْجٰىهُمْ اِذَا هُمْ يَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۗ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ
اِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ ۙ مَّتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۡ ثُمَّ اِلَيْنَا
مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝٢٣ اِنَّمَا مَثَلُ الْحَيٰوةِ
الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ مِمَّا
يَاْكُلُ النَّاسُ وَالْاَنْعَامُ ۗ حَتّٰٓى اِذَآ اَخَذَتِ الْاَرْضُ زُخْرُفَهَا
وَازَّيَّنَتْ وَظَنَّ اَهْلُهَآ اَنَّهُمْ قٰدِرُوْنَ عَلَيْهَآ ۙ اَتٰىهَآ اَمْرُنَا لَيْلًا
اَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنٰهَا حَصِيْدًا كَاَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْاَمْسِ ۗ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ
الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝٢٤ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ۗ
وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝٢٥

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

سہارا اللہ کے نام کا جو رحمٰن و رحیم ہے

ا، ل، ر۔ یہ حکمت و دانش والی کتاب کی آیات ہیں۔ کیا لوگوں کے لیے یہ بات تعجب خیز بن چکی ہے کہ ہم نے ان میں سے ایک آدمی پر وحی بھیجی کہ لوگوں کو خبردار کردے اور جو ایمان لائیں انھیں اس بات کی خوشخبری دے دے کہ ان کے لیے ان کے رب کے پاس سچی عزت و سرفرازی ہے۔ کافروں نے کہا کہ یہ تو کھلم کھلا جادوگر ہے۔

یقیناً تمھارا پروردگار وہی اللہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں (چھ اَدوار) میں پیدا کیا' پھر عرشِ سلطنت پر متمکن ہوکر امور کی تدبیر کر رہا ہے۔ اس کی اجازت کے بغیر کوئی شفاعت کرنے والا نہیں ہے۔ یہی اللہ ہی تمھارا رب ہے پس تم اس کی ہی عبادت کرو۔ کیا تم نصیحت حاصل نہ کرو گے؟

اس کی طرف تم سب نے پلٹ کر جانا ہے۔ یہ اللہ کا سچا وعدہ ہے۔ وہی خلقت کا آغاز کرنے والا ہے اور پھر اسے واپس لے جاتا ہے تاکہ جو لوگ ایمان لائے ہیں اور نیک عمل کیے ہیں ان کو انصاف کے ساتھ جزا دے اور جنھوں نے کفر کیا ہے تو ان کے لیے کھولتے ہوئے پانی کا مشروب ہے اور ان کے کفر کی وجہ سے ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

اسی نے ہی سورج کو روشنی دی ہے اور چاند کو نور بنایا ہے اور چاند کی منزلیں مقرر کیں' تاکہ تم اس سے برسوں اور تاریخ کے حساب معلوم کرسکو' یہ سب کچھ اللہ نے حق کے ساتھ پیدا کیا ہے۔ وہ علم رکھنے والوں کے لیے اپنی نشانیوں کو کھول کھول کر بیان کر رہا ہے۔

یقیناً رات اور دن کی آمدورفت اور جو کچھ اللہ نے آسمانوں اور زمین میں پیدا کیا ہے ان سب میں اہلِ تقویٰ کے لیے نشانیاں پائی جاتی ہیں۔ بے شک وہ لوگ جو ہم سے ملنے کی امیدیں نہیں رکھتے اور دنیاوی زندگی پر قانع اور مطمئن ہو چکے ہیں اور وہ لوگ جو ہماری آیات سے غافل ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

یہ سب وہ ہیں جن کے اعمال کی بنا پر ان کا ٹھکانا دوزخ ہے۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کیے ان کے ایمان کی بدولت ان کا پروردگار انھیں ہدایت دے گا۔ نعمت بھری جنتوں میں ان کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔

وہاں ان کا قول یہ ہوگا کہ خدایا تو پاک ہے اور ان کا تحفہ سلام ہوگا اور ان کا آخری بیان یہ ہوگا کہ تمام تعریفیں اللہ رب العالمین کے لیے ہیں۔ اگر اللہ لوگوں کے لیے برائی میں اتنی جلدی کرتا جتنا کہ وہ بھلائی کی جلدی چاہتے ہیں تو ان کی مہلتِ عمل کب کی ختم ہوگئی ہوتی۔ ہم تو اپنی ملاقات کی امید نہ رکھنے والوں کو ان کی سرکشی میں چھوڑ دیتے ہیں تاکہ یوں بھٹکتے پھریں۔ انسان پر جب کوئی سخت لمحہ آتا ہے تو وہ کھڑے بیٹھے اور لیٹے ہم کو صدائیں دیتا ہے مگر جب ہم اس کی مصیبت ہٹا دیتے ہیں تو وہ ایسا چل نکلتا ہے گویا اس نے کبھی اپنے بُرے وقت میں ہم کو پکارا ہی نہیں تھا۔ اس طرح سے حد سے گزرنے والوں کے لیے ان کے اعمال خوشنما بنا دیئے گئے ہیں۔

ہم نے تم سے پہلی اَقوام کو ہلاک کر دیا جب انھوں نے ظلم کی روش اپنائی اور ان کے رسول ان کے پاس کھلی نشانیاں لے کر آئے مگر وہ ایمان لانے والے نہ تھے۔ ہم اسی طرح سے مجرم قوم کو بدلہ دیا کرتے ہیں۔ اس کے بعد ہم نے تم کو زمین پر ان کا جانشین بنا دیا تاکہ ہم یہ دیکھیں کہ تم کیسے عمل کرتے ہو؟

جب ان کے سامنے ہماری واضح آیات پڑھی جاتی ہیں تو وہ لوگ جو ہم سے ملنے کی امید نہیں رکھتے، کہتے ہیں کہ اس کی بجائے کوئی اور قرآن لاؤ یا اس میں تبدیلی کرو۔ آپ کہہ دیں کہ مجھے اپنی طرف سے اس میں تبدیلی کرنے کا کوئی اختیار نہیں ہے۔ میں تو صرف اس امر کا اتباع کرتا ہوں جس کی میری طرف وحی کی جاتی ہے۔ میں اپنے پروردگار کی نافرمانی کروں تو مجھے عظیم دن کے عذاب کا خوف ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

آپ کہہ دیں کہ اگر خدا کی مشیت یہی ہوتی تو میں تمھارے سامنے قرآن کی تلاوت نہ کرتا اور اللہ تمھیں اس کی خبر تک نہ دیتا۔ آخر میں اس سے پہلے بھی تمھارے درمیان ایک مدت تک رہ چکا ہوں کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے؟

بھلا اس سے بڑھ کر ظالم اور کون ہوسکتا ہے جو خدا پر جھوٹ تراشے یا اللہ کی آیات کی تکذیب کرے۔ یقیناً مجرم کبھی فلاح نہیں پائیں گے۔ یہ لوگ خدا کو چھوڑ کر ان کی پوجا کر رہے ہیں جو نہ تو انھیں نقصان پہنچا سکتے ہیں اور نہ ہی انھیں فائدہ دے سکتے ہیں اور وہ کہتے ہیں کہ یہ (بت) اللہ کے ہاں ہمارے سفارشی ہیں۔ آپ کہہ دیں کیا تم اللہ کو اس بات کی خبر دینا چاہتے ہو جسے وہ نہ تو آسمانوں میں جانتا ہے اور نہ زمین میں؟ وہ ہر نقص سے پاک اور پاکیزہ ہے اور وہ اس شرک سے بلند و بالا ہے جو وہ کر رہے ہیں۔

ابتداء میں تمام لوگ ایک ہی اُمت تھے بعد میں انھوں نے آپس میں اختلاف کیا اور اگر تیرے رب کی طرف سے پہلے سے ایک بات طے نہ کرلی گئی ہوتی تو جس چیز میں وہ اختلاف کر رہے ہیں اس کا فیصلہ کردیا جاتا۔

اور وہ کہتے ہیں کہ اس نبی پر اس کے رب کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نہیں اتاری گئی؟ آپ کہہ دیں کہ غیب کا مالک اللہ ہی ہے تم انتظار کرو اور میں بھی تمھارے ساتھ انتظار کرنے والوں میں سے ہوں۔

اور جب ہم تکلیف کے بعد لوگوں کو اپنی رحمت کا مزہ چکھاتے ہیں تو وہ ہماری آیات کے متعلق چال بازیاں کرنے لگ جاتے ہیں۔ آپ کہہ دیں کہ خدا تم سے تیز تر تدبیر کرنے والا ہے۔ ہمارے نمائندے تمھارے مکر کو لکھ رہے ہیں۔

وہی تو ہے جو تمھیں خشکی اور سمندر میں سیر کراتا ہے۔ جب تم کشتیوں میں سوار ہوکر موافق ہوا پر فرحاں و شاداں سفر کر رہے ہوتے ہو۔ پھر یکایک باد مخالف کا زور ہوتا ہے اور

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ہر طرف سے موجوں کے تھپیڑے لگتے ہیں اور مسافر سمجھ لیتے ہیں کہ وہ طوفان میں گھر چکے ہیں تو اس وقت سب اپنے دین کو اللہ ہی کے لیے خالص کر کے اس سے دعائیں مانگتے ہیں کہ اگر تو نے ہم کو اس سے بچا لیا تو ہم شکر گزار بندے بن کر رہیں گے۔

پھر جب خدا انھیں نجات دے دیتا ہے تو وہ لوگ زمین میں ناحق بغاوت کرنے لگ جاتے ہیں۔ انسانو! تمھاری یہ بغاوت خود تمھارے ہی خلاف پڑ رہی ہے۔ یہ دنیا کی زندگی کے چند روزہ مزے ہیں۔ پھر ہماری طرف تمھیں پلٹ کر آنا ہے پھر ہم تمھیں بتائیں گے کہ تم دنیا میں رہ کر کیا کرتے رہے تھے۔

دنیاوی زندگی کی مثال اس بارش کی سی ہے جسے ہم نے آسمان سے نازل کیا پھر اس سے مل کر زمین سے وہ نباتات برآمد ہوئیں جن کو انسان اور جانور کھاتے ہیں یہاں تک کہ جب زمین نے سبزہ زار سے اپنے آپ کو آراستہ کر لیا اور مالک یہ سمجھنے لگے کہ وہ اس زمین کے صاحب اختیار ہیں تو اچانک رات کو یا دن کو ہمارا حکم آ گیا اور ہم نے اسے بالکل کٹا ہوا کھیت بنا دیا گویا اس میں کل کچھ تھا ہی نہیں۔ صاحبانِ فکر کے لیے ہم اپنی نشانیوں کو اس طرح کھول کر بیان کرتے ہیں۔ اللہ سلامتی کے گھر کی دعوت دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے سیدھے راستہ کی ہدایت دے دیتا ہے۔

سورہ یونس کے مرکزی مضامین

اس سورہ کے مرکزی عنوان یہ ہیں: حضرت علی علیہ السلام کی ولایت' سورج چاند کے بروج و منازل' جنت کی تعریف' انسان کی عادت' کفار کی انوکھی فرمائش اور اس کا جواب' بت نہ نفع پہنچا سکتے ہیں اور نہ نقصان' پہلے سب لوگ یکساں تھے' انسان کا مجبوری میں گڑگڑانا اور سکھ کے لمحات میں اکڑنا' دنیا کی مثل' دنیا مقامِ عبرت ہے' قیامت کے روز گناہ گاروں کے منہ سیاہ ہوں گے' قیامت کے دن مشرکوں کے معبود الگ ہو جائیں گے' رہنما پیروی کا زیادہ حق دار ہے' گمان کی پیروی نہ کی جائے' مشرکین سے اعراض کا حکم' خدا کسی پر ظلم نہیں کرتا' دنیا کا قیام گویا گھڑی کے لیے ہے' کوئی شخص اپنے نفع و نقصان پر

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

قادر نہیں، دنیا کے خزانے گناہوں کا عوض نہیں ہو سکتے، قرآن شفا ہے، خدا کو ذرّہ ذرّہ کی خبر ہے۔ اولیاء خدا کون ہیں؟ خدا صاحب اولاد نہیں ہے۔ ہر دعویٰ کے لیے دلیل ضروری ہے، حضرت نوح علیہ السلام کا قصہ، حضرت موسیٰ علیہ السلام کا قصہ، مسجد کی خاص حرمت، فرعون اور اس کے لشکر کی غرقابی، مشرکین کے شک کا جواب اور حضرت یونس علیہ السلام کا قصہ۔ (اضافہ من المترجم نقلاً عن ترجمہ فرمان علی مرحوم)

فضائل سورہ یونس

کتاب ثواب الاعمال میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جو شخص ہر دوسرے یا تیسرے مہینہ سورہ یونس کی تلاوت کرے تو وہ جاہلین میں سے قرار نہ پائے گا اور ایسا شخص روزِ قیامت مقربین میں سے شمار ہوگا۔

مجمع البیان میں ابی بن کعب سے منقول ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص سورہ یونس پڑھے گا تو اسے اُمت یونسؑ اور غرق ہونے والے لشکرِ فرعون کی تعداد سے دس گنا زیادہ اجر دیا جائے گا۔

تفسیر عیاشی میں محمد سے منقول ہے کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا کہ قرآن کریم کی نویں سورہ کی تلاوت کرو۔ میں نے سورۂ یونس کی تلاوت شروع کی اور جب میں الذین احسنوا الحسنٰی .....تک پہنچا تو آپؑ نے فرمایا: بس یہی رک جاؤ۔

رسولؐ خدا نے فرمایا تھا کہ مجھے تو اس بات پر تعجب ہے کہ قرآن پڑھنے کے باوجود مجھ پر مکمل ضعیفی طاری کیوں نہیں ہوئی؟

الٓرٰ

معانی الاخبار میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ الٓرٰ کا معنی ہے: انا اللہ الرؤوف "میں شفیق اللہ ہوں"۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ الٓرٰ کا تعلق اسمِ اعظم کے علیحدہ حروف سے ہے۔ جب رسول اور امام ان حروف کو جوڑ کر دعا مانگے تو اس کی دعا قبول ہوتی ہے۔

حروفِ مقطعات کے متعلق حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی حدیث ہم سورہ آلِ عمران اور سورہ اعراف

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کے آغاز میں نقل کر چکے ہیں۔ قارئین اس مقام کی طرف رجوع فرمائیں۔

کتاب حکیم

الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ

''ا، ل، ر۔ یہ حکمت و دانش والی کتاب کی آیات ہیں''۔

اللہ تعالیٰ نے بہت سے مقامات پر قرآن مجید کو ''حکیم'' کہا ہے اور حکیم صاحب حکمت کو کہا جاتا ہے۔ قرآن کریم کو حکیم کہنے کی ایک وجہ یہ ہے کہ یہ عظیم آسمانی کتاب حکمت پر مشتمل ہے۔

مفسرین کی اکثریت کا بیان ہے کہ لفظ ''حکیم'' بمعنی ''حاکم'' ہے۔ قرآن مجید اعتقادات میں حاکم ہے اور حق کو باطل سے علیحدہ کرنے والا ہے اور صواب و خطا کو جدا کرنے والا ہے اور قرآن محمد مصطفیٰؐ کی نبوت کی دلیلِ اکبر ہے۔ بعض علماء بیان کرتے ہیں کہ ''حکیم'' بمعنی ''محکم'' ہے اور قرآن اتنا محکم ہے کہ صدیاں گزرنے کے باوجود اس میں کسی طرح کی تحریف و ترمیم نہیں ہو سکی۔

قرآن کریم کو حکیم کہنے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اللہ نے اس میں عدل و احسان کا حکم دیا ہے اور اہلِ اطاعت کے لیے جنت اور اہلِ عصیان کے لیے دوزخ کا فیصلہ کرتا ہے۔ (اضافۃ من المترجم)

نبوتِ مصطفیٰ پر تعجب کیوں؟

اَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى رَجُلٍ مِّنْهُمْ اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ قَالَ الْكٰفِرُوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ مُّبِيْنٌ ۝

''کیا لوگوں کے لیے یہ بات تعجب خیز بن چکی ہے کہ ہم نے خود انھی میں سے ایک آدمی پر وحی بھیجی ہے کہ لوگوں کو خبردار کرے اور ایمان لانے والوں کو یہ خوش خبری سنا دے کہ ان کے لیے ان کے رب کے پاس سچی عزت و سرفرازی ہے۔ کافروں نے کہا کہ یہ تو کھلم کھلا جادوگر ہے''۔

کفارِ قریش کو اس بات پر تعجب ہوا کہ اللہ نے محمد مصطفیٰؐ کو رسالت و وحی کے لیے کیوں چن لیا ہے۔ کفار کے تعجب کی کچھ وجوہات تھیں:

۱- وہ یہ کہتے تھے: اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ ۝ (صٓ: ۵) ''اس نے تو بہت سی

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

معبودوں کی جگہ صرف ایک ہی معبود قرار دیا ہے یقیناً یہ تو تعجب خیز بات ہے''۔ کفار مکہ کی جہالت کی انتہا یہ تھی کہ وہ خدائے واحد کے عقیدہ پر بھی تعجب کرتے تھے اسی لیے انھیں مزید تعجب اس وقت ہوا جب انھوں نے سنا کہ خدا نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وحی و رسالت سے مخصوص کیا ہے۔

۲- وہ یہ کہتے تھے کہ اگر خدا کی وحی نازل ہونا ہی تھی اور قرآن نے دنیا میں اترنا ہی تھا تو آخر محمد مصطفیٰ پر ہی کیوں اترا: لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ ۝ (الزخرف:۳۱) ''یہ قرآن مکہ یا طائف کے کسی مالدار شخص پر کیوں نہیں اُتارا گیا''۔

کفار مکہ کے تعجب کی ایک وجہ یہ تھی کہ وہ اس بات پر آمادہ ہی نہیں تھے کہ کوئی انسان رسول بن سکے اور انھوں نے کہا تھا: اَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا ۝ (بنی اسرائیل:۹۴) ''کیا خدا نے بشر کو ہی رسول بنا کر بھیج دیا''۔

علاوہ ازیں وہ یہ کہتے تھے کہ اگر بالفرض ہم یہ مان بھی لیں کہ انسان بھی نبی بن سکتا ہے تو یہ کیسے مانیں کہ محمدؐ جیسا غریب و مفلس شخص بھی نبی بن سکتا ہے؟!!

اللہ تعالیٰ نے کفار کے تعجب کو لائق اعتنا قرار نہیں دیا' اسی لیے اللہ نے ان کا جواب دینا بھی پسند نہ کیا۔ (اضافۂ المترجم)

اہلِ ایمان کے لیے سچی عزت کی خوش خبری

وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ .....

''اور اہلِ ایمان کو بشارت دے دے کہ ان کے لیے ان کے پروردگار کے پاس سچی عزت و سرفرازی ہے''۔

اصولِ کافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: سچی عزت سے امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام کی ولایت مراد ہے۔ (مقصد یہ ہے کہ اللہ اہلِ ایمان کو ولایت امیر المومنین کا عقیدہ عطا کرتا ہے۔)

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ کے کامل مصداق رسولؐ خدا ہیں۔

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ قَدَمَ صِدْقٍ سے رسولؐ خدا کی شفاعت مراد ہے۔ چنانچہ حضرت امام جعفر صادق علیہ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

السلام سے بھی یہ قول منقول ہے۔

اس کا ایک مفہوم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اہلِ ایمان کو سب سے پہلے مبعوث فرمائے گا' اسی لیے معصومؑ نے فرمایا: نحن الاخرون السابقون یوم القیامة ''ہم اگرچہ آخری اُمت ہیں لیکن قیامت کے دن ہم ہی سب سے آگے ہوں گے''۔

زمین و آسمان چھ دنوں (اَدوار) میں پیدا ہوئے

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَى الْعَرْشِ یُدَبِّرُ الْاَمْرَ .....

''یقیناً تمھارا پروردگار وہی اللہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں (اَدوار) میں پیدا کیا' پھر عرش سلطنت پر متمکن ہوکر امور کی تدبیر کر رہا ہے''۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے سال کے بارہ مہینے بنائے اور تیس دن کے حساب سے سال کے دن تین سو ساٹھ بنتے ہیں' لیکن اللہ نے تین سو ساٹھ دنوں میں سے ارض و سما کی تخلیق کے چھ دن نفی کیے ہیں اسی لیے کچھ مہینے انتیس دن کے ہوتے ہیں۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے بھی یہ روایت منقول ہے۔

حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے زمین کو آسمان سے پہلے پیدا کیا' پھر تدبیر امور کے لیے عرش پر متمکن ہوا۔

کتاب التوحید میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ الرحمٰن علی العرش استویٰ کا مفہوم ''یہ ہے کہ اللہ ملک پر غالب ہوا''۔

کتاب التوحید میں حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: ''اللہ تدبیر امور کرتا ہے لیکن حرکت کے بغیر''۔

انس بن مالک راوی ہیں کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے کچھ مومن بندے ایسے ہیں جو اپنے لیے عبادت کا دروازہ کھلوانا چاہتے ہیں' لیکن میں انھیں اس سے روک دیتا ہوں' تاکہ ان میں خود پسندی نہ پیدا ہو اور وہ خود پسندی

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کی وجہ سے ہلاک نہ ہو جائیں۔

میرے کچھ مومن بندے ایسے بھی ہیں جن کا ایمان افلاس کے بغیر قائم نہیں رہ سکتا۔ اگر میں انھیں دولت مند بنا دوں تو وہ ہلاک ہو جائیں گے۔ میرے کچھ بندے ایسے بھی ہیں جن کا ایمان دولت و امارت کے بغیر قائم نہیں رہ سکتا۔ اگر میں انھیں غربت و افلاس میں مبتلا کر دوں تو وہ ہلاک ہو جائیں گے۔ میرے کچھ بندے ایسے بھی ہیں جن کا ایمان بیماری کے بغیر قائم نہیں رہ سکتا۔ اگر میں انھیں تندرست کر دوں تو وہ ہلاک ہو جائیں گے۔ میرے کچھ بندے ایسے بھی ہیں جن کا ایمان صحت و تندرستی کے بغیر قائم نہیں رہ سکتا۔ اگر میں انھیں بیماری دے دوں تو وہ ہلاک ہو جائیں گے۔ میں اپنے بندوں کے دلوں کو اچھی طرح سے جانتا ہوں اور اپنے علم کے مطابق ان کے امور کی تدبیر کرتا ہوں۔ میں ہی صاحب علم اور صاحب خبر ہوں۔

شمس و قمر کی تخلیق اور ان کے منازل

هُوَ الَّذِیْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِیَآءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا وَّقَدَّرَهٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِیْنَ وَالْحِسَابَ

''اسی نے ہی سورج کو روشنی اور چاند کو نور بنایا ہے اور چاند کی منزلیں مقرر کی ہیں' تاکہ تم اس سے برسوں اور تاریخ کے حساب معلوم کر سکو''۔

اللہ تعالیٰ نے سورج کو ضیاء اور چاند کو نور کہا ہے۔ علماء بیان کرتے ہیں کہ جس کی روشنی ذاتی ہو اسے ''ضیاء'' اور جس کی روشنی کسی اور کی مرہونِ منت ہو اسے ''نور'' کہتے ہیں۔ گویا کہ اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں اس حقیقت کو بیان کیا ہے کہ سورج کی روشنی ذاتی ہے اور چاند کی روشنی ذاتی نہیں ہے۔ وہ سورج کی روشنی منعکس کرتا ہے۔

شمس و قمر کے منازل کے متعلق مولانا فرمان علی مرحوم لکھتے ہیں: سبعہ سیارہ تو ظاہر ہے کہ شمس' قمر' زہرہ' مشتری' مریخ' زحل اور عطارد کا نام ہے اور ان میں ایک ایک آسمان میں ہے اور آسمانِ ہشتم کے فریزہ کے قاش کے سے بارہ ٹکڑوں کا نام بروج ہے۔ حمل' ثور' جوزا' سرطان' اسد' سنبلہ' میزان' عقرب' قوس' جدی' دلو اور حوت ان میں سے ہر ایک میں آفتاب ایک ماہ رہتا ہے جب کہ سورج عطارد میں دس دن' زہرہ میں پانچ دن' مریخ میں پینتالیس دن' مشتری میں ڈیڑھ برس' زحل میں دو برس اور چاند دو روز اور آٹھ گھنٹے رہتا ہے اور ہر مہینہ کے اخیر کی دو راتیں ۲۹/۳۰ یا ۲۸/۲۹ محاق کی ہیں۔ باقی اٹھائیس راتیں منازل کی ہیں' کیونکہ ہر مہینہ کی اٹھائیس منزلیں ہیں جو کہ یہ ہیں:

Presented by Ziaraat.Com

Scanned by CamScanner

ثرھیں: بطین' ثریا' ویران' مقعہ' مدعہ' ذراع' نثرہ' طوف' جبہہ' زہرہ' صرفہ' عوا' سماک' غفرہ' زبانا' کلیل' قلب' شوکہ' عوائم' بلدہ' ذابح' سعد' مطلع' سعد سعود' سعد الاخبیہ' فرع المقدم' فرع المؤخر اور بطن الحوت۔ چاند ہر منزل میں ایک روز رہتا ہے اور تیس روز میں سب منزلیں طے کرتا ہے اور آفتاب ایک سال میں۔ چونکہ اور سیاروں کی آمد و رفت سے عام لوگوں کے کاروبار میں چنداں سروکار نہیں ہے جب کہ آفتاب و ماہتاب کی گردش سے تمام مخلوقات کا تعلق ہے اسی لیے قرآن مجید میں ان دونوں کو ہی بیان کیا گیا ہے۔

روضہ کافی میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مثال سورج سے دی ہے اور ان کے وصی حضرت علی علیہ السلام کی مثال چاند سے دی ہے اور فرمایا ہے: هُوَ الَّذِیْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِیَآءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا ''اسی نے سورج کو ضیاء اور چاند کو نور بنایا''۔ مقصد یہ ہے کہ سورج کی روشنی ذاتی ہے اور چاند سورج کا نور منعکس کرتا ہے۔ اسی طرح سے حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر قرآن نازل ہوا ہے اور حضرت علی علیہ السلام نے ان کے سینہ سے سینہ ملا کر علم حاصل کیا ہے۔

کتاب التوحید میں حضرت ابوذر غفاریؓ سے منقول ہے کہ میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دست مبارک تھاما ہوا تھا اور آپؐ ایک قافلہ کے ساتھ چل رہے تھے۔ سورج ڈوبنے کو تھا۔ ہم غروبِ آفتاب کا منظر دیکھنے لگے یہاں تک کہ سورج ڈوب گیا۔ میں نے آنحضرتؐ سے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! یہ کہاں غائب ہوتا ہے؟

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ آسمان میں غروب کرتا ہے' پھر یہ ایک سے دوسرے آسمان کی طرف جاتا ہے یہاں تک کہ ساتویں آسمان تک جاتا ہے وہاں جا کر سجدہ کرتا ہے اور اس کے ساتھ اس پر موکل فرشتے بھی سجدہ کرتے ہیں۔ پھر سورج عرض کرتا ہے: خدایا! میرے لیے کیا حکم ہے اگر حکم ہو تو میں مغرب سے طلوع کروں اور اگر حکم ہو تو اپنے مشرق سے طلوع کروں؟ اسی کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: وَالشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ (یٰس: ۳۸) ''اور سورج اپنے مقررہ راستے پر چلتا رہتا ہے' یہ غالب اور دانا کا مقرر کیا ہوا اندازہ ہے''۔

اس کے بعد جبریل امینؑ اس کے دن کی لمبائی یا کمی کے مطابق نورِ عرش سے روشنی کی خلعت لے کر اسے پہناتا ہے اور وہ اس نورانی پوشاک کو یوں پہنتا ہے جیسا کہ تم میں سے کوئی شخص لباس پہنتا ہے۔ اس کے بعد سورج آسمانی فضا کا سفر کر کے اپنے مطلع سے طلوع کرتا ہے۔

پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: گویا میں محسوس کر رہا ہوں کہ تین راتوں کی مقدار میں اسے ٹھہرا لیا گیا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ہے اور اسے نور کی خلعت نہیں پہنائی گئی اور اسے حکم دیا جا رہا ہے کہ وہ سمت مغرب سے طلوع کرے۔ اللہ تعالیٰ نے اسی کے متعلق فرمایا ہے: اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ۙ وَاِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ ۙ (التکویر:۱-۲) ''جب سورج کی چادر کو لپیٹ دیا جائے گا اور ستارے بکھر جائیں گے''۔

چاند کی بھی اسی طرح کی منزلیں ہیں وہ بھی ساتویں آسمان تک بلند ہوتا ہے اور عرش کے نیچے سجدہ کرتا ہے۔ پھر جبریل امینؑ نور کرسی کی ایک خلعت لاکر اسے پہناتا ہے۔ اسی کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا: هُوَ الَّذِیْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِیَآءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا ''اسی نے ہی سورج کو ضیاء اور چاند کو نور بنایا ہے''۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں وَالَّذِیْنَ هُمْ عَنْ اٰیٰتِنَا غٰفِلُوْنَ ۙ (اور جو ہماری آیات سے غافل ہیں) کے ضمن میں مرقوم ہے کہ آیات سے امیر المومنین حضرت علی اور ائمہ ہدیٰ علیہم السلام مراد ہیں اور اس کا ثبوت یہ ہے کہ امیر المومنین علی علیہ السلام کا فرمان ہے: ما للہ ایة اکبر منی ''وہ خدا کی کوئی آیت (نشانی) مجھ سے بڑی نہیں ہے''۔

مقصد یہ ہے کہ ائمہ ہدیٰ علیہم السلام اللہ کی عظیم آیات ہیں، مگر آیات کو صرف ہادیانِ دین تک محدود نہیں کیا جا سکتا۔ (من المترجم عفی عنہ)

کتاب التوحید میں عبداللہ بن فضل ہاشمی سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مَنْ یَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ یُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِیًّا مُّرْشِدًا ۧ (الکہف:۱۷۔ ''جسے خدا ہدایت دے وہی ہدایت یافتہ ہے اور جس پر خدا گمراہی کا حکم لگا دے تو تمھیں اس کے لیے کوئی سرپرست اور راہ دکھانے والا نہیں ملے گا'') کی آیت مجیدہ کے متعلق دریافت کیا۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ظالموں کو اپنے دارِ کرامت سے ہٹا دے گا اور اہلِ ایمان اور اہلِ عمل صالح کو جنت کی رہنمائی کرے گا جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: وَیُضِلُّ اللّٰهُ الظّٰلِمِیْنَ ۙ وَیَفْعَلُ اللّٰهُ مَا یَشَآءُ ۧ (ابراہیم:۲۷) ''اور اللہ ظالموں کو گمراہ پاتا ہے اور اللہ جو چاہتا ہے وہ کرتا ہے''۔

اسی مفہوم کو اللہ تعالیٰ نے یوں بیان کیا ہے: اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ یَهْدِیْهِمْ رَبُّهُمْ بِاِیْمَانِهِمْ ۚ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ فِیْ جَنّٰتِ النَّعِیْمِ ۝ ''بے شک وہ لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے ان کے ایمان کی بدولت ان کا پروردگار انھیں ہدایت دے گا۔ نعمت بھری جنتوں میں ان کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی''۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اہلِ جنت کا پہلا کلمہ ''الحمدللہ'' ہوگا

دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ۚ وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

''وہاں ان کا قول یہ ہوگا کہ خدایا تو پاک ہے اور ان کا تحفہ سلام ہوگا اور ان کا آخری بیان یہ ہوگا کہ تمام تعریفیں اللہ رب العالمین کے لیے ہیں''۔

کتاب علل الشرائع میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ جب کوئی شخص ''الحمدللہ'' کہتا ہے تو خدا اسے دنیا و آخرت کی نعمات عطا فرماتا ہے اور اس کے لیے دنیا و آخرت کی نعمات متصل ہوتی ہیں۔ جب اہلِ جنت' جنت میں داخل ہوں گے تو ان کی پہلی گفتگو ''الحمدللہ'' ہوگی۔ ان کی دنیاوی کلام ان سے منقطع ہوجائے گی' لیکن ''الحمدللہ'' کے الفاظ ان کے ساتھ رہیں گے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

تفسیر عیاشی میں زید شحام سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے ''تسبیح'' کے متعلق دریافت کیا تو آپؑ نے فرمایا: وہ اللہ کے ناموں میں سے ایک نام ہے اور اہلِ جنت کا بیان ہے۔

روضہ کافی کی ایک حدیث میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے فضائل شیعہ کی ایک طویل حدیث منقول ہے۔ اس حدیث کے ضمن میں آپؑ نے شیعوں کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا: تم وہ خوش نصیب ہو جنھیں خدا کی طرف سے سلام کا تحفہ دیا جائے گا۔

حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اہلِ جنت کے حالات بیان کرتے ہوئے فرمایا: ''جب مومن کو جنت میں کسی چیز کی ضرورت ہوگی تو وہ سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ کہے گا تو جنت کے خدام اس کی مطلوبہ شے فوراً اس کے سامنے پیش کر دیں گے۔ اسے منہ سے اس چیز کا نام لینے کی ضرورت ہی محسوس نہیں ہوگی اور جب وہ طعام' شرابِ طہور اور حوروں سے جنسی لذت حاصل کر کے فارغ ہوں گے تو اس وقت وہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ کہیں گے۔ اسی چیز کو اللہ تعالیٰ نے ان الفاظ میں بیان کیا ہے: دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ۚ وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام نے فرمایا: اہلِ ایمان کا ٹھکانا جنت ہے اور انھیں وہاں کے لیے سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ کے بہترین قول کی تعلیم دی گئی ہے اور رب العالمین نے نعمات جنت کے شکریہ کے لیے انھیں اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ کے کلمہ کی تعلیم دی ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

مصباح الشریعہ میں مرقوم ہے کہ امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: جنت کی سب سے لذیذ ترین اور پاکیزہ ترین چیز اللہ سے محبت رکھنا' اللہ کی وجہ سے محبت رکھنا اور اللہ کی حمد بجا لانا ہے۔ جب اہلِ جنت نعمات الٰہی کا مشاہدہ کریں گے تو ان کے دلوں میں خدا کی محبت موجزن ہوگی تو اس وقت وہ کہیں گے: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب اہلِ جنت خدا کے بہتر ثواب کا شکر ادا کریں گے تو وہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ کہیں گے اور اللہ تعالیٰ نے مجھ پر خصوصی احسان کرتے ہوئے مجھے سورہ فاتحہ سے سرفراز فرمایا اور اس میں اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ کے کلمات شامل فرمائے۔

خدا دکھ کے لمحات میں یاد آتا ہے

وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ لَقُضِيَ اِلَيْهِمْ اَجَلُهُمْ ؕ فَنَذَرُ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝ وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْۢبِهٖۤ اَوْ قَاعِدًا اَوْ قَآئِمًا ۚ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنْ لَّمْ يَدْعُنَاۤ اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ ؕ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

''اگر اللہ لوگوں کی برائی کے لیے اتنی جلدی کرتا جتنا کہ وہ بھلائی کی جلدی چاہتے ہیں تو ان کی مہلتِ عمل کبھی کی ختم ہوگئی ہوتی۔ جو ہم سے ملاقات کی امید نہیں رکھتے ان کو ہم ان کی سرکشی میں چھوڑ دیتے ہیں' تاکہ وہ یوں ہی بھٹکتے پھریں۔ انسان پر جب کوئی سخت لمحہ آتا ہے تو وہ لیٹے' کھڑے' بیٹھے ہم کو صدائیں دیتا ہے' مگر جب ہم اس کی مصیبت ہٹا دیتے ہیں تو وہ ایسا چل نکلتا ہے گویا اس نے کبھی اپنے بُرے وقت میں ہم کو پکارا ہی نہیں تھا۔ اس طرح سے حد سے گزرنے والوں کے اعمال ان کے لیے خوش نما بنا دیئے گئے ہیں''۔

انسانی فطرت ہے جب وہ بیمار ہو اور اُٹھ بیٹھ نہ سکتا ہو تو وہ لیٹ کر اللہ تعالیٰ سے گڑگڑا کر دعائیں مانگتا ہے اور جو بیمار بیٹھ سکتا ہو اور کھڑا نہ ہوسکتا ہو تو وہ بیٹھ کر خدا سے دعائیں مانگتا ہے اور جو مریض کھڑا ہونے کے قابل ہو وہ کھڑے ہو کر خدا سے دعائیں مانگتا ہے۔

کفار کا طرفہ مطالبہ

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيَاتُنَا بَيِّنٰتٍ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا ائْتِ بِقُرْاٰنٍ غَيْرِ هٰذَاۤ اَوْ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

بَدِّلْهُ ۚ قُلْ مَا يَكُونُ لِيٓ أَنْ أُبَدِّلَهُۥ مِن تِلْقَآئِ نَفْسِىٓ ۖ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَىٰٓ إِلَىَّ ۖ إِنِّىٓ
أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ رَبِّى عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ﴿١٥﴾ قُل لَّوْ شَآءَ ٱللَّهُ مَا تَلَوْتُهُۥ عَلَيْكُمْ وَلَآ
أَدْرَىٰكُم بِهِۦ ۖ فَقَدْ لَبِثْتُ فِيكُمْ عُمُرًا مِّن قَبْلِهِۦٓ ۖ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿١٦﴾

''اور جب ان کے سامنے ہماری واضح آیات پڑھی جاتی ہیں تو وہ لوگ جو ہم سے ملنے کی اُمید نہیں رکھتے' کہتے ہیں کہ اس کے بجائے کوئی اور قرآن لاؤ یا اس میں تبدیلی کردو۔ آپ کہہ دیں کہ مجھے اپنی طرف سے اس میں تبدیلی لانے کا کوئی اختیار نہیں ہے۔ میں تو صرف اس امر کا اتباع کرتا ہوں جس کی میری طرف وحی کی جاتی ہے۔ میں اپنے پروردگار کی نافرمانی کروں تو مجھے روزِ عظیم کے عذاب کا خوف ہے۔ آپ کہہ دیں کہ اگر خدا کی مشیت یہی ہوتی تو میں تمھارے سامنے قرآن کی تلاوت نہ کرتا اور اللہ تمھیں اس کی خبر تک نہ دیتا۔ آخر میں اس سے پہلے بھی تمھارے درمیان ایک مدت تک رہ چکا ہوں تم عقل سے کام نہیں لیتے؟''

قریش نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا تھا کہ جو قرآن آپ پیش کر رہے ہیں اسے آپؐ نے یہود و نصاریٰ کی زبانی حاصل کیا ہے' لہٰذا آپؐ اس کی بجائے کوئی اور قرآن پیش کریں یا اس میں تبدیلی لائیں۔ اس کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب سے فرمایا کہ مجھے اس میں تبدیلی اور ترمیم کا کوئی اختیار نہیں ہے۔ میں تو تم تک صرف وہی پیغام پہنچاتا ہوں جو مجھ پر نازل کیا جاتا ہے۔ اگر میں نے پیغامِ خدا پہنچانے میں کوئی کمی بیشی کی تو مجھے روزِ آخرت کے عذاب کا اندیشہ ہے۔

ویسے بھی میں چالیس سال تک تمھارے درمیان پہلے بھی تو رہ چکا ہوں۔ اس دوران میں نے تمھارے سامنے کوئی وحی نہیں پہنچائی۔ میری پوری زندگی میری صداقت کا منہ بولتا پیغام ہے۔ میرا بچپن تمھارے اندر بسر ہوا۔ میرا لڑکپن تمھارے سامنے گزرا۔ میری جوانی تمھارے سامنے ہے۔ کیا تم نے میرے بچپن میں کبھی کوئی غلطی دیکھی؟ کیا میرے لڑکپن میں تم نے کبھی کوئی جہالت آمیز حرکت دیکھی؟ اور کیا کبھی میری جوانی دیوانی بنی؟ اگر آج تک ایسا نہیں ہوا تو مان لو کہ اب میں جو قرآن پیش کر رہا ہوں یہ میری تخلیق نہیں ہے' بلکہ رب العالمین کا پیغام ہے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ کفارِ مکہ کے مطالبہ جیسا ایک مطالبہ فضائلِ علیؑ کے منکرین نے بھی کیا تھا انھوں نے بھی آنحضرتؐ سے کہا تھا کہ آپ علیؑ کے فضائل میں کچھ کمی کریں۔ مگر آنحضرتؐ نے ایسا کرنے سے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

انکار کر دیا تھا۔

اصول کافی میں بھی اسی مفہوم کی ایک روایت مرقوم ہے۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیشہ اِنِّیۡۤ اَخَافُ اِنۡ عَصَیۡتُ رَبِّیۡ عَذَابَ یَوۡمٍ عَظِیۡمٍ ﴿۱۵﴾ کہتے رہے، یہاں تک کہ مکہ فتح ہوا۔ فتح مکہ کے بعد آپؐ نے یہ کلمات نہیں کہے تھے۔

بت پرستوں کی خودساختہ منطق

وَیَعۡبُدُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰہِ مَا لَا یَضُرُّہُمۡ وَلَا یَنۡفَعُہُمۡ وَیَقُوۡلُوۡنَ ہٰۤؤُلَآءِ شُفَعَآؤُنَا عِنۡدَ اللّٰہِ ؕ قُلۡ اَتُنَبِّـُٔوۡنَ اللّٰہَ بِمَا لَا یَعۡلَمُ فِی السَّمٰوٰتِ وَلَا فِی الۡاَرۡضِ ؕ سُبۡحٰنَہٗ وَتَعٰلٰی عَمَّا یُشۡرِکُوۡنَ ﴿۱۸﴾

''یہ لوگ خدا کو چھوڑ کر ان کی پوجا کر رہے ہیں، جو نہ تو انھیں نقصان پہنچا سکتے ہیں اور نہ ہی فائدہ دے سکتے ہیں اور وہ کہتے ہیں کہ یہ (بت) اللہ کے ہاں ہمارے سفارشی ہیں آپ کہہ دیں کہ کیا تم اللہ کو اس بات کی خبر دینا چاہتے ہو جسے وہ نہ تو آسمانوں میں جانتا ہے اور نہ زمین میں؟ وہ ہر نقص سے پاک و پاکیزہ ہے اور وہ اس شرک سے کہیں بلند و بالا ہے جو وہ کر رہے ہیں''۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ قریش یہ کہتے تھے کہ اللہ کی شان بلند و بالا ہے۔ اس تک ہماری رسائی نہیں ہے۔ ہم ان بتوں کو اپنے لیے خدا کے ہاں ذریعہ تقرب سمجھ کر پوجتے ہیں۔ یہ خدا کی بارگاہ میں ہمارے سفارشی ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے ان کی تردید کرتے ہوئے فرمایا کہ تم نے کیسے سفارشی ڈھونڈ لیے ہیں خدا تو انھیں پہچانتا تک نہیں ہے۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ایک روایت کا ماحصل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حکم دیا تھا کہ وہ اسماعیل علیہ السلام کو مکہ کی بے آب و گیاہ وادی میں چھوڑ آئیں۔ چنانچہ آپؑ نے حکم خداوندی پر عمل کیا تھا اور آپؑ نے اپنے اور اپنی اولاد کے متعلق خدا سے یہ دعا مانگی تھی: واجنبنی وبنی ان نعبد الاصنام (خدایا! مجھے اور میری اولاد کو بت پرستی سے محفوظ رکھنا)۔

اللہ تعالیٰ نے آپؑ کی یہ دعا قبول فرمائی اور اولادِ اسماعیلؑ میں سے کوئی بھی بت پرست نہیں تھا، جب کہ عرب کے دوسرے قبائل بت پرست تھے۔ اولادِ اسماعیل کے افراد بتوں کو خدا ماننے کے بجائے خدا کی بارگاہ میں شفاعت کرنے والے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

مانتے تھے۔ اگرچہ اس عقیدہ کی وجہ سے وہ کافر ضرور ہو گئے تھے لیکن وہ صنم پرست ہرگز نہیں تھے۔

رحمت کا منتظر رہنا چاہیے

فَانْتَظِرُوْا ۚ اِنِّیْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِیْنَ ۝

"تم انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں میں سے ہوں"۔

کتاب کمال الدین وتمام النعمۃ میں محمد بن فضل سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے پوچھا کہ کشائش کب ہوگی؟

آپؑ نے فرمایا: کیا کشائش کا انتظار کشائش کا ایک حصہ نہیں ہے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: فَانْتَظِرُوْا ۚ اِنِّیْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِیْنَ ۝ (تم انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں میں سے ہوں)

حضرت امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا: صبر اور کشائش کا انتظار بہترین چیز ہے۔ کیا تو نے اللہ کا یہ فرمان نہیں سنا: فارتقبوا انی معکم رقیب (تم انتظار کرو میں تمہارے ساتھ انتظار کر رہا ہوں)۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: فَانْتَظِرُوْا ۚ اِنِّیْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِیْنَ ۝ (تم انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں میں سے ہوں) لہٰذا تمہیں صبر سے کام لینا چاہیے۔ ہمیشہ مایوسی کے وقت ہی کشائش اُترتی ہے (کیونکہ شب سیاہ کا خاتمہ ہمیشہ سفید صبح پر ہوا کرتا ہے) تم سے پہلے والے لوگ تم سے بڑے صابر تھے۔

ڈوبنے سے بچنے کی عزیمت

الکافی میں حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: اگر تمہیں کبھی دریائی سمندر درپیش ہو اور دریا یا سمندر میں طغیانی آجائے تو دائیں جانب سہارا لے کر یہ عزیمت پڑھو۔ خدا نے چاہا تو غرق ہونے سے محفوظ رہو گے: بِسْمِ اللّٰهِ اسْكُنْ بِسَكِيْنَةِ اللّٰهِ وَقَرَّ بِوَقَارِ اللّٰهِ وَاهْدَأْ بِاِذْنِ اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

سرکشی ہمیشہ سرکش کو ہی نقصان پہنچاتی ہے

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ ۙ

"اے انسانو! تمہاری یہ سرکشی و بغاوت خود تمہارے ہی خلاف پڑ رہی ہے"۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

تفسیر عیاشی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: تین چیزیں اپنے ہی کرنے والے کو نقصان پہنچاتی ہیں: ۱- عہد توڑنا ۲- سرکشی اور بغاوت اختیار کرنا ۳- کسی کے خلاف چالبازی کرنا۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا بَغْیُكُمْ عَلٰۤی اَنْفُسِكُمْ (اے انسانو! تمھاری یہ بغاوت خود تمھارے ہی خلاف پڑ رہی ہے)

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ جب طلحہ و زبیر نے حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام کی بیعت شکنی کی اور ام المومنین کو ساتھ لے کر بصرہ کی طرف روانہ ہوئے تو آپؑ نے اپنے شیعوں کو ایک عمومی خط تحریر کیا جس میں آپؑ نے لکھا: طلحہ و زبیر کی اس سے بڑی غلطی اور کیا ہو سکتی ہے کہ انھوں نے اپنی بیویوں کو تو گھر کی چار دیواری میں رکھا' لیکن رسولؐ خدا کی زوجہ کو میدان میں لے آئے' ان لوگوں نے خدا اور اس کے رسولؐ کے ساتھ سخت ناانصافی کی ہے۔ ان دونوں نے بیک وقت بغاوت' چالبازی اور بیعت شکنی کا ارتکاب کیا ہے جب کہ اللہ کو مذکورہ تینوں عمل ناپسند ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا بَغْیُكُمْ عَلٰۤی اَنْفُسِكُمْ (لوگو! تمھاری یہ بغاوت خود تمھارے ہی خلاف ہے)

بیعت شکنی کی مذمت کرتے ہوئے اللہ نے فرمایا: یَنْكُثُ عَلٰی نَفْسِهٖ .....(الفتح: ۱۰) ''جو کوئی بیعت شکنی کرے گا تو وہ اپنا نقصان کرے گا''۔ چالبازی اور مکر کی مذمت کرتے ہوئے اللہ نے فرمایا ہے: وَ لَا یَحِیْقُ الْمَكْرُ السَّیِّئُ اِلَّا بِاَهْلِهٖ (فاطر: ۴۳) ''بُری چالیں اپنے چلنے والوں کو ہی لے ڈوبتی ہیں''۔

ان دونوں نے میرے خلاف بغاوت کی ہے اور میری بیعت شکنی کی ہے اور میرے لیے چالبازیاں کی ہیں۔

دنیاوی زندگی کی مثال

اِنَّمَا مَثَلُ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ مِمَّا یَاْكُلُ النَّاسُ وَ الْاَنْعَامُ ؕ حَتّٰۤی اِذَاۤ اَخَذَتِ الْاَرْضُ زُخْرُفَهَا وَ ازَّیَّنَتْ وَ ظَنَّ اَهْلُهَاۤ اَنَّهُمْ قٰدِرُوْنَ عَلَیْهَاۤ ۙ اَتٰىهَاۤ اَمْرُنَا لَیْلًا اَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنٰهَا حَصِیْدًا كَاَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْاَمْسِ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّتَفَكَّرُوْنَ ۝

''دنیاوی زندگی کی مثال اس بارش کی سی ہے جسے ہم نے آسمان سے نازل کیا' پھر اس سے مل کر زمین سے وہ نباتات برآمد ہوئیں' جن کو انسان اور جانور کھاتے ہیں یہاں تک کہ جب زمین نے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

سبزہ زار سے اپنے آپ کو آراستہ کیا اور مالک یہ سمجھنے لگے کہ وہ اس زمین پر پوری قدرت رکھتے ہیں تو اچانک رات کو یا دن کو ہمارا حکم (عذاب) آ گیا اور ہم نے اسے بالکل کٹا ہوا کھیت بنا دیا۔ گویا کل تک اس میں کچھ تھا ہی نہیں اور صاحبانِ فکر کے لیے ہم اپنی نشانیوں کو اس طرح کھول کر بیان کرتے ہیں''۔

روضہ کافی میں مرقوم ہے کہ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام نے درج بالا آیت پڑھ کر فرمایا: لوگو! خدا نے تمھیں اس دنیا سے زہد اختیار کرنے کا حکم دیا ہے، تم بھی اس سے زہد اختیار کرو اور اپنے آپ کو صاحبانِ فکر میں سے بناؤ۔

حضرت امیرالمومنین علی علیہ السلام نے اپنے ایک خطبہ میں ارشاد فرمایا: لوگو! پوری کوشش کر کے دنیا کے اس چھوٹے دن سے آخرت کے طویل دن کے لیے زادِ راہ تلاش کرو۔ دنیا عمل کا گھر ہے اور آخرت قرار اور جزا کا دن ہے۔ لہٰذا دنیا میں اپنا دامن سمیٹ کر رہو، وہ شخص دھوکے میں مبتلا ہے جو دنیا پر فریفتہ ہو جائے اور یاد رکھو جب بھی دنیا طلب افراد یہ محسوس کرتے ہیں کہ وہ اپنی مراد کو پہنچنے کو ہی ہیں تو یہ دنیا ان کے لیے ہرے بھرے کھیت کی طرح سے تباہ و ویران ہو جاتی ہے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں فضیل سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے عرض کیا کہ میں آپؑ پر قربان جاؤں ہم نے سنا ہے کہ آلِ جعفر کے مقدر میں ایک پرچم ہے (یعنی وہ ایک مرتبہ حکومت پر فائز ہوں گے) اور آلِ عباس کے مقدر میں دو پرچم ہیں (یعنی وہ دو مرتبہ اقتدار حاصل کریں گے) کیا آپؑ کے علم میں بھی اس طرح کی کوئی بات ہے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: آلِ جعفر کی قسمت میں اقتدار اور حکومت نام کی کوئی چیز نہیں ہے البتہ آلِ عباس کی قسمت میں حکومت و سلطنت ہے جس میں وہ دُور کے افراد کو قریب کریں گے اور قریبیوں کو دُور کریں گے۔ ان کی حکومت بہت سخت ہوگی جس میں آسانی و نرمی نہیں ہوگی اور جب وہ خدا کی پکڑ اور اس کے عذاب سے بے خوف ہو جائیں گے تو پھر ایک چیخ سی بلند ہوگی، جو ان کی جمعیت کو پراگندہ کر دے گی اور ان کا اقتدار ان سے چھین لیا جائے گا اور وہ قرآن کی آیت حَتّٰٓى اِذَآ اَخَذَتِ الْاَرْضُ ..... کا عملی نمونہ بن جائیں گے۔

کتاب کمال الدین وتمام النعمۃ کی ایک روایت کا خلاصہ یہ ہے کہ علی بن ابراہیم بن مہزیار کو امام زمانہؑ عجل اللہ فرجہ الشریف کی زیارت کا شرف حاصل ہوا تھا۔ امام علیہ السلام نے اس سے فرمایا: ابن مہزیار! تو نے عراق میں اپنے بھائیوں کو کس حال میں چھوڑا ہے؟ ابن مہزیار نے کہا: وہ سخت تنگی میں ہیں اور وہ بنی عباس کی تلواروں کی ہر وقت زد پر رہتے ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

امام علیہ السلام نے فرمایا: خدا انھیں غارت کرے وہ کہاں بھٹکے جا رہے ہیں۔ میں دیکھ رہا ہوں کہ وہ لوگ (بنی عباس) اپنے گھروں میں مارے جا چکے ہیں اور شب و روز ان پر اللہ کا عذاب اُتر چکا ہے۔

ابن مہز یار نے عرض کیا: مولاؑ! یہ واقعات کب ظہور پذیر ہوں گے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: جب دین سے عاری اقوام کے ذریعہ سے تمھیں کعبہ سے روک دیا جائے گا' جب کہ ان اقوام سے خدا اور اس کا رسول بیزار ہوں گے۔ آسمان پر سرخی نمودار ہوگی۔ اس میں تیسرا حصہ سونے کے سے ستون دکھائی دیں گے جن سے نور ٹپک رہا ہوگا اور ''شروسی'' آرمینیہ و آذربائی جان سے خروج کریں گے جو کہ طالقان کے سلسلۂ کوہ کے قریب جبلِ اسود پر قبضہ کرنے کے خواہش مند ہوں گے جو کہ جبلِ احمر کے قریب ہے۔ ان کے اور ''مروزی'' کے درمیان بڑی سخت کش مکش ہوگی جس میں بچے جوان اور جوان بوڑھے ہو جائیں گے۔ ان دونوں قوتوں کے درمیان بڑی خونریزی ہوگی۔ اس وقت تم مقام ''زوراء'' پر اس کے خروج کی امید رکھو۔ وہ وہاں زیادہ عرصہ قیام نہیں کرے گا وہ وہاں سے ''ماہان'' (بقول علامہ مجلسی' اس سے دینور و نہاوند کا علاقہ مراد ہے) آئے گا۔ پھر وہاں سے عراقی شہر ''واسط'' میں آئے گا وہاں وہ ایک سال یا اس سے کچھ عرصہ کم قیام کرے گا۔ پھر وہ وہاں سے کوفہ جائے گا۔ وہاں نجف و حیرہ کے درمیان ایسا شدید واقعہ پیش آئے گا جس سے عقلیں دنگ رہ جائیں گی۔ اس وقت دو گروہ ہلاک ہوں گے باقی ظالموں کی کھیتی کو خدا کاٹ ڈالے گا۔ پھر آپؑ نے آیت کا یہ حصہ تلاوت فرمایا: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم – اتاھا امرنا لیلا او نھارا فجعلناھا حصیدا کان لم تغن بالامس (رات یا دن کے وقت اس پر ہمارا امر پہنچ گیا' ہم نے اسے بالکل کٹا ہوا کھیت بنا دیا گویا کل تک اس میں کچھ تھا ہی نہیں)

ابن مہز یار نے کہا: اے فرزندِ رسولؐ! ''امر'' سے کیا مراد ہے؟ آپؑ نے فرمایا: ہم اللہ کا امر اور اس کا لشکر ہیں۔ ابن مہز یار نے کہا: کیا وقت پہنچ گیا؟ آپؑ نے فرمایا: اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ۝ (قمر: ۱) ''قیامت قریب آگئی اور چاند شگافتہ ہو گیا ہے''۔

خدا ''دارالسلام'' کی دعوت دیتا ہے

وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ۭ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝

''اور اللہ سلامتی کے گھر کی دعوت دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے سیدھے راستہ کی ہدایت دیتا ہے''۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کتاب معانی الاخبار میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: ''سلام'' اللہ کا نام ہے اور ''گھر'' سے مراد اس کی جنت ہے، جو اس نے اپنے اولیاء کے لیے بنائی ہے اور اس نے لوگوں کو اس جنت کی دعوت دیتے ہوئے فرمایا ہے: وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ''اللہ دارالسلام کی طرف دعوت دیتا ہے''۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے بھی منقول ہے کہ ''سلام'' اللہ کے ناموں میں سے ایک نام ہے۔

الکافی کی ایک حدیث میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ سب سے پہلے اللہ نے اپنی ذات کی طرف انسانوں کو دعوت دی ہے اور انھیں اپنی اطاعت اور فرمانبرداری کی طرف بلایا ہے اور اس نے اپنے نفس سے ابتداء کی ہے اور فرمایا: وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ۭ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ ''اللہ سلامتی کے گھر کی دعوت دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے سیدھے راستہ کی ہدایت دیتا ہے''۔

لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ ۭ وَلَا يَرْهَقُ وُجُوْهَهُمْ قَتَرٌ
وَّلَا ذِلَّةٌ ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ
كَسَبُوا السَّيِّاٰتِ جَزَاۗءُ سَيِّئَةٍۢ بِمِثْلِهَا ۙ وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ۭ مَا لَهُمْ
مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ كَاَنَّمَآ اُغْشِيَتْ وُجُوْهُهُمْ قِطَعًا مِّنَ الَّيْلِ
مُظْلِمًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ وَيَوْمَ
نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا مَكَانَكُمْ اَنْتُمْ
وَشُرَكَاۗؤُكُمْ ۚ فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ وَقَالَ شُرَكَاۗؤُهُمْ مَّا كُنْتُمْ اِيَّانَا
تَعْبُدُوْنَ ۝ فَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًۢا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اِنْ كُنَّا عَنْ
عِبَادَتِكُمْ لَغٰفِلِيْنَ ۝ هُنَالِكَ تَبْلُوْا كُلُّ نَفْسٍ مَّآ اَسْلَفَتْ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

وَرُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝۳۰
قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اَمَّنْ يَّمْلِكُ السَّمْعَ
وَالْاَبْصَارَ وَمَنْ يُّخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ
الْحَيِّ وَمَنْ يُّدَبِّرُ الْاَمْرَ ؕ فَسَيَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ ۚ فَقُلْ اَفَلَا
تَتَّقُوْنَ ۝۳۱ فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۚ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا
الضَّلٰلُ ۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ۝۳۲ كَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى
الَّذِيْنَ فَسَقُوْٓا اَنَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۳۳ قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ
يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ؕ قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ
فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝۳۴ قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ ؕ
قُلِ اللّٰهُ يَهْدِيْ لِلْحَقِّ ؕ اَفَمَنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ يُّتَّبَعَ
اَمَّنْ لَّا يَهِدِّيْٓ اِلَّآ اَنْ يُّهْدٰى ۚ فَمَا لَكُمْ ۫ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ۝۳۵
وَمَا يَتَّبِعُ اَكْثَرُهُمْ اِلَّا ظَنًّا ؕ اِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا
ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ۝۳۶ وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ
يُّفْتَرٰى مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ
وَتَفْصِيْلَ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۳۷ اَمْ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

يَقُولُونَ افْتَرٰىهُ ۖ قُلْ فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِّثْلِهِ وَادْعُوا مَنِ
اسْتَطَعْتُم مِّن دُونِ اللَّهِ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٣٨﴾ بَلْ كَذَّبُوا بِمَا
لَمْ يُحِيطُوا بِعِلْمِهِ وَلَمَّا يَأْتِهِمْ تَأْوِيلُهُ ۚ كَذَٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِينَ
مِن قَبْلِهِمْ فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظَّالِمِينَ ﴿٣٩﴾ وَمِنْهُم مَّن
يُؤْمِنُ بِهِ وَمِنْهُم مَّن لَّا يُؤْمِنُ بِهِ ۚ وَرَبُّكَ أَعْلَمُ
بِالْمُفْسِدِينَ ﴿٤٠﴾ وَإِن كَذَّبُوكَ فَقُل لِّي عَمَلِي وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ ۖ
أَنتُم بَرِيئُونَ مِمَّا أَعْمَلُ وَأَنَا بَرِيءٌ مِّمَّا تَعْمَلُونَ ﴿٤١﴾ وَمِنْهُم
مَّن يَسْتَمِعُونَ إِلَيْكَ ۚ أَفَأَنتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ وَلَوْ كَانُوا لَا
يَعْقِلُونَ ﴿٤٢﴾ وَمِنْهُم مَّن يَنظُرُ إِلَيْكَ ۚ أَفَأَنتَ تَهْدِي الْعُمْيَ
وَلَوْ كَانُوا لَا يُبْصِرُونَ ﴿٤٣﴾ إِنَّ اللَّهَ لَا يَظْلِمُ النَّاسَ شَيْئًا وَلَٰكِنَّ
النَّاسَ أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ﴿٤٤﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ كَأَن لَّمْ يَلْبَثُوا
إِلَّا سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ يَتَعَارَفُونَ بَيْنَهُمْ ۚ قَدْ خَسِرَ الَّذِينَ
كَذَّبُوا بِلِقَاءِ اللَّهِ وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ ﴿٤٥﴾ وَإِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ
الَّذِي نَعِدُهُمْ أَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَإِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ اللَّهُ شَهِيدٌ
عَلَىٰ مَا يَفْعَلُونَ ﴿٤٦﴾ وَلِكُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولٌ ۚ فَإِذَا جَاءَ رَسُولُهُمْ قُضِيَ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿٥٤﴾ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ
إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٤٨﴾ قُل لَّا أَمْلِكُ لِنَفْسِي ضَرًّا وَلَا نَفْعًا إِلَّا
مَا شَاءَ اللَّهُ ۗ لِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ ۚ إِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ فَلَا يَسْتَأْخِرُونَ
سَاعَةً وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ ﴿٤٩﴾ قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَتَاكُمْ عَذَابُهُ بَيَاتًا
أَوْ نَهَارًا مَّاذَا يَسْتَعْجِلُ مِنْهُ الْمُجْرِمُونَ ﴿٥٠﴾ أَثُمَّ إِذَا مَا وَقَعَ
آمَنتُم بِهِ ۚ آلْآنَ وَقَدْ كُنتُم بِهِ تَسْتَعْجِلُونَ ﴿٥١﴾ ثُمَّ قِيلَ لِلَّذِينَ
ظَلَمُوا ذُوقُوا عَذَابَ الْخُلْدِ ۚ هَلْ تُجْزَوْنَ إِلَّا بِمَا كُنتُمْ
تَكْسِبُونَ ﴿٥٢﴾ وَيَسْتَنبِئُونَكَ أَحَقٌّ هُوَ ۖ قُلْ إِي وَرَبِّي إِنَّهُ لَحَقٌّ ۖ
وَمَا أَنتُم بِمُعْجِزِينَ ﴿٥٣﴾ وَلَوْ أَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ ظَلَمَتْ مَا فِي
الْأَرْضِ لَافْتَدَتْ بِهِ ۗ وَأَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَأَوُا الْعَذَابَ ۚ
وَقُضِيَ بَيْنَهُم بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿٥٤﴾ أَلَا إِنَّ لِلَّهِ مَا فِي
السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۗ أَلَا إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ
لَا يَعْلَمُونَ ﴿٥٥﴾ هُوَ يُحْيِي وَيُمِيتُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿٥٦﴾ يَا أَيُّهَا
النَّاسُ قَدْ جَاءَتْكُم مَّوْعِظَةٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُورِ
وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ ﴿٥٧﴾ قُلْ بِفَضْلِ اللَّهِ وَبِرَحْمَتِهِ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ؕ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۵۸﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّآ
اَنْزَلَ اللّٰهُ لَكُمْ مِّنْ رِّزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِّنْهُ حَرَامًا وَّحَلٰلًا ؕ قُلْ آٰللّٰهُ
اَذِنَ لَكُمْ اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَمَا ظَنُّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ
عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى
النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۶۰﴾ وَمَا تَكُوْنُ فِيْ شَاْنٍ وَّمَا
تَتْلُوْا مِنْهُ مِنْ قُرْاٰنٍ وَّلَا تَعْمَلُوْنَ مِنْ عَمَلٍ اِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ
شُهُوْدًا اِذْ تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ؕ وَمَا يَعْزُبُ عَنْ رَّبِّكَ مِنْ مِّثْقَالِ
ذَرَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَلَآ اَصْغَرَ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرَ
اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿۶۱﴾ اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا
هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۶۲﴾ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿۶۳﴾ لَهُمُ الْبُشْرٰى
فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ؕ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُوَ
الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۶۴﴾

”جن لوگوں نے بھلائی کی روش اپنائی ان کے لیے بھلائی ہے اور مزید اضافہ بھی ہے ان کے چہروں پر سیاہی اور ذلت طاری نہ ہوگی۔ وہی جنت میں جانے والے ہیں اور وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ اور وہ لوگ جنھوں نے برائیاں کی ہیں وہ اپنی برائیوں کی مقدار میں ہی بدلہ پائیں گے اور ان پر ذلت طاری ہوگی۔ انھیں اللہ سے کوئی بچانے والا موجود نہ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ہوگا۔ ان کے چہروں پر رات کے سیاہ پردوں جیسی سیاہی چھائی ہوگی۔ وہ دوزخ میں جانے والے ہیں۔ وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

جس دن ہم ان سب کو محشور کریں گے پھر ہم مشرکین سے کہیں گے کہ تم بھی اپنی جگہ پر ٹھہر جاؤ اور تمھارے شریک بھی ٹھہر جائیں ہم ان کے درمیان سے پردہ ہٹا دیں گے اور ان کے شریک کہیں گے کہ تم ہماری عبادت نہیں کیا کرتے تھے۔

ہمارے اور تمھارے درمیان اللہ تعالیٰ کی گواہی کافی ہے۔ ہم تو تمھاری اس عبادت سے بالکل بے خبر تھے۔ اس وقت ہر شخص اپنے کیے کا ذائقہ چکھ سکے گا۔ سب کو ان کے حقیقی پروردگار کی طرف لوٹایا جائے گا اور سارے جھوٹ جنھیں وہ گھڑا کرتے تھے گم ہو جائیں گے۔

ان سے پوچھو تمھیں آسمان و زمین سے رزق کون فراہم کرتا ہے؟ اور سماعت و بصارت کی قوتیں کس کے اختیار میں ہیں اور بے جان سے جاندار اور جاندار سے بے جان کو کون نکالتا ہے؟ اور اس نظمِ جہان کی تدبیر کون کر رہا ہے؟ وہ ضرور کہیں گے کہ اللہ! پس آپ کہہ دیجیے پھر تم اس سے ڈرتے کیوں نہیں ہو؟ وہ اللہ تمھارا حقیقی رب ہے اور حق کے بعد گمراہی کے سوا اور کیا ہے؟ آخر تم کدھر پھرائے جا رہے ہو؟

اس طرح سے فسق اختیار کرنے والوں پر تمھارے رب کی بات صادق آ گئی کہ وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ آپ کہیں کہ کیا تمھارے شرکاء میں سے کوئی ایسا بھی ہے جو خلقت کی ابتدا کرے اور پھر دوبارہ اسے پلٹا سکے؟ کہیں کہ وہ صرف اللہ ہے جو تخلیق کی ابتدا بھی کرتا ہے اور وہی انھیں پلٹاتا بھی ہے۔ آخر تم کس اُلٹی راہ پر چلائے جا رہے ہو؟

آپ کہیں کیا تمھارے شرکاء میں سے کوئی ایسا بھی ہے جو حق کی ہدایت کر سکے؟ آپ کہہ دیں کہ اللہ ہی حق کی ہدایت کرتا ہے۔ پھر بھلا بتاؤ کہ جو حق کی طرف رہنمائی کرتا ہے وہ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اس کا زیادہ مستحق ہے کہ اس کی پیروی کی جائے یا وہ جو خود راہ نہیں پاتا اِلا یہ کہ اس کی رہنمائی کی جائے؟ آخر تمھیں کیا ہوگیا ہے تم کیسے فیصلے کرتے ہو؟

ان کی اکثریت محض گمان کی پیروی کر رہی ہے جب کہ گمان حق کے بارے میں کوئی بھی فائدہ نہیں پہنچا سکتا جو کچھ یہ کر رہے ہیں اللہ اس کو خوب جانتا ہے۔ قرآن ایسی چیز نہیں ہے جسے اللہ کی وحی و تعلیم کے بغیر تصنیف کرلیا جائے بلکہ اپنی ماسبق کتابوں کی تصدیق اور تفصیل ہے جس میں کسی شک کی گنجائش نہیں ہے۔ یہ رب العالمین کی طرف سے نازل کردہ ہے۔

کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ پیغمبر نے اسے خود ہی تصنیف کرلیا ہے؟ آپ کہہ دیں کہ اگر تم سچے ہو تو اس جیسی ایک سورت اپنی طرف سے تصنیف کر لاؤ اور اللہ کو چھوڑ کر جس جس کو بلا سکتے ہو مدد کے لیے بلا لو۔ دراصل ان لوگوں نے اس چیز کی تکذیب کی ہے جس کا انھیں مکمل علم نہیں ہے اور اس کا مال ابھی تک ان کے سامنے نہیں آیا۔ اسی طرح ان کے پہلے والوں نے بھی تکذیب کی تھی۔ اب دیکھو ظلم کرنے والوں کا انجام کیا ہوا۔ ان میں سے کچھ ایمان لائیں گے اور کچھ ایمان نہیں لائیں گے اور آپ کا پروردگار فساد برپا کرنے والوں کو خوب جانتا ہے۔ اور اگر یہ آپ کی تکذیب کریں تو کہہ دیں کہ میرے لیے میرا عمل ہے اور تمھارے لیے تمھارا عمل ہے تم میرے عمل سے بَری اور میں تمھارے عمل سے بیزار ہوں۔

اور ان میں سے کچھ ایسے ہیں جو بظاہر کان لگا کر آپ کی باتیں سنتے ہیں تو کیا آپ بہروں کو سنائیں گے جب کہ وہ کچھ بھی نہ سمجھتے ہوں؟ ان میں سے بعض وہ ہیں جو تجھے دیکھتے ہیں تو کیا آپ اندھوں کو بھی ہدایت دے سکتے ہیں چاہے وہ کچھ نہ دیکھ پاتے ہوں۔

یقیناً اللہ انسانوں پر کچھ بھی ظلم نہیں کرتا۔ لوگ خود ہی اپنے اُوپر ظلم کرتے ہیں اور جس دن خدا ان سب کو محشور کرے گا تو انھیں یوں محسوس ہوگا کہ وہ دنیا میں محض گھڑی بھر جان پہچان

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کے لیے ٹھہرے تھے۔ وہ لوگ خسارے میں رہے جنھوں نے اللہ کی ملاقات کو جھٹلایا اور وہ ہدایت یافتہ نہ تھے۔

جن بُرے نتائج سے ہم انھیں ڈرا رہے ہیں ان کا کچھ حصّہ ہم تیرے جیتے جی دکھا دیں یا تجھے اس سے پہلے ہی اُٹھا لیں، انھیں ہر قیمت پر ہماری طرف ہی آنا ہے اور یہ جو کچھ کر رہے ہیں اس پر اللہ گواہ ہے۔ اور ہر اُمت کے لیے ایک رسول ہے جب کسی اُمت کے پاس اس کا رسول آ جاتا ہے تو ان کے درمیان انصاف سے فیصلہ چکا دیا جاتا ہے اور ان سے کوئی ناانصافی نہیں کی جاتی۔

اور وہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو یہ بتاؤ کہ یہ وعدہ (عذاب) کب پورا ہوگا؟ آپ کہہ دیں کہ میں اپنے لیے نفع نقصان کا مالک نہیں ہوں جب تک خدا نہ چاہے ہر قوم کے لیے ایک مدت معین ہے جس سے ایک گھڑی نہ تاخیر ہوسکتی ہے اور نہ تقدیم۔ آپ کہیں بھلا سوچو تو سہی اگر تم اس کا عذاب رات کے وقت یا دن میں آجائے تو تم کیا کرو گے۔ آخر ان مجرمین کو کس بات کی جلدی ہے۔ تو کیا تم عذاب نازل ہونے کے بعد ایمان لاؤ گے؟ اب بچنا چاہتے ہو؟ حالانکہ تم خود ہی اس کے جلدی آنے کا تقاضا کر رہے تھے۔

پھر ظالموں سے کہا جائے گا کہ اب ہمیشہ کا عذاب چکھو۔ تمھیں تمھارے اعمال کی پاداش کے بغیر تمھیں اور کیا بدلہ دیا جا سکتا ہے؟ وہ آپ سے دریافت کرتے ہیں کہ کیا واقعی وہ حق ہے؟ آپ کہہ دیں کہ جی ہاں مجھے میرے رب کی قسم! یہ بالکل حق ہے تم اسے ظہور پذیر ہونے سے عاجز نہیں کر سکتے۔

اگر ہر ظلم کرنے والے کے پاس روئے زمین کی دولت بھی ہو تو وہ اس عذاب سے بچنے کے لیے فدیہ میں دینے پر آمادہ ہو جائے گا۔ اور جب وہ عذاب کو دیکھیں گے تو دل میں ندامت محسوس کریں گے۔ مگر ان کے درمیان انصاف کے مطابق فیصلہ کر دیا جائے گا اور

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

آگاہ ہوجاؤ کہ آسمانوں اور زمین میں جو کچھ بھی ہے وہ اللہ کی ملکیت ہے۔ آگاہ رہو کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے مگر اکثر لوگوں کو علم نہیں ہے۔ اے لوگو! تمھارے پاس تمھارے رب کی طرف سے نصیحت اور دلوں کو شفا دینے والی چیز آچکی ہے جو اہلِ ایمان کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔ آپ کہہ دیں کہ انھیں خدا کا فضل و رحمت (یعنی قرآن) پاکر خوشیاں منانی چاہئیں۔ یہ ان کی اس دولت سے کہیں بہتر ہے جسے وہ جمع کر رہے ہیں۔ آپ کہیں کہ تم لوگوں نے کبھی یہ بھی سوچا کہ جو رزق اللہ نے تمھارے لیے اتارا ہے اس میں تم نے خود ہی کسی کو حرام اور کسی کو حلال ٹھہرا لیا۔ ان سے پوچھو کہ کیا اللہ نے تمھیں اس کی اجازت دی ہے یا تم اللہ پر افترا کر رہے ہو؟

اور جو لوگ خدا پر افترا پردازی کر رہے ہیں ان کا کیا گمان ہے کہ قیامت کے دن ان سے کیا سلوک کیا جائے گا۔ اللہ تو لوگوں پر فضل کرنے والا ہے لیکن لوگوں کی اکثریت شکر کرنے والی نہیں ہے۔

اے نبیؐ! تم جس حال میں بھی ہوتے ہو اور قرآن میں سے جو کچھ بھی سناتے ہو اور اے لوگو! تم جو کچھ بھی کرتے ہو ان سب کے دوران ہم تم پر گواہ ہوتے ہیں۔ جب بھی تم کوئی عمل کرتے ہو اور تمھارے پروردگار سے زمین و آسمان کا کوئی ذرہ مخفی نہیں ہے اور ذرہ سے کوئی چیز چھوٹی یا بڑی ایسی نہیں ہے۔

آگاہ ہوجاؤ کہ اولیائے خدا پر نہ تو خوف طاری ہوتا ہے اور نہ ہی محزون و رنجیدہ ہوتے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے اور خدا سے ڈرتے رہے۔ ان کے لیے زندگانی دنیا اور آخرت دونوں مقامات پر بشارت اور خوش خبری ہے اور کلمات خدا میں کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوسکتی اور یہی درحقیقت عظیم کامیابی ہے"۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

نیک لوگوں کے لیے دنیا و آخرت کی بھلائی ہے

لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ ۭ وَلَا يَرْهَقُ وُجُوْهَهُمْ قَتَرٌ وَّلَا ذِلَّةٌ ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ

''جن لوگوں نے بھلائی کی روش اپنائی ان کے لیے بھلائی ہے اور مزید اضافہ بھی ہے اور ان کے چہروں پر سیاہی اور ذلت طاری نہ ہوگی وہی جنت میں جانے والے ہیں اور وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے''۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں اس آیت کے ضمن میں مرقوم ہے کہ بھلائی کرنے والوں کو خدا بھلائی عطا کرے گا اور انھیں مزید اضافہ بھی عطا کرے گا۔ مزید اضافہ سے مراد رحمت پروردگار کی طرف نظر کرنا ہے۔

ابوالجارود نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے نقل کیا کہ آپؑ نے لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ کے متعلق فرمایا کہ ''حسنیٰ'' سے جنت اور ''زیادۃ'' سے دنیا مراد ہے۔ مقصد یہ ہے کہ اللہ نے انھیں دنیا میں جو نعمات دی ہوں گی آخرت میں ان کے متعلق کوئی باز پرس نہیں کرے گا اور ان کے لیے دنیا و آخرت کی بھلائی جمع کر دے گا۔

شیخ الطائفہ نے امالی میں لکھا کہ امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام نے اپنی ایک طویل حدیث کے ضمن میں فرمایا: لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ میں ''حسنیٰ'' سے جنت اور ''زیادۃ'' سے دنیا مراد ہے۔

مجمع البیان میں اس آیت کے متعلق بہت سے اقوال مذکور ہیں۔ ان میں سے ایک قول یہ ہے کہ ''زیادۃ'' سے جنت کا وہ بالاخانہ مراد ہے جو ایک ہی موتی سے بنایا گیا ہوگا اور اس کے چار دروازے ہوں گے۔ یہ مفہوم حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام سے منقول ہے۔

اصول کافی میں ابان بن میمون القداح سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا: پڑھو۔ میں نے عرض کیا: مولاؑ! کیا پڑھوں؟ آپؑ نے فرمایا: قرآن حکیم کا دسواں سورہ پڑھو۔ چنانچہ میں نے سورہ یونس کی تلاوت شروع کی اور جب میں پڑھتے پڑھتے اس مقام پر پہنچا: وَلَا يَرْهَقُ وُجُوْهَهُمْ قَتَرٌ وَّلَا ذِلَّةٌ (ان کے چہروں پر سیاہی اور ذلت طاری نہ ہوگی) تو آپؑ نے فرمایا: بس اسی مقام پر رک جاؤ۔ پھر فرمایا کہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا کہ مجھے تعجب ہے کہ قرآن پڑھنے کے باوجود مجھ پر مکمل ضعیفی طاری کیوں نہ ہوئی؟

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

خوفِ خدا میں رونے کا اجر

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: دنیا کی ہر چیز کی ماپ تول ہے لیکن آنسوؤں کی کوئی ماپ تول نہیں ہے۔ خوفِ خدا سے نکلنے والا ایک آنسو آگ کے کئی سمندروں کو بجھا دیتا ہے اور جس آنکھ میں آنسو آجائیں تو اس پر سیاہی اور ذلت طاری نہ ہوگی۔ جب کسی آنکھ سے آنسو ٹپکتا ہے تو اللہ اسے دوزخ پر حرام کر دیتا ہے۔ اگر پوری اُمت میں ایک شخص بھی خوفِ خدا سے رو پڑے تو اللہ پوری اُمت پر رحم فرما دیتا ہے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جس آنکھ سے آنسو گر کر چہرے پر آجائیں تو وہ چہرہ ذلت و سیاہی سے محفوظ ہو جاتا ہے۔

مجمع البیان میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس آنکھ سے آنسو بہیں تو اللہ اس جسم کو دوزخ پر حرام کر دیتا ہے۔ خوفِ خدا میں جس آنکھ سے آنسو بہیں تو اس چہرے پر سیاہی اور ذلت طاری نہ ہوگی۔

تفسیر عیاشی میں بھی یہ حدیث انھی الفاظ سے منقول ہے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں وَلَا يَرْهَقُ وُجُوهَهُمْ قَتَرٌ وَلَا ذِلَّةٌ کی آیت مجیدہ کے ضمن میں مرقوم ہے کہ ''قتر'' سے بھوک اور فقر اور ذلت سے خوف مراد ہے۔

سیاہ چہروں والے

وَالَّذِينَ كَسَبُوا السَّيِّئَاتِ جَزَاءُ سَيِّئَةٍ بِمِثْلِهَا وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ مَا لَهُمْ مِنَ اللَّهِ مِنْ عَاصِمٍ كَأَنَّمَا أُغْشِيَتْ وُجُوهُهُمْ قِطَعًا مِنَ اللَّيْلِ مُظْلِمًا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿۲۷﴾

''وہ لوگ جنھوں نے برائیاں کی ہیں وہ اپنی برائیوں کی مقدار میں ہی بدلہ پائیں گے اور ان پر ذلت طاری ہوگی اور انھیں اللہ سے بچانے والا کوئی نہ ہوگا۔ ان کے چہروں پر رات کے سیاہ پردوں جیسی سیاہی چھائی ہوئی ہوگی۔ وہ دوزخ میں جانے والے ہیں اور وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے''۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اہلِ بدعات و شہوات کا حال بیان کیا ہے۔ قیامت کے دن خدا ان کے چہروں کو سیاہ کر دے گا اور انھیں ذلت و رسوائی کا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

لباس پہنائے گا۔

روضہ کافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جس طرح سے سیاہ راتوں میں دُور سے مکان سیاہ دکھائی دیتا ہے اسی طرح سے اہلِ بدعات وشہوات کے چہرے بھی آخرت میں سیاہ ہوں گے اور ان کی روسیاہی میں روز بروز اضافہ ہوگا۔

قابلِ اتباع کون ہے؟

اَفَمَنْ یَّهْدِیْۤ اِلَى الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ یُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا یَهِدِّیْۤ اِلَّاۤ اَنْ یُّهْدٰى ۚ فَمَا لَكُمْ ۫ كَیْفَ تَحْكُمُوْنَ ۝

''بتاؤ کیا وہ جو حق کی رہنمائی کرے وہ اس بات کا زیادہ مستحق ہے کہ اس کی پیروی کی جائے یا وہ جو خود راہ نہیں پاتا' الا یہ کہ اس کی رہنمائی کی جائے؟ آخر تمھیں کیا ہوگیا ہے تم کیسے فیصلے کرتے ہو؟''

اس آیت مجیدہ میں اللہ تعالیٰ نے تمام صاحبانِ عقل سے ایک سوال کیا ہے اور پوچھا ہے کہ فیصلہ کر کے بتاؤ کہ ان دو میں سے پیروی کے لائق کون ہے۔ ایک وہ ہے جو حق کی رہنمائی کرتا ہے اور دوسرا وہ ہے جسے خود ہی راہِ حق معلوم نہیں ہے۔

ائمہ ہدیٰ علیہم السلام نے اس آیت مجیدہ سے اپنی امامت کا اثبات کیا ہے جیسا کہ حسبِ ذیل روایات میں منقول ہے۔ (من المترجم عفی عنہ)

سید ابن طاؤس رحمہ اللہ کتاب ''کشف المحجہ'' میں لکھتے ہیں کہ حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام نے فرمایا: لوگو! جب میں تم سے کچھ کہوں تو میری بات کو سنو خدا تمھیں ہدایت دے گا اور جب میں تمھیں کوئی حکم دوں تو تم میری اطاعت کرو گمراہی سے محفوظ رہو گے۔ اور اگر تم نے میری نافرمانی کی تو گمراہی میں مبتلا ہو جاؤ گے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

اَفَمَنْ یَّهْدِیْۤ اِلَى الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ یُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا یَهِدِّیْۤ اِلَّاۤ اَنْ یُّهْدٰى ۚ فَمَا لَكُمْ ۫ كَیْفَ تَحْكُمُوْنَ ۔ ''کیا وہ حق کی رہنمائی کرے وہ اس بات کا زیادہ مستحق ہے کہ اس کی پیروی کی جائے یا وہ جو خود راہ نہیں پاتا بجز اس کے کہ اس کی رہنمائی کی جائے۔ آخر تمھیں کیا ہوگیا ہے تم کیسے فیصلے کرتے ہو؟''

عیون الاخبار میں حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے وصفِ امام کے متعلق ایک طویل حدیث منقول ہے اس حدیث میں یہ کلمات بھی ہیں:

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اللہ تعالیٰ انبیاءؑ اور ائمہؑ کو خصوصی توفیق سے نوازتا ہے اور انھیں اپنے پوشیدہ علم و حکمت سے وہ کچھ عطا کرتا ہے جو دوسروں کو عطا نہیں کرتا۔ اسی لیے وہ اپنے زمانہ کے تمام افراد سے زیادہ عالم ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: اَفَمَنْ یَّهْدِیْۤ اِلَى الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ یُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا یَهِدِّیْۤ اِلَّاۤ اَنْ یُّهْدٰى ۚ فَمَا لَكُمْ كَیْفَ تَحْكُمُوْنَ ۝

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: محمدؐ و آلِ محمدؐ حق کی ہدایت کرنے والے ہیں جب کہ ہمارے مخالفین وہ ہیں جنھیں راہِ حق کا علم ہی نہیں ہے، جب تک ان کی رہنمائی نہ کی جائے۔

الکافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد حضرت علی علیہ السلام نے ایک تاریخی فیصلہ کیا۔ اس جیسا فیصلہ آپؑ سے پہلے کسی نے نہیں کیا تھا۔ جب رسولِ اکرمؐ کی وفات ہوئی اور حضرت ابوبکر خلیفہ بنے۔ ایک دن ان کے پاس ایک شخص آیا جو شراب میں دُھت تھا۔ حضرت ابوبکر نے اس سے کہا: کیا تو نے شراب پی رکھی ہے؟ اس نے کہا: جی ہاں۔ حضرت ابوبکر نے کہا: شراب نوشی حرام ہے آخر تو نے شراب کیوں پی؟ اس نے کہا: جہاں میں رہتا ہوں وہاں کے لوگ شراب پیتے ہیں اور میں نے بھی چند روز قبل اسلام قبول کیا ہے۔ مجھے آج تک کسی نے یہ نہیں بتایا کہ اسلام میں شراب حرام ہے۔

حضرت ابوبکر نے جب اس کا یہ جواب سنا تو انھوں نے حضرت عمر سے کہا کہ اس مسئلہ کا حل کیا ہونا چاہیے؟

حضرت عمر نے کہا: مسئلہ واقعی مشکل ہے اس کا جواب ہمیں علیؑ ہی دے سکیں گے۔ آپ انھیں یہاں بلائیں۔ حضرت علی علیہ السلام کو بلایا گیا اور ان کے سامنے یہ مسئلہ رکھا گیا۔ آپؑ نے فرمایا: ایک شخص کو اس کے ساتھ بھیجو اور مہاجرین و انصار کی محافل میں لے جاؤ اور ان سے پوچھو کیا کسی نے اس کے سامنے شراب کی حرمت کی آیت پڑھی ہے؟ اگر کسی نے اس کے سامنے آیت پڑھی ہو تو وہ گواہی دے۔

اس شخص کو مہاجرین و انصار کی محافل میں بھیجا گیا اور ان سے پوچھا گیا کہ کیا کسی نے اس کے سامنے حرمتِ شراب کی آیت پڑھی ہے؟ کسی بھی صحابی نے حرمتِ شراب کی آیت اس کے سامنے پڑھنے کی گواہی نہ دی۔

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: اسے جانے دو۔ چنانچہ اس شخص کو چھوڑ دیا گیا۔ حضرت سلمان فارسیؓ نے حضرت علی علیہ السلام سے عرض کیا: مولاؑ! آپؑ نے تو آج ان کی خوب رہنمائی کی ہے۔

آپؑ نے فرمایا: میں انھیں اَفَمَنْ یَّهْدِیْۤ اِلَى الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ یُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا یَهِدِّیْۤ اِلَّاۤ اَنْ یُّهْدٰى ..... کی آیت مجیدہ کی طرف متوجہ کرنا چاہتا تھا۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

تفسیر عیاشی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: اَفَمَنْ یَّهْدِیْۤ اِلَی الْحَقِّ اَحَقُّ کے مصداق کامل حضرت علی علیہ السلام ہیں۔

ہر واقعہ کا ایک وقت مقرر ہے

بَلْ كَذَّبُوْا بِمَا لَمْ یُحِیْطُوْا بِعِلْمِهٖ وَلَمَّا یَاْتِهِمْ تَاْوِیْلُهٗ

''ان لوگوں نے اس چیز کی تکذیب کی ہے جس کا انھیں مکمل علم نہیں ہے اور اس کا مآل ابھی تک ان کے سامنے نہیں آیا''۔

تفسیر عیاشی میں مرقوم ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مستقبل میں پیش آنے والے عظیم واقعات کے متعلق سوال کیا گیا تو آپؑ نے فرمایا: ابھی ان کے ظہور پذیر ہونے کا وقت نہیں آیا اور وہ واقعات وَلَمَّا یَاْتِهِمْ تَاْوِیْلُهٗ کے ضمن میں شامل ہیں۔

حمران کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے رجعت جیسے عظیم امور کے متعلق سوال کیا تو آپؑ نے فرمایا: ابھی اس کے ظہور کا وقت نہیں آیا اور یہ امور وَلَمَّا یَاْتِهِمْ تَاْوِیْلُهٗ کے ضمن میں شامل ہیں۔

اصول کافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو دو خصوصی احکام دیئے ہیں۔ پہلا حکم یہ ہے کہ جب تک انھیں کسی بات کا علم نہ ہو اس وقت تک اس کے متعلق کچھ نہ کہیں جیسا کہ فرمان قدرت ہے: اَلَمْ یُؤْخَذْ عَلَیْهِمْ مِّیْثَاقُ الْكِتٰبِ اَنْ لَّا یَقُوْلُوْا عَلَی اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ (الاعراف: ۱۶۹) ''کیا ان سے کتاب کا یہ عہد نہیں لیا گیا کہ خدا کے متعلق حق کے علاوہ اور کوئی بات نہ کریں گے''۔

دوسرا حکم یہ ہے کہ علم کے بغیر کسی بات کو رد نہ کریں جیسا کہ فرمانِ الٰہی ہے: بَلْ كَذَّبُوْا بِمَا لَمْ یُحِیْطُوْا بِعِلْمِهٖ وَلَمَّا یَاْتِهِمْ تَاْوِیْلُهٗ ''ان لوگوں نے اس چیز کی تکذیب کی ہے جس کا انھیں مکمل علم نہیں ہے اور اس کا مآل ابھی تک ان کے سامنے نہیں آیا''۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: محمدؐ و آلِ محمدؐ کے دشمن وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّا یُؤْمِنُ بِهٖ (ان میں وہ بھی ہیں جو اس پر ایمان نہیں لائیں گے) کے مصداق ہیں۔ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِیْنَ اور تیرا رب مفسدین کو اچھی طرح سے جانتا ہے۔ ''فساد'' سے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی مراد ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

رسول کی آمد سے خدائی فیصلہ ہو جاتا ہے

وَلِكُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولٌ ۚ فَإِذَا جَاءَ رَسُولُهُمْ قُضِيَ بَيْنَهُم بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ۝

''اور ہر اُمت کے لیے ایک رسول ہے جب کسی اُمت کے پاس اس کا رسول آ جاتا ہے تو ان کے درمیان انصاف کے ساتھ فیصلہ چکا دیا جاتا ہے اور ان سے کوئی ناانصافی نہیں کی جاتی''۔

یہ آیت مجیدہ اس امر کی دلیل ہے کہ تمام سابقہ اقوام وملل میں رسول آئے تھے۔ اللہ نے کسی قوم کو یوں ہی رائیگاں نہیں چھوڑا جیسا کہ ارشاد قدرت ہے: وَإِنْ مِّنْ أُمَّةٍ إِلَّا خَلَا فِيهَا نَذِيرٌ ۝ (فاطر:۲۴) ''کوئی قریہ ایسا نہیں ہے جہاں نذیر نہ آیا ہو''۔

البتہ رسول کے لیے یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ اس قوم کے ساتھ ہر وقت موجود بھی ہو جیسا کہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس وقت ہمارے سامنے موجود نہیں ہیں۔ پھر بھی آپؐ ہمارے لیے خدا کے رسول ہیں' اگرچہ آپؐ کی دنیا سے رحلت ہو چکی ہے مگر آپؐ کی رسالت باقی ہے۔ اسی لیے زمانہ فترت میں اگرچہ کوئی رسول نہیں آیا تھا' مگر ان کی رسالت پھر بھی موجود تھی۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنا یہ قانون بنایا ہے کہ جب کسی قوم میں رسول جاتا ہے اور وہاں دین کی تبلیغ کرتا ہے تو لوگ دو حصوں میں تقسیم ہو جاتے ہیں۔ کچھ لوگ نبی کی تصدیق کرتے ہیں اور کچھ لوگ نبی کی تکذیب کرتے ہیں' اللہ کی طرف سے ان کے درمیان فیصلہ کر دیا جاتا ہے۔

مذکورہ مفاہیم کے علاوہ یہ آیت دو میں ایک امر پر دلالت کرتی ہے:

❶ جب رسول کسی قوم تک خدا کا پیغام پہنچا دیتا ہے تو اس قوم پر اتمامِ حجت ہو جاتی ہے اور حجت تمام ہونے کے بعد جو لوگ خدا کے پیغام کا انکار کرتے ہیں تو وہ اخروی عذاب کے حق دار بن جاتے ہیں اور خدا کا عذاب ان کے لیے کسی طرح کا ظلم نہیں بلکہ عین عدل ہوتا ہے۔ کیونکہ عذاب کے اسباب خود ان کے لیے ہی پیدا کردہ ہوتے ہیں۔

❷ اس آیت سے یا پھر یہ مراد ہے کہ جب قیامت کا دن ہوگا تو اللہ اس قوم کو حساب کے لیے طلب کرے گا تو ان کے ساتھ ان کے رسول کو بھی بلایا جائے گا اور نافرمانوں اور فرمانبرداروں کے متعلق رسول گواہی دے گا اور اُمت اعتراف کرے گی کہ اس نے ہم تک خدا کا پیغام پہنچایا تھا۔ (اضافۃ من المترجم نقلا عن الفخر الرازی)

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ہر قوم کے لیے مدتِ عمل متعین ہے

لِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ ۚ إِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ فَلَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ ﴿٤٩﴾

''ہر قوم کے لیے ایک مدت معین ہے جس سے ایک گھڑی نہ تاخیر ہوسکتی ہے اور نہ تقدیم ہوسکتی ہے''۔

تفسیر عیاشی میں مرقوم ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اس سے وہ مدت مراد ہے جو شب قدر میں ملک الموت کو بتائی جاتی ہے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَتَاكُمْ عَذَابُهُ بَيَاتًا أَوْ نَهَارًا مَاذَا يَسْتَعْجِلُ مِنْهُ الْمُجْرِمُونَ ﴿٥٠﴾ (آپ کہہ دیں کہ ذرا سوچو تو سہی اگر تم پر اس کا عذاب رات کے وقت آجائے یا دن میں آجائے تو تم کیا کرو گے آخر ان مجرمین کو کس بات کی جلدی ہے؟) کی آیت مجیدہ کے متعلق حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ یہ وہ عذاب ہے جو آخری زمانہ میں فاسق اہلِ قبلہ پر نازل ہوگا اور وہ اس سے قبل عذاب آنے کا انکار کر رہے ہوں گے۔

علیؑ حق ہے

وَيَسْتَنْبِئُونَكَ أَحَقٌّ هُوَ ۚ قُلْ إِي وَرَبِّي إِنَّهُ لَحَقٌّ ۚ وَمَا أَنْتُمْ بِمُعْجِزِينَ ﴿٥٣﴾

''وہ آپ سے دریافت کرتے ہیں کہ کیا واقعی وہ حق ہے؟ آپ کہہ دیں جی ہاں مجھے اپنے رب کی قسم! وہی حق ہے اور تم اسے عاجز نہیں کر سکتے''۔

شیخ صدوق امالی میں لکھتے ہیں کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے اس آیت کی تفسیر دریافت کی گئی تو آپؑ نے فرمایا کہ مقصد آیت یہ ہے کہ اہلِ مکہ آپؐ سے علی بن ابی طالبؑ کے متعلق پوچھتے ہیں کہ کیا وہی امام ہے؟ آپؐ کہہ دیں کہ جی ہاں مجھے میرے رب کی قسم وہی امام ہے۔

اصولِ کافی میں اس آیت کے ضمن میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ مقصد آیت یہ ہے کہ لوگ آپؐ سے پوچھتے ہیں کہ آپؐ علیؑ کے جو فضائل بیان کرتے ہیں کیا واقعاً وہ حق ہیں؟ آپؐ کہہ دیں کہ جی ہاں مجھے میرے رب کی قسم! وہ فضائل حق ہیں۔

عذاب دیکھنے کے بعد ندامت بے سود ہے

وَلَوْ أَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ ظَلَمَتْ مَا فِي الْأَرْضِ لَافْتَدَتْ بِهِ ۗ وَأَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَأَوُا الْعَذَابَ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ۝

''اگر ہر ظالم کے پاس روئے زمین کی دولت بھی ہو تو وہ اس عذاب سے بچنے کے لیے اسے فدیہ میں دینے پر آمادہ ہو جائے گا اور جب وہ عذاب کو دیکھیں گے تو دل میں ندامت محسوس کریں گے مگر ان کے درمیان انصاف کے مطابق فیصلہ کر دیا جائے گا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا''۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں ہے کہ اگرچہ یہ آیت تمام ظالموں کے لیے ہے مگر آلِ محمدؐ کے غاصب اس کے مصداقِ خاص ہیں۔ جب وہ ''رجعت'' میں اٹھائے جائیں گے تو وہ حسرت سے کہیں گے کہ کاش ساری روئے زمین ہماری ملکیت ہوتی اور ہم اسے فدیہ میں دے کر اس عذاب سے محفوظ ہو جاتے لیکن اس دن کی ندامت انھیں کوئی فائدہ نہ دے گی۔

حماد بن عیسیٰ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ نے ظالموں کے متعلق فرمایا ہے: وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ (جب وہ عذاب دیکھیں گے تو دل میں شرمندگی محسوس کریں گے) بھلا جو شخص عذاب میں مبتلا ہوا سے دل میں شرمندگی کی کیا ضرورت ہوتی ہے اسے تو کھل کر ندامت کا اظہار کرنا چاہیے؟

آپؑ نے فرمایا: وہ دشمنوں کی شماتت سے بچنے کے لیے دل ہی دل میں ندامت محسوس کریں گے۔

روضہ کافی میں پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ جملہ منقول ہے کہ آپؐ نے فرمایا: روزِ قیامت کی ندامت بدترین ندامت ہے۔

قرآن شفا ہے

يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَتْكُمْ مَوْعِظَةٌ مِنْ رَبِّكُمْ وَشِفَاءٌ لِمَا فِي الصُّدُورِ ۙ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ ۝

''اے انسانو! تمھارے پاس تمھارے پروردگار کی طرف سے نصیحت اور دلوں کو شفا دینے والی چیز آ چکی ہے جو اہلِ ایمان کے لیے ہدایت اور رحمت ہے''۔

کتاب اہلیلجہ میں مرقوم ہے کہ حضرت امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: اللہ نے تم پر ایسی کتاب نازل کی ہے جو شکوک وشبہات سے دلوں کو شفا بخشتی ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اصول کافی میں مرقوم ہے کہ ایک شخص نے رسولؐ خدا سے دردِ سینہ کی شکایت کی تو آنحضرتؐ نے فرمایا کہ قرآن کے ذریعہ سے شفا طلب کرو، کیونکہ اللہ تعالیٰ فرما رہا ہے: وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ''قرآن سینوں میں موجود چیزوں کے لیے شفا ہے''۔

روضہ کافی میں مرقوم ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا: میں محمدؐ کو دنیا میں بھیجوں گا اور اس پر قرآن نازل کروں گا جو حق و باطل میں فیصلہ کرنے والا ہوگا اور وہ شیطانی وساوس سے سینوں کو شفا بخشے گا۔

نہج البلاغہ میں حضرت امیرالمومنین علیہ السلام سے یہ کلمات منقول ہیں: ''قرآن کی تعلیم حاصل کرو، قرآن دلوں کی بہار ہے اور اس کے نور سے شفا طلب کرو، وہ سینوں کے لیے شفا ہے''۔

تفسیر علی بن ابراہیم کی ایک روایت کا خلاصہ یہ ہے کہ اللہ نے قرآن مجید کی چار اوصاف بیان کی ہیں: ۱- قرآن موعظہ ہے ۲- قرآن دلوں کے لیے شفا ہے ۳- قرآن ہدایت ہے ۴- قرآن اہلِ ایمان کے لیے رحمت ہے۔

قرآن مجید کی مذکورہ چار اوصاف بیان کرنے کے بعد خدا نے فرمایا ہے: قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ؕ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ۝ (آپ کہہ دیں کہ انھیں خدا کا فضل اور رحمت پا کر خوشیاں منانی چاہییں یہ ان کی اس دولت سے کہیں بہتر ہے جسے وہ جمع کر رہے ہیں)۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ فضل سے حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور رحمت سے حضرت علی مرتضیٰ علیہ السلام مراد ہیں۔ مقصد آیت یہ ہے کہ جنھیں محمدؐ و علیؑ مل جائیں انھیں خوش ہونا چاہیے۔ اسی لیے ہمارے شیعوں کو چاہیے کہ وہ ان دو بزرگوار شخصیات کو حاصل کر کے خوش ہو جائیں، کیونکہ ان کا مل جانا اس سونے چاندی کے ملنے سے کہیں بہتر ہے جسے ہمارے دشمن جمع کرنے میں مصروف ہیں۔

مجمع البیان میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آپؐ نے فرمایا: جس کو خدا اسلام کی ہدایت دے دے اور قرآن کی تعلیم عطا کر دے پھر وہ فقر و فاقہ کی شکایت کرے تو اللہ اس کی آنکھوں کے درمیان قیامت تک فقر لکھ دیتا ہے۔ پھر آنحضرتؐ نے یہ آیت پڑھی: قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ..... (آپ کہہ دیں کہ انھیں خدا کے فضل اور اس کی رحمت کے حصول پر خوشیاں منانی چاہییں)۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: فضل سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور رحمت سے حضرت علی مرتضیٰ علیہ السلام مراد ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

صول کافی میں محمد بن فضل سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ۝ کا مطلب دریافت کیا تو آپؑ نے فرمایا کہ محمدؐ و آل محمدؐ کی ولایت خدا کا فضل اور اس کی رحمت ہے اور یہ وہ خزانہ ہے جو دنیاوی خزانوں سے بہتر ہے۔

امالی صدوق، کی ایک طویل حدیث میں حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ کلمات منقول ہیں: آپؐ نے حضرت علی علیہ السلام سے فرمایا:

اس ذات کی قسم! جس نے محمدؐ کو برحق نبی بنا کر بھیجا ہے وہ شخص مجھ پر ایمان نہیں لایا جس نے تیرا انکار کیا اور جس نے تیرا انکار کیا ہے اس نے میرا اقرار نہیں کیا۔ تیرے منکر کا تو خدا پر بھی ایمان نہیں ہے۔ تیری فضیلت میری فضیلت کا ایک جزو ہے اور میری فضیلت دراصل خدا کی فضیلت ہے اور اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ۝

لوگو! اللہ کے فضل سے تمھارے نبی کی نبوت اور اللہ کی رحمت سے علی بن ابی طالبؑ کی ولایت مراد ہے اور ہمارے شیعوں کو نبوت و ولایت پر خوش ہونا چاہیے اور یہ عظیم دولت مخالفین کی اولاد اور دنیاداری کی دولت سے کہیں بہتر ہے"۔

تفسیر عیاشی میں مرقوم ہے کہ حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام نے قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا کی آیت تلاوت کر کے فرمایا: ہمارے شیعوں کو خوش ہونا چاہیے۔ خدا نے انھیں ہماری محبت کی جو دولت عطا کی ہے وہ اس سونے چاندی سے کہیں بہتر ہے جو ہمارے دشمنوں کو عطا ہوئی ہے۔

ابوحمزہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کے سامنے قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ۝ کی آیت پڑھی تو آپؑ نے فرمایا: محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت کا اقرار اور امیر المومنین علیہ السلام کی اقتداء اس مال و دولت سے کہیں بہتر ہے جسے وہ لوگ جمع کر رہے ہیں۔

خدا ہر فعل کا گواہ ہے

وَمَا تَكُوْنُ فِيْ شَاْنٍ وَّمَا تَتْلُوْا مِنْهُ مِنْ قُرْاٰنٍ وَّلَا تَعْمَلُوْنَ مِنْ عَمَلٍ اِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ شُهُوْدًا اِذْ تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ .....

"اے نبیؐ! تم جس حال میں بھی ہوتے ہو اور تم قرآن میں سے جو کچھ بھی سناتے ہو اور اے لوگو!

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

تم جو کچھ بھی کرتے ہو اس دوران ہم تم پر گواہ ہوتے ہیں.....''

تفسیر علی بن ابراہیم اور تفسیر مجمع البیان میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب بھی اس آیت کو پڑھتے تھے تو آپؐ بہت زیادہ روتے تھے۔

کتاب التوحید میں مرقوم ہے کہ حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام نے علمِ خداوندی کی بے پناہ وسعتوں کے متعلق فرمایا: ہمارے رب سے کوئی چیز پوشیدہ نہیں ہے اور یہ کیسے ممکن ہے کہ خالق کو اپنی مخلوق کا علم نہ ہو جب کہ وہ خلاق وعلیم ہے اور اس کے علم کی شان یہ ہے: وَمَا يَعْزُبُ عَنْ رَّبِّكَ مِنْ مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ''تمھارے پروردگار سے زمین وآسمان کا کوئی ذرہ مخفی نہیں ہے''۔

اولیاء اللہ کا مقام

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝

''آگاہ رہو کہ اولیائے الٰہی پر نہ تو خوف طاری ہوتا ہے اور نہ وہ محزون ورنجیدہ ہوتے ہیں''۔

تفسیر عیاشی میں مرقوم ہے کہ حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام نے اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ کی آیت مجیدہ پڑھ کر فرمایا کہ جانتے ہو وہ اولیاء خدا کون ہیں؟

لوگوں نے کہا: امیر المومنینؑ! آپؑ خود ہی بیان فرمائیں۔

آپؑ نے فرمایا: وہ ہم ہیں اور وہ لوگ ہیں جو ہمارے بعد ہماری پیروی کریں گے۔ ہمارے لیے بھی خوش خبری ہے اور ہم سے زیادہ خوش خبری ان کے لیے ہے۔

لوگوں نے کہا: امیر المومنینؑ! ان کے لیے ہم سے زیادہ خوش خبری کیوں ہے کیا ہم اور وہ ایک عقیدہ پر نہیں ہیں؟

آپؑ نے فرمایا: نہیں، وہ اتنی تکالیف اٹھائیں گے جو تم نے نہیں اٹھائی اور وہ اس طاقت کا مظاہرہ کریں گے جس کا مظاہرہ تم نے نہیں کیا۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ ہم نے اپنے والد علیہ السلام کی کتاب میں یہ کلمات پائے: اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ (اولیائے خدا پر نہ تو کوئی خوف ہے اور نہ ہی وہ محزون ہوں گے) لیکن یہ ضروری ہے کہ وہ اللہ کے فرائض ادا کریں اور رسولؐ خدا کی سنتوں کی پیروی کریں اور محارمِ الٰہی سے کنارہ کشی اختیار کریں اور

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

دنیا کی دلفریبیوں سے جدا رہیں اور جو کچھ خدا کے ہاں اجر وثواب ہے اس کی طرف رغبت رکھیں اور پاک و پاکیزہ رزق خداوندی تلاش کریں اور پھر کسی کے فخر اور کثرت کے اظہار کا ارادہ نہ کریں اور واجب حقوق کے لیے دولت خرچ کریں۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کی کمائی میں خدا نے برکت رکھی ہے اور جو کچھ انھوں نے اپنی آخرت کے لیے آگے بھیجا ہے اس کا انھیں ثواب دیا جائے گا۔

کتاب الخصال میں حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: اللہ نے چار چیزوں کو چار چیزوں میں مخفی رکھا ہے۔ اللہ نے اپنے ولی کو اپنے بندوں میں مخفی رکھا ہے لہٰذا خدا کے بندوں میں سے کسی کو بھی حقیر نہ سمجھنا جس کو تم حقیر سمجھ رہے ہو عین ممکن ہے کہ وہ خدا کا ولی ہو اور تمھیں اس کا علم نہ ہو۔

کتاب کمال الدین وتمام النعمۃ میں ابوبصیر سے منقول ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے مجھے مخاطب کرتے ہوئے فرمایا: ابوبصیر! خوش خبری ہے ہمارے قائمؑ کے شیعوں کے لیے جو ان کی غیبت کے زمانے میں ان کا انتظار کریں گے اور ان کے ظہور کے وقت ان کی اطاعت کریں گے۔ وہ لوگ خدا کے ایسے ولی ہیں جن پر نہ تو کوئی خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

دنیا وآخرت کی بشارت

لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ؕ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

''ان کے لیے دنیاوی زندگی اور آخرت دونوں میں خوش خبری ہے۔ کلماتِ خدا میں کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوسکتی اور یہی دراصل عظیم کامیابی ہے''۔

من لایحضرہ الفقیہ میں مرقوم ہے کہ ایک حسین وخوبرو دیہاتی شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا اور اس نے آپ کے سامنے یہی آیت پڑھ کر کہا کہ آپؐ وضاحت فرمائیں۔ دنیا میں اہلِ ایمان کے لیے کون سی خوش خبری ہے اور آخرت میں ان کے لیے کیا خوش خبری ہے؟

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: دنیاوی خوش خبری سے وہ نیک اور اچھے خواب مراد ہیں جو مومن کو دکھائی دیتے ہیں اور آخرت کی خوش خبری سے وہ خوش خبری مراد ہے جو موت کے وقت مومن کو دی جاتی ہے کہ خدا نے تجھے بخش دیا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ہے اور جو تیری میت اُٹھا کر تیری قبر پر لائیں گے انھیں بھی معاف کر دیا جائے گا۔

اصول کافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: دنیاوی بشارت سے وہ بشارت مراد ہے جو انھیں امام قیام قائمؑ اور اس کے ظہور اور دشمنوں کے قتل کی دھمکی دیتا ہے اور آخرت کی خوش خبری سے آخرت کی نجات اور محمدؐ و آلِ محمدؐ کے پاس حوض پر وارد ہونا مراد ہے۔

موت کے وقت دیدار معصوم کا شرف

الکافی میں علی بن عقبہ نے اپنے والد سے روایت کی ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا: عقبہ! قیامت کے دن اللہ بس اسی کے ہی عمل اور عقیدہ کو قبول کرے گا جو اس عقیدہ کا کاربند ہوگا جس کے تم کاربند ہو۔ تمھاری آنکھوں کی ٹھنڈک میں بس یہی دیر ہے کہ اس کا سانس اس کے حلق تک پہنچ جائے۔ پھر وہ انھیں دیکھ لے گا۔ یہ کہہ کر آپ تکیہ کا سہارا لے کر لیٹ گئے۔

عقبہ کہتے ہیں کہ اس وقت معلّٰی بن خنیس بھی میرے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے۔ انھوں نے مجھے اشارہ کیا کہ امامؑ سے اس کی تفصیل دریافت کرو۔

میں (عقبہ) نے عرض کیا: مولاؑ! یہ تو بتائیں کہ حالتِ نزع میں مرنے والا کس چیز کو دیکھتا ہے؟

امامؑ میرا سوال سن کر خاموش رہے۔ میں نے سترہ مرتبہ اپنا سوال دہرایا۔ آخرکار آپؑ اُٹھ کر بیٹھ گئے اور فرمایا: عقبہ! میں نے کہا: لبیك وسعدیك۔ آپؑ نے فرمایا: تم ضرور ہی جاننا چاہتے ہو؟ میں نے عرض کیا: جی ہاں، فرزندِ رسولؐ! میرا دین تو آپؑ کے دین کے تابع ہے۔ اگر میرا دین ہی چلا جائے تو پھر میری زندگی کس کام کی ہے؟ میری بات سن کر آپؑ کو مجھ پر رحم آیا اور فرمایا: خدا کی قسم! وہ ان دونوں کو دیکھتا ہے۔ میں (عقبہ) نے عرض کیا: مولاؑ! وہ کن دونوں کو دیکھتا ہے؟

آپؑ نے فرمایا: مرنے والا حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت علی علیہ السلام کو دیکھتا ہے اور کوئی مومن انھیں دیکھے بغیر نہیں مرسکتا۔ میں (عقبہ) نے عرض کیا: جب مومن ان دونوں بزرگواروں کو دیکھ لیتا ہے تو کیا پھر دنیا کی طرف لوٹتا ہے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: نہیں، وہ آگے چلا جاتا ہے۔ انھیں دیکھنے کے بعد وہ آگے چلا جاتا ہے۔ حالت نزع میں حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت علی علیہ السلام مرنے والے کے پاس تشریف لاتے ہیں۔ رسولؐ خدا مرنے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

والے کے سر کی جانب بیٹھتے ہیں اور علی مرتضیٰؑ اس کی پائنتی کی جانب بیٹھتے ہیں۔ رسولؐ خدا اس پر جھک کر اس سے کہتے ہیں: اے ولی خدا! تجھے بشارت ہو، میں اللہ کا رسول ہوں تو نے دنیا کا جو ترکہ چھوڑا ہے، میں تیرے لیے اس سے بہتر ہوں۔ یہ کہہ کر رسولؐ خدا اُٹھ کھڑے ہوتے ہیں اور حضرت علی علیہ السلام اس پر جھک جاتے ہیں اور فرماتے ہیں:

اے ولیِ خدا! تجھے بشارت ہو، میں وہی علی بن ابی طالبؑ ہوں جس سے تو محبت رکھتا تھا آج میں تجھے ضرور فائدہ پہنچاؤں گا۔ پھر آپؑ نے فرمایا: یہ بات اللہ کی کتاب میں موجود ہے۔

میں نے عرض کیا: میں آپؑ پر قربان جاؤں، کتاب خدا میں یہ بات کہاں لکھی ہے؟

آپؑ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے سورہ یونس میں فرمایا: اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ كَانُوْا یَتَّقُوْنَ ۝ لَهُمُ الْبُشْرٰى فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَ فِی الْاٰخِرَةِ ؕ لَا تَبْدِیْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ۝ ''وہ لوگ جو ایمان لائے اور خدا سے ڈرتے رہے۔ ان کے لیے زندگانی دنیا اور آخرت دونوں مقامات پر بشارت اور خوش خبری ہے۔ کلماتِ خدا میں کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوتی اور یہی درحقیقت عظیم کامیابی ہے''۔

محمد بن حنظلہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا: کہ میں نے آپؑ کے کچھ شیعوں اور حُب داروں سے ایک روایت سنی ہے جسے وہ آپؑ کے والد ماجد کی زبانی نقل کرتے ہیں۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: انھوں نے کیا روایت کی ہے؟ میں (راوی) نے کہا کہ وہ کہتے ہیں کہ ہماری خوش نصیبی اس وقت عروج پر ہوتی ہے جب سانس حلق تک پہنچ جاتی ہے۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: جی ہاں، جب نزع کا عالم طاری ہوتا ہے تو جناب رسولؐ خدا اور جناب علی مرتضیٰؑ اس کے پاس آتے ہیں اور ملک الموت کے ساتھ جبریل امینؑ بھی آتے ہیں۔ اس وقت ملک الموت حضرت علیؑ سے کہتے ہیں کہ یہ شخص آپؑ سے اور آپؑ کی اہلِ بیت سے محبت رکھتا تھا۔

حضرت علی علیہ السلام فرماتے ہیں: جی ہاں، یہ ہم سے محبت رکھتا تھا اور ہمارے دشمنوں سے بیزار رہتا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی جبریلؑ سے وہی فرماتے ہیں اور جبریلؑ اس کی گواہی خدا کے حضور پیش کرتے ہیں۔

ابن ابی یعفور کا بیان ہے کہ ''خطاب جہنی'' میرا دوست تھا اور وہ آلِ محمدؐ کا بدترین دشمن تھا اور وہ مشہور خارجی ''نجدہ حروری'' کا دوست تھا۔ وہ سخت بیمار ہوا۔ میں اس کی عیادت کرنے کے لیے گیا، جب وہاں پہنچا تو اس پر نزع کا عالم طاری تھا اور وہ بے ہوش تھا اور وہ نزع کے عالم میں بار بار یہ کہہ رہا تھا: علیؑ! میں نے تیرا کیا بگاڑا ہے؟

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

میں نے یہی واقعہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کے سامنے بیان کیا۔ یہ سن کر آپؑ نے فرمایا: رب کعبہ کی قسم اس نے انھیں دیکھ لیا تھا۔ رب کعبہ کی قسم! اس نے انھیں دیکھ لیا تھا۔

محمد بن عواض کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے سنا' آپؑ فرماتے تھے: جب تم میں سے کسی کی جان حلق تک پہنچتی ہے تو اس وقت اس سے کہا جاتا ہے کہ تجھے دنیا کی جو فکر لاحق تھی اب تو اس سے مطمئن ہو چکا ہے۔ اس سے کہا جائے گا کہ رسولؐ خدا، علی مرتضیٰؑ اور حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا تیرے سامنے موجود ہیں۔

روضہ کافی میں حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: روزانہ صبح کے وقت رسولؐ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے اصحاب سے فرماتے تھے: کیا کسی کے پاس ''مبشرات'' ہیں یعنی اچھے خواب ہیں۔

حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اچھے خواب جو مومن کو دکھائے جاتے ہیں وہ خدا کی طرف سے مومن کے لیے بشارت ہوتی ہے۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کی جان حلق تک پہنچتی ہے تو اس پر ملک الموت نازل ہوتا ہے اور اس سے کہا جاتا ہے کہ تجھے جس چیز کی امید تھی وہ تجھے مل چکی ہے اور جس چیز سے تو خوف زدہ تھا اب تو اس سے مطمئن ہو چکا ہے۔

پھر اس کے لیے اس جنت کے گھر کا دروازہ کھول دیا جاتا ہے اور اسے کہا جاتا ہے کہ جنت میں اپنا مکان دیکھو اور نگاہ کرو رسولؐ خدا' علی مرتضیٰؑ اور حسن و حسین علیہم السلام تیرے رفیق ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ كَانُوْا یَتَّقُوْنَ ۝ لَهُمُ الْبُشْرٰى فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَ فِی الْاٰخِرَةِ ''یہ وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے اور خدا سے ڈرتے رہے ان کے لیے دنیاوی زندگی اور آخرت دونوں مقامات پر خوش خبری ہے''۔

ابوحمزہ ثمالی بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے عرض کیا: موت کے وقت مرنے والے سے کیا سلوک ہوتا ہے؟

آپؑ نے فرمایا: جب تمھاری روح حلق تک پہنچے گی تو اس وقت تمھیں اپنے اس مقام کی خبر ہو جائے گی جو تمھیں خدا اور رسولؐ کے ہاں حاصل ہے۔ یہ کہہ کر آپؑ نے اپنے حلقوم کی طرف اشارہ کیا پھر آپؑ نے فرمایا: ابوحمزہ! کیا میں تمھیں بشارت نہ دوں؟

میں نے عرض کیا: کیوں نہیں' میں آپؑ پر قربان جاؤں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

آپؑ نے فرمایا: جب وہ وقت آتا ہے تو رسولؐ خدا اور حضرت علیؑ مرنے والے کے پاس تشریف لاتے ہیں پھر وہ اس کے سرہانے بیٹھ جاتے ہیں۔ اس وقت رسولؐ خدا اس سے فرماتے ہیں کہ کیا تو مجھے نہیں جانتا؟ میں اللہ کا رسول ہوں۔ تو ہمارے پاس آجا' تیرے آگے اس سے کہیں زیادہ بھلائی ہے جسے تو چھوڑ رہا ہے۔ تجھے جو خوف تھا اب تو اس سے مطمئن ہو چکا ہے اور تجھے جس کی امید تھی وہ تیرے پاس آچکی ہے۔ اے روح! اس کے بدن سے نکل کر اللہ کی رحمت و رضا کی طرف چلی آ۔ اس وقت حضرت علی علیہ السلام بھی اس سے وہی کچھ کہتے ہیں جو رسولؐ خدا کہتے ہیں۔

پھر حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: کیا میں تجھے اس کی خبر نہ دوں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں فرمایا: الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ كَانُوْا يَتَّقُوْنَ ۝ ''یہ وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے اور خدا سے ڈرتے رہے''۔

وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ؕ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝۶۵
اَلَاۤ اِنَّ لِلّٰهِ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ ؕ وَمَا يَتَّبِعُ
الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُرَكَآءَ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ
وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ۝۶۶ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا
فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ۝۶۷
قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ؕ هُوَ الْغَنِيُّ ؕ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ
وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ اِنْ عِنْدَكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ بِهٰذَا ؕ اَتَقُوْلُوْنَ
عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝۶۸ قُلْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ
الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ۝۶۹ ؕ مَتَاعٌ فِي الدُّنْيَا ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ
نُذِيْقُهُمُ الْعَذَابَ الشَّدِيْدَ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ۝۷۰ ؕ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

نَبَاَ نُوْحٍ ۘ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكُمْ مَّقَامِيْ
وَتَذْكِيْرِيْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ فَاَجْمِعُوْٓا اَمْرَكُمْ
وَشُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُنْ اَمْرُكُمْ عَلَيْكُمْ غُمَّةً ثُمَّ اقْضُوْٓا اِلَيَّ وَلَا
تُنْظِرُوْنِ ۝ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَمَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ ؕ اِنْ اَجْرِيَ
اِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۙ وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝ فَكَذَّبُوْهُ
فَنَجَّيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِي الْفُلْكِ وَجَعَلْنٰهُمْ خَلٰٓئِفَ وَاَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ
كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ۝ ثُمَّ بَعَثْنَا
مِنْۢ بَعْدِهٖ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا كَانُوْا
لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ؕ كَذٰلِكَ نَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِ
الْمُعْتَدِيْنَ ۝ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى وَهٰرُوْنَ اِلٰى فِرْعَوْنَ
وَمَلَا۟ئِهٖ بِاٰيٰتِنَا فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ۝ فَلَمَّا
جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْٓا اِنَّ هٰذَا لَسِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ قَالَ
مُوْسٰٓى اَتَقُوْلُوْنَ لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَكُمْ ؕ اَسِحْرٌ هٰذَا ؕ وَلَا يُفْلِحُ
السّٰحِرُوْنَ ۝ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا عَمَّا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا
وَتَكُوْنَ لَكُمَا الْكِبْرِيَآءُ فِي الْاَرْضِ ؕ وَمَا نَحْنُ لَكُمَا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ﴿٧٩﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ ائْتُوْنِيْ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ﴿٧٩﴾ فَلَمَّا
جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ﴿٨٠﴾ فَلَمَّآ
اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ
اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٨١﴾ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ
كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٨٢﴾ فَمَآ اٰمَنَ لِمُوْسٰٓى اِلَّا ذُرِّيَّةٌ مِّنْ قَوْمِهٖ عَلٰى
خَوْفٍ مِّنْ فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهِمْ اَنْ يَّفْتِنَهُمْ ؕ وَاِنَّ فِرْعَوْنَ لَعَالٍ
فِي الْاَرْضِ ۚ وَاِنَّهٗ لَمِنَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿٨٣﴾ وَقَالَ مُوْسٰى يٰقَوْمِ اِنْ
كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ فَعَلَيْهِ تَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّسْلِمِيْنَ ﴿٨٤﴾ فَقَالُوْا
عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٨٥﴾
وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٨٦﴾ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰى
وَاَخِيْهِ اَنْ تَبَوَّاٰ لِقَوْمِكُمَا بِمِصْرَ بُيُوْتًا وَّاجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً
وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٨٧﴾ وَقَالَ مُوْسٰى رَبَّنَآ
اِنَّكَ اٰتَيْتَ فِرْعَوْنَ وَمَلَاَهٗ زِيْنَةً وَّاَمْوَالًا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ
رَبَّنَا لِيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِكَ ۚ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰٓى اَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ
عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿٨٨﴾ قَالَ قَدْ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

أُجِيبَت دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيمَا وَلَا تَتَّبِعَآنِّ سَبِيلَ الَّذِينَ لَا
يَعْلَمُونَ ﴿٨٩﴾ وَجَٰوَزْنَا بِبَنِيٓ إِسْرَٰٓءِيلَ الْبَحْرَ فَأَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ
وَجُنُودُهُۥ بَغْيًا وَعَدْوًا ۖ حَتَّىٰٓ إِذَآ أَدْرَكَهُ الْغَرَقُ ۙ قَالَ ءَامَنتُ
أَنَّهُۥ لَآ إِلَٰهَ إِلَّا الَّذِىٓ ءَامَنَتْ بِهِۦ بَنُوٓا۟ إِسْرَٰٓءِيلَ وَأَنَا۠ مِنَ
الْمُسْلِمِينَ ﴿٩٠﴾ ءَآلْـَٰٔنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ وَكُنتَ مِنَ الْمُفْسِدِينَ ﴿٩١﴾
فَالْيَوْمَ نُنَجِّيكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُونَ لِمَنْ خَلْفَكَ ءَايَةً ۚ وَإِنَّ كَثِيرًا
مِّنَ النَّاسِ عَنْ ءَايَٰتِنَا لَغَٰفِلُونَ ﴿٩٢﴾ وَلَقَدْ بَوَّأْنَا بَنِىٓ إِسْرَٰٓءِيلَ
مُبَوَّأَ صِدْقٍ وَرَزَقْنَٰهُم مِّنَ الطَّيِّبَٰتِ ۚ فَمَا اخْتَلَفُوا۟ حَتَّىٰ جَآءَهُمُ
الْعِلْمُ ۚ إِنَّ رَبَّكَ يَقْضِى بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَٰمَةِ فِيمَا كَانُوا۟ فِيهِ
يَخْتَلِفُونَ ﴿٩٣﴾ فَإِن كُنتَ فِى شَكٍّ مِّمَّآ أَنزَلْنَآ إِلَيْكَ فَسْـَٔلِ الَّذِينَ
يَقْرَءُونَ الْكِتَٰبَ مِن قَبْلِكَ ۚ لَقَدْ جَآءَكَ الْحَقُّ مِن رَّبِّكَ فَلَا
تَكُونَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِينَ ﴿٩٤﴾ وَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الَّذِينَ كَذَّبُوا۟
بِـَٔايَٰتِ اللَّهِ فَتَكُونَ مِنَ الْخَٰسِرِينَ ﴿٩٥﴾ إِنَّ الَّذِينَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ
كَلِمَتُ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٩٦﴾ وَلَوْ جَآءَتْهُمْ كُلُّ ءَايَةٍ حَتَّىٰ يَرَوُا۟
الْعَذَابَ الْأَلِيمَ ﴿٩٧﴾ فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ ءَامَنَتْ فَنَفَعَهَآ إِيمَٰنُهَآ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

إِلَّا قَوْمَ يُونُسَ ۖ لَمَّآ اٰمَنُوْا كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي
الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿٩٨﴾ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنْ
فِي الْاَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيْعًا ۭ اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰى يَكُوْنُوْا
مُؤْمِنِيْنَ ﴿٩٩﴾ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تُؤْمِنَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ
وَيَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿١٠٠﴾ قُلِ انْظُرُوْا مَاذَا فِي
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَمَا تُغْنِي الْاٰيٰتُ وَالنُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ لَّا
يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٠١﴾ فَهَلْ يَنْتَظِرُوْنَ اِلَّا مِثْلَ اَيَّامِ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ
قَبْلِهِمْ ۭ قُلْ فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّىْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿١٠٢﴾ ثُمَّ نُنَجِّيْ
رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كَذٰلِكَ ۚ حَقًّا عَلَيْنَا نُنْجِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٠٣﴾
قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْ دِيْنِيْ فَلَآ اَعْبُدُ الَّذِيْنَ
تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ اَعْبُدُ اللّٰهَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ ۠
وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٠٤﴾ وَاَنْ اَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ
حَنِيْفًا ۚ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١٠٥﴾ وَلَا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
مَا لَا يَنْفَعُكَ وَلَا يَضُرُّكَ ۚ فَاِنْ فَعَلْتَ فَاِنَّكَ اِذًا مِّنَ
الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٠٦﴾ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ۚ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

وَاِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ۚ يُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ
عِبَادِهٖ ۚ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝١٠٧ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ
الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ
ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ۝١٠٨ وَاتَّبِعْ مَا
يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَاصْبِرْ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ۝١٠٩

''اے نبیؐ! ان لوگوں کی باتیں آپ کو رنجیدہ نہ کریں۔ عزت ساری کی ساری اللہ کے اختیار میں ہے۔ وہ سننے والا جاننے والا ہے۔ آگاہ رہو کہ آسمانوں کے بسنے والے ہوں یا زمین کے رہنے والے ہوں سب اللہ کے مملوک ہیں اور جو لوگ خدا کو چھوڑ کر (اپنے خودساختہ) شریکوں کو پکارتے ہیں وہ صرف وہم وظن کی پیروی کررہے ہیں اور وہ محض قیاس آرائی کر رہے ہیں۔ اس نے ہی تمھارے لیے رات بنائی تاکہ تم اس میں سکون حاصل کرسکو اوردن کو روشن بنایا ہے اس میں ان لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو (پیغامِ حق) سنتے ہیں۔

انھوں نے کہا کہ اللہ نے کسی کو بیٹا بنایا ہے حالانکہ وہ اس سے پاک ومنزہ ہے' وہ بے نیاز ہے۔ آسمانوں اور زمین کی تمام اشیاء اسی کی ملکیت ہیں۔ تمھارے پاس اس کی کوئی دلیل نہیں ہے تو کیا تم خدا کے متعلق وہ باتیں کہتے ہو جس کا تمھیں علم نہیں ہے۔ آپ کہہ دیں کہ وہ لوگ جو اللہ پر جھوٹے افترا باندھتے ہیں وہ کبھی کامیاب نہ ہوں گے۔

دنیا میں چندروزہ فائدہ ہے۔ پھر ہماری طرف ان کو پلٹنا ہے۔ پھر اس کفر کے بدلے جس کا وہ ارتکاب کررہے ہیں ہم انھیں سخت عذاب کا مزہ چکھائیں گے۔ ان کے سامنے نوحؑ کا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

قصہ بیان کرو جب اس نے اپنی قوم سے کہا تھا کہ اے میری قوم اگر میرا تمھارے درمیان رہنا اور آیاتِ الٰہی کے ذریعہ سے تمھیں غفلت سے بیدار کرنا تمھارے لیے ناقابلِ برداشت ہو چکا ہے تو میں نے اللہ پر توکل کیا ہے۔ تم اپنا متفقہ فیصلہ کرلو اور اپنے شریکوں کو بھی اس میں شامل کرلو اور جو منصوبہ تمھارے پیش نظر ہو اس کو خوب سوچ سمجھ لو تاکہ اس کا کوئی پہلو تمھاری نگاہ سے پوشیدہ نہ رہے۔ پھر میرے خلاف اسے عمل میں لے آؤ اور مجھے کوئی مہلت نہ دو۔ اگر تم نے منہ موڑ لیا تو میں نے تم سے کون سی اجرت طلب کی تھی۔ میرا اجر تو صرف اللہ کے ذمہ ہے۔ مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں فرمانبرداروں میں شامل رہوں۔

قوم نے ان کی تکذیب کی، ہم نے اس کو اور ان لوگوں کو جو اس کے ساتھ کشتی میں تھے نجات دی اور انھیں زمین میں جانشین بنایا اور ان لوگوں کو غرق کر دیا جنھوں نے ہماری آیت کو جھٹلایا تھا۔ پس دیکھ لو کہ جنھیں متنبہ کیا گیا تھا ان کا کیا انجام ہوا۔

پھر نوح کے بعد ہم نے مختلف پیغمبروں کو ان کی قوموں کی طرف بھیجا وہ ان کے پاس کھلی ہوئی نشانیاں لے کر آئے مگر جس چیز کو انھوں نے پہلے جھٹلا دیا تھا وہ اس کی تصدیق نہ کر سکے۔ اس طرح سے ہم حد سے تجاوز کرنے والوں کے دلوں پر مہر لگا دیتے ہیں۔

پھر ہم نے ان رسولوں کے بعد فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف موسیٰؑ و ہارونؑ کو اپنی نشانیاں دے کر بھیجا مگر انھوں نے اپنی بڑائی کا گھمنڈ کیا وہ مجرم لوگ تھے۔ پس جب ان کے پاس ہماری طرف سے حق پہنچ گیا تو انھوں نے کہا کہ یہ تو ظاہر بہ ظاہر جادو ہے۔

موسیٰؑ نے کہا تم حق کو یہ کہتے ہو جب کہ وہ تمھارے پاس آ گیا؟ کیا یہ جادو ہے؟ جب کہ جادوگر کبھی کامیابی حاصل نہیں کرتے۔

انھوں نے (جواب میں) کہا کہ کیا تو ہمارے پاس اس لیے آیا ہے کہ ہمیں اس راستے سے پھیر دے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا ہے اور زمین میں تم دونوں کی بڑائی قائم

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ہو جائے؟ (سن لو) ہم تم دونوں پر ایمان لانے والے نہیں ہیں۔ اور فرعون نے (اپنے درباریوں سے) کہا تم ہر ماہرِ فن جادوگر کو میرے پاس لے آؤ۔

پھر جب جادوگر آ گئے تو موسیٰؑ نے ان سے کہا جو تم نے پھینکنا ہے وہ پھینکو۔ جب انھوں نے رسیوں کو پھینکا تو موسیٰؑ نے کہا: تم نے جو کچھ پیش کیا ہے یہ جادو ہے' اللہ ابھی اسے باطل کر دے گا۔ اللہ مفسدین کے کاموں کو سدھرنے نہیں دیتا۔ اور اللہ اپنے کلمات کے ذریعہ سے حق کو حق ثابت کر دکھاتا ہے چاہے مجرموں کو کتنا ہی ناگوار کیوں نہ ہو۔

پھر بھی موسیٰؑ پر ایمان نہ لائے مگر ان کی قوم کی ایک نسل اور انھیں بھی فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف سے یہ دھڑکا تھا کہ وہ کہیں انھیں آزمائش میں نہ ڈال دے۔ یقیناً فرعون زمین میں غلبہ رکھتا تھا اور وہ حد سے تجاوز کرنے والوں میں سے تھا۔

موسیٰؑ نے اپنی قوم سے کہا: اے میری قوم! اگر تم اللہ پر ایمان لا چکے ہو تو اسی پر بھروسہ کرو اگر تم واقعاً اس کے فرمانبردار ہو۔ انھوں نے کہا: ہم نے خدا پر بھروسہ کیا ہے۔ اے ہمارے رب! ہمیں ظالم لوگوں کے لیے فتنہ نہ بنانا اور اپنی رحمت سے ہمیں کافروں سے نجات دینا۔

اور ہم نے موسیٰؑ اور اس کے بھائی کی طرف وحی کی کہ مصر میں کچھ مکان اپنی قوم کے لیے مہیا کرو اور اپنے گھروں کو قبلہ بنا لو اور نماز قائم کرو اور اہلِ ایمان کو بشارت دے دو۔ اور موسیٰؑ نے کہا کہ اے ہمارے پروردگار! تو نے فرعون اور اس کے سرداروں کو دنیاوی زندگی میں زینت اور اموال دے رکھا ہے۔ اے رب! کیا یہ اس لیے ہے کہ وہ لوگوں کو تیری راہ سے بھٹکائیں؟ اے رب! ان کے اموال برباد کر دے اور ان کے دلوں پر ایسی سخت مہر لگا دے کہ یہ ایمان نہ لانے پائیں جب تک دردناک عذاب نہ دیکھ لیں۔

اللہ نے کہا کہ تم دونوں کی دعا مقبول ہوئی' تم دونوں اپنے راستے پر قائم رہو اور ان لوگوں

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کے راستے کی ہرگز پیروی نہ کرنا جو علم نہیں رکھتے اور ہم نے بنی اسرائیل کو سمندر پار کرا دیا۔ فرعون اور اس کے لشکر نے ظلم و زیادتی کی غرض سے ان کا تعاقب کیا حتیٰ کہ جب وہ ڈوبنے لگا تو کہنے لگا: میں ایمان لاتا ہوں اس خدا پر جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے ہیں اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، اور میں بھی اطاعت گزاروں میں سے ہوں۔

(جواب میں کہا گیا) اب ایمان لاتا ہے! جب کہ اس سے قبل تو نے نافرمانی کی ہے اور تو فساد کرنے والوں میں سے تھا۔ پس آج کے دن ہم تیرے بدن کو نجات دیں گے تاکہ تو بعد والوں کے لیے (عبرت کی) نشانی بن جائے۔ یقیناً لوگوں کی اکثریت ہماری آیات سے غافل ہے۔

ہم نے بنی اسرائیل کو بہت اچھا ٹھکانا دیا اور ہم نے انھیں پاکیزہ رزق عطا کیا' پھر انھوں نے آپس میں اختلاف نہیں کیا۔ مگر اس وقت جب ان کے پاس علم آچکا تھا۔ یقیناً تیرا رب قیامت کے دن ان کے درمیان اس چیز کا فیصلہ کرے گا جس میں وہ اختلاف کرتے ہیں۔

اب اگر تجھے اس میں شک ہے جسے ہم نے آپ کی طرف نازل کیا ہے تو آپ ان لوگوں سے پوچھیں جو آپؐ سے پہلے کتاب پڑھ رہے ہیں۔ یقیناً آپ کے رب کی طرف سے آپ کے پاس حق آچکا ہے۔ شک کرنے والوں میں سے ہرگز نہ بننا۔ اور ان لوگوں میں سے نہ بننا جنھوں نے اللہ کی آیات کو جھٹلایا ہے ورنہ نقصان اٹھانے والوں میں سے قرار پاؤ گے۔ بے شک اللہ جن لوگوں پر کلمہ عذابِ الٰہی ثابت ہو چکا ہے وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ ان کے سامنے خواہ تمام نشانیاں کیوں نہ آجائیں جب تک وہ دردناک عذاب نہ دیکھ لیں گے (پھر وہ ایمان لائیں گے)۔

پھر کیا ایسی کوئی مثال ہے کہ کوئی بستی عذاب دیکھ کر ایمان لائی ہو اور اس کا ایمان اس کے لیے نفع بخش ثابت ہوا ہو؟ سوائے یونس کی قوم کے۔ وہ قوم جب ایمان لائی تھی تو ہم نے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

دنیاوی زندگی میں ان کے اُوپر سے رسوائی کا عذاب دُور کر دیا تھا اور ہم نے انھیں ایک مدت تک چین سے رہنے دیا تھا۔

اگر تیرے پروردگار کی یہ مشیت ہوتی (کہ تمام لوگ ہی ایمان لے آئیں) تو تمام زمین والے سب کے سب ایمان لے آتے تو کیا تو لوگوں کو مجبور کرے گا کہ وہ مومن بن جائیں؟

اور کسی نفس کے اختیار میں نہیں ہے کہ پروردگار کی اجازت کے بغیر ایمان لے آئے اور خدا کا طریقہ یہ ہے کہ جو لوگ عقل سے کام نہیں لیتے ان پر (کفر کی) گندگی ڈال دیتا ہے۔

آپ کہہ دیں کہ آسمان اور زمین میں جو کچھ ہے اسے (غور سے) دیکھو اور جو لوگ ایمان لانا ہی نہیں چاہتے ان کو آیات وتنبیہات کوئی فائدہ نہیں پہنچاتیں۔

کیا یہ لوگ اپنے سے پہلے لوگوں جیسے برے دن دیکھنے کا انتظار کر رہے ہیں ان سے کہہ دو کہ تم انتظار کرو میں بھی تمھارے ساتھ انتظار کرنے والوں میں سے ہوں۔

(ایسے وقت میں) ہم اپنے رسولوں اور ان لوگوں کو نجات دیتے ہیں جو ایمان لاتے ہیں۔ ہمارا یہی طریقہ ہے۔ ہم پر یہ حق ہے کہ اہلِ ایمان کو نجات دیں۔

پیغمبر آپ کہہ دیں اے انسانو! اگر تمھیں میرے دین میں کوئی شک ہے (تو سنو) میں اُن کی عبادت نہیں کرتا کہ خدا کو چھوڑ کر جن کی تم عبادت کرتے ہو۔ میں تو صرف اسی خدا کی عبادت کرتا ہوں جو تمھیں موت دے گا اور مجھے یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں ایمان والوں کا حصّہ بن کر رہوں۔ (اور مجھ سے یہ فرمایا گیا کہ) یکسو ہو کر اپنے آپ کو ٹھیک ٹھیک اس دن پر قائم کر دے اور مشرکین میں سے مت بنو۔ اور خدا کو چھوڑ کر انھیں مت پکاریں جو نہ تو آپ کو فائدہ پہنچا سکے اور نہ ہی نقصان دے سکے اور اگر آپ نے ایسا کیا تو آپ کا شمار ظلم کرنے والوں میں سے ہوگا۔

Presented by Ziaraat.Com

Scanned by CamScanner

اور اگر اللہ تجھے کسی مصیبت میں ڈالے تو اس کے سوا کوئی دور نہیں کر سکتا اور اگر وہ تیرے لیے کسی بھلائی کا ارادہ کرے تو اس کے فضل کو روکنے والا کوئی نہیں ہے۔ وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے بھلائی عطا کرتا ہے وہ بڑا بخشنے والا مہربان ہے۔

آپ کہہ دیں کہ لوگو! تمھارے پاس تمھارے پروردگار کی جانب سے حق آچکا ہے اب جو ہدایت حاصل کرے تو وہ اپنے لیے ہی ہدایت حاصل کرتا ہے اور جو گمراہ ہو جائے تو اس کا نقصان بھی اسی کو ہوگا میں تمھارا ذمہ دار نہیں ہوں۔

آپ اس وحی کی اتباع کریں جو آپ پر بھیجی جاتی ہے اور صبر و استقامت سے کام لیں یہاں تک کہ اللہ فیصلہ کر دے اور وہ بہترین فیصلہ کرنے والا ہے۔

عالم ارواح کے کافر

فما کانوا لیؤمنوا بما کذبوا بہ من قبل

''جس چیز کو انھوں نے پہلے جھٹلا دیا تھا اب وہ اس پر ایمان لانے والے نہیں تھے''۔

اصول کافی میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ اللہ نے اپنی مخلوق کو پیدا کیا' اللہ نے اپنی پیاری مخلوق کو طینت جنت سے پیدا کیا اور اپنی ناپسندیدہ مخلوق کو طینت دوزخ سے پیدا کیا۔ پھر انھیں سائے میں کھڑا کیا۔

راوی نے کہا کہ سایہ کیا ہے؟ آپؑ نے فرمایا: کیا تم نے کبھی دھوپ میں اپنا سایہ نہیں دیکھا جو کہ کچھ بھی نہیں ہوتا۔ پھر اللہ نے ان کی طرف انبیاءؑ روانہ کیے' انھوں نے ان کو خدا کی توحید کے اقرار کی دعوت دی۔ لوگوں نے اس کا اقرار کیا۔ یہی وجہ ہے کہ توحید کا اقرار انسانی فطرت میں شامل ہے۔ اللہ تعالیٰ نے مشرکین و کفار کے متعلق فرمایا: ولئن سالتھم من خلقھم لیقولن اللہ (اور اگر آپ ان سے پوچھیں کہ انھیں کس نے پیدا کیا ہے تو وہ جواب میں ضرور یہ کہیں گے کہ اللہ نے)۔ پھر انبیاء نے انھیں انبیاء کی نبوت کے اقرار کی دعوت دی۔ کچھ لوگوں نے عقیدۂ نبوت کا اقرار کیا۔ پھر انبیاء نے انھیں ہماری ولایت کے عقیدہ کو قبول کرنے کی دعوت دی۔ خدا کی پیاری مخلوق نے اس کا اقرار کیا اور خدا کی ناپسندیدہ مخلوق نے اس کا انکار کیا۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اسی مسئلہ کو اللہ نے اس آیت میں ان الفاظ میں بیان کیا ہے: فَمَا كَانُوا لِيُؤْمِنُوا بِمَا كَذَّبُوا بِهِ مِنْ قَبْلُ۔

تفسیر عیاشی میں بھی الفاظ کے اختلاف کے ساتھ اسی مفہوم کو نقل کیا گیا ہے۔

ابوبصیر کا بیان ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اللہ نے رسولوں کو اس وقت مبعوث کیا جب کہ مخلوق والد کی پشت اور ماں کے رحم میں تھی۔ جس نے وہاں تصدیق کی وہ یہاں بھی تصدیق کرے گا اور جس نے وہاں تکذیب کی وہ یہاں بھی تکذیب کرے گا۔

قصۂ موسیٰؑ کے چند ارشادات

وَقَالَ مُوسٰى يٰقَوْمِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ فَعَلَيْهِ تَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّسْلِمِيْنَ ۝ فَقَالُوْا عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝

''اور موسیٰؑ نے اپنی قوم سے کہا: اے میری قوم! اگر تم اللہ پر ایمان لا چکے ہو تو پھر اسی پر بھروسہ کرو اگر تم واقعاً اس کے فرماں بردار ہو۔ انھوں نے کہا ہم نے اپنے پروردگار اللہ پر بھروسہ کیا ہے۔ اے ہمارے رب! ہمیں ظالم لوگوں کے لیے فتنہ نہ بنانا''۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے ان آیات کے ضمن میں منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: قوم موسیٰؑ کو آلِ فرعون نے اپنا غلام بنا لیا تھا اور وہ کہتے تھے کہ اگر خدا کو ان سے ذرہ برابر بھی محبت ہوتی تو ہم ان پر کبھی بھی غالب نہ آتے۔

اسی لیے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم سے فرمایا تھا کہ اگر تم حقیقی مسلم بن چکے ہو تو کسی کی باتیں سننے کی ضرورت نہیں ہے۔ تم اپنے رب پر بھروسہ رکھو۔ وہی تمھیں کامیابی دے گا۔ ان لوگوں نے جواب میں یہ کہا تھا کہ ہم نے اپنے رب پر بھروسہ کیا ہے اور انھوں نے خدا سے یہ دعا کی تھی کہ ظالموں کو ہم پر مسلط نہ کرنا اور ہمیں ان کے فتنہ میں مبتلا نہ کرنا۔

تفسیر عیاشی اور تہذیب الاحکام میں بھی یہ روایت مرقوم ہے۔

موسیٰؑ و ہارونؑ کا گھر بنی اسرائیل کے لیے قبلہ تھا

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰى وَاَخِيْهِ اَنْ تَبَوَّاٰ لِقَوْمِكُمَا بِمِصْرَ بُيُوْتًا وَّاجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً

''اور ہم نے موسیٰؑ اور اس کے بھائی ہارونؑ کی طرف وحی کی کہ مصر میں اپنی قوم کے لیے کچھ مکان

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

مہیا کرو اور اپنے گھروں کو قبلہ بنالو"۔

عیون الاخبار میں حضرت امام علی رضا علیہ السلام کی زبانی اُمت اور عترت کے بارہ فرق بیان کیے گئے ہیں۔ اس طویل روایت کے ضمن میں آپؑ نے یہ کلمات بھی فرمائے:

اُمت اور عترت میں چوتھا فرق یہ ہے کہ رسولؐ اللہ نے اُمت کے دروازے جو مسجد میں کھلتے تھے سب بند کرا دیئے تھے مگر عترت کا دروازہ کھلا رہنے دیا تھا۔ لوگوں نے اس پر بہت اعتراض بھی کیے تھے حتیٰ کہ عباس بن عبدالمطلب نے بھی رسولؐ خدا سے یہ عرض کیا تھا: یارسولؐ اللہ! آپؐ نے علیؑ کو تو رہنے دیا اور ہمیں باہر کر دیا!!

رسولؐ خدا نے فرمایا تھا: میں نے اسے یہاں اپنی مرضی سے چھوڑا نہیں ہے اور تمھیں اپنی مرضی سے نکالا نہیں ہے۔ اللہ نے اس کے دروازے کو رہنے دیا ہے اور اسی نے ہی تمھارے دروازے بند کر دیئے ہیں۔ آنحضرتؐ نے ایسا کر کے دنیا کو یہ بتایا تھا کہ میں مثالِ موسیٰؑ ہوں اور علیؑ مثالِ ہارونؑ ہیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اعتراض کرنے والوں سے فرمایا تھا: یاد رکھو یہ مسجد ہے محمدؐ و آلِ محمدؐ کے علاوہ کسی جنب کے لیے یہ حلال نہیں ہے۔

اللہ تعالیٰ نے موسیٰؑ و ہارونؑ کے گھروں کا اشارہ کرتے ہوئے فرمایا ہے: وَّاجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً "تم اپنے گھروں کو قبلہ بنالو"۔

کتاب علل الشرائع میں ابورافع سے منقول ہے کہ جب رسولؐ خدا نے مسجد میں اپنا اور علیؑ کا دروازہ کھلا رہنے دیا تھا اور باقی لوگوں کے دروازے بند کروا دیئے گئے تھے تو اس وقت آپؐ نے فرمایا: اے لوگو! اللہ نے موسیٰؑ و ہارونؑ کو حکم دیا تھا کہ وہ مصر میں اپنی قوم کے لیے کچھ گھر بنائیں اور انھیں یہ حکم دیا تھا کہ ان کی مسجد میں کوئی جنب شب بسری نہ کرے اور مسجد میں بیویوں سے مقاربت نہ کی جائے مگر ہارونؑ اور اس کی اولاد اس سے مستثنیٰ ہے۔ علیؑ کو مجھ سے وہی منزلت حاصل ہے جو ہارونؑ کو موسیٰؑ سے حاصل تھی۔ کسی کے لیے بھی حالتِ جنابت میں مسجد میں شب بسری جائز نہیں ہے اور کسی کو بیویوں سے مسجد میں مقاربت کا حق حاصل نہیں ہے البتہ علیؑ اور اس کی اولاد اس حکم سے مستثنیٰ ہے۔ جسے یہ بات ناگوار ہو تو پھر وہ اُدھر چلا جائے۔ یہ کہہ کر آپؐ نے اپنے ہاتھ سے شام کی طرف اشارہ کیا۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں وَّاجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً کے تحت حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب بنی اسرائیل کو یہ محسوس ہوا کہ فرعون انھیں کھلے عام عبادت کرنے کی اجازت نہیں دے گا تو اللہ تعالیٰ نے موسیٰؑ و ہارونؑ کی

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

طرف وحی کی کہ تم اپنے گھروں کو قبلہ بنالو۔ مقصد یہ ہے کہ تم اپنی قوم سے کہو کہ وہ کھلے بندوں نماز نہ پڑھیں۔ اپنے گھروں میں ہی نماز پڑھا کریں۔

محمد بن مسلم بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے عرض کیا کہ کیا حضرت موسیٰؑ و ہارونؑ کے بھائی تھے؟ آپؑ نے فرمایا: جی ہاں۔ میں نے پھر پوچھا تو کیا ان دونوں پر وحی ہوتی تھی؟

آپؑ نے فرمایا: وحی حضرت موسیٰؑ پر ہوتی تھی۔ حضرت موسیٰؑ وہ وحی ہارونؑ کو سناتے تھے۔

کتاب الخصال اور اصولِ کافی میں مذکور ہے کہ حضرت موسیٰؑ نے فرعون اور اس کے درباری سرداروں کے خلاف خدا کے ہاں بددعا کی تھی اور خدا نے فرمایا تھا کہ تمھاری دعا قبول ہو چکی ہے۔ حضرت موسیٰؑ کی دعا اور ثمرِ دعا میں پورے چالیس سال کا فاصلہ تھا۔

حضرت جبریل علیہ السلام کہتے تھے کہ میں نے اپنے پروردگار سے کئی بار عرض کیا کہ خدایا! فرعون پر عذاب نازل فرما۔ ہر بار خدا نے یہی فرمایا کہ تیرے جیسے بندے ہی مجھ سے یہ درخواست کر سکتے ہیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس طرح سے اللہ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا قبول کی تھی اسی طرح سے جو راہِ خدا میں جہاد کرے گا خدا اس کی دعا بھی ضرور قبول کرے گا۔

فرعون کیوں غرق ہوا؟

حَتّٰٓى اِذَآ اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ ۙ قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِيْٓ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْٓا اِسْرَآءِيْلَ .....

"جب فرعون ڈوبنے لگا تو اس نے کہا کہ میں اس خدا پر ایمان لاتا ہوں جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے ہیں۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے"۔

عیون الاخبار میں ابراہیم بن محمد ہمدانی سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے عرض کیا کہ اللہ نے فرعون کو کیوں غرق کیا تھا جب کہ وہ اللہ پر ایمان لا چکا تھا اور اس کی توحید کا اقرار کر چکا تھا؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: وہ نزع کے وقت ایمان لایا تھا اور حالتِ نزع کا ایمان قابلِ قبول نہیں ہوتا (کیونکہ اس وقت مرنے والوں کی آنکھوں سے حجاب ہٹ جاتے ہیں اور وہ عالمِ آخرت کو اپنی آنکھوں سے دیکھ رہا ہوتا ہے) اللہ تعالیٰ نے اپنے اصول کو بیان کرتے ہوئے قرآن مجید میں فرمایا ہے: فَلَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ وَكَفَرْنَا بِمَا كُنَّا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ إِيمَانُهُمْ لَمَّا رَأَوْا بَأْسَنَا (غافر:۸۴-۸۵) ''جب انھوں نے ہمارے عذاب کو دیکھا تو کہنے لگے ہم خدائے واحد پر ایمان لا رہے ہیں اور اس سے پہلے ہم جو شرک کیا کرتے تھے اس کا انکار کر رہے ہیں۔ ان کے اس ایمان نے انھیں کوئی فائدہ نہ دیا جسے وہ ہمارے عذاب دیکھنے کے بعد لائے تھے''۔

اللہ تعالیٰ نے اپنی اسی روش کو یوں بیان فرمایا: يَوْمَ يَأْتِي بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ أَوْ كَسَبَتْ فِي إِيمَانِهَا خَيْرًا (الانعام:۱۵۸) ''جس دن تیرے پروردگار کی بعض نشانیاں آئیں گی تو جو شخص پہلے سے ایمان نہیں لایا ہوگا یا ایمان کی حالت میں کوئی نیک کام نہیں کیا ہوگا تو اس کا ایمان لانا اسے کوئی فائدہ نہ دے گا''۔

اسی طرح فرعون بھی اس وقت ایمان لایا تھا جب وہ خدا کے عذاب میں گرفتار ہو چکا تھا۔ چنانچہ جب اس نے خدائے واحد پر ایمان لانے کے کلمات ادا کیے تو جواب میں اسے یہ کہا گیا تھا: آلْآنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ وَكُنْتَ مِنَ الْمُفْسِدِينَ ۝ فَالْيَوْمَ نُنَجِّيكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُونَ لِمَنْ خَلْفَكَ آيَةً ''اب ایمان لاتا ہے جب کہ پہلے تو نے نافرمانی کی ہے اور تو فساد کرنے والوں میں سے تھا۔ آج ہم تیرے بدن کو نجات دیں گے تاکہ تو بعد میں آنے والوں کے لیے (عبرت کی) نشانی بن جائے''۔

فرعون سر سے پاؤں تک لوہے میں ڈوبا ہوا تھا (یعنی اس نے جنگی ہتھیار پہنے ہوئے تھے) اب لوہے کی وجہ سے اس کی لاش کو پانی کے اندر ڈوب جانا چاہیے تھے لیکن اللہ نے اسے نشانِ عبرت بنانا تھا اسی لیے اس کی لاش دریا کے کنارے ایک بلند جگہ پر پائی گئی تھی۔

فرعون کے غرق ہونے کی ایک اور وجہ یہ تھی کہ جب وہ ڈوبنے لگا تو اس نے حضرت موسیٰؑ سے مدد طلب کی تھی۔ اللہ سے مدد طلب نہیں کی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰؑ کو وحی فرمائی:

''اے موسیٰؑ! فرعون نے تجھ سے مدد مانگی تھی، لیکن تو نے اس کی مدد نہیں کی تھی کیونکہ تو نے اسے پیدا نہیں کیا تھا، اگر وہ مجھ سے مدد مانگ لیتا تو میں ضرور اس کی مدد کرتا''۔

کتاب علل الشرائع میں حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے پہلی گفتگو کی تھی اور انھیں رسالت عطا فرمائی تھی تو اُن سے فرمایا تھا کہ تم فرعون کے پاس جاؤ وہ سرکشی کر چکا ہے اور اس سے نرم لہجے میں گفتگو کرنا۔ لَعَلَّهُ يَتَذَكَّرُ أَوْ يَخْشَى ۝ (طٰہٰ:۴۴) ''ممکن ہے کہ وہ نصیحت حاصل کر لے یا ڈر جائے''۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اللہ تعالیٰ نے یہ الفاظ اس لیے فرمائے تھے تاکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام ذوق وشوق کے ساتھ اس کے پاس تبلیغ کے لیے جائیں، ورنہ خدا کو پہلے سے معلوم تھا کہ فرعون موت سے پہلے نہ تو نصیحت قبول کرے گا اور نہ ہی وہ خدا سے ڈرے گا۔ چنانچہ فرعون جیتے جی ایمان نہ لایا اور جب ڈوبنے لگا تو اس وقت خدا پر ایمان لایا اور اس نے کہا تھا کہ میں خدائے بنی اسرائیل پر ایمان لایا ہوں اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اور میں فرمانبرداروں میں سے ہوں۔ اللہ نے اس کے ایمان کو قبول نہیں کیا اور اس سے کہا گیا کہ اب ایمان لاتے ہو جب کہ پہلے تو نافرمانی پر کمربستہ رہے اور تم مفسدین میں سے تھے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے عرض کیا کہ خدارا ہمیں یہاں سے نکال لے جائیں اور آپؑ خدا سے درخواست کریں کہ وہ ہماری مشکلات دُور کرے اور ہمیں زندگی کی آسانی عطا فرمائے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی تو اللہ تعالیٰ نے وحی فرمائی: تم اپنی قوم کو یہاں سے لے جاؤ۔ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا: خدایا! سامنے تو سمندر ہے میں بھلا سمندر کیسے پار کروں گا؟

خدا نے فرمایا: کوئی بات نہیں، تم قوم کو لے کر جاؤ میں سمندر کو حکم دوں گا کہ وہ تمھاری اطاعت کرتے ہوئے تمھیں راستہ دے دے گا۔ چنانچہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم کو ساتھ لے کر فرعون کے شہر سے گزرے۔ کچھ دیر بعد فرعون کو معلوم ہوا کہ موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم کو ساتھ لے کر یہاں سے چلے گئے ہیں تو اس نے اپنی افواج کو ساتھ لیا اور ان کا تعاقب شروع کر دیا۔ سورج چڑھا، چہار سو روشنی پھیلی، سامنے سمندر دکھائی دیا اور پیچھے سے فرعون نظر آیا۔

موسیٰ علیہ السلام نے سمندر سے فرمایا کہ تم مجھے راستہ دو۔ سمندر نے کہا: میں ایسا نہیں کر سکتا۔ ادھر فرعون لشکر سمیت لحہ بہ لحہ قریب ہو رہا تھا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم میں اضطراب بڑھتا جا رہا تھا۔ بنی اسرائیل نے موسیٰ علیہ السلام سے کہا کہ تم نے ہمیں دھوکا دیا ہے اور تم نے ہمیں برباد کیا ہے تو ہمیں ساتھ نہ لاتا تو ہم آلِ فرعون کی غلامی میں رہتے تو بہتر تھا اب تو فرعون ہمیں زندہ نہیں چھوڑے گا۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: ''ہرگز نہیں، میرا رب میرے ساتھ ہے وہ میری ہدایت کرے گا''۔

ادھر سے بنی اسرائیل چیخ چیخ کر موسیٰ علیہ السلام سے کہہ رہے تھے کہ تم تو کہتے تھے کہ سمندر ہمیں راستہ دے دے گا۔ سمندر نے تو ہمیں راستہ نہیں دیا، البتہ ہمارا ازلی دشمن ہمارے قریب آ گیا اور وہ لحہ بہ لحہ نزدیک ہو رہا ہے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے درخواست کی کہ پروردگار ہماری رہنمائی فرما۔ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

السلام کو وحی فرمائی کہ تم اپنا عصا سمندر پر مارو۔ آپؑ نے اپنا عصا مارا تو سمندر پھٹ گیا۔ موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم لے کر چل پڑے۔ اتنے میں فرعون بھی وہاں پہنچ گیا۔ جب فرعون کے لشکر نے یہ ماجرا دیکھا تو انھیں سخت تعجب ہوا اور انھوں نے فرعون سے کہا: سمندر کا شق ہونا بڑا تعجب خیز ہے۔

فرعون نے کہا: یہ میرے حکم سے ہوا ہے۔ تم ان کے پیچھے چلتے رہو۔ الغرض فرعون اور اس کا لشکر بھی سمندر کو عبور کرنے لگ گیا۔ ادھر موسیٰ علیہ السلام کی قوم کا آخری فرد سمندر سے باہر نکلا اور فرعون کے لشکر کا آخری فرد سمندر میں داخل ہوا تو اللہ تعالیٰ نے سمندر سے فرمایا کہ اب مل جا!

جیسے ہی سمندر کا پانی آپس میں ملا تو فرعون اپنے لشکر سمیت ڈوبنے لگا اور ڈوبتے وقت اس نے کہا کہ اب میں خدائے بنی اسرائیل پر ایمان لاتا ہوں اور گواہی دیتا ہوں کہ اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے۔ اس وقت آوازِ قدرت بلند ہوئی کہ اب ایمان لاتا ہے جب کہ ساری زندگی تو نے ہماری نافرمانی کی اور فساد برپا کرنے میں لگا رہا؟! آج ہم تیرے بدن کو نجات دیں گے، تاکہ آنے والی نسلوں کے لیے تجھے نشانۂ عبرت بنا دیا جائے۔

لشکرِ فرعون جیسے ہی ڈوبا تو ملائکہ نے ان سب کے اجسام کو دوزخ میں ڈال دیا۔ صرف فرعون کی لاش ساحل پر پائی گئی، تاکہ ہر شخص اس کی لاش کو دیکھ کر اس کی ہلاکت کا یقین حاصل کرے اور اس کے انجام سے عبرت پکڑے۔

فرعون جو کل تک ربوبیت کا دعوے دار تھا وہ ایک مُردار کی صورت میں ساحلِ سمندر پر پڑا ہوا تھا۔ فرعون کی لاش انسانوں کے لیے عبرت ہے، لیکن عبرت حاصل کرنے والے لوگ بہت کم ہیں۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا فرمان ہے کہ حضرت جبریلؑ امین جب بھی پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوتے تو کچھ پریشان پریشان سے ہوتے تھے اور جب وہ آٰلْـٰٔنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ وَكُنْتَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ کی آیت لے کر آئے تو وہ بہت خوش تھے۔

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ پہلے تم ہمیشہ پریشان دکھائی دیتے تھے۔ آج تم خوش دکھائی دیتے ہو، آخر اس کی کیا وجہ ہے؟ جبریل امینؑ نے کہا: یارسولؐ اللہ! بات یہ ہے کہ جب فرعون ڈوب رہا تھا تو اس نے کہا تھا کہ میں خدائے بنی اسرائیل پر ایمان لاتا ہوں اور گواہی دیتا ہوں کہ اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے۔

اس وقت میں نے کیچڑ اُٹھا کر اس کے منہ پر ماری تھی اور کہا تھا: آٰلْـٰٔنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ وَكُنْتَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ ''اب ایمان قبول کرتا ہے جب کہ اس سے قبل تو نے نافرمانی کی اور تو فساد کرنے والوں میں سے تھا''۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

میں نے یہ کام اللہ کے حکم کے بغیر کیا تھا۔ چنانچہ ہلاکتِ فرعون کے دن سے آج تک میں ہمیشہ پریشان رہا کہ کہیں خدا اس کو معاف نہ کردے اور میرا مؤاخذہ نہ کرے اور آج جب اللہ نے میرے ہی الفاظ کو قرآن کی آیت بنا کر نازل کیا تو میری تمام پریشانیاں دُور ہوگئیں اور مجھے یقین ہوگیا کہ میں نے اس وقت جو کیا اور کہا تھا اس میں اللہ کی رضا شاملِ حال تھی۔

تفسیر عیاشی میں ہے کہ جب فرعون لشکر لے کر سمندر کے کنارے پر پہنچا اور اس نے اپنے گھوڑے کو سمندر کے درمیان خشک راستے پر ڈالنا چاہا تو اس کا گھوڑا رک گیا اور وہ کسی طرح سے آگے بڑھنے کا نام نہیں لیتا تھا۔ جبریل امینؑ ایک گھوڑی پر سوار ہوکر آئے اور انھوں نے اپنی گھوڑی کو اس کے گھوڑے کے آگے لگایا۔ گھوڑا اپنی مادہ کو دیکھ کر اس کے پیچھے چل پڑا تھا اور سمندر میں چلا گیا تھا۔ کچھ ہی لمحات گزرے تھے کہ فرعون اپنے پورے لاؤلشکر سمیت ڈوب گیا۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ جب فرعون اپنے لشکر سمیت ڈوب گیا تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا کہ فرعون اپنے لشکر سمیت ڈوب گیا ہے۔ بنی اسرائیل نے کہا کہ ہم فرعون کی موت کو تسلیم نہیں کرسکتے۔ اللہ تعالیٰ نے سمندر کو حکم دیا کہ وہ فرعون کی لاش کو باہر پھینک دے۔ چنانچہ سمندر نے اس کی لاش کو ساحل پر پھینک دیا۔ جب بنی اسرائیل نے اس کی لاش دیکھی تو اس وقت انھیں فرعون کی ہلاکت کا یقین ہوا۔

کیا نبی کو وحی الٰہی پر شک بھی ہوسکتا ہے؟

فَاِنْ كُنْتَ فِيْ شَكٍّ مِّمَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ فَسْـَٔلِ الَّذِيْنَ يَقْرَءُوْنَ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَقَدْ جَآءَكَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ۝

"اگر تجھے اس میں شک ہے جو ہم نے تیری طرف نازل کیا ہے تو آپؐ ان لوگوں سے پوچھیں جو آپؐ سے پہلے کتاب پڑھ رہے ہیں۔ یقیناً آپ کے رب کی طرف سے آپ کے پاس حق آچکا ہے۔ شک کرنے والوں میں سے ہرگز نہ بننا"۔

کتاب علل الشرائع میں مرقوم ہے کہ عباسیہ دور کے مشہور قاضی یحییٰ بن اکثم نے حضرت امام محمد تقی علیہ السلام کے فرزند حضرت موسیٰ (مبرقع) کو خط لکھا اور اس خط میں اس نے لکھا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیبؐ سے فرمایا ہے: فَاِنْ كُنْتَ فِيْ شَكٍّ ..... اب سوال یہ ہے کہ کیا اس آیت کا خطاب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہے یا کسی اور سے ہے؟ اگر آیت کے مخاطب نبی اکرمؐ ہیں تو انھیں تو کبھی وحی الٰہی میں شک ہی نہیں ہوا تھا اور جب انھیں کبھی شک ہوا ہی نہیں تھا تو یہ خطاب

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ان سے کیوں کیا گیا؟ اگر یہ خطاب نبی کے علاوہ کسی اور سے ہے تو پھر یہ ماننا پڑے گا کہ قرآن نبی کے علاوہ کسی اور پر نازل ہوا؟ آخر اس آیت مجیدہ کا مطلب و مفہوم کیا ہے؟

حضرت موسیٰ (مبرقع) کو جیسے ہی یہ خط ملا تو انھوں نے اپنے بھائی حضرت امام علی نقی علیہ السلام سے ملاقات کی اور ان سے یہی سوال کیا۔ امام علیہ السلام نے فرمایا کہ فَاِنْ كُنْتَ فِيْ شَكٍّ مِّمَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ فَسْـَٔلِ الَّذِيْنَ يَقْرَءُوْنَ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكَ کی آیت مجیدہ کا خطاب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہی ہے جب کہ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ نبی اکرمؐ کو وحی الٰہی میں کوئی شک بھی نہیں تھا۔ اصل بات یہ ہے کہ جاہل لوگوں نے اپنی جہالت سے یہ کہا تھا کہ اگر اللہ نے اپنا پیغام ہمارے پاس روانہ کرنا ہی تھا تو اس نے کسی فرشتہ کو رسول بنا کر ہمارے پاس کیوں نہ بھیجا؟ جب کہ یہ رسول ہماری طرح سے کھاتا پیتا ہے اور بازاروں میں چلتا پھرتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے آپؐ کی طرف وحی کی کہ تمھیں ان کے اس سوال پر پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ آپؐ اہلِ کتاب سے پوچھیں تو وہ بھی آپ کو بتائیں گے کہ سابقہ انبیاءؑ بھی تمھاری طرح سے کھاتے پیتے تھے اور بازاروں میں بھی پھرتے تھے۔ آپؐ اہلِ کتاب کی اس گواہی سے جاہلوں کو مطمئن کریں۔

نبی کو وحی الٰہی میں شک نہیں تھا۔ بات یہ ہے کہ کبھی برسبیل تنزل اپنے آپ کو عام لوگوں کی سطح پر بھی لانا پڑتا ہے جیسا کہ آیت مباہلہ میں ارشادِ قدرت ہے: فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَاَبْنَآءَكُمْ وَنِسَآءَنَا وَنِسَآءَكُمْ وَاَنْفُسَنَا وَاَنْفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِيْنَ ۝ (آل عمران: ۶۱) ''تو آپ کہہ دیں کہ آؤ ہم اپنے بیٹوں اور عورتوں کو بلائیں اور تم اپنے بیٹوں اور عورتوں کو بلاؤ ہم اپنے نفوس لے کر آئیں اور تم اپنے نفوس لے کر آؤ پھر ہم آپس میں بددعا کریں اور جھوٹوں پر اللہ کی لعنت بھیجیں''۔

اگر اللہ تعالیٰ آیت کو اس طرح سے نازل کرتا کہ ''ہم مباہلہ کریں اور تم پر لعنت کریں'' تو نجران کے عیسائی دعوتِ مباہلہ قبول ہی نہ کرتے جب کہ خدا کو بھی معلوم تھا کہ میرا رسول سچا ہے اور رسول کو بھی اپنی صداقت پر یقین تھا لیکن وہ چاہتے تھے کہ اپنے آپ کو بھی برسبیل تنزل دوسرے لوگوں کی سطح پر لے آئیں' تاکہ اس سے اسلام کی صداقت زیادہ واضح ہو سکے۔

علل الشرائع میں مرقوم ہے کہ جب فَاِنْ كُنْتَ فِيْ شَكٍّ ..... کی آیت مجیدہ نازل ہوئی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نہ تو شک کرتا ہوں اور نہ ہی کسی سے پوچھتا ہوں۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی زبانی منقول ہے کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

وسلم کو معراج ہوئی اور شب معراج کی گفتگو میں اللہ نے علی بن ابی طالبؑ کی بہت سی فضیلتیں بیان فرمائیں۔ آپؐ جب زمین کی طرف آنے لگے تو بیت المعمور پر اللہ نے تمام انبیاء کو جمع کیا اور آنحضرتؐ نے تمام انبیاء کو نماز پڑھائی۔ اس وقت آپؐ کے ذہن میں یہ خلش سی پیدا ہوئی کہ کیا علیؑ اتنے عظیم مناقب وفضائل کے حامل ہیں تو اس وقت اللہ نے آپ پر یہ آیت نازل فرمائی: فَاِنْ كُنْتَ فِيْ شَكٍّ ..... ''اگر آپ کو ہماری نازل کردہ وحی میں شک ہو تو آپؐ ان لوگوں سے سوال کریں جو آپؐ سے پہلے کتاب پڑھتے تھے۔ بے شک آپؐ کے رب کی طرف سے آپؐ پر حق آیا ہے۔ شک کرنے والوں میں سے نہ ہونا اور ان لوگوں میں سے نہ ہونا جنھوں نے اللہ کی آیات کو جھٹلا دیا ہے ورنہ خسارہ پانے والوں میں سے ہو جاؤ گے''۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا بیان ہے کہ خدا کی قسم رسولؐ خدا نے نہ تو شک کیا تھا اور نہ ہی کسی سے پوچھا تھا۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی زبانی منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو معراج ہوئی اور آپؐ نے رب العالمین سے گفتگو کی اور پھر وہاں سے واپسی پر آپؐ بیت المعمور تشریف لائے۔ بیت المعمور چوتھے آسمان پر واقع ہے اور یہ کعبہ کی عین سیدھ پر واقع ہے۔ وہاں اللہ کے حکم سے انبیاء و رسل اور ملائکہ جمع تھے۔ حضرت جبریل امینؑ نے وہاں اذان و اقامت کہی اور آنحضرتؐ نے نماز کی امامت فرمائی۔ جب آپؐ نماز سے فارغ ہوئے تو جبریل امینؑ نے آپ کو یہ آیت پہنچائی:

فَاِنْ كُنْتَ فِيْ شَكٍّ مِّمَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ فَسْـَٔلِ الَّذِيْنَ يَقْرَءُوْنَ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَقَدْ جَآءَكَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿۹۴﴾ ''اگر تجھے اس میں شک ہے جو ہم نے تیری طرف نازل کیا ہے تو آپؐ ان سے پوچھ لیں جو آپؐ سے پہلے کتاب پڑھ رہے ہیں۔ یقیناً آپؐ کے پاس آپؐ کے رب کی طرف سے حق آچکا ہے۔ شک کرنے والوں میں سے ہرگز نہ ہوتا''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے سوال کیا۔ پھر آپؐ زمین پر واپس تشریف لائے۔

الخراج والجرائح میں مرقوم ہے کہ روایات خاصہ میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: شب معراج جبریل امینؑ آنحضرتؐ کی سواری کے لیے ''براق'' لائے۔ وہ خچر سے چھوٹا اور گدھے سے بڑا جانور تھا۔ اس کے کان ہر وقت متحرک رہتے تھے۔ اس کی نگاہیں اس کے کھروں پر تھیں اور اس کا ایک قدم آنکھ کی رؤیت کے برابر تھا۔ جبریل امینؑ براق لے کر حضرت خدیجہؑ کے دروازے پر پہنچے اور رسولؐ خدا کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ براق مچلنے لگا۔ حضرت جبریلؑ نے اس سے کہا: سکون اختیار کر آج تجھ پر وہ سوار ہو رہا ہے جو اللہ کو تمام مخلوق سے زیادہ پیارا ہے۔ یہ سن کر

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

براق سکون میں آ گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس پر سوار ہوئے اور رات کے وقت سفر شروع کیا۔ آپؐ بیت المقدس کی طرف روانہ ہوئے وہاں ایک بزرگ نے آپ کا استقبال کیا۔ حضرت جبریلؑ نے کہا: یہ آپؐ کے والد ابراہیم ہیں۔ نبی اکرمؐ نے اُترنے کا قصد کیا تو جبریل امینؑ نے کہا: آپؐ بیٹھے رہیں۔ وہاں اللہ نے انبیاء و رسل کو جمع کیا۔ جبریل امینؑ نے اذان دی۔ رسولؐ خدا نے امامت کروائی۔ اس کے بعد یہ آیت نازل ہوئی: فَاِنْ كُنْتَ فِيْ شَكٍّ ..... ''رسولؐ خدا نے نہ تو شک کیا تھا اور نہ ہی انھوں نے سوال کیا تھا''۔

ایمان نہ لانے والے

اِنَّ الَّذِيْنَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَلَوْ جَآءَتْهُمْ كُلُّ اٰيَةٍ حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ۝

''بے شک وہ لوگ جن پر عذابِ الٰہی کا کلمہ ثابت ہو چکا ہے وہ ایمان نہیں لائیں گے ان کے سامنے خواہ خدا کی تمام نشانیاں کیوں نہ آ جائیں' پھر بھی وہ ایمان نہیں لائیں گے یہاں تک کہ وہ دردناک عذاب دیکھیں''۔

اس آیت میں ازلی اشقیاء کے متعلق خدا نے فرمایا ہے کہ خواہ وہ خدا کی تمام نشانیاں کیوں نہ دیکھ لیں' پھر بھی وہ ایمان نہیں لائیں گے البتہ فرعون کی طرح سے دردناک عذاب دیکھ کر اگر وہ ایمان لے بھی آئیں تو بھی وہ ایمان ان کے لیے سودمند ثابت نہ ہوگا۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں اس آیت کے ضمن میں امیر المومنین علی علیہ السلام کی ولایت کے منکرین کو بھی شمار کیا گیا ہے۔

یہ آیت بہرنوع عام ہے اسے صرف ایک مورد سے مخصوص نہیں کیا جا سکتا' البتہ اس مورد کو ایک جزئی کی حیثیت ضرور حاصل ہے۔ (من المترجم عفی عنہ)

قصۂ یونسؑ

فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ اٰمَنَتْ فَنَفَعَهَآ اِيْمَانُهَآ اِلَّا قَوْمَ يُوْنُسَ ۭ لَمَّآ اٰمَنُوْا كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ۝

''پھر کیا ایسی کوئی مثال موجود ہے کہ کوئی بستی عذاب دیکھ کر ایمان لائی ہو اور اس کا ایمان اس کے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

لیے نفع بخش ثابت ہوا ہو؟ سوائے قومِ یونسؑ کے وہ قوم جب ایمان لائی تو ہم نے دنیاوی زندگی میں ان سے رسوائی کا عذاب دُور کر دیا تھا اور ہم نے انھیں ایک مدت تک چین سے رہنے دیا تھا''۔

تفسیر عیاشی، تہذیب الاحکام، علل الشرائع، تفسیر علی بن ابراہیم، الکافی، روضہ کافی اور من لایحضرہ الفقیہ کی روایات کا ماحصل یہ ہے کہ حضرت یونس علیہ السلام کو اللہ نے ان کی قوم کی طرف رسول بنا کر بھیجا۔ اعلانِ نبوت کے وقت ان کی عمر تیس برس تھی۔ آپؑ نے ۳۳ برس تک اپنی قوم کو تبلیغ کی، لیکن اس پورے عرصہ میں صرف دو اشخاص آپؑ پر ایمان لائے، ان میں سے ایک کا نام ''روبیل'' اور دوسرے کا نام ''تنوخا'' تھا۔

روبیل کا تعلق علم و نبوت و حکمت کے گھرانے سے تھا اور وہ خود عالم انسان تھے جب کہ تنوخا ایک عابد و زاہد شخص تھے۔ ان کے پاس علم و حکمت کا خزانہ نہیں تھا۔ روبیل بکریاں چراتے تھے اور اسی سے اپنے گھر کے اخراجات پورے کرتے تھے جب کہ تنوخا لکڑیاں کاٹ کر بیچا کرتے تھے اور اسی سے رزق روزی حاصل کرتے تھے۔

حضرت یونس علیہ السلام کی نظر میں روبیل کا ایک خصوصی مقام تھا۔ جناب یونس علیہ السلام اپنی قوم کی نافرمانی سے تنگ آ گئے۔ آخر کار تنگ آ کر انھوں نے بارگاہ احدیت میں فریاد کی کہ پروردگار! میں نے ۳۳ برس تک ان نابکار لوگوں کو تبلیغ کی اور انھیں تجھ پر ایمان اور اپنی نبوت کی تصدیق کی دعوت دی ہے۔ میں نے انھیں تیرے عذاب سے ڈرایا لیکن انھوں نے میری تکذیب کی اور میری نبوت کا انکار کیا اور میری رسالت کی تحقیر کی اور وہ مجھے قتل کی دھمکیاں دے رہے ہیں۔ پروردگارا! ان پر اپنا عذاب نازل فرما۔ یہ لوگ ایمان لانے والے نہیں ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے یونس علیہ السلام کو وحی کی کہ ان میں حاملہ خواتین بھی ہیں اور معصوم بچے اور بوڑھے افراد اور کمزور لوگ بھی موجود ہیں جب کہ میں عادل حکمران ہوں۔ میری رحمت میرے غضب پر سبقت رکھتی ہے۔ میں بڑوں کے جرائم کی سزا چھوٹے بچوں کو نہیں دینا چاہتا۔ یہ لوگ میرے بندے ہیں، میری مخلوق ہیں اور میرا ہی کنبہ ہیں۔ میں انھیں مہلت دینا چاہتا ہوں اور میں ان کی توبہ کا منتظر ہوں۔ میں نے تجھے اپنی رحمت کا بادل بنا کر بھیجا ہے، تمھیں ان پر رحم کرنا چاہیے۔ ذرا نوحؑ کو تو دیکھو انھوں نے کتنا طویل عرصہ تک صبر سے کام لیا تھا اور جب طویل عرصہ کے بعد اس نے بددعا کی تھی تو میں نے اس کی بددعا کو قبول کیا تھا۔

حضرت یونس علیہ السلام نے عرض کیا: پروردگار! میں تو تیری وجہ سے ہی ان پر ناراض ہوا ہوں۔ ان لوگوں نے جب تیرے غضب کو دعوت دی تو میں نے ان پر بددعا کی۔ مجھے تیری عزت کی قسم! میں ان پر ترس نہیں کھاؤں گا۔ تجھ سے میری

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

یہی درخواست ہے کہ ان پر اپنا عذاب نازل فرما۔ یہ لوگ ایمان لانے والے نہیں۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یونسؑ! ذرا یہ تو سوچو تیری قوم کی آبادی اس وقت ایک لاکھ سے بھی کچھ زیادہ ہے۔ تم صرف ظاہر کو دیکھ رہے ہو جب کہ میں تو باطن کو بھی دیکھ رہا ہوں۔ ہاں تمھارے اصرار کی وجہ سے میں ان پر عذاب نازل کروں گا اور میرا عذاب بدھ کے روز شوال کی پندرہ تاریخ کو نازل ہوگا اور میرا عذاب طلوعِ آفتاب کے بعد نازل ہوگا۔

حضرت یونس علیہ السلام نے یہ سنا تو انھیں ایک گونہ خوشی محسوس ہوئی۔ انھوں نے اپنے شاگرد تنوخا کو اس سے آگاہ کیا اور اس سے فرمایا کہ آؤ ہم اس نابکار قوم کو ان کے انجام سے آگاہ کریں۔

تنوخا نے کہا: ہمیں انھیں بتانے کی کیا ضرورت ہے۔ انھیں ان کے حال پر چھوڑ دیں تاکہ اللہ کا عذاب ان پر آجائے۔ حضرت یونسؑ نے کہا کہ ہمیں چاہیے کہ عذاب کی آمد سے روبیل کو بھی خبردار کردیں اور اس سے بھی مشورہ کرلیں۔ آخرؑ حضرت یونسؑ نے روبیل کو عذابِ الٰہی کی آمد کی خبر دی اور اسے بتایا کہ خدا کا عذاب پندرہ شوال کو بدھ کے روز نازل ہوگا۔

اس کے بعد حضرت یونس علیہ السلام نے روبیل سے فرمایا کہ تمھارا کیا خیال ہے، ہم ان لوگوں کو اس عذاب سے باخبر نہ کریں؟ روبیل نے عرض کیا: آپؑ اللہ کے رسول ہیں، آپؑ اپنے رب سے درخواست کریں کہ وہ عذاب کے فیصلہ کو تبدیل کرے کیونکہ اللہ کو انھیں عذاب دینے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ آپؑ شفقت و نرمی سے کام لیں اور لوگوں کو زندہ رہنے کا حق دیں۔

تنوخا نے جب روبیل کی یہ باتیں سنیں تو وہ اس پر سخت ناراض ہوئے اور اس کو سخت سُست کہا۔ روبیل نے حضرت یونس علیہ السلام سے عرض کیا کہ یہ بھی تو ممکن ہے کہ یہ لوگ توبہ کرلیں اور خدا سے مغفرت طلب کرلیں اور خدا ان پر عذاب نازل نہ کرے اور اگر ایسا ہوا تو لوگوں کی نظر میں آپ کا کیا مقام ہوگا۔

تنوخا نے اس سے کہا کہ ایسا ہونا ممکن ہی نہیں ہے، کیونکہ اللہ اپنے وعدہ کے خلاف نہیں کرتا۔ کیا تجھے نبی صادق کی خبر میں کوئی شک ہے اگر ایسا ہے تو تیرے اب تک کے تمام نیک عمل اکارت ہوگئے ہیں۔

روبیل نے بڑے تحمل سے تنوخا کی باتیں سنیں پھر اس نے حضرت یونس علیہ السلام سے عرض کیا: حضرت! یہ تو سوچیں جب ایک لاکھ سے زیادہ کی آبادی عذابِ الٰہی سے تباہ ہوجائے گی تو اللہ کی نظر میں آپ کا کیا مقام ہوگا اور کیا وہ آپ کا نام فہرست انبیاء سے خارج تو نہیں کردے گا؟!

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

حضرت یونس علیہ السلام پر روبیل کی صلح جویانہ گفتگو کا کوئی اثر مرتب نہ ہوا۔ آپؑ نے تنوخا کو ساتھ لیا اور شہر کے مرکز میں جا کر یہ اعلان کیا کہ لوگو! بدھ کے روز پندرہ شوال کے دن طلوع آفتاب کے بعد تم پر اللہ کا عذاب نازل ہوگا۔ جب شہر والوں نے یہ اعلان سنا تو انھوں نے آپؑ کی نہ صرف تکذیب کی بلکہ آپؑ پر تشدد بھی کیا اور انھیں اپنے شہر سے باہر نکال دیا۔ حضرت یونس علیہ السلام اپنے شاگرد تنوخا کو ساتھ لے کر وہاں سے کچھ فاصلے پر چلے گئے اور وہاں رہ کر اس قوم کے انجام دیکھنے کا انتظار کرنے لگ گئے جب کہ روبیل نے شہر نہ چھوڑا۔ جب ماہ شوال شروع ہوتو روبیل پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ گئے اور انھوں نے بلند آواز سے یہ اعلان کیا:

لوگو! میں روبیل تم سے مخاطب ہوں۔ میں تمھارا خیر خواہ ہوں۔ میری باتوں کو توجہ سے سنو، شوال کا مہینہ شروع ہو چکا ہے۔ تمھارے نبی یونسؑ نے تمھیں خبر دی ہے کہ اس ماہ کی پندرہ تاریخ کو بدھ کے دن تم پر اللہ کا عذاب نازل ہوگا اور یاد رکھو انھوں نے یہ خبر وحی الٰہی کے بعد تمھیں سنائی تھی۔ اب تم خود سوچو تمھارا انجام کیا ہونے والا ہے۔

جب لوگوں نے روبیل کی دردمندانہ گفتگو سنی تو ان کے دل کانپ اُٹھے اور وہ دوڑ کر روبیل کے پاس آئے اور انھوں نے کہا کہ تم ایک صاحب علم وحکمت اور شفیق انسان ہو۔ اب آپ ہی ہمیں مشورہ دیں کہ ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

روبیل نے کہا: جب بدھ کا دن آئے تو طلوع فجر کے ساتھ ہی مرد عورتوں سے جدا ہو جائیں اور مائیں بچوں سے علیحدہ ہو جائیں اور جانوروں سے ان کے دودھ پینے والے بچے دُور کر لیے جائیں اور سب چیخ و پکار لے کر خدا کی بارگاہ میں توبہ کرو اور اس سے معافی طلب کرو اور اپنا رخ آسمان کی طرف کر کے کہو: ''پروردگار! ہم نے ظلم کیا ہے، ہم نے تیرے نبیؑ کی تکذیب کی ہے۔ اب ہم اپنے گناہوں کی تجھ سے معافی طلب کرتے ہیں۔ اگر تو نے ہم پر رحم نہ کیا تو ہم معذب لوگ قرار پائیں گے۔ اے ارحم الراحمین! رحم فرما اور ہماری توبہ قبول فرما۔

روبیل نے کہا کہ جب تک عذاب کے تمام آثار ختم نہ ہو جائیں اس وقت تک مسلسل گریہ و بکا کرتے رہو اور رو رو کر دعائیں مانگتے رہو۔ اہل شہر کو روبیل کی بات پسند آئی۔ جب وعدہ کا دن آنے کا وقت قریب ہوا تو طلوع فجر کے وقت انھوں نے شہر چھوڑ دیا اور ایک کھلے میدان میں آ گئے۔ ماؤں سے بچے جدا کر دیئے گئے۔ جانوروں سے ان کے بچھڑے علیحدہ کر دیے گئے، معصوم بچے رونے لگے اور بچھڑے ڈکرانے لگے۔

ادھر سورج طلوع ہوا تو عذاب الٰہی کے آثار نمودار ہونے لگے۔ اچانک زرد رنگ کی آندھی شائیں شائیں کرتی ہوئی آئی جس کے آنے کے ساتھ ماحول پر تاریکی پھیل گئی اور ہاتھ کو ہاتھ سجھائی نہ دینے لگا۔ لوگ چیخ چیخ کر توبہ و زاری کرنے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

لگے۔ ان کی چیخوں کی آوازیں اتنی بلند تھیں کہ کچھ فاصلہ پر مقیم حضرت یونسؑ اور تنوخا کو ان کی آوازیں سنائی دینے لگی اور وہ اللہ سے درخواست کرتے تھے کہ خدایا ان پر شدید عذاب نازل فرما۔

جب کہ روبیل نے اس شہر کو چھوڑ دیا تھا وہ قریبی گاؤں میں چلا گیا تھا۔ جب وہ اپنی قوم کی گڑگڑاہٹ کی آوازیں سنتا تو بارگاہِ احدیت میں عرض کرتا کہ خدیاا ان پر رحم فرما اور ان سے اپنا عذاب دُور کر دے۔ الغرض زوالِ آفتاب تک عذاب کے آثار طاری رہے' آخرکار رحمتِ خدا جوش میں آئی اور خدا نے اسرافیل فرشتہ سے فرمایا کہ تم جاؤ اپنے پروں کی قوت سے اس عذاب کو دھکیل کر موصل کے پہاڑوں پر گرا دو۔ حضرت اسرافیل آئے انھوں نے خدا کے عذاب کو پروں سے دھکیلا اور اسے موصل کے پہاڑوں پر گرایا جس کی وجہ سے وہ پہاڑ لوہے جیسے بن گئے۔

الغرض زوالِ آفتاب کے وقت آیا ہوا عذاب چھٹ گیا۔ پھر ماؤں نے اپنے بچوں کو اُٹھا کر سینوں سے لگایا اور لوگ اپنے گھروں کو واپس آئے۔ جب دوسرا دن ہوا تو حضرت یونس علیہ السلام نے تنوخا سے فرمایا آؤ چل کر دیکھیں کہ اس قوم کا کیا حال ہوا؟

جب وہ اس سرزمین کے قریب پہنچے تو انھوں نے دیکھا کہ لوگ اپنے اپنے کاموں میں مصروف تھے۔ یہ دیکھ کر یونس علیہ السلام کو سخت صدمہ ہوا اور انھوں نے کہا کہ لوگ پہلے ہی مجھے نبی نہیں مانتے تھے اب تو لوگ مجھے کاذب بھی کہیں گے اب میں یہاں کسی کو منہ دکھانے کے قابل نہیں ہوں۔ یہ کہہ کر ''بحرایلہ'' کی طرف روانہ ہوئے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی داستان بیان کرتے ہوئے فرمایا: وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ (الانبیا: ۸۷) ''مچھلی والا جب ناراض ہوکر چل پڑا اور اس نے سمجھا کہ ہم اس پر سختی نہیں کریں گے''۔

حضرت یونس علیہ السلام ''بحرایلہ'' کی جانب روانہ ہوئے اور تنوخا اپنی بستی کی طرف لوٹ آیا۔ راستے میں اس کی ملاقات روبیل سے ہوئی۔ روبیل نے ان سے کہا: تنوخا! تم نے اب دیکھ لیا ہے کہ ہم دو میں سے کس کی رائے وزنی تھی۔ اب بتاؤ تمھاری رائے صحیح تھی یا میری رائے صحیح تھی؟

تنوخا نے کہا: میں تصدیق کرتا ہوں کہ آپ کی رائے میری رائے سے زیادہ بہتر تھی۔ میں آج سے قبل اپنے زہد کی وجہ سے اپنے آپ کو تم سے افضل سمجھتا تھا' لیکن اب مجھے اندازہ ہوا ہے کہ ایک عالم' زاہد سے کہیں افضل ہوتا ہے۔

حضرت یونس علیہ السلام کشتی پر سوار ہوئے۔ کشتی جیسے ہی گہرے پانیوں میں داخل ہوئی تو ایک بڑی مچھلی کشتی کے سامنے نمودار ہوئی۔ کشتی میں سوار تمام مسافر اسے دیکھ کر پریشان ہوگئے۔ حضرت یونسؑ جو کہ کشتی کے اگلے حصّہ پر بیٹھے ہوئے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

تھے وہ اس جگہ کو چھوڑ کر پچھلے حصّہ پر آ کر بیٹھ گئے۔ مچھلی دوبارہ نمودار ہوئی۔ ملاح نے کہا کہ معلوم ہوتا ہے کہ یہاں کوئی بھاگا ہوا غلام سوار ہے جب تک مچھلی اسے نگل نہ لے گی وہ کشتی کو ساحل تک پہنچنے نہ دے گی۔ ہم تمام مسافروں پر قرعہ ڈالتے ہیں جس کے نام قرعہ نکلے وہ کشتی سے چھلانگ لگا دے تاکہ باقی ماندہ مسافروں کی زندگی بچ جائے۔

قرعہ ڈالا گیا تو وہ حضرت یونسؑ کے نام پر نکلا۔ آپؑ نے کشتی سے چھلانگ لگائی۔ مچھلی نے آپؑ کو نگل لیا۔ ایک روایت کے مطابق سات اور دوسری روایت کے مطابق آپؑ تین دن تک مچھلی کے شکم میں رہے۔ آپؑ مچھلی کے شکم میں لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ کی تسبیح پڑھتے رہے۔ آخرکار اللہ تعالیٰ کو آپؑ پر ترس آیا اور مچھلی کو حکم دیا کہ وہ انھیں باہر اُگل دے۔

مچھلی نے آپؑ کو باہر اُگلا تو آپؑ کی جلد انتہائی کمزور ہو چکی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے آپؑ کے لیے کدو کی ایک بیل اُگائی جس کے سائے میں آپؑ پورا ہفتہ آرام کرتے رہے۔ ایک ہفتہ کے بعد جب آپؑ چلنے پھرنے کے قابل ہوئے تو اللہ نے کدو کی جڑ پر ایک کیڑے کو مسلط کیا' جس کی وجہ سے وہ بیل خشک ہوگئی۔ آپؑ جب چلنے پھرنے کے بعد وہاں آئے تو بیل کو خشک پایا جس کی وجہ سے آپؑ غمگین ہوئے۔

وحی الٰہی ہوئی کہ یونسؑ غمگین کیوں ہو؟ عرض کیا: پروردگار! یہ بیل خشک ہوگئی ہے۔ میں اس بیل سے مانوس ہو چکا تھا مگر تو نے اسے خشک کر دیا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یونسؑ! اس کدو کی بیل کو کیا تو نے اپنے ہاتھ سے کاشت نہیں کیا تھا اور تو نے اسے پانی پلا کر بھی پروان نہیں چڑھایا تھا۔ اب اگر ایک بیل خشک ہوگئی ہے تو تجھے اس کا تو رنج ہو رہا ہے جب کہ تو نے ایک لاکھ سے زیادہ آبادی پر بددعا کی تو تجھے ان پر تو رحم نہیں آیا۔ اب تم جاؤ پوری قوم کو تمھارا انتظار ہے۔ وہ تجھے نبی مانیں گے اب جا کر ان کی رہنمائی کرو۔

حضرت یونس علیہ السلام نینویٰ کی طرف چل پڑے۔ جب آپؑ نینویٰ کے قریب پہنچے تو آپؑ کو شرم مانع ہوئی کہ وہاں جائیں تو کیسے جائیں۔ نینویٰ کے قریب آپؑ نے ایک چرواہے کو دیکھا جو بکریاں چرانے میں مصروف تھا۔ آپؑ اس کے قریب گئے اور اس سے فرمایا کہ تم شہر جاؤ اور ان سے کہو کہ یونسؑ واپس آئے ہیں۔ چرواہے نے کہا: آپؑ جھوٹ بولتے ہیں' یونسؑ کو مچھلی نگل چکی ہے۔ اب وہ واپس نہیں آ سکتے۔

آپؑ نے فرمایا کہ میں یونسؑ ہوں۔ چرواہے نے کہا کہ میں آپؑ کو یونس کیسے مان لوں؟ آپؑ نے فرمایا: اگر تیری

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

یہ بکری گواہی دے دے تو پھر تو مجھے جان لے گا؟ اس نے کہا: جی ہاں۔ آپؑ نے بکری کی طرف اشارہ کیا۔ بکری نے فصیح زبان میں کہا کہ یہ یونسؑ ہیں۔

چرواہا اپنے ریوڑ کو لے کر شہر میں آیا اور شہر والوں سے کہا کہ تمھیں مبارک ہو یونسؑ نبی واپس آ گئے ہیں۔ جب لوگوں نے یہ بات سنی تو وہ چرواہے کو مارنے کے لیے دوڑے۔ چرواہے نے کہا کہ تعجب نہ کرو تم میری اس بکری سے پوچھ لو۔ بکری نے دوبارہ فصیح لہجہ میں کہا کہ لوگو! یہ سچ کہہ رہا ہے' یونسؑ تمھارے شہر کے باہر آ چکے ہیں۔

لوگ دوڑتے ہوئے آئے اور آپؑ کو سلام کیا اور پورے احترام کے ساتھ آپؑ کو شہر میں لے آئے۔ سب لوگوں نے ایمان قبول کیا۔

من لایحضرہ الفقیہہ میں حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے منقول ہے کہ سورج گرہن اور چاند گرہن پر نمازِ خوف واجب کی گئی ہے' کیونکہ کسوف وخسوف اللہ کی نشانی ہے' جس کے متعلق کوئی پتہ نہیں کہ وہ رحمت کے لیے ہے یا عذاب کے لیے ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ چاہا کہ ایسے موقع پر آپؐ کی اُمت اپنے خالق کی طرف رجوع کرے' تا کہ خدا اس کے شر سے ان کو محفوظ رکھے جیسا کہ اس نے قومِ یونسؑ کو آئے ہوئے عذاب سے محفوظ رکھا تھا۔

ایمان کے لیے جبر غیر مناسب ہے

وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنْ فِي الْاَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيْعًا ۭ اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰى يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۝

''اور اگر تیرے رب کی یہ مشیت ہوتی کہ تمام لوگ ایمان لائیں تو زمین پر بسنے والے تمام افراد ایمان لے آتے تو کیا تو لوگوں کو مجبور کرے گا کہ وہ ایمان لے آئیں''۔

عیون الاخبار میں ابوالصلت ہروی سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ مامون الرشید نے حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے اس آیت کا مفہوم دریافت کیا تو آپؑ نے فرمایا: میرے آبائے طاہرینؑ کی سند سے مجھ تک یہ روایت پہنچی ہے کہ مدینہ میں کچھ صحابہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مشورہ دیا تھا کہ جو لوگ آپؐ کے زیردست ہیں انھیں جبراً کلمہ پڑھوائیں' اس سے ہماری تعداد میں اضافہ ہوگا اور دشمن ہم سے مرعوب ہوں گے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میں کوئی بدعت ایجاد کر کے خدا کے حضور پیش ہونے کا خواہش مند نہیں ہوں۔ اللہ نے جو چیز میرے ذمہ عائد نہیں کی میں اسے اپنی طرف سے ایجاد کرنا پسند نہیں کرتا۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اور اس آیت کے ذریعہ سے اپنے حبیب کو یہ پیغام دیا کہ خدا کسی کو مجبور کر کے ایمان قبول کرانا نہیں چاہتا۔ اگر ایسا ہوتا تو کوئی بھی شخص ثواب و جزا کا حقدار نہ ہوتا۔ خدا یہ چاہتا ہے کہ لوگ آزاد اور خودمختار ہو کر اپنی مرضی و رغبت سے ایمان لائیں تا کہ وہ جزا اور مقامِ تقرب کے حقدار بن سکیں۔

کتاب التوحید میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی زبانی منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: اپنا معاملہ خدا کے لیے بناؤ' لوگوں کے لیے نہ بناؤ' کیونکہ جو معاملہ خدا کے لیے ہوگا وہ تو خالص خدا کے لیے ہی شمار کیا جائے گا اور جو معاملہ لوگوں کے لیے ہوگا تو وہ خدا کے ہاں شرفِ قبولیت حاصل نہ کرے گا اور اپنے دین کے لیے لوگوں سے جھگڑا نہ کرو' کیونکہ جھگڑا دلوں میں بیماری پیدا کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی سے فرمایا ہے: اِنَّكَ لَا تَهْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ یَهْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ (القصص:۵۶) ''آپ جس سے محبت رکھیں اسے راہِ مستقیم پر چلا نہیں سکتے اللہ جسے چاہے راہِ مستقیم پر چلائے''۔

اللہ نے اپنے حبیبؐ سے فرمایا: اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰى یَكُوْنُوْا مُؤْمِنِیْنَ ۝ ''کیا تو لوگوں کو مجبور کرے گا کہ وہ ایمان لے آئیں''۔

لوگوں کو ان کے حال پر رہنے دو۔ لوگوں نے لوگوں سے دین حاصل کیا ہے جب کہ تم نے رسولؐ خدا سے دین لیا ہے۔ میں نے اپنے والد علیہ السلام سے سنا تھا کہ جب اللہ کسی بندہ کو اس امر (عقیدہ ولایت) میں داخل کرنا چاہتا ہے تو وہ اتنی تیزی سے اس میں داخل ہوتا ہے جیسا کہ پرندہ اپنے آشیانہ میں تیزی سے داخل ہوتا ہے۔

بے ایمان لوگوں کو آیات کوئی فائدہ نہیں دیتیں

وَمَا تُغْنِی الْاٰیٰتُ وَالنُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ لَّا یُؤْمِنُوْنَ ○

''جو لوگ ایمان لانا نہیں چاہتے انھیں آیات اور تنبیہات کوئی فائدہ نہیں پہنچاتیں''۔

اصولِ کافی میں مرقوم ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ''آیات'' سے ائمہ اور ''نذر'' سے انبیاء مراد ہیں۔

روضہ کافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ حبیبؐ خدا کو معراج ہوئی تو جبریل امینؑ آپؐ کے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

میں براق لائے۔ آپؐ براق پر سوار ہوکر بیت المقدس گئے اور وہاں انبیائے کرامؑ سے ملاقات ہوئی۔

معراج سے واپس آنے کے بعد آپؐ نے اپنے صحابہ سے فرمایا کہ خدا نے مجھے معراج کرائی تھی اور میں بیت المقدس گیا تھا اور جب میں وہاں سے واپس آرہا تھا تو میں نے دیکھا کہ ابوسفیان کا تجارتی قافلہ فلاں قبیلہ کے پانی پر ٹھہرا ہوا تھا اور سرخ رنگ کا ایک اونٹ گم ہوگیا تھا اور وہ لوگ اس کو تلاش کر رہے تھے۔

کفار مکہ نے یہ بات سنی تو انھوں نے کہا کہ محمدؐ آج سے ایک عرصہ قبل شام گیا تھا' اب شام شہر میں بہت سی تبدیلیاں واقع ہوچکی ہیں۔ ان سے شام کی گلیوں اور بازاروں کے متعلق سوال کریں وہ یقیناً جواب نہ دے سکیں گے اور جواب نہ دینے کی وجہ سے انھیں خفّت اٹھانا پڑے گی۔

یہ منصوبہ بنانے کے بعد وہ رسولؐ خدا کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انھوں نے آپؐ سے شام کے بازاروں' تجارتی مراکز اور شام کے دروازوں کے متعلق سوال کرنے شروع کر دیئے۔ نبی اکرمؐ کو ان کے سوال گراں محسوس ہوئے۔ اتنے میں جبریلؑ آئے اور انھوں نے آنحضرتؐ سے عرض کیا: لیجیے میں نے آپؐ کے لیے شام کو بلند کر دیا ہے۔ یہ جو کچھ پوچھیں آپؐ اسے دیکھ کر جواب دیتے جائیں۔ چنانچہ لوگ پوچھتے گئے آنحضرتؐ جواب دیتے گئے' مگر اس کے باوجود بھی انتہائی کم افراد آپؐ پر ایمان لائے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کے متعلق ارشاد فرمایا: وَمَا تُغْنِي الْآيٰتُ وَالنُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ○ ''جو لوگ ایمان لانا ہی نہیں چاہتے ان کے لیے آیات اور تنبیہات فائدہ مند نہیں ہوتیں''۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ہم خدا سے پناہ مانگتے ہیں کہ ہم اس پر ایمان نہ لائیں۔

تفسیر عیاشی میں محمد بن فضل سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے ''فرج'' (کشائش) کے متعلق کچھ دریافت کیا تو آپؑ نے فرمایا: کیا تم نہیں جانتے کہ کشائش کا انتظار بھی کشائش کا حصّہ ہے۔ اللہ تعالیٰ فرما رہا ہے: قُلْ فَتَرَبَّصُوْا فَاِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُتَرَبِّصِيْنَ ○ ''آپ کہہ دیں کہ تم انتظار کرو میں بھی تمھارے ساتھ انتظار کرنے والوں میں سے ہوں''۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: تمھیں کیا چیز مانع ہے کہ جو شخص عقیدہ امامت پر مرجائے اس کے لیے جنّت کی گواہی دو۔ اللہ تعالیٰ فرما رہا ہے: كَذٰلِكَ ۚ حَقًّا عَلَيْنَا نُنْجِ الْمُؤْمِنِيْنَ ○ ''اس طرح ہم پر یہ حق ہے کہ اہلِ ایمان کو نجات دیں''۔

○○○

Presented by Ziaraat.Com

Scanned by CamScanner

سُوْرَةُ هُوْدٍ

سورة هود نزلت بمكة غير اية اقم الصلاة طرفى النهار
وهى مائة وثلاث وعشرون اية وهى عشر ركوعات

"سورۂ ہود مکہ میں نازل ہوئی البتہ اقم الصلاۃ طرفی النہار کی
آیت مدنی ہے۔
اس کی ایک سو تئیس آیات ہیں اور دس رکوع ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

سورۂ ہود کے مرکزی موضوعات

اس سورہ کے بعض مرکزی موضوعات یہ ہیں: خدا کا رازق ہونا' آسمان و زمین چھ روز میں پیدا ہوئے۔ انسانی حالت' حضرت رسولؐ کی فہمائش' قرآن کے مبنی برحقیقت ہونے کی دلیل' رسول کا تائی اور گواہ' ظالموں پر خدا کی لعنت' مومن و کافر کی تشبیہ' حضرت نوحؑ کا قصہ' نافرمانی کی وجہ سے خاندان سے خروج' قومِ ہودؑ کا قصہ' توبہ و استغفار کے فوائد' حضرت صالحؑ کا قصہ' حضرت اسحاقؑ کی پیدائش' حضرت لوطؑ کا قصہ' قیامت میں دو قسم کے لوگ ہوں گے' ظالم کی اعانت بھی ظلم ہے اور نماز پنجگانہ کا وجوب وغیرہ۔

فضائل سورۂ ہود

کتاب ثواب الاعمال میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جو شخص ہر جمعہ کے دن سورہ ہود پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ بروز قیامت اسے زمرۂ انبیاء کے ساتھ مبعوث فرمائے گا اور اس کے نامۂ اعمال میں کوئی لغزش مرقوم نہ ہوگی۔

مجمع البیان میں ابی بن کعب سے منقول ہے کہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص سورہ ہود پڑھے تو حضرت نوح علیہ السلام کی تصدیق و تکذیب کرنے والے افراد اور ہودؑ، صالحؑ، شعیبؑ، لوطؑ، ابراہیمؑ اور موسیٰؑ کی تصدیق کرنے والے اور ان کی تکذیب کرنے والے افراد کی تعداد سے دس گنا زیادہ اسے اجر دے گا۔

ابوحنیفہ کہتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا گیا: یارسولؐ اللہ! آپؐ تو بہت جلدی بوڑھے ہو گئے (اس کی وجہ کیا ہے؟)

آنحضرتؐ نے فرمایا: مجھے سورۂ ہود اور اس جیسی سورتوں نے بوڑھا کر دیا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

Scanned by CamScanner

کتاب الخصال میں ابن عباس سے مروی ہے کہ حضرت ابوبکر نے رسولؐ خدا سے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! آپ بہت تیزی سے بوڑھے ہو گئے ہیں؟

آپؐ نے فرمایا: مجھے ہود، واقعہ، مرسلات اور عم یتساءلون جیسی سورتوں نے بوڑھا کر دیا۔

○○○

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ
خَبِيْرٍ ۝١ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ۭ اِنَّنِيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ
وَّبَشِيْرٌ ۝٢ وَّاَنِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُمَتِّعْكُمْ
مَّتَاعًا حَسَنًا اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّيُؤْتِ كُلَّ ذِيْ فَضْلٍ فَضْلَهٗ ۭ
وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنِّىْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ كَبِيْرٍ ۝٣ اِلَى اللّٰهِ
مَرْجِعُكُمْ ۚ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝٤ اَلَآ اِنَّهُمْ يَثْنُوْنَ
صُدُوْرَهُمْ لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ ۭ اَلَا حِيْنَ يَسْتَغْشُوْنَ ثِيَابَهُمْ ۙ
يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۚ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝٥

وَمَا مِنْ دَاۗبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ

مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا ۭ كُلٌّ فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝٦ وَهُوَ الَّذِيْ
خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ وَّكَانَ عَرْشُهٗ عَلَى

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

الْمَآءِ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۗ وَلَئِنْ قُلْتَ اِنَّكُمْ
مَّبْعُوْثُوْنَ مِنْۢ بَعْدِ الْمَوْتِ لَيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا
سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝٧ وَلَئِنْ اَخَّرْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِلٰٓى اُمَّةٍ مَّعْدُوْدَةٍ
لَّيَقُوْلُنَّ مَا يَحْبِسُهٗ ۗ اَلَا يَوْمَ يَاْتِيْهِمْ لَيْسَ مَصْرُوْفًا عَنْهُمْ
وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝٨ وَلَئِنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا
رَحْمَةً ثُمَّ نَزَعْنٰهَا مِنْهُ ۚ اِنَّهٗ لَيَـُٔوْسٌ كَفُوْرٌ ۝٩ وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ
نَعْمَآءَ بَعْدَ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ ذَهَبَ السَّيِّاٰتُ عَنِّىْ ۗ اِنَّهٗ
لَفَرِحٌ فَخُوْرٌ ۝١٠ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۗ اُولٰٓئِكَ
لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝١١ فَلَعَلَّكَ تَارِكٌۢ بَعْضَ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ
وَضَآئِقٌۢ بِهٖ صَدْرُكَ اَنْ يَّقُوْلُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ جَآءَ
مَعَهٗ مَلَكٌ ۗ اِنَّمَآ اَنْتَ نَذِيْرٌ ۗ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ وَّكِيْلٌ ۝١٢
اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۗ قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهٖ مُفْتَرَيٰتٍ
وَّادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝١٣
فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ وَاَنْ لَّآ اِلٰهَ
اِلَّا هُوَ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝١٤ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ ۝
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ ۖ وَحَبِطَ مَا
صَنَعُوْا فِيْهَا وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ
مِّنْ رَّبِّهٖ وَيَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا
وَّرَحْمَةً ۭ اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۭ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ مِنَ الْاَحْزَابِ
فَالنَّارُ مَوْعِدُهٗ ۚ فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ ۣ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ
وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝

سہارا اللہ کے نام کا جو رحمٰن و رحیم ہے

''الٓرٰ۔ یہ وہ کتاب ہے جس کی آیات محکم بنائی گئی ہیں۔ پھر صاحب حکمت باخبر کی طرف سے تفصیل کے ساتھ بیان کی گئی ہیں کہ تم اللہ کے علاوہ کسی کی عبادت نہ کرو۔ میں تمھارے لیے اس کی جانب سے ڈرانے والا اور خوش خبری دینے والا ہوں۔

اور یہ کہ تم اپنے پروردگار سے مغفرت طلب کرو پھر اس کی طرف پلٹ آؤ تو وہ ایک خاص مدت تک کے لیے تمھیں اچھا سامانِ زیست فراہم کرے گا اور ہر صاحب فضل کو اس کا فضل عطا کرے گا لیکن اگر تم منہ پھیرتے ہو تو میں تمھارے متعلق ایک بڑے ہولناک دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔ تمھیں خدا کی طرف پلٹنا ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

آگاہ رہو، یہ لوگ اپنے سینوں کو موڑتے ہیں تاکہ اس سے چھپ جائیں۔ آگاہ رہو، جب یہ کپڑوں سے اپنے آپ کو ڈھانپتے ہیں تو جسے وہ چھپا رہے ہیں اور جسے ظاہر کر رہے ہیں

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اسے اللہ خوب جانتا ہے۔ وہ سینوں میں چھپے ہوئے رازوں سے واقف ہے۔

زمین پر چلنے والا کوئی جاندار ایسا نہیں ہے جس کا رزق اللہ کے ذمہ نہ ہو اور وہ اس کے رہنے کی جگہ اور اس کے سونپے جانے کی جگہ کو جانتا ہے۔ یہ سب کچھ کتاب مبین میں ہے۔

اور وہ وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ ایام (اَدوار) میں پیدا کیا اور اس کا تختِ اقتدار پانی پر تھا تاکہ وہ تمھیں آزمائے کہ تم میں سے بہتر عمل کرنے والا کون ہے اور اگر آپ کہیں کہ موت کے بعد تم اٹھائے جاؤ گے تو منکرین حق یہ ضرور کہیں گے کہ یہ تو واضح جادو کے علاوہ اور کچھ بھی نہیں ہے۔

اور اگر ہم ایک خاص مدت تک ان سے عذاب کو مؤخر کر دیتے ہیں تو وہ کہنے لگ جاتے ہیں کہ آخر کس چیز نے اسے روک رکھا ہے؟ جب اس سزا کا وقت آئے گا تو اسے ان سے ہٹایا نہیں جا سکے گا اور جس عذاب کا وہ مذاق اُڑا رہے ہیں۔ وہی عذاب ان کو گھیر لے گا۔

اور اگر کبھی ہم انسان کو رحمت کا مزہ چکھانے کے بعد اس سے سلب کرتے ہیں تو وہ مایوس ہو جاتا ہے اور ناشکری کرنے لگ جاتا ہے۔

اور اگر اسے تکلیف پہنچنے کے بعد نعمت کا مزہ چکھاتے ہیں تو وہ کہتا ہے کہ مجھ سے تمام برائیاں دُور ہوگئی ہیں اور وہ خوش ہو کر فخر کرنے لگتا ہے۔ مگر وہ لوگ اس کیفیت سے مستثنیٰ ہیں جو صبر کرنے والے نیکوکار ہیں ان کے لیے بخشش اور بڑا اجر ہے تو شاید تم اپنی طرف بھیجی جانے والی وحی کے بعض حصوں کو ترک کرنے والے ہو اور اس سے تمھارا سینہ اس لیے تنگ ہوا ہے کہ یہ لوگ یہ کہیں گے کہ اس پر خزانہ نازل کیوں نہیں کیا گیا یا اس کے ساتھ فرشتہ کیوں نہیں آیا۔ آپ تو صرف عذابِ الٰہی سے ڈرانے والے ہیں اور اللہ ہر چیز کا نگران اور ذمہ دار ہے۔

کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ اس نے خود قرآن گھڑ لیا ہے۔ آپ کہہ دیں کہ تم اس جیسے دس سورہ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

گھڑ کر لے آؤ اور خدا کے علاوہ جو بھی تمھارے معبُود ہیں ان کو مدد کے لیے بلا سکتے ہو تو بلا لو اگر تم سچے ہو۔

پھر اگر وہ (تمھارے معبُود) تمھاری مدد کو نہ پہنچیں تو پھر جان لو کہ یہ کتاب اللہ کے علم سے نازل ہوئی ہے اور یہ کہ اس کے علاوہ کوئی معبُود نہیں ہے تو کیا تم سرِ تسلیم خم کرتے ہو؟ جو لوگ دنیاوی زندگی اور اس کی خوشنمائی کے طالب ہوتے ہیں تو ہم اُن کے اعمال کا پورا بدلہ یہیں دے دیتے ہیں اور ان سے کوئی کمی نہیں کی جاتی۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے لیے آخرت میں نارِ دوزخ کے علاوہ کچھ نہیں ہے اور ان کے سارے اعمال اکارت ہوگئے ہیں اور ان کا سب کیا دھرا باطل ہوگیا ہے۔

کیا وہ جو اپنے رب کی طرف سے کھلی دلیل رکھتا ہو اور اس کے پیچھے اس کا گواہ بھی ہے جو خود اسی میں سے ہے اور اس سے پہلے موسیٰ کی کتاب گواہی دے رہی ہے جو کہ رہنما اور رحمت ہے۔ وہ اس پر ایمان رکھتے ہیں اور انسانی گروہوں میں سے جو بھی اس کا انکار کرے تو دوزخ اس کے لیے وعدہ گاہ ہے۔ تم اس میں شک نہ کرنا۔ یہ تمھارے رب کی طرف سے حق ہے لیکن لوگوں کی اکثریت ایمان نہیں رکھتی۔

قرآن کی آیات محکم اور مفصل ہیں

الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ ۙ

''الٓرٰ، یہ وہ کتاب ہے جس کی آیات محکم بنائی گئی ہیں پھر صاحبِ حکمت باخبر کی طرف سے تفصیل کے ساتھ بیان کی گئی ہیں''۔

''الٓرٰ'' مبتداء ہے اور وہ کتاب ''اس کی خبر ہے''۔ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ ''کتاب'' کی صفت ہے۔

۱- اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ کا ایک مفہوم یہ ہے کہ اس کتاب کی آیات محکم اور مضبوط ہیں اور یہ کبھی منسوخ نہیں ہوں گی۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

قرآن مجید میں اگرچہ کچھ منسوخ آیات بھی موجود ہیں لیکن اس کی زیادہ تر تعداد غیر منسوخ اور نافذ العمل ہے اسی لیے تمام آیات قرآنیہ کے لیے لفظ محکم کا اطلاق کیا گیا ہے۔

۲- اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ کا ایک مفہوم یہ ہے کہ اس کی آیات میں خدائے حکیم کی طرف سے حکمت شامل کی گئی ہے۔

۳- آیات کو محکم بنانے کا ایک مفہوم یہ ہے کہ قرآنی آیات کا لب لباب عقیدہ توحید، عدل، نبوت، امامت و قیامت ہے اور یہ مفاہیم کبھی بھی قابلِ نسخ نہیں رہے۔

۴- آیات کے محکم بنانے کا ایک مفہوم یہ بھی ہے کہ آیات قرآنیہ میں کوئی تناقض و تضاد نہیں ہے اور یہ فصاحت و بلاغت کے آخری درجہ پر فائز ہیں کہ کائنات کا کوئی بھی فرد ان کی مثال لانے سے عاجز ہے۔

''فصلت'' کا مفہوم

آیت میں یہ فرمایا گیا ہے کہ اس کتاب کی آیات محکم اور مفصل ہیں اور مفصل ہونے کے چند مفاہیم ہیں:

۱- آیات کو سورتوں اور آیت آیت کے تحت لایا گیا ہے۔

۲- آیات کو یکے بعد دیگرے بھیجا گیا ہے۔

۳- انسانی ضروریات کی تفصیل بیان کی گئی ہے۔

۴- اس میں حلال و حرام کو علیحدہ کر دیا گیا ہے۔ (اضافہ من المترجم)

استغفار و توبہ کے فوائد

اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنَّنِیْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِیْرٌ وَّبَشِیْرٌ ۙ﴿۲﴾ وَّاَنِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَیْهِ یُمَتِّعْكُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا اِلٰٓی اَجَلٍ مُّسَمًّی وَّیُؤْتِ كُلَّ ذِیْ فَضْلٍ فَضْلَهٗ ؕ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنِّیْٓ اَخَافُ عَلَیْكُمْ عَذَابَ یَوْمٍ كَبِیْرٍ ﴿۳﴾

''کہ تم اللہ کے علاوہ کسی کی عبادت نہ کرو۔ میں تمھارے لیے اس کی جانب سے ڈرانے والا اور خوش خبری دینے والا ہوں۔ اور یہ کہ تم اپنے پروردگار سے مغفرت طلب کرو۔ پھر اس کی طرف پلٹ آؤ تو وہ ایک خاص عرصہ تک کے لیے تمھیں اچھا سامانِ زیست فراہم کرے گا اور ہر صاحب فضل کو اس کا فضل عطا کرے گا اور اگر تم منہ پھیرتے ہو تو میں تمھارے متعلق ایک بڑے ہولناک

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں"۔

مقصد آیات یہ ہے کہ کتاب کو اس لیے محکم و مفصل بنایا گیا ہے تا کہ تم بس اللہ کی ہی عبادت کرو۔ کتاب مقدس کا ماحصل ہی یہ ہے کہ اللہ کے علاوہ کسی کی عبادت نہ کی جائے اور انبیاء کی بعثت اور ان کی تبلیغ کا پہلا مقصد بھی یہی ہے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کی طرف سے نذیر اور بشیر ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ جو لوگ کلمۂ توحید کا انکار کرتے ہیں رسولؐ خدا ان کے لیے عذاب کی خبر دینے والے ہیں اور جو لوگ توحید خداوندی کا اقرار کریں اور استغفار و توبہ کریں تو آنحضرتؐ ان کے لیے بشیر ہیں اور آپ کی بشارت یہ ہے کہ اگر تم نے استغفار اور توبہ کے تقاضوں پر عمل کیا تو اللہ تعالیٰ تمھیں دنیا میں اچھا سامانِ زیست فراہم کرے گا اور ہر شخص کو اس کی فضیلت کے مطابق درجات عطا کرے گا۔

اس آیت میں ایک نکتہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے دنیاوی منافع کو لفظ "متاع" سے تعبیر کیا ہے جس کے معنی تھوڑے بہت فائدہ کے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ منافع دنیا آخرت کے مقابلہ میں انتہائی کم اور قلیل ترین ہیں اسی لیے دنیاوی منافع کو اللہ نے لفظ "متاع" سے تعبیر کیا ہے۔ (اضافہ من المترجم)

اللہ کا اصول یہ ہے کہ وہ ہر صاحب فضیلت کو فضیلت کے درجات عطا کرتا ہے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں وَيُؤْتِ كُلَّ ذِي فَضْلٍ فَضْلَهُ کے تحت حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ اس سے حضرت علی علیہ السلام مراد ہیں۔ مقصد روایت یہ ہے کہ تمام صاحبانِ فضل میں حضرت علی علیہ السلام اعلیٰ و ارفع شخصیت کے مالک ہیں۔

منہ لپیٹ کر گزرنے والے

أَلَا إِنَّهُمْ يَثْنُونَ صُدُورَهُمْ لِيَسْتَخْفُوا مِنْهُ ۚ أَلَا حِينَ يَسْتَغْشُونَ ثِيَابَهُمْ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ ۚ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ

"آگاہ رہو کہ یہ لوگ اپنے سینوں کو موڑتے ہیں تا کہ وہ اس سے چھپ جائیں۔ آگاہ رہو جب یہ کپڑوں سے اپنے آپ کو ڈھانپتے ہیں تو جسے وہ چھپا رہے ہیں اور جسے ظاہر کر رہے ہیں اسے اللہ خوب جانتا ہے اور وہ سینوں میں چھپے ہوئے رازوں سے واقف ہے"۔

روضہ کافی میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

حجر میں بیٹھے ہوتے تو اس وقت مشرکین طوافِ کعبہ کے لیے آتے تو وہ اپنے منہ پر کپڑا ڈال لیتے تھے تاکہ رسولؐ خدا انھیں نہ پہچان سکیں۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں ہے کہ جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت علی علیہ السلام کی کوئی فضیلت بیان کرتے تو منافق اپنے کپڑے سمیٹنے لگ جاتے تھے۔ چنانچہ اللہ نے اس آیت میں ان کی اسی حالت کو بیان کیا ہے۔

ہر جاندار کا رزق خدا کے ذمہ ہے

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا

''اور زمین پر چلنے والا کوئی جاندار ایسا نہیں ہے جس کا رزق خدا کے ذمہ نہ ہو''۔

کائنات میں ہزاروں قسم کے جاندار ہیں اور ان کی غذا ایک دوسرے سے جدا جدا ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام اجناس کو ان کی طبائع اور اعضاء کے تقاضوں کے مطابق رزق فراہم کرتا ہے۔ روایات میں مذکور ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اپنی شانِ رزّاقی دکھانے کے لیے فرمایا کہ اس چٹان پر عصا مارو۔ حضرتؑ نے عصا مارا تو وہ چٹان پھٹ گئی۔ اندر سے دوسری چٹان نمودار ہوئی۔ آپؑ نے اس پر بھی عصا مارا تو وہ پھٹ گئی۔ اس میں سے ایک اور چٹان برآمد ہوئی۔ آپؑ نے اس پر بھی عصا مارا تو وہ پھٹ گئی۔ اس میں سے ایک ننھا سا کیڑا برآمد ہوا۔ اس کے منہ میں ایک سبز پتہ تھا جسے وہ چبا رہا تھا۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے کانوں سے خدا نے حجاب ہٹایا تو آپؑ نے سنا کہ وہ کیڑا کہہ رہا تھا: ''پاک ہے وہ جو مجھے دیکھ رہا ہے اور میرا کلام سن رہا ہے اور میری موجودگی سے واقف ہے اور وہ مجھے یاد رکھتا ہے اور وہ مجھے فراموش نہیں کرتا''۔ (اضافہ من المترجم)

تفسیر عیاشی میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: ایک بدوی رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! میں ایک کثیر العیال شخص ہوں اور بھائیوں، بہنوں اور بھتیجوں کی کفالت بھی میرے ذمہ ہے، لیکن میں انتہائی غریب اور مفلس ہوں۔ آپ اللہ تعالیٰ سے درخواست کریں کہ وہ ہمارے حالات بہتر بنائے۔

رسولؐ خدا نے اسے تسلی دی اور اس کے سامنے وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا کی آیت پڑھی اور اس کے حق میں دعا فرمائی۔ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: ایک شخص نے حضرت عمر کے عہدِ حکومت میں اسے دیکھا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

تھا۔ اس وقت وہ شہر مدینہ کا سب سے بڑا مالدار شخص تھا۔

نہج البلاغہ میں حضرت علی علیہ السلام سے یہ کلمات منقول ہیں

''اس نے سب کو روزی بانٹ رکھی ہے۔ وہ سب کے عمل و کردار اور سانسوں تک کے شمار سے [illegible] چھپی نظروں اور سینے کی مخفی نیتوں اور صلب میں ان کے ٹھکانوں اور شکم میں ان کے سونپے جانے کی جگہوں کا [illegible] ہے یہاں تک کہ ان کی عمریں اپنی حد و انتہا کو پہنچ جائیں''۔

زمین و آسمان چھ دنوں (اَدوار) میں پیدا ہوئے

[illegible]

''اور وہ وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں (ادوار) میں پیدا کیا اور اس کا تخت [illegible] پانی پر تھا تاکہ وہ تمھیں آزمائے کہ تم میں سے بہتر عمل کرنے والا کون ہے؟''

عیون الاخبار میں ابوالصلت عبداللہ بن صالح ہروی سے منقول ہے کہ مامون نے حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے اس آیت کے متعلق دریافت کیا تو آپؑ نے فرمایا

اللہ تعالیٰ نے عرش، پانی اور ملائکہ کو آسمان و زمین کی تخلیق سے پہلے خلق کیا تھا۔ ملائکہ اپنے وجود اور عرش [illegible] گرفت کی ذات کا استدلال کرتے تھے۔ پھر اللہ نے اپنا عرش اقتدار پانی پر قائم کیا تاکہ ملائکہ کو اس کی قدرت کا علم ہو سکے اور انھیں معلوم ہو سکے کہ اللہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔ پھر اللہ نے عرش کو اپنی قدرت سے خلق کیا اور اسے سات آسمانوں کے اوپر قرار دیا۔

پھر اس نے سات آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں (ادوار) میں پیدا کیا۔ خدا چشم زدن میں بھی پیدا کرنے کی قدرت رکھتا تھا لیکن اس نے چھ ایام (ادوار) میں اس لیے پیدا کیا تاکہ ملائکہ یہ جان سکیں کہ آسمان و زمین تدریجی طور پر [illegible] ہیں اور اس درجہ بندی سے ان کا حادث ہونا ثابت کیا جب کہ ہر حادث اپنے وجود کے لیے اپنے خالق کا محتاج ہوتا ہے۔ اللہ نے عرش کو اپنی کسی احتیاج کی بنا پر پیدا نہیں کیا۔ وہ عرش اور اپنی تمام مخلوق سے بے نیاز ہے۔ اس کے متعلق یہ کہنا صحیح نہیں ہے کہ وہ عرش پر بیٹھا ہوا ہے۔ اللہ جسم و جسمانیات سے پاکیزہ ہے اور وہ اپنی مخلوق کی صفت سے منزہ ہے۔ پھر

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

تخلیق انسان کا مقصد بیان کرتے ہوئے فرمایا: لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ''تاکہ تمھیں آزمائے کہ تم میں سے بہتر عمل کرنے والا کون ہے؟''

خدا نے یہ نہیں کہا کہ وہ معلوم کرنا چاہتا ہے کہ تم میں سے بہتر عمل کرنے والا کون ہے کیونکہ خدا تو ہر چیز کا پہلے سے عالم ہے۔ جب مامون نے امام علیہ السلام کا یہ بیان سنا تو اس نے کہا:

اے ابوالحسنؑ! آپؑ نے میرا عقدہ حل کر دیا۔ خدا آپؑ کے عقدے حل فرمائے۔

الکافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے دنیا کو چھ ایام میں پیدا کیا۔ پھر ان کے ایام کو سال کے دنوں سے نفی کر دیا ہے اسی لیے ایک سال تین سو چون (۳۵۴) دنوں کا ہوتا ہے (جب کہ اصولی طور پر اسے تین سو ساٹھ دنوں پر مشتمل ہونا چاہیے تھا۔

احتجاج طبرسی میں حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام سے یہ کلمات منقول ہیں: اللہ تعالیٰ نے احکامِ شریعت کو رفتہ رفتہ مکمل کیا' تاکہ مخلوق کے لیے ان پر عمل کرنا آسان ہو سکے اور مبلغین شریعت کے لیے بھی آسانی رہے۔ اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کو بھی چھ مراحل میں پیدا کیا' حالانکہ اگر وہ چاہتا تو وہ چشمِ زدن میں بھی انھیں پیدا کر سکتا تھا۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ وَّكَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ کے ضمن میں مرقوم ہے: ابتدائے تخلیق کے وقت عرش اقتدار پانی پر تھا۔ اللہ تعالیٰ نے ہوا کو پیدا کیا۔ پھر قلم کو پیدا کیا اور اسے حکم دیا کہ وہ جاری ہو جائے (یعنی لکھے)۔ قلم نے عرض کیا: پروردگار! میں کیا لکھوں؟

اللہ نے فرمایا: جو کچھ کائنات میں ظہور پذیر ہونا ہے وہ سب کچھ لکھو۔ پھر اللہ نے ہوا سے تاریکی کو پیدا کیا اور ہوا سے روشنی کو پیدا کیا اور پانی کو ہوا سے پیدا کیا اور عرش کو ہوا سے بنایا اور اس نے ہوا کی ایک قسم کو ''ریح عقیم'' یعنی سخت ہوا بنایا اور آگ کو ہوا سے پیدا کیا۔ پھر تمام مخلوقات کو ہوا سے پیدا ہونے والی چھ اشیاء سے پیدا کیا۔ اللہ نے سخت ہوا کو پانی پر مسلط کیا۔ اس نے پانی کو سخت حرکت دی جس سے بڑی بڑی موجیں وجود میں آئیں اور جھاگ پیدا ہوئی اور اس کا دھواں ہوا میں پھیلنے لگا۔ جب وہ وقت آیا جس کا خدا نے ارادہ کیا تھا تو جھاگ سے کہا: جم جا۔

جیسے ہی حکم صادر ہوا جھاگ جم گئی اور موج سے فرمایا کہ تو بھی جم جا۔ موج جم گئی۔ اللہ نے جھاگ سے زمین بنائی اور موج سے مضبوط پہاڑ پیدا کیے۔ جب وہ جم گئے تو اللہ نے روح و قدرت سے کہا: تم آسمان پر میرے عرش کو سجاؤ۔ انھوں نے اللہ کا عرش آسمانوں پر سجایا۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اللہ تعالیٰ نے دھوئیں سے فرمایا کہ جم جا۔ وہ جم گیا۔ پھر اللہ نے حکم دیا کہ تو لمبی سانس لے۔ پھر اس سے اور زمین سے فرمایا: چاہو تو خوشی سے ہمارا حکم قبول کرو چاہو تو مجبور ہو کر ہمارا حکم تسلیم کرو۔ انھوں نے کہا: ہم بخوشی اطاعت کر رہے ہیں۔ پھر اللہ نے دو دنوں میں آسمان پیدا کیے اور ان کے برابر سات زمینیں پیدا کیں۔ جب اس نے مخلوق کا رزق پیدا کر لیا تو اس نے آسمان، جنان اور ملائکہ کو جمعرات کے دن پیدا کیا۔ زمین کو اتوار کے دن پیدا کیا اور بری و بحری مخلوقات کو سوموار کے دن پیدا کیا اور انھی دو دنوں کے لیے اللہ نے فرمایا ہے: اَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُوْنَ بِالَّذِيْ خَلَقَ الْاَرْضَ فِيْ يَوْمَيْنِ (حم السجدہ:۹) ''تو کیا تم اس ہستی کا انکار کرتے ہو جس نے زمین کو دو دنوں میں پیدا کیا؟''

اللہ تعالیٰ نے درخت، دریا اور دریائی مخلوق اور چرند منگل کے دن پیدا کیے اور جنات کے جدِ اعلیٰ ''جان'' کو ہفتہ کے دن پیدا کیا اور پرندے بدھ کے دن پیدا کیے اور آدم علیہ السلام کو روزِ جمعہ کی چھ گھڑیوں میں پیدا کیا۔ الغرض اللہ نے چھ ایام میں آسمانوں اور زمین اور ان میں رہنے والی مخلوقات کو پیدا کیا۔

روضہ کافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اتوار کے دن ''خیر'' کو پیدا کیا۔ اللہ ''خیر'' سے قبل ''شر'' کو پیدا نہیں کر سکتا تھا اور اتوار سوموار کے دنوں میں زمینیں پیدا کیں اور زمینی غذاؤں کو بدھ کے دن پیدا کیا اور آسمانوں کو بدھ اور جمعرات کے دنوں میں پیدا کیا اور آسمانی غذاؤں کو جمعہ کے دن پیدا کیا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ''خدا نے آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے اس کو چھ دنوں میں پیدا کیا''۔

کیا خدا عرش پر بیٹھا ہوا ہے؟

وَكَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ

''اور اس کا عرشِ اقتدار پانی پر تھا''۔

کتاب التوحید میں داؤد رقی سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے وَكَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ کے متعلق دریافت کیا تو اس کے جواب میں آپؑ نے فرمایا: لوگ اس کے متعلق کیا نظریہ رکھتے ہیں؟

میں (راوی) نے کہا: لوگ تو کہتے ہیں کہ عرش پانی پر تھا اور خدا عرش پر بیٹھا ہوا تھا۔

یہ سن کر آپؑ نے فرمایا: وہ جھوٹ بولتے ہیں۔ اگر اس نظریہ کو مان لیا جائے تو خدا ''محمول'' (اٹھایا جانے والا) قرار

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ہے کیونکہ یہ صفت مخلوق کی ہے خالق کی نہیں ہے اور اس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ جس نے خدا کو اٹھایا تھا اس میں زیادہ طاقت تھی اور خدا میں تھوڑی طاقت تھی جبھی تو اٹھایا تھا!

میں (راوی) نے کہا: میں آپؑ پر قربان جاؤں آپؑ ہی اس کی وضاحت کریں۔

آپؑ نے فرمایا: اللہ نے اپنے علم اور اپنے دین کو پانی پر سوار کیا۔ اس وقت نہ تو آسمان تھا اور نہ ہی زمین بنی تھی اور اس وقت نہ انسان تھے اور نہ ہی جن تھے اور اس وقت شمس و قمر کا وجود نہیں تھا۔ پھر جب اللہ نے مخلوق کو پیدا کیا تو انھیں اپنے سامنے پھیلا دیا اور ان سے کہا کہ تمھارا رب کون ہے؟

سب سے پہلے رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور امیر المومنین علی اور ائمہ علیہم السلام نے جواب دیا اور کہا کہ تو ہی ہمارا رب ہے۔ اللہ نے اپنا علم اور اپنا دین ان کے سپرد کر دیا' پھر خدا نے ملائکہ سے فرمایا: یہ ہستیاں میرے علم اور میرے دین کی حامل ہیں اور میری مخلوق میں میرے امین ہیں اور یہ مسئول (جواب دہ) ہوں گے۔ اس کے بعد اللہ نے اولادِ آدمؑ سے فرمایا کہ تم میری ربوبیت اور ان کی اطاعت کا اقرار کرو۔

بنی آدم نے کہا: خدایا! ہم نے تیرے فرمان کو تسلیم کیا اور ہم نے اقرار کیا۔

اس وقت اللہ نے ملائکہ سے فرمایا کہ تم ان کے اقرار کے گواہ بن جاؤ' تا کہ کل روزِ حشر میں ان میں سے کوئی یہ نہ کہنے پائے کہ آخر ہم کیا کرتے' ہمارے آباء واجداد نے شرک کیا تھا۔ ہم تو ان کے نقشِ قدم پر چلنے والے لوگ تھے۔

حدیث کے آخر میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: روزِ میثاق ہماری ولایت کی تاکید کی گئی تھی۔

اصولِ کافی کی دو روایات میں بھی اسی مفہوم کو بیان کیا گیا ہے۔

الکافی میں مرقوم ہے کہ جب کائنات میں صرف پانی ہی پانی تھا اور پوری کائنات وَكَانَ عَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ کا منظر پیش کر رہی تھی تو اس پانی میں بیت اللہ کا مقام ایک سفید موتی کی طرح سے چمکتا تھا۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں ابوبکر حضرمی سے منقول ہے کہ اموی خلیفہ ہشام بن عبدالملک حج کے لیے آیا اور اس کے ساتھ "ابرش کلبی" بھی تھا۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام بھی حج کے لیے آئے ہوئے تھے۔ ہشام کی نظر امام صادقؑ پر پڑی تو اس نے اپنے مصاحبِ خاص "ابرش کلبی" سے کہا کہ تم انھیں جانتے ہو؟ اس نے اپنی لاعلمی کا اظہار کیا۔ ہشام نے کہا: کن یہ وہ ہے جس کے وسعتِ علم کی وجہ سے شیعہ اسے اپنا نبی مانتے ہیں۔

"ابرش" نے کہا: اگر یہ بات ہے تو پھر میں اس سے وہ مسئلہ پوچھتا ہوں جس کا جواب نبی اور وصی کے علاوہ اور کوئی

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

نہیں دے سکتا۔ یہ سن کر ابرش امام جعفر صادق علیہ السلام کے پاس آیا اور اس نے کہا کہ آپؑ مجھے قرآن کریم کی ایک آیت کا مفہوم سمجھائیں۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: اَوَلَمْ یَرَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ کَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا (انبیاء: ۳۰) ''کیا کافروں نے یہ نہیں دیکھا کہ آسمان اور زمین بند تھے ہم نے انھیں کھول دیا) سوال یہ ہے کہ وہ بند کیسے تھے اور کھلے تو کیسے کھلے؟''

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اللہ کی صفات وہی ہیں جو اس نے خود بیان کی ہیں۔ اللہ کا عرش اقتدار پانی پر تھا اور پانی ہوا پر تھا اور ہوا کی کوئی حد نہیں تھی۔ اس وقت پانی اور ہوا کے علاوہ کوئی چیز پیدا نہیں ہوئی تھی۔ پانی میٹھا تھا۔ پھر جب خدا نے زمین بنانے کا ارادہ کیا تو ہواؤں کو چلنے کا حکم دیا۔ جب ہوائیں چلیں تو موجیں وجود میں آئیں۔ موجوں سے جھاگ پیدا ہوئی اور پھر جھاگ یکجا ہوئی۔ اللہ نے اس جھاگ کو بیت اللہ کے مقام پر جمع کیا۔ پھر خدا نے جھاگ کا پہاڑ بنایا اور اس کے نیچے سے زمین بچھائی۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اِنَّ اَوَّلَ بَیْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِیْ بِبَکَّةَ مُبٰرَکًا وَّهُدًی لِّلْعٰلَمِیْنَ ۚ (آل عمران:۹۶) ''یقیناً پہلا گھر جسے لوگوں کے لیے بنایا گیا ہے وہ وہی ہے جو مکہ میں ہے اور وہ بابرکت اور تمام جہانوں کے لیے ہدایت ہے''۔

پھر جتنا عرصہ تک خدا چاہتا تھا' ٹھہرا رہا۔ اس کے بعد جب اس نے آسمان بنانے کا ارادہ کیا تو ہواؤں کو چلنے کا حکم دیا وہ سمندروں پر چلتی رہیں' یہاں تک کہ جھاگ پیدا ہوئی۔ پھر اس جھاگ اور موج سے آگ کے بغیر دھواں پیدا ہوا جس سے خدا نے آسمان بنایا اور اس میں بروج و نجوم پیدا کیے اور سورج چاند کی منازل مقرر فرمائیں اور انھیں فلک میں چلایا۔ آسمان سبز پانی کے رنگ کی طرح سے سبز تھا اور زمین میٹھے پانی کے رنگ کی طرح سے غبار آلود تھی۔

نہج البلاغہ میں حضرت علی علیہ السلام سے یہ کلمات منقول ہیں: پھر یہ کہ اس نے کشادہ فضا' وسیع اطراف و اکناف اور خلا کی وسعتیں پیدا کیں اور ان میں ایسا پانی بنایا جس کے دریائے مواج کی لہریں طوفانی اور بحر ذخار کی موجیں تہ بہ تہ تھیں۔ اسے تیز ہوا اور تند آندھی کی پشت پر لادا۔ پھر اسے پانی کے پلٹانے کا حکم دیا اور اسے اس کے پابند رکھنے پر قابو دیا اور اسے پانی کی سرحد سے ملا دیا۔ اس کے نیچے ہوا دُور تک پھیلی ہوئی تھی اور اُوپر پانی ٹھاٹھیں مار رہا تھا۔ پھر اللہ سبحانہ نے اس پانی کے اندر ایک ہوا خلق کی' جس کا چلنا بانجھ (بے ثمر) تھا اور اسے اس کے مرکز پر قرار رکھا۔ اس کے جھونکے تیز کر دیئے اور اس کے چلنے کی جگہ دُور اور دراز تک پھیلا دی۔ پھر اس ہوا کو مامور کیا کہ وہ پانی کے ذخیرے کو تھپیڑے دے اور بحرِ بے کراں کی موجوں کو اُچھالے۔ اس ہوا نے پانی کو یوں متھ دیا جس طرح دہی کے مشکیزے کو متھا جاتا ہے اور اسے دھکیلتی ہوئی تیزی سے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

چلی جس طرح خالی فضا میں چلتی ہے اور پانی کے ابتدائی حصے کو آخری حصے پر اور ٹھہرے ہوئے کو متلاطم پر پلٹانے لگی یہاں تک کہ اس متلاطم پانی کی سطح بلند ہوگئی اور وہ تہ بہ تہ پانی جھاگ دینے لگا۔ اللہ نے وہ جھاگ کھلی ہوا اور کشادہ فضا کی طرف اٹھائی اور اس سے ساتوں آسمان پیدا کیے۔ نیچے والے آسمان کو رکی ہوئی موج کی طرح بنایا اور اُوپر والے آسمان کو محفوظ چھت بنایا۔ الی آخرہ (اضافۃ من المترجم نقلا عن نہج البلاغہ)

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ ابن عباس نے حضرت امام زین العابدین علیہ السلام سے چند مسائل دریافت کرائے۔ ان مسائل میں ایک مسئلہ کا تعلق عرش سے بھی تھا۔ اللہ نے عرش سے قبل صرف تین چیزوں یعنی ہوا، قلم اور نور کو پیدا کیا تھا۔

اصول کافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: لِيَبْلُوَكُمْ أَيُّكُمْ أَحْسَنُ عَمَلًا "تاکہ خدا تمھیں آزمائے کہ تم میں سے بہتر عمل کون کرتا ہے"۔ اللہ تعالیٰ عمل میں بہتری کو دیکھنا چاہتا ہے عمل کی کثرت کو دیکھنا نہیں چاہتا (یعنی خدا عمل کی کیفیت کو دیکھتا ہے کمیت کو نہیں دیکھتا) اور عمل کا حُسن خوفِ خدا اور سچی نیت میں مضمر ہے۔

نہج البلاغہ میں امیر المومنین علی علیہ السلام سے یہ کلمات منقول ہیں: اللہ سبحانہٗ نے اپنے رسولوں کو وحی کے امتیازات کے ساتھ بھیجا اور انھیں مخلوق پر اپنی حجت ٹھہرایا، تاکہ وہ یہ عذر نہ کرسکیں کہ ان پر حجت تمام نہیں ہوئی۔ چنانچہ اللہ نے انھیں سچی زبانوں سے راہِ حق کی دعوت دی۔ (یوں تو) خدا مخلوقات کو اچھی طرح جانتا بوجھتا ہے اور جن رازوں اور بھیدوں کو وہ چھپا کر رکھتے ہیں، خدا ان سے بے خبر نہیں ہے۔ (پھر یہ احکام اس لیے دیئے ہیں) کہ وہ ان لوگوں کو آزما کر ظاہر کردے کہ ان میں سے اعمال کے لحاظ سے کون اچھا ہے تاکہ ثواب ان کی جزا اور عقاب ان کی (بداعمالیوں) کی پاداش ہو۔

کتاب احتجاج طبرسی میں حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: اللہ نے مخلوق کو پیدا کیا اور وہ ان کے انجام سے بھی باخبر تھا۔ اللہ نے انھیں چند چیزوں کے بجالانے کا حکم دیا اور چند چیزوں سے پرہیز کرنے کا حکم دیا۔ جن امور کو اس نے بجالانے کا حکم دیا ہے لوگوں میں اس کے بجالانے کی استطاعت بھی رکھی ہے اور جن چیزوں سے خدا نے منع کیا ہے اس سے دُور رہنے کی بھی لوگوں میں قدرت رکھی ہے۔ البتہ جب لوگ اس کے اوامر بجالاتے ہیں اور اس کے نواہی سے باز رہتے ہیں تو اس میں خدا کا اذن شامل ہوتا ہے۔ اللہ نے کسی کو اپنی نافرمانی پر مجبور نہیں کیا البتہ خدا بندوں کی آزمائش ضرور کرتا ہے۔ اس ذریعہ سے وہ یہ دیکھتا ہے کہ بہتر عمل کرنے والے کون ہیں؟

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اُمتِ معدودہ

وَلَئِنْ اَخَّرْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِلٰٓى اُمَّةٍ مَّعْدُوْدَةٍ لَّيَقُوْلُنَّ مَا يَحْبِسُهٗ .....

''اور اگر ہم ان سے ایک خاص مدت تک کے لیے عذاب مؤخر کر دیتے ہیں تو کہنے لگ جاتے ہیں کہ اسے کس چیز نے روک رکھا ہے؟''

آیت مجیدہ کا ایک ممکنہ ترجمہ یہ بھی ہے اور اگر ہم ان سے کچھ مخصوص اور مقرر کردہ گروہ کے آنے تک عذاب کو مؤخر کر دیتے ہیں تو کہنے لگ جاتے ہیں کہ اسے کس چیز نے روک رکھا ہے؟

لفظ ''امۃ'' کا اطلاق لوگوں کے ایک گروہ پر ہوتا ہے مثلاً اگر ہم کہیں جآء نی امۃ من الناس تو اس کا یہ معنی ہوگا کہ میرے پاس لوگوں کا ایک گروہ آیا۔ قرآن مجید میں بھی لفظ ''اُمت'' انسانی گروہ کے معانی میں آیا ہے۔ جیسا کہ فرمانِ قدرت ہے: وجد غلیہ اُمۃ من الناس یسقون' یا واذکر بعد اُمۃ یعنی اس نے کئی گروہوں کے گزر جانے کے بعد یوسف کو یاد کیا۔ کفارِ مکہ آنحضرتؐ کا مذاق اُڑاتے تھے اور کہتے تھے کہ تم جس عذاب سے ہمیں ڈرا رہے ہو آخر وہ عذاب ہم پر کیوں نہیں آ جاتا؟ اللہ تعالیٰ نے جواب میں ارشاد فرمایا کہ اس عذاب کے نازل کرنے کا ایک وقت ہم نے مقرر کر رکھا ہے جب وہ وقت آئے گا تو پھر عذاب تم سے ہٹایا نہ جائے گا۔ کفارِ مکہ کو اگرچہ غزوات میں عذاب الٰہی کا سامنا کرنا پڑا تھا مگر وہ عذاب آئے گا تو پھر کسی کے ٹالے نہیں ٹلے گا۔ (اضافۃ من المترجم نقلا عن الرازی)

روایات اہلِ بیتؑ میں ''اُمت معدودہ'' سے اصحابِ قائمؑ کو مراد لیا گیا ہے جیسا کہ حسب ذیل چار روایات میں اس کی تصریح موجود ہے۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ اُمۃ معدودۃ یعنی گنے ہوئے گروہ کے افراد کی تعداد مجاہدین بدر کی تعداد کے برابر ہوگی۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: اصحابِ قائمؑ کی تعداد تین سو سے کچھ اُوپر ہوگی۔ خدا کی قسم وہ اُمۃ معدودہ ہیں اور انھی کے متعلق وَلَئِنْ اَخَّرْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِلٰٓى اُمَّةٍ مَّعْدُوْدَةٍ کی آیت میں اشارہ کیا گیا ہے۔ اور جب خدا کا حکم ہوگا تو وہ خریف کے بادل کے متفرق ٹکڑوں کی طرح سے ایک دوسرے سے مل جائیں گے۔

حسین بن خزاز کہتے ہیں کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اُمۃ معدودہ سے حضرت قائمؑ اور ان کے اصحاب مراد ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

روضہ کافی میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب حضرت قائمؑ کا ظہور ہوگا تو اللہ تعالیٰ آپؑ کے تین سو تیرہ ساتھیوں کو آپؑ کے لیے جمع کردے گا اور وہ خریف کے بادل کے ٹکڑوں کی طرح سے ایک دوسرے سے آکر ملیں گے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں بھی حضرت علی علیہ السلام سے یہی مفہوم منقول ہے۔

ایک انسانی عادت

وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ نَعْمَآءَ بَعْدَ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ ذَهَبَ السَّيِّاٰتُ عَنِّيْ ۭ اِنَّهٗ لَفَرِحٌ فَخُوْرٌ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝

"اگر کبھی ہم انسان کو رحمت کا مزہ چکھانے کے بعد اس سے رحمت سلب کر لیتے ہیں تو وہ مایوس ہوجاتا ہے اور ناشکری کرنے لگ جاتا ہے۔ اور اگر ہم اسے تکلیف پہنچنے کے بعد نعمت کا مزہ چکھاتے ہیں تو وہ کہتا ہے کہ مجھ سے تمام برائیاں چلی گئی ہیں اور وہ خوش ہوکر فخر کرنے لگ جاتا ہے۔ مگر وہ لوگ اس کیفیت سے مستثنیٰ ہیں جو صبر کرنے والے نیکوکار ہیں ان کے لیے بخشش اور بڑا اجر ہے"۔

ان آیات میں عام انسانی نفسیاتی کیفیت کو بیان کیا گیا ہے کہ اگر انسان کو نعمت مل جائے تو وہ ناشکری کرتا ہے اور اگر اس سے نعمت سلب کرلی جائے تو وہ نا اُمیدی اور مایوسی میں چلا جاتا ہے۔

ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے واضح کیا کہ یہاں کی نعمات بھی انتہائی محدود اور ہوا کے ایک جھونکے کی مانند ہیں اور دنیا کے حالات ہر وقت تغیر پذیر رہتے ہیں۔ کبھی سکھ ہے تو کبھی دکھ ہے۔ کبھی شہنائی کی گونجیں ہیں تو کبھی ماتم کی صدائیں ہیں۔ تھوڑے دل والے انسان دکھ کو دیکھ کر جزع فزع کرنے لگ جاتے ہیں جب کہ اہلِ صبر اور اعمالِ صالحہ کا ذخیرہ رکھنے والے افراد سکھ میں اللہ کا شکر ادا کرتے ہیں اور دکھ کی گھڑی میں صبر کرتے ہیں۔

الخصال میں مرقوم ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام سے اپنی ایک وصیت میں فرمایا تھا: یا علیؑ! ایک مومن میں آٹھ خصلتیں ہونی چاہییں:

۱- دل ہلا دینے والے حالات میں باوقار رہے ۲- آزمائش کے لمحات میں صابر رہے ۳- سکھ کے وقت شکر ادا کرے ۴- خدا کے دیئے ہوئے رزق پر قناعت کرے ۵- اپنے دشمنوں پر بھی ظلم نہ کرے۔ ۶- دوستوں پر اپنا بوجھ نہ ڈالے ۷- اس کا بدن اس سے تھکان محسوس کرے ۸- باقی لوگ اس سے راحت محسوس کریں۔ (انتہائی من المترجم)

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کفار کے اعتراضات

فَلَعَلَّكَ تَارِكٌ بَعْضَ مَا يُوحَىٰ إِلَيْكَ وَضَائِقٌ بِهِ صَدْرُكَ أَن يَقُولُوا لَوْلَا أُنزِلَ عَلَيْهِ كَنزٌ أَوْ جَاءَ مَعَهُ مَلَكٌ ۚ إِنَّمَا أَنتَ نَذِيرٌ ۚ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ وَكِيلٌ ۝

''تو شاید تم اپنی طرف بھیجی جانے والی وحی کے بعض حصوں کو ترک کرنے والے ہو اور اس سے تمھارا سینہ اس لیے تنگی محسوس کرتا ہے کہ یہ لوگ کہیں گے کہ اس پر خزانہ نازل کیوں نہیں ہوا یا اس کے ساتھ فرشتہ کیوں نہیں آیا۔ آپ تو صرف عذابِ الٰہی سے ڈرانے والے ہیں اور اللہ ہر چیز کا نگران اور ذمہ دار ہے''۔

روضہ کافی میں عمار بن سوید سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے سنا کہ آپؑ نے فرمایا: جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ کے قریب مقام ''قدید'' پر پہنچے تو آپؐ نے حضرت علی علیہ السلام سے فرمایا: اے علیؑ! میں نے اپنے رب سے سوال کیا کہ وہ میرے اور تیرے درمیان موالات قائم رکھے' اللہ نے میری اس دعا کو قبول کیا۔ میں نے اپنے رب سے دعا مانگی۔ وہ میرے اور تیرے درمیان مواخات قائم فرمائے' اللہ نے میری یہ دعا بھی قبول فرمائی۔ میں نے اپنے رب سے دعا مانگی کہ وہ تجھے میرا وصی مقرر کرے' اللہ نے میری یہ دعا بھی قبول فرمائی۔

قریش میں سے حضرت علی علیہ السلام کے ''مخالفین'' نے کہا کہ محمدؐ کی اس دعا سے تو تین کلو کھجوریں جو پرانی مشک میں پڑی ہوئی ہوں' ہمیں اس سے زیادہ عزیز ہیں۔ اس کی بجائے محمدؐ نے یہ سوال کیوں نہ کیا کہ اللہ اس کی مدد کے لیے کوئی فرشتہ نازل کرے اور اس نے خدا سے کوئی خزانہ کیوں نہ مانگا جس سے اسے فقر و فاقہ سے نجات ملے۔ محمدؐ اپنے رب سے حق و باطل کی جو بھی دعا مانگتے ہیں وہ قبول ضرور ہوتی ہے۔

ان کی یہ باتیں سن کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دکھ ہوا اور آپ کو سینے میں تنگی سی محسوس ہوئی۔ آنحضرتؐ کی اس حالت کو دیکھ کر اللہ نے آپؐ پر یہ آیت نازل فرمائی: فَلَعَلَّكَ تَارِكٌ بَعْضَ مَا يُوحَىٰ إِلَيْكَ .....

تفسیر عیاشی میں زید بن ارقم صحابی سے مروی ہے کہ جبریل امینؑ شب عرفہ رسولؐ خدا پر نازل ہوئے اور ولایت علیؑ کی تبلیغ کا حکم دیا۔ رسولؐ خدا نے منافقین کی تکذیب کے اندیشہ سے اپنے سینہ میں تنگی سی محسوس کی۔ آپؐ نے کچھ افراد کو مشورہ کے لیے طلب کیا اور ان افراد میں مَیں بھی شامل تھا۔ آپؐ نے ہم سے مشورہ طلب کیا کہ کیا اس کا اعلان ایامِ حج میں کیا جائے؟ جواب میں ہم نے کچھ نہ کہا: رسولؐ خدا رو دیئے۔ جبریل امینؑ نے آپؐ سے کہا: محمدؐ! کیا آپ حکمِ خدا پہنچانے سے گھبرا گئے ہیں؟

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جبریلؑ! ہرگز نہیں۔ میرے رب کو علم ہے کہ میں نے قریش کی کتنی اذیتیں سہی ہیں۔ ان لوگوں نے اس وقت تک میری رسالت کا اقرار نہیں کیا جب تک خدا نے مجھے اذنِ جہاد نہ دیا اور میری مدد کے لیے آسمان سے لشکر نہ اُتارے۔ اب یہ لوگ میرے بعد علیؑ کی ولایت کے اقرار پر کیسے آمادہ ہوں گے؟!

جبریل امینؑ آنحضرتؐ کی یہ گفتگو سن کر چلے گئے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو تسلی کے لیے فَلَعَلَّكَ تَارِكٌ بَعْضَ مَا يُوحَىٰ إِلَيْكَ وَضَائِقٌ بِهِ صَدْرُكَ ..... کی آیت مجیدہ نازل فرمائی۔

عمار بن سوید سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے فَلَعَلَّكَ تَارِكٌ بَعْضَ مَا يُوحَىٰ إِلَيْكَ وَضَائِقٌ بِهِ صَدْرُكَ کی آیت کے متعلق بیان فرمایا جس کا کچھ حصہ ہم روضہ کافی کی روایت سے نقل کر چکے ہیں۔ روایت کے آخر میں امام علیہ السلام نے فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز کے آخر میں (یعنی نماز ختم کرنے کے بعد) بلند آواز سے علیؑ کے لیے دعا مانگی اور جسے تمام حاضرین نے سنا:

اللهم هب لعلي المودة في صدور المؤمنين والهيبة والعظمة في صدور المنافقين

"پروردگار! مومنین کے دلوں میں علیؑ کی محبت عنایت فرما اور منافقین کے سینوں میں علیؑ کی ہیبت اور عظمت کو مسلط فرما"۔

اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی:

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمَٰنُ وُدًّا ﴿٩٦﴾ فَإِنَّمَا يَسَّرْنَاهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِينَ وَتُنذِرَ بِهِ قَوْمًا لُّدًّا ﴿٩٧﴾ (مریم:۹۶-۹۷)

"بے شک وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک عمل کیے عنقریب اللہ ان کے لیے مودت پیدا کردے گا۔ ہم نے اسے آپ کی زبان سے آسان کیا ہے تاکہ اس سے آپ پرہیزگاروں کو بشارت دیں اور جھگڑالو قوم کو عذاب الٰہی سے ڈرائیں"۔

"جھگڑالو قوم" سے بنی اُمیہ مراد ہیں۔

وہاں پر موجود "ایک شخص" نے کہا: محمدؐ کے اس سوال سے تو مجھے ایک صاع کھجوریں جو کہ پرانی مشک میں پڑی ہوئی ہوں زیادہ عزیز ہیں۔ اس کے بجائے محمدؐ کو چاہیے تھا کہ وہ خدا سے ایک فرشتہ کے نازل ہونے کا سوال کرتا جو اس کی مدد کرتا یا پھر محمدؐ کو چاہیے تھا کہ خدا سے کوئی خزانہ ہی مانگ لیتا تاکہ اس سے اس کا فقر و فاقہ تو دُور ہو جاتا۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اس پر اللہ نے دس آیات نازل فرمائیں، جن میں پہلی آیت فَلَعَلَّكَ تَارِكٌ بَعْضَ ہے۔ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ پھر وہ یہ کہتے ہیں کہ محمدؐ نے اسے خود ہی افتراء کرلیا ہے۔ یعنی ولایتِ علیؑ، محمدؐ کی ذاتی اختراع ہے۔ قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهٖ مُفْتَرَيٰتٍ ..... فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ ..... یعنی اگر وہ ولایتِ علیؑ کے حکم میں آپ کا کہا نہ مانیں تو ہمیں ان کی کوئی پروا نہیں ہے۔ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ وَاَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝ ''جان لو جو کچھ نازل کیا گیا ہے وہ اللہ کے علم سے نازل ہوا ہے اور اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے تو کیا تم سرِ اطاعت خم کرلو گے؟ یعنی کیا تم ولایتِ علیؑ کو تسلیم کرلو گے؟!

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ ۝ ''جو بھی دنیاوی زندگی اور اس کی آرائش کا طلب گار ہو تو ہم ان کے اعمال کا پورا بدلہ اسی دنیا میں ہی دے دیتے ہیں''۔ مقصد یہ ہے کہ ولایتِ علیؑ کے منکرین کے اعمال کا بدلہ ہم اس دنیا میں ہی دے دیں گے اور ان سے کوئی کمی نہیں کی جاتی۔

اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ وَيَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ۭ اُولٰۗىِٕكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۭ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ مِنَ الْاَحْزَابِ فَالنَّارُ مَوْعِدُهٗ ۚ فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ ۣ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ ''کیا وہ (بھی افتراء کرسکتا ہے) جو اپنے رب کی طرف سے کھلی دلیل رکھتا ہو۔ اور اس کے پیچھے اس کا گواہ بھی ہے جو خود اسی میں سے ہے اور اس سے پہلے موسیٰؑ کی کتاب گواہی دے رہی ہے جو کہ رہنما اور رحمت ہے وہ اس پر ایمان رکھتے ہیں اور انسانی گروہوں میں سے جو بھی اس کا انکار کرے تو اس کے لیے دوزخ وعدہ گاہ ہے۔ تم اس میں شک نہ کرنا یہ تمھارے رب کی طرف سے حق ہے لیکن لوگوں کی اکثریت ایمان نہیں رکھتی''۔

اس آیت میں اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ کے الفاظ کے مصداق رسولِ خداؐ ہیں اور وَيَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ سے امیرالمومنینؑ مراد ہیں اور وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً کا اشارہ اس بات کی طرف ہے کہ علیؑ کی ولایت کا غطر بار تذکرہ کتاب موسیٰؑ میں بھی موجود تھا۔ اور ''یقول الاشھاد'' سے ائمہ علیہم السلام مراد ہیں۔

دنیا طلبی

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جو شخص دنیا کے حصول کے لیے کوئی نیک کام کرے گا تو اللہ تعالیٰ اسے دنیا ہی میں اس کا اجر عطا کردے گا جب کہ آخرت میں اس کے لیے دوزخ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کے سوا اور کچھ نہ ہوگا۔

مجمع البیان میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آپؐ نے فرمایا: میری اُمت کو زمین کی حکومت و اقتدار کی بشارت دی جا چکی ہے۔ جو بھی شخص صرف دنیا کے لیے کوئی عمل کرے گا' اس کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہوگا جیسا کہ فرمانِ خداوندی ہے:

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ ۖ وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

''جو لوگ دنیاوی زندگی اور اس کی خوشنمائی کے طالب ہوتے ہیں تو ہم ان کے اعمال کا پورا بدلہ یہیں دے دیتے ہیں اور ان سے کوئی کمی نہیں کی جاتی۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے لیے آخرت میں نارِ دوزخ کے علاوہ کچھ نہیں ہے اور ان کے سارے اعمال اکارت ہوگئے ہیں اور ان کا سب کیا دھرا باطل ہوگیا ہے''۔

حضرت علیؑ شاہدِ رسولؐ ہیں

اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ وَيَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ .....

''کیا وہ جو اپنے رب کی طرف سے کھلی دلیل رکھتا ہو اور اس کے پیچھے اس کا گواہ بھی چل رہا ہو جو اس میں سے ہو''۔

اس آیت مجیدہ میں اللہ نے رسولؐ اور امامؑ کی علامات بیان کی ہیں۔ رسولؐ کی علامت یہ بیان کی کہ وہ رب کی طرف سے ''صاحب بینہ'' یعنی کھلی دلیل لے کر آتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کائنات میں جتنے بھی رسولؐ آئے وہ اپنے زمانہ کی ضروریات کے مطابق کوئی نہ کوئی معجزہ لے کر آئے۔ کسی کے ہاتھوں پر اللہ نے لوہے کو موم کر دیا اور کسی کو عصا کا معجزہ دیا اور کسی کو مُردہ زندہ کرنے کا معجزہ دیا۔ ہمارے رسولؐ کو خدا نے قرآن جیسا عظیم الشان معجزہ عطا کیا اور باقی انبیاء اور رسولِ اکرمؐ کے معجزات میں یہ فرق ہے کہ جس طرح سے ان کی نبوت وقتی تھی اسی طرح سے ان کے معجزات بھی وقتی تھے جب تک نبی رہے وہ معجزات بھی ساتھ رہے اور جیسے ہی نبی دنیا سے رخصت ہوا اس کا معجزہ بھی دنیا سے رخصت ہوگیا لیکن رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

وآلہ وسلم کو خدا نے دائمی شریعت دے کر روانہ کیا اور آپ کو آخری نبی بنایا۔ آپؐ کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا اور قیامت تک آپ کی نبوت ہی جاری رہے گی۔ اسی مناسبت سے اللہ نے آپ کو معجزہ بھی وہ عطا کیا جو قیامت تک قائم رہے گا۔

اللہ نے امام کی تین نشانیاں بیان کی ہیں اور فرمایا ہے: وَيَتْلُوهُ شَاهِدٌ مِنْهُ ۔ امام کی پہلی شرط یہ ہے کہ وہ رسول کا ''تالی'' ہو جس طرح سے چودھویں کا چاند سورج کا ''تالی'' ہوتا ہے۔ سورج کے غروب ہوتے ہی بلافصل نمودار ہو جاتا ہے اسی طرح سے امام کی امامت بھی نبی کے بعد بلافصل ہوتی ہے۔

امام کی دوسری شرط یہ ہے کہ وہ رسول کا ''شاہد'' یعنی گواہ ہوتا ہے اور تیسری شرط یہ ہے کہ وہ نبی کا جزو ہوتا ہے اور وہ مِنْهُ کا مصداق ہوتا ہے۔ اسی لیے نبی اکرمؐ نے فرمایا تھا: عَلِيٌّ مِنِّي وَأَنَا مِنْهُ۔ (اضافہ من المترجم)

اصول کافی میں عمر بن الحلال سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے آیت أَفَمَنْ كَانَ عَلَىٰ بَيِّنَةٍ مِنْ رَبِّهِ وَيَتْلُوهُ شَاهِدٌ مِنْهُ کے متعلق دریافت کیا تو آپؑ نے فرمایا: رسولؐ خدا عَلَىٰ بَيِّنَةٍ مِنْ رَبِّهِ کے مصداق ہیں اور امیر المومنین علی علیہ السلام وَيَتْلُوهُ شَاهِدٌ مِنْهُ کے مصداق ہیں۔

بصائر الدرجات میں اصبغ بن نباتہ سے منقول ہے کہ امیر المومنین علی علیہ السلام نے فرمایا: میں قرآن کی ہر آیت کے متعلق جانتا ہوں کہ وہ دن کے وقت نازل ہوئی یا رات کے وقت نازل ہوئی اور کس کے متعلق نازل ہوئی اور کن حالات میں نازل ہوئی۔ ہر جنتی اور جہنمی کے متعلق اللہ نے قرآن کی کوئی نہ کوئی آیت نازل کی ہے۔ مجھے ان تمام آیات کا علم ہے۔ ایک شخص نے کھڑے ہو کر کہا: امیر المومنینؑ! آپؑ کے متعلق قرآن مجید کی کون سی آیت نازل ہوئی؟

آپؑ نے فرمایا: کیا تو نے قرآن مجید کی یہ آیت نہیں سنی: أَفَمَنْ كَانَ عَلَىٰ بَيِّنَةٍ مِنْ رَبِّهِ وَيَتْلُوهُ شَاهِدٌ مِنْهُ۔ رسولؐ خدا، اللہ کی طرف سے بینہ ہیں اور میں ان کا شاہد ہوں اور ان میں سے ہوں اور ان کے پیچھے بلافصل چلنے والا ہوں۔

تفسیر علی بن ابراہیم کی دو روایات کا ماحصل یہ ہے: وَمِنْ قَبْلِهِ كِتَابُ مُوسَىٰ إِمَامًا وَرَحْمَةً ''وَيَتْلُوهُ شَاهِدٌ مِنْهُ'' کی صفت ہیں یعنی جو رسول کا شاہد ہے اور اس کے پیچھے بلافصل چلنے والا ہے اور جو اس کی ایک جزو ہے وہی امام اور رحمت ہے۔

امالی شیخ الطائفہ میں منقول ہے کہ ایک دن امیر المومنین علی علیہ السلام نے منبر پر خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم جس نے دانے کو شگافتہ کیا اور انسانی جان کو پیدا کیا۔ قریش کے جس بھی فرد پر میثاق جاری ہوا ہے اور اس کے متعلق کتاب اللہ کی کوئی آیت نازل ہوئی ہے تو میں اس آیت کو اسی طرح سے جانتا ہوں جس طرح سے اس فرد کو جانتا ہوں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

مجمع میں سے ایک شخص اُٹھا اور اس نے کہا: امیر المومنینؑ! آپؑ کے متعلق کون سی آیت نازل ہوئی ہے؟

آپؑ نے فرمایا: اگر تو نے پوچھ ہی لیا ہے تو اچھی طرح سے سمجھ لے اور میرے علاوہ تجھے کسی اور سے پوچھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ کیا تو نے سورہ ہود پڑھی ہے؟

اس نے کہا: جی ہاں۔ آپؑ نے فرمایا: اللہ نے اس سورہ میں فرمایا ہے: اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ وَيَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ۔ جو ذات رب کی طرف سے ''بینہ'' واضح دلیل لے کر آئی وہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں اور شاہد ان کا جزو ہے اور جو ان کے پیچھے بلافصل چلتا ہے' وہ شاہد مَیں ہی ہوں اور مَیں ان کا جزو ہوں۔

احتجاج طبرسی میں مرقوم ایک روایت کا خلاصہ یہ ہے کہ امیر المومنین علی علیہ السلام نے فرمایا: وَيَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ سے مراد وہ شاہد پیغمبر ہے جو خدا کی طرف سے بندوں پر حجت ہے اور نبی کا قائم مقام صرف وہی ہوسکتا ہے جو نبی کی طرح سے طاہر ہو اور پیغمبر کا جانشین ایسا کوئی فرد نہیں ہوسکتا جس کا دامن کفر وشرک سے ملوث رہا ہو۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے وعدہ کیا تھا: لَا يَنَالُ عَهْدِي الظّٰلِمِيْنَ ۝ (میرا عہدہ امامت ظالمین کو نہیں پہنچے گا)۔ جب کہ شرک ظلمِ عظیم ہے' کیونکہ فرمانِ خداوندی ہے: اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ۝ (شرک بہت بڑا ظلم ہے)۔

جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے محسوس کیا کہ بت پرستوں کو خدا کی طرف سے عہدۂ امامت نہیں ملے گا تو آپ نے یہ دعا مانگی تھی: واجنبنی وبنی ان نعبد الاصنام ''مجھے اور میری اولاد کو بت پرستی سے محفوظ رکھنا''۔

اور تمھیں معلوم ہونا چاہیے کہ جو شخص منافقین کو صادقین پر اور کافروں کو صالحین پر ترجیح دے تو اس نے بدترین افتراء کیا۔ جب کہ اللہ نے حق پرست اور باطل پرست اور پاک ونجس اور مومن وکافر میں بڑا فرق رکھا ہے۔ اور نبی کے بعد اس کی مسند کا وارث وہی ہوسکتا ہے جو نبی کی طرح صدق وعدل' طہارت وفضیلت کا سرچشمہ ہو۔

سلیم بن قیس بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے حضرت علی علیہ السلام سے عرض کیا کہ آپؑ اپنی سب سے بڑی فضیلت سے ہمیں آگاہ کریں اور یہ بتائیں کہ اللہ نے آپؑ کے حق میں کون سی آیت نازل کی ہے؟

آپؑ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ وَيَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ..... ''اور وہ شاہد رسولؐ میں ہوں''۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ رسولؐ خدا اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ کے مصداق ہیں اور وَيَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ کے مصداق امیر المومنینؑ اور ان کی نسل کے یکے بعد دیگرے اوصیاء ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام اور حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے مروی ہے کہ وَيَتْلُوهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ سے حضرت علی علیہ السلام مراد ہیں۔ طبری نے بھی جابر بن عبداللہ کی زبانی حضرت علی علیہ السلام سے یہی مفہوم نقل کیا ہے۔

روضہ کافی میں حضرت علی علیہ السلام سے ایک خطبہ منقول ہے جو کہ ''خطبہ وسیلہ'' کے نام سے معروف ہے۔ اس خطبہ میں آپؑ نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منہ موڑنا خدا سے جنگ کے مترادف ہے اور نبی سے دُوری کا نتیجہ دوزخ ہے' کیونکہ اللہ نے فرمایا ہے: مَنْ يَكْفُرْ بِهٖ مِنَ الْاَحْزَابِ فَالنَّارُ مَوْعِدُهٗ ''انسانی گروہوں میں سے جو بھی اس کا انکار کرے تو دوزخ اس کی وعدہ گاہ ہے''۔

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس بھی شخص تک میری دعوت پہنچے خواہ وہ یہودی و نصرانی ہو اور وہ مجھ پر ایمان نہ لائے تو وہ دوزخی قرار پائے گا۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ؕ اُولٰٓئِكَ يُعْرَضُوْنَ عَلٰى
رَبِّهِمْ وَيَقُوْلُ الْاَشْهَادُ هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ۚ اَلَا
لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ۙ﴿۱۸﴾ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۹﴾ اُولٰٓئِكَ لَمْ
يَكُوْنُوْا مُعْجِزِيْنَ فِى الْاَرْضِ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ
اَوْلِيَآءَ ؕ يُضٰعَفُ لَهُمُ الْعَذَابُ ؕ مَا كَانُوْا يَسْتَطِيْعُوْنَ السَّمْعَ وَمَا
كَانُوْا يُبْصِرُوْنَ ﴿۲۰﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ
مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۲۱﴾ لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ هُمُ
الْاَخْسَرُوْنَ ﴿۲۲﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَخْبَتُوْٓا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

رَبِّهِمْ ۚ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٢٣﴾ مَثَلُ
الْفَرِيقَيْنِ كَالْأَعْمَىٰ وَالْأَصَمِّ وَالْبَصِيرِ وَالسَّمِيعِ ۚ هَلْ يَسْتَوِيَانِ
مَثَلًا ۚ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ﴿٢٤﴾ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحًا إِلَىٰ قَوْمِهِ
إِنِّي لَكُمْ نَذِيرٌ مُبِينٌ ﴿٢٥﴾ أَنْ لَا تَعْبُدُوا إِلَّا اللَّهَ ۖ إِنِّي أَخَافُ
عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ أَلِيمٍ ﴿٢٦﴾ فَقَالَ الْمَلَأُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ
قَوْمِهِ مَا نَرَاكَ إِلَّا بَشَرًا مِثْلَنَا وَمَا نَرَاكَ اتَّبَعَكَ إِلَّا الَّذِينَ
هُمْ أَرَاذِلُنَا بَادِيَ الرَّأْيِ ۖ وَمَا نَرَىٰ لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ بَلْ
نَظُنُّكُمْ كَاذِبِينَ ﴿٢٧﴾ قَالَ يَا قَوْمِ أَرَأَيْتُمْ إِنْ كُنْتُ عَلَىٰ بَيِّنَةٍ
مِنْ رَبِّي وَآتَانِي رَحْمَةً مِنْ عِنْدِهِ فَعُمِّيَتْ عَلَيْكُمْ ۖ أَنُلْزِمُكُمُوهَا
وَأَنْتُمْ لَهَا كَارِهُونَ ﴿٢٨﴾ وَيَا قَوْمِ لَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مَالًا ۖ إِنْ
أَجْرِيَ إِلَّا عَلَى اللَّهِ وَمَا أَنَا بِطَارِدِ الَّذِينَ آمَنُوا ۚ إِنَّهُمْ مُلَاقُو
رَبِّهِمْ وَلَٰكِنِّي أَرَاكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُونَ ﴿٢٩﴾ وَيَا قَوْمِ مَنْ يَنْصُرُنِي
مِنَ اللَّهِ إِنْ طَرَدْتُهُمْ ۚ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ﴿٣٠﴾ وَلَا أَقُولُ لَكُمْ
عِنْدِي خَزَائِنُ اللَّهِ وَلَا أَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَا أَقُولُ إِنِّي مَلَكٌ وَلَا
أَقُولُ لِلَّذِينَ تَزْدَرِي أَعْيُنُكُمْ لَنْ يُؤْتِيَهُمُ اللَّهُ خَيْرًا ۖ اللَّهُ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اَعْلَمُ بِمَا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۚ اِنِّيْٓ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝٣٥ قَالُوْا يٰنُوْحُ قَدْ
جٰدَلْتَنَا فَاَكْثَرْتَ جِدَالَنَا فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ
الصّٰدِقِيْنَ ۝٣٢ قَالَ اِنَّمَا يَاْتِيْكُمْ بِهِ اللّٰهُ اِنْ شَآءَ وَمَآ اَنْتُمْ
بِمُعْجِزِيْنَ ۝٣٣ وَلَا يَنْفَعُكُمْ نُصْحِيْٓ اِنْ اَرَدْتُّ اَنْ اَنْصَحَ لَكُمْ اِنْ
كَانَ اللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يُّغْوِيَكُمْ ۭ هُوَ رَبُّكُمْ ۣ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝٣٤
اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۭ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَعَلَيَّ اِجْرَامِيْ وَاَنَا
بَرِيْۗءٌ مِّمَّا تُجْرِمُوْنَ ۝٣٥ وَاُوْحِيَ اِلٰى نُوْحٍ اَنَّهٗ لَنْ يُّؤْمِنَ مِنْ
قَوْمِكَ اِلَّا مَنْ قَدْ اٰمَنَ فَلَا تَبْتَىِٕسْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ۝٣٦ وَاصْنَعِ
الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ
مُّغْرَقُوْنَ ۝٣٧ وَيَصْنَعُ الْفُلْكَ ۣ وَكُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ مَلَاٌ مِّنْ قَوْمِهٖ
سَخِرُوْا مِنْهُ ۭ قَالَ اِنْ تَسْخَرُوْا مِنَّا فَاِنَّا نَسْخَرُ مِنْكُمْ كَمَا
تَسْخَرُوْنَ ۝٣٨ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ
عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ۝٣٩ حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ قُلْنَا
احْمِلْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ
عَلَيْهِ الْقَوْلُ وَمَنْ اٰمَنَ ۭ وَمَآ اٰمَنَ مَعَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلٌ ۝٤٠ وَقَالَ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ارْكَبُوْا فِيْهَا بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ؕ اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ
رَّحِيْمٌ ۝ وَهِيَ تَجْرِيْ بِهِمْ فِيْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ ۫ وَنَادٰى نُوْحُ
ابْنَهٗ وَكَانَ فِيْ مَعْزِلٍ يّٰبُنَيَّ ارْكَبْ مَّعَنَا وَلَا تَكُنْ مَّعَ
الْكٰفِرِيْنَ ۝ قَالَ سَاٰوِيْٓ اِلٰى جَبَلٍ يَّعْصِمُنِيْ مِنَ الْمَآءِ ؕ قَالَ لَا
عَاصِمَ الْيَوْمَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ ۚ وَحَالَ بَيْنَهُمَا الْمَوْجُ
فَكَانَ مِنَ الْمُغْرَقِيْنَ ۝ وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ
اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ
وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَنَادٰى نُوْحٌ رَّبَّهٗ فَقَالَ رَبِّ
اِنَّ ابْنِيْ مِنْ اَهْلِيْ وَاِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ وَاَنْتَ اَحْكَمُ
الْحٰكِمِيْنَ ۝ قَالَ يٰنُوْحُ اِنَّهٗ لَيْسَ مِنْ اَهْلِكَ ۚ اِنَّهٗ عَمَلٌ غَيْرُ
صَالِحٍ ۫ فَلَا تَسْـَٔلْنِ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ؕ اِنِّيْٓ اَعِظُكَ اَنْ تَكُوْنَ
مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ۝ قَالَ رَبِّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَسْـَٔلَكَ مَا لَيْسَ
لِيْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَاِلَّا تَغْفِرْ لِيْ وَتَرْحَمْنِيْٓ اَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝
قِيْلَ يٰنُوْحُ اهْبِطْ بِسَلٰمٍ مِّنَّا وَبَرَكٰتٍ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اُمَمٍ مِّمَّنْ
مَّعَكَ ؕ وَاُمَمٌ سَنُمَتِّعُهُمْ ثُمَّ يَمَسُّهُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ تِلْكَ مِنْ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

نَبَاِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهَآ اِلَيْكَ ۚ مَا كُنْتَ تَعْلَمُهَآ اَنْتَ وَلَا قَوْمُكَ
مِنْ قَبْلِ هٰذَا ۛ فَاصْبِرْ ۛ اِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝

''اور اس سے بڑھ کر بھلا اور کون ظالم ہوسکتا ہے جو خدا پر جھوٹ تراشے؟ یہ لوگ اپنے پروردگار کے حضور پیش کیے جائیں گے اور گواہ یہ گواہی دیں گے کہ یہ وہ لوگ ہیں جنھوں نے اپنے رب پر جھوٹ باندھے تھے۔

آگاہ رہو کہ ظالموں پر اللہ کی لعنت ہے۔ جو خدا کے راستے سے روکتے ہیں اور اس کے راستے کو ٹیڑھا کرنا چاہتے ہیں اور وہ آخرت کے منکر ہیں۔ یہ لوگ زمین پر اللہ کو بے بس کرنے والے نہ تھے اور نہ اللہ کے مقابلے میں کوئی ان کا حامی تھا۔ انھیں دوہرا عذاب دیا جائے گا۔ یہ لوگ حق بات سن نہیں سکتے تھے اور نہ ہی حق کو دیکھ سکتے تھے۔ ان لوگوں نے اپنے آپ کو نقصان میں ڈالا ہے اور جو کچھ انھوں نے گھڑ رکھا تھا وہ بھی ان سے کھو گیا۔ لازمی ہے کہ وہ آخرت میں سب سے بڑھ کر خسارے میں رہیں۔ بے شک وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک عمل کیے اور رب کی بارگاہ میں عاجزی کرتے رہے وہ یقیناً جنتی ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

کافر اور مسلمان کی مثال اندھے بہرے اور دیکھنے اور سننے والے کی سی ہے۔ تو کیا یہ دونوں یکساں ہوسکتے ہیں کیا تم نصیحت حاصل نہیں کرتے۔ یقیناً ہم نے نوحؑ کو اس کی قوم کی طرف بھیجا (اس نے کہا) میں تمھارے لیے کھلم کھلا ڈرانے والا ہوں۔ یہ کہ اللہ کے علاوہ کسی کی بندگی نہ کرو۔ میں تمھارے متعلق دردناک دن کے عذاب کا خوف رکھتا ہوں۔

اس کی قوم کے سردار جنھوں نے کفر اختیار کیا تھا جواب میں کہا: ہم تو تجھے اپنے جیسا ہی ایک انسان سمجھتے ہیں اور تیری پیروی ان لوگوں نے کی ہے جو ہمارے معاشرے کے گھٹیا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ترین اور رائے سے خالی افراد ہیں۔ ہمیں تو تمھیں اپنے اُوپر کوئی برتری دکھائی نہیں دیتی۔ سچ تو یہ ہے کہ ہم تمھیں جھوٹے افراد خیال کرتے ہیں۔

نوحؑ نے کہا: اے میری قوم! ذرا سوچو تو سہی اگر میں اپنے رب کی طرف سے ایک کھلی شہادت پر تھا' پھر اس نے مجھے اپنی خاص رحمت سے بھی نواز دیا مگر وہ تمھیں نظر نہ آئی تو کیا میں ناگواری کے باوجود تمھارے اُوپر زبردستی ہدایت لاد سکتا ہوں؟

اے میری قوم! میں تم سے اس کام کے عوض کوئی دولت تو نہیں مانگتا۔ میرا اجر تو اللہ کے ذمہ ہے اور میں ان لوگوں کو دھکے دینے والا بھی نہیں ہوں جو ایمان لائے ہیں۔ یقیناً وہ لوگ اپنے پروردگار کی ملاقات کرنے والے ہیں البتہ میں تمھیں جاہل قوم تصور کر رہا ہوں۔

اے میری قوم! اگر میں نے انھیں دھتکار کر نکال دیا تو خدا کی طرف سے میری مدد کون کرے گا تو کیا تم نصیحت حاصل نہیں کرو گے؟

اور میں تم سے یہ تو نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں اور نہ یہ کہتا ہوں کہ میرے پاس تمام علمِ غیب ہے اور میں یہ نہیں کہتا کہ میں فرشتہ ہوں اور میں یہ بھی نہیں کہتا کہ جن لوگوں کو تمھاری آنکھیں حقارت سے دیکھ رہی ہیں' اللہ انھیں کوئی بھلائی نہ دے گا' ان کے اندر کی کیفیت اللہ بہتر جانتا ہے۔ اگر میں ایسا کہوں تو میں ظالموں میں سے قرار پاؤں گا۔

ان لوگوں نے کہا کہ اے نوحؑ! تم نے ہم سے جھگڑا کیا اور بہت جھگڑا کیا۔ اب اگر تم اپنے دعویٰ میں سچے ہو تو جس چیز کی دھمکی ہمیں دے رہے ہو تو اسے لے آؤ۔

نوحؑ نے کہا: اگر خدا چاہے گا تو وہ اس عذاب کو لائے گا' تم اسے عاجز کرنے والے نہیں ہو۔ اگر میں تمھاری خیر خواہی بھی کرنا چاہوں تو میری خیر خواہی تمھیں کچھ فائدہ نہیں دے سکے گی۔ جب خدا تمھیں گمراہی میں چھوڑ دینا چاہتا ہو۔ وہی تمھارا پروردگار ہے اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

(اے پیغمبر) کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ اس نے یہ سب کچھ خود گھڑ لیا ہے؟ آپ کہہ دیں اگر میں نے یہ سب کچھ گھڑا ہے تو اس کا جرم میرے ذمہ ہے اور جو جرائم تم کر رہے ہو ان سے میں بیزار ہوں۔ اور نوحؑ کی طرف وحی کی گئی کہ تمھاری قوم میں سے جو ایمان لا چکے ہیں بس وہی ایمان لا چکے ہیں۔ ان کے علاوہ اور کوئی ایمان نہیں لائے گا تم ان کے افعال پر غم نہ کرو اور ہماری نگاہوں کے سامنے اور ہماری وحی کی نگرانی میں کشتی بناؤ۔ اور ظالموں کے متعلق مجھ سے بات نہ کرنا یہ سب کے سب ڈوبنے والے ہیں۔

نوحؑ کشتی بنا رہا تھا اور جب بھی اس کی قوم کے سرداروں میں سے کوئی اس کے پاس سے گزرتا تو وہ اس کا مذاق اُڑاتا تھا۔ اس نے کہا کہ اگر تم ہمارا مذاق اڑاتے ہو تو ہم بھی تمھارا اسی طرح سے مذاق اُڑائیں گے۔ عنقریب تمھیں پتہ چل جائے گا کہ کس پر وہ عذاب آتا ہے جو اسے رسوا کر دے گا اور کس پر دائمی عذاب اُترتا ہے۔ یہاں تک کہ جب ہمارا حکم آ گیا اور تنور سے پانی اُبلنے لگا تو ہم نے کہا کہ ہر قسم کے جانوروں کا ایک ایک جوڑا کشتی میں سوار کر لو اور اپنے خاندان کو بھی کشتی پر سوار کر لو البتہ انھیں سوار نہ کرنا جن کے متعلق ہلاکت کا فیصلہ ہو چکا ہے اور جو ایمان لائے ہیں انھیں کشتی پر سوار کراؤ۔ ان کے ساتھ ایمان لانے والے بہت ہی کم لوگ تھے۔

نوحؑ نے کہا: اس پر سوار ہو جاؤ' اس کا چلنا اور اس کا ٹھہرنا اللہ کے نام سے ہی مربوط ہے۔ یقیناً میرا رب بڑا بخشنے والا مہربان ہے۔ اور وہ کشتی انھیں لے کر پہاڑوں جیسی موجوں کے درمیان چلی جا رہی تھی کہ نوحؑ نے اپنے بیٹے کو آواز دی جو کہ دُور فاصلے پر کھڑا تھا کہ فرزند ہمارے ساتھ کشتی پر سوار ہو جاؤ اور کافروں کے ساتھ نہ رہو۔

اس نے کہا: میں عنقریب پہاڑ پر پناہ لے لوں گا وہ مجھے پانی سے بچا لے گا۔ نوحؑ نے کہا: آج امرِ خدا سے بچانے والا کوئی نہیں ہے سوائے اس کے جس پر وہ رحم کر دے۔ پھر دونوں

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کے درمیان موج حائل ہوگئی اور وہ غرق ہونے والوں میں شامل ہوگیا۔

حکم ہوا: اے زمین اپنا پانی نگل جا اور اے آسمان تو رک جا۔ پھر پانی زمین میں بیٹھ گیا' فیصلہ کر دیا گیا۔ کشتی ''جودی'' پر ٹک گئی اور کہہ دیا گیا کہ ظالموں کی قوم کے لیے دُوری ہے۔ اور نوحؑ نے اپنے پروردگار کو پکارا اور کہا:

اے میرے پروردگار! میرا بیٹا میرے اہل میں سے ہے اور تیرا وعدہ سچّا ہے اور تو تمام حاکموں میں سے بڑا حاکم ہے۔ اللہ نے کہا: وہ تیرے اہل میں سے نہیں ہے۔ یہ عمل غیر صالح ہے لہٰذا مجھ سے ایسی بات کا سوال نہ کرو جس کا تجھے علم نہیں ہے۔ میں تجھے نصیحت کرتا ہوں کہ جاہلوں میں سے نہ بنو۔

نوحؑ نے عرض کیا کہ اے میرے رب! میں تجھ سے پناہ چاہتا ہوں کہ میں تجھ سے اس چیز کا سوال کروں جس کا مجھے علم نہیں ہے۔ اگر تو نے مجھے معاف نہ کیا اور مجھ پر رحم نہ کیا تو میں خسارہ اُٹھانے والوں میں سے ہوجاؤں گا۔

حکم ہوا اے نوحؑ! اُتر جا ہماری طرف سے تجھ پر سلامتی اور برکتیں ہیں اور ان گروہوں پر بھی سلامتی اور برکتیں ہیں جو تیرے ساتھ ہیں۔ اور کچھ گروہ ایسے بھی ہیں جن کو ہم کچھ مدت کے لیے سامانِ زیست عطا کریں گے۔ پھر انھیں ہماری طرف سے دردناک عذاب پہنچے گا۔ یہ غیب کی خبریں ہیں جو ہم تمھاری طرف وحی کر رہے ہیں اس سے پہلے آپ کو ان واقعات کا علم نہیں تھا اور نہ ہی آپ کی قوم کو علم تھا۔ آپ صبر کریں انجام کار اہلِ تقویٰ کے لیے ہے''۔

خدا پر افتراء باندھنے والا بہت بڑا ظالم ہے

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ يُعْرَضُوْنَ عَلٰي رَبِّهِمْ وَيَقُوْلُ الْاَشْهَادُ هٰٓؤُلَاۗءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰي رَبِّهِمْ ۚ اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَي الظّٰلِمِيْنَ ۝

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

''اس سے بڑھ کر بھلا اور ظالم کون ہوسکتا ہے جو خدا پر جھوٹ تراشے؟ یہ لوگ اپنے پروردگار کے ہاں پیش کیے جائیں گے اور گواہ یہ کہیں گے کہ یہ وہ لوگ ہیں جنھوں نے اپنے رب پر جھوٹ باندھے تھے۔ آگاہ رہو کہ ظالموں پر اللہ کی لعنت ہے''۔

جتنے بھی جھوٹے مدعیان نبوت و امامت و مہدویت گزرے ہیں یہ آیت ان تمام افراد پر مشتمل ہے اور اللہ تعالیٰ نے انھیں سب سے بڑا ظالم قرار دیا ہے اور قیامت کے دن گواہ یہ گواہی دیں گے کہ ان لوگوں نے خدا پر جھوٹ تراشے تھے اور اللہ ان پر لعنت کرے گا۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ خدا پر جھوٹ تراشنے والوں میں سے قریش کے وہ چار سلاطین مراد ہیں جنھوں نے یکے بعد دیگرے سلطنت کی ہے اور گواہوں میں سے ائمہ ہدیٰ علیہم السلام مراد ہیں۔

وضاحت: یہ آیت مجیدہ صرف چار سلاطین قریش پر مشتمل نہیں ہے۔ آیت عام ہے' اس میں ایسے تمام مفتری شامل ہیں جنھوں نے خدا پر افتراء پردازی کی ہے۔ البتہ مذکورہ روایت کی حیثیت کل میں سے جزو کی سی ہے یا ممکن ہے کہ امام علیہ السلام کے فرمان کا یہ مقصد ہو کہ مذکورہ سلاطین افتراء باندھنے والوں میں سے سرِ فہرست ہیں۔ (اضافہ من المترجم)

کتاب المناقب میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: ''اشہاد'' (گواہی دینے والے) ہم ہیں اور یوں تو ہر ظالم پر لعنت ہے' لیکن آلِ محمدؐ کے حقوق غصب کرنے والے اس میں سرِ فہرست ہیں۔

راہِ خدا سے روکنے والے

اَلَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ لَمْ يَكُوْنُوْا مُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ۘ يُضٰعَفُ لَهُمُ الْعَذَابُ ۚ مَا كَانُوْا يَسْتَطِيْعُوْنَ السَّمْعَ وَمَا كَانُوْا يُبْصِرُوْنَ ۝

''جو خدا کے راستہ سے روکتے ہیں اور اس کے راستہ کو ٹیڑھا کرنا چاہتے ہیں اور وہ آخرت کے منکر ہیں۔ یہ لوگ زمین پر اللہ کو بے بس کرنے والے نہ تھے اور نہ اللہ کے مقابلے میں ان کا کوئی حامی تھا۔ انھیں دوہرا عذاب دیا جائے گا۔ یہ لوگ حق بات سن نہیں سکتے تھے اور نہ ہی حق کو دیکھ سکتے تھے''۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ امامت اللہ کا راستہ ہے اور جو لوگ راہِ امامت سے روکتے ہیں اور راہِ امامت کو

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

نیز ھا کر کے اغیار کی امامت کی دعوت دیتے ہیں یہ وہ لوگ ہیں جو حق بات سننے کے روادار نہیں ہیں۔ اور یہ لوگ امیر المومنین علی علیہ السلام کا ذکرِ خیر سننے پر آمادہ نہیں ہیں اور یہ وہ ہیں جنھوں نے خسارہ اٹھایا ہے اور قیامت کے دن ان کے گھڑے ہوئے جھوٹ ان سے کھو جائیں گے۔

اِخبات اور مخبتین

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَخْبَتُوْٓا اِلٰی رَبِّهِمْ

''بے شک وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک اعمال بجالائے اور اپنے رب کے حضور اِخبات سے کام لیا''۔

لفظ ''اِخبات'' کے معنی عاجزی اور گردن جھکا دینے کے ہیں۔ مقصدِ آیت یہ ہے کہ جو لوگ ایمان لائے اور اعمال صالح بجالائے اور خدا کے حضور سر تسلیم خم کر دیا تو وہ جنت میں جائیں گے اور وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ (اضافۃ من المترجم)

روضہ کافی میں زید الشحام سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ ہمارے پاس ایک شخص رہتا ہے جس کا نام ''کلیب'' ہے اور جب بھی وہ آپؑ کا کوئی فرمان سنتا ہے تو فوراً کہتا ہے میں اِسے تسلیم کرتا ہوں اس کی اس عادتِ تسلیم کی وجہ سے ہم نے اس کا نام ''کلیب تسلیم'' رکھ دیا ہے۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: خدا اس پر رحم کرے۔ پھر آپؑ نے فرمایا: جانتے ہو کہ ''تسلیم'' کیا ہے؟

ہم نے عرض کیا: آپؑ ہی فرمائیں۔ آپؑ نے فرمایا: خدا کی قسم! تسلیم ہی ''اِخبات'' ہے اور ایسے ہی افراد کے لیے اللہ نے فرمایا: اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَخْبَتُوْٓا اِلٰی رَبِّهِمْ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

واقعۂ نوحؑ

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰی قَوْمِهٖٓ اِنِّیْ لَكُمْ نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ۝

''ہم نے نوحؑ کو اس کی قوم کی طرف بھیجا (اس نے کہا) میں تمھارے لیے کھلم کھلا ڈرانے والا ہوں''۔

روضہ کافی میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے ایک طویل حدیث منقول ہے جس کا کچھ اقتباس حسب ذیل ہے:

آدم علیہ السلام نے اپنی وفات سے پہلے اپنے فرزند شیثؑ ہبۃ اللہ کو بہت سی باتوں کی وصیت کی تھی اور انھوں نے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

[illegible] میں حضرت نوحؑ کی آمد کی بشارت بھی دی تھی اور فرمایا: اللہ تعالیٰ میری نسل میں سے نوحؑ کو نبی بنا کر مبعوث فرمائے گا اور وہ لوگوں کو خدا کی وحدانیت کی دعوت دے گا' لیکن اس کی قوم اسے جھٹلائے گی۔ اللہ تعالیٰ انھیں طوفان کے ذریعہ سے غرق کر دے گا۔

حضرت آدمؑ اور حضرت نوحؑ کے درمیان دس پشتوں کا فاصلہ تھا اور حضرت نوحؑ کے تمام آباء نبی اور وصی تھے۔

حضرت آدمؑ نے ہبۃ اللہ کو وصیت کی تھی کہ اپنی اولاد سے کہہ دیں کہ جسے نوحؑ کا زمانہ نصیب ہو وہ اس پر ایمان لائے اور اس کی پیروی کرے اور تصدیق کرے۔

اولادِ قابیل کا خوف نسل ہبۃ اللہ پر طاری ہوگیا تھا' جس کی وجہ سے انھوں نے اپنے علم و ایمان اور اسمِ اکبر اور میراثِ نبوت اور علمِ نبوت کے آثار کو اپنے تک محدود کرلیا تھا۔ جب حضرت نوحؑ نے نبوت کا اعلان کیا تو انھوں نے حضرت آدمؑ کی وصیت کو ایک بار پھر پڑھا اور وصیت کے تحت وہ ان پر ایمان لائے اور ان کی تائید و تصدیق کی۔

آدمؑ نے اپنے فرزند ہبۃ اللہ سے فرمایا تھا کہ وہ سال میں ایک دن مقرر کریں اور اس دن کو اپنے لیے روزِ عید قرار دیں اور اس دن وہ نوحؑ کی آمد سے لوگوں کو باخبر کرتے رہیں۔ اسی طرح سے ہر جانے والا نبی اپنے بعد آنے والے کی وصیت کرتا رہا' یہاں تک کہ یہ معاملہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اختتام پذیر ہوا۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام کا اصلی نام ''عبدالغفار'' تھا۔ وہ ہمیشہ اپنے آپ پر اور لوگوں کی گمراہی پر نوحہ کناں رہتے تھے اسی وجہ سے ان کا نام ''نوحؑ'' پڑ گیا۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: حضرت نوح علیہ السلام کی شریعت توحید' اخلاص اور ترکِ شرک پر مبنی تھی اور عقیدۂ توحید وہ فطرت الٰہی ہے جس پر اس نے لوگوں کو پیدا کیا ہے۔ اللہ نے حضرت نوح علیہ السلام اور دیگر انبیائے کرام سے یہ عہد لیا تھا کہ وہ خدا کی عبادت کریں اور کسی کو اس کا شریک نہیں بنائیں گے۔

حضرت نوح علیہ السلام نے لوگوں کو نماز' امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا حکم دیا تھا اور انھیں حلال و حرام سے آگاہ کیا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے زمانہ میں شرعی سزائیں اور احکامِ میراث کو نازل نہیں کیا تھا۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے اپنے شاگرد ''مفضل'' سے فرمایا: حضرت نوح علیہ السلام اور ان کی قوم کوفہ کے مغرب میں دریائے فرات کے کنارے رہائش پذیر تھی۔

امیرالمومنین علی علیہ السلام نے مسجدِ کوفہ کی فضیلت بیان کرتے ہوئے فرمایا: اسی جگہ پر حضرت نوح علیہ السلام نے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کشتی بنائی تھی اور اسی مقام پر وہ تنور تھا جس سے پانی برآمد ہوا تھا اور حضرت نوحؑ کا گھر اور ان کی مسجد کا مقام بھی یہی ہے۔

کتاب کمال الدین وتمام النعمۃ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: حضرت نوح علیہ السلام کی قوم کی عمر عام طور پر تین سو سال ہوتی تھی۔

عیون الاخبار میں حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے ایک طویل حدیث منقول ہے جس میں آپؑ نے اُمت اور عترت کے بارہ فرق بیان فرمائے۔ اس گفتگو کے ضمن میں آپؑ نے یہ بھی فرمایا: حضرت نوحؑ علیہ السلام کے قول کو اللہ نے ان الفاظ سے نقل کیا ہے:

وَيٰقَوْمِ لَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مَالًا ۭ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَي اللّٰهِ وَمَآ اَنَا بِطَارِدِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا ۭ اِنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَلٰكِنِّىْٓ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ۝

''اے میری قوم! میں تم سے اس کام کے عوض کوئی دولت تو نہیں مانگتا میرا اجر تو بس اللہ کے ذمہ ہے اور میں ان لوگوں کو دھکے دینے والا بھی نہیں ہوں جو ایمان لائے ہیں۔ یقیناً وہ لوگ اپنے پروردگار کی ملاقات کرنے والے ہیں' البتہ میں تمھیں جاہل قوم تصور کرتا ہوں''۔

حضرت ہود علیہ السلام نے بھی یہی کہا تھا کہ میں تم سے اُجرت کا طلب گار نہیں ہوں۔ میری اُجرت اس خدا کے ذمہ ہے جس نے مجھے پیدا کیا ہے تو کیا تم عقل سے کام نہیں لو گے۔ جب کہ اللہ نے اپنے حبیب کریمؐ سے فرمایا تھا:

قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى ۭ (الشوریٰ:۲۳)

''آپ کہہ دیں کہ میں تم سے تبلیغ نبوت پر کوئی اُجرت نہیں مانگتا سوائے اس کے کہ قرابت داروں سے مودت رکھو''۔

اللہ تعالیٰ نے آل محمدؐ کی مودت کو اجرِ رسالت اس لیے قرار دیا ہے کہ خدا جانتا تھا کہ یہ خاندان دین سے کبھی منحرف نہیں ہوگا اور یہ خاندان کبھی گمراہ نہیں ہوگا۔

روضہ کافی میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح علیہ السلام کو وحی کی تھی کہ اب تیری قوم میں سے کوئی ایمان لانے والا نہیں ہے۔ اسی لیے حضرت نوح علیہ السلام نے یہ عرض کیا تھا: وَلَا يَلِدُوْٓا اِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا ۝ (نوح:۲۷) ''ان کی نسل میں فاجر و کافر کے علاوہ اور کوئی پیدا نہیں ہوگا''۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں صالح بن میثم سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے کہا کہ نوح علیہ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

السلام کو کیسے پتہ چلا تھا کہ اب ان کی قوم میں کوئی ایمان دار پیدا نہیں ہوگا؟

آپؑ نے فرمایا: کیا تم نے قرآن مجید کی یہ آیت نہیں پڑھی؟ وَاُوْحِیَ اِلٰی نُوْحٍ اَنَّهٗ لَنْ یُّؤْمِنَ مِنْ قَوْمِكَ اِلَّا مَنْ قَدْ اٰمَنَ ..... ''اور نوحؑ کی طرف وحی کی گئی کہ تمھاری قوم میں سے جو ایمان لائے ہیں بس وہی ایمان لائے ہیں ان کے علاوہ اب کوئی اور ایمان نہیں لائے گا''۔

اس وحی الٰہی کے تحت حضرت نوح علیہ السلام کو علم ہوا تھا کہ اب کوئی ایمان لانے والا نہیں ہے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: نوح علیہ السلام نے تین سو سال تک اپنی قوم کو دین کی دعوت دی' لیکن لوگوں نے آپؑ کی تبلیغ کو قبول نہ کیا۔ آپؑ نے بددعا کرنے کا ارادہ کیا۔ طلوعِ آفتاب کے وقت آپؑ کے پاس آسمانِ دنیا سے بارہ ہزار فرشتے اُترے۔

حضرت نوح علیہ السلام نے کہا: تم کون ہو؟ انھوں نے کہا: ہم آسمانِ دنیا کے فرشتے ہیں' جب کہ آسمانِ دنیا کی وسعت پانچ سو سال کی مسافت کے برابر ہے اور آسمانِ دنیا سے دنیا تک پانچ سو سال کی مسافت کے برابر فاصلہ ہے۔ ہم طلوعِ آفتاب کے وقت روانہ ہوئے تھے اور اس وقت آپؑ کے پاس پہنچے ہیں اور ہم آپؑ سے یہ کہنے آئے ہیں کہ آپؑ اپنی قوم کو بددعا نہ دیں۔

حضرت نوح علیہ السلام نے فرمایا: میں انھیں تین سو سال کی مہلت دے رہا ہوں۔ جب آپؑ کو تبلیغ کرتے ہوئے چھ سو سال گزر گئے اس کے باوجود آپؑ کی قوم آپؑ پر ایمان نہ لائی اس وقت آپؑ نے بددعا کا ارادہ کیا۔ اس وقت دوسرے آسمان سے بارہ ہزار فرشتے آپؑ کے پاس آئے۔ دوسرے آسمان کا حجم پانچ سو سال کی مسافت کے برابر ہے اور دوسرے آسمان اور آسمانِ دنیا کے درمیان پانچ سو سال کی مسافت ہے۔

ان ملائکہ نے آپؑ سے کہا کہ ہم دوسرے آسمان سے اُتر کر آپؑ کے پاس یہ کہنے کے لیے آئے ہیں کہ آپؑ اپنی قوم کو بددعا نہ دیں۔

حضرت نوح علیہ السلام نے فرمایا: میں انھیں مزید تین سو سال کی مہلت دیتا ہوں۔ جب آپؑ کو تبلیغ کرتے ہوئے نو سو سال کا عرصہ ہوا تو اللہ تعالیٰ نے آپؑ پر وحی کی کہ اب ان میں سے کوئی بھی ایمان نہیں لائے گا۔ حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کو بددعا دی اور بارگاہِ احدیت میں یہ کہا:

رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ دَيَّارًا ۝ اِنَّكَ اِنْ تَذَرْهُمْ يُضِلُّوْا عِبَادَكَ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

(نوح:۲۶-۲۷)

''پروردگارا! کسی چلنے پھرنے والے کافر کو زمین پر مت چھوڑ' اگر تو نے انھیں چھوڑ دیا تو یہ تیرے بندوں کو گمراہ کریں گے اور ان کی نسل میں بھی فاجر و کافر کے علاوہ کوئی مومن پیدا نہیں ہوگا''۔

اللہ تعالیٰ نے آپؑ کو کھجور کے درخت کاشت کرنے کا حکم دیا۔ آپؑ نے کھجوریں کاشت کیں۔ قوم کے افراد جب آپؑ کو کھجور کاشت کرتے ہوئے دیکھتے تو وہ آپؑ کا مذاق اڑا کر کہتے تھے کہ نو سو برس کا بڈھا اب کھجوریں کاشت کر رہا ہے۔ وہ لوگ صرف مذاق پر ہی اکتفا نہ کرتے تھے بلکہ آپؑ کو پتھر بھی مارتے تھے۔ جب پچاس برس گزرے اور کھجوروں کے تنے مضبوط ہوگئے تو خدا نے آپؑ کو حکم دیا کہ اب ان کھجوروں کو کاٹ کر ان سے کشتی بناؤ۔ آپؑ نے کھجوریں کاٹیں تو آپؑ کے منکروں کی زبانیں مزید کھل گئیں اور انھوں نے جی بھر کر آپؑ کا مذاق اُڑایا جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے بیان کیا ہے:

وَكُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ مَلَأٌ مِّن قَوْمِهِ سَخِرُوا مِنْهُ ۚ قَالَ إِن تَسْخَرُوا مِنَّا فَإِنَّا نَسْخَرُ مِنكُمْ كَمَا تَسْخَرُونَ ۝

''جب اس کی قوم کے سردار اس کے پاس سے گزرتے تو وہ اس کا مذاق اُڑاتے تھے۔ نوحؑ نے کہا: اگر آج تم ہمارا مذاق اُڑا رہے ہو تو ہم بھی عنقریب تمھارا مذاق اُڑائیں گے''۔

اللہ تعالیٰ نے جبریل امینؑ کو ان کے پاس روانہ کیا' جنھوں نے انھیں کشتی بنانے کی تعلیم دی۔ کشتی کا زمین کی طرف طول ایک ہزار دو سو ہاتھ تھا اور اس کا عرض آٹھ سو ہاتھ تھا اور اس کی بلندی اسّی (۸۰) ہاتھ تھی۔

حضرت نوح علیہ السلام نے کہا: پروردگار! اتنی بڑی کشتی بنانے میں میری مدد کون کرے گا؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اپنی قوم میں اعلان کر دو کہ جو شخص کشتی بنانے میں میری مدد کرے گا اور کشتی سے جو لکڑی کے ٹکڑے گریں گے وہی ٹکڑے ان کو مزدوری میں دیئے جائیں گے اور وہ ٹکڑے سونے چاندی میں بدل جائیں گے۔

حضرت نوح علیہ السلام نے حکمِ خداوندی کے تحت یہ اعلان کیا تو لوگوں نے دھڑا دھڑ کام کرنا شروع کیا اور وہ لوگ مزدوری کرتے ہوئے ہنستے تھے اور کہتے تھے کہ یہ بھی عجیب انسان ہے جو خشکی پر کشتی بنا رہا ہے۔

کتاب کمال الدین وتمام النعمۃ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جبریل امینؑ کے توسط سے حضرت نوح علیہ السلام کے پاس کھجور کی سات گٹھلیاں بھیجیں اور فرمایا کہ تم انھیں اپنے ہاتھوں سے کاشت کرو اور جب یہ پک کر جوان ہو جائیں گی تو اپنے پیروکاروں کو نجات کی بشارت دینا اور یہ خیال رکھنا کہ میں اپنی مخلوق کو اچانک

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

تباہ کرنا پسند نہیں کرتا لہٰذا تم لوگوں کو میرے راستے کی دعوت دیتے رہو تا کہ ان پر حجت تمام ہو جائے۔

حضرت نوح علیہ السلام نے حکمِ خداوندی سے وہ گٹھلیاں کاشت کیں جس سے کھجوریں پیدا ہوئیں جب وہ پک کر جوان ہو گئیں اور پھل دینے لگیں تو جبریل امینؑ پھر نازل ہوئے اور فرمایا: اب ان کھجوروں کی گٹھلیاں لو اور انھیں کاشت کر اور قوم کو میرے راستے کی دعوت دو تا کہ ان پر حجت تمام ہو سکے۔

حضرت نوح علیہ السلام کے تین سو ساتھی آپؑ سے منحرف ہو گئے اور انھوں نے کہا کہ اگر یہ خدائی وعدہ ہوتا تو اللہ اس کی خلاف ورزی نہ کرتا۔ الغرض سات مرتبہ اللہ کے حکم سے حضرت نوح علیہ السلام نے گٹھلیاں کاشت کیں اور ہر بار آپؑ کے ساتھی آپؑ سے منحرف ہوتے رہے، یہاں تک کہ جب آپؑ نے ساتویں مرتبہ کھجوریں کاشت کیں تو ستر سے کچھ زیادہ افراد آپؑ کے پاس رہ گئے۔

اس وقت اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح علیہ السلام کو وحی فرمائی کہ اب ہر قسم کا میل کچیل چھٹ گیا ہے۔ اب تاریک رات کے بعد صبح نمودار ہونے والی ہے، جس جس کی طینت خراب تھی اس نے تجھے چھوڑ دیا اور جو لوگ اپنے ایمان پر اب بھی ثابت ہیں اور عقیدۂ توحید پر گہرے دل سے ایمان رکھتے ہیں اور تیری نبوت کی رسّی کو مضبوطی سے تھامے ہوئے ہیں میں انھیں زمین پر اپنا جانشین بناؤں گا اور ان کے دین کو مضبوطی عطا کروں گا اور میں ان کے خوف کو امن سے بدل دوں گا، تا کہ وہ ہر طرح کے شرک کے شوائب سے پاک ہو کر میری ہی عبادت کریں۔ اب اگر میں منافقین اور بے یقین افراد کو ان سے علیحدہ نہ کرتا تو ان کے نفاق میں مزید پختگی پیدا ہو جاتی اور وہ مخلص اہلِ ایمان سے عداوت رکھتے اور زمین پر فتنہ و فساد برپا کرتے اور فتنہ و فساد کی موجودگی میں دین کی مضبوطی ناممکن ہے، لہٰذا تم ہماری آنکھوں کے سامنے کشتی بناؤ اور ہماری وحی کے مطابق کشتی بناؤ۔

روضہ کافی میں مفضل بن عمر سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ حضرت نوح علیہ اسلام نے کتنے عرصہ میں کشتی تیار کی تھی؟

آپؑ نے فرمایا: انھیں کشتی بنانے میں دو ''دَور'' صرف ہوئے تھے۔

میں (راوی) نے عرض کیا کہ دَور سے کتنا عرصہ مراد ہے؟

آپؑ نے فرمایا: دَور سے اسّی (۸۰) سال کا عرصہ مراد ہے۔

میں نے کہا: دوسرے لوگ تو کہتے ہیں کہ حضرت نوح علیہ السلام کو کشتی بنانے میں پانچ سو سال لگ گئے تھے؟

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

آپؑ نے فرمایا: ایسا ہرگز نہیں ہوسکتا' کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ ہماری وحی سے کشتی بناؤ۔ مقصد یہ ہے کہ وحی سے تعمیر ہونے والی کشتی پر پانچ سو سال کا طویل عرصہ نہیں لگ سکتا۔

عیون الاخبار میں مرقوم ہے کہ ایک شامی نے حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام سے سفینۂ نوحؑ کے طول و عرض کے متعلق سوال کیا۔ آپؑ نے جواب میں فرمایا: کشتی کا طول آٹھ سو ہاتھ اور اس کا عرض پانچ سو ہاتھ اور اس کی بلندی اسی ہاتھ تھی۔

کتاب الخصال میں مرقوم ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام نے جانوروں کے لیے کشتی میں نوے گھر مخصوص کیے تھے۔

مجمع البیان میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

مسجدِ کوفہ جنت کے باغات میں سے ایک باغ ہے۔ اس میں پڑھی جانے والی ایک نماز کا ثواب نوے نمازوں کے ثواب کے برابر ہے۔ اس میں ایک ہزار ستر انبیاء نے نماز پڑھی تھی۔ اسی میں وہ تنور تھا جس سے طوفانِ نوحؑ کے وقت پانی نکلا تھا اور حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی اسی جگہ بنائی گئی تھی اور وہ بابل کی ناف (درمیان حصّہ) ہے اور انبیاء کے جمع ہونے کا مقام ہے۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کو ساڑھے نو سو برس تک تبلیغ کی تھی مگر لوگ اُن کا مذاق اڑاتے تھے۔ آخر کار آپؑ نے ان کے خلاف بددعا کی اور بارگاہ احدیت میں یہ عرض کیا:

رَبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْأَرْضِ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ دَيَّارًا ۝ اِنَّكَ اِنْ تَذَرْهُمْ يُضِلُّوْا عِبَادَكَ وَلَا يَلِدُوْٓا اِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا ۝ (نوح:۲۶-۲۷)

"پروردگار! زمین پر کسی چلنے والے کافر کو زندہ نہ رکھ۔ اگر تو نے ان کو چھوڑ دیا تو وہ تیرے بندوں کو گمراہ کریں گے اور ان کی نسل میں بھی فاجر و کافر ہی پیدا ہوں گے"۔

اللہ تعالیٰ نے آپؑ کو وحی کی کہ تم ہماری نگاہوں اور ہماری وحی کی تعلیمات کے تحت کشتی تیار کرو۔ چنانچہ انھوں نے مسجدِ کوفہ میں بیٹھ کر کشتی بنائی تھی اور آپؑ اپنے ہاتھوں سے لکڑیاں لاتے تھے اور کشتی بناتے تھے۔

عیون الاخبار میں عبدالسلام بن صالح ہروی سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے عرض کیا: فرزندِ رسولؐ! اللہ تعالیٰ نے زمانۂ نوحؑ میں پوری دنیا کو کیوں غرق کیا تھا' جب کہ ان میں چھوٹے معصوم بچے بھی تھے اور بے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

گناہ لوگ بھی تھے؟

حضرت امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا: غرق ہونے والوں میں کوئی بچہ شامل نہیں تھا۔ اللہ تعالیٰ نے طوفان نوحؑ سے چالیس سال قبل عورتوں کو بانجھ بنا دیا تھا اسی لیے جب طوفان آیا تو اس وقت ایک بھی بچہ موجود نہیں تھا اور اللہ تعالیٰ عادل ہے۔ وہ کسی بے گناہ کو ہلاک نہیں کرتا۔ قومِ نوحؑ نے اپنے نبی کی تکذیب کی تھی اسی لیے اللہ نے انھیں غرق کیا تھا۔ ان کے علاوہ باقی لوگ وہ تھے جو اس تکذیب پر راضی تھے اور جو کسی گناہ پر راضی ہو وہ بھی گناہ گار کی مانند ہوتا ہے۔ اسی لیے باقی بھی ڈوب گئے تھے۔

یہی روایت حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی زبانی تفسیر علی بن ابراہیم میں بھی مرقوم ہے۔

روضہ کافی میں ہے کہ جب حضرت نوح علیہ السلام نے کھجوریں کاشت کیں تو ان کی قوم نے ان کا مذاق اُڑایا اور کہا لیجیے اب آپ کاشتکار بن چکے ہیں اور جب آپؑ نے کشتی بنانا شروع کی تو ان کی مذاق میں شدت پیدا ہوگئی اور کہنے لگے دیکھیے یہ صاحب خشکی پر کشتی بنا کر ملاح بننا چاہتے ہیں۔

مفضل بن عمر بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ وہ تنور کہاں تھا جس سے پانی برآمد ہوا تھا؟

آپؑ نے فرمایا: وہ تنور ایک بوڑھی مومنہ خاتون کے گھر میں تھا اور وہ گھر مسجدِ کوفہ کے قبلہ کی مخالف سمت میں (یعنی بطرفِ شمال) تھا۔ میں (راوی) نے کہا: وہ جگہ تو اس وقت ''باب الفیل'' کے قریب واقع ہے تو کیا پانی نکلنے کی ابتداء وہیں سے ہی ہوئی تھی۔

آپؑ نے فرمایا: جی ہاں' اللہ نے یہ چاہا کہ قومِ نوحؑ کو اپنی نشانی دکھائے۔ اس کے بعد آسمان سے موسلا دھار بارشیں ہوئیں اور دریائے فرات میں انتہائی اُونچے درجے کا سیلاب آ گیا اور تمام چشمے پھوٹ پڑے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے قومِ نوحؑ کو پانی میں غرق کر دیا تھا اور اس سیلاب میں صرف حضرت نوحؑ اور آپؑ کے وہ ساتھی بچ گئے تھے جو آپؑ کے ساتھ کشتی میں سوار ہوئے تھے۔

الکافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: مسجدِ کوفہ بہترین مسجد ہے۔ اس میں ایک ہزار انبیاءؑ اور ایک ہزار اوصیاء نے نماز پڑھی ہے اور سفینۂ نوحؑ بھی یہیں تیار ہوا تھا اور یہیں وہ تنور تھا جس سے پانی کی ابتداء ہوئی تھی۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

مجمع البیان میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: مسجد کوفہ جنت کے باغات میں سے باغ ہے۔ اس میں ایک نماز پڑھنے کا ثواب ستر نمازوں کے برابر ہے۔ اس میں ایک ہزار ستر انبیاء نے نماز پڑھی ہے۔ اسی میں وہ تنور ہے جس سے طوفان کا آغاز ہوا تھا اور حضرت نوحؑ نے یہیں رہ کر کشتی بنائی تھی۔ یہ بابل کی ناف ہے اور انبیاء کے جمع ہونے کا مقام ہے۔

کتاب الخصال میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: حضرت نوح علیہ السلام نے روئے زمین کے پانیوں کو آواز دی تھی۔ تمام پانیوں نے انھیں لبیک کہی تھی' البتہ کڑوے پانی اور ''کبریت'' نے انھیں جواب نہیں دیا تھا۔

تفسیر عیاشی میں ''وفار التنور'' کے ضمن میں امیر المومنین علی علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: خدا کی قسم! تنور سے روٹیاں پکانے والا تنور مراد نہیں ہے۔ آپؑ نے سورج کی طرف اشارہ کر کے فرمایا: اس سے سورج کا طلوع ہونا مراد ہے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: حضرت نوح علیہ السلام کشتی بنانے میں مصروف تھے کہ اتنے میں ان کی بیوی ان کے پاس آئی اور کہنے لگی: تنور سے پانی نکل آیا ہے۔ یہ سن کر آپؑ تیزی سے وہاں آئے اور اس پر ڈھکن رکھ دیا اور ڈھکن پر اپنی مہر ثبت کی۔ پانی رُک گیا۔ جب آپؑ کشتی سے فارغ ہوئے تو آپؑ نے وہ مہر توڑی اور ڈھکن اٹھایا تو تنور سے پانی نکلنے لگا۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جب حضرت نوح علیہ السلام کشتی تیار کر چکے تو اللہ تعالیٰ نے آپؑ کو حکم دیا کہ آپؑ سریانی زبان میں یہ آواز دیں کہ کوئی جانور اور درندہ ایسا نہ ہو جو یہاں نہ آئے۔ آپؑ نے آواز دی تو تمام جانور آپؑ کے پاس جمع ہو گئے۔ آپ نے تمام جانوروں میں سے ایک ایک جوڑے کو کشتی پر بٹھایا اور آپؑ پر ایمان لانے والوں کی تعداد صرف اسی (۸۰) افراد پر مشتمل تھی۔ آپؑ نے انھیں بھی کشتی پر سوار کیا جیسا کہ فرمانِ الٰہی ہے:

قُلْنَا احْمِلْ فِيهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَأَهْلَكَ إِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ وَمَنْ آمَنَ ۚ وَمَا آمَنَ مَعَهُ إِلَّا قَلِيلٌ ۝

''ہم نے کہا کہ ہر قسم کے جانوروں کا ایک ایک جوڑا کشتی میں سوار کر لو اور اپنے خاندان کو بھی کشتی

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

پر سوار کر لو البتہ انھیں سوار کرانا ان کے متعلق ہلاکت کا فیصلہ ہو چکا ہے اور جو ایمان لائے ہیں انھیں کشتی پر سوار کرو اور ان پر ایمان لانے والے بہت ہی کم لوگ تھے۔"

حضرت نوح علیہ السلام نے وہاں کشتی بنائی تھی جہاں آج مسجد کوفہ ہے۔ جب وہ دن آیا جس میں خدا نے لوگوں کی ہلاکت کا ارادہ کیا تھا۔ نوح علیہ السلام کی بیوی اپنے گھر میں بیٹھی تنور پر روٹیاں پکا رہی تھی کہ اچانک اس نے دیکھا کہ تنور سے پانی جوش مار رہا ہے۔ یہ سن کر نوح علیہ السلام اٹھے اور تنور پر ڈھکنا دیا اور اس ڈھکن پر اپنی مہر لگائی۔ آپؑ نے اپنی کشتی میں جانوروں کے لیے جگہیں بنائی تھیں اور ہر جانور کی غذا اور دیگر ضروریات بھی پہلے سے کشتی میں جمع کر رکھی تھیں۔ آپؑ نے جانوروں کو کشتی میں سوار کرایا۔ پھر آپؑ تنور کے پاس آئے اور آپؑ نے اپنی مہر توڑی اور تنور کے منہ سے ڈھکنا ہٹایا تو پانی پورے جوش سے نکلنے لگا۔ سورج کو گرہن لگا' آسمان سے پانی کی چادریں اترنے لگیں اور زمین کے تمام چشمے پھوٹ پڑے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

فَفَتَحْنَا أَبْوَابَ السَّمَاءِ بِمَاءٍ مُنْهَمِرٍ ﴿١١﴾ وَفَجَّرْنَا الْأَرْضَ عُيُونًا فَالْتَقَى الْمَاءُ عَلَىٰ أَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ﴿١٢﴾ (القمر:۱۱-۱۲)

"ہم نے موسلا دھار بارش سے آسمان کے دروازے کھول دیے اور زمین کو پھاڑ کر چشموں میں تبدیل کر دیا اور یہ سارا پانی اس کام کو پورا کرنے کے لیے مل گیا جو مقدر ہو چکا تھا"۔

معانی الاخبار اور مجمع البیان کی دو روایات کا خلاصہ یہ ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام پر ایمان لانے والے افراد کی تعداد صرف آٹھ تھی۔

اصول کافی میں حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے اپنے ایک شاگرد ہشام سے فرمایا: ہشام! اللہ نے قلت کی تعریف کی ہے جیسا کہ ارشاد الٰہی ہے: وَمَا آمَنَ مَعَهُ إِلَّا قَلِيلٌ "نوحؑ پر بہت تھوڑے افراد ہی ایمان لائے تھے"۔

کتاب احتجاج طبرسی میں امیر المومنین علی علیہ السلام سے ایک طویل حدیث منقول ہے جس کے ضمن میں یہ کلمات بھی مذکور ہیں اللہ نے اپنی زمین کو ایسے عالم سے خالی نہیں رکھا' جو لوگوں کی رہنمائی کر سکے اور سبیل نجات کے معلم بھی اللہ نے زمین پر رکھے ہیں البتہ ان کی تعداد انتہائی قلیل ہے۔ اللہ نے انبیاء کی امتوں کی تفصیل بیان کی ہے اور انھیں آنے والوں کے لیے نمونہ قرار دیا ہے۔ جیسا کہ اس نے قوم نوحؑ کے متعلق فرمایا: وَمَا آمَنَ مَعَهُ إِلَّا قَلِيلٌ "نوحؑ پر بہت کم افراد ایمان

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

روضۂ کافی میں ہے کہ جب حضرت نوح علیہ السلام اپنی کشتی میں اہلِ ایمان اور جانوروں کے جوڑوں کو سوار کرا چکے تو چوہے میں غرق ہوگئی۔ آپؑ نے حلال جانوروں کے آٹھ جوڑے سوار کرائے تھے جن کا ذکر کرتے ہوئے اللہ نے فرمایا ہے: ثَمٰنِيَةَ أَزْوَاجٍ مِّنَ الضَّأْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ (الانعام: ۱۴۳) ''آٹھ نر و مادہ ہیں دو بھیڑ کی قسم سے اور دو بکری کی قسم سے دو اُونٹ کی قسم میں سے ہیں اور دو گائے کی قسم سے''۔

بھیڑ کے دو جوڑے ہیں ایک جوڑا وہ ہے جسے لوگ اپنے گھروں میں پالتے ہیں اور بھیڑ کی ایک جنس وہ ہے جو پہاڑوں میں بستی ہے اور لوگوں کے لیے اس کا شکار حلال کیا گیا ہے۔ بکری کے بھی دو جوڑے ہیں: ایک جوڑا وہ ہے جسے لوگ گھروں میں پالتے ہیں اور اس کی دوسری قسم ہرن ہیں جو کہ صحراؤں میں رہتے ہیں۔ اسی طرح سے اُونٹ کے بھی دو جوڑے ہیں ۱۔ عربی اُونٹ ۲۔ بختی اُونٹ (دو کوہان والا اُونٹ)۔ گائے کی جنس کے بھی دو جوڑے ہیں ایک وہ جوڑا ہے جسے لوگ اپنے گھروں میں پالتے ہیں اور دوسرا جوڑا وہ ہے جو جنگلوں میں رہتا ہے (نیل گائے)۔

حضرت نوح علیہ السلام نے تمام قسم کے پالتو اور غیر پالتو پرندوں کا بھی جوڑا جوڑا اپنی کشتی پر سوار کرایا تھا۔

مجمع البیان میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے قومِ نوحؑ کی ہلاکت کا ارادہ کیا تو ان کی عورتوں کو عذاب نازل ہونے سے چالیس سال قبل بانجھ بنا دیا تھا اور پورے چالیس برس تک کسی بچے نے جنم نہیں لیا تھا اور جب آپؑ سفینہ بنا کر فارغ ہوئے تو اللہ نے آپؑ کو حکم دیا کہ وہ سریانی زبان میں تمام جانوروں کو آواز دیں۔ آپؑ نے آواز دی تو تمام جانور جمع ہوگئے۔ آپؑ نے ہر جنس کا ایک ایک جوڑا سوار کیا' لیکن آپؑ نے چوہے اور بلی کا جوڑا سوار نہ کیا۔ طوفان کافی دنوں پر محیط ہوگیا۔ اہلِ کشتی کو چوہے کی احتیاج محسوس ہوئی۔ حضرت نوحؑ نے خنزیر کو ہلایا اور اس کی پیشانی پر ہاتھ لگایا۔ اسے چھینک آئی' اس کے ناک سے چوہوں کا جوڑا برآمد ہوا۔ پھر چند ہی دنوں میں چوہوں کی نسل پھیل گئی اور اہلِ کشتی نے چوہوں کی کثرت کی شکایت کی۔ آپؑ نے شیر کو بلایا اور اس کی پیشانی پر ہاتھ رکھا اسے چھینک آئی اور بلیوں کا ایک جوڑا اس کی ناک سے برآمد ہوا۔ ایک اور روایت میں ہے کہ اہلِ کشتی نے غلاظت کا شکوہ کیا۔ اللہ تعالیٰ نے ہاتھی کو حکم دیا اس نے چھینک ماری تو خنزیر برآمد ہوا۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: حضرت نوح علیہ السلام نے کشتی میں کتے کو بٹھایا تھا لیکن آپ نے کسی حرام زادے کو کشتی پر سوار نہیں کیا تھا۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

آپؑ نے اپنی ایک اور حدیث میں فرمایا: حرام زادے کی گواہی قابلِ قبول نہیں ہے اور حرام زادہ لوگوں کی امامت نہیں کرا سکتا۔ حضرت نوحؑ نے اپنی کشتی میں کتے اور خنزیر کو تو سوار کیا تھا لیکن آپؑ نے کسی حرام زادے کو کشتی پر سوار نہیں کیا تھا۔

عیون الاخبار میں مرقوم ہے کہ ایک شامی نے امیر المومنین علی علیہ السلام سے چند سوال کیے تھے اور آپؑ نے ان کے جواب دیئے تھے۔ ان سوالات میں یہ سوال بھی شامل تھا۔ بکری کی دم اُوپر کیوں اُٹھی رہتی ہے اور اس کی شرم گاہ ظاہر کیوں ہے اور اس کے برعکس بھیڑ کی شرم گاہ ہر وقت دُم سے کیوں ڈھکی رہتی ہے۔

امیر المومنین علی علیہ السلام نے فرمایا: جب بکری کشتی نوحؑ پر سوار ہوئی تھی تو اس نے حضرت کی نافرمانی کی تھی۔ آپؑ نے اس کی دم توڑ دی تھی، یہی وجہ ہے کہ اس کی شرم گاہ کھلی رہتی ہے جب کہ بھیڑ نے آپؑ کی آواز پر جلدی سے لبیک کہی تھی آپؑ نے اس کی پشت پر ہاتھ پھیرا تھا اسی لیے اس کی شرم گاہ دم سے چھپی رہتی ہے۔

کتاب علل الشرائع میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے ایک روایت منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: رسولِ خداؐ کی سواری کے جانور بطورِ میراث حضرت علی علیہ السلام کو ملے تھے۔ آنحضرتؐ کی سواری کے جانور میں ایک گدھا تھا جسے آنحضرتؐ ''یعفور'' کے نام سے پکارتے تھے۔ آنحضرتؐ کی وفات کا اس پر گہرا اثر ہوا۔ جیسے ہی آپؐ کی وفات ہوئی تو اس نے اپنی رسی تڑائی اور دوڑتا ہوا ''قبا'' میں آیا اور اس نے بنی حطیم کے کنوئیں میں چھلانگ لگا دی اور وہ مر گیا اور وہی کنواں ہی اس کی قبر بن گیا۔

یعفور گدھے نے آنحضرتؐ سے کلام بھی کیا تھا اور اس نے آنحضرتؐ سے کہا تھا: میرے ماں باپ آپؐ پر قربان ہو جائیں۔ مجھے میرے باپ نے بتایا تھا اور اس نے یہ بات اپنے سلسلۂ آباء سے سنی تھی کہ جب حضرت نوحؑ کے دَور میں طوفان آیا اور انھوں نے جانوروں کو کشتی پر سوار کیا تھا تو ان میں ہمارا جدِ اعلیٰ بھی موجود تھا۔ ایک دن حضرت نوح علیہ السلام نے اس کی طرف نگاہِ شفقت سے دیکھا اور اس کے چہرے پر اپنا دستِ شفقت پھیر کر فرمایا تھا کہ اس کی نسل سے وہ گدھا پیدا ہوگا جس پر انبیاء کا سردار اور خاتم الانبیاء نبی سوار ہوگا۔ خدا کا شکر ہے جس نے مجھے یہ شرف عطا کیا ہے۔

یہ روایت اصولِ کافی میں بھی مرقوم ہے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَ مُرْسٰىهَا کا مفہوم یہ ہے کہ اس کا چلنا اور رُکنا اللہ کے نام کے ساتھ ہی مربوط ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

تفسیر عیاشی میں ہے کہ جب نوح علیہ السلام کشتی پر بیٹھ گئے تو اس وقت وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ (کہا گیا کہ ظالم قوم کے لیے دُوری ہو) کی صدا بلند ہوئی تھی۔

عیون الاخبار میں مرقوم ہے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

مثل اهل بيتي فيكم مثل سفينة نوح من ركبها نجى ومن تخلف عنها في النار۔

"تمھارے اندر میری اہلِ بیتؑ کی مثال کشتیٔ نوحؑ جیسی ہے جو اس پر سوار ہوگیا وہ نجات پا گیا اور جو اس سے پیچھے رہ گیا اسے دوزخ میں پھینک دیا جائے گا"۔

کتاب الخصال میں حضرت علی علیہ السلام کی زبانِ اطہر سے خود ان کے فضائل نقل کیے گئے ہیں۔ اس حدیث میں آپؑ نے فرمایا کہ میں نے رسولؐ خدا سے سنا انھوں نے مجھ سے یہ فرمایا: علیؑ! میری اُمت میں تمھاری مثال سفینۂ نوحؑ کی سی ہے جو اس پر سوار ہوگا وہ نجات پالے گا اور جو پیچھے رہے گا وہ ڈوب جائے گا۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی رجب کی یکم تاریخ کو چلی تھی۔ حضرت نوح علیہ السلام نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا تھا کہ وہ اس دن روزہ رکھیں اور آپؑ نے فرمایا کہ جو شخص اس دن کا روزہ رکھے گا تو دوزخ کی آگ اس سے ایک سال کے فاصلہ تک دُور ہو جائے گی۔

ڈوبنے سے بچنے کی عزیمت

امیر المومنین علی علیہ السلام نے اپنے اصحاب سے فرمایا: جسے غرق ہونے کا اندیشہ ہو تو وہ یہ کلمات پڑھے: خدا نے چاہا تو وہ ڈوبنے سے محفوظ رہے گا:

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ؕ اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ، بِسْمِ اللّٰهِ الْمَلِكِ الْقَوِيِّ ، وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۖ وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝

کتاب کمال الدین میں لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کی حفاظت کے لیے تیرہ ہزار تیرہ فرشتے نازل کیے تھے اور جب قائم آلِ محمدؐ کا ظہور ہوگا اور آپؑ رسولؐ خدا کا پرچم لہرائیں گے تو وہ تمام فرشتے آپؑ کی مدد

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کے لیے آسمان سے اُتریں گے اور وہ آپؑ کی مدد کریں گے۔

الکافی میں علی بن اسباط سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے عرض کی: مولا! ہم خواہ دریائی راستہ اختیار کریں یا خشکی کا ہمارے دونوں راستے ہی خطرناک ہیں۔

آپؑ نے فرمایا: جب تم روانگی کا ارادہ کرو تو پہلے مسجد نبویؐ میں جا کر دو رکعت نماز نافلہ ادا کرو، پھر خشکی یا تری کا راستہ اختیار کرنے کے لیے خدا سے سو مرتبہ استخارہ کرو۔ اور اگر استخارہ کے بعد تمھارے دل میں یہ عزم پیدا ہو کہ تم دریائی راستہ کا سفر اختیار کرو تو جب تم کشتی میں بیٹھو تو حضرت نوح علیہ السلام کے وہ کلمات پڑھو جنھیں خدا نے قرآن حکیم میں نقل کیا ہے اور وہ کلمات یہ ہیں: وَقَالَ ارْكَبُوا فِيهَا بِسْمِ اللَّهِ مَجْرِيهَا وَمُرْسَاهَا ۚ إِنَّ رَبِّي لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ (خدا نے چاہا تو ہر خطرے سے محفوظ رہو گے)

حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جب کشتی پر بیٹھو تو یہ دعا پڑھو: بِسْمِ اللَّهِ مَجْرِيهَا وَمُرْسَاهَا ۚ إِنَّ رَبِّي لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ (خدا نے چاہا تو تمھارا سفر بخیریت گزرے گا)

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ طوفانِ نوحؑ کے وقت پورے چالیس دن تک آسمان سے بارش برستی رہی اور زمین کے چشمے پھوٹتے رہے جس کی وجہ سے نوحؑ کی کشتی آسمان سے جا ٹکرائی تھی اور کشتی کا سفر مسجدِ کوفہ سے شروع ہوا تھا۔

روضہ کافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ طوفانِ نوحؑ کا پانی ہر میدان اور پہاڑ کی بلندی سے پندرہ ہاتھ بلند تھا۔

عیون الاخبار میں حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جب نوح علیہ السلام کشتی پر سوار ہوئے اور کشتی چلنے لگی تو اس وقت اللہ تعالیٰ نے نوح علیہ السلام کو یہ وحی فرمائی کہ اگر کسی وقت تمھیں غرق ہونے کا خطرہ محسوس ہو تو ایک ہزار مرتبہ ''لا الٰہ الا اللہ'' کا ورد کر کے مجھ سے نجات کی درخواست کرنا، میں تجھے اور تیرے ساتھیوں کو غرق ہونے سے بچا لوں گا۔

پھر کشتی سفر کر رہی تھی کہ شدید آندھی چلی، نوح علیہ السلام نے محسوس کیا کہ اس سے کشتی کا توازن برقرار نہیں رہ سکے گا اور وہ ڈوب جائے گی۔ ان کے پاس اتنا وقت نہیں تھا کہ وہ ایک ہزار بار لا الٰہ الا اللہ کا ورد کرتے۔ چنانچہ اس وقت انھوں نے سریانی زبان میں یہ جملہ کہا: هيلويا الغا الغايا ماريا يا ماريا اتقن - یہ الفاظ کہنے کی دیر تھی کہ ڈگمگاتی ہوئی کشتی سیدھی

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ہوئی اور ہر خطرے سے بے نیاز ہو کر چلنے لگی۔

حضرت نوح علیہ السلام نے کہا: جس کلام کی وجہ سے میں غرق ہونے سے بچا ہوں وہ کلام ہر وقت میرے پاس رہنا چاہیے۔ چنانچہ انھوں نے اپنی انگوٹھی پر یہ عبارت تحریر کرائی:

لا الٰہ الا اللہ الف مرۃ یارب اصلحنی۔

(لا الٰہ الا اللہ ایک ہزار مرتبہ۔ پروردگار! میری اصلاح کر۔)

یہی روایت الخصال میں حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے بھی منقول ہے۔

احتجاج طبرسی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے اپنے آبائے طاہرین علیہم السلام کی سند سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا۔ آنحضرتؐ نے فرمایا:

جب حضرت نوح علیہ السلام کشتی پر بیٹھے اور ایک بار انھیں غرق ہونے کا اندیشہ ہوا تو انھوں نے یہ دعا پڑھی: اللھم انی اسئلك بمحمد وآل محمد لما انجیتنی من الغرق (خدایا! میں تجھے محمدؐ وآلِ محمدؐ کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں کہ مجھے غرق ہونے سے نجات عطا فرما) تو اللہ تعالیٰ نے انھیں غرق ہونے سے بچالیا۔

نافرمان اولاد اور فرماں بردار اولاد کا انجام

کتاب علل الشرائع میں حضرت امام علی نقی علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: نوح علیہ السلام کی مجموعی عمر دو ہزار پانچ سو برس تھی۔ ایک دن آپؑ کشتی میں سوئے ہوئے تھے کہ ہوا کا جھونکا آیا، جس سے آپؑ کا کپڑا ہٹ گیا اور آپؑ ننگے ہو گئے۔ یہ منظر دیکھ کر آپؑ کے دو بیٹے حام اور یافث ہنسنے لگے جب کہ حضرتؑ کے بڑے فرزند سام نے باپ پر کپڑا ڈالا اور بھائیوں کو ہنسنے پر ڈانٹا۔ الغرض کئی بار ہوا سے حضرتؑ کا کپڑا ہٹا اور ہر بار سام نے باپ پر کپڑا ڈالا اور ہر مرتبہ حام اور یافث ہنسے۔ نوح علیہ السلام بیدار ہوئے تو آپؑ نے دو بیٹوں کو ہنستے ہوئے پایا۔ آپؑ نے ان سے ہنسنے کا سبب دریافت کیا تو سام نے ساری حقیقت اپنے والد کو کہہ سنائی۔

نوح علیہ السلام نے آسمان کی جانب ہاتھ بلند کیے اور بارگاہِ خداوندی میں عرض کیا:

پروردگار! حام کی صلب کے پانی کو تبدیل کر دے۔ اس کی نسل سے جو بھی پیدا ہو وہ سیاہ فام ہو۔ پھر آپؑ نے کہا: خدایا! یافث کی صلب کے پانی کو بھی تبدیل کر دے۔ اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کی صلب کے پانی کو تبدیل کر دیا۔ سیاہ فام جہاں

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

بھی ہیں وہ سب کے سب ''حام'' کی اولاد ہیں اور ترک' صقالب' یاجوج و ماجوج اور چینی یافث سے تعلق رکھتے ہیں۔ جب کہ تمام سفید فام افراد کا تعلق سام کی نسل سے ہے۔

حضرت نوح علیہ السلام نے حام اور یافث سے فرمایا: اللہ قیامت تک تمھاری اولاد کو سام کی اولاد کا غلام بنائے۔ اس نے مجھ سے بھلائی کی ہے جب کہ تم دونوں نے میری نافرمانی کی ہے۔ تمھاری نافرمانی کی نشانی قیامت تک تمھاری اولاد میں جاری رہے گی اور سام کی بھلائی کی نشانی قیامت تک اس کی اولاد میں باقی رہے گی۔

کیا کنعان حضرت نوحؑ کا بیٹا نہیں تھا؟

تفسیر عیاشی کی تین اور مجمع البیان کی ایک روایت میں منقول ہے کہ کنعان حضرت نوحؑ کا سگا بیٹا نہیں تھا۔ وہ ان کی بیوی کا بیٹا تھا۔

وضاحت: مترجم یہ سمجھتا ہے کہ ان روایات کی کوئی حقیقت نہیں ہے' کیونکہ قرآن مجید میں واضح الفاظ میں اسے اِبْنَهٗ کہا گیا۔ حضرت نوح علیہ السلام نے بھی اسے یابُنَیَّ کہہ کر پکارا تھا۔ اور جب وہ اپنی نافرمانی کی وجہ سے ڈوبنے لگا تھا تو اس وقت حضرت نوح علیہ السلام نے بارگاہِ خداوندی میں یہ عرض کیا تھا: اِنَّ ابْنِیْ مِنْ اَهْلِیْ ''یقیناً میرا بیٹا میرے اہل میں سے ہے''۔ لہٰذا قرآن مجید کی ان تین توضیحات کی موجودگی میں اسے حضرت نوحؑ کا لے پالک بیٹا قرار دینے کی کوئی معقول وجہ نہیں ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب، من المترجم)

''نجف'' کی وجہ تسمیہ

کتاب علل الشرائع میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: ''نجف'' ایک زمانہ میں پہاڑ تھا اور حضرت نوح علیہ السلام کے فرزند نے اسی کے متعلق کہا تھا: سَاٰوِیْۤ اِلٰی جَبَلٍ یَّعْصِمُنِیْ مِنَ الْمَآءِ (میں پہاڑ کی پناہ لے لوں گا' وہ مجھے پانی سے بچائے گا) اس وقت روئے زمین پر اس سے بڑا پہاڑ اور کہیں موجود نہیں تھا۔

جب نوح علیہ السلام کے نااہل بیٹے نے پہاڑ کو اپنی پناہ گاہ بنایا تو اس وقت خدا نے اس پہاڑ سے کہا: اے پہاڑ! کیا مجھے چھوڑ کر لوگ تیرا سہارا ڈھونڈھ رہے ہیں؟ خدا کے اس کلام سے پہاڑ کے ٹکڑے ہوئے اور کچھ ٹکڑے شام کی طرف چلے گئے۔ باقی پہاڑ نے ریت کی صورت اختیار کر لی اور ایک عظیم سمندر میں تبدیل ہو گیا۔ اس وقت اسے ''بحرِ لَے'' کہا جاتا تھا۔ پھر وہ سمندر خشک ہو گیا اور خشک ہونے کے عمل کو لفظ ''جف'' سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ چونکہ ''لَے'' نامی سمندر تھا جو خشک ہو گیا۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

لوگوں نے اسے ''نے جف'' کہنا شروع کر دیا۔ پھر آہستہ آہستہ لفظ ''نے جف'' لفظ ''نجف'' میں تبدیل ہوگیا' کیونکہ یہ لفظ کچھ مختصر تھا اور زبانوں پر آسانی سے جاری ہوتا تھا۔

من لایحضرہ الفقیہہ میں صفوان بن مہران جمال سے منقول ہے کہ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کے ساتھ تھا۔ آپؑ قادسیہ سے ہوتے ہوئے نجف تشریف لائے اور فرمایا: یہاں وہ پہاڑ ہوا کرتا تھا جس کے متعلق میرے جدِ اطہر نوح علیہ السلام کے فرزند نے کہا تھا کہ میں پہاڑ کی پناہ لے لوں گا وہ مجھے پانی سے بچا لے گا۔ اس وقت اللہ نے پہاڑ سے فرمایا کہ اے پہاڑ! کیا مجھے چھوڑ کر تیری پناہ لی جا رہی ہے؟ کلام الٰہی سن کر وہ پہاڑ زمین میں دھنس گیا اور اس کے کچھ حصے ملک شام کی طرف کھسک گئے۔

نااہل بیٹے کا انجام

وَهِيَ تَجْرِيْ بِهِمْ فِيْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ ۫ وَنَادٰى نُوْحُ ابْنَهٗ وَكَانَ فِيْ مَعْزِلٍ يّٰبُنَيَّ ارْكَبْ مَّعَنَا وَلَا تَكُنْ مَّعَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ قَالَ سَاٰوِيْٓ اِلٰى جَبَلٍ يَّعْصِمُنِيْ مِنَ الْمَآءِ ۭ قَالَ لَا عَاصِمَ الْيَوْمَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ ۚ وَحَالَ بَيْنَهُمَا الْمَوْجُ فَكَانَ مِنَ الْمُغْرَقِيْنَ ۝

''وہ کشتی انھیں لے کر پہاڑوں جیسی موجوں کے درمیان چلی جا رہی تھی کہ نوح علیہ السلام نے اپنے بیٹے کو آواز دی جو کہ دُور فاصلے پر کھڑا تھا کہ فرزند ہمارے ساتھ کشتی پر سوار ہو جاؤ اور کافروں کے ساتھ نہ رہو۔ اس نے کہا کہ میں عنقریب پہاڑ پر پناہ لے لوں گا۔ وہ مجھے پانی سے بچا لے گا۔ نوحؑ نے کہا: آج امرِ خدا سے بچانے والا کوئی نہیں ہے سوائے اس کے کہ جس پر وہ رحم کر دے۔ پھر دونوں کے درمیان موج حائل ہوگئی اور وہ غرق ہونے والوں میں شامل ہوگیا''۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ جب حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی چلنے لگی تو آپؑ نے اپنے بیٹے ''کنعان'' کو دیکھا جو کافروں کے ساتھ آپؑ سے دُور کھڑا تھا۔ آپؑ نے اسے کشتی پر چڑھنے کی دعوت دی تو اس نے کہا کہ میں پہاڑ پر چڑھ جاؤں گا اور پانی سے بچ جاؤں گا۔

حضرتؑ نے فرمایا: آج عذابِ خدا سے کوئی چیز بچانے والی نہیں ہے۔ حضرت نوحؑ نے دیکھا کہ بیٹا رفتہ رفتہ پانی میں ڈوب رہا ہے تو انھوں نے بارگاہِ خداوندی میں درخواست کی اور کہا کہ پروردگار! میرا بیٹا میرے اہل میں سے ہے اور تیرا وعدہ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

حق ہے اور تو سب سے بڑا فیصلہ کرنے والا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: نوحؑ! یہ تیرے اہل میں سے نہیں ہے۔ یہ غیر صالح عمل کا مجسمہ ہے۔ جس بات کا تجھے علم نہیں اس کے متعلق مجھ سے سوال مت کر۔ میں تمھیں نصیحت کرتا ہوں کہ نبی ہوکر جاہلوں میں سے نہ بنو۔

اس وقت حضرت نوح علیہ السلام نے عرض کیا: اے میرے رب! میں تجھ سے پناہ چاہتا ہوں کہ میں تجھ سے اس چیز کا سوال کروں جس کا مجھے علم نہیں ہے۔ اور اگر تو نے مجھے معاف نہ کیا اور مجھ پر رحم نہ کیا تو میں خسارہ اُٹھانے والوں میں سے ہوجاؤں گا۔

اس دوران ایک موج آئی جو نااہل بیٹے کو بہا کر لے گئی۔ سفینہ موجوں پر چلتا ہوا مکہ کی سرزمین پر پہنچا اور بیت اللہ کا طواف کیا۔ طوفانِ نوحؑ میں ساری دنیا ڈوب گئی' مگر بیت اللہ کا مقام ڈوبنے سے محفوظ رہا تھا۔ اسی لیے اس گھر کو البیت العتیق کہا جاتا ہے۔ اور لفظ ''عتق'' کے معنی آزادی کے ہیں اور ''عتیق'' آزاد شدہ کو کہا جاتا ہے۔ بیت اللہ کو ''البیت العتیق'' اس لیے کہا جاتا ہے کہ یہ مقام غرق ہونے سے آزاد رہا تھا۔

چالیس دن تک آسمان سے بارشوں کا سلسلہ جاری رہا۔ زمین کے تمام چشمے پھوٹ پڑے تھے اور پانی کی بلندی کی وجہ سے حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی آسمان سے ٹکر کھانے لگ گئی تھی۔ پھر حضرتؑ نے دستِ دعا بلند کیے اور کہا: یا رھمان انفر یعنی اے میرے رب بس اب پانی کو روک لے''۔

اس وقت اللہ نے بارشیں ختم کردیں اور زمین کو حکم ملا: یٰٓاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَكِ وَیٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ الْمَآءُ وَقُضِیَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَی الْجُوْدِیِّ وَقِیْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ۝ ''حکم ہوا' اے زمین' اپنا پانی نگل جا اور اے آسمان تو رُک جا۔ پھر پانی زمین میں بیٹھ گیا اور حق و باطل کا فیصلہ کردیا گیا اور کشتی ''کوہ جودی'' پر ٹک گئی اور کہہ دیا گیا کہ ظالم لوگوں کے لیے دُوری ہے''۔

زمین نے اپنا پانی پی لیا۔ پھر آسمان کے پانی نے زمین میں داخل ہونا چاہا تو زمین نے کہا کہ خدا نے مجھے میرا اپنا پانی پینے کا حکم دیا ہے۔ مجھے آسمان کا پانی پینے کا حکم نہیں دیا گیا' لہٰذا میں آسمانی پانی نہیں پیوں گی۔ چنانچہ آسمانی پانی زمین پر جوں کا توں کھڑا رہ گیا۔ اللہ نے جبریل امینؑ کو بھیجا اور انھوں نے وہ تمام آسمانی پانی زمین کے گرد سمندروں میں ڈال دیا۔ حضرت نوحؑ کی کشتی ''کوہ جودی'' پر لنگر انداز ہوئی تھی اور جودی ''موصل'' کے قریب ایک بڑا پہاڑ ہے۔

تہذیب الاحکام میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب نوح علیہ السلام سفینہ پر سوار تھے تو خدا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

نے انھیں وحی فرمائی کہ وہ بیت اللہ کے گرد سات چکر لگائیں۔ آپؑ نے وحی الٰہی کے تحت سات چکر لگائے۔ پھر آپؑ کشتی سے پانی میں اُترے۔ اس جگہ پر آپؑ کے گھٹنوں تک پانی محسوس ہوا۔ آپؑ نے اس جگہ سے ایک صندوق برآمد کیا جس میں حضرت آدم علیہ السلام کی ہڈیاں تھیں۔ آپؑ نے وہ صندوق کشتی پر رکھا۔ پھر کشتی چکر لگاتی ہوئی آپؑ کو مسجد کوفہ کے وسط میں لے آئی اور جب آپؑ یہاں پہنچے تو اس وقت خدا نے زمین کو حکم دیا کہ تو اپنا پانی نگل لے جس طرح سے طوفان کا آغاز مسجدِ کوفہ سے ہوا تھا اسی طرح سے پانی نگلنے کے عمل کی ابتداء بھی مسجدِ کوفہ سے ہوئی تھی۔ جب پانی خشک ہوا تو کشتی پر بیٹھے ہوئے افراد کشتی سے اُترے اور زمین پر پھیل گئے۔

تفسیر عیاشی میں لفظ ''ابلعی'' کے متعلق دو اقوال ہیں: ایک قول یہ ہے کہ یہ لفظ ہندی زبان کا ہے جس کا معنی ہے ''پی لے''۔ دوسری روایت میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ یہ حبشی زبان کا لفظ ہے۔

حضرت امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا: طوفانِ نوحؑ کے آخری ایام میں اللہ نے پہاڑوں کی طرف وحی کی کہ میں تم میں سے ایک پہاڑ پر سفینۂ نوحؑ کو لنگر انداز کرنا چاہتا ہوں۔ خدا کا یہ فرمان سن کر پہاڑ اُونچے ہوتے گئے البتہ ''کوہِ جودی'' نے تواضع اور انکساری کو اپنایا' اسی لیے سفینۂ نوحؑ کوہِ جودی پر لنگر انداز ہوا۔ جب کشتی پہاڑ پر لنگر انداز ہو رہی تھی تو نوح علیہ السلام نے کہا: "بارات قنی ، بارات قنی"۔

میں (راوی) نے کہا: مولاؑ! ان جملوں کا کیا معنی ہے؟

آپؑ نے فرمایا: یہ سریانی زبان کے الفاظ ہیں اور ان کا معنی ہے خدایا! اصلاح فرما۔ خدایا! اصلاح فرما۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: جب نوح علیہ السلام نے کشتی کے لنگر انداز ہونے کی آوازیں سنیں تو انھوں نے کشتی کے ایک سوراخ سے سر نکالا اور اپنی انگلی سے اشارہ کر کے کہا: رھمان اتقن ''خدایا! احسان فرما''۔

روضہ کافی میں مفضل بن عمر سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ حضرت نوح علیہ السلام کتنے دن تک کشتی میں سوار رہے؟

آپؑ نے فرمایا: وہ مسلسل سات دن رات کشتی پر سوار رہے۔ کشتی نے بیت اللہ کا طواف کیا پھر وہ ''جودی'' پر لنگر انداز ہوئی اور وہ جگہ فرات کوفہ ہے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ سفینۂ نوحؑ نے صفا و مروہ کے درمیان ''سعی'' بھی کیا تھا اور اس نے بیت اللہ کے گرد سات چکر بھی لگائے تھے' پھر آخر میں ''جودی'' پر لنگر انداز ہوئی تھی۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

الکافی میں حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: سفینۂ نوحؑ خدا کی طرف سے مامور تھا۔ اس نے بیت اللہ کے گرد سات چکر لگائے تھے' پھر وہاں سے منیٰ گئی اور منیٰ سے بیت اللہ کی طرف واپس آئی اور طواف النساء کے چکر لگائے تھے۔

تہذیب الاحکام میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: کشتی نوحؑ عاشورہ کے دن جودی پر لنگر انداز ہوئی تھی۔ حضرت نوح علیہ السلام نے اس میں سوار افراد کو حکم دیا کہ وہ اس دن کا روزہ رکھیں۔

مجمع البیان میں ہے کہ کفارِ قریش نے قرآن کے مقابلہ میں کچھ سورتیں بنانے کا ارادہ کیا تھا۔ انھوں نے ادیب افراد کا انتخاب کیا اور گوشت اور شراب سے ان کی خوب تواضع کی اور یہ سلسلہ چالیس دن تک چلتا رہا۔ لیکن جب انھوں نے وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ کی آیت مجیدہ سنی تو انھوں نے بے ساختہ کہا کہ اس کلام کے مقابلہ میں کلام لانا ناممکن ہے' کیونکہ یہ کلام مخلوق کے کلام سے مشابہت ہی نہیں رکھتی۔ پھر انھوں نے قرآن کا مقابلہ کرنے کا ارادہ ہی ترک کر دیا۔

کتاب احتجاج طبرسی میں مرقوم ہے کہ ایک شامی یہودی نے حضرت علی علیہ السلام سے کہا: آپؑ ذرا حضرت نوح علیہ السلام کی تاریخ کا مطالعہ کریں اور دیکھیں انھوں نے رضائے الٰہی کے لیے کس قدر صبر سے کام لیا تھا اور کیا آپؐ کے نبی نے بھی ان جیسا صبر کیا ہے؟

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: ہمارے نبی ان سے بھی بڑے صابر تھے۔ لوگوں نے آپؐ کو طرح طرح کی ایذائیں دیں' لیکن آپؐ نے ہر مقام پر صبر کیا' ایک مرتبہ ابولہب اُونٹ کی اوجھڑی اُٹھا کر لایا۔ اللہ نے ملک الجبال فرشتہ کو آنحضرتؐ کے پاس بھیجا۔ اس نے آپؐ سے کہا میں آپؐ کے فرمان کی تعمیل کرنے کے لیے آیا ہوں۔ اگر آپ حکم دیں تو میں پہاڑ اُٹھا کر ان لوگوں پر پھینک دوں اور ان کا نام ونشان تک مٹا دوں۔

آنحضرتؐ نے یہ سن کر فرمایا: نہیں مجھے رحمت بنا کر بھیجا گیا ہے۔ خدایا! میری اُمت کو ہدایت دے یہ لوگ نہیں جانتے۔

حضرت نوح علیہ السلام نے جب اپنے بیٹے کو ہلاک ہوتے دیکھا تو انھیں اس کافر پر رحم آ گیا' لیکن آنحضرتؐ نے اپنے رشتہ داروں سے مسلح جہاد کیا۔ آپؐ نے کسی کی رشتہ داری کی پرواہ نہیں کی تھی۔

ایک زندیق نے حضرت علی علیہ السلام سے کہا: آپؑ کی کتاب بھی بڑی عجیب ہے۔ اس میں انبیاء کی بشری غلطیوں کی بھی نشان دہی کی گئی ہے مثلاً قرآن میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام نے اپنے نااہل بیٹے کے لیے سفارش

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

تھی۔ آخر ایسا کیوں ہے؟

امیر المومنین علی علیہ السلام نے فرمایا: اس میں اللہ کی زبردست حکمت مضمر ہے۔ خدا اگر انبیاء کی بشری کمزوریوں کا اظہار نہ کرتا تو لوگ انھیں معبود مان لیتے' جیسا کہ عیسائیوں نے حضرت عیسیٰؑ کے معجزات دیکھ کر انھیں ابن اللہ کہنا شروع کر دیا تھا۔

مجمع البیان میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: اللہ نے فرزندِ نوحؑ کے متعلق یہ فیصلہ صادر فرمایا کہ وہ نوح علیہ السلام کے اہل میں سے نہیں ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ حضرتؑ کا مخالف تھا اسی لیے اللہ نے اسے اہل سے باہر نکال دیا اور جن لوگوں نے آپؑ کی پیروی کی تھی خدا نے انھیں حضرت نوحؑ کا اہل قرار دیا۔

شیخ الطائفہ نے کتاب الغیبۃ میں اسحاق بن یعقوب سے نقل کیا ہے کہ میں نے چند مشکل مسائل لکھ کر امام زمانہ علیہ السلام کے نائب خاص محمد بن عثمان العمری کے سپرد کیے اور ان سے کہا کہ وہ یہ مسائل امامِ زمانہؑ کی خدمت میں پیش کریں۔ امام زمانہ علیہ السلام کی طرف سے ایک توقیع برآمد ہوئی' جس میں یہ مرقوم تھا کہ تو نے جو یہ پوچھا ہے کہ میرے خاندان والے اور میرے چچازاد میرے مخالف کیوں ہیں؟ سنو! اس کا جواب یہ ہے کہ خدا کی کسی انسان سے کوئی رشتہ داری نہیں ہے اور جو میرا انکار کرے وہ مجھ سے نہیں ہے اور اس کا راستہ فرزندِ نوحؑ کے راستے جیسا ہے۔

عیون الاخبار میں مرقوم ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: حضرت نوح علیہ السلام کا بیٹا ان کا مخالف تھا۔ اللہ نے اسے اہل سے خارج کر دیا اور جنھوں نے آپؑ کی اتباع کی تھی انھیں حضرت نوحؑ کا اہل قرار دیا۔ کنعان رشتہ میں تو حضرت نوح علیہ السلام کا بیٹا تھا' لیکن جب اس نے اللہ کے نبی کی دین میں مخالفت کی تو وہ اہل سے خارج ہو گیا تھا۔

حضرت امام علی رضا علیہ السلام نے دربارِ مامون میں عترت اور اُمت کے درمیان بارہ فرق بیان کیے تھے اور اس خطبہ کے ضمن میں آپؑ نے یہ کلمات بھی ارشاد فرمائے: کیا تمھیں ہدایت یافتہ اور چُنے ہوئے افراد کی وراثت کا علم نہیں ہے؟ حاضرین نے کہا: آپؑ ہی بیان فرمائیں۔ آپؑ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا وَّاِبْرٰهِيْمَ وَجَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ فَمِنْهُمْ مُّهْتَدٍ ۚ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ۝ (الحدید: ۲۶)

"بے شک ہم نے نوحؑ اور ابراہیمؑ کو بھیجا اور ہم نے ان کی نسل میں نبوت اور کتاب کو رکھا ان میں

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کچھ ہدایت یافتہ ہیں اور ان میں اکثریت فاسقین کی ہے"۔

کیا تمھیں معلوم نہیں ہے کہ جب نوح علیہ السلام نے اپنے نااہل بیٹے کو بچانے کے لیے خدا سے درخواست کی اور اسے اپنا "اہل" قرار دیا تھا اور آپؑ نے اسے اس لیے "اہل" قرار دیا تھا کہ اللہ کا آپؑ سے وعدہ تھا کہ وہ آپؑ کے اہل کو نجات دے گا۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح علیہ السلام سے جواب میں فرمایا:

يٰنُوْحُ اِنَّهٗ لَيْسَ مِنْ اَهْلِكَ ۚ اِنَّهٗ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ ۖ فَلَا تَسْـَٔلْنِ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ۭ اِنِّىْٓ اَعِظُكَ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ۝

"اے نوحؑ! وہ تیرے اہل میں سے نہیں ہے، یہ عمل غیر صالح ہے لہٰذا مجھ سے ایسی بات کا سوال نہ کرو جس کا تمھیں علم نہیں ہے۔ میں تمھیں نصیحت کرتا ہوں کہ جاہلوں میں سے مت بنو"۔

ساداتِ کرام کے لیے لمحۂ فکریہ

عیون الاخبار میں حسن بن موسیٰ الوشا بغدادی سے منقول ہے کہ میں حضرت امام علی رضا علیہ السلام کی مجلس میں خراسان میں موجود تھا۔ آپؑ کا بھائی زید بن موسیٰ کاظمؑ بھی چند افراد کے ساتھ آپؑ کی محفل میں حاضر ہوا اور وہ حاضرین پر اپنا خاندانی تفاخر جمانے لگا اور کہنے لگا کہ ہم یہ ہیں، ہم وہ ہیں۔ امام علی رضا علیہ السلام لوگوں سے گفتگو کرنے میں مصروف تھے کہ آپؑ نے بھی اس کی افتخار آمیز باتیں سن لیں۔ آپؑ فوراً اس کی طرف متوجہ ہوئے اور اس سے فرمایا: زید! معلوم ہوتا ہے کہ اہلِ کوفہ کی اس روایت نے تمھیں دھوکے میں ڈال دیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا: ان فاطمة احصنت فرجها فحرم الله تعالى ذريتها على النار، "حضرت فاطمہؑ نے اپنی عصمت کی حفاظت کی ہے جس کے نتیجہ میں اللہ نے اس کی اولاد پر نارِ جہنم کو حرام قرار دیا ہے"۔ (اچھی طرح سن لو) یہ حدیث صحیح ہے، لیکن اس سے امام حسنؑ اور امام حسینؑ اور حضرت فاطمہ زہراؑ کی بلافصل اولاد مراد ہے۔

عجیب بات ہے کہ تیرا والد امام موسیٰ بن جعفرؑ تو خدا کی اطاعت کرے اور دن کو روزہ رکھے اور رات کو قیام کرے اور تو خدا کی نافرمانی کرے اور جب تم دونوں خدا کے حضور آؤ تو برابر ہو کر آؤ۔ اس کا مطلب تو پھر یہ ہے کہ تم اپنے والد سے بھی خدا کو زیادہ عزیز ہو۔ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام فرمایا کرتے تھے: ہم میں سے نیکی کرنے والے کو دوہرا اجر ملے گا اور ہمارے بدکار کو بھی دوہرا عذاب دیا جائے گا۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

راوی کہتا ہے کہ امام علیہ السلام میری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: حسن! قَالَ يٰنُوْحُ اِنَّهٗ لَيْسَ مِنْ اَهْلِكَ اِنَّهٗ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ .....کی آیت کو تم کس طرح سے پڑھتے ہو؟

میں نے کہا: کچھ لوگ اسے اِنَّهٗ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ پڑھتے ہیں جب کہ کچھ اِنَّهٗ عَمِلَ غَيْرَ صَالِحٍ پڑھتے ہیں اور جو اس طرح سے پڑھتے ہیں وہ اس کی والد سے نفی کرتے ہیں۔

یہ سن کر امام علیہ السلام نے فرمایا: ہرگز ایسا نہیں۔ وہ حضرت نوح علیہ السلام کا ہی صلبی بیٹا تھا' لیکن جب اس نے خدا کی نافرمانی کی تو اللہ نے اسے حضرتؑ کے اہل سے خارج کر دیا تھا۔ اسی طرح سے جو ہم میں سے ہو کر خدا کی اطاعت نہیں کرے گا تو وہ ہم میں سے نہیں ہوگا اور تو (غیر سید ہو کر بھی) اگر اللہ کی اطاعت کرے گا تو تو بھی ہم اہلِ بیتؑ میں سے ہوگا۔

علی بن ابراہیم بن ہاشم کہتے ہیں کہ مجھ سے یاسر نے بیان کیا کہ امام علی رضا علیہ السلام کے بھائی زید بن موسیٰؑ نے مدینہ میں حکومت کے خلاف خروج کیا اور اس نے بنی عباس کے کئی مکانات نذرِ آتش کیے تھے اور کچھ افراد کو قتل کیا تھا۔ حکومت کی فوج نے اس سے لڑائی کی اور اسے گرفتار کر لیا۔ اسے گرفتار کر کے مامون کے پاس بھیج دیا گیا۔ مامون نے کہا کہ اسے اس کے بھائی علی رضاؑ کے پاس لے جاؤ۔ چنانچہ جب اسے امام علی رضا علیہ السلام کے سامنے لایا گیا تو آپؑ نے اس سے فرمایا:

زید! کوفہ کے احمق افراد کے اس قول نے تمھیں دھوکا دیا ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ان فاطمة احصنت فرجها فحرم الله ذريتها على النار، ''حضرت فاطمہ زہراؑ نے اپنی عصمت کی نگہبانی کی ہے، اللہ نے اس کی نسل کے لیے دوزخ کو حرام قرار دیا ہے''۔

سنو! یہ فرمان حضرت امام حسنؑ اور حضرت امام حسینؑ کے لیے ہے۔ اگر تیرا خیال یہ ہے کہ تو خدا کی نافرمانی کر کے جنت میں جائے گا اور تیرا والد موسیٰ کاظمؑ اللہ کی اطاعت کر کے جنت میں جائے گا تو پھر اس کا مطلب تو یہ ہوا کہ تو خدا کو اپنے والد سے بھی زیادہ پیارا ہے۔ خدا کے ہاں درجات اس کی اطاعت سے ہی ملتے ہیں اور تو یہ سمجھتا ہے کہ خدا کی نافرمانی کر کے بھی وہ درجات حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ تیرا خیال انتہائی برا ہے۔

زید نے آپؑ سے کہا: میں آپؑ کا بھائی ہوں اور آپؑ کے والد کا فرزند ہوں۔

حضرت امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا: تو جب تک خدا کی اطاعت کرے گا تو میرا بھائی رہے گا۔ حضرت نوح علیہ السلام نے بھی اپنے نااہل بیٹے کو بچانے کے لیے اسے اپنا ''اہل'' کہا تھا' اس کے جواب میں خدا نے فرمایا تھا: اِنَّهٗ لَيْسَ مِنْ اَهْلِكَ اِنَّهٗ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ (وہ تیرے اہل میں سے نہیں ہے یہ غیر شائستہ عمل ہے''۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اللہ نے کنعان کی نافرمانی کی وجہ سے حضرت نوح علیہ السلام کے اہل سے خارج کر دیا تھا۔

تفسیر علی بن ابراہیم کی ایک روایت کا ماحصل یہ ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی موصل کے قریب کوہِ جودی پر لنگر انداز ہوئی اور کشتی میں اسی (۸۰) اہلِ ایمان سوار تھے۔ کشتی سے اُترنے کے بعد انھوں نے وہاں ایک شہر قائم کیا تھا جس کا نام ''مدینۃ الثمانین'' (اسی افراد کا شہر) رکھا گیا تھا۔

حضرت نوح علیہ السلام کی ایک بیٹی بھی کشتی میں سوار تھی۔ انسانوں کی نسل اس سے چلی۔ اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا کہ نوح علیہ السلام دو میں سے ایک باپ ہے۔

دو نصیحتیں

کتاب الخصال میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی لنگر انداز ہوئی اور آپؑ کشتی سے باہر آئے تو ابلیس لعین آپؑ کے پاس آیا اور اس نے کہا کہ آپؑ نے مجھ پر بڑا احسان کیا ہے۔ آپؑ نے بددعا دے کر تمام فاسقین کو غرق کر دیا ہے۔ اب کچھ دن مجھے آرام نصیب ہوگا اور اس احسان کی وجہ سے میں آپؑ کو دو نصیحتیں کرنا چاہتا ہوں:

پہلی نصیحت یہ ہے کہ کبھی کسی سے حسد نہ کرنا' کیونکہ اگر میں نے آدمؑ سے حسد نہ کیا ہوتا تو آج ابلیس نہ کہلاتا۔

دوسری نصیحت یہ ہے کہ کبھی حرص نہ کرنا' کیونکہ اگر آپؑ کے دادا جنت میں حرص نہ کرتے تو انھیں جنت سے کبھی نہ نکالا جاتا۔

الکافی میں ہے کہ طوفان کی وجہ سے قبریں اکھڑیں اور ان سے ہڈیاں برآمد ہوئیں تو حضرت نوح علیہ السلام بہت پریشان ہوئے۔ اللہ تعالیٰ نے انھیں وحی کی یہ تمھاری اپنی بددعا کا ہی ثمر ہے۔ اگر تو بددعا نہ کرتا تو یہ ہڈیاں یوں باہر نہ آتیں۔

حضرت نوح علیہ السلام نے کہا: پروردگار! میں تجھ سے توبہ و استغفار کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے انھیں وحی فرمائی کہ غم دُور کرنے کے لیے سیاہ انگور کھاؤ۔

وفاتِ نوحؑ

کتاب کمال الدین وتمام النعمۃ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: طوفان کے بعد حضرت نوح علیہ السلام پچاس برس تک مزید زندہ رہے۔ جب ان کی زندگی کے آخری ایام آئے تو جبریلؑ امین ان کے پاس آئے اور کہا کہ اب آپؑ کی نبوت کا زمانہ ختم ہو رہا ہے اور آپؑ کی زندگی کے دن پورے ہونے والے ہیں۔ آپ اسم

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

علم اور میراثِ علم اور علمِ نبوت کے آثار اپنے فرزند سام کے سپرد کر دیں۔ آپؑ نے اس پر عمل کیا۔

روضہ کافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: حضرت نوح علیہ السلام کی کل زندگی دو ہزار تین سو سالوں پر مشتمل تھی اور آپؑ نے آٹھ سو پچاس سال کی عمر میں اعلانِ نبوت کیا تھا اور نو سو پچیس برس تک آپؑ نے نبوت کی تبلیغ کی تھی اور طوفان کے بعد آپؑ نے پانچ سو برس تک زندگی بسر کی۔ اس دوران آپؑ نے کئی شہر آباد کیے اور اپنی اولاد کو شہروں میں رہائش دلائی۔

آخرکار جامِ زیست لبریز ہوگیا۔ ملک الموت آپؑ کے پاس پہنچا۔ اس وقت آپؑ دھوپ میں بیٹھے تھے۔ اس نے آپؑ پر سلام کیا' آپؑ نے سلام کا جواب دیا اور فرمایا: ملک الموت! کیسے آنا ہوا؟ اس نے کہا: میں آپؑ کی روح قبض کرنے کے لیے آیا ہوں۔ آپؑ نے کہا: اچھا اتنی اجازت دو کہ دھوپ سے اُٹھ کر چھاؤں میں آجاؤں۔ اس نے اجازت دی۔ آپؑ دھوپ سے اُٹھ کر چھاؤں میں آئے اور آپؑ نے ملک الموت سے کہا: مجھے اپنی تمام زندگی یوں محسوس ہوتی ہے جیسے میں دھوپ سے اُٹھ کر چھاؤں میں آیا ہوں۔

تہذیب الاحکام میں ابی بصیر سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کی: امیر المومنین علی علیہ السلام کہاں دفن ہوئے تھے؟

آپؑ نے فرمایا: وہ اپنے والد حضرت نوح علیہ السلام کی قبر میں دفن ہوئے تھے۔ میں (راوی) نے کہا: قبرِ نوحؑ کہاں ہے؟ لوگ کہتے ہیں کہ وہ مسجدِ کوفہ میں مدفون ہیں۔

آپؑ نے فرمایا: نہیں' وہ پشتِ کوفہ (نجف) میں مدفون ہیں۔ (نقلا عن الھامش)

وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ
اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُفْتَرُوْنَ ﴿۵۰﴾ يٰقَوْمِ لَاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ
اَجْرًا ؕ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى الَّذِيْ فَطَرَنِيْ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۵۱﴾
وَيٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْۤا اِلَيْهِ يُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ
مِّدْرَارًا وَّيَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰى قُوَّتِكُمْ وَلَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۵۲﴾

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

قَالُوْا يٰهُوْدُ مَا جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ وَّمَا نَحْنُ بِتَارِكِيْٓ اٰلِهَتِنَا عَنْ
قَوْلِكَ وَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۳﴾ اِنْ نَّقُوْلُ اِلَّا اعْتَرٰىكَ بَعْضُ
اٰلِهَتِنَا بِسُوْٓءٍ ؕ قَالَ اِنِّيْٓ اُشْهِدُ اللّٰهَ وَاشْهَدُوْٓا اَنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا
تُشْرِكُوْنَ ﴿۵۴﴾ مِنْ دُوْنِهٖ فَكِيْدُوْنِيْ جَمِيْعًا ثُمَّ لَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۵۵﴾ اِنِّيْ
تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكُمْ ؕ مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌ
بِنَاصِيَتِهَا ؕ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۶﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ
اَبْلَغْتُكُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِهٖٓ اِلَيْكُمْ ؕ وَيَسْتَخْلِفُ رَبِّيْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۚ
وَلَا تَضُرُّوْنَهٗ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ﴿۵۷﴾ وَلَمَّا جَآءَ
اَمْرُنَا نَجَّيْنَا هُوْدًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا ۚ وَنَجَّيْنٰهُمْ
مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ ﴿۵۸﴾ وَتِلْكَ عَادٌ ۗ جَحَدُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَعَصَوْا
رُسُلَهٗ وَاتَّبَعُوْٓا اَمْرَ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿۵۹﴾ وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهِ
الدُّنْيَا لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اَلَآ اِنَّ عَادًا كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ؕ اَلَا
بُعْدًا لِّعَادٍ قَوْمِ هُوْدٍ ﴿۶۰﴾ وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ
اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ هُوَ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ
وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيْهَا فَاسْتَغْفِرُوْهُ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ ؕ اِنَّ رَبِّيْ قَرِيْبٌ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

مُجِيْبٌ ۝ قَالُوْا يٰصٰلِحُ قَدْ كُنْتَ فِيْنَا مَرْجُوًّا قَبْلَ هٰذَآ اَتَنْهٰنَآ
اَنْ نَّعْبُدَ مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا وَاِنَّنَا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ
مُرِيْبٍ ۝ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ
وَاٰتٰنِيْ مِنْهُ رَحْمَةً فَمَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ عَصَيْتُهٗ ۖ فَمَا
تَزِيْدُوْنَنِيْ غَيْرَ تَخْسِيْرٍ ۝ وَيٰقَوْمِ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً
فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْٓ اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ
عَذَابٌ قَرِيْبٌ ۝ فَعَقَرُوْهَا فَقَالَ تَمَتَّعُوْا فِيْ دَارِكُمْ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ ۭ
ذٰلِكَ وَعْدٌ غَيْرُ مَكْذُوْبٍ ۝ فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا صٰلِحًا
وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَمِنْ خِزْيِ يَوْمَىِٕذٍ ۭ اِنَّ رَبَّكَ
هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ۝ وَاَخَذَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا
فِيْ دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ۝ كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ۭ اَلَآ اِنَّ ثَمُوْدَا
كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ۭ اَلَا بُعْدًا لِّثَمُوْدَ ۝ وَلَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ
بِالْبُشْرٰى قَالُوْا سَلٰمًا ۭ قَالَ سَلٰمٌ فَمَا لَبِثَ اَنْ جَآءَ بِعِجْلٍ
حَنِيْذٍ ۝ فَلَمَّا رَآٰ اَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ اِلَيْهِ نَكِرَهُمْ وَاَوْجَسَ
مِنْهُمْ خِيْفَةً ۭ قَالُوْا لَا تَخَفْ اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمِ لُوْطٍ ۝

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

وَامْرَاَتُهٗ قَآئِمَةٌ فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ ۙ وَمِنْ وَّرَآءِ
اِسْحٰقَ يَعْقُوْبَ ۝٧١ قَالَتْ يٰوَيْلَتٰٓى ءَاَلِدُ وَاَنَا عَجُوْزٌ وَّهٰذَا بَعْلِىْ
شَيْخًا ۭ اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عَجِيْبٌ ۝٧٢ قَالُوْٓا اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ
رَحْمَتُ اللّٰهِ وَبَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ ۭ اِنَّهٗ حَمِيْدٌ
مَّجِيْدٌ ۝٧٣ فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ اِبْرٰهِيْمَ الرَّوْعُ وَجَآءَتْهُ الْبُشْرٰى
يُجَادِلُنَا فِيْ قَوْمِ لُوْطٍ ۝٧٤ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَحَلِيْمٌ اَوَّاهٌ مُّنِيْبٌ ۝٧٥
يٰٓاِبْرٰهِيْمُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا ۚ اِنَّهٗ قَدْ جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ۚ وَاِنَّهُمْ
اٰتِيْهِمْ عَذَابٌ غَيْرُ مَرْدُوْدٍ ۝٧٦ وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْٓءَ
بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالَ هٰذَا يَوْمٌ عَصِيْبٌ ۝٧٧ وَجَآءَهٗ
قَوْمُهٗ يُهْرَعُوْنَ اِلَيْهِ ۭ وَمِنْ قَبْلُ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ۭ
قَالَ يٰقَوْمِ هٰٓؤُلَاۗءِ بَنَاتِيْ هُنَّ اَطْهَرُ لَكُمْ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ
فِيْ ضَيْفِيْ ۭ اَلَيْسَ مِنْكُمْ رَجُلٌ رَّشِيْدٌ ۝٧٨ قَالُوْا لَقَدْ عَلِمْتَ مَا
لَنَا فِيْ بَنٰتِكَ مِنْ حَقٍّ ۚ وَاِنَّكَ لَتَعْلَمُ مَا نُرِيْدُ ۝٧٩ قَالَ لَوْ اَنَّ لِيْ
بِكُمْ قُوَّةً اَوْ اٰوِيْٓ اِلٰى رُكْنٍ شَدِيْدٍ ۝٨٠ قَالُوْا يٰلُوْطُ اِنَّا رُسُلُ
رَبِّكَ لَنْ يَّصِلُوْٓا اِلَيْكَ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَلَا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ اِلَّا امْرَاَتَكَ ؕ اِنَّهٗ مُصِيْبُهَا مَآ اَصَابَهُمْ ؕ
اِنَّ مَوْعِدَهُمُ الصُّبْحُ ؕ اَلَيْسَ الصُّبْحُ بِقَرِيْبٍ ﴿۸۱﴾ فَلَمَّا جَآءَ
اَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهَا حِجَارَةً مِّنْ
سِجِّيْلٍ ۙ مَّنْضُوْدٍ ﴿۸۲﴾ مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ ؕ وَمَا هِيَ مِنَ
الظّٰلِمِيْنَ بِبَعِيْدٍ ﴿۸۳﴾

''اور (قوم) عادؑ کی طرف ہم نے ان کے بھائی ہودؑ کو روانہ کیا۔ اس نے کہا: اے برادرانِ قوم! اللہ کی عبادت کرو۔ اس کے علاوہ کوئی تمھارا معبود نہیں ہے۔ تم نے تو محض جھوٹ گھڑ رکھے ہیں۔

اے میری قوم! اس تبلیغ پر میں تم سے کوئی اُجرت نہیں مانگتا۔ میری اُجرت اس کے ذمہ ہے جس نے مجھے پیدا کیا ہے۔ کیا تم سوچ بچار نہیں کرتے؟ اے میری قوم! اپنے رب سے مغفرت طلب کرو، پھر اس کی طرف رجوع کرو۔ وہ تم پر موسلا دھار بارش برسائے گا اور تمھاری موجودہ قوت میں مزید قوت کا اضافہ کرے گا اور مجرم بن کر منہ نہ پھیرو۔

انھوں نے کہا: اے ہودؑ! تم ہمارے پاس کوئی واضح نشانی تو لے کر نہیں آئے اور تیرے کہنے پر ہم اپنے خداؤں کو نہیں چھوڑ سکتے اور ہم تم پر ایمان لانے والے نہیں ہیں۔ ہم تو یہ سمجھتے ہیں کہ ہمارے معبودوں میں سے تم پر کسی کی مار پڑ گئی ہے۔

ہودؑ نے کہا: میں اللہ کو گواہ بناتا ہوں اور تم بھی گواہ رہو کہ تم جو شرک کر رہے ہو میں اس سے بیزار ہوں۔ تم میرے خلاف مل کر جو بھی سازش کرنا چاہو وہ کرلو اور مجھے بالکل مہلت نہ دو۔ میں نے اللہ پر بھروسہ کیا ہے، جو میرا اور تمھارا رب ہے اور وہ ہر جاندار کی پیشانی کو

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

پکڑے ہوئے ہے۔ بے شک میرا رب سیدھے راستہ پر ہے۔

اگر تم منہ پھیرتے ہو تو پھیر لو مجھے جو پیغام دے کر بھیجا گیا تھا وہ پیغام میں نے تمھیں پہنچا دیا ہے۔ میرا رب تمھاری جگہ اور قوم کو لے آئے گا اور تم اس کا کچھ بھی بگاڑ نہ سکو گے۔ بے شک میرا رب ہر چیز کا نگہبان ہے۔ پھر جب ہمارا حکم آ گیا تو ہم نے اپنی رحمت سے ہود کو اور جو لوگ اس پر ایمان لائے تھے نجات دے دی اور ہم نے انھیں سخت عذاب سے محفوظ رکھا۔

یہ ہیں عاد اپنے رب کی آیات سے انھوں نے انکار کیا اور اس کے رسولوں کی نافرمانی کی اور انھوں نے ہر جبار سرکش کے حکم کی پیروی کی تھی۔ اس دنیا اور روزِ قیامت میں ان کے پیچھے لعنت کو لگا یا گیا۔ آ گاہ رہو! قومِ عاد نے اپنے پروردگار کا انکار کیا تھا۔ آ گاہ رہو! ہود کی قوم عاد کے لیے دوری ہے۔

اور ثمود کی طرف سے ہم نے ان کے بھائی صالح کو بھیجا۔ اس نے کہا: اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو اس کے علاوہ کوئی تمھارا معبود نہیں ہے۔ اسی نے تمھیں زمین سے پیدا کیا اور تمھیں زمین میں آباد کیا۔ تم اس سے مغفرت طلب کرو۔ پھر اس کی طرف رجوع کرو۔ بے شک میرا رب قریب اور دعاؤں کے قبول کرنے والا ہے۔

افرادِ قوم نے کہا: اس سے قبل قوم کو تم سے توقعات وابستہ تھیں۔ کیا تو ہمیں ان خداؤں کی عبادت سے روکنا چاہتا ہے جن کی عبادت ہمارے آباء و اجداد کیا کرتے تھے؟ تو جس طرف ہمیں بلا رہا ہے اس کے بارے میں ہم کو شک ہے جس نے ہمیں خلجان میں مبتلا کر ڈالا ہے۔

صالح نے کہا: اے میری قوم! کیا تم نے اس بات پر بھی توجہ کی ہے۔ اگر میں اپنے رب کی طرف سے ایک شہادت رکھتا تھا پھر اس نے اپنی طرف سے مجھے رحمت عطا کی۔ اس کے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

بعد مجھے اللہ کی پکڑ سے کون بچائے گا؟ اگر میں نے اس کی نافرمانی کی۔ تم لوگ تو میرے خسارہ میں ہی اضافہ کر رہے ہو۔

اے میری قوم! اللہ کی یہ اُونٹنی تمھارے لیے ایک نشانی ہے اسے آزاد چھوڑ دو تاکہ اللہ کی زمین پر چرتی پھرتی رہے۔ اس سے کسی طرح کی برائی نہ کرنا ورنہ بہت جلد تم پر اللہ کا عذاب آجائے گا۔

انھوں نے اُونٹنی کو مار ڈالا۔ صالحؑ نے کہا: تم اپنے گھروں میں تین دن اور رہ لو۔ یہ وعدہ ہے جو جھوٹا ثابت نہ ہوگا۔ جب ہمارے فیصلے کا وقت آ گیا تو ہم نے صالحؑ اور جو ان پر ایمان لائے تھے اپنی رحمت سے انھیں نجات دی اور ہم نے انھیں اس دن کی رُسوائی سے محفوظ رکھا۔ بے شک تیرا رب صاحبِ قوت اور غالب ہے۔

ظلم کرنے والوں کو ایک چیخ نے آلیا۔ وہ اپنے گھروں میں بے حس و حرکت بن کر رہ گئے۔ گویا وہ وہاں کبھی آباد ہی نہیں رہے تھے۔ آگاہ رہو! قومِ ثمودؑ نے اپنے پروردگار کا انکار کیا۔ دُوری ہو قومِ ثمودؑ کے لیے۔

اور ہمارے نمائندے (فرشتے) ابراہیمؑ کے پاس خوش خبری لے کر گئے' کہا: تم پر سلام ہو۔ ابراہیمؑ نے ان پر سلام کیا۔ تھوڑی دیر بعد ابراہیمؑ ان کی مہمانی کے لیے بھنا ہوا بچھڑا لے کر آ گئے۔ جب ابراہیمؑ نے دیکھا کہ ان کے ہاتھ کھانے کی طرف نہیں بڑھ رہے تو اس نے انھیں اُوپرا سمجھا اور ان سے خوف سا محسوس کیا۔ انھوں نے کہا: ڈریں نہیں' ہمیں قومِ لوطؑ کی طرف بھیجا گیا ہے۔

ابراہیمؑ کی بیوی کھڑی تھی وہ ہنس دی تو ہم نے اسے اسحاقؑ کی بشارت دی اور اسحاقؑ کے بعد یعقوبؑ کی بشارت دی۔ وہ کہنے لگی: ہائے میری بدبختی کیا میں بچہ جنم دوں گی' جب کہ میں بوڑھی ہوں اور یہ میرے شوہر ہیں جو کہ بوڑھے ہیں یقیناً یہ تو عجیب چیز ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

فرشتوں نے کہا: کیا تم اللہ کی قدرت پر تعجب کرتی ہو؟ اے اہلِ بیت ابراہیمؑ! اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں تم پر ہیں۔ بے شک وہ قابلِ تعریف اور بڑی شان والا ہے۔

جب ابراہیمؑ کا خوف دُور ہوگیا اور اس کے پاس خوش خبری آ گئی تو وہ قومِ لوطؑ کے متعلق ہم سے جھگڑنے لگا۔ یقیناً ابراہیمؑ بُردبار اور نرم دل اور ہماری طرف رُجوع کرنے والا تھا۔

(فرشتوں نے کہا) ابراہیمؑ! اس سے باز آ جاؤ۔ تمھارے رب کا حکم پہنچ چکا ہے اور ان پر وہ عذاب نازل ہونے والا ہے جسے ٹالا نہیں جاسکتا۔

اور جب ہمارے نمائندے لوطؑ کے پاس پہنچے تو ان کی آمد سے وہ بہت گھبرایا اور دل تنگ ہوا' اور کہنے لگا کہ آج بڑی مصیبت کا دن ہے۔ جیسے ہی وہ آئے تو لوطؑ کی قوم کے لوگ دوڑتے ہوئے ان کے پاس آئے اور اس سے پہلے وہ بدکاریاں کیا کرتے تھے۔

لوطؑ نے کہا: اے میری قوم! یہ میری بیٹیاں (تمھاری بیویاں) موجود ہیں۔ یہ تمھارے لیے زیادہ پاکیزہ ہیں۔ تم اللہ سے ڈرو اور مہمانوں کے متعلق مجھے رُسوا نہ کرو۔ کیا تمھارے اندر کوئی باشعور شخص موجود نہیں ہے؟

وہ کہنے لگے کہ تو جانتا ہے کہ تمھاری بیٹیوں سے ہمارا کوئی تعلق نہیں ہے اور ہم جو کچھ چاہتے ہیں اس کے متعلق تمھیں بخوبی علم ہے۔

لوطؑ نے کہا: اے کاش! میرے پاس تمھارے مقابلہ کے لیے قوت موجود ہوتی یا میں کسی مضبوط سہارے کی پناہ لے سکتا۔

انھوں (فرشتوں) نے کہا: اے لوطؑ! ہم تیرے رب کے نمائندے ہیں۔ یہ لوگ تمھارا کچھ نہ بگاڑ سکیں گے۔ رات کے اندر ہی اپنے خاندان کو لے کر نکل جاؤ اور تم میں سے کوئی پیچھے پلٹ کر نہ دیکھے' سوائے تیری بیوی کے' اس پر بھی وہی عذاب آنے والا ہے جو ان پر آنے والا ہے۔ ان کے عذاب کے لیے صبح کا وقت مقرر ہو چکا ہے۔ کیا صبح قریب نہیں ہے؟ اور

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

جب ہمارے فیصلے کا وقت آیا تو ہم نے اس کے اُوپر کے حصّہ کو نیچے اُلٹ دیا اور اس پر پکی ہوئی مٹی کے پتھر تابڑ توڑ برسائے۔ ان میں سے ہر پتھر تیرے رب کی طرف سے نشان زدہ تھا اور یہ عذاب ظالموں سے دُور نہیں ہے"۔

قومِ عادؑ کا انجام

وَاِلٰی عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ؕ قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُفْتَرُوْنَ ۝۵۰ یٰقَوْمِ لَاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَیْهِ اَجْرًا ؕ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلَى الَّذِیْ فَطَرَنِیْ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝۵۱ وَیٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْۤا اِلَیْهِ یُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَیْكُمْ مِّدْرَارًا وَّیَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰی قُوَّتِكُمْ وَلَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِیْنَ ۝۵۲

"اور قومِ عاد کی طرف ہم نے ان کے بھائی ہودؑ کو روانہ کیا۔ اس نے کہا: اے برادرانِ قوم! اللہ کی عبادت کرو، اس کے علاوہ کوئی تمھارا معبود نہیں ہے۔ تم تو محض جھوٹ گھڑ رہے ہو۔ اے برادرانِ قوم! میں تم سے اس تبلیغ کی کوئی اُجرت طلب نہیں کرتا۔ میری اُجرت تو بس اس کے ذمہ ہے جس نے مجھے پیدا کیا ہے۔ کیا تم سوچ بچار سے کام نہیں لیتے؟ اے میری قوم! اپنے رب سے مغفرت طلب کرو۔ پھر اس کی طرف رجوع کرو، وہ تم پر موسلا دھار بارش برسائے گا اور تمھاری موجودہ قوت میں مزید قوت کا اضافہ کرے گا اور تم مجرم بن کر منہ نہ پھیرو"۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ قومِ عادؑ ایک بادیہ نشین قوم تھی، ان کا وطن "شقوق" سے "احقاف" تک چار منازل میں پھیلا ہوا تھا۔ وہ کاشتکاری کرتے تھے اور وہاں بہت زیادہ کھجوریں پائی جاتی تھیں۔ ان کی عمریں بڑی طویل اور جسم بڑے مضبوط ہوتے تھے اور وہ بتوں کی پوجا کیا کرتے تھے۔

اللہ تعالیٰ نے ان کی ہدایت کے لیے حضرت ہود علیہ السلام کو مبعوث فرمایا۔ آپؑ نے انھیں اسلام قبول کرنے اور بت پرستی چھوڑنے کی دعوت دی، لیکن انھوں نے آپؑ پر ایمان لانا گوارا نہ کیا اور انھوں نے اپنے پیغمبر کو تکلیفیں دیں۔ اللہ تعالیٰ نے اُن کے لیے بارش کا سلسلہ روک دیا اور مسلسل سات برس تک بارش نہ برسی اور بارش نہ ہونے کی وجہ سے وہاں قحط پڑ گیا۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

حضرت ہود علیہ السلام خود بھی کاشتکار تھے۔ خشک سالی کی وجہ سے ان کے کھیت بھی متاثر ہوئے۔ کچھ لوگ اُن سے دعا کرانے کے لیے اُن کے دروازے پر آئے۔ اس وقت آپؑ اپنے کھیتوں کی نگہبانی کے لیے باہر گئے ہوئے تھے۔ اُن لوگوں نے دروازے پر دستک دی۔ دستک کے جواب میں ایک بوڑھی اور کانی عورت باہر آئی اور اس نے پوچھا کہ تم کون ہو اور کیا کرنے آئے ہو؟

ان لوگوں نے کہا: ہم فلاں جگہ کے رہائشی ہیں اور ہمارے علاقہ میں خشک سالی کا زور ہے۔ ہم ہودؑ کے پاس دعا کے لیے آئے ہیں اور ہم چاہتے ہیں کہ وہ ہمارے حق میں دعا کریں' تاکہ خشک سالی دُور ہو اور بارشیں نازل ہوں اور ایک بار پھر ہریالی کا دور دورہ ہو۔

عورت نے کہا: اگر اس کی دعا قبول ہوتی تو خود اس کے اپنے کھیت خشک سالی سے کیوں متاثر ہوتے؟

ان لوگوں نے کہا: آپ ہمیں یہ بتائیں کہ ہودؑ کہاں ہیں؟ عورت نے کہا: اگر اسے ملنا ہے تو فلاں جگہ پر جاؤ۔ وہ تمھیں وہاں مل جائیں گے۔

وہ لوگ انھیں تلاش کرتے ہوئے اس جگہ پر آئے اور انھوں نے کہا: اے خدا کے نبی! ہمارا پورا علاقہ خشک سالی کی زد میں ہے اور ایک طویل عرصہ سے بارش نہیں ہوئی' آپؑ خدا سے درخواست کریں کہ وہ بارانِ رحمت نازل کرے اور ہماری مُردہ زمینیں پھر سے آباد ہو جائیں۔

حضرت ہود علیہ السلام نے کہا: جاؤ' تمھارے علاقہ میں بارش ہوگی اور تمھارا علاقہ سرسبز و شاداب ہو جائے گا۔

ان لوگوں نے کہا: اے پیغمبرِ خدا! ہم نے ایک عجیب بات دیکھی ہے' جب ہم آپؑ کے مکان پر گئے تو آپؑ کے گھر سے ایک بوڑھی عورت نے نکل کر ہم سے کہا کہ تم کون ہو اور کیا کرنے آئے ہو۔ جب ہم نے اسے اپنے آنے کا مقصد بتایا تو اس نے کہا کہ اگر ہودؑ کی دعا قبول ہوتی تو خود اس کے کھیت کیوں مرجھا جاتے۔

حضرت ہود علیہ السلام نے فرمایا: وہ میری بیوی ہے اور میں اس کی لمبی عمر کے لیے خدا سے دعا مانگتا رہتا ہوں۔

ان لوگوں نے کہا: پھر تو یہ اور زیادہ عجیب بات ہے۔ آپؑ نے کہا: نہیں' اس میں تعجب کی کوئی بات نہیں ہے۔ ہر مومن کا کوئی نہ کوئی دشمن ضرور ہوتا ہے جو اسے اذیت پہنچاتا رہتا ہے اور یہ بھی میری دشمن ہے۔ البتہ وہ میری ایسی دشمن ہے جو میرے زیردست ہے۔ خدا کا شکر ہے کہ اس نے مجھے کسی زبردست دشمن کے حوالے نہیں کیا۔ الغرض حضرت ہودؑ اپنی قوم کو تبلیغِ دین کرتے رہے اور انھیں عقیدۂ توحید اپنانے اور بت پرستی چھوڑنے کی دعوت دیتے رہے اور آپؑ نے اپنی قوم کو چار

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ہیں کی دعوت دی:

۱- اللہ کو وحدہٗ لاشریک مانو ۲- بت پرستی چھوڑ دو ۳- خدا کے حضور استغفار کرو ۴- خدا کی طرف رجوع کرو۔

استغفار اور توبہ کے آپؑ نے انھیں دو بڑے فوائد سے آگاہ کیا۔ آپؑ نے فرمایا: اگر تم توبہ و استغفار کرو گے تو تمھاری خشک سالی ختم ہوجائے گی اور تم پر موسلا دھار بارشیں برسیں گی اور اس کا دوسرا فائدہ یہ ہوگا کہ خدا تمھاری موجودہ قوت میں مزید قوت کا اضافہ کرے گا۔

قومِ عادؑ کی بدبختی عروج پر تھی۔ انھوں نے آپؑ سے کہا: آپؑ ہمارے پاس کوئی واضح دلیل نہیں لائے ہیں اور آپؑ کے کہنے پر ہم اپنے خداؤں کو چھوڑنے پر آمادہ نہیں ہیں۔ آخرکار اللہ تعالیٰ نے اس قوم پر اپنا عذاب نازل کیا اور ان پر تیز اور ٹھنڈی آندھی بھیجی اور وہ آندھی مسلسل سات راتوں اور آٹھ دنوں تک چلتی رہی۔ اس وقت چاند زُحل میں تھا۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اللہ نے ایک ہوا پیدا کی ہے، جس کا نام ''ریح عقیم'' (بے ثمر ہوا) ہے اور یہ ہوا ساتویں زمین کے نیچے سے نکلتی ہے۔ اس ہوا کو اللہ نے اب تک صرف ایک ہی مرتبہ باہر آنے کی اجازت دی ہے۔ جب اللہ تعالیٰ قومِ عادؑ پر ناراض ہوا تو اُس نے اپنے ملائکہ سے کہا کہ وہ ایک انگوٹھی کے سوراخ برابر اس ہوا کو باہر آنے دو۔ زمین کے نگہبان فرشتوں نے جب ایک انگوٹھی کے سوراخ برابر اس ہوا کو نکلنے کی اجازت دی تو وہ اس مقدار تک محدود نہ رہی۔ بیل کے ایک نتھنے کے برابر وہ باہر آئی۔

زمین کے خازن فرشتوں نے اللہ تعالیٰ سے عرض کیا: پروردگار! یہ ہوا ہمارے قابو سے باہر ہے۔ اگر تو نے اسے نہ روکا تو یہ صرف قومِ عادؑ کو ہی تباہ نہیں کرے گی، بلکہ دوسرے بے گناہ لوگوں کو بھی تباہ و برباد کردے گی۔

اللہ تعالیٰ نے جبریل امینؑ کو بھیجا۔ انھوں نے اپنے پروں سے اُسے واپس کیا اور فرمایا: جتنا تجھے حکم ملا ہے اتنا ہی باہر آ۔ چنانچہ اس ریح عقیم نے قومِ عادؑ کو تباہ و برباد کردیا۔

میرا رب صراطِ مستقیم پر ہے

إِنَّ رَبِّي عَلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴿٥٦﴾

''بے شک میرا رب صراطِ مستقیم پر ہے''۔

تفسیر عیاشی میں حضرت علیؑ علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے ارشاد فرمایا: اللہ کے صراطِ مستقیم پر ہونے کا مفہوم

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

یہ ہے کہ اللہ احسان کا بدلہ احسان اور برائی کا بدلہ برائی کی صورت میں دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے معاف کر دیتا ہے۔

حضرت صالحؑ اور قومِ ثمودؑ

وَ اِلٰی ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ؕ قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ هُوَ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَ اسْتَعْمَرَكُمْ فِیْهَا فَاسْتَغْفِرُوْهُ ثُمَّ تُوْبُوْۤا اِلَیْهِ ؕ اِنَّ رَبِّیْ قَرِیْبٌ مُّجِیْبٌ ﴿۶۱﴾

''اور قومِ ثمودؑ کی طرف ہم نے ان کے بھائی صالحؑ کو بھیجا۔ اُس نے کہا: اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو، اس کے علاوہ تمھارا کوئی معبود نہیں ہے۔ اس نے تمھیں زمین سے پیدا کیا ہے اور تمھیں زمین میں آباد کیا ہے۔ تم اس سے مغفرت طلب کرو، پھر اس کی طرف رجوع کرو۔ بے شک میرا رب قریب اور دعاؤں کو قبول کرنے والا ہے''۔

مجمع البیان میں جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ جب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غزوۂ تبوک پر جاتے ہوئے مقام ''حجر'' سے گزرے تو آپؐ نے خطبہ ارشاد فرمایا:

''اے لوگو! اپنے نبی سے نشانیاں طلب نہ کرو۔ دیکھو قومِ صالحؑ نے اپنے نبی سے یہ مطالبہ کیا تھا کہ اُن کے لیے پہاڑ سے حاملہ اُونٹنی برآمد ہو۔ اللہ تعالیٰ نے پہاڑ سے اُونٹنی برآمد کی۔ ایک دن چشموں کا وہ پانی پیتی تھی اور دوسرے دن قومِ صالحؑ چشموں کا پانی پیتی تھی۔ جس دن اُونٹنی پانی پیتی تھی اُس دن قومِ صالح اُونٹنی کا دودھ پیا کرتی تھی۔ قومِ صالحؑ نے سرکشی کی راہ اپنائی اور اُونٹنی کو مار ڈالا۔ حضرت صالح نے ان سے کہا: اب خدا کی طرف سے تین دن بعد تم پر عذاب نازل ہوگا اور یہ خدا کا سچا وعدہ ہے۔ آخرکار خدا کا وعدہ پورا ہوا' اور چوتھے دن اس قوم پر عذاب نازل ہوگیا۔ ایک شخص کے علاوہ پورے مشرق و مغرب میں اس قوم کا کوئی فرد باقی نہ بچا' اور جو شخص باقی بچا تھا اسے بھی خدا نے اس لیے باقی رکھا تھا کہ نزولِ عذاب کے وقت وہ حرمِ خدا میں تھا۔ اس زندہ بچ جانے والے شخص کا نام ابوزعال تھا''۔

صحابہ نے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! ابوزعال کون تھا؟ آپؐ نے فرمایا: وہ بنی ثقیف کا مورثِ اعلیٰ تھا۔

عیون الاخبار میں مرقوم ہے کہ ایک شامی نے امیرالمومنین حضرت علی علیہ السلام سے بہت سے سوال کیے۔ آپؑ نے ان کے جوابات دیئے۔ اس کا ایک سوال یہ بھی تھا کہ ہم بدھ کے دن کو اپنے لیے بھاری کیوں محسوس کرتے ہیں' اور اس سے بدشگونی کیوں لیتے ہیں؟

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

آپؑ نے فرمایا: وہ مہینہ کا آخری بدھ ہے جو کہ ایامِ محاق میں آتا ہے۔ اس میں قابیل نے اپنے بھائی ہابیل کو قتل کیا تھا اور اسی دن میں ناقۂ صالحؑ کو قتل کیا گیا تھا۔

روضہ کافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جب ناقۂ صالحؑ قتل ہوگئی تو حضرت صالحؑ نے اپنی قوم سے کہا: کل صبح ہوگی تو تمھارے چہرے زرد ہوجائیں گے اور دوسرے دن تمھارے چہرے سرخ ہوجائیں گے اور تیسرے دن تمھارے چہرے سیاہ ہوجائیں گے اور چوتھے دن تم پر عذاب آجائے گا اور تم ہلاک ہوجاؤ گے۔

چنانچہ صبح ہوئی تو لوگوں کے چہرے زرد ہوگئے۔ لوگوں نے ایک دوسرے سے کہا کہ صالحؑ کی بات سچی ثابت ہوئی مگر سرکش سرداروں نے کہا: ہم کبھی بھی صالحؑ کی بات کو تسلیم نہیں کریں گے۔ دوسرا دن ہوا تو سب کے چہرے سرخ ہوگئے۔ سرکش سرداروں نے اس سے بھی کوئی عبرت حاصل نہ کی اور کہا کہ خواہ ہم ہلاک ہی کیوں نہ ہوجائیں پھر بھی ہم صالحؑ کی بات تسلیم نہیں کریں گے۔ اور جن دیوی دیوتاؤں کو ہمارے باپ دادا پوجا کرتے تھے ہم ان کی عبادت کبھی نہیں چھوڑیں گے۔ تیسرا دن ہوا تو لوگوں کے چہرے سیاہ ہوگئے اور انھوں نے ایک دوسرے سے کہا کہ صالحؑ کی بات بالکل سچ ثابت ہوئی ہے۔ سرکش سرداروں نے کہا کہ ٹھیک ہے۔ صالحؑ ہم پر عذاب ہی بھجوا سکتا ہے۔ ہم عذاب برداشت کرلیں گے لیکن صالحؑ کی بات کو پھر بھی نہیں مانیں گے۔

وہ دن گزرا' رات ہوئی۔ جب آدھی رات کا وقت ہوا تو جبریلؑ آئے۔ اُنھوں نے ایک چیخ ماری اور وہ چیخ اتنی شدید تھی کہ لوگوں کے کانوں کے پردے پھٹ گئے اور دل دھل گئے اور جگر کئی حصوں میں بٹ گئے۔ قومِ صالحؑ کو موت کا یقین ہوچکا تھا' اسی لیے سب نے کفن پہن لیے تھے اور حنوط کرلیے تھے۔ جیسے ہی چیخ بلند ہوئی تو پلک جھپکنے کی دیر میں تمام افراد ہلاک ہوگئے اور ایک بھی زندہ نہ بچا۔ اللہ کا عذاب صرف چیخ تک ہی قائم نہ رہا۔ اللہ نے ان پر آگ بھیجی جس نے انھیں جلا کر خاکستر کردیا۔

اسماء وصفات

اصول کافی میں ابوہاشم جعفری سے منقول ہے۔ اس نے کہا: میں حضرت امام علی نقی علیہ السلام کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ اتنے میں ایک شخص نے آپؑ سے عرض کیا: کتابِ خداوندی میں اللہ کے اسماء وصفات مذکور ہیں کیا وہ صفات عین ذات ہیں؟

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

آپؑ نے فرمایا: اس کے دو مفہوم ہیں: ہم اپنے رب کو ''قوی'' کہتے ہیں' لیکن اس کی قوت کو مخلوق کی قوت پر قیاس کرنا صحیح نہیں ہے' ورنہ تشبیہ لازم آئے گی اور اس میں اضافہ کا بھی احتمال ہوگا اور جب اضافہ کا احتمال ہو تو وہاں کمی کا بھی احتمال ہوسکتا ہے۔ اور جب کمی واقع ہو جائے تو وہ ''قدیم'' نہیں رہے گا اور اگر وہ قدیم نہ رہا تو پھر اسے عاجز ماننا پڑے گا۔

قومِ لوطؑ کا انجام

الکافی میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: حضرت لوطؑ کی اُمت ابتداء میں بہترین اُمت تھی۔ شیطان نے انھیں گمراہ کرنے کی کئی بار کوشش کی لیکن ہر بار وہ ناکام ہوا۔ ان لوگوں کی عادت تھی کہ جب وہ کسی کام کاج کے لیے جاتے تو سارے مرد ہی چلے جاتے تھے۔ گھروں میں صرف عورتیں رہ جاتی تھیں۔ ابلیس لعین لوگوں کی غیر موجودگی میں ان کے گھروں میں جاتا اور ان کے برتن توڑ دیتا۔ اس نے کئی گھروں کے برتن توڑے۔ آخر کار لوگ تنگ آ گئے اور کہنے لگے کہ آج گھات لگا کر بیٹھو اور برتن توڑنے والے کا پتہ چلاؤ۔

لوگ اپنے اپنے گھروں میں چھپ کر بیٹھ گئے۔ ابلیس لعین ایک خوبصورت لڑکے کی شکل میں ایک شخص کے گھر میں داخل ہوا اور وہ اُس کے گھر کے برتن توڑنے لگا۔ اس شخص نے اسے پکڑ لیا اور اسے لوگوں کے سامنے لے آیا اور کہنے لگا: یہ لڑکا روزانہ ہمارے برتن توڑ جاتا ہے۔

لوگوں نے کہا کہ اب رات ہونے کو ہے۔ اس لڑکے کو آج تم اپنے پاس ٹھہراؤ' کل دن ہوگا تو ہم اسے قتل کر دیں گے۔ الغرض وہ شخص اس لڑکے کو اپنے گھر لے آیا۔ آدھی رات کے وقت لڑکے نے رونا شروع کر دیا۔ اس شخص نے کہا: تو کیوں رو رہا ہے؟ لڑکے نے کہا: میرا باپ روزانہ رات کے وقت مجھے اپنے سینے پر سلاتا تھا اور سینے کے بغیر مجھے نیند نہیں آتی۔

اس شخص کو لڑکے پر رحم آیا اور کہا اُٹھ اور میرے سینے پر سو جا۔ لڑکا جیسے ہی اس کے سینے پر آیا تو اس نے اس کی جنسی خواہش کو تحریک دی اور اس شخص سے خلافِ فطرت عمل کرایا۔ اس شخص نے جب غیر فطری عمل کیا تو اسے بڑی لذت محسوس ہوئی۔ صبح ہوئی تو لڑکا وہاں سے جا چکا تھا۔ لوگ جمع ہوئے اور کہا کہ اس مجرم لڑکے کو لے آؤ تا کہ ہم اسے قتل کریں۔

اس شخص نے کہا کہ لڑکے کا تو مجھے کوئی علم نہیں ہے۔ وہ رات کے کسی حصّہ میں یہاں سے کھسک گیا ہے' البتہ اس نے مجھے ایک نئی جنسی لذت سے روشناس کرایا ہے۔ پھر اس نے انھیں اغلام بازی کی ترکیب بتائی۔ لوگوں نے اس کے بعد اغلام بازی اختیار کر لی اور اس میں اتنے منہمک ہوئے کہ انھوں نے عورتوں سے جنسی تعلقات منقطع کر لیے اور لڑکوں پر ہی اکتفا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کرنے لگے۔

پھر جب ابلیس نے دیکھا کہ وہ ان کے مردوں کو گمراہ کر چکا ہے تو وہ عورت کے روپ میں عورتوں کے پاس آیا اور ان سے کہا کہ میں نے سنا ہے کہ تمھارے مرد مردوں پر ہی قناعت کر چکے ہیں اور وہ تمھاری طرف ذرہ برابر بھی متوجہ نہیں ہوتے۔ عورتوں نے کہا: بالکل یہ صحیح ہے۔ اس نے کہا: پھر تمھیں مردوں کی طرف متوجہ ہونے کی کیا ضرورت ہے؟ پھر اس نے عورتوں کو ہم جنس پرستی کی تعلیم دی۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مرد مردوں سے جنسی تسکین حاصل کرنے لگے اور عورتیں عورتوں سے جنسی لذت حاصل کرنے لگیں اور ہم جنس پرستی کو فروغ حاصل ہوا۔

حضرت لوط علیہ السلام نے لوگوں کو اس بدفعلی سے منع کیا' لیکن حضرتؑ کی نصیحت کا ان پر کوئی اثر نہ ہوا۔ جب ان کی بے حیائی حد سے بڑھی تو اللہ نے ان پر عذاب بھیجنے کا فیصلہ کیا۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت جبریلؑ، میکائیلؑ اور اسرافیلؑ کو خوب صورت لڑکوں کی شکل میں وہاں روانہ کیا۔ تینوں فرشتے حضرت لوط علیہ السلام کے پاس آئے۔ اس وقت آپؑ کھیتوں میں کام کاج کر رہے تھے۔ آپؑ نے ان سے کہا: تم لوگ کہاں جا رہے ہو' میں نے اپنی زندگی میں تم سے زیادہ حسین افراد نہیں دیکھے؟ انھوں نے کہا کہ ہمارے آقا نے ہمیں اس شہر کے سردار کے پاس بھیجا ہے۔

حضرت لوط علیہ السلام نے کہا: کیا تمھارے آقا کو یہ علم نہیں ہے کہ اس شہر کے لوگ نوجوان لڑکوں سے کیا سلوک کرتے ہیں؟ سنو! یہ بڑے کمینے لوگ ہیں۔ یہ مردوں کو پکڑ کر جنسی تسکین حاصل کرتے ہیں' یہاں تک کہ دبر سے خون نکل آتا ہے۔ فرشتوں نے کہا: ہمارے آقا نے ہم کو ہدایت دی ہے کہ ہم شہر کے مرکز میں جائیں۔

حضرتؑ نے فرمایا: پھر تم میری بات مانو' تم ابھی یہاں میرے پاس ٹھہرے رہو' یہاں تک کہ تاریکی چھا جائے۔ آپؑ کی یہ بات سن کر وہ آپؑ کے پاس بیٹھ گئے۔ اتنے میں آپؑ کی بیٹی آپؑ کے پاس آئی۔ آپؑ نے بیٹی سے فرمایا: مہمانوں کے لیے کھانا اور پانی لاؤ اور سردی سے محفوظ رہنے کے لیے کچھ چادریں بھی یہاں لے آؤ۔ حضرتؑ کی بیٹی گھر گئی کہ تیز بارش آ گئی اور وادیاں بہنے لگیں۔ حضرت لوط علیہ السلام نے لڑکوں کو ساتھ لیا اور فرمایا: اب میری بچی کھانا نہیں لا سکے گی' لہٰذا تم میرے ساتھ میرے گھر تک چلو' وہاں میں تمھاری ضیافت کروں گا۔

حضرت لوط علیہ السلام دیوار کے سائے میں چلنے لگے' جب کہ تینوں مہمان راستے کے وسط میں چلنے لگے۔ حضرتؑ نے فرمایا: بچو! درمیان میں نہ چلو۔ دیوار کے ساتھ ساتھ تاریکی ہے تم میرے ساتھ تاریکی میں چلو۔ مہمانوں نے کہا: ہمیں ہمارے آقا نے نصیحت کی تھی کہ ہم راستے کے وسط میں چلیں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

حضرت لوط علیہ السلام نے تاریکیِ شب کو غنیمت جانا۔ آپؑ انھیں ساتھ لے کر اپنے گھر لے آئے۔ آپؑ کے دروازے کے پاس ایک کنواں تھا جہاں سے لوگ پانی بھرا کرتے تھے۔ اتفاق سے اس وقت ایک عورت اپنے بچے کو اٹھائے ہوئے پانی بھرنے کے لیے وہاں آئی۔ ابلیس نے اس کے بچے کو کنوئیں میں دھکا دیا۔ عورت چیخنے لگی۔ لوگ اس کی مدد کے لیے وہاں آئے' جب وہ وہاں آئے تو انھوں نے حضرت لوطؑ کے گھر میں تین خوبصورت لڑکوں کو بیٹھے ہوئے دیکھا۔ جب انھوں نے خوبصورت لڑکے دیکھے تو ان کی رال ٹپکنے لگی اور انھوں نے آپؑ سے کہا: آپؑ ہمیں تو منع کرتے تھے' لیکن آپؑ خود بھی ہمارے کاموں میں شامل ہیں۔

آپؑ نے فرمایا: یہ لوگ میرے مہمان ہیں اور مہمانوں کے متعلق مجھے رُسوا نہ کرو۔

ان لوگوں نے کہا: اچھا ہم آپؑ سے مصالحت کر لیتے ہیں۔ آپؑ نے تین لڑکے ٹھہرائے ہوئے ہیں' ان میں سے ایک لڑکے کو اپنے پاس رکھو اور دو لڑکے ہمارے سپرد کر دو۔

حضرت لوط علیہ السلام نے جب قوم کی اس ہوس کو دیکھا تو انھوں نے مہمانوں کو ایک کمرے میں داخل کیا اور دروازہ بند کر دیا اور فرمایا: کاش میرا قبیلہ بھی یہاں ہوتا تو وہ میری محافظت کرتا۔

بدمعاش افراد دروازے پر جمع ہو گئے اور انھوں نے کمرے کا دروازہ توڑ دیا۔ اس وقت جبریں امینؑ نے حضرت لوطؑ سے کہا: آپؑ فکر نہ کریں' ہم خدا کے فرشتے ہیں۔ یہ کہہ کر انھوں نے مٹھی بھر خاک اٹھائی اور ان کے چہروں کی طرف پھینک کر فرمایا: شَاهَتِ الوُجُوهُ ''تمھارے چہرے بگڑ جائیں''۔

اس مٹھی بھر خاک کا اثر یہ ہوا کہ پورے شہر والے اندھے ہو گئے۔ حضرت لوط علیہ السلام نے ان سے کہا کہ رب نے ان کے متعلق کیا فیصلہ کیا ہے؟

حضرت جبریل امینؑ نے کہا: ہم صبح کے وقت ان پر عذاب نازل کریں گے۔ آپؑ اپنے خاندان کو لے کر یہاں سے نکل جائیں اور اپنے خاندان والوں سے کہہ دیں کہ وہ پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ ان میں سے جو بھی پیچھے مڑ کر دیکھے گا اس پر بھی خدا کا عذاب نازل ہوگا۔ آپؑ کی بیوی پر خدا کا عذاب ضرور نازل ہوگا' کیونکہ وہ آپؑ کی نافرمان اور خائنہ ہے۔

حضرت لوط علیہ السلام نے کہا: میں چاہتا ہوں کہ ان پر فوراً عذاب نازل کرو' کہیں خدا کو ان پر رحم نہ آ جائے۔

فرشتوں نے کہا: اِنَّ مَوْعِدَهُمُ الصُّبْحُ ؕ اَلَيْسَ الصُّبْحُ بِقَرِيْبٍ ''ان کے عذاب کے لیے صبح کا وقت مقرر ہو چکا ہے کیا صبح قریب نہیں ہے؟''

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: اللہ حضرت لوط علیہ السلام پر رحم فرمائے' اگر انھیں علم ہوتا کہ ان کے ساتھ حجرہ میں کون ہے تو وہ یہ کبھی نہ کہتے: لَوْ اَنَّ لِیْ بِکُمْ قُوَّۃً اَوْ اٰوِیْۤ اِلٰی رُکْنٍ شَدِیْدٍ (کاش میرے پاس تمھارے مقابلہ کی قوت ہوتی یا میں کسی مضبوط سہارے کی پناہ لے سکتا)۔ بھلا جبریلؑ سے بڑھ کر مضبوط سہارا اور کیا ہوسکتا ہے؟ اللہ نے اس عذاب کے متعلق اپنے حبیب سے فرمایا: وَ مَا هِیَ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ بِبَعِیْدٍ ﴿۸۳﴾ ''یہ عذاب ظالموں سے دُور نہیں ہے''۔

اللہ نے اپنے حبیب کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا: آپؐ کی اُمت میں سے جو بھی شخص قومِ لوطؑ کا عمل کرے گا تو اس سے عذاب الٰہی دُور نہ ہوگا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو مردوں کے ذریعہ سے اپنی جنسی تسکین بجھانے پر اصرار کرے گا وہ اس وقت تک نہیں مرے گا جب تک لوگوں کو اپنی طرف دعوت نہ دے گا۔

حضرت ابراہیمؑ کے معزز مہمان

الکافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے قومِ لوطؑ کو ہلاک کرنے کے لیے چار فرشتوں (جبریلؑ، میکائیلؑ، اسرافیلؑ اور کروبیلؑ) کو بھیجا۔ وہ عمامے باندھ کر ابراہیم علیہ السلام کے پاس سے گزرے۔ اُنھوں نے آپؑ کو سلام کیا۔ آپؑ نے انھیں نہ پہچانا۔ آپؑ نے ان کی نورانی صورتیں دیکھ کر فرمایا: ان کی ضیافت میں اپنے ہاتھوں سے ہی کروں گا۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام بڑے سخی اور مہمان نواز شخص تھے۔ آپؑ نے ان کے لیے ایک بچھڑا ذبح کیا اور اسے بھون کر ان کے پاس لائے' لیکن مہمانوں کے ہاتھ کھانے کی طرف نہ بڑھے۔ آپؑ کو ان سے خطرہ اور خوف محسوس ہوا۔ جب جبریلؑ نے حضرت ابراہیمؑ کی یہ حالت دیکھی تو انھوں نے اپنے سر سے عمامہ اُتارا۔ آپؑ نے انھیں پہچان لیا اور کہا کہ تم وہی ہوناں؟

حضرت جبریلؑ نے اثبات میں جواب دیا۔ اتنے میں آپؑ کی زوجہ حضرت سارہؑ وہاں سے گزریں تو جبریل امینؑ نے انھیں حضرت اسحاقؑ کی بشارت دی۔ بی بی نے کہا: کیا میں بڑھاپے میں بچہ جنوں گی' جب کہ میں بانجھ ہوں اور میرا شوہر بوڑھا ہے؟!

فرشتوں نے کہا: بی بی! تمھیں تعجب کرنے کی کیا ضرورت ہے' اللہ کی رحمت اور برکات اہلِ بیت ابراہیمؑ کے شاملِ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

حال ہیں۔ حضرت ابراہیمؑ نے کہا: تم نے بس یہیں تک آنا تھا یا اس سے آگے جانے کا بھی کوئی ارادہ ہے؟

انھوں نے کہا: ہم قومِ لوطؑ کو ہلاک کرنے کے لیے آئے ہیں۔

حضرت ابراہیمؑ نے فرمایا: اگر اس قوم میں ایک سو اہلِ ایمان بھی موجود ہوئے تو کیا تم پھر بھی انھیں ہلاک کرو گے؟ جبریلؑ نے کہا: نہیں، ہم انھیں ہلاک نہیں کریں گے۔ حضرت ابراہیمؑ نے کہا: اگر ان میں تیس مومن ہوئے تو کیا تم پھر بھی انھیں ہلاک کرو گے؟ جبریلؑ نے کہا: نہیں۔ حضرتؑ نے کہا: اگر بیس مومن ہوئے تو کیا پھر بھی تم ان پر عذاب نازل کرو گے؟ جبریلؑ نے کہا: نہیں۔ حضرتؑ نے کہا: اگر ان میں دس مومن ہوئے تو کیا پھر بھی تم ان پر عذاب نازل کرو گے؟ جبریلؑ نے کہا: نہیں۔ حضرتؑ نے کہا: اگر ان میں پانچ مومن بھی ہوئے تو کیا ان کو ہلاک کرو گے؟ جبریلؑ نے کہا: نہیں۔ حضرت ابراہیمؑ نے کہا: اگر ان میں ایک مومن بھی ہوا تو کیا پھر بھی تم ان کو ہلاک کرو گے؟ جبریلؑ نے کہا: اگر ایک بھی ان میں مومن ہوا تو بھی ہم عذاب نہیں کریں گے۔

حضرت ابراہیمؑ نے کہا: وہاں تو لوطؑ بھی رہتا ہے۔

فرشتوں نے کہا: نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَنْ فِيْهَا ۫ لَنُنَجِّيَنَّهٗ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۫ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ۝ (العنکبوت:۳۲) ''ہم بخوبی جانتے ہیں کہ وہاں کون رہتا ہے ہم اسے اور اس کے خاندان کو نجات دیں گے مگر اس کی بیوی کو نجات نہیں دیں گے۔ وہ پیچھے رہ جانے والوں میں سے ہے''۔

حضرت امام حسن علیہ السلام فرماتے تھے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام لوگوں کو بچانے کے خواہش مند تھے۔ خدا نے ان کے متعلق فرمایا: يُجَادِلُنَا فِيْ قَوْمِ لُوْطٍ ۝ ''وہ قومِ لوطؑ کے متعلق ہم سے جھگڑنے لگا تھا''۔

الغرض فرشتے حضرت لوط علیہ السلام کے پاس آئے۔ اس وقت آپؑ بستی کے قریب کاشتکاری میں مصروف تھے۔ ملائکہ نے آپؑ کو سلام کیا۔ اس وقت وہ عمامہ باندھے ہوئے تھے۔ جب آپؑ نے ان کے خوبصورت لباس دیکھے تو فرمایا کیا میرے ہاں قیام کرو گے؟ انھوں نے کہا: جی ہاں، حضرت لوطؑ ان کے آگے چلے اور وہ آپؑ کے پیچھے چلنے لگے۔ راستے میں حضرتؑ کو پشیمانی محسوس ہوئی کہ انھیں میں نے اپنے ہاں ٹھہرنے کی دعوت کیوں دی، جب کہ اہلِ شہر تو اعلیٰ درجہ کے بدمعاش ہیں۔ آپؑ مہمانوں کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: تم لوگ خدا کی بدترین مخلوق کے پاس جا رہے ہو۔

حضرت جبریلؑ نے ساتھ والے فرشتے سے کہا کہ جلدی نہ کرنا جب تک لوطؑ تین بار یہ گواہی نہ دے۔ یہ پہلی گواہی ہے۔ پھر آپؑ چلے اور دوبارہ فرمایا کہ تم لوگ خدا کی بدترین مخلوق کے پاس جا رہے ہو۔ جبریلؑ نے کہا: یہ دوسری گواہی

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ہے۔ جب حضرت لوطؑ شہر کے دروازے پر پہنچے تو فرمایا: تم خدا کی بدترین مخلوق کے پاس جا رہے ہو؟ جبرئیلؑ نے کہا: یہ تیسری گواہی ہے۔ پھر حضرت لوطؑ انھیں لے کر اپنے گھر میں آ گئے۔ جب لوط علیہ السلام کی بیوی نے حسین و جمیل لڑکوں کو دیکھا تو وہ چھت پر چڑھ گئی۔ اس نے سیٹی ماری، لیکن کسی نے سیٹی کی آواز نہ سنی۔ جب اس کا یہ حربہ ناکام ہوا تو اس نے چھت پر آگ جلائی، جس سے دھواں پیدا ہوا۔ دھوئیں کو دیکھ کر لوگ دوڑتے ہوئے آپؑ کے مکان کی طرف آئے۔ جب لوگ آئے تو حضرت لوط علیہ السلام کی بیوی چھت سے اُتری اور لوگوں سے کہا کہ آج لوطؑ کے ہاں حسین و جمیل لڑکے آئے ہوئے ہیں۔ میں نے اپنی زندگی میں ان سے زیادہ حسین لڑکے کبھی نہیں دیکھے۔

یہ سن کر لوگوں نے حضرت لوطؑ سے مطالبہ کیا کہ وہ اپنے مہمانوں کو ان کے حوالے کریں۔ حضرت لوط علیہ السلام نے فرمایا: فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُونِ فِي ضَيْفِي ۖ أَلَيْسَ مِنكُمْ رَجُلٌ رَّشِيدٌ ، ''اے میری قوم! خدا سے ڈرو اور مہمانوں کے متعلق مجھے رسوا نہ کرو، کیا تم میں کوئی باشعور فرد موجود نہیں ہے؟'' اگر تم نے جنسی تسکین ہی بجھانی ہے تو اپنی بیویوں سے تسکین حاصل کرو۔ تمھاری بیویاں ایک طرح سے میری بیٹیاں ہیں اور وہ تمھارے لیے پاکیزہ تر ہیں۔

بدمعاش لوگوں نے حضرتؑ سے کہا: ہمارا آپؑ کی بیٹیوں سے کوئی تعلق نہیں ہے اور جو کچھ ہم چاہتے ہیں اس کے متعلق تمھیں اچھی طرح سے معلوم ہے۔

حضرت لوط علیہ السلام نے کہا: ہائے کاش! آج میرے پاس تمھارے مقابلہ کی قوت ہوتی یا میں کسی مضبوط سہارے کی پناہ لے سکتا۔ بہرنوع لوگوں نے دروازہ توڑا اور اندر داخل ہوئے۔ حضرت جبرئیلؑ نے لوط علیہ السلام سے کہا کہ آپؑ مزاحمت نہ کریں۔ انھیں اندر آنے دیں۔ جب وہ لوگ اندر داخل ہوئے تو جبریل امینؑ نے اپنی ایک انگلی کا ان کی طرف اشارہ کیا۔ سب کے سب اندھے ہو گئے۔ اس کے بعد جبریل امینؑ نے حضرت لوطؑ سے کہا کہ ہم خدا کے بھیجے ہوئے نمائندے ہیں۔ آپ راتوں رات اپنے اہل و عیال کو لے کر یہاں سے چلے جائیں اور ہم انھیں ہلاک کریں گے۔

حضرت لوطؑ نے کہا: اے جبرئیلؑ! انھیں جلدی سے ہلاک کرو۔ حضرت جبرئیلؑ امین نے کہا: ان پر صبح کے وقت عذاب نازل ہوگا، کیا صبح قریب نہیں ہے؟ اس کے بعد جبریل امینؑ نے اس شہر کو ساتویں زمین سے کاٹا اور پھر اسے اپنے پروں پر اتنا بلند کیا کہ اہلِ آسمان نے ان کے کتوں کے بھونکنے اور ان کے مرغوں کی اذانوں کی آوازیں سنیں۔ پھر صبح کے وقت اس زمین کو اُلٹ دیا۔ اس پر بھی اللہ کا غضب نہ تھما، اللہ نے ان پر پتھروں کی بارش کی اور انھیں تباہ و برباد کر کے رکھ دیا۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے هٰٓؤُلَآءِ بَنَاتِیْ هُنَّ اَطْهَرُ لَكُمْ (یہ میری بیٹیاں ہیں وہ تمھارے لیے پاکیزہ تر ہیں) کے ضمن میں فرمایا: آپؑ نے انھیں شادی کی پیش کش کی تھی۔

میمون البان کا بیان ہے کہ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ کسی نے آپؑ کے سامنے سورہ ہود کی آیات پڑھیں اور جب وہ وَ اَمْطَرْنَا عَلَيْهَا حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ ۙ مَّنْضُوْدٍ ۙ﴿۸۲﴾ مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ ؕ وَ مَا هِيَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ بِبَعِيْدٍ ﴿۸۳﴾ (ہم نے ان پر پکی ہوئی مٹی کے پتھر تابڑ توڑ برسائے۔ ان میں سے ہر پتھر تیرے رب کی طرف سے نشان زدہ تھا اور یہ عذاب ظالموں سے دُور نہیں ہے) کی آیت مجیدہ پر پہنچا تو امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو لواطت پر اصرار کی حالت میں مرے تو وہ اس وقت تک نہیں مرتا جب تک خدا کی طرف سے اسے ان پتھروں میں سے کوئی پتھر نہ لگے۔ جب اسے وہ پتھر لگتا ہے تو وہ اس وقت ہلاک ہوتا ہے۔

حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اپنے آپ سے چھیڑ خانی کی برضا و رغبت اجازت دے تو خدا اس پر عورتوں کی سی شہوت ڈال دیتا ہے۔

ابوالخرام کے بھائی عطیہ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کے سامنے اُن مردوں کا ذکر کیا جو مفعول رہتے ہیں۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: خدا کو جس شخص کی ضرورت ہوتی ہے وہ اسے اس عادتِ بد میں کبھی بھی مبتلا نہیں ہونے دیتا۔ ایسے لوگوں کی دبر میں الٹے رحم ہوتے ہیں اور ان کو بھی عورتوں کی طرح سے شہوت محسوس ہوتی ہے۔ ان میں ابلیس کا بیٹا جس کا نام ''زوال'' ہے شریک ہوتا ہے۔ وہ جس مرد میں شریک ہوجائے تو وہ مرد مفعول بن جاتا ہے اور جس عورت میں شریک ہوجائے وہ بدکار بن جاتی ہے اور جو مرد چالیس سال کی عمر تک اغلام بازی کرے تو وہ اس سے کبھی جدا نہیں ہوتا۔ ایسے افراد ''سدوم'' کی باقیات ہیں۔ میں یہ نہیں کہتا کہ وہ نسلی اعتبار سے اہلِ سدوم سے تعلق رکھتے ہیں البتہ ان کی طینت اہلِ سدوم کی سی ہے۔

میں (راوی) نے کہا: سدوم وہی ہے ناں جسے اُلٹ دیا گیا تھا؟

آپؑ نے فرمایا: اللہ نے چار بستیوں کو اُلٹایا تھا' جن کے نام سدوم' صریم' لدما اور عمیرا تھے۔ جبریل امینؑ نے ان بستیوں کو ساتویں زمین سے کاٹ کر انھیں اپنے پروں پر اتنا بلند کیا تھا کہ آسمان والوں نے ان کے کتوں کے بھونکنے کی صدائیں سنی تھیں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: خدا کے کچھ بندے ایسے بھی ہیں جن کے اصلاب میں عورتوں جیسے ارحام موجود ہیں۔

کسی نے کہا: امیر المومنینؑ! اگر یہی بات ہے تو انھیں حمل کیوں نہیں ہوتا؟

آپؑ نے فرمایا: وہ الٹے ہوتے ہیں' ان کی دبر میں اُونٹ کی طرح سے غدہ ہوتا ہے' جب وہ ہیجان میں آتا ہے تو یہ لوگ بھی ہیجان میں آ جاتے ہیں اور جب وہ پُرسکون ہو جاتا ہے تو یہ بھی پُرسکون ہو جاتے ہیں۔

مرضِ اُبنہ کا علاج

عمر بن یزید کا بیان ہے کہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ آپؑ کے پاس ایک شخص بیٹھا ہوا تھا۔ اُس نے کہا: میں آپؑ پر قربان جاؤں' میں لڑکوں سے محبت کرتا ہوں۔ امام علیہ السلام نے فرمایا: تم ان سے کیا کرتے ہو؟ اس نے کہا: میں انھیں اپنی پشت پر سوار کرتا ہوں۔ امام علیہ السلام نے اپنی پیشانی پر ہاتھ رکھا اور اس سے منہ موڑ لیا۔ وہ شخص رونے لگا۔ امام علیہ السلام کو اس پر ترس آ گیا۔ آپؑ نے فرمایا: جب تو اپنے شہر جائے تو ایک موٹا تازہ اُونٹ خرید کرنا اور اسے مضبوطی سے باندھ لینا اور تلوار اُٹھا کر اس کی کوہان کی جلد پر مارنا۔ اس سے خون نکلنے لگے تو اپنے مقعد کو اُس جگہ پر رکھ دینا۔

راوی کا بیان ہے کہ ایک عرصہ کے بعد وہ شخص مجھے ملا تو اس نے کہا: میں نے امامؑ کے فرمان پر عمل کیا تھا۔ میری مقعد سے ''کوڑھ کرلے'' جیسی ایک چیز نکلی۔ اس کے بعد مجھے اس فعلِ بد کی کبھی طلب محسوس نہیں ہوئی۔

اسحاق بن عمار کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ یہ مخنث لوگ اس مصیبت میں مبتلا ہوتے ہیں' کیا کبھی کوئی مومن بھی اس مصیبت میں مبتلا ہوتا ہے' جب کہ لوگ یہ گمان کرتے ہیں کہ خدا کو جس کی کوئی ضرورت ہوتی ہے وہ اس مصیبت میں کبھی مبتلا نہیں ہوتا؟

آپؑ نے فرمایا: جی ہاں' کبھی کبھی مومن بھی اس مصیبت میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔ تم انھیں یہ نہ بتانا کہ مومن بھی اس مصیبت میں گرفتار ہو سکتا ہے۔ انھیں تمھاری اس گفتگو سے راحت محسوس ہوگی۔ میں (راوی) نے کہا: تو کیا وہ صبر نہیں کر سکتے؟ آپؑ نے فرمایا: وہ صبر کر سکتے ہیں' لیکن وہ اس طرح سے لذت طلب کرتے ہیں۔

علل الشرائع میں ابوبصیر سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے عرض کیا: میں نے سنا ہے کہ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

رسولؐ خدا بخل سے خدا کی پناہ طلب کرتے تھے۔

آپؐ نے فرمایا: جی ہاں' آپ صبح و شام بخل سے بچنے کے لیے خدا کی پناہ چاہتے تھے اور ہم بھی خدا سے دعا کرتے ہیں کہ وہ ہمیں بخل سے محفوظ رکھے۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ (التغابن: ۱۶) (جنھیں نفس کے بخل سے بچا لیا جائے تو وہی لوگ ہی نجات پانے والے ہیں)۔ میں تمھیں بخل کے انجام سے آگاہ کرنا چاہتا ہوں۔ قومِ لوطؑ انتہائی کنجوس قوم تھی۔ بخل کی وجہ سے انھیں وہ بیماری لگی جس کا کوئی علاج نہیں تھا۔

حضرت لوط علیہ السلام کی قوم شام اور مصر کے تجارتی شاہراہ پر رہائش پذیر تھی۔ مسافر وہاں سے گزرتے تو ان کے ہاں مہمان ٹھہرتے تھے اور انھیں چار و ناچار ان کی میزبانی کرنا پڑتی تھی۔ جب مسافروں کا سلسلہ بڑھا تو وہ تنگ آ گئے اور ان کے بخل نے انھیں لواطت پر مائل کیا۔ چنانچہ جب کبھی ان کے پاس کوئی مہمان آتا تو وہ اسے ذلیل کرنے کے لیے اس سے لواطت کرتے تھے۔ ان کے اس فعل کا مقصد صرف یہی تھا کہ لوگ ان کے ہاں مہمان نہ ٹھہریں۔ ان کی اس بدکرداری کی لوگوں کو خبر ہوئی تو لوگوں نے وہاں آنا چھوڑ دیا' لیکن انھیں جو عادت پڑ گئی تھی وہ ان میں پوری طرح سے سرایت کر چکی تھی۔ اس طرح سے بخل نے انھیں لاعلاج بیماری میں مبتلا کر دیا تھا۔

میں (راوی) نے عرض کیا: کیا پوری قومِ لوطؑ اس فعلِ بد میں مبتلا تھی؟

آپؑ نے فرمایا: جی ہاں' صرف حضرت لوط علیہ السلام کا گھر ہی اس سے پاک تھا' کیا تم نے اللہ کا یہ فرمان نہیں سنا: فَمَا وَجَدْنَا فِيْهَا غَيْرَ بَيْتٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝ (الذاریات: ۳۶) ''وہاں ہمیں فرماں برداروں کا صرف ایک ہی گھر ملا تھا''۔

امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: حضرت لوط علیہ السلام نے تیس سال تک انھیں دین کی دعوت دی تھی۔ آپؑ ان لوگوں کو اللہ کی راہ کی دعوت دیتے رہے اور انھیں عذاب الٰہی سے خبردار کرتے رہے۔ وہ لوگ انتہائی گندے تھے۔ پیشاب' پاخانہ کے بعد صفائی نہیں کرتے تھے اور وہ غسلِ جنابت بھی نہیں کرتے تھے۔

حضرت لوط علیہ السلام حضرت ابراہیم علیہ السلام کے خالہ زاد بھائی تھے اور حضرت ابراہیمؑ کی زوجہ حضرت سارہؑ ان کی بہن تھیں۔ حضرت ابراہیمؑ اور لوطؑ دونوں اللہ کے پیغمبر تھے۔ لوط علیہ السلام سخی اور فیاض انسان تھے۔ آپؑ مہمانوں کی تواضع کرتے تھے اور اپنی اُمت کو بھی مہمان نوازی کی ترغیب دیتے تھے۔ حضرت لوطؑ کی قوم نے ان سے کہا: اگر آپؑ مہمان

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

جب اللہ تعالیٰ نے قوم لوط کو ہلاک کرنے کا فیصلہ کیا تو فرشتے ابراہیم علیہ السلام کے پاس آئے تاکہ انھیں اس قوم کی تباہی سے قبل انھیں بیٹے کی بشارت دے سکیں۔ چنانچہ اللہ نے انھیں بھیجا جو رات کے وقت ابراہیمؑ کے پاس آئے اور وہ آپ کو اسحٰق کی بشارت دینے آئے تھے۔

ابراہیمؑ انھیں دیکھ کر گھبرا گئے کہ کہیں یہ چور نہ ہوں۔ جب فرشتوں نے ابراہیمؑ کے خوف کا مشاہدہ کیا تو انھوں نے آپ کو سلام کیا۔ جواب میں آپ نے بھی انھیں سلام کیا اور فرمایا: ہم تم سے گھبرائے ہوئے ہیں۔ انھوں نے کہا: آپ نہ گھبرائیں ہم آپ کو "غلام علیم" صاحب علم بیٹے کی بشارت دیتے ہیں۔ "غلام علیم" سے حضرت اسحٰق علیہ السلام مراد ہیں۔

ابراہیم علیہ السلام نے فرشتوں سے کہا: [illegible] (الحجر: ۵۴-۵۵) "کیا تم اس بڑھاپے میں مجھے اولاد کی بشارت دیتے ہو تم مجھے کیسی بشارت دے رہے ہو؟ انھوں نے جواب دیا: ہم نے تمھیں صحیح بشارت دی ہے تم مایوس نہ ہو جاؤ"۔

جب فرشتے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بشارت دے چکے تو آپ نے ان سے کہا: اے فرستادگان الٰہی! آپ کس مہم پر آئے ہوئے ہیں؟ وہ بولے: ہم ایک مجرم قوم کی طرف بھیجے گئے ہیں۔ صرف لوط کا گھرانہ اس سے مستثنیٰ ہے ہم ان سب کو بچا لیں گے سوائے اس کی بیوی کے جس کے لیے ہم نے مقدر کر دیا ہے کہ وہ پیچھے رہ جانے والوں میں شامل رہے گی۔ پھر جب فرستادے آل لوط کے ہاں پہنچے تو اس نے کہا کہ تم لوگ اجنبی معلوم ہوتے ہو؟ انھوں نے کہا: ہم تمھارے پاس وہ چیز لائے ہیں جس کے آنے میں یہ شک کر رہے تھے۔ ہم تم سے سچ کہتے ہیں ہم حق کے ساتھ تمھارے پاس آئے ہیں۔ آپ اپنی امت کو خدا کے عذاب سے ڈرائیں اور آج کے بعد جب سات دن گزر جائیں تو تم اپنے خاندان کو رات کے وقت ساتھ لے کر یہاں سے چلے جانا مگر آپ کی بیوی پر وہی عذاب آئے گا جو آپ کی امت پر نازل ہوگا۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: ملائکہ نے حضرت لوط کو بتا دیا تھا کہ یہ قوم تباہ و برباد ہونے کو ہے۔ پھر اس

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

واقعہ کے بعد جب آٹھواں دن ہوا تو اللہ کے فرشتے دوبارہ حضرت ابراہیمؑ کے پاس آئے اور ان کی آمد کا واقعہ قرآن میں یوں بیان کیا گیا:

(ترجمہ) ''اور ہمارے نمائندے (فرشتے) ابراہیمؑ کے پاس خوش خبری لے کر گئے' کہا: تم پر سلام ہو۔ ابراہیمؑ نے ان پر سلام کیا۔ تھوڑی دیر بعد ابراہیمؑ ان کی مہمانی کے لیے بھنا ہوا بچھڑا لے کر آ گئے۔ جب ابراہیمؑ نے دیکھا کہ ان کے ہاتھ کھانے کی طرف نہیں بڑھ رہے تو اس نے انھیں اوپرا سمجھا اور ان سے خوف سا محسوس کیا۔ انھوں نے کہا: ڈریں نہیں' ہمیں قوم لوطؑ کی طرف بھیجا گیا ہے۔ ابراہیمؑ کی بیوی کھڑی تھی وہ ہنس دی تو ہم نے اسے اسحاقؑ کی بشارت دی اور اسحاقؑ کے بعد یعقوبؑ کی بشارت دی۔ وہ کہنے لگی: ہائے میری بدبختی کیا میں بچہ جنم دوں گی' جب کہ میں بوڑھی ہوں اور یہ میرے شوہر ہیں جو کہ بوڑھے ہیں یقیناً یہ تو عجیب چیز ہے۔ فرشتوں نے کہا: کیا تم اللہ کی قدرت پر تعجب کرتی ہو؟ اے اہلِ بیت ابراہیمؑ! اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں تم پر ہیں۔ بے شک وہ قابلِ تعریف اور بڑی شان والا ہے''۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: جب ابراہیم علیہ السلام کو اسحاقؑ کی بشارت مل گئی اور ان سے خوف دور ہوگیا تو وہ اللہ سے عرض کرنے لگے کہ قوم لوطؑ سے اپنا عذاب دور کردے۔ اس کے جواب میں اللہ نے فرمایا: ابراہیم! اب اس بات کو جانے دو۔ اب تیرے رب کا فیصلہ ہو چکا ہے اور ان پر وہ عذاب آنے کو ہے جسے ٹالا نہیں جا سکتا۔

عبرت کا گھر

ابوحمزہ ثمالی کا بیان ہے کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے اپنے آبائے طاہرینؑ کی سند سے رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی۔ آپؐ نے ایک بار جبریل امینؑ سے پوچھا کہ قومِ لوطؑ کیسے ہلاک ہوئی؟

حضرت جبریلؑ نے کہا: وہ لوگ پیشاب پاخانہ کے بعد طہارت کا خیال نہیں رکھتے تھے اور وہ غسلِ جنابت تک نہیں کرتے تھے اور وہ اعلیٰ درجہ کے بخیل تھے۔ لوط علیہ السلام نے تیس سال تک وہاں تبلیغ کی۔ لوط علیہ السلام وہاں کے رہائشی نہ تھے' وہ باہر سے وہاں جا کر آباد ہوئے تھے اور وہاں ان کی قوم آباد نہیں تھی۔ لوط علیہ السلام نے انھیں خدا پر ایمان لانے کی دعوت دی اور انھیں بے حیائی چھوڑنے کی ترغیب دی' لیکن ان لوگوں نے ان کی بات نہ مانی۔ جب اللہ نے ان کی ہلاکت کا ارادہ کیا تو اس نے وہاں اور رسول بھیجے جنھوں نے حجت تمام کی۔ جب ان لوگوں کی سرکشی حد سے بڑھ گئی تو اللہ نے وہاں

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

فرشتے بھیجے اور ان سے فرمایا:

اس علاقہ میں جہاں مومن آباد ہیں انھیں وہاں سے نکال لو۔ فرشتوں نے اس علاقہ کو دیکھا تو انھیں وہاں صرف ایک ہی مسلم گھر دکھائی دیا۔ فرشتوں نے انھیں وہاں سے نکال لیا اور حضرت لوطؑ سے کہا: آپؑ اپنے خاندان کو لے کر راتوں رات یہاں سے روانہ ہو جاؤ اور پیچھے مڑ کر کوئی نہ دیکھے اور جہاں تمھیں حکم دیا جا رہا ہے وہاں روانہ ہو جاؤ۔ چنانچہ جب آدھی رات کا وقت ہوا تو حضرت لوطؑ اپنی بیٹیوں کو لے کر وہاں سے روانہ ہوئے۔ اس کی بیوی نے ساتھ جانے سے انکار کر دیا اور وہ اپنی قوم کی طرف دوڑ پڑی اور وہ ان کو یہ بتانے گئی کہ لوطؑ اپنی بیٹیوں کو لے کر یہاں سے جا رہا ہے۔

صبح کے وقت عرش سے مجھے یہ صدا سنائی دی کہ اے جبریلؑ! اللہ کی طرف سے قومِ لوطؑ پر عذاب کا فیصلہ ہو چکا ہے۔ لہٰذا تم قومِ لوطؑ کی بستی میں جاؤ۔ اس بستی کو ساتویں زمین سے کاٹ کر آسمان کی طرف لے آؤ اور وہاں پہنچا کر ٹھہرے رہو یہاں تک کہ اس کے اُلٹنے کے متعلق تجھے خدا کا حکم موصول ہو۔ ہاں اس جگہ پر عبرت کے لیے لوطؑ کے گھر کو باقی رکھو۔

یہ حکم پا کر میں ستم گاروں کی بستی پر اُترا۔ میں نے اپنے پروں سے اس خطۂ زمین کو ساتویں زمین تک علیحدہ کیا۔ پھر میں نے اس خطۂ زمین کو اپنے پروں پر اٹھایا' اور میں نے اسے اتنا بلند کیا کہ آسمان والوں نے ان کے کتوں کے بھونکنے کی صدائیں اور ان کے مرغوں کی اذانیں سنیں۔ جب سورج طلوع ہوا تو عرش کی جانب سے مجھے آواز آئی:

اے جبریلؑ! اب اس گاؤں کو اُلٹ دو۔ چنانچہ میں نے اس طرح سے اسے اُلٹایا کہ اُوپر کا حصّہ نیچے اور نیچے کا حصّہ اُوپر کر دیا۔ اللہ نے ان پر پتھروں کی بارش کی اور آپؐ کی اُمت میں سے جو یہ بدفعلی کرے گا اس سے بھی یہ عذاب دُور نہیں ہوگا۔

رسولؐ خدا نے جبریل امینؑ سے فرمایا: جبریلؑ! یہ بتاؤ ان کا شہر کہاں آباد تھا؟

جبریل امینؑ نے کہا: یارسولؐ اللہ! آج جہاں بحیرہ طبریہ ہے ان کا شہر اس جگہ پر واقع تھا اور وہ شام کے نواحی علاقوں میں شمار ہوتا تھا۔

رسولؐ خدا نے فرمایا: جبریلؑ! یہ بتاؤ جب تم نے ان کی زمین کو اُلٹایا تھا تو اس وقت وہ شہر اور اس کے رہنے والے کہاں گرے تھے؟ جبریل امینؑ نے کہا: یارسولؐ اللہ! میں نے اس زمین کو بحرِ شام اور مصر کے درمیان اُلٹا دیا تھا اور جہاں جہاں وہ زمین گری تو اس نے سمندر میں ٹیلوں کی شکل اختیار کر لی۔

ابوبصیر نے صادقین علیہما السلام میں سے ایک بزرگوار سے روایت کی کہ انھوں نے ارشاد فرمایا: جب فرشتے قومِ لوطؑ کو

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

[illegible]

[illegible] نے بی بی [illegible] حضرت اسحٰق علیہ السلام کی بشارت دی اور کہا کہ اسحٰق سے یعقوب پیدا ہوں گے۔ [illegible] نے اپنا چہرہ چھپا لیا کہا ہائے میں تو بوڑھی اور بانجھ ہوں۔ اس وقت بی بی کی عمر نوے برس کی تھی اور حضرت ابراہیم کی [illegible] برس کی تھی

حضرت ابراہیم علیہ السلام چاہتے تھے کہ قوم لوط پر عذاب نہ آئے۔ انھوں نے کہا وہاں تو لوط بھی رہتے ہیں۔ فرشتوں نے کہا وہاں رہنے والوں کو ہم اچھی طرح سے جانتے ہیں۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دوبارہ سفارش کی تو جبریل امینؑ نے کہا اے ابراہیمؑ! اس بات کو جانے دو۔ متعلق تیرے رب کا فیصلہ ہو چکا ہے اور ان پر نہ ٹلنے والا عذاب آنے والا ہے۔

اس کے بعد حضرت جبریل امینؑ اپنے ساتھ دوسرے فرشتوں کو لے کر لوط علیہ السلام کے پاس آئے۔ لوط نے مہمان سمجھ کر اپنے گھر لے آئے۔ قوم لوط کو مہمانوں کی آمد کا پتہ چلا تو وہ دوڑتے ہوئے لوط کے دروازے پر آئے۔ حضرت لوط دروازے پر کھڑے ہو گئے اور لوگوں سے فرمایا خدا سے ڈرو اور مجھے میرے مہمانوں کے متعلق رسوا نہ کرو۔

قوم لوط نے کہا اس میں رسوائی کیسی ہم نے تمھیں پہلے سے روک دیا تھا کہ کسی کو مہمان نہیں ٹھہراؤ گے۔

اس کے بعد حضرت لوط علیہ السلام نے انھیں اپنی بیٹیوں سے نکاح کرنے کی پیش کش کی۔ اس کے جواب میں انھوں نے کہا کہ آپ کی بیٹیوں پر ہمارا کوئی حق نہیں ہے اور ہم جو کچھ چاہتے ہیں اس کی آپ کو پوری خبر ہے۔ حضرت لوط نے بڑی حسرت سے کہا کہ کاش میرے پاس تمھارے مقابلہ کی قوت موجود ہوتی یا میں کسی مضبوط پناہ گاہ کا سہارا لے سکتا۔ اتنے میں ان لوگوں نے دروازہ توڑ دیا۔ حضرت جبریلؑ نے ان کی طرف اشارہ کیا تو وہ سب کے سب اندھے ہو گئے اور ہاتھوں سے دیواروں کو ٹٹولنے لگے اور ایک دوسرے سے کہنے لگے جیسے ہی صبح ہوگی ہم آل لوط کو تباہ و برباد کر کے رکھ دیں گے۔

جبریل امینؑ نے حضرت لوطؑ سے کہا آپؑ اپنی اولاد کو لے کر فلاں جگہ چلے جائیں۔ حضرت لوطؑ نے فرمایا میرے گدھے کمزور ہیں۔ جبریل امینؑ نے کہا آپؑ ہر صورت میں یہ شہر چھوڑ دیں اور یہاں سے روانہ ہو جائیں۔ صبح ہوئی تو جبریل امینؑ نے اپنے پَر سے اس زمین کو کاٹ کر دوسری زمین سے جدا کیا۔ پھر اسے بلند کرنے کے بعد الٹا دیا۔ اس کے بعد

Presented by Ziaraat.Com

Scanned by CamScanner

نے ان پر پتھروں کی بارش کی۔ حضرت لوطؑ کی بیوی نے جب شور وغوغا سنا تو وہ اس شور کو سن کر مر گئی۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ لوطؑ کی قوم کو کیسے پتہ چل جاتا تھا کہ لوطؑ کے ہاں مہمان آئے ہوئے ہیں؟

آپؑ نے فرمایا: حضرتؑ کی بیوی باہر نکل کر سیٹی بجاتی تھی۔ لوگ سیٹی کی آواز سن کر سمجھ لیتے تھے کہ آج لوطؑ کے ہاں مہمان آئے ہوئے ہیں' اسی لیے سیٹی بجانے کو مکروہ قرار دیا گیا۔

کتاب معانی الاخبار میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ قرآن مجید کی اس آیت فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ میں لفظ فَضَحِكَتْ کا معنی ہے کہ اسے ماہواری کا خون آنے لگا۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ایک شخص کو سلام کیا۔ اس نے جواب میں کہا: وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته ورضوانه۔ آپؑ نے اس سے فرمایا: اپنے سلام کو ان الفاظ تک محدود رکھو جہاں تک فرشتوں نے محدود رکھا تھا۔ انھوں نے کہا تھا: رَحْمَتُ اللّٰهِ وَبَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ ؕ اِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ لہٰذا تم جواب میں صرف یہ کہو: وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته۔ اس سے زیادہ کہنے کی چنداں ضرورت نہیں ہے۔

اصولِ کافی' روضہ کافی اور تفسیر عیاشی میں حضرت علی علیہ السلام سے بھی یہی مفہوم منقول ہے۔

اصولِ کافی میں زرارہ سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَحَلِيْمٌ اَوَّاهٌ لفظ ''اوّاہ'' کا کیا معنی ہے؟

آپؑ نے فرمایا: ''اوّاہ'' کے معنی زیادہ دعا کرنے والے کے ہیں اور مقصدِ آیت یہ ہے کہ ابراہیم علیہ السلام زیادہ دعا کرنے والے مُردبار تھے۔

کتاب کمال الدین وتمام النعمۃ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ایک روایت کا خلاصہ یہ ہے کہ حضرت لوط علیہ السلام نے لَوْ اَنَّ لِيْ بِكُمْ قُوَّةً اَوْ اٰوِيْٓ اِلٰى رُكْنٍ شَدِيْدٍ کہہ کر دو چیزوں کی خواہش کی تھی۔ انھوں نے بدکار قوم کے مقابلہ میں قوت اور مضبوط سہارے کی خواہش کی تھی۔ قائم آلِ محمدؐ جب ظہور کریں گے تو انھیں دونوں چیزیں حاصل ہوں گی۔ خدا انھیں بے مثال قوت عطا کرے گا اور انھیں سہارے کے لیے ایسے ساتھی عطا کرے گا جن کے دل فولاد سے بھی زیادہ مضبوط ہوں گے۔ وہ لوہے کے پہاڑوں کو بھی کاٹنے کی قوت رکھتے ہوں گے اور وہ اس وقت تک شمشیر زنی کرتے رہیں گے جب تک خدا راضی نہ ہو جائے گا۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

علل الشرائع میں مذکور ہے کہ جنگ جمل کے بعد حضرتؑ کے کچھ ساتھیوں نے کہا کہ اگر حضرت علیؑ سے پہلی حریفوں کی حکومت صحیح نہ ہوتی تو حضرت علیؑ ان سے بھی اسی طرح سے جنگ کرتے جس طرح سے انھوں نے اصحاب جمل سے جنگ کی ہے۔

حضرت علی علیہ السلام کو ساتھیوں کی اس بات کا علم ہوا تو آپؑ نے الصلاۃ جامعۃ کی منادی کرائی۔ لوگ جمع ہوئے۔ آپؑ نے خطبہ دیا اور فرمایا: میں نے سنا ہے کہ تم لوگوں نے اس اس طرح کی باتیں کی ہیں۔ لوگوں نے کہا: جی ہاں امیر المومنینؑ، یہ سچ ہے۔ ہم نے اس طرح کی گفتگو کی ہے۔

آپؑ نے فرمایا: سنو! میں نے جنگ نہ کر کے چھ انبیاء کی پیروی کی ہے۔ میں نے جنگ نہ کر کے حضرت لوطؑ کی پیروی کی ہے' انھوں نے بھی یہ الفاظ کہے تھے: لَوْ اَنَّ لِیْ بِکُمْ قُوَّۃً اَوْ اٰوِیْ اِلٰی رُکْنٍ شَدِیْدٍ ''کاش! آج میرے پاس تمھارے مقابلہ کے لیے قوت ہوتی یا میں کسی مضبوط سہارے کی پناہ لے سکتا؟'' جب قوت نہ ہونے کی وجہ سے لوط علیہ السلام نے مخالفین سے جنگ نہیں کی تھی تو میں نے اگر قوت نہ ہونے کی وجہ سے جنگ نہیں کی تو اس میں کیا اعتراض ہے؟ اگر تم یہ کہو کہ لوط علیہ السلام کے پاس قوت تھی تو کافر بن جاؤ گے۔ اگر کہو کہ انھوں نے قوت نہ ہونے کی وجہ سے جنگ نہیں کی تھی تو پھر یاد رکھو وصی نے بھی قوت نہ ہونے کی وجہ سے جنگ نہیں کی تھی۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: حضرت لوط علیہ السلام کے بعد اللہ نے جس بھی نبی کو بھیجا تو اس قوم کے معزز گھرانے میں سے بھیجا۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ حضرت لوط علیہ السلام کی قوم میں ایک عالم رہتا تھا۔ جب لوگ جبریلؑ کے ایک اشارہ سے اندھے ہوئے تو وہ سمجھ گیا کہ اب پوری قوم پر وہ عذاب آنے والا ہے جس کا لوط علیہ السلام ان سے وعدہ کیا کرتے تھے۔ اس نے اپنی قوم سے کہا: تمھارے لیے عذاب الٰہی سے بچنے کا ایک ہی طریقہ ہے تم لوطؑ کو اس کے گھر سے باہر نہ جانے دو۔ جب تک وہ تمھاری بستی میں موجود رہے گا تم پر کبھی عذاب نہیں آئے گا۔

اس کی بات سن کر لوگ اکٹھے ہو کر لوط علیہ السلام کے گھر کے پاس آئے اور انھوں نے ان کے گھر کا محاصرہ کر لیا۔ جبریل امینؑ نے لوط علیہ السلام سے فرمایا: آپؑ یہاں سے چلے جائیں۔ حضرت لوط علیہ السلام نے کہا: میں کیسے جا سکتا ہوں میرے گھر کا محاصرہ ہو چکا ہے۔ حضرت جبریلؑ نے آپؑ کے سامنے نور کا ایک ستون کھڑا کیا اور کہا: آپؑ ستون کے پیچھے چلے جائیں اور تم میں سے کوئی پیچھے مڑ کر نہ دیکھے۔ نور کا وہ ستون آگے آگے چلتا گیا اور لوط علیہ السلام اپنے گھر والوں کو لے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کر اس کے پیچھے چلتے رہے۔ نور کے اس ستون نے زیر زمین سفر کیا تھا۔ کچھ دیر بعد حضرت لوط علیہ السلام بستی سے باہر آ گئے۔ حضرتؑ کی بیوی نے پیچھے مڑ کر دیکھا تو اس پر ایک پتھر گرا جس سے وہ ہلاک ہوگئی۔

جب فجر کا وقت ہوا تو چاروں فرشتوں نے ایک ایک سمت سے زمین کو کاٹ کر باقی زمین سے علیحدہ کیا اور اسے اتنا بلند کیا کہ آسمان والوں نے ان کے کتوں کے بھونکنے اور مرغوں کی اذانوں کی صدائیں سنیں۔ اس کے بعد فرشتوں نے اس زمین کو الٹ دیا۔ (اضافہ من المترجم عن ھامش بعض النسخ)

تفسیر علی بن ابراہیم میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جو بھی شخص قوم لوطؑ کے عمل کو حلال سمجھتا ہو تو موت کے وقت اس پر خدا ایک پتھر بھیجتا ہے جس سے اس کی موت واقع ہوتی ہے' لیکن دنیا والوں کو وہ پتھر دکھائی نہیں دیتا۔

تفسیر عیاشی میں مرقوم ہے کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب قوم لوطؑ نے بدکاری کو رواج دیا تو زمین اتنا روئی کہ اس کے آنسو عرش الٰہی تک پہنچے۔ اللہ تعالیٰ نے آسمان کو حکم دیا کہ ان پر پتھر برسا اور زمین کو حکم دیا کہ ان کو نگل لے۔

وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ
مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ وَلَا تَنْقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ اِنِّيْۤ اَرٰىكُمْ
بِخَيْرٍ وَّاِنِّيْۤ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ مُّحِيْطٍ ﴿۸۴﴾ وَيٰقَوْمِ اَوْفُوا
الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا
تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿۸۵﴾ بَقِيَّتُ اللّٰهِ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ
مُّؤْمِنِيْنَ ۚ وَمَاۤ اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ﴿۸۶﴾ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ اَصَلٰوتُكَ
تَاْمُرُكَ اَنْ نَّتْرُكَ مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَاۤ اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ فِىْۤ اَمْوَالِنَا مَا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

نَشْؤُا ۖ اِنَّكَ لَاَنْتَ الْحَلِيْمُ الرَّشِيْدُ ﴿۸۷﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ
كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَرَزَقَنِيْ مِنْهُ رِزْقًا حَسَنًا ۭ وَمَآ
اُرِيْدُ اَنْ اُخَالِفَكُمْ اِلٰى مَآ اَنْهٰىكُمْ عَنْهُ ۭ اِنْ اُرِيْدُ اِلَّا
الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ ۭ وَمَا تَوْفِيْقِيْٓ اِلَّا بِاللّٰهِ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ
وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ﴿۸۸﴾ وَيٰقَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِيْٓ اَنْ يُّصِيْبَكُمْ مِّثْلُ
مَآ اَصَابَ قَوْمَ نُوْحٍ اَوْ قَوْمَ هُوْدٍ اَوْ قَوْمَ صٰلِحٍ ۭ وَمَا قَوْمُ
لُوْطٍ مِّنْكُمْ بِبَعِيْدٍ ﴿۸۹﴾ وَاسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ ۭ اِنَّ
رَبِّيْ رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ ﴿۹۰﴾ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَقُوْلُ
وَاِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْنَا ضَعِيْفًا ۚ وَلَوْلَا رَهْطُكَ لَرَجَمْنٰكَ ۡ وَمَآ اَنْتَ
عَلَيْنَا بِعَزِيْزٍ ﴿۹۱﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَهْطِيْٓ اَعَزُّ عَلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ ۭ
وَاتَّخَذْتُمُوْهُ وَرَاۗءَكُمْ ظِهْرِيًّا ۭ اِنَّ رَبِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿۹۲﴾
وَيٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰي مَكَانَتِكُمْ اِنِّىْ عَامِلٌ ۭ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ
يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَمَنْ هُوَ كَاذِبٌ ۭ وَارْتَقِبُوْٓا اِنِّىْ مَعَكُمْ
رَقِيْبٌ ﴿۹۳﴾ وَلَمَّا جَاۗءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا شُعَيْبًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ
بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَاَخَذَتِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

دیارهم جثمین ﴿۹۴﴾ کان لم یغنوا فیها ؕ الا بعدا لمدین کما
بعدت ثمود ﴿۹۵﴾ و لقد ارسلنا موسی بایتنا و سلطن مبین ﴿۹۶﴾
الی فرعون و ملا ٕیه فاتبعوا امر فرعون ۚ و ما امر فرعون
برشید ﴿۹۷﴾ یقدم قومه یوم القیمة فاوردهم النار ؕ و بئس
الورد المورود ﴿۹۸﴾ و اتبعوا فی هذه لعنة و یوم القیمة ؕ
بئس الرفد المرفود ﴿۹۹﴾ ذلک من انباء القری نقصه علیک
منها قایم و حصید ﴿۱۰۰﴾ و ما ظلمنهم و لکن ظلموا انفسهم فما
اغنت عنهم الهتهم التی یدعون من دون الله من شیء لما
جاء امر ربک ؕ و ما زادوهم غیر تتبیب ﴿۱۰۱﴾ و کذلک اخذ
ربک اذا اخذ القری و هی ظالمة ؕ ان اخذه الیم
شدید ﴿۱۰۲﴾ ان فی ذلک لایة لمن خاف عذاب الاخرة ؕ ذلک
یوم مجموع ۙ له الناس و ذلک یوم مشهود ﴿۱۰۳﴾ و ما نؤخره
الا لاجل معدود ﴿۱۰۴﴾ یوم یات لا تکلم نفس الا باذنه ۚ
فمنهم شقی و سعید ﴿۱۰۵﴾ فاما الذین شقوا ففی النار لهم فیها
زفیر و شهیق ﴿۱۰۶﴾ خلدین فیها ما دامت السموت و الارض

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

إِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ۚ إِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيدُ ﴿١٠٧﴾ وَأَمَّا الَّذِينَ
سُعِدُوا فَفِي الْجَنَّةِ خَالِدِينَ فِيهَا مَا دَامَتِ السَّمَاوَاتُ وَالْأَرْضُ
إِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ۖ عَطَآءً غَيْرَ مَجْذُوذٍ ﴿١٠٨﴾ فَلَا تَكُ فِي مِرْيَةٍ مِّمَّا
يَعْبُدُ هَٰؤُلَآءِ ۚ مَا يَعْبُدُونَ إِلَّا كَمَا يَعْبُدُ آبَآؤُهُم مِّن قَبْلُ ۚ
وَإِنَّا لَمُوَفُّوهُمْ نَصِيبَهُمْ غَيْرَ مَنقُوصٍ ﴿١٠٩﴾ وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى
الْكِتَابَ فَاخْتُلِفَ فِيهِ ۚ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِن رَّبِّكَ لَقُضِيَ
بَيْنَهُمْ ۚ وَإِنَّهُمْ لَفِي شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيبٍ ﴿١١٠﴾ وَإِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ
رَبُّكَ أَعْمَالَهُمْ ۖ إِنَّهُ بِمَا يَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ﴿١١١﴾ فَاسْتَقِمْ كَمَا
أُمِرْتَ وَمَن تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا ۚ إِنَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ
بَصِيرٌ ﴿١١٢﴾ وَلَا تَرْكَنُوا إِلَى الَّذِينَ ظَلَمُوا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ ۙ وَمَا
لَكُم مِّن دُونِ اللَّهِ مِنْ أَوْلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنصَرُونَ ﴿١١٣﴾ وَأَقِمِ الصَّلَاةَ
طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ اللَّيْلِ ۚ إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ
ۚ ذَٰلِكَ ذِكْرَىٰ لِلذَّاكِرِينَ ﴿١١٤﴾ وَاصْبِرْ فَإِنَّ اللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ
الْمُحْسِنِينَ ﴿١١٥﴾ فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُونِ مِن قَبْلِكُمْ أُولُوا بَقِيَّةٍ
يَنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِي الْأَرْضِ إِلَّا قَلِيلًا مِّمَّنْ أَنجَيْنَا مِنْهُمْ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

وَاتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَآ اُتْرِفُوْا فِيْهِ وَكَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۱۱۶﴾ وَمَا
كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا مُصْلِحُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَلَوْ شَآءَ
رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ اِلَّا
مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ ؕ وَلِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ ؕ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ
لَاَمْلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَكُلًّا نَّقُصُّ
عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ ۚ وَجَآءَكَ فِيْ
هٰذِهِ الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ وَّذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ لَا
يُؤْمِنُوْنَ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ ؕ اِنَّا عٰمِلُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ وَانْتَظِرُوْا ۚ
اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِلَيْهِ يُرْجَعُ
الْاَمْرُ كُلُّهٗ فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ ؕ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا
تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۳﴾

"اور مدین والوں کی طرف ہم نے ان کے بھائی شعیبؑ کو روانہ کیا۔ اس نے کہا: اے میری قوم! تم اللہ کی عبادت کرو اس کے علاوہ تمھارا کوئی معبود نہیں ہے اور ناپ تول میں کمی نہ کرو۔ آج میں تمھیں اچھے حال میں دیکھ رہا ہوں مگر مجھے تمھارے متعلق یہ اندیشہ ہے کہ تم پر ایسا دن آئے گا جس کا عذاب سب کو گھیر لے گا۔

اے میری قوم! ناپ تول انصاف کے ساتھ کرو اور لوگوں کو ان کی چیزوں میں گھاٹا نہ دیا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کرو اور زمین میں فساد نہ پھیلاتے پھیرو۔ اگر تم مومن ہو تو اللہ کی بچت تمھارے لیے بہتر ہے اور میں تمھارا نگران نہیں ہوں۔ انھوں نے کہا: اے شعیبؑ! کیا تیری نماز تجھے یہی تعلیم دیتی ہے کہ ہم ان معبودوں کی عبادت چھوڑ دیں جن کی پرستش ہمارے باپ دادا کیا کرتے تھے؟ یا یہ کہ ہم کو اپنے مال میں حسب منشا تصرف کا حق ہی نہ رہے؟ تو کیا صرف تو ہی ایک حلیم اور راست باز آدمی رہ گیا ہے؟

شعیبؑ نے کہا: اے میری قوم! تم ہی سوچو اگر میں اپنے رب کی طرف سے ایک کھلی شہادت پر تھا۔ پھر اس نے مجھے اپنی طرف سے اچھا رزق بھی عطا کیا (تو کیا اس کے باوجود میں تمھاری حمایت کرسکتا ہوں) اور میں یہ نہیں چاہتا کہ میں جن باتوں سے تم کو روکتا ہوں ان کا خود ارتکاب کروں جہاں تک میرا بس چلے۔ میں تو اصلاح کرنا چاہتا ہوں۔ میری توفیق کا سرچشمہ خدا کی ہی ذات ہے۔ اس پر میں نے بھروسہ کیا ہے اور اس کی طرف مجھے رجوع کرنا ہے۔

اے میری قوم! میری نافرمانی کہیں یہ نوبت نہ پہنچا دے کہ آخرکار تم پر بھی وہی عذاب نازل ہو جو قومِ نوحؑ اور قومِ ہودؑ یا قومِ صالحؑ پر آیا تھا اور قومِ لوطؑ تم سے کچھ زیادہ دُور نہیں ہے۔ تم اپنے رب سے مغفرت طلب کرو، پھر اس کی طرف رجوع کرو۔ یقیناً میرا رب مہربان اور (بندوں سے) محبت رکھنے والا ہے۔

انھوں نے کہا: شعیبؑ! تمھاری بہت سی باتیں ہماری سمجھ سے بالا ہیں اور ہم دیکھتے ہیں کہ تو ہمارے درمیان کمزور شخصیت کا فرد ہے۔ اگر تیری برادری نہ ہوتی تو ہم کبھی کا تجھے سنگسار کر چکے ہوتے۔ تو ہم پر بھاری نہیں ہے۔

شعیبؑ نے کہا: اے میری قوم! کیا میری قوم تمھاری نظر میں خدا سے بھی زیادہ محترم ہے۔ تم نے اللہ کو تو پسِ پشت ڈال دیا ہے۔ تم جو کچھ کر رہے ہو میرا رب اسے گھیرے ہوئے ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اے میری قوم! تم اپنی جگہ کام کیے جاؤ میں بھی عمل کر رہا ہوں تم عنقریب جان لو گے کہ کس پر ذلت کا عذاب آتا ہے اور کون جھوٹا ہے۔ تم بھی انتظار کرو میں بھی تمھارے ساتھ انتظار کر رہا ہوں۔

جب ہمارے فیصلے کا وقت آ گیا تو ہم نے شعیبؑ اور اس کے مومن ساتھیوں کو نجات دی اور ظلم کرنے والوں کو ایک سخت دھماکے نے پکڑ لیا اور وہ اپنے گھروں میں پڑے کے پڑے رہ گئے۔

سنو! مدین والے بھی قومِ ثمودؑ کی طرح سے پھینک دیئے گئے اور ہم نے موسیٰؑ کو اپنی نشانیوں اور واضح سند کے ساتھ بھیجا فرعون اور اس کے اعیانِ سلطنت کی طرف۔ انھوں نے فرعون کے حکم کی پیروی کی، حالانکہ فرعون کا حکم بھلائی پر مبنی نہیں تھا۔

قیامت کے دن وہ اپنی قوم کی قیادت کر رہا ہوگا اور انھیں دوزخ کی طرف لے جائے گا۔ وہ اترنے کی بہت بری جگہ ہے۔ ان کے پیچھے اس دنیا اور آخرت میں لعنت کو لگا دیا گیا۔ یہ کسی کو ملنے والا کیسا بُرا صلہ ہے۔

یہ چند بستیوں کی سرگزشت ہے جو ہم آپ سے بیان کر رہے ہیں۔ ان میں سے کچھ ابھی کھڑی ہیں اور کچھ کی فصل کٹ چکی ہے۔ ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا۔ اُنھوں نے اپنے آپ پر خود ہی ظلم کیا تھا اور جب تیرے رب کا حکم آ گیا تو ان کے وہ معبُود اُن کے کچھ کام نہ آئے جنھیں وہ خدا کو چھوڑ کر پکارا کرتے تھے۔ انھوں نے ہلاکت و بربادی کے سوا ان میں کچھ اضافہ نہیں کیا۔ اور تیرا رب جب کسی بستی کو پکڑتا ہے تو اس کی پکڑ ایسی ہی ہوا کرتی ہے یقیناً خدا کی پکڑ سخت دردناک ہوتی ہے۔

عذابِ آخرت سے ڈرنے والے کے لیے اس میں نشانی ہے۔ وہ ایک ایسا دن ہوگا جس میں سب لوگ جمع کیے جائیں گے اور یہ ایسا دن ہوگا جس کی گواہی دی جائے گی۔ ہم اس

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

دن کے لانے میں گنی ہوئی مدت تک ہی کی تاخیر کر رہے ہیں۔ جب وہ دن آئے گا تو خدا کی اجازت کے بغیر کسی کو بات کرنے کی مجال نہ ہوگی۔ اس دن کچھ افراد بدبخت ہوں گے اور کچھ نیک بخت ہوں گے۔ جو بدبخت ہوں گے وہ دوزخ میں جائیں گے جہاں ان کی آہیں اور چیخیں بلند ہوں گی۔ جب تک زمین و آسمان قائم ہیں وہ اسی حالت میں رہیں گے۔ ہاں تیرا رب چاہے تو اس کا معاملہ جدا ہے۔ بے شک تیرا رب جو چاہتا ہے اسے بجا لاتا ہے۔

وہ لوگ جو نیک بخت ہوں گے وہ جنت میں جائیں گے اور جب تک زمین و آسمان قائم ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ الا یہ کہ تیرا رب کچھ اور چاہے۔ انھیں ایسی بخشش ملے گی جس کا سلسلہ منقطع نہ ہوگا۔

اے نبی! آپ ان معبودوں کی طرف سے کسی شک میں نہ رہیں جن کی وہ عبادت کر رہے ہیں۔ یہ لوگ اپنے آباء واجداد کی طرح سے بتوں کی پوجا پاٹ کر رہے ہیں۔ ہم انھیں ان کا بھرپور حصہ دیں گے جس میں کسی طرح کی کمی نہیں کی جائے گی۔

یقیناً ہم نے موسیٰؑ کو کتاب عطا کی۔ اس میں اختلاف کیا گیا ہے۔ اگر تیرے رب کی طرف سے ایک بات پہلے سے طے شدہ نہ ہوتی تو اختلاف کرنے والوں کے درمیان فیصلہ چکا دیا گیا ہوتا۔ یہ لوگ اس کی طرف سے خلجان پیدا کرنے والے شک میں مبتلا ہیں۔ یقیناً تیرا رب ان سب کو ان کے اعمال کا بدلہ دے کر رہے گا۔ وہ ان کے اعمال سے پوری طرح باخبر ہے۔

اے نبی! جیسا تمھیں حکم دیا گیا ہے اسی طرح سے استقامت اختیار کرو اور آپ کے وہ ساتھی بھی استقامت اختیار کریں جو حق کی طرف پلٹ آئے ہیں' اور تجاوز نہ کرو۔ بے شک جو کچھ تم عمل کر رہے ہو انھیں خدا دیکھ رہا ہے۔ ظالموں کی طرف بالکل نہ جھکنا ورنہ تم لوگ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

بھی دوزخ کی لپیٹ میں آ جاؤ گے اور تمھیں خدا کے علاوہ کوئی مددگار نہیں ملے گا۔ پھر تمھاری مدد نہ کی جائے گی۔

اور نماز قائم کرو دن کے دونوں سروں پر اور کچھ رات گزرنے پر۔ درحقیقت نیکیاں برائیوں کو دُور کر دیتی ہیں۔ یہ خدا کو یاد رکھنے والوں کے لیے یاد دہانی ہے۔ صبر کر، یقیناً اللہ نیکی کرنے والوں کا اجر کبھی ضائع نہیں کرتا۔ پھر کیوں نہ ان قوموں میں جو تم سے پہلے گزر چکی ہیں ایسے اہلِ خیر موجود رہے جو لوگوں کو زمین میں فساد برپا کرنے سے روکتے؟ ایسے لوگ بہت کم نکلے جن کو ہم نے ان قوموں میں سے بچا لیا۔ ظالم لوگ ان چیزوں کے مزے اُڑاتے رہے جو انھیں فراوانی کے ساتھ دی گئی تھیں اور وہ مجرم تھے۔ تیرے رب کا یہ دستور نہیں ہے کہ وہ بستیوں کو ناحق ہلاک کر دے جب کہ ان کے باشندے اصلاح کرنے والے ہیں۔ اگر تیرا رب چاہتا تو تمام لوگوں کو ایک گروہ بنا سکتا تھا مگر وہ ہمیشہ اختلاف کرتے رہیں گے۔ ان بے راہ رویوں سے صرف وہی بچیں گے جن پر تیرے رب نے رحم کیا ہو اور اسی امتحان و آزمائش کے لیے ہی تو خدا نے انھیں پیدا کیا ہے۔ تیرے رب کی بات پوری ہوگئی کہ میں جہنم کو جنات اور انسانوں سے بھر دوں گا۔

پیغمبروں کے یہ قصے ہم آپ کو اس لیے سنا رہے ہیں کہ اس سے ہم تیرے دل کو مضبوط کریں۔ ان کے اندر تم کو حقیقت کا علم ملا اور ایمان لانے والوں کو نصیحت اور بیداری نصیب ہوئی۔ وہ لوگ جو ایمان نہیں لاتے آپ ان سے کہہ دیں کہ تم اپنی جگہ رہ کر کام کیے جاؤ ہم بھی کام کر رہے ہیں۔ اور تم انتظار کرو ہم بھی انتظار کر رہے ہیں۔

آسمانوں اور زمین کی تمام پوشیدہ باتیں اللہ کے قبضۂ اختیار میں ہیں۔ سارا معاملہ خدا کی طرف ہی پلٹایا جائے گا۔ پس تم اسی کی عبادت کرو اور اسی پر بھروسہ کرو اور جو کچھ تم لوگ کر رہے ہو تیرا رب ان سے غافل نہیں ہے"۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

حضرت شعیبؑ اور اہلِ مدین

سورہ ہود کا یہ چھٹا قصہ ہے جو اہلِ مدین اور حضرت شعیب علیہ السلام کی تبلیغی سرگرمیوں پر مشتمل ہے۔ پہلے یہ بیان ہے کہ ابراہیم علیہ السلام کے ایک فرزند کا نام "مدین" تھا اور مدین شہر کی بنیاد انھوں نے رکھی تھی۔ باقی انبیاء کی طرح سے حضرت شعیب علیہ السلام نے بھی اپنی تبلیغ کی ابتداء دعوتِ توحید سے کی تھی' اسی لیے آپ نے فرمایا: یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ "اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو اس کے علاوہ تمھارا کوئی معبود نہیں ہے"۔

اہلِ مدین میں دو بڑے عیب تھے: پہلا عیب یہ تھا کہ وہ بت پرست تھے اور دوسرا عیب یہ تھا کہ وہ پرلے درجے کے بدمعاملہ تھے۔ وہ جب لوگوں سے سودا لیتے تو زیادہ لیتے تھے' جب خود کوئی چیز فروخت کرتے تھے تو کم دیتے تھے اور وہ اپنی تجارتی ہنرمندی سے تعبیر کرتے تھے اور وہ اپنی روش سے دینے اور لینے والے دونوں فریقوں کو نقصان پہنچاتے تھے۔

حضرت شعیب علیہ السلام نے دعوتِ توحید کے بعد ان سے فرمایا: وَلَا تَنْقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ اِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ بِخَيْرٍ "ناپ تول میں کمی نہ کرو۔ اگر تم نے ناپ تول کی کمی کو چھوڑ دیا تو اس میں تمھاری اپنی ہی سلامتی اور خیریت ہے' ورنہ مصر و شام کے درمیان چلنے والے تجارتی قافلے تم سے لین دین بند کر دیں گے اور تم رزق سے محروم ہو جاؤ گے اور جب تجارتی سرگرمیاں ختم ہو جائیں گی تو اجناس کی قیمتیں چڑھ جائیں گی۔ اگر تم اپنی روش سے باز نہ آئے تو خیر و سعادت کی یہ گھڑیاں تم سے سلب کر لی جائیں گی۔ خدا نے تمھیں بے تحاشا دولت دی ہے۔ تمھیں کم ناپ تول کرنے کی کیا ضرورت ہے؟

اگر تم اپنی روش سے باز نہ آئے: وَاِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ مُّحِيْطٍ ۝ "مجھے تمھارے متعلق یہ اندیشہ ہے کہ تم پر وہ دن آ جائے گا جس کا عذاب تم سب کو گھیر لے گا"۔

حضرت شعیب علیہ السلام نے اپنی قوم سے کہا: اے میری قوم! انصاف کے اصولوں کے تحت ناپ تول کرو اور چھوٹے باٹ رکھ کر لوگوں کو نقصان نہ پہنچاؤ اور زمین میں فساد نہ پھیلاتے پھرو' کیونکہ جو دوسروں کو نقصان پہنچاتا ہے تو دراصل وہ لوگوں کو اپنے نقصان پہنچانے کی ترغیب دے رہا ہوتا ہے۔ کم ناپ تول سے تمھاری دنیا و آخرت کا نقصان ہے اور اس سے دینی مصلحتوں کو بھی نقصان پہنچتا ہے۔

بَقِيَّتُ اللّٰهِ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ "اگر تم مومن ہو تو اللہ کی بچت ہی تمھارے لیے بہتر ہے"۔ مقصد یہ ہے کہ صدق و امانت کی روش اپناؤ' ناپ تول میں کمی چھوڑ دو اور سچے تاجرانہ اصول اپناؤ۔ اس کے بعد تمھیں جو بھی منافع حاصل ہو وہ تمھارے حق میں بہتر ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

آیت مجیدہ میں اس امر کی طرف اشارہ کیا گیا ہے کہ جو تاجر ناپ تول کی کمی سے باز نہ آئے اور ناجائز منافع خوری کی راہوں پر عمل کرے تو وہ مومن نہیں ہے۔

حضرت شعیب علیہ السلام نے بدمعاملہ تاجروں کی قوم سے فرمایا: وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ۝ ''میں تمھارا نگران نہیں ہوں''۔ اس جملے کے دو مفہوم ممکن ہیں۔ پہلا مفہوم تو یہ ہے کہ میرا کام تمھیں نصیحت کرنا تھا وہ میں نے کردی ہے البتہ میرے پاس اتنی قوت نہیں ہے کہ میں تمھیں زبردستی طور پر چلا سکوں۔ اس کا دوسرا مفہوم یہ ہے کہ میں تمھیں بتا چکا ہوں کہ ناپ تول میں کمی کی وجہ سے خدا کی نعمات سلب ہوجاتی ہیں۔ اگر تم نے اس کے باوجود بھی اپنی روش تبدیل نہ کی اور نتیجہ میں تم سے نعمات سلب ہوگئیں تو میں تمھیں وہ نعمات واپس نہیں دلا سکوں گا۔

حضرتؑ کی اس تبلیغ کے جواب میں ان کی قوم نے ان سے کہا: يٰشُعَيْبُ اَصَلٰوتُكَ تَاْمُرُكَ اَنْ نَّتْرُكَ مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَآ اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ فِيْٓ اَمْوَالِنَا مَا نَشٰٓؤُا ۭ اِنَّكَ لَاَنْتَ الْحَلِيْمُ الرَّشِيْدُ ۝ ''اے شعیب! کیا تیری نماز تجھے یہی تعلیم دیتی ہے کہ ہم ان معبودوں کی عبادت چھوڑ دیں جن کی پرستش ہمارے آباء و اجداد کیا کرتے تھے؟ یا یہ کہ ہم کو اپنے مال میں حسب منشاء تصرف کا حق ہی نہ رہے؟ کیا تو ہی ایک حلیم اور راست باز شخص رہ گیا ہے؟

حضرت شعیب علیہ السلام نے اپنی قوم کو دو باتوں کی خصوصی دعوت دی تھی۔ پہلی دعوت عقیدۂ توحید کی تھی اور دوسری دعوت ناپ تول میں کمی چھوڑنے کی تھی۔ اس کے جواب میں انھوں نے کہا کہ آپ نمازیں پڑھتے رہتے ہیں تو کیا آپ کی نماز کے ہم سے یہ دو تقاضے ہیں کہ ہم اپنے آباؤ اجداد کے معبودوں کی عبادت چھوڑ کر تمھارے اَن دیکھے خدا کو مان لیں؟ اور کیا آپ کی نماز ہم پر یہ لازم کرتی ہے کہ ہم اپنے مال و دولت کے حصول میں اپنی آزادی کسب و عمل کو چھوڑ دیں اور ہم اپنے اموال میں اپنے حسب منشاء تصرف بھی نہ کریں؟ کیا پورے زمانہ میں تم ہی ایک عالی ظرف اور راست باز انسان رہ گئے ہو؟

لفظ الْحَلِيْمُ الرَّشِيْدُ کے متعلق چند احتمال ہیں:

۱- وہ لوگ درحقیقت آپ کو ''سفیہ و جاہل'' کہنا چاہتے تھے، لیکن انھوں نے ازراہِ مذاق آپ کو الْحَلِيْمُ الرَّشِيْدُ کہا۔ اس کی مثال ایسے ہی ہے جیسے کوئی کسی کنجوس سے کہے: اگر ''حاتم'' آپ کو دیکھ لے تو وہ آپ کے سامنے سرنگوں ہوجائے۔

۲- حضرت شعیب علیہ السلام اعلانِ نبوت سے قبل اپنی قوم میں الْحَلِيْمُ الرَّشِيْدُ کے لقب سے جانے جاتے تھے۔ آپ کی قوم قبیلہ آپ کو عالی ظرف اور راست باز کے ناموں سے پکارتا تھا۔ پھر جب آپؑ نے لوگوں کو عقیدۂ توحید کی دعوت

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

دی اور انھیں ناپ تول میں کمی سے روکا تو انھوں نے بطورِ حسرت کہا کہ ہم تو آپ کو اَلْحَلِیْمُ الرَّشِیْدُ کے لقب سے پکارتے تھے' لیکن تم ہماری توقعات پر پورے نہیں اُترے' کیا کوئی عالی ظرف اور راست باز اس طرح کی باتیں بھی کرتا ہے جیسی آپ کر رہے ہیں۔

حضرت شعیب علیہ السلام نے قوم کے اس اعتراض کے جواب میں فرمایا:

یٰقَوْمِ اَرَءَیْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَیِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّیْ وَ رَزَقَنِیْ مِنْهُ رِزْقًا حَسَنًا ؕ وَ مَاۤ اُرِیْدُ اَنْ اُخَالِفَكُمْ اِلٰى مَاۤ اَنْهٰىكُمْ عَنْهُ ؕ اِنْ اُرِیْدُ اِلَّا الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ ؕ وَ مَا تَوْفِیْقِیْۤ اِلَّا بِاللّٰهِ ؕ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَ اِلَیْهِ اُنِیْبُ ۝ وَ یٰقَوْمِ لَا یَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِیْۤ اَنْ یُّصِیْبَكُمْ مِّثْلُ مَاۤ اَصَابَ قَوْمَ نُوْحٍ اَوْ قَوْمَ هُوْدٍ اَوْ قَوْمَ صٰلِحٍ ؕ وَ مَا قَوْمُ لُوْطٍ مِّنْكُمْ بِبَعِیْدٍ ۝ وَ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْۤا اِلَیْهِ ؕ اِنَّ رَبِّیْ رَحِیْمٌ وَّدُوْدٌ ۝

''اے میری قوم! تم خود ہی سوچو اگر میں اللہ کی طرف سے کھلی شہادت پر تھا پھر اس نے اپنی طرف سے مجھے اچھا رزق بھی عطا کیا اور میں یہ بھی نہیں چاہتا کہ جن باتوں سے تم کو روکتا ہوں ان کا خود ارتکاب کروں اور جہاں تک میرا بس چلے تو میں اصلاح کرنا چاہتا ہوں اور میری توفیق کا سرچشمہ خدا ہی کی ذات ہے۔ میں نے اسی پر بھروسہ کیا ہے اور اسی کی طرف مجھے لوٹ کر جانا ہے۔ اے میری قوم! میری نافرمانی کہیں یہ نوبت نہ لے آئے کہ تم پر بھی وہی عذاب نازل ہو جو قومِ نوحؑ، قومِ ہودؑ، قومِ صالحؑ پر آیا تھا اور قومِ لوطؑ تم سے کچھ زیادہ دُور نہیں ہے''۔

حضرتؑ کی گفتگو کا ماحصل یہ ہے کہ مجھے وحی الٰہی میں خیانت کرنے کی بچند وجوہ ضرورت ہی نہیں ہے۔

۱- خدا نے مجھے اپنی طرف سے علم' دین اور ہدایت و نبوت عطا کی ہے۔

۲- مجھے وسیع رزقِ حلال عطا کیا ہے۔

۳- میں تم لوگوں میں ''گفتار کا غازی'' نہیں ہوں' جو کہتا ہوں اس پر خود بھی عمل کرتا ہوں۔

۴- میرا اوّل و آخر مقصد تمھاری اصلاح کرنا ہے اور اس عمل کے لیے میں خدا سے توفیق کا طلبگار ہوں۔ میں اسی پر بھروسہ رکھتا ہوں اور مجھے اسی کی طرف ہی لوٹ کر جانا ہے۔

انسان کو خدا پر ہی توکل کرنا چاہیے اور عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَ اِلَیْهِ اُنِیْبُ میں حصر پایا جاتا ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کے علاوہ کائنات میں جو کچھ بھی ہے وہ ''ممکن الوجود'' ہے جب کہ اللہ تعالیٰ ''واجب الوجود'' ہے اور ''واجب'' کی موجودگی میں ''ممکن'' پر توکل کرنا کسی طور پر بھی صحیح نہیں ہے۔

لفظ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ میں مبداء کا عقیدہ پایا جاتا ہے اور وَإِلَيْهِ أُنِيبُ میں معاد کا ذکر موجود ہے اور دین کا اہم ترین ستون بھی مبدا و معاد پر ایمان لانا ہے۔ حضرت شعیب علیہ السلام کے اس طرح کے پُرمعنی خطبوں کی وجہ سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا کہ شعیبؑ خطیب الانبیاء تھے۔

حضرت شعیب علیہ السلام نے اپنی قوم کو عذابِ الٰہی سے خبردار کرتے ہوئے فرمایا: خیال رکھو! کہیں میری مخالفت و عداوت کی وجہ سے تم پر وہ عذاب نہ آجائے جو قومِ نوحؑ، قومِ ہودؑ، قومِ صالحؑ اور قومِ لوطؑ پر نازل ہوا ہے۔

وَمَا قَوْمُ لُوطٍ مِّنكُم بِبَعِيدٍ ''قومِ لوطؑ تم سے کچھ زیادہ دُور تو نہیں ہے''۔ حضرت کے اس جملہ کے دو مفہوم ممکن ہیں: ۱- قومِ لوطؑ کا علاقہ تمھارے علاقہ کے قریب ہے۔ ۲- اس قوم کی ہلاکت کو ابھی زیادہ عرصہ نہیں گزرا اور تم سب لوگوں کو ان کے انجام کا علم ہے۔ اب خدائی عذاب سے بچنے کا صرف ایک ہی راستہ ہے۔

وَاسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوبُوا إِلَيْهِ ۚ إِنَّ رَبِّي رَحِيمٌ وَدُودٌ ۝ ''اب تک تم نے جو کفر و شرک کیا ہے اس سے استغفار کرو اور تم نے اب تک جو بددیانتی کی ہے اس سے توبہ کرو۔ میرے رب کو مہربان اور محبت کرنے والا پاؤ گے''۔

قوم کی طرف سے شعیبؑ کو دھمکیاں

قَالُوا يَا شُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِيرًا مِّمَّا تَقُولُ وَإِنَّا لَنَرَاكَ فِينَا ضَعِيفًا ۖ وَلَوْلَا رَهْطُكَ لَرَجَمْنَاكَ ۖ وَمَا أَنتَ عَلَيْنَا بِعَزِيزٍ ۝

''انھوں نے کہا: اے شعیبؑ! تمھاری بہت سی باتیں ہماری سمجھ سے بالا ہیں اور ہم دیکھتے ہیں کہ تو ہمارے اندر کمزور شخصیت کا فرد ہے۔ اگر تیری برادری نہ ہوتی تو ہم کبھی کا تجھے سنگسار کر چکے ہوتے تو ہم پر بھاری نہیں ہے''۔

حضرت شعیب علیہ السلام نے اپنی قوم کو انھی کی زبان میں انتہائی سادہ الفاظ میں تبلیغ کی تھی، مگر آپؑ کے منکرین نے یہ کہا کہ آپ کی اکثر باتیں ہماری سمجھ میں نہیں آتیں۔ آپؑ کی قوم کا یہ جواب اس حقیقت کا مظہر ہے کہ ان لوگوں کو آپ سے سخت نفرت تھی۔ وہ آپ کی باتوں کو سننا ہی نہیں چاہتے تھے اور انھوں نے ازراہِ توہین یہ کہا کہ پتہ نہیں آپ کس طرح کی

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

باتیں کر رہے ہیں۔

لفظ ''فقہ'' کے مفہوم کے متعلق علماء سے دو طرح کے اقوال منقول ہیں:

۱- کسی متکلم کے کلام کو اچھی طرح سمجھنے کا نام ''فقہ'' ہے' جیسا کہ آیتِ مجیدہ کے الفاظ ہیں: مَا نَفْقَهُ كَثِيرًا مِّمَّا تَقُولُ آیت مجیدہ میں لفظ ''فقہ'' کی اضافت لفظ ''قول'' کی طرف دی گئی ہے۔ بعد میں اسے ایک مخصوص علم سے خاص کر دیا گیا۔

۲- لفظ ''فقہ'' مطلقاً سمجھ بوجھ کا نام ہے' جیسا کہ عربی زبان میں کہا جاتا ہے: اوتی فلان فقها فی الدین ''فلاں کو دین کی سمجھ بوجھ عطا ہوئی ہے''۔

حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مشہور حدیث ہے: من یرد اللّٰہ به خیرًا یفقهه فی الدین ''خدا کو جس کی بھلائی مطلوب ہوتی ہے تو وہ اسے دین کی سمجھ بوجھ عطا کر دیتا ہے''۔

قومِ شعیبؑ نے ان سے کہا کہ ہم تمھارے قبیلہ کا لحاظ کیے ہوئے ہیں' ورنہ ہم تجھے کب کا سنگسار کر چکے ہوتے۔

حضرت شعیب علیہ السلام نے فرمایا: تمھیں میرا قبیلہ تو عزیز ہے' لیکن تمھیں خدا کا حیا نہیں ہے۔ تم نے اپنے خدا کو تو پسِ پشت ڈال رکھا ہے۔

قومِ شعیبؑ نے کہا: اگر ہمیں تمھارے قبیلہ کا پاس نہ ہوتا تو ہم تجھے ''رجم'' کر دیتے۔ لفظ ''رجم'' کے معنی پھینکنے کے ہیں۔ کبھی کسی کو قتل کی نیت سے پتھروں سے سنگسار کیا جاتا ہے اسی لیے اس عمل کو بھی ''رجم'' کہا جاتا ہے اور کبھی کسی کو زبان کے ذریعہ سے دُور کیا جاتا ہے۔ اس عمل کو بھی ''رجم'' کہتے ہیں جیسے ہم شیطان کو ''رجیم'' کہتے ہیں۔ اور کبھی دُور کرنے کے عمل کو بھی ''رجم'' کہتے ہیں جیسا کہ فرمانِ الٰہی ہے: رجوما للشیاطین یعنی شہابِ ثاقب شیاطین کے دُور کرنے کا ذریعہ ہیں۔

ابن عباس فرماتے ہیں کہ اللہ نے دو امتوں کو ایک عذاب سے ہلاک نہیں کیا سوائے قومِ شعیبؑ اور قومِ صالحؑ کے۔ قومِ صالحؑ کو نیچے سے چیخ کی آواز سنائی دی تھی جس سے وہ قوم ہلاک ہوئی تھی اور قومِ شعیبؑ کو اُوپر سے چیخ کی آواز سنائی دی تھی جس سے وہ قوم ہلاک ہوئی تھی۔ (اضافہ من المترجم نقلاً عن کتب شتّی)

اب اس واقعہ کے سلسلہ میں تفسیر نور الثقلین کی ضمنی اور اصطلاحی طور پر ''جنبی'' روایات ملاحظہ فرمائیں۔

اصولِ کافی میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ایک روایت کا ماحصل یہ ہے کہ جس قوم میں کم ناپ تول کا رواج آ جائے تو ان پر قحط نازل کیا جاتا ہے اور اشیائے ضرورت کی کمی ہو جاتی ہے اور وہ لوگ حاکم کے ظلم کا نشانہ بنتے ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

[illegible] ایک شخص [illegible]

[illegible] مومنین" کہہ کر سلام کیا جائے گا؟

آپ نے فرمایا: نہیں یہ لقب صرف حضرت علی علیہ السلام کے لیے مخصوص ہے۔ آپ سے پہلے یہ کسی کا لقب نہیں تھا اور آپ کے بعد جو بھی یہ لقب اختیار کرے گا وہ کافر ہو جائے گا۔ قائم آل محمد علیہ السلام [illegible] یہ لقب ہو گا۔ پھر آپ نے [illegible] کی آیت تلاوت فرمائی۔

اصول کافی میں ابوبکر حضرمی سے منقول ہے کہ ہشام نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کو اپنے ہاں شام طلب کیا۔ آپ شام پہنچے جب اس کے دربار کے دروازہ پر پہنچے تو اس نے اہل دربار سے کہا کہ میں انھیں خوب ذلیل کروں گا۔ جب میں خاموش ہو جاؤں تو تم سب مل کر انھیں ڈانٹنا۔

امام علیہ السلام اس کے دربار میں حاضر ہوئے۔ آپ نے تمام اہل دربار پر ایک ہی سلام کیا اور خلیفہ کو جھک کر سلام نہ کیا جس پر وہ لال پیلا ہو گیا اور کہنے لگا: اے محمد بن علیؑ! تمھارے خاندان میں سے ہمیشہ ایک نہ ایک شخص مسلمانوں میں افتراق و انتشار ڈالتا رہتا ہے اور اپنی حماقت کی وجہ سے اپنے آپ کو امام کہتا ہے۔ یہ کہہ کر وہ خاموش ہو گیا۔ اس کے درباریوں نے امام علیہ السلام کو برا بھلا کہا۔

جب سب لوگ خاموش ہو گئے تو امام علیہ السلام نے فرمایا: اے لوگو! تم کہاں بھٹکے جا رہے ہو؟ سنو! تمھارے پہلے فرد کو اگر ہدایت ملی ہے تو ہمارے ذریعہ سے ہی ملی ہے اور تمھارے آخری کا خاتمہ بھی ہمارے ہاتھوں سے ہو گا۔ البتہ تمھاری اور ہماری حکومت کا فرق یہ ہو گا کہ ہماری حکومت کے بعد کسی اور کی حکومت قائم نہ ہو گی۔ ہم ہی اہل عاقبت ہیں اور خدا نے فرمایا ہے [illegible] "بہتر انجام کار اہل تقویٰ کے لیے ہے"۔

ہشام نے آپؑ کو زندان بھجوا دیا۔ چند ہی دن گزرے تھے کہ زندان کے تمام قیدی آپؑ کے عقیدت مند ہو گئے۔ زندان بان ہشام کے پاس آیا اور کہا: اگر تو نے شام کی حکومت بچانی ہے تو ابوجعفرؑ کو رہائی دے کر یہاں سے روانہ کر دے۔ اگر یہ کچھ دن مزید یہاں رہے تو شام میں تیرے خلاف انقلاب آ جائے گا۔

ہشام نے آپؑ کو رہا کر دیا۔ اس سفر میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام بھی آپؑ کے ہمراہ تھے اور آپؑ کے ساتھ بہت سے غلام بھی تھے۔ ہشام نے شام اور مدینہ کے درمیان آنے والے تمام شہروں کے حکام کو خط لکھا کہ محمد باقرؑ اور ان کے ساتھیوں کے ہاتھ کوئی چیز نہ بیچی جائے اور ان کے لیے شہروں کے دروازے بند کر دیے جائیں۔

Presented by Ziaraat.Com

Scanned by CamScanner

جب امام محمد باقر علیہ السلام اپنے ساتھیوں کے ساتھ شہر مدین کے قریب پہنچے تو ساتھیوں نے عرض کیا کہ سامان خ ختم ہو چکا ہے اور بازار سے کچھ خریدنے کی ممانعت ہے اور ہمارے لیے شہروں کا دروازہ بند کر دیا گیا ہے۔

حضرتؑ نے سنا تو فرمایا: تم وضو کے لیے پانی لاؤ۔ پانی لایا گیا۔ آپؑ نے وضو کیا اور ایک غلام کا سہارا لے کر پہاڑ تشریف لائے۔ آپؑ نے دو رکعت نماز پڑھی اور شہر کی طرف رخ کر کے وَاِلٰی مَدْیَنَ اَخَاهُمْ شُعَیْبًا ..... اِنْ کُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ تک کی آیات پڑھیں اور اپنے سینے پر ہاتھ رکھ کر بلند آواز سے فرمایا: خدا کی قسم! بقیۃ اللہ میں ہوں۔

ہوا نے آپؑ کی آواز پورے شہر مدین میں پہنچائی تو اہلِ مدین میں سے ایک تجربہ کار بوڑھے نے کہا: یہ کیسی آواز ہے جو پہاڑ سے بلند ہوئی ہے؟ لوگوں نے کہا: یہ ایک شخص کی آواز ہے جو خرید و فروخت کے لیے بازار میں آنا چاہتا ہے لیکن حاکمِ شہر نے اس کے لیے شہر کے دروازے بند کرا دیئے ہیں۔

اس شخص نے کہا: لوگو! میری آج کی بات ضرور مانو خواہ بعد میں میری بات کبھی نہ مانو۔ یاد رکھو! یہ بزرگ اس جگہ کھڑے ہیں جہاں حضرت شعیب علیہ السلام کھڑے ہوئے تھے اور انھوں نے بھی اسی طرح سے آواز دی ہے جس طرح سے شعیب علیہ السلام نے آواز دی تھی: ''اگر تم نے ان کے لیے دروازہ نہ کھولا تو تمھارے شہر پر وہی عذاب نازل ہوگا جو شعیبؑ کے زمانہ میں نازل ہوا تھا''۔

لوگ اُٹھے اور انھوں نے دروازے کھول دیئے جہاں سے آپؑ نے اشیائے ضرورت کی خریداری کی۔ ہشام نے جب یہ خبر سنی تو اس نے اُس شخص کو اپنے ہاں طلب کیا۔ ایک روایت کے مطابق وہ دمشق پہنچنے سے پہلے وفات پا گیا۔ ایک اور روایت میں ہے کہ اس کے متعلق معلوم نہ ہو سکا کہ ہشام نے اس سے کیا سلوک کیا تھا۔

عیون الاخبار کی ایک روایت کا ماحصل یہ ہے کہ امام علی رضا علیہ السلام کی والدہ بیان کرتی ہیں کہ جب میرے فرزند کی ولادت ہوئی تو میں نے انھیں سفید رنگ کے کپڑے میں لپیٹا اور ان کے والد بزرگوار علیہ السلام کے ہاتھوں میں دیا۔ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے ان کے دائیں کان میں اذان کہی اور بائیں کان میں اقامت کہی اور آبِ فرات سے ان کا تالو اُٹھایا اور مجھے واپس کرتے ہوئے فرمایا: ''اسے اپنے پاس رکھو، تمھیں مبارک ہو، یہ خدا کی زمین پر ''بقیۃ اللہ'' ہے''۔

کتاب کمال الدین وتمام النعمۃ میں احمد بن اسحاق سے منقول ہے کہ حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام اپنے کندھے پر ایک بچے کو اُٹھائے ہوئے آئے۔ بچے کی عمر قریباً تین سال کی تھی اور اس کا چہرہ چودھویں کے چاند سے بھی زیادہ روشن تھا۔ آپؑ نے مجھ سے فرمایا:

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اے احمد بن اسحاق! اگر خدا اور حجت ہائے خدا کی نظر میں تمھارا خصوصی مقام نہ ہوتا تو میں اپنا یہ بیٹا تجھے کبھی نہ دکھاتا۔ یہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہم نام ہے۔ اس وقت بچے نے فصیح عربی زبان میں یہ کلمات کہے جن کا ترجمہ یہ ہے:

''میں خدا کی زمین پر بقیۃ اللہ ہوں اور دشمنانِ خدا سے انتقام لینے والا میں ہوں۔ احمد بن اسحاق!
اصل چیز کو دیکھ اس کے نشان کی تلاش نہ کر''۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: جب قائم آلِ محمدؐ کا ظہور ہوگا تو وہ پشتِ کعبہ سے ٹیک لگائیں گے اور ان کے پاس تین سو تیرہ افراد جمع ہوں گے۔ وہ اپنے خطاب کا آغاز اس آیت سے کریں گے: بَقِيَّتُ اللّٰهِ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ''میں بقیۃ اللہ ہوں اور میں تم پر خلیفۂ خدا ہوں''۔

اس کے بعد انھیں جو بھی سلا کرے گا وہ انھیں اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بَقِيَّةَ اللّٰهِ فِي اَرْضِهٖ کہہ کر سلام کرے گا۔

کتاب التوحید میں عبداللہ بن فضل ہاشمی سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے وَمَا تَوْفِيْقِيْٓ اِلَّا بِاللّٰهِ اور اِنْ يَّنْصُرْكُمُ اللّٰهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ يَّخْذُلْكُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ۭ (آل عمران:۱۶۰۔ ''اگر خدا تمھاری مدد کرے تو تم پر کوئی غالب نہیں آسکتا اور اگر وہ تمھیں چھوڑ دے تو اس کے بعد تمھاری مدد کون کرے گا'') کی آیات (یعنی توفیق و خذلان) کے متعلق سوال کیا تو آپؑ نے فرمایا:

جب کوئی بندہ خدا کے فرمان پر عمل کرے تو اس صورت میں بندے کو ''موفق'' (توفیق شدہ) کہا جاتا ہے۔ اور اگر کوئی شخص معصیت الٰہی کرنا چاہے اور خدا اس کے اور اس معصیت کے درمیان حائل ہوجائے اور وہ شخص معصیت نہ کر سکے تو اسی معصیت کا ترک بھی توفیق الٰہی سے ہی ہوتا ہے اور جب کوئی شخص برائی کرنے کا ارادہ کرے اور خدا اس کے اور اس کے ارادہ میں حائل نہ ہو اور وہ برائی کا ارتکاب کرلے تو اس صورت کو ''خذلان'' کہا جاتا ہے۔

اصولِ کافی میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ایک روایت کا خلاصہ یہ ہے کہ خدا کو توبہ و استغفار بڑا پسند ہے۔ اگر لوگ گناہ کر کے استغفار نہ کرتے تو خدا ان کی جگہ اور مخلوق پیدا کرتا جو گناہ کر کے توبہ و استغفار کرتی۔ کیا تو نے خدا کا یہ فرمان نہیں سنا: اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ۝ (البقرہ:۲۲۲) ''اللہ توبہ کرنے والوں اور پاکیزگی رکھنے والوں سے محبت کرتا ہے''۔ علاوہ ازیں اللہ تعالیٰ نے یہ بھی فرمایا: وَاسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ ''تم اپنے رب کے حضور استغفار کرو اور اس کے حضور توبہ کرو''۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کتاب الخصال میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آپؐ نے فرمایا: جو شخص گناہ کرکے استغفر اللّٰہ واتوب الیہ کہے تو وہ قیامت کے دن اللہ کے نورِ اعظم میں ہوگا۔

تفسیر عیاشی میں محمد بن فضیل سے مروی ہے کہ میں نے حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے ''فرج'' (کشائش) کے متعلق دریافت کیا تو آپؑ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: وَارْتَقِبُوْٓا اِنِّیْ مَعَكُمْ رَقِیْبٌ ۝ ''تم انتظار کرو میں بھی تمھارے ساتھ انتظار کرنے والا ہوں''۔

کتاب کمال الدین وتمام النعمۃ میں حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: صبر اور کشائش کا انتظار بہت ہی بہتر چیز ہے۔ کیا تو نے اللہ کا یہ فرمان نہیں سنا: (وَارْتَقِبُوْٓا اِنِّیْ مَعَكُمْ رَقِیْبٌ) ''تم انتظار کرو میں بھی تمھارے ساتھ انتظار کر رہا ہوں''۔

اللہ تعالیٰ کا یہ بھی فرمان ہے: فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّیْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِیْنَ ۝ (اعراف: ۷۱) ''تم انتظار کرو میں بھی تمھارے ساتھ انتظار کرنے والوں میں سے ہوں''۔ لہٰذا تم صبر سے کام لو مایوسی کے بعد ہی کشائش کا دَور آتا ہے۔ تم سے پہلے والے لوگ تم سے زیادہ صبر کرنے والے تھے۔

فرعون اور اس کی قوم کا انجام

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰی بِاٰیٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِیْنٍ ۝ اِلٰی فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاتَّبَعُوْٓا اَمْرَ فِرْعَوْنَ ۚ وَمَآ اَمْرُ فِرْعَوْنَ بِرَشِیْدٍ ۝ یَقْدُمُ قَوْمَهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ فَاَوْرَدَهُمُ النَّارَ ؕ وَبِئْسَ الْوِرْدُ الْمَوْرُوْدُ ۝ وَاُتْبِعُوْا فِیْ هٰذِهٖ لَعْنَةً وَّیَوْمَ الْقِیٰمَةِ ؕ بِئْسَ الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ ۝

''اور ہم نے موسیٰؑ کو اپنی نشانیوں اور واضح سند کے ساتھ بھیجا' فرعون اور اُس کے اَعیانِ سلطنت کی طرف۔ انھوں نے فرعون کے حکم کی پیروی کی' حالانکہ فرعون کا حکم بھلائی پر مبنی نہیں تھا۔ قیامت کے دن وہ اپنی قوم کی قیادت کر رہا ہوگا اور انھیں دوزخ کی طرف لے جائے گا۔ وہ اُترنے کی بہت بُری جگہ ہے۔ ان کے پیچھے اس دنیا اور آخرت میں لعنت کو لگا دیا گیا اور یہ کسی کو ملنے والا کیسا بُرا صلہ ہے''۔

واضح رہے کہ یہ سورہ ہود کا ساتواں قصہ ہے اور یہ اس سورہ کا آخری قصہ ہے۔ یہاں ''آیات'' سے تورات اور شرائع

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

واحکام مراد ہیں اور ''سلطانِ مبین'' سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے معجزات قاہرہ مراد ہیں۔ اور مقصدِ آیت یہ ہے کہ ہم نے موسیٰ کو شرائع' احکام اور شرعی تکالیف دے کر روانہ کیا اور اس کی تائید کے لیے ہم نے غالب آنے والے معجزات عطا کیے۔

علاوہ ازیں بعض مفسرین یہ کہتے ہیں کہ ''سلطان مبین'' سے حضرت موسیٰؑ کا عصا مراد ہے' کیونکہ وہ آپؑ کا مشہور ترین معجزہ تھا اور آیات سے وہ نو آیات مراد ہیں جو خدا نے انھیں عطا کی تھیں اور وہ یہ ہیں: ۱- یدِ بیضاء ۲- طوفان ۳- ٹڈی دل ۴- جوئیں ۵- مینڈک ۶- خون ۷- ثمرات ونفوس کی کمی ۸- بادلوں کا سایہ ۹- دریا کا پھٹ جانا۔

عاجز کردینے والی حجت کو ''سلطان'' کہنے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ مضبوط دلیل دوسرے پر اسی طرح سے غالب آجاتی ہے جس طرح سے کوئی سلطان کسی عام آدمی پر غالب آجاتا ہے۔ (وَمَآ اَمْرُ فِرْعَوْنَ بِرَشِيْدٍ) ''فرعون کا حکم بھلائی پر مبنی نہیں تھا''۔

فرعون رشد و ہدایت سے کوسوں دُور تھا' کیونکہ وہ بدبخت دہریہ افراد کے نظریہ کا حامل تھا اور وہ کسی خالق اور معاد کا قائل نہیں تھا۔ اور وہ یہ کہتا تھا کہ کائنات کا کوئی معبود نہیں ہے۔ ہر علاقہ کے لوگوں کو چاہیے کہ وہ اپنے سلطان کی اطاعت کریں۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ قیامت کے دن وہ اپنی قوم کی قیادت کرتا ہوا آئے گا اور وہ انھیں دوزخ کی طرف لے جائے گا۔ مقصد یہ ہے کہ جس طرح سے فرعون دنیا میں اپنی قوم کا قائد تھا اسی طرح سے آخرت کے دن بھی اپنی قوم کا وہ قائد ہوگا' البتہ یہ علیحدہ بات ہے کہ اس کی قیادت نے قوم کو بربادی کے سوا کچھ نہیں دیا۔ جب اس نے دنیا میں اپنی قوم کی قیادت کی تھی تو انھیں سمندر میں غرق کرا کے دم لیا تھا اور جب وہ آخرت میں قوم کی قیادت کرے گا تو وہ انھیں دوزخ میں لے جائے گا۔

وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهٖ لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ بِئْسَ الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ ۝ ''اس دنیا اور روزِ قیامت میں ان کے پیچھے لعنت کو لگا دیا گیا اور یہ کسی کو ملنے والا کیسا بُرا صلہ ہے''۔

مقصدِ آیت یہ ہے کہ خدا اور اس کے فرشتے اور انبیاء اور ان کی اُمتیں دنیا و آخرت میں فرعون اور آلِ فرعون پر لعنت کرتے رہیں گے۔

خدا کسی پر ظلم نہیں کرتا

ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَاۗءِ الْقُرٰى نَقُصُّهٗ عَلَيْكَ مِنْهَا قَاۗىِٕمٌ وَّحَصِيْدٌ ۝ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ ظَلَمُوْٓا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

نَفْسَهٗ فَمَآ اَغْنَتْ عَنْهُمْ اٰلِهَتُهُمُ الَّتِیْ یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ لَّمَّا جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ؕ وَمَا زَادُوْهُمْ غَیْرَ تَتْبِیْبٍ ۝

''یہ چند بستیوں کی سرگزشت ہے، جو ہم آپ سے بیان کر رہے ہیں۔ ان میں سے کچھ ابھی کھڑی ہیں اور کچھ کی فصل کٹ چکی ہے۔ ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا۔ انھوں نے اپنے آپ پر خود ہی ظلم کیا تھا۔ جب تیرے رب کا حکم آ گیا تو ان کے وہ معبُودان کے کچھ کام نہ آئے، جنھیں وہ خدا کو چھوڑ کر پکارا کرتے تھے اور انھوں نے ہلاکت و بربادی کے سوا ان میں کچھ اضافہ نہ کیا''۔

اس سورۂ مبارکہ میں اللہ تعالیٰ نے سات انبیاء اور ان کی اقوام کی داستان بیان کی ہے اور پھر فرمایا ہے کہ یہ ظالم بستیوں کی سرگزشت ہے، جن پر ہم نے ظلم نہیں کیا تھا۔ انھوں نے خود ہی اپنے اُوپر ظلم کیا تھا اور جب ہمارا عذاب نازل ہوا تو ان کے خودساختہ معبُودان کی کوئی مدد نہ کر سکے تھے۔

سابقہ اقوام وملل کے قصص بیان کرنے میں کچھ حکمتیں ہیں:

۱- خالص عقلی دلیل انسانِ کامل کے لیے مفید ہوتی ہے، عام افراد کے لیے چنداں فائدہ مند نہیں ہوتی۔ دلائل بیان کرنے کے بعد اگر استشہاد کے لیے اس سے متعلقہ واقعات وقصص بیان کیے جائیں تو بات میں اثر پیدا ہوتا ہے۔

۲- قرآنی قصے صرف داستان سرائی تک محدود نہیں ہیں۔ ان میں انبیاء اور ان کی اُمتوں کی گفتگو کی تفصیل بھی موجود ہے اور کفار کے تمام اعتراضات کے شافی جواب بھی بیان کیے گئے ہیں اسی لیے قرآنی قصے شکوک وشبہات کا ازالہ کرتے ہیں اور اہلِ دل کو نصیحت فراہم کرتے ہیں۔

جن بستیوں پر خدا کا عذاب آیا ان میں سے کچھ ایسی ہیں جن کے نشان دنیا میں باقی ہیں اور وہ آنے والی نسلوں کے لیے باعثِ عبرت بن چکی ہیں جب کہ بعض معذب بستیاں ایسی بھی ہیں جن کا نام ونشان تک دنیا سے مٹ چکا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے تمام عذاب یافتہ اقوام کے متعلق ارشاد فرمایا ہے: وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ''ہم نے ان پر کوئی ظلم نہیں کیا۔ انھوں نے کفر کی روش اپنا کر اپنے آپ پر ظلم کیا تھا۔ ہمارا کوئی فیصلہ ظلم پر مبنی نہیں ہوتا۔ ہمارا ہر فیصلہ عدل و انصاف کا عکاس ہوتا ہے۔

فَمَآ اَغْنَتْ عَنْهُمْ اٰلِهَتُهُمُ الَّتِیْ یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ لَّمَّا جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ؕ وَمَا زَادُوْهُمْ غَیْرَ تَتْبِیْبٍ ۝ ''جب عذاب آیا تو خدا کو چھوڑ کر وہ لوگ جن معبُودوں کی عبادت کرتے تھے ان معبُودوں نے انھیں کچھ بھی فائدہ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

پہنچایا اور ہلاکت و بربادی کے سوا ان میں کچھ اضافہ نہ کیا"۔

کفار یہ عقیدہ رکھتے تھے کہ یہ بت ان کو فائدہ پہنچاتے ہیں اور ان سے مشکلات اور تکالیف کو ہٹاتے ہیں' لیکن جب خدا کی گرفت شروع ہوئی تو ان کے معبودوں نے انھیں کوئی فائدہ نہ دیا اور نہ ہی ان کی کسی مشکل کو ان سے ہٹایا' بلکہ ان کے وہ معبود دنیا و آخرت کے خسارے کا سبب ثابت ہوئے۔

روزِ آخرت

ذٰلِكَ يَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ لَّهُ النَّاسُ وَذٰلِكَ يَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ ۝

"اس دن سب لوگ جمع کیے جائیں گے اور وہ حاضری کا دن ہوگا"۔

روزِ آخرت کے اللہ نے دو اوصاف بیان کیے ہیں: ۱- اس دن تمام لوگ جمع کیے جائیں گے۔ ۲- اس دن تمام لوگ بارگاہِ احدیت میں حاضری دیں گے۔

وَمَا نُؤَخِّرُهٗٓ اِلَّا لِاَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ ۝ "اور ہم اس دن کے لانے میں گنی ہوئی مدت کی ہی تاخیر کر رہے ہیں"۔ خدا کی طرف سے ایام دنیا کی گنتی مقرر ہو چکی ہے اور جو بھی دن گزرتا ہے اس کے گزرنے کے ساتھ قیامت قریب ہو رہی ہے اور جو چیز شمار میں آجائے وہ آہستہ آہستہ ختم ہو ہی جاتی ہے۔

قیامت کے دن حکمِ خدا کے بغیر کوئی بول نہ سکے گا

يَوْمَ يَاْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَّسَعِيْدٌ ۝

"جب وہ دن آئے گا تو خدا کی اجازت کے بغیر کسی کو بات کرنے کی مجال نہ ہوگی اس دن کچھ افراد بدبخت ہوں گے اور کچھ نیک بخت ہوں گے"۔

اگر اس مقام پر یہ اعتراض کیا جائے کہ قیامت کے دن بندوں کی گفتگو کے متعلق قرآنی آیات میں تضاد پایا جاتا ہے' مثلاً ایک مقام پر خدا نے فرمایا:

يَوْمَ تَاْتِيْ كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ نَّفْسِهَا (النحل:۱۱۱)

"اس دن ہر متنفس اپنی ذات کا دفاع کر رہا ہوگا"۔

ایک اور مقام پر اللہ نے فرمایا کہ لوگ قیامت کے دن جھوٹی قسمیں کھا کر کہیں گے: وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

مشرکین ○ (الانعام:۲۳) ''ہمیں اپنے رب اللہ کی قسم ہم مشرک نہیں تھے''۔

ایک اور مقام پر ارشاد قدرت ہے: وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَسْئُوْلُوْنَ ○ (الصافات:۲۴) ''اور انھیں ٹھہراؤ ان سے سوال کیا جاتا ہے''۔ ایک اور مقام پر ارشاد خداوندی ہے: هٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَ ○ وَلَا يُؤْذَنُ لَهُمْ فَيَعْتَذِرُوْنَ ○ (المرسلات: ۳۵-۳۶) ''یہ وہ دن ہے جس میں وہ کچھ نہ بولیں گے اور نہ انھیں موقع دیا جائے گا کہ وہ کوئی عذر پیش کرسکیں''۔ ایک اور مقام پر ارشاد خداوندی ہے: اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ○ (یٰسین: ۶۵) ''آج ہم ان کے منہ پر مہر لگا دیں گے ان کے ہاتھ ہم سے کلام کریں گے اور ان کے افعال کے متعلق خود ان کے پاؤں گواہی دیں گے''۔

اس سوال کا جواب یہ ہے کہ قرآن کی آیات میں کوئی تضاد نہیں ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ وہ انتہائی طویل دن ہوگا۔ اس میں بہت سے مؤقف ہوں گے۔ کچھ مواقف پر وہ اپنا دفاع کریں گے۔ کچھ مواقف پر کلام بند کردیا جائے گا۔ کچھ مواقف پر انھیں بولنے کی اجازت دی جائے گی اور کچھ مواقف ایسے بھی ہوں گے جب ان کی زبانوں پر مہریں لگا دی جائیں گی اور ان کے ہاتھ پاؤں گواہی دیں گے۔

بد بخت اور نیک بخت

فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَّسَعِيْدٌ ○ ''ان میں کچھ بد بخت ہوں گے اور کچھ نیک بخت ہوں گے''۔

آیتِ مجیدہ سے محسوس ہوتا ہے کہ قیامت کے دن لوگوں کی دو ہی قسمیں ہوں گی: ایک قسم بد بخت اور دوسری قسم نیک بخت افراد پر مشتمل ہوگی۔

اب سوال یہ ہے کہ چھوٹے بچے اور پاگل افراد کس گروہ میں شامل ہوں گے؟ اس کا ایک جواب تو یہ ہے کہ مذکورہ دو اقسام ان لوگوں کی ہیں جنھوں نے حساب دینا ہے جب کہ بچے اور بے عقل افراد کا حساب نہیں ہے۔ (اضافۃ من المترجم نقلاً عن کتب التفسیر)

اولادِ مشرکین کے لیے حسب ذیل روایت ملاحظہ فرمائیں:

کتاب التوحید میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آزاد کردہ غلام عبداللہ بن سلام سے منقول ہے کہ میں نے آنحضرتؐ سے عرض کیا: کیا اللہ اپنی مخلوق کو کسی دلیل و برہان کے بغیر عذاب دیتا ہے؟

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

آپؑ نے فرمایا: خدا کی پناہ (ایسا نہیں ہوسکتا)۔ میں نے عرض کیا: یہ بتایئے کہ مشرکین کے چھوٹے بچے جو عالمِ طفلی میں مرجاتے ہیں وہ جنت میں جائیں گے یا دوزخ میں؟

آنحضرتؑ نے فرمایا: جب قیامت کا دن ہوگا تو تمام مخلوق بارگاہِ خداوندی میں حساب کے لیے پیش ہوگی اور مشرکین کی اولاد بھی اس میں شامل ہوگی۔ اللہ تعالیٰ ان سے فرمائے گا: اے میرے بندو اور میری کنیزو! تمھارا رب کون ہے؟ اور تمھارا دین کیا ہے اور تمھارے اعمال کیسے ہیں؟

اس وقت وہ عرض کریں گے: پروردگار! تو نے ہمیں پیدا کیا اور پھر ہمیں مار دیا تھا' ہمارے پاس بولنے والی زبان نہ تھی اور سننے والے کان نہیں تھے۔ ہم نے نہ تو کوئی کتاب پڑھی تھی اور نہ ہی ہمیں کسی رسول کی پیروی کا موقع ملا تھا۔ ہمیں تو کچھ علم نہیں ہے سوائے اس کے جو تو نے ہمیں عطا کیا ہے۔

اس وقت ندائے قدرت بلند ہوگی: اے میرے بندو اور میری کنیزو! اگر میں تمھیں کوئی حکم دوں تو کیا تم اس پر عمل کرو گے؟ وہ عرض کریں گے: جی ہاں' پروردگار! ہم اس پر ضرور عمل کریں گے۔

اس وقت خدا کے حکم سے دوزخ کے درمیان سے "فلق" نامی آگ برآمد ہوگی' جو کہ انتہائی سیاہ ہوگی اور ملائکہ اسے زنجیروں سے جکڑے ہوئے ہوں گے۔ وہ آگ سانس لے گی اور اس کے سانس کی تپش سے آسمان گر پڑے گا' ستارے بے نور ہوجائیں گے اور سمندر منجمد ہوجائیں گے اور حاملہ جانوروں کے حمل گر پڑیں گے اور اس کی دہشت سے بچے بوڑھے ہوں گے۔ اس وقت اللہ تعالیٰ اولادِ مشرکین سے کہے گا کہ تم اس میں چلے جاؤ۔ ان میں سے جو علمِ الٰہی کے تحت سعادت مند ہوں گے وہ بے خطر آگ میں کود پڑیں گے۔ آگ ان کے لیے حضرت ابراہیمؑ کی طرح سے ٹھنڈک اور سلامتی بن جائے گی اور جو خدا کے علم کے تحت بدبخت ہوں گے وہ اس آگ میں جانے سے انکار کردیں گے۔ دوزخ کی آگ انھیں عرصۂ محشر سے اُٹھالے گی اور وہ اپنے آباء واجداد کے ساتھ دوزخ میں چلے جائیں گے اور اسی بات کو اللہ تعالیٰ نے یوں بیان کیا ہے:

فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَّسَعِيْدٌ ۝ فَاَمَّا الَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِي النَّارِ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّشَهِيْقٌ ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ۝ وَاَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا فَفِي الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ عَطَآءً غَيْرَ مَجْذُوْذٍ ۝

محمد بن ابی عمیر کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ رسولؐ خدا کے اس فرمان الشقی

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

من شقی فی بطن امه والسعید من سعد فی بطن اُمه (بد بخت وہ ہے جو شکمِ مادر میں بد بخت ہو اور خوش بخت وہ ہے جو شکمِ مادر میں خوش بخت ہو) کے متعلق پوچھا تو امام علیہ السلام نے ارشاد فرمایا: حدیث کا مقصد یہ ہے کہ اللہ شکمِ مادر میں موجود ہر جنین کے متعلق جانتا ہے کہ اس نے بڑا ہو کر خوش نصیب بننا ہے یا بدنصیب بننا ہے۔ یعنی اس نے زمین پر آنے کے بعد اشقیاء کے عمل کرنے ہیں یا سعادت مندوں کے اعمال بجالانے ہیں۔

اصولِ کافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: اللہ نے مخلوق پیدا کرنے سے قبل خوش نصیبی اور بدنصیبی کو پیدا کیا جسے خدا نے خوش نصیب بنا کر بھیجا ہے تو کسی سے کبھی بُغض نہ رکھے گا اور اگر وہ کوئی بُرا کام بھی کرے گا تو اُس بُرے کام سے نفرت کرے گا' لیکن کام کرنے والے سے کبھی نفرت نہ کرے گا اور جس کو شقی بنا کر پیدا کیا ہے تو اس سے کبھی محبت نہیں کرے گا۔ اگر وہ کوئی نیک عمل کرے گا تو اس کے عمل سے محبت کرے گا' لیکن عمل کرنے والے سے پھر بھی نفرت کرے گا۔ جب اللہ کسی سے محبت کرتا ہے تو کبھی اس سے نفرت نہیں کرتا اور جب کسی سے بُغض رکھتا ہے تو اس سے کبھی محبت نہیں کرتا۔

شعیب عقرقوقی بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ ایک شخص آیا اور اس نے آپؑ سے کہا: فرزندِ رسولؐ! میں آپؑ پر قربان جاؤں' یہ بتائیں کہ اہلِ معصیت کو بدبختی کہاں سے لاحق ہوئی کہ اللہ نے اپنے علم میں ان کے اعمال پر عذاب دینے کا فیصلہ کرلیا؟

آپؑ نے فرمایا: سوال کرنے والے! خدا کے فیصلہ پر کسی کو اعتراض کرنے کا حق نہیں ہے۔ جب اللہ نے بعض لوگوں کی سعادت کا فیصلہ کیا تو اس نے اپنے اہلِ محبت کو اپنی معرفت کی قوت عطا فرمائی اور نیک اعمال کرنے میں جو گرانی محسوس ہوتی ہے اس نے ان سے وہ گرانی دُور کر دی اور اہلِ معصیت کو معصیت کی قوت عطا کی اور ان سے قبولیت کی طاقت روک دی۔ اسی لیے انھوں نے وہی اعمال و افعال کیے جو پہلے سے خدا کے علم میں گزر چکے تھے اور وہ ان اعمال سے دُور رہے' جو ان کو عذاب سے نجات دلا سکتے تھے' کیونکہ اس کا علم حقیقتِ تصدیق کے زیادہ لائق ہے اور یہ شآء ماشآء وھو سرہ (اس نے چاہا جو چاہا اور وہ اس کا راز ہے) کا مفہوم ہے۔

وضاحت: اس حدیث کا سمجھنا کافی دشوار ہے۔ استاد طباطبائی اعلی اللہ مقامہ نے الکافی کی جلد اوّل' ص ۱۵۳ پر اس کی بڑی وضاحت کی ہے۔ شائقین اس مقام کی طرف رجوع فرمائیں۔ (اضافۃ من المحشی والمترجم)

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا: بعض اوقات ایک خوش نصیب فرد بدنصیب افراد کے راستے پر

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

چلتا ہے۔ لوگ یہ کہتے ہیں کہ یہ تو بد بخت افراد کے مشابہ ہے' بلکہ یہ ان کا ہی ایک فرد ہے۔ پھر قدرت کی طرف سے سعادت و خوش بختی اسے حاصل ہو جاتی ہے اور بعض اوقات ایک بد بخت شخص خوش نصیب افراد کے راستے پر چلتا ہے۔ اس کے طرزِ عمل کو دیکھ کر لوگ یہ کہتے ہیں کہ یہ شخص خوش نصیب افراد کے کتنا ہی مشابہ ہے' بلکہ یہ تو ان کی جماعت کا ہی ایک فرد ہے۔ پھر اچانک اس کی بد بختی اسے اپنی لپیٹ میں لے لیتی ہے جسے خدا نے خوش نصیب لکھا ہوا ہو۔ اگر اس کی تمام عمر بھی بد بختی کے راستے میں بسر ہوئی اور اس کی عمر ختم ہونے میں اتنا وقفہ ہو جس میں اُونٹنی کو دوہا جا سکتا ہو تو بھی اس کا انجام سعادت اور خوش نصیبی ہوگا۔

کتاب التوحید میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ اللہ اپنے بندے کو شقاوت سے نکال کر سعادت پر لے آتا ہے' مگر کسی کو سعادت سے شقاوت کی طرف منتقل نہیں کرتا۔

کتاب علل الشرائع میں امیر المومنین علی علیہ السلام سے منقول ایک روایت کا ایک حصّہ یہ ہے کہ آپؑ نے فرمایا: رحمِ مادر میں نطفہ چالیس دن تک نطفہ کی ہی شکل میں رہتا ہے۔ جس کسی نے بیٹے بیٹی کے لیے دعا مانگنا ہو تو وہ انعقادِ نطفہ کے ابتدائی چالیس دنوں میں ہی دعا مانگے۔ اس کے بعد اللہ اس فرشتے کو بھیجتا ہے جو ارحام پر موکل ہے وہ اسے خدا کے حضور لے جاتا ہے جب تک خدا چاہتا ہے وہ کھڑا رہتا ہے۔ پھر وہ کہتا ہے: خدایا! اسے نر بنانا ہے یا مادہ؟ اللہ جو چاہتا ہے اسے اس کا حکم دیتا ہے۔ حکمِ خداوندی کو فرشتہ لکھ لیتا ہے اس کے بعد وہ عرض کرتا ہے کہ خدایا! یہ شقی ہے یا سعید؟ اللہ جو چاہتا ہے اس کی طرف وحی کر دیتا ہے اور فرشتہ اسے لکھ لیتا ہے۔

کتاب معانی الاخبار میں مرقوم ہے کہ امیر المومنین علی علیہ السلام سے کہا گیا کہ آپؑ موت کی حقیقت بیان فرمائیں؟ آپؑ نے فرمایا: موت تین میں سے ایک حالت کی مظہر ضرور ہوتی ہے۔ موت یا تو ابدی نعمات کی بشارت لے کر آتی ہے یا پھر ابدی عذاب کا پیغام لے کر آتی ہے یا پھر خوف اور مبہم حالت لے کر وارد ہوتی ہے اور مرنے والے کے انجام کے متعلق کوئی علم نہیں ہوتا کہ اس کا تعلق دو فریقوں میں سے کس کے ساتھ ہے۔

ہمارے دوست اور ہمارے احکام کی اطاعت کرنے والے کے لیے موت ابدی نعمات کا پیغام لے کر آتی ہے۔ اور ہمارے دشمن اور مخالف کے لیے ابدی عذاب کا پیغام لے کر آتی ہے۔ اور وہ شخص جس کی حالت مبہم ہوتی ہے تو یہ اس مومن کی حالت ہے جو اپنے نفس پر تجاوز کرنے والا ہوتا ہے۔ اس کے لیے موت مبہم اور غمگین کیفیت لے کر آتی ہے' لیکن یاد رکھو ہمارے اس گناہ گار دوست سے اللہ ہمارے دشمنوں جیسا سلوک نہیں کرتا۔ خدا ہماری شفاعت کی وجہ سے اسے دوزخ سے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

نکالے گا۔ لہٰذا تم عمل کرو اور اطاعت کرو اور خدائی سزا کو حقیر نہ سمجھو۔ کچھ ایسے اِسراف کرنے والے بھی ہوں گے کہ تین لاکھ سال عذاب سہنے کے بعد انھیں ہماری شفاعت نصیب ہوگی۔

کتاب الخصال میں حضرت علی علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: سعادت کی حقیقت یہ ہے کہ کسی کا انجام خوش نصیبی پر منتج ہو اور شقاوت کی حقیقت بھی یہی ہے کہ کسی کا انجام بدبختی پر منتج ہو۔

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آنکھوں کا خشک ہونا' دل کی سختی' طلبِ رزق کی شدید حرص اور گناہوں پر اصرار کا تعلق بدنصیبی کی علامت سے ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام سے فرمایا: یا علیؑ! چار خصلتوں کا تعلق بدبختی سے ہے۔ (۱) آنکھ کا خشک ہو جانا (۲) دل کی سختی (۳) امیدوں کا پھیلاؤ اور (۴) بقا سے محبت؟

ظالموں کی طرف جھکنا حرام ہے

وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ

''اور ظالموں کی طرف کبھی نہ جھکنا' ورنہ تم لوگ بھی دوزخ کی لپیٹ میں آ جاؤ گے''۔

مجمع البیان اور تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ جھکاؤ سے ان سے محبت رکھنا اور ان کی خیر خواہی کرنا اور ان کی اطاعت کرنا مراد ہے۔

الکافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو کسی ظالم کی بقا کے لیے اتنی دیر کی خواہش کرے کہ وہ اپنا ہاتھ جیب میں ڈال کر اسے کچھ سکے پکڑائے تو عملی طور پر وہ ظالموں کی طرف جھکاؤ کے جرم میں شریک ہے۔

روضہ کافی میں حضرت امام زین العابدین علیہ السلام سے یہ الفاظ منقول ہے کہ دنیا کی طرف جھکاؤ نہ رکھو' کیونکہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں سے کہا ہے کہ ظالموں کی طرف کبھی جھکاؤ نہ رکھنا' ورنہ تم بھی دوزخ کی لپیٹ میں آ جاؤ گے۔

کتاب الخصال میں مرقوم ہے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امیر المومنین علی علیہ السلام سے فرمایا: ظالم کی طرف جھکاؤ نہ رکھنا' اگرچہ وہ تمھارا قریبی دوست ہی کیوں نہ ہو۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: ظالم کی طرف جھکاؤ سے انسان ابدی دوزخ کا حق دار نہیں بنتا' البتہ اسے دوزخ مَس ضرور کرے گی' اس لیے ظالموں کی طرف جھکاؤ نہ رکھو۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

نیکیاں برائیوں کو کھا جاتی ہیں

وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ ؕ اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ؕ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ ۝

''اور دن کے دونوں سروں پر نماز قائم کرو اور کچھ رات گزرنے پر۔ یقیناً نیکیاں برائیوں کو دُور کر دیتی ہیں۔ یہ خدا کو یاد رکھنے والوں کے لیے یاد دہانی ہے''۔

تہذیب الاحکام میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: دن کے دو حصوں سے مغرب اور صبح کی نماز مراد ہے اور ''زلفا من اللیل'' سے نمازِ عشاء مراد ہے۔

الکافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: مومن جب رات کے وقت نماز پڑھتا ہے تو اس سے اس کے دن کے گناہ مٹ جاتے ہیں۔

اصولِ کافی میں مرقوم ہے کہ حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی بندہ نیکی کا ارادہ کر کے اس پر عمل کرتا ہے تو اس کے نامۂ اعمال میں پوری نیکی کا ثواب لکھا جاتا ہے اور اس کے نامۂ اعمال میں دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور اگر کوئی شخص نیکی کی نیت کے بعد نیکی نہ بجالا سکے تو اس کی سچی نیت کی وجہ سے اس کے نامۂ اعمال میں ایک نیکی لکھی جاتی ہے۔

اور جب کوئی شخص برائی کا ارادہ کرتا ہے اور کسی وجہ سے برائی نہیں کرتا تو اس کے نامۂ اعمال میں کوئی گناہ نہیں لکھا جاتا اور اگر وہ برائی کر لے تو پھر بھی خدا کی طرف سے اسے سات گھنٹے کی مہلت دی جاتی ہے۔ دائیں طرف والا فرشتہ جو کہ نیکیاں لکھتا ہے وہ بائیں طرف والے فرشتے سے جو کہ برائیاں لکھتا ہے یہ کہتا ہے کہ جلدی نہ کرو عین ممکن ہے کہ یہ شخص اس برائی کے بعد کوئی ایسی بھلائی کرے جو اس برائی کو مٹا دے' کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ؕ ''یقیناً نیکیاں برائیوں کو مٹا دیتی ہیں''۔

پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر گناہ کرنے کے بعد بندہ ان الفاظ سے استغفار کرے تو اس کی برائی نہیں لکھی جاتی۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزَ الْحَكِيْمَ اَلْغَفُوْرَ الرَّحِيْمَ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ۔ ''اگر گناہ کے بعد سات گھنٹے گزر جائیں اور انسان اس دوران کوئی نیکی نہ کرے اور استغفار نہ کرے تو پھر نیکی لکھنے والا فرشتہ برائی لکھنے والے فرشتے سے کہتا ہے اب اس محروم بدبخت کی برائی لکھ لو''۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

مجمع البیان میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: غلطی اور خطا انسان کے انجام کے لیے انتہائی نقصان دہ اور شرمندگی کا سبب ہے اور غلطی کی تلافی کے لیے نیکی سے بڑھ کر اور کوئی چیز نہیں ہے۔ نیکی انسان کی ایسی پرانی غلطیوں کی بھی تلافی کر دیتی ہے جو نامۂ اعمال میں ثبت ہو چکی ہوتی ہیں' کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: اِنَّ الْحَسَنٰتِ یُذْهِبْنَ السَّیِّاٰتِ ؕ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِیْنَ ۚ ''نیکیاں برائیوں کو دُور کر دیتی ہیں۔ یہ خدا کو یاد رکھنے والوں کے لیے یاد دہانی ہے''۔

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: میں نے اپنے حبیب حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا' آپؐ نے فرمایا: وَ اَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَیِ النَّهَارِ وَ زُلَفًا مِّنَ الَّیْلِ ؕ اِنَّ الْحَسَنٰتِ یُذْهِبْنَ السَّیِّاٰتِ ؕ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِیْنَ ۚ کی آیت مجیدہ پورے قرآن مجید کی آیات میں سے زیادہ امید دلانے والی ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے فرمایا تھا: یاعلیؑ! مجھے اس ذات کی قسم جس نے مجھے حق کے ساتھ بشیر و نذیر بنا کر بھیجا ہے جب تم میں سے کوئی شخص وضو کرتا ہے تو اس کے اعضاء کے گناہ جھڑ جاتے ہیں اور جب وہ اپنے چہرے اور دل کو خدا کے حضور (نماز میں) لے جاتا ہے تو جیسے ہی وہ نماز سے فارغ ہوتا ہے تو اس کے گناہ ختم ہو چکے ہوتے ہیں اور وہ گناہوں سے یوں پاک ہو جاتا ہے جیسا ابھی شکمِ مادر سے پیدا ہوا ہو۔

اگر دو نمازوں کے درمیان گناہ کرتا ہے تو بعد والی نماز اس کے گناہوں کو ختم کر دیتی ہے۔ پھر آپؐ نے مجھ سے فرمایا: یاعلیؑ! نمازِ پنجگانہ کی مثال اس نہر کی سی ہے جو کسی کے دروازے پر بہہ رہی ہو' وہ شخص روزانہ اس نہر میں پانچ مرتبہ غسل کرے تو کیا اس کے بدن پر بھی کوئی میل کچیل باقی رہے گی؟ میری اُمت کے لیے نماز پنجگانہ بھی اسی طرح ہے۔

شیخ الطائفہ امالی میں رقم طراز ہیں کہ امیر المومنین علی علیہ السلام نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ہر نیکی کی وجہ سے ایک نہ ایک برائی ختم کر دیتا ہے' کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: اِنَّ الْحَسَنٰتِ یُذْهِبْنَ السَّیِّاٰتِ ''نیکیاں برائیوں کو دُور کر دیتی ہیں''۔

کتاب ثواب الاعمال میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: لوگوں کی باتوں سے دھوکے میں مبتلا نہ ہو جانا۔ تمہارے فرائض تم سے ہی مخصوص ہیں اور اپنا دن اِدھر اُدھر کی باتوں میں ضائع نہ کرنا' کیونکہ فرشتے تمہاری تمام باتیں لکھ رہے ہیں۔ میں نے نیکی سے بڑھ کر اور کسی چیز کو نہیں دیکھا جو پرانے گناہ کو مٹا دینے والی ہو۔ نیکی کو کبھی بھی حقیر نہ سمجھا۔ نیکی تجھے اس مقام پر ضرور دکھائی دے گی جہاں اسے دیکھ کر تجھے خوشی محسوس ہوگی اور برائی کو کبھی حقیر نہ سمجھنا' کیونکہ برائی بھی تمہیں وہاں دکھائی دے گی جہاں تجھے انتہائی پریشانی ہوگی۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: اِنَّ الْحَسَنٰتِ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ''نیکیاں برائیوں کو دُور کر دیتی ہیں''۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب مومن نمازِ شب پڑھتا ہے تو اس سے اس کے دن کے گناہ زائل ہو جاتے ہیں۔

سماعہ بن مہران کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا۔ ایک حکومتی عہدیدار اپنی ناجائز کمائی سے صدقہ دیتا ہے اور رشتہ داری کی مدد کرتا ہے اور حج کرتا ہے اور یہ کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ''نیکیاں برائیوں کو دُور کر دیتی ہیں''۔

یہ سن کر امام علیہ السلام نے فرمایا: برائی' برائی کو ختم نہیں کرتی۔ برائی کو ہمیشہ نیکی سے ہی دُور کیا جا سکتا ہے۔ ہاں البتہ اگر اس کے مالِ حلال کی مالِ حرام سے آمیزش ہو گئی ہو اور یہ علم نہ ہو کہ حلال کتنا ہے اور حرام کتنا ہے تو پھر کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

اللہ کسی صالح معاشرہ کو تباہ نہیں کرتا

وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا مُصْلِحُوْنَ ﴿۱۱۷﴾

''تیرے رب کا یہ دستور نہیں ہے کہ وہ بستیوں کو ناحق ہلاک کر دے جب کہ ان کے باشندے اصلاح کرنے والوں میں ہوں''۔

مجمع البیان میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آپؐ نے فرمایا: جس معاشرے میں عدل و انصاف ہو تو اللہ اس معاشرے کو کبھی برباد نہیں کرتا۔

لوگوں میں ہمیشہ اختلاف قائم رہے گا

وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ ؕ وَلِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ ؕ

''اگر تیرا رب چاہتا تو تمام لوگوں کو ایک گروہ بنا سکتا تھا' مگر وہ ہمیشہ اختلاف کرتے رہیں گے۔ اس بے راہ روی سے صرف وہی لوگ محفوظ رہیں گے جن پر تیرے رب نے رحم کیا ہو اور اسی لیے تو خدا نے انھیں پیدا کیا ہے''۔

کتاب علل الشرائع میں مرقوم ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے درج بالا آیت کے متعلق سوال کیا گیا تو

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

آپؑ نے فرمایا: لوگ اُمت واحدہ تھے اللہ نے اتمامِ حجت کے لیے انبیاء بھیجے۔

اصولِ کافی میں ابی عبیدۃ الحذاء سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے ''استطاعت'' اور لوگوں کے مختلف اقوال کے متعلق عرض کیا تو آپؑ نے وَلَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ ۚ وَلِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ کی آیت تلاوت کی اور مجھ سے فرمایا: ابوعبیدہ! لوگوں کا اصابتِ قول میں اختلاف ہے اور وہ سب کے سب ہلاک ہونے والے ہیں۔

میں نے کہا: اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ سے کون لوگ مراد ہیں؟

آپؑ نے فرمایا: اس سے ہمارے شیعہ مراد ہیں۔ اللہ نے انھیں اپنی رحمت کے لیے پیدا کیا ہے اور اللہ نے اپنی وسعتِ رحمت کے متعلق فرمایا: ورحمة وسعت كل شئی ''کہ میری رحمت ہر چیز پر وسیع ہے''۔

جس طرح سے خدا کی رحمت ہر چیز سے وسیع ہے اسی طرح سے امام کا علم بھی لوگوں کے علم پر محیط ہے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: وَلَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ ۚ وَلِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ کا مفہوم یہ ہے کہ لوگ دین میں اختلاف کرتے رہیں البتہ وہ لوگ اس سے مستثنیٰ ہیں جن پر اللہ نے رحمت کی ہے اور جنھیں رحمت کے لیے پیدا کیا ہے۔ اس سے آلِ محمدؐ اور ان کے پیروکار مراد ہیں۔ اللہ نے انھیں اپنی رحمت کے لیے پیدا کیا ہے اور وہ دین میں اختلاف نہیں کرتے۔

کتاب التوحید میں ابوبصیر سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے وَلَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ ۚ وَلِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ کی آیت مجیدہ کے متعلق پوچھا تو آپؑ نے فرمایا: اللہ نے انسانوں کو اس لیے پیدا کیا ہے کہ وہ ایسے افعال بجالائیں جس سے وہ رحمت الٰہی کے حق دار بن سکیں اور خدا ان پر رحم کرے۔

تفسیر عیاشی میں مرقوم ہے کہ ایک شخص نے حضرت امام زین العابدین علیہ السلام سے وَلَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ کی آیت مجیدہ کے متعلق پوچھا تو آپؑ نے فرمایا: اس سے ہمارے مخالف مراد ہیں، جو دین کے احکام میں ایک دوسرے سے اختلاف کرتے رہتے ہیں اور اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ سے ہمارے پیروکار اہلِ ایمان مراد ہیں۔ اللہ نے انھیں پاکیزہ طینت سے پیدا کیا ہے۔ کیا تم نے ابراہیم علیہ السلام کی یہ دعا نہیں پڑھی:

رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ مَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ بِاللّٰهِ (البقرہ:۱۲۶)

''پروردگار! اس شہر کو امن کا شہر بنا اور اس میں رہنے والوں سے جو اللہ پر ایمان لائے اسے پھلوں کا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

رزق عطا فرما''۔

اس دعا کا ثمر ہم اور ہمارے شیعہ ہیں۔ اللہ نے فرمایا:

وَمَنْ كَفَرَ فَأُمَتِّعُهُ قَلِيلًا ثُمَّ أَضْطَرُّهُ إِلَىٰ عَذَابِ النَّارِ (البقرہ:۱۲۶)

''اور جو کوئی انکار کرے گا تو میں اسے چند دن فائدہ دوں گا پھر میں اسے دوزخ کے عذاب کے لیے مجبور کر دوں گا''۔

اس سے وہ افراد مراد ہیں جنھوں نے نبی کے وصی کا انکار کیا ہے۔

یعقوب بن سعید کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونِ ﴿۵۶﴾ (الذاریات:۵۶) (میں نے جنات اور انسانوں کو صرف اپنی عبادت کے لیے پیدا کیا ہے) کی آیت مجیدہ کے متعلق پوچھا تو آپؑ نے فرمایا: خدا نے انھیں عبادت کے لیے پیدا کیا ہے۔ اس کے بعد میں نے وَلَا يَزَالُونَ مُخْتَلِفِينَ ﴿۱۱۸﴾ إِلَّا مَن رَّحِمَ رَبُّكَ ۚ وَلِذَٰلِكَ خَلَقَهُمْ کی آیت پڑھی تو آپؑ نے فرمایا: یہ آیت اُس آیت کے بعد نازل ہوئی ہے۔

آئمہ ہدیٰ اور علمِ غیب

وَلِلَّهِ غَيْبُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَإِلَيْهِ يُرْجَعُ الْأَمْرُ كُلُّهُ فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ ۚ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ﴿۱۲۳﴾

''آسمانوں اور زمین کی تمام پوشیدہ باتیں اللہ کے قبضہِ اختیار میں ہیں اور سارا معاملہ اسی کی طرف پلٹایا جائے گا پس تم اسی کی عبادت کرو اور اسی پر بھروسہ کرو اور جو کچھ تم کر رہے ہو تیرا رب اس سے غافل نہیں ہے''۔

علمِ غیب کے متعلق مذہب شیعہ کا عقیدہ یہ ہے کہ علمِ غیب خدا کے پاس ہے اور عالمِ الغیب بھی وہی ہے۔ البتہ اللہ انبیاء و مرسلین کو جتنا چاہتا ہے اتنا علمِ غیب عطا کر دیتا ہے۔ مخلوق میں سے کوئی بھی اللہ کے علم کا احاطہ نہیں کر سکتا۔ اللہ کا علم ذاتی ہے اور ہادیانِ دین کا علم اس کا عطا کردہ ہے۔ اسی لیے ''عالم الغیب'' کی صفت خدا سے مخصوص ہے جب کے ہادیانِ دین ''مطلع علی الغیب'' ہیں۔ (اضافۃ من المترجم)

مجمع البیان میں علامہ طبرسی رقم طراز ہیں: میں نے بعض مشائخ کی تفسیر میں دیکھا' انھوں نے لکھا: وَلِلَّهِ غَيْبُ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کی آیت اس امر پر دلالت کرتی ہے کہ علمِ غیب خدا سے مخصوص ہے جب کہ روافض کا عقیدہ ہے کہ ان کے ائمہ بھی عالم الغیب ہیں۔ قرآن کی یہ آیت ان کے عقیدہ کی نفی کرتی ہے۔

موصوف کی یہ عادت ہے کہ وہ خواہ مخواہ مذہب شیعہ پر اعتراض کرتے ہیں اور ان کی طرف ایسے عقائد کی نسبت دیتے ہیں جن سے ان کا کوئی واسطہ نہیں ہوتا۔ جب کہ کوئی بھی شیعہ مخلوقات میں سے کسی کو بھی عالم الغیب نہیں کہتا، کیونکہ عالم الغیب اس ہستی کو کہا جاتا ہے جو تمام معلومات کا عالم ہے اور اس کا علم کسی سے ماخوذ نہ ہو اور یہ صفت خالقِ کائنات کی ہے۔ اس میں کوئی بھی انسان شریک نہیں ہے۔ ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ جو اس صفت میں کسی کو خدا کا شریک قرار دے تو وہ ملّت اسلام سے خارج ہے۔

البتہ اللہ نے اپنے پیغمبر علیہ الصلاۃ والسلام کو غیب کے بہت سے امور کی اطلاع دی تھی اور حبیب خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضرت علی علیہ السلام کو ان واقعات کی خبر دی تھی اور حضرت علی علیہ السلام نے اپنی اولاد کو ان کی تعلیم دی تھی۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت علی علیہ السلام ان کے بعد ائمہ ہدیٰ نے آنے والے واقعات کی پیشین گوئی فرمائی تھی، جو کہ بعد میں حرف بحرف سچی ثابت ہوئی۔ مثلاً امیر المومنین علی علیہ السلام نے صاحبِ زنج کے فتنہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا:

احنف! گویا میں دیکھ رہا ہوں وہ ایسا لشکر لے کر آیا ہے جس کا نہ تو کوئی غبار ہے اور نہ ہی گھوڑوں کے ٹاپوں اور ان کی ہنہناہٹ کی آواز ہے۔ وہ اپنے شتر مرغ جیسے قدموں سے زمین کو روندرہے ہیں۔

وضاحت: آپؑ نے یہ اشارہ ''صاحب زنج'' کی طرف کیا تھا۔ اس نے ۲۵۵ھ کو فرات بصرہ میں خروج کیا تھا۔ لوگ یہ گمان کرتے ہیں کہ وہ علی بن محمد بن احمد بن عیسیٰ بن زید بن علی زین العابدین بن امام حسین بن علی بن ابی طالبؑ تھا۔

ابن ابی الحدید کہتے ہیں کہ لوگوں کی اکثریت اس کے نسب پر اعتراض کرتی ہے، خصوصاً طالبین اس کے نسب کا انکار کرتے ہیں جب کہ علم الانساب کے ماہرین کا اتفاق ہے کہ اس کا تعلق بنی عبدالقیس سے تھا۔

مسعودی مروج الذہب میں لکھتے ہیں کہ صاحبِ زنج علی بن محمد کے افعال اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ وہ نسلِ ابوطالب کا فرد نہیں تھا۔ جن زنگیوں کی طرف امیر المومنین علی علیہ السلام نے اشارہ کیا تھا وہ بصرہ کے زمین داروں اور ان کی بیٹیوں کے غلام تھے اور سب کے سب کنوارے تھے۔ ان کی کوئی مستقل جمعیت نہیں تھی۔

۲- حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام نے مروان بن الحکم کے مستقبل کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ اسے اتنی دیر کے لیے اقتدار ملے گا جتنی دیر تک کتا پانی چاٹتا ہے (یعنی اس کا دورِ حکومت انتہائی قلیل ہوگا) اور یہ چار بڑے بڑے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

سلاطین کا باپ ہے۔ اُمت کو اس کی اولاد سے سخت مشکل دن اٹھانے پڑیں گے۔

وضاحت: حضرتؐ کی یہ پیشیں گوئی حرف بحرف پوری ہوئی۔ مروان نے نو ماہ تک حکومت کی تھی۔ اس کے بعد اس کا بیٹا عبدالملک بن مروان برسر اقتدار آیا تھا۔ عبدالملک کے بعد اس کے چار بیٹوں ولید' سلیمان' یزید اور ہشام نے یکے بعد دیگرے حکومت کی تھی اور تاریخ میں ان چار بھائیوں کے علاوہ دیگر چار بھائیوں نے کبھی حکومت نہیں کی۔

۳- ایک مرتبہ مدینہ میں اولادِ علیؑ اور اولادِ عباس کا اجتماع ہوا اور اس اجلاس میں یہ طے پایا کہ محمد بن عبداللہ بن حسن کی بیعت کی جائے۔ اس اجلاس میں امام جعفر صادق علیہ السلام بھی موجود تھے۔ آپؑ نے اس کی بیعت کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ جب اس کے والد نے آپؑ سے بیعت کے لیے اصرار کیا تو آپؑ نے اس سے فرمایا:

خدا کی قسم! حکومت نہ تو تجھے ملے گی اور نہ تیرے بیٹے کو ملے گی۔ پھر آپؑ نے وہاں پر موجود بنی عباس کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: حکومت ان لوگوں کو ملے گی اور تیرے دونوں بیٹے مارے جائیں گے۔ یہ کہہ کر آپؑ محفل سے اُٹھ کر باہر چلے گئے۔ آپؑ نے باہر نکلتے وقت عبدالعزیز بن عمران زہری کے ہاتھ کا سہارا لیا ہوا تھا۔ آپؑ نے اس سے کہا: کیا تو نے زرد چادر والے کو دیکھا تھا؟ (اس سے آپؑ نے ابوجعفر منصور کی طرف اشارہ کیا)۔ زہری نے کہا: جی ہاں۔

آپؑ نے فرمایا: ہمیں یہ دکھائی دیتا ہے کہ ابوجعفر منصور اس کو قتل کرے گا۔ امام جعفر صادق علیہ السلام کی یہ پیشین گوئی حرف بحرف سچی ثابت ہوئی۔

۴- حضرت امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا تھا: طوس کی قبر پر خدا کی برکت ہو اور بغداد کی دو قبروں پر خدا کی برکت ہو۔ لوگوں نے کہا: مولاؑ! ہمیں بغداد کی ایک قبر کا تو علم ہے' لیکن طوس کی قبر اور بغداد کی دوسری قبر کا ہمیں علم نہیں ہے۔ اس سے کون سی قبریں مراد ہیں۔

آپؑ نے فرمایا: تمھیں عنقریب معلوم ہو جائے گا۔ آپؑ کی یہ پیشین گوئی حرف بحرف سچی ثابت ہوئی۔ کچھ عرصہ بعد طوس میں آپؑ کی قبر بنی اور تھوڑے عرصہ بعد بغداد میں آپؑ کے فرزند امام محمد تقی علیہ السلام کی قبر بنی۔

۵- ابوحبیب بناجی کا بیان ہے کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے شہر بناج میں تشریف لائے اور آپؐ اس مسجد میں تشریف لائے جہاں ہر سال حجاج قیام کرتے تھے۔ میں عالمِ خواب میں آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہوا' اور آپؐ کو سلام کیا۔ آپؐ کے سامنے ایک تھال تھا جس میں "صیحانی کھجوریں" رکھی ہوئی تھیں۔ آنحضرتؐ نے ایک مٹھی بھر کر مجھے عطا کی۔ میں نے دانے گنے تو اٹھارہ دانے تھے۔ میں نے اپنے ذہن میں اس

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

خواب سے یہ تعبیر لی کہ ہر دانے کے عوض میں ایک سال زندہ رہوں گا اور مجموعی طور پر میں اٹھارہ برس مزید زندہ رہوں گا۔ اس خواب کو بیس دن گزرے تھے اور میں اپنی زمین آباد کر رہا تھا کہ ایک شخص نے مجھے آ کر بتایا کہ امام علی رضا علیہ السلام شہر بناج تشریف لائے ہیں اور آپؑ مسجدِ حجاج میں تشریف فرما ہیں۔

میں وہاں حاضر ہوا تو میں نے دیکھا کہ آپؑ عین اسی جگہ تشریف فرما تھے جہاں میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا تا اور آپؑ کے نیچے اسی طرح کی چٹائی ہے جس طرح کی آنحضرتؐ کے نیچے میں نے دیکھی تھی۔ میں آپؑ کے پاس گیا اور آپؑ کو سلام کیا۔ آپؑ نے مجھے اپنے قریب جگہ دی۔ آپؑ کے سامنے ایک تھال پڑا ہوا تھا جس میں "صیحانی کھجوریں" رکھی ہوئی تھیں۔ آپؑ نے مٹھی بھر کر مجھے کھجوریں دیں۔ میں نے کھجوریں گنیں تو پورے اٹھارہ دانے تھے۔ نہ ایک کم تھا نہ ایک زیادہ تھا۔ میں نے عرض کیا: فرزندِ رسولؐ! کچھ مزید کھجوریں عنایت کریں۔

آپؑ نے فرمایا: اگر میرے جدِ امجد رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تجھے اس سے زیادہ دی ہوتیں تو میں بھی زیادہ دیتا۔

۵- علی بن احمد الوشاء بیان کرتے ہیں کہ میں کوفہ سے "مرو" کی طرف گیا۔ چلتے وقت میری بیٹی نے ایک کپڑا میرے سپرد کیا اور کہا: آپ "مرو" جا رہے ہیں۔ اس کپڑے کو وہاں بیچ کر میرے لیے فیروزہ لیتے آنا۔


الغرض میں "مرو" گیا اور اپنی ضروریات کی اشیاء کی خرید و فروخت کی۔ مجھے میری بیٹی کا کپڑا یاد نہ آیا۔ میں حضرت امام علی رضا علیہ السلام کی زیارت کے لیے گیا اور جب میں آپؑ کی خدمت سے اُٹھنے لگا تو آپؑ نے فرمایا: فلاں بستہ میں وہ کپڑا موجود ہے جو تیری بیٹی نے تیرے سپرد کیا تھا اور کہا تھا کہ اسے بیچ کر وہاں سے میرے لیے فیروزہ لانا۔

جب آپؑ نے یہ فرمایا تو میں نے آپؑ کے ہاتھوں کا بوسہ لیا اور کہا: بے شک آپ امامِ برحق ہیں۔

الغرض ائمہ علیہم السلام کی تاریخ میں اس طرح کی بے شمار مثالیں موجود ہیں، مگر ان تمام روایات کے متعلق ہمارا یہی عقیدہ ہے کہ اللہ نے یہ تمام باتیں اپنے حبیب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو القاء کی تھیں اور آپؐ نے وہ باتیں حضرت علی علیہ السلام کو تعلیم فرمائی تھیں۔ پھر نسل در نسل ائمہ علیہم السلام ایک دوسرے کو تعلیم دیتے رہے تھے۔ لہٰذا ہمارے اس عقیدہ کی موجودگی میں ہم پر یہ الزام نامناسب ہے کہ ہم اپنے آئمہ کو عالم الغیب مانتے ہیں اور یہ خیانت کی بدترین قسم ہے اور یہ جان بوجھ کر لوگوں کو گمراہ کرنے کی سازش ہے۔ خدا ہمارے اور اس کے درمیان فیصلہ کرے گا۔

○○○

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner



سُوْرَةُ يُوْسُف

سورة يوسف مكية وهي مائة واحدى عشرة اية و ر كوعاتها

''سورہ یوسف مکہ میں نازل ہوئی اور اس کی ایک سو گیارہ آیات ہیں

اور اس کے بارہ رکوع ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com

Scanned by CamScanner

سورۂ یوسف کی فضیلت

کتاب ثواب الاعمال میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جو شخص شبانہ روز سورۂ یوسف کی تلاوت کرے گا تو قیامت کے دن وہ حضرت یوسف علیہ السلام کی طرح حسین و جمیل مبعوث ہوگا اور قیامت کی ہولناکی سے محفوظ رہے گا اور خدا کے نیک بندوں میں اس کا شمار ہوگا۔ آپؑ نے فرمایا: یہ بات تورات میں بھی لکھی ہوئی تھی۔

الکافی میں مرقوم ہے کہ امیر المومنین علی علیہ السلام نے فرمایا: اپنی عورتوں کو سورۂ یوسف مت پڑھاؤ اور اس سورہ کی انھیں تعلیم نہ دو کیونکہ اس سے ان میں فتنے پیدا ہو سکتے ہیں۔ تم عورتوں کو سورۂ نور کی تعلیم دو۔ اس میں مواعظ ہیں۔

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اپنے غلاموں اور کنیزوں کو سورۂ یوسفؑ کی تعلیم دو۔ جو بھی مسلمان اس سورہ کو پڑھے گا اور اپنے اہل و عیال اور زیر دستوں کو اس کی تعلیم دے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے سکرات الموت کو آسان کر دے گا اور اسے حسد سے محفوظ رہنے کی قوت عطا فرمائے گا۔

کتاب الخصال میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: چند چیزیں عورتوں کے لیے نامناسب ہیں۔ عورتوں پر اذان نہیں ہے اور انھیں سورۂ یوسف بھی نہیں پڑھنا چاہیے۔ اس سورہ میں اللہ تعالیٰ نے یہ بیان کیا ہے کہ جو انسان خلوصِ دل کے ساتھ بارگاہِ خداوندی میں جھک جائے تو اللہ تعالیٰ اس پر خصوصی شفقت کرتا ہے اور قدم قدم پر اس کی رہنمائی کرتا ہے۔ ظاہری حالات خواہ کتنے ہی ناموافق ہوں اور حوادثِ زمانہ اس کی ذلت و ہلاکت کے درپے ہوں، مگر اللہ تعالیٰ اسے اوجِ کمال پر پہنچا دیتا ہے اور تمام مخالفوں کی مخالفتیں اور حاسدین کا حسد اس کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکتا۔ اس حقیقت کے عملی اظہار کے لیے اللہ تعالیٰ نے حضرت یوسف علیہ السلام کا حسین قصہ بیان کیا۔

قرآن کریم میں اگرچہ بہت سے انبیاء کے واقعات بیان کیے گئے ہیں لیکن جس تفصیل کے ساتھ ایک ہی جگہ پر

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

حضرت یوسف علیہ السلام کا قصہ بیان کیا گیا ہے اس طرح سے کسی نبی کا قصہ بیان نہیں کیا گیا۔

اس قصہ میں اللہ تعالیٰ نے بتایا کہ یوسفؑ اس کا مخلص بندہ تھا۔ اللہ نے اسے عزت عطا کی تھی جب کہ ظاہری حالات اس کے ناموافق تھے، مگر خدا نے اسے ہر مصیبت سے رہائی دلائی اور آخری نتیجہ یہ نکلا کہ وہ بھائی جنھوں نے آپؑ پر ظلم وستم کے پہاڑ توڑے تھے وہ آپؑ سے معافی مانگنے پر مجبور ہوگئے اور زلیخا اور دوسری مصری عورتوں کو آپؑ کی عصمت کی گواہی دینی پڑی اور جس ملک کے قید خانہ میں آپؑ کی زندگی کا ایک طویل عرصہ گزرا تھا اس ملک کی حکومت آپؑ کے ہاتھ میں آگئی۔

الغرض یہ سورہ اس حقیقت کی شاہد ہے کہ عزت وذلت خدا کے ہاتھ میں ہے اور خدا اپنے مخلص بندوں کو کبھی بے سہارا نہیں چھوڑتا۔

○○○

Presented by Ziaraat.Com

Scanned by CamScanner

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝١ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا
لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝٢ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ اَحْسَنَ الْقَصَصِ بِمَآ اَوْ
حَيْنَآ اِلَيْكَ هٰذَا الْقُرْاٰنَ ۖ وَاِنْ كُنْتَ مِنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الْغٰفِلِيْنَ ۝٣
اِذْ قَالَ يُوْسُفُ لِاَبِيْهِ يٰٓاَبَتِ اِنِّيْ رَاَيْتُ اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا
وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَاَيْتُهُمْ لِيْ سٰجِدِيْنَ ۝٤ قَالَ يٰبُنَيَّ لَا تَقْصُصْ
رُءْيَاكَ عَلٰٓى اِخْوَتِكَ فَيَكِيْدُوْا لَكَ كَيْدًا ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لِلْاِنْسَانِ
عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝٥ وَكَذٰلِكَ يَجْتَبِيْكَ رَبُّكَ وَيُعَلِّمُكَ مِنْ تَاْوِيْلِ
الْاَحَادِيْثِ وَيُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اٰلِ يَعْقُوْبَ كَمَآ اَتَمَّهَا
عَلٰٓى اَبَوَيْكَ مِنْ قَبْلُ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ ۭ اِنَّ رَبَّكَ عَلِيْمٌ
حَكِيْمٌ ۝٦ لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖٓ اٰيٰتٌ لِّلسَّاۗىِٕلِيْنَ ۝٧ اِذْ
قَالُوْا لَيُوْسُفُ وَاَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰٓى اَبِيْنَا مِنَّا وَنَحْنُ عُصْبَةٌ ۭ اِنَّ
اَبَانَا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝٨ اقْتُلُوْا يُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ اَرْضًا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

يَخْلُ لَكُمْ وَجْهُ اَبِيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ قَوْمًا صٰلِحِيْنَ ۝٩
قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ لَا تَقْتُلُوْا يُوْسُفَ وَاَلْقُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ
يَلْتَقِطْهُ بَعْضُ السَّيَّارَةِ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ۝١٠ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَا
لَكَ لَا تَاْمَنَّا عَلٰى يُوْسُفَ وَاِنَّا لَهٗ لَنٰصِحُوْنَ ۝١١ اَرْسِلْهُ مَعَنَا
غَدًا يَّرْتَعْ وَيَلْعَبْ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝١٢ قَالَ اِنِّيْ لَيَحْزُنُنِيْٓ اَنْ
تَذْهَبُوْا بِهٖ وَاَخَافُ اَنْ يَّاْكُلَهُ الذِّئْبُ وَاَنْتُمْ عَنْهُ غٰفِلُوْنَ ۝١٣
قَالُوْا لَئِنْ اَكَلَهُ الذِّئْبُ وَنَحْنُ عُصْبَةٌ اِنَّآ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ۝١٤
فَلَمَّا ذَهَبُوْا بِهٖ وَاَجْمَعُوْٓا اَنْ يَّجْعَلُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ ۚ
وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ لَتُنَبِّئَنَّهُمْ بِاَمْرِهِمْ هٰذَا وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝١٥
وَجَآءُوْٓ اَبَاهُمْ عِشَآءً يَّبْكُوْنَ ۝١٦ ؕ قَالُوْا يٰٓاَبَانَآ اِنَّا ذَهَبْنَا
نَسْتَبِقُ وَتَرَكْنَا يُوْسُفَ عِنْدَ مَتَاعِنَا فَاَكَلَهُ الذِّئْبُ ۚ وَمَآ اَنْتَ
بِمُؤْمِنٍ لَّنَا وَلَوْ كُنَّا صٰدِقِيْنَ ۝١٧ وَجَآءُوْ عَلٰى قَمِيْصِهٖ بِدَمٍ
كَذِبٍ ؕ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ؕ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ؕ
وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ۝١٨ وَجَآءَتْ سَيَّارَةٌ فَاَرْسَلُوْا
وَارِدَهُمْ فَاَدْلٰى دَلْوَهٗ ؕ قَالَ يٰبُشْرٰى هٰذَا غُلٰمٌ ؕ وَاَسَرُّوْهُ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

بِضَاعَةً ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍۭ بَخْسٍ
دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ ۚ وَكَانُوْا فِيْهِ مِنَ الزّٰهِدِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَقَالَ
الَّذِي اشْتَرٰىهُ مِنْ مِّصْرَ لِامْرَاَتِهٖۤ اَكْرِمِيْ مَثْوٰىهُ عَسٰۤى اَنْ
يَّنْفَعَنَاۤ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا ؕ وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ ۟
وَلِنُعَلِّمَهٗ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ؕ وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰۤى اَمْرِهٖ
وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗۤ اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا
وَّعِلْمًا ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۲۲﴾ وَرَاوَدَتْهُ الَّتِيْ هُوَ فِيْ
بَيْتِهَا عَنْ نَّفْسِهٖ وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ ؕ قَالَ
مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ رَبِّيْۤ اَحْسَنَ مَثْوَايَ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۳﴾
وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ ۚ وَهَمَّ بِهَا لَوْلَاۤ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ؕ كَذٰلِكَ
لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْٓءَ وَالْفَحْشَآءَ ؕ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا
الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۲۴﴾ وَاسْتَبَقَا الْبَابَ وَقَدَّتْ قَمِيْصَهٗ مِنْ دُبُرٍ وَّاَلْفَيَا
سَيِّدَهَا لَدَا الْبَابِ ؕ قَالَتْ مَا جَزَآءُ مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ سُوْٓءًا اِلَّاۤ
اَنْ يُّسْجَنَ اَوْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۵﴾ قَالَ هِيَ رَاوَدَتْنِيْ عَنْ نَّفْسِيْ
وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ قُبُلٍ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

فَصَدَقَتْ وَهُوَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۲۷﴾ وَاِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ
دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَهُوَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۲۸﴾ فَلَمَّا رَاٰ قَمِيْصَهٗ قُدَّ مِنْ
دُبُرٍ قَالَ اِنَّهٗ مِنْ كَيْدِكُنَّ ؕ اِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيْمٌ ﴿۲۹﴾ يُوْسُفُ
اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا ۚ وَاسْتَغْفِرِيْ لِذَنْۢبِكِ ۫ اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ
الْخٰطِـِٕيْنَ ﴿۳۰﴾ وَقَالَ نِسْوَةٌ فِي الْمَدِيْنَةِ امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ تُرَاوِدُ
فَتٰىهَا عَنْ نَّفْسِهٖ ۚ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ؕ اِنَّا لَنَرٰىهَا فِيْ ضَلٰلٍ
مُّبِيْنٍ ﴿۳۱﴾ فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ اَرْسَلَتْ اِلَيْهِنَّ وَاَعْتَدَتْ
لَهُنَّ مُتَّكَاً وَّاٰتَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ سِكِّيْنًا وَّقَالَتِ اخْرُجْ
عَلَيْهِنَّ ۚ فَلَمَّا رَاَيْنَهٗۤ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ وَقُلْنَ
حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا ؕ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ ﴿۳۲﴾ قَالَتْ
فَذٰلِكُنَّ الَّذِيْ لُمْتُنَّنِيْ فِيْهِ ؕ وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ
فَاسْتَعْصَمَ ؕ وَلَئِنْ لَّمْ يَفْعَلْ مَاۤ اٰمُرُهٗ لَيُسْجَنَنَّ وَلَيَكُوْنًا مِّنَ
الصّٰغِرِيْنَ ﴿۳۳﴾ قَالَ رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَيَّ مِمَّا يَدْعُوْنَنِيْۤ اِلَيْهِ ۚ
وَاِلَّا تَصْرِفْ عَنِّيْ كَيْدَهُنَّ اَصْبُ اِلَيْهِنَّ وَاَكُنْ مِّنَ
الْجٰهِلِيْنَ ﴿۳۴﴾ فَاسْتَجَابَ لَهٗ رَبُّهٗ فَصَرَفَ عَنْهُ كَيْدَهُنَّ ؕ اِنَّهٗ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٣٤﴾ ثُمَّ بَدَا لَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا رَاَوُا الْاٰيٰتِ
لَيَسْجُنُنَّهٗ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿٣٥﴾ وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيٰنِ ؕ قَالَ
اَحَدُهُمَآ اِنِّيْٓ اَرٰىنِيْٓ اَعْصِرُ خَمْرًا ۚ وَقَالَ الْاٰخَرُ اِنِّيْٓ اَرٰىنِيْٓ
اَحْمِلُ فَوْقَ رَاْسِيْ خُبْزًا تَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْهُ ؕ نَبِّئْنَا بِتَاْوِيْلِهٖ ۚ
اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٣٦﴾ قَالَ لَا يَاْتِيْكُمَا طَعَامٌ تُرْزَقٰنِهٖٓ
اِلَّا نَبَّاْتُكُمَا بِتَاْوِيْلِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّاْتِيَكُمَا ؕ ذٰلِكُمَا مِمَّا عَلَّمَنِيْ
رَبِّيْ ؕ اِنِّيْ تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ
هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿٣٧﴾ وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ اٰبَآءِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ
وَيَعْقُوْبَ ؕ مَا كَانَ لَنَآ اَنْ نُّشْرِكَ بِاللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ ذٰلِكَ مِنْ
فَضْلِ اللّٰهِ عَلَيْنَا وَعَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا
يَشْكُرُوْنَ ﴿٣٨﴾ يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ ءَاَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ خَيْرٌ اَمِ اللّٰهُ
الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿٣٩﴾ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلَّآ اَسْمَآءً سَمَّيْتُمُوْهَآ
اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ
ؕ اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ
النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٤٠﴾ يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ اَمَّآ اَحَدُكُمَا فَيَسْقِيْ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٣٤﴾ ثُمَّ بَدَا لَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا رَاَوُا الْاٰيٰتِ
لَيَسْجُنُنَّهٗ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿٣٥﴾ وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيٰنِ ؕ قَالَ
اَحَدُهُمَآ اِنِّيْٓ اَرٰىنِيْٓ اَعْصِرُ خَمْرًا ۚ وَقَالَ الْاٰخَرُ اِنِّيْٓ اَرٰىنِيْٓ
اَحْمِلُ فَوْقَ رَاْسِيْ خُبْزًا تَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْهُ ؕ نَبِّئْنَا بِتَاْوِيْلِهٖ ۚ
اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٣٦﴾ قَالَ لَا يَاْتِيْكُمَا طَعَامٌ تُرْزَقٰنِهٖٓ
اِلَّا نَبَّاْتُكُمَا بِتَاْوِيْلِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّاْتِيَكُمَا ؕ ذٰلِكُمَا مِمَّا عَلَّمَنِيْ
رَبِّيْ ؕ اِنِّيْ تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ
هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿٣٧﴾ وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ اٰبَآءِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ
وَيَعْقُوْبَ ؕ مَا كَانَ لَنَآ اَنْ نُّشْرِكَ بِاللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ ذٰلِكَ مِنْ
فَضْلِ اللّٰهِ عَلَيْنَا وَعَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا
يَشْكُرُوْنَ ﴿٣٨﴾ يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ ءَاَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ خَيْرٌ اَمِ اللّٰهُ
الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿٣٩﴾ ؕ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلَّآ اَسْمَآءً سَمَّيْتُمُوْهَآ
اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ
ؕ اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ
النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٤٠﴾ يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ اَمَّآ اَحَدُكُمَا فَيَسْقِيْ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

رَبَّهٗ خَمْرًا ۚ وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَيُصْلَبُ فَتَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْ رَّاْسِهٖ ؕ
قُضِيَ الْاَمْرُ الَّذِيْ فِيْهِ تَسْتَفْتِيٰنِ ؕ ﴿۴۱﴾ وَقَالَ لِلَّذِيْ ظَنَّ اَنَّهٗ
نَاجٍ مِّنْهُمَا اذْكُرْنِيْ عِنْدَ رَبِّكَ ۫ فَاَنْسٰىهُ الشَّيْطٰنُ ذِكْرَ رَبِّهٖ
فَلَبِثَ فِي السِّجْنِ بِضْعَ سِنِيْنَ ﴿۴۲﴾ وَقَالَ الْمَلِكُ اِنِّيْٓ اَرٰى سَبْعَ
بَقَرٰتٍ سِمَانٍ يَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعَ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ
وَّاُخَرَ يٰبِسٰتٍ ؕ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ اَفْتُوْنِيْ فِيْ رُءْيَايَ اِنْ كُنْتُمْ
لِلرُّءْيَا تَعْبُرُوْنَ ﴿۴۳﴾ قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ ۚ وَمَا نَحْنُ بِتَاْوِيْلِ
الْاَحْلَامِ بِعٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَقَالَ الَّذِيْ نَجَا مِنْهُمَا وَادَّكَرَ بَعْدَ
اُمَّةٍ اَنَا اُنَبِّئُكُمْ بِتَاْوِيْلِهٖ فَاَرْسِلُوْنِ ﴿۴۵﴾ يُوْسُفُ اَيُّهَا الصِّدِّيْقُ
اَفْتِنَا فِيْ سَبْعِ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ يَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعِ
سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ يٰبِسٰتٍ ۙ لَّعَلِّيْٓ اَرْجِعُ اِلَى النَّاسِ لَعَلَّهُمْ
يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۶﴾ قَالَ تَزْرَعُوْنَ سَبْعَ سِنِيْنَ دَاَبًا ۚ فَمَا حَصَدْتُّمْ
فَذَرُوْهُ فِيْ سُنْۢبُلِهٖٓ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّا تَاْكُلُوْنَ ﴿۴۷﴾ ثُمَّ يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ
ذٰلِكَ سَبْعٌ شِدَادٌ يَّاْكُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّا
تُحْصِنُوْنَ ﴿۴۸﴾ ثُمَّ يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَامٌ فِيْهِ يُغَاثُ النَّاسُ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

وَفِيهِ يَعْصِرُونَ ﴿٤٩﴾

سہارا اللہ کے نام کا جو رحمٰن رحیم ہے

''الٓرٰ۔ یہ کتابِ مبین کی آیات ہیں۔ ہم نے اسے قرآن بنا کر عربی زبان میں نازل کیا ہے' تا کہ تم اسے اچھی طرح سے سمجھ سکو۔

پیغمبر ہم آپ کے سامنے ایک حسین ترین قصہ بیان کر رہے ہیں' جس کی وحی ہم نے اس قرآن کے ذریعہ آپ تک کی ہے' اگرچہ آپ اس سے پہلے غفلت کرنے والوں میں سے تھے۔

جب یوسفؑ نے اپنے والد سے کہا کہ اباجان! میں نے گیارہ ستاروں اور سورج اور چاند کو دیکھا ہے کہ وہ مجھے سجدہ کر رہے ہیں۔ ان کے والد نے کہا: بیٹا! اپنا خواب بھائیوں کو مت بیان کرنا ورنہ وہ تمھارے خلاف سازشیں کریں گے۔ یقیناً شیطان انسان کا کھلم کھلا دشمن ہے۔

اور اس طرح سے تیرا رب تجھے منتخب کرے گا اور تجھے باتوں کی تہ تک پہنچنا سکھائے گا اور وہ تجھ پر اور آلِ یعقوبؑ پر اپنی نعمت اسی طرح سے پوری کرے گا جس طرح اس سے پہلے وہ تیرے بزرگوں ابراہیمؑ و اسحاقؑ پر کر چکا ہے۔ یقیناً تیرا رب صاحبِ علم اور صاحبِ حکمت ہے۔

یقیناً یوسفؑ اور اس کے بھائیوں کے قصہ میں سوال کرنے والوں کے لیے بہت سی نشانیاں ہیں۔ جب انھوں نے کہا کہ یوسفؑ اور اس کا بھائی ہمارے والد کو ہم سے زیادہ پیارے ہیں' حالانکہ ہم ایک پورا جتھہ ہیں۔ یقیناً ہمارا والد صریح گمراہی میں مبتلا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ہے۔ تم یوسفؑ کو قتل کردو یا اسے کسی زمین پر پھینک آؤ تا کہ تمھارے والد کی توجہ تمھاری طرف ہوجائے' پھر اس کے بعد نیک بن جانا۔

ان میں سے ایک کہنے والے نے کہا کہ تم یوسفؑ کو قتل نہ کرو اور اگر تمھیں کچھ کرنا ہی ہے تو اسے اندھے کنوئیں میں ڈال دو اور کوئی آنے والا قافلہ اسے نکال لے جائے گا۔ انھوں نے اپنے باپ سے کہا: اباجان! کیا وجہ ہے کہ آپ یوسفؑ کے متعلق ہم پر اعتماد نہیں کرتے' جب کہ ہم تو اس کے خیر خواہ ہیں۔ آپ کل اسے ہمارے ساتھ روانہ کریں' کچھ کھا پی لے گا اور کھیل کود لے گا اور ہم اس کی محافظت کرتے رہیں گے۔

یعقوبؑ نے کہا: مجھے یہ بات شاق گزرتی ہے کہ تم اسے لے جاؤ اور مجھے اندیشہ ہے کہ کوئی بھیڑیا اسے نہ کھا جائے اور تم اس سے غافل رہ جاؤ۔

انھوں نے کہا: بھلا ہمارے اس جتھہ کی موجودگی میں اسے بھیڑیا کیسے کھا لے گا۔ اگر ایسا ہوگیا تو پھر ہم نقصان اٹھانے والے قرار پائیں گے۔ جب وہ اسے لے کر گئے اور انھوں نے اجماع کرلیا تھا کہ وہ اسے اندھے کنوئیں میں پھینکیں گے اور ہم نے یوسفؑ کی طرف وحی کی کہ ایک وقت آئے گا جب تو ان لوگوں کو ان کی یہ حرکت جتائے گا۔ اس وقت انھیں خبر نہ ہوگی۔

شام کے وقت وہ روتے ہوئے اپنے باپ کے پاس آئے۔ انھوں نے کہا: اباجان! ہم دوڑنے کے مقابلہ میں مصروف تھے اور ہم نے یوسفؑ کو اپنے سامان کے پاس بٹھایا ہوا تھا۔ اس اثنا میں ایک بھیڑیا اسے کھا گیا۔ ہم خواہ کتنے ہی سچے کیوں نہ ہوں آپؑ پھر بھی ہم پر اعتماد نہیں کریں گے۔ وہ یوسفؑ کے قمیص پر جھوٹا خون لگا کر آئے تھے۔

ان کے والد نے کہا: تمھارے نفس نے ایک بڑے کام کو تیرے لیے آسان بنا دیا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ہے۔ اب صبر ہی اچھی چیز ہے۔ جو بات تم بنا رہے ہو اس پر خدا سے ہی مدد مانگی جاسکتی ہے۔

ایک قافلہ آیا۔ انھوں نے اپنے پانی بھرنے والے کو پانی لینے کے لیے بھیجا۔ اس نے کنوئیں میں ڈول ڈالا۔ اس نے کہا: خوش خبری ہو یہ ایک لڑکا ہے۔ ان لوگوں نے اسے مالِ تجارت سمجھ کر چھپا لیا' حالانکہ وہ جو کچھ کر رہے تھے خدا کو اس کی سب خبر تھی۔ انھوں نے اسے تھوڑی سی قیمت پر چند درہموں کے بدلے بیچ دیا اور وہ اس کی قیمت سے بیزار تھے۔ اور مصر کے جس شخص نے اسے خریدا۔ اس نے اپنی بیوی سے کہا: اس کو اچھی طرح سے رکھنا' ممکن ہے کہ یہ ہمیں فائدہ پہنچائے یا ہم اسے بیٹا بنالیں۔ اس طرح سے ہم نے یوسفؑ کے لیے اس زمین پر قدم جمانے کی سبیل پیدا کی تاکہ ہم اسے باتوں کی تہ تک پہنچنے کی تعلیم دیں' اللہ اپنے معاملہ میں غالب ہے' لیکن لوگوں کی اکثریت کو علم نہیں ہے۔

اور جب وہ اپنی جوانی کو پہنچا تو ہم نے اسی کو قوتِ فیصلہ اور علم عطا کیا اور نیکوکار افراد کو ہم اسی طرح سے بدلہ دیا کرتے ہیں۔ جس عورت کے گھر میں یوسفؑ قیام پذیر تھا۔ وہ اس پر عشق کا جال پھینکنے لگی اور اس نے دروازے بند کر دیئے اور کہنے لگی کہ آجا۔ یوسفؑ نے کہا: خدا کی پناہ! میرے رب نے تو مجھے اچھی منزلت بخشی ہے اور ظلم کرنے والے کبھی فلاح نہیں پایا کرتے۔

زلیخا یوسفؑ سے برائی کا ارادہ کر چکی تھی اور یوسفؑ اگر اپنے رب کی برہان نہ دیکھ چکا ہوتا تو وہ بھی اس سے برائی کا ارادہ کر ہی لیتا' تاکہ ہم اس سے بدی اور برائی کو دُور کریں۔ یقیناً وہ ہمارے چُنے ہوئے بندوں میں سے تھا۔

وہ دونوں دروازے کی طرف دوڑے۔ اس نے پیچھے سے یوسفؑ کا قمیص پھاڑ دیا۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

دروازے پر دونوں نے اس کے شوہر کو موجود پایا۔ کہنے لگی۔ اس شخص کی کیا سزا ہونی چاہیے جو تیری گھر والی سے برائی کا ارادہ کرے؟ ایسے شخص کی اس کے علاوہ اور کیا سزا ہو سکتی ہے کہ اسے زندان میں ڈال دیا جائے یا اسے سخت عذاب دیا جائے۔

یوسفؑ نے کہا: یہی عورت مجھے پھنسانے کی کوشش میں تھی۔ اس عورت کے خاندان میں سے ایک گواہ نے یہ گواہی دی کہ اگر اس کا قمیص آگے سے پھٹا ہو تو عورت سچی ہے اور یہ جھوٹا ہے۔ اور اگر اس کا قمیص پیچھے سے پھٹا ہوا ہو تو عورت جھوٹی ہے اور وہ سچا ہے۔

جب شوہر نے دیکھا کہ یوسفؑ کا قمیص پیچھے سے پھٹا ہوا ہے تو اس نے کہا: یہ تم عورتوں کی چالاکیاں ہیں اور یقیناً تمھاری چالیں بہت سخت ہوتی ہیں۔ یوسفؑ اس بات کو رہنے دے اور اے عورت! تو اپنے گناہ کی معافی مانگ تو ہی خطا کاروں میں سے ہے۔

شہر کی عورتوں نے کہنا شروع کر دیا کہ عزیز کی بیوی اپنے غلام کے پیچھے پڑی ہوئی ہے' اسے محبت نے بے قابو کر دیا ہے۔ ہماری نظر میں وہ صریح غلطی کا ارتکاب کر رہی ہے۔ جب اس نے ان کی مکر پر مبنی باتیں سنیں تو ان کو دعوت دی اور ان کے لیے تکیہ دار محفل آراستہ کی اور ہر ایک کے ہاتھ میں چھری پکڑا دی اور اس نے یوسفؑ سے کہا کہ ان کے سامنے نکل آ۔ جب عورتوں نے اسے دیکھا تو وہ دنگ رہ گئیں اور اپنے ہاتھ کاٹ بیٹھیں اور کہنے لگیں: خدا پناہ! یہ انسان نہیں ہے یہ کوئی بزرگ فرشتہ ہے۔

اس عورت نے کہا: یہ ہے وہ شخص جس کے متعلق تم نے مجھے ملامت کی ہے۔ بے شک میں نے اسے اپنے دام میں پھانسنے کی کوشش کی تھی مگر یہ بچ نکلا اور اگر اس نے میرے حکم پر عمل نہ کیا تو اسے قید کر لیا جائے گا اور یہ ذلیل و خوار ہو جائے گا۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

یوسفؑ نے کہا: اے میرے رب! یہ عورتیں جس گناہ کی مجھے دعوت دے رہی ہیں اس برائی کی بہ نسبت مجھے زندان جانا کہیں زیادہ محبُوب ہے۔ اور اگر تو نے مجھ سے ان کی چالوں کو دُور نہ کیا تو میں بھی ان کی طرف مائل ہوجاؤں گا اور جاہلوں میں شامل ہوجاؤں گا۔

اس کے رب نے اس کی دعا منظور کی اور عورتوں کی چالیں اس سے ہٹا دیں۔ بے شک وہ سننے والا علم والا ہے۔

پھر ان لوگوں کو یہ تدبیر سوجھی کہ ایک عرصہ کے لیے اسے قید کر دیں، حالانکہ وہ اس کی پاک دامنی کی صریح نشانیاں دیکھ چکے تھے۔ قید خانہ میں دو جوان اس کے پاس داخل ہوئے۔ ان میں سے ایک نے کہا کہ میں اپنے آپ کو دیکھ رہا ہوں کہ میں شراب کشید کر رہا ہوں۔ دوسرے نے کہا کہ میں اپنے آپ کو دیکھ رہا ہوں کہ میں سر پر روٹیاں اٹھائے ہوئے ہوں اور پرندے ان کو کھا رہے ہیں۔ آپ ہمیں ان کی تعبیر بتائیں، ہم آپ کو نیک لوگوں میں سے سمجھتے ہیں۔

یوسفؑ نے کہا: تمھیں یہاں جو کھانا دیا جاتا ہے وہ کھانا آنے سے پہلے میں تمھیں اس کی تعبیر بتا دوں گا۔ اس کا تعلق ان علوم سے ہے جو میرے رب نے مجھے تعلیم دیئے ہیں۔ جو لوگ اللہ پر ایمان نہیں رکھتے اور جو آخرت کے منکر ہیں، میں نے ان لوگوں کا راستہ چھوڑ دیا ہے۔

اور میں نے اپنے بزرگوں ابراہیمؑ، اسحاقؑ اور یعقوبؑ کی ملّت کی پیروی کی ہے۔ ہمارا یہ کام نہیں ہے کہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرائیں۔ یہ ہم پر اور تمام انسانوں پر اللہ کا کرم ہے، لیکن لوگوں کی اکثریت شکر ادا نہیں کرتی۔

اے زندان کے میرے دو ساتھیو! تم ذرا سوچو تو سہی کہ بہت سے متفرق رب بہتر ہیں

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

یا ایک اللہ جو سب پر غالب ہے۔ ان کو چھوڑ کر تم جن کی عبادت کر رہے ہو وہ تو بس چند نام ہیں جو تم نے اور تمھارے آباء واجداد نے رکھ لیے ہیں۔ اللہ نے ان کے لیے کوئی سند نازل نہیں کی۔ فرمانروائی کا حق بس اللہ کے لیے مخصوص ہے۔ اس نے حکم دیا ہے کہ تم اس کے علاوہ کسی اور کی عبادت نہ کرو۔ یہی سیدھا دین ہے لیکن لوگوں کی اکثریت لاعلم ہے۔

اے قید خانہ کے میرے دو ساتھیو! تم میں سے ایک اپنے رب (شاہِ مصر) کو شراب پلائے گا اور رہا دوسرا' تو اسے سولی چڑھایا جائے گا' پرندے اس کا سر نوچ نوچ کر کھائیں گے۔ جو بات تم دونوں پوچھ رہے تھے اس کا فیصلہ ہوگیا ہے۔ پھر ان میں سے جس کے متعلق اسے خیال تھا کہ وہ آزاد ہوجائے گا۔ اس سے یوسفؑ نے کہا کہ اپنے رب (شاہِ مصر) سے میرا ذکر کرنا' مگر شیطان نے اسے ایسا غافل کیا کہ وہ اپنے رب (شاہِ مصر) سے اس کا ذکر کرنا بھول گیا۔ چنانچہ یوسفؑ کئی سالوں تک مزید زندان میں پڑا رہا۔

بادشاہ نے کہا کہ میں خواب میں دیکھ رہا ہوں کہ سات موٹی گائیں ہیں جن کو سات دُبلی گائیں کھا رہی ہیں اور اناج کے سات خوشے ہرے ہیں اور دوسرے خشک ہیں۔ اے دربار والو! اگر تم خوابوں کی تعبیر جانتے ہو تو مجھے میرے خواب کی تعبیر بیان کرو۔

اہلِ دربار نے کہا: پریشان کن خواب ہیں اور ہم خوابوں کی تعبیر سے لاعلم ہیں۔ ان دو قیدیوں میں سے جو شخص بچ گیا تھا اسے ایک عرصہ کے بعد بات یاد آئی۔ اس نے کہا: میں تم لوگوں کو اس خواب کی تعبیر بتاتا ہوں' مجھے قید خانہ میں یوسفؑ کے پاس جانے دو۔

(اس نے کہا) یوسفؑ! اے صدیق! آپ ہمیں بتائیں کہ سات موٹی گائیں ہیں جنھیں

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کمزور گائیں کھا رہی ہیں اور سات ہرے بھرے اناج کے خوشے ہیں اور باقی خشک ہیں' تا کہ میں لوگوں کے پاس جاؤں اور اس طرح سے وہ ان کی تعبیر جان سکیں۔

یوسفؑ نے کہا: تم سات سال تک مسلسل زراعت کرتے رہو گے۔ اس عرصہ میں جو فصلیں کاٹو تو ان میں سے اپنی خوراک کے برابر حصّہ خوشوں سے نکال لو باقی اناج بالیوں میں ہی رہنے دو۔ پھر سخت سات سال آئیں گے اس دوران وہ سب غلہ کھا لیا جائے گا جو تم نے اس وقت کے لیے جمع کیا ہوگا۔ اس کے بعد پھر ایک سال آئے گا جس میں لوگوں کے لیے بارشیں برسائی جائیں گی اور لوگ پھلوں کا رَس نچوڑیں گے"۔

قرآن کتابِ مبین ہے

الٓرٰ ۟ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝

"الٓرٰ - یہ کتابِ مبین کی آیات ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے سورۂ یونس میں قرآن مجید کو "کتابِ حکیم" کے الفاظ سے یاد کیا اور سورۂ یوسف میں اسے "کتابِ مبین" کے نام سے یاد کیا ہے۔ قرآن کریم بچند وجوہ "مبین" ہے:

۱- قرآن مجید محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت کا زبردست معجزہ ہے اس لیے یہ "مبین" ہے۔

۲- اس کتاب میں رشد و ہدایت کی نشاندہی کی گئی ہے اور حلال و حرام کی تفصیل بیان کی گئی ہے اسی لیے قرآن کتاب مبین ہے۔

۳- قرآن مجید میں اوّلین کے واقعات بیان کیے گئے ہیں اور ان کے حالات کی تفصیل بیان کی گئی ہے' اسی لیے قرآن کتابِ مبین ہے۔

احسن القصص

نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ اَحْسَنَ الْقَصَصِ

"ہم آپ کے سامنے حسین ترین قصہ بیان کر رہے ہیں"۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

سعید بن جبیر بیان کرتے ہیں کہ جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی قوم کو قرآن سنایا تو انھوں نے کہا کہ ہمیں کوئی قصہ سنائے تو کیا ہی بہتر ہوتا۔ اس کے جواب میں اللہ نے سورہ یوسفؑ نازل کی اور اس کے سرنامہ میں ارشاد فرمایا کہ ہم بہترین قصہ بیان کر رہے ہیں۔

لوگوں نے کہا یارسولؐ اللہ! کاش آپؐ ہم سے کوئی حدیث بیان کرتے تو اللہ نے یہ آیت نازل کی: اَللّٰهُ نَزَّلَ [illegible] (الزمر:۲۳) ''اللہ نے حسین ترین حدیث نازل کی ہے''۔

لوگوں نے آنحضرتؐ سے کہا: کاش! آپؐ ہمیں نصیحت کرتے تو اس پر یہ آیت نازل ہوئی: اَلَمْ يَأْنِ لِلَّذِينَ [illegible] لِذِكْرِ اللّٰهِ (الحدید:۱۶) ''کیا اہل ایمان کے لیے ابھی تک وہ وقت نہیں آیا کہ ان کے دل ذکر خدا کے لیے جھک جائیں''۔

قصۂ یوسفؑ کو ''احسن القصص'' اس لیے کہا گیا کہ اس میں عبرت کے بہت سے سامان موجود ہیں۔ اس سورہ میں یہ حقیقت کو واضح کیا گیا ہے کہ اللہ کی تقدیر کو وقوع پذیر ہونے سے کوئی نہیں روک سکتا اور اگر خدا کسی کو عزت و اقتدار دینا چاہے تو کوئی بھی اسے اس سے دُور نہیں رکھ سکتا۔

اس سورہ میں یہ بیان کیا گیا کہ حسد ہمیشہ ذلت و خواری کا موجب ثابت ہوتا ہے۔ ضمناً اس حقیقت کو بھی واضح کیا گیا ہے کہ صبر کامیابی کی کنجی ہے۔ یعقوب علیہ السلام نے صبر کیا تو خدا نے ان کا خاندان ان سے ملا دیا اور یوسف علیہ السلام نے صبر کیا تو خدا نے انھیں اقتدار عطا کیا۔ (اضافہ من المترجم)

تفسیر عیاشی میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: بعض اوقات میں اپنے کچھ بچوں کو دوسروں سے زیادہ پیار کرتا ہوں اور انھیں اپنی گود میں بٹھاتا ہوں جب کہ مجھے یہ بھی علم ہوتا ہے کہ یہ اتنے پیار کے قابل نہیں ہیں۔ میں یہ سب کچھ اس لیے کرتا ہوں کہ وہ احساسِ محرومی کا شکار نہ ہوں اور اپنے اہلِ بھائی سے حسد نہ کریں۔ اللہ تعالیٰ نے سورۂ یوسف کے ذریعہ سے یہ سبق دیا ہے کہ ایسے حالات پیدا نہ کیے جائیں کہ بھائی ایک دوسرے سے حسد کرنے لگ جائیں۔

کتاب الخصال میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: عربی زبان سیکھو۔ یہ خدا کی زبان ہے جس سے اللہ نے بندوں سے خطاب کیا ہے' تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ ''احسن القصص'' سے قرآن حکیم [illegible]

الکافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ قرآن ''احسن الحدیث'' اور ''احسن القصص'' ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

روضہ کافی میں امیر المومنین علیہ السلام کا ایک خطبہ منقول ہے جس میں آپؑ نے قرآن مجید کے متعلق فرمایا: کتاب خدا احسن القصص، بلیغ ترین موعظہ اور فائدہ مند نصیحت ہے۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: وحی کے نزول کی پانچ کیفیات ہیں: بعض انبیاء کو آوازِ زنجیر کی طرح سے آوازیں سنائی دیتی تھیں اور وہ اس کا مفہوم سمجھ لیتے تھے۔ بعض انبیاء کو خواب میں ہدایات ملتی تھیں جیسا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے فرزند کی قربانی کا حکم خواب میں پایا اور حضرت یوسفؑ نے اپنے اقتدار کی بشارت خواب سے ہی حاصل کی تھی۔ کچھ انبیاء ایسے تھے جو ملائکہ کو دیکھتے تھے۔ کچھ وہ تھے جن کے قلوب پر القا ہوتا تھا اور کچھ وہ تھے جنھیں کانوں سے حکمِ خداوندی سنائی دیتا تھا۔

گیارہ ستارے

اِذْ قَالَ یُوْسُفُ لِاَبِیْهِ یٰۤاَبَتِ اِنِّیْ رَاَیْتُ اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَاَیْتُهُمْ لِیْ سٰجِدِیْنَ ۝

''جب یوسفؑ نے اپنے والد سے کہا: ابا جان! میں نے گیارہ ستاروں اور سورج اور چاند کو دیکھا ہے کہ وہ مجھے سجدہ کر رہے ہیں''۔

کتاب الخصال میں حضرت جابر بن عبداللہ انصاری سے منقول ہے کہ ''بشان'' نامی ایک یہودی رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے کہا: محمدؐ! جن ستاروں کو حضرت یوسفؑ نے سجدہ کرتے ہوئے دیکھا تھا ان ستاروں کے نام کیا تھے؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس وقت اسے کوئی جواب نہ دیا۔ وہ مایوس ہو کر واپس چلا گیا۔ اس کے جانے کے بعد حضرت جبریلؑ آپؐ پر نازل ہوئے اور انھوں نے آپ کو ان ستاروں کے نام بتائے۔ آنحضرتؐ نے اس یہودی کو اپنے ہاں طلب کیا، جب وہ آیا تو آپؐ نے اس سے فرمایا: اگر میں تجھے ان ستاروں کے نام بتا دوں تو کیا تو اسلام قبول کرلے گا؟

اس نے کہا: جی ہاں۔ آنحضرتؐ نے فرمایا: سنو! ان ستاروں کے نام یہ تھے: ۱- خوبان ۲- طارق ۳- ذیال ۴- ذوالکتفانی ۵- قابس ۶- وثاب ۷- عمودان ۸- فیلق ۹- صبیح ۱۰- صدوع ۱۱- ذوالفروع۔

ان گیارہ ستاروں کے علاوہ حضرت یوسفؑ نے سورج اور چاند کو سجدہ کرتے ہوئے دیکھا تھا۔ حضرت یوسفؑ نے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

یہی خواب اپنے والد کے سامنے بیان کیا تھا تو ان کے والد نے کہا: یہ خدا کی طرف سے تمھارے لیے خوش خبری ہے' اللہ اسے پورا کر کے رہے گا۔ جب یہودی نے یہ سنا تو اس نے اسلام قبول کرلیا۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: حضرت یوسف علیہ السلام کے خواب کی تعبیر یہ تھی کہ وہ ملکِ مصر کی حکومت پر فائز ہوں گے اور ان کے دورِ اقتدار میں ان کے والدین اور بھائی ان کے پاس آئیں گے۔ ''سورج'' سے یوسف علیہ السلام کی والدہ ''راحیل'' اور چاند سے ان کے والد حضرت یعقوبؑ مراد تھے اور گیارہ ستاروں سے ان کے گیارہ بھائی مراد تھے۔

جب حضرت یعقوب علیہ السلام اپنے کنبہ کو لے کر مصر میں داخل ہوئے تھے اور انھوں نے یوسفؑ کی بادشاہت دیکھی تو انھوں نے اللہ کا شکر ادا کرتے ہوئے خالص اللہ کا ہی سجدہ کیا تھا۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: حضرت یوسف علیہ السلام کے گیارہ بھائی تھے۔ بن یامین ان کا سگا بھائی تھا۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کا لقب اسرائیل ہے جس کا معنی ہے ''اللہ کا خالص بندہ''۔ حضرت یوسفؑ نے نو برس کی عمر میں یہ خواب دیکھا تھا۔ جب انھوں نے یہ خواب اپنے والد کے سامنے بیان کیا تو انھوں نے یوسفؑ سے کہا تھا: بیٹا! یہ خواب اپنے بھائیوں سے بیان نہ کرنا ورنہ وہ تیرے خلاف چالیں چلیں گے۔ یقیناً شیطان' انسانوں کا کھلم کھلا دشمن ہے۔

خوابوں کی ابتداء کب ہوئی

روضہ کافی میں حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: ابتداء میں انسان خواب نہیں دیکھا کرتے تھے۔ خواب بعد میں شروع ہوئے' لوگوں نے کہا: اے فرزندِ رسولؐ! خوابوں کی دنیا کا آغاز کب سے ہوا؟ آپؑ نے فرمایا: بات یہ ہے کہ اللہ نے ایک رسول بھیجا۔ اس نے لوگوں کو اللہ کی اطاعت وعبادت کی دعوت دی۔

لوگوں نے اس سے کہا: اچھا یہ بتاؤ اگر ہم تمھارا کہنا مان لیں تو ہمیں کیا ملے گا؟ آپ ہم سے زیادہ دولت مند بھی نہیں ہیں اور قومِ قبیلہ کے اعتبار سے ہم سے زیادہ صاحبِ قوت بھی تو نہیں ہیں۔ پھر ہم آپ کی پیروی کریں تو کیوں کریں؟

اس نبی نے جواب دیا: اگر تم نے میری پیروی کی تو اللہ تمھیں جنت میں داخل کرے گا اور اگر تم نے میری نافرمانی کی تو خدا تمھیں دوزخ بھیجے گا۔

انھوں نے کہا: جنت وجہنم کیا چیز ہیں؟ نبی نے کہا: جنت نعمتوں کا گھر ہے اور دوزخ عذاب کا گھر ہے۔ انھوں نے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کہا: یہ جنت و جہنم ہمیں کب ملے گی؟ نبی نے کہا: مرنے کے بعد۔ انھوں نے کہا: ہم نے کھلی ہوئی قبریں دیکھی ہیں ہڈیوں اور خاک کے سوا وہاں تو کچھ بھی نہیں تھا۔ پھر ان لوگوں نے نبی کی زیادہ سے زیادہ مخالفت شروع کر دی۔ اللہ تعالیٰ نے اس وقت خوابوں کا سلسلہ شروع کر دیا۔ جب ان لوگوں نے خواب دیکھے تو حیران ہو کر نبی کے پاس آئے۔

نبی نے ان سے کہا: اللہ نے اس ذریعہ سے تم پر حجت تمام کی ہے۔ جب تم مر جاؤ گے تو تمھارے بدن گل سڑ جائیں گے، لیکن تمھارے ارواح باقی ہوں گے۔ خدا انھیں عذاب دے گا اور یہ سلسلہ قیامت کے دن تک قائم رہے گا۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: آخری زمانہ میں مومن کی رائے اور مومن کا خواب نبوت کا ستر واں حصہ قرار پائیں گے۔

حکماء کہتے ہیں کہ برے خوابوں کی تعبیر جلد ظاہر ہوتی ہے جب کہ اچھے خوابوں کی تعبیر کافی دیر بعد ظاہر ہوتی ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ خدا کی حکمت کا تقاضا یہ ہے کسی کو برا خواب دکھا کر زیادہ دیر تک اسے انتظار اور خوف کی صلیب پر نہ لٹکایا جائے، تا کہ اس کی پریشانی کم سے کم ہو سکے اور اچھے خواب کی تعبیر اس لیے دیر سے سامنے آتی ہے تا کہ انسان پُر امید رہے اور زندگی کے کٹھن مراحل میں صبر و استقامت کا دامن نہ چھوڑے۔ (اضافہ من المترجم نقلا عن الرازی)

آزمائش کی ابتداء کب ہوئی؟

کتاب علل الشرائع میں ابوحمزہ ثمالی سے منقول ہے کہ میں نے امام زین العابدین علیہ السلام کے ساتھ نمازِ فجر ادا کی۔ جب آپؑ تعقیبات سے فارغ ہوئے تو مسجد سے اُٹھ کر گھر کی طرف روانہ ہوئے۔ میں آپؑ کے ساتھ تھا۔ آپؑ نے اپنی کنیز کو صدا دی۔ اس کنیز کا نام سکینہ تھا۔ آپؑ نے اس سے فرمایا: جو بھی سائل دروازے پر آئے اسے کھانا ضرور کھلانا۔ آج جمعہ کا دن ہے۔

میں (راوی) نے کہا: مولا! ہر سائل مستحق تو نہیں ہوتا۔

آپؑ نے فرمایا: ثابت! میں ڈرتا ہوں کہ کہیں کوئی مستحق سائل محروم نہ ہو جائے اور اس کی وجہ سے ہم پر وہ آزمائش نہ آ جائے جو یعقوب علیہ السلام کے گھرانے پر نازل ہوئی تھی لہٰذا انھیں کھانا کھلاؤ، انھیں کھانا کھلاؤ۔

یعقوب علیہ السلام کا دستور تھا کہ آپؑ روزانہ اپنے خاندان کے لیے ایک دُنبہ ذبح کرتے تھے۔ آپؑ کا خاندان بھی اس کا گوشت کھاتا تھا اور سوال کرنے والوں کو بھی کھانا کھلاتے تھے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اس زمانہ میں ایک سچا مومن رہتا تھا جس کا نام ''ذمیال'' تھا۔ خدا کی نظر میں اسے مقام حاصل تھا۔ وہ دن کو روزہ رکھتا تھا اور رات کو عبادت کیا کرتا تھا۔ ایک دفعہ شب جمعہ کو وہ حضرت یعقوب علیہ السلام کے دروازے پر آیا اور اس نے صدا دے کر کہا: گھر والو! ایک مسافرِ غریب کو خدا کے نام پر کھانا دو۔ اس نے کئی بار یہ صدا دی' لیکن کسی نے بھی اس پر توجہ نہ دی۔ جب وہ مایوس ہوا تو اس نے کلمہ استرجاع پڑھا اور خدا کے حضور اپنی بھوک کی شکایت کی اور اس نے بھوک کی حالت میں رات گزار دی۔ صبح ہوئی تو اس نے روزہ رکھ لیا۔ وہ بے چارہ ساری رات بھوک سے بلکتا رہا جب کہ آلِ یعقوبؑ شکم سیر ہو کر سوتے رہے۔

اللہ تعالیٰ نے صبح کے وقت یعقوب علیہ السلام کو یہ وحی فرمائی: یعقوبؑ! تو نے میرے بندوں کی توہین کی ہے' جس کی وجہ سے تو میرے غضب کا حق دار قرار پایا ہے۔ میں تجھ پر اور تیری اولاد پر سختی نازل کروں گا۔ میرے انبیاء میں سے مجھے وہ نبی زیادہ پیارا ہے جو میرے مسکین بندوں پر رحم کرے اور انھیں اپنے قریب بٹھائے اور انھیں کھانا کھلائے اور میرے مسکین بندوں کے لیے ملجا و ماویٰ ہو۔

یعقوبؑ! میرا بندہ ''ذمیال'' تیرے دروازے پر آیا۔ اس نے افطار کے لیے تجھ سے کھانا مانگا' لیکن تو نے اسے کھانا نہ کھلایا۔ وہ ساری رات بھوک سے تڑپتا رہا' جب کہ تم نے شکم سیر ہو کر رات بسر کی اور تمھیں معلوم ہونا چاہیے کہ میں اپنے دشمنوں پر جلدی سے آزمائش نازل نہیں کرتا جب کہ اپنے دوستوں پر جلدی سے آزمائش نازل کرتا ہوں۔ لہٰذا اب تم آزمائش کے لیے آمادہ ہو جاؤ اور مصائب پر صبر کرو''۔

جس رات ''ذمیال'' بھوکا رہا تھا اسی وقت حضرت یوسفؑ نے یہ خواب دیکھا۔ صبح ہوئی تو انھوں نے یہ خواب اپنے والد سے بیان کیا۔ حضرت یعقوب علیہ السلام یہ خواب سن کر پریشان ہوئے اور انھیں یقین ہو گیا کہ اب ان پر آزمائش آنے والی ہے۔ اسی لیے آپؑ نے اپنے فرزند سے کہا: بیٹا! یہ خواب بھائیوں سے بیان نہ کرنا ورنہ وہ تمھارے خلاف سازشیں کریں گے۔

اس تنبیہ کے باوجود حضرت یوسف علیہ السلام نے بھائیوں سے اپنا خواب بیان کیا۔ جب انھوں نے یہ خواب سنا تو انھوں نے اس سے حسد کیا اور ان کے خلاف سازشیں کرنے لگے۔ اس کے نتیجے میں یہ واقعہ پیش آیا اور جب یوسف علیہ السلام کے بھائی انھیں ساتھ لے کر جنگل کی طرف روانہ ہوئے۔ ابھی تھوڑی دیر ہی چلے تھے کہ یعقوبؑ اپنی محبت کے ہاتھوں مجبور ہو کر دوڑتے ہوئے بیٹوں کے پاس آئے اور یوسفؑ کو سینے سے لگایا اور جی بھر کر پیار کیا۔ پھر اسے بھائیوں کے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

حوالے کر دیا۔

حضرت یوسفؑ کے بھائیوں نے سوچا کہ کہیں حضرت یعقوب علیہ السلام پر پدری شفقت غالب نہ آجائے اور وہ یوسفؑ کو اپنے پاس ہی نہ بلا لیں اسی لیے انھوں نے جلدی سے سفر شروع کر دیا۔ جب وہ یوسفؑ کو باپ سے بہت دُور ایک جنگل میں لے آئے تو درختوں کے ایک جھنڈ کے نیچے بیٹھ کر کہنے لگے کہ ہم یوسفؑ کو یہاں ذبح کریں اور اس کی لاش یہاں پھینک دیں جیسے ہی رات ہوگئی تو جنگلی درندے آ کر اسے کھا جائیں گے۔

بڑے بھائی نے کہا: ایسا نہ کرو۔ اسے قتل کرنے کے بجائے کسی گہرے کنوئیں میں ڈال دو جہاں سے کوئی قافلہ اسے نکال کر یہاں سے بہت دُور لے جائے گا۔ چنانچہ وہ حضرت یوسفؑ کو ایک کنوئیں کی منڈیر پر لے گئے اور انھوں نے وہاں یوسفؑ سے اس کا کرتہ اُتروایا۔ پھر اسے کنوئیں میں دھکا دیا۔ کنوئیں کی پاتال سے یوسفؑ نے آواز دی: اے اولاد "رومین!" جب گھر جاؤ تو میرے والد کو میرے سلام پہنچاؤ۔

یوسفؑ کے بھائیوں نے کہا: اس کی آواز سے معلوم ہوتا ہے کہ ابھی تک یہ مرا نہیں ہے۔ جب تک تمھیں اس کی موت کا یقین نہ ہو جائے یہاں سے اِدھر اُدھر مت جاؤ۔ پھر کنوئیں میں خاموشی چھا گئی اور انھیں یقین ہو گیا کہ یوسفؑ مر چکا ہے۔

شام کے وقت وہ خون آلود کرتہ لے کر باپ کے پاس روتے ہوئے آئے اور کہنے لگے: ابا جان! ہم دوڑنے میں مصروف تھے۔ یوسفؑ ہمارے مان کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ اتنے میں ایک بھیڑیا آیا جو اسے کھا گیا۔ حضرت یعقوبؑ نے جب یہ سنا تو انھیں یقین ہو گیا کہ پروردگار کی طرف سے ان کی آزمائش شروع ہو چکی ہے۔ آپؑ نے اپنے بیٹوں سے فرمایا: تم نے یہ بات اپنی طرف سے بنا لی ہے' جب تک یوسفؑ کو اس کے خواب کی تعبیر نہ مل جائے اس وقت تک اس پر موت نہیں آ سکتی۔

ابوحمزہ (اس روایت کے راوی) کا بیان ہے کہ جب امام سجاد علیہ السلام یہاں تک پہنچے تو آپؑ نے سلسلہ گفتگو منقطع کر دیا۔ میں دوسرے روز آپؑ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: مولاؑ! قصۂ یوسف کا کچھ حصہ آپؑ نے کل بیان کیا تھا اس کے بعد کیا ہوا اس کی وضاحت فرمائیں۔

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا: وہ رات برادرانِ یوسفؑ نے اپنے گھر گزاری۔ صبح ہوئی تو انھوں نے ایک دوسرے سے کہا: آؤ چل کر یوسفؑ کا حال معلوم کریں اور یہ پتہ چلائیں کہ وہ مر گیا ہے یا زندہ ہے۔ اللہ نے وہاں

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ایک قافلہ بھیجا تھا۔ اہلِ قافلہ نے پانی لانے والے کو اس کنوئیں سے پانی لانے کے لیے کہا۔ اس نے کنوئیں میں ڈول ڈالا (یوسفؑ اس کے ڈول سے چمٹ گئے۔ جب اس نے معصوم بچے کو دیکھا تو اس نے خوشی سے کہا: لو مبارک ہو یہ لڑکا کنوئیں سے ملا ہے۔ اہلِ قافلہ نے یوسفؑ کو سامانِ تجارت سمجھ کر اپنے پاس بٹھا لیا۔

برادرانِ یوسفؑ وہاں پہنچے تو انھوں نے ایک قافلہ کو وہاں موجود پایا۔ انھوں نے وہاں اپنے بھائی یوسفؑ کو بھی دیکھ لیا۔ اس کے بعد وہ سارا قافلہ کے پاس آئے اور اس سے کہا: یہ ہمارا غلام ہے۔ کل یہ اس کنوئیں میں گر پڑا تھا اب ہم اس کو نکالنے کے لیے یہاں آئے ہیں۔

یہ کہہ کر انھوں نے یوسفؑ کو اہلِ قافلہ سے چھین لیا اور اسے دُور لے جا کر کہا: اب تمھارے سامنے دو ہی راستے ہیں یا تو ان کے سامنے اقرار کرو کہ تم ہمارے غلام ہو۔ اگر تم نے اقرار کر لیا تو ہم تجھے ان کے ہاتھوں فروخت کر دیں گے۔ اس طرح سے تمھاری زندگی بچ جائے گی اور اگر تم اس کا اقرار نہیں کرتے تو ہم تجھے آگے لے جا کر قتل کر دیں گے۔

حضرت یوسفؑ نے کہا: مجھے قتل نہ کرو۔ تم مجھے ان کے ہاتھوں فروخت کر دو۔ اس کے بعد وہ اسے قافلہ والوں کے پاس لے آئے اور ان سے کہا: کیا تم میں سے کوئی اس غلام کو خریدنا چاہتا ہے؟ ایک تاجر نے اسے بیس درہموں کے عوض خرید لیا اور بھائی ویسے بھی اس کی قیمت سے بے رغبت تھے۔ جس تاجر نے یوسفؑ کو خرید کیا تھا۔ وہ اسے اپنے ساتھ لے کر مصر لے آیا اور مصر پہنچ کر اس نے یوسفؑ کو گراں قیمت کے عوض "عزیزِ مصر" کے ہاتھوں فروخت کر دیا۔

عزیزِ مصر حضرت یوسفؑ کو لے کر اپنے گھر پہنچا اور اس نے اپنی بیوی سے کہا کہ اسے اچھی طرح سے رکھنا ممکن ہے کہ یہ بڑا ہو کر ہمیں فائدہ پہنچائے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ہم اسے اپنا بیٹا بنا لیں۔

ابوحمزہ ثمالی کا بیان ہے کہ میں نے امام علیہ السلام سے عرض کیا کہ جب بھائیوں نے حضرت یوسفؑ کو کنوئیں میں گرایا تھا تو اس وقت حضرت یوسفؑ کی عمر کتنی تھی؟ امام علیہ السلام نے فرمایا: اس وقت حضرت یوسفؑ کی عمر نو برس کی تھی۔

راوی کا بیان ہے کہ میں نے عرض کیا کہ حضرت یعقوب علیہ السلام اور مصر کے درمیان کتنے دنوں کا فاصلہ تھا؟

آپؑ نے فرمایا: بارہ دنوں کی مسافت تھی۔ پھر آپؑ نے فرمایا: حضرت یوسفؑ اپنے دور کے حسین ترین فرد تھے۔ جب آپؑ جوانی کو پہنچے تو عزیزِ مصر کی بیوی کی نیت خراب ہو گئی اور اس نے دروازے بند کیے اور حضرت یوسفؑ کو گناہ کی دعوت دی۔

حضرت یوسفؑ نے کہا: خدا کی پناہ، میرا تعلق اس خاندان سے ہے جو زنا سے محفوظ ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

عزیز مصر کی بیوی آپؑ پر گرنے لگی تو آپؑ وہاں سے بھاگے۔ وہ آپؑ کو پکڑنے کے لیے آپؑ کے پیچھے دوڑی۔ دروازے کھلتے گئے اور یوسف علیہ السلام باہر آتے رہے۔ جب آخری دروازے پر پہنچے تو عورت نے پیچھے سے ان کی قمیص کو پکڑا جس سے وہ قمیص پیچھے سے پھٹ گئی۔ ابھی یہ کش مکش جاری تھی کہ عزیز مصر دروازے پر آ گیا۔ عورت نے چیخ کر اپنے شوہر سے کہا: جو شخص آپؑ کی گھر والی کی ناموس تباہ کرنا چاہے آپ اس کو کیا سزا دیں گے؟ میری نظر میں تو اس کی سزا یہ ہے کہ اسے زندان بھیج دیا جائے یا اسے سخت عذاب دیا جائے۔

جب عزیز مصر نے یہ سنا تو اسے سخت غصہ آیا۔ اس نے ارادہ کیا کہ یوسف علیہ السلام کو سخت سزا دے۔ اس وقت حضرت یوسفؑ نے اس سے کہا: مجھے یعقوبؑ کے معبود کی قسم! میں نے تیری بیوی سے برائی کا کوئی ارادہ نہیں کیا تھا۔ اس نے ہی پہل کی تھی۔ اگر تم یہ معلوم کرنا چاہتے ہو کہ ہم میں سے زیادتی کس کی طرف سے ہوئی ہے تو تم اس معصوم بچے سے پوچھ لو۔ اس بچے کا تعلق زلیخا کے خاندان سے تھا۔ اس بچے کی ماں اُسے ملنے کے لیے وہاں آئی ہوئی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے بچے کو بولنے کی قوت عطا کر دی۔

اس نے کہا: بادشاہ! یوسفؑ کی قمیص کو دیکھو اگر وہ سامنے سے پھٹی ہوئی ہو تو خطا یوسفؑ کی ہے اور تیری بیوی بے گناہ ہے اور اگر یوسفؑ کی قمیص پیچھے سے پھٹی ہوئی ہو تو پھر خطا تیری بیوی کی ہے اور یوسفؑ بے قصور ہے۔

جب بادشاہ نے ایک معصوم بچے کی یہ گواہی سنی تو وہ گھبرا گیا۔ پھر اس نے یوسف علیہ السلام کی قمیص کو دیکھا تو وہ پیچھے سے پھٹی ہوئی تھی۔ قمیص کو دیکھ کر اسے یوسف کی بے گناہی کا یقین ہو گیا۔ اس نے اپنی بیوی سے کہا: یہ سب کچھ تمھارا کیا دھرا ہے، تم عورتوں کی چالیں بہت سخت ہوتی ہیں۔ پھر اس نے حضرت یوسف علیہ السلام سے کہا: اے یوسفؑ! اس بات کو جانے دو۔ کسی کو کانوں کان اس کی خبر نہیں ہونی چاہیے۔ لیکن یوسف علیہ السلام نے اس خبر کو مخفی نہ رکھا اور یوں بات محلات میں پہنچی اور عورتوں نے ایک دوسرے سے کہا کہ عزیز کی بیوی اپنے غلام پر دل ہار بیٹھی ہے اور یقیناً وہ سخت گمراہی میں ہے۔

جب عزیز مصر کی بیوی نے عورتوں کی باتیں سنیں تو اس نے انھیں اپنے ہاں آنے کی دعوت دی اور ان کے لیے ایک محفل آراستہ کی اور ان کے لیے کھانے کا انتظام کرایا اور ہر عورت کو ایک ایک نارنگی پکڑائی اور سب کے ہاتھ میں چھریاں دے دیں۔ یہ انتظام کر کے وہ یوسف علیہ السلام کے پاس آئی اور اُن سے کہا: آپؑ ایک دفعہ ان عورتوں کے سامنے سے گزریں۔

حضرت یوسف علیہ السلام جب عورتوں کے سامنے سے گزرے تو عورتوں نے ان کا حسن و شباب دیکھا تو وہ مبہوت

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ہوئی اور کہنے لگیں: خدا کی پناہ' یہ انسان نہیں ہے یہ تو محترم فرشتہ ہی ہے۔ اسی اثناء میں انھوں نے نارنگی کاٹی تو نارنگی کی بجائے اپنے ہاتھ کاٹ بیٹھیں۔

عزیز مصر کی بیوی نے جب عورتوں کی اس محویت کو دیکھا تو اس نے کہا: اب تم نے دیکھ لیا کہ میں نے کس سے محبت کی ہے اسی کے متعلق تم مجھے ملامت کر رہی تھیں! الغرض وہ عورتیں بادشاہ کے محل سے نکل کر اپنے اپنے گھروں میں گئیں۔ ان میں سے ہر عورت نے یوسفؑ کو خفیہ پیغام بھجوایا کہ وہ اس سے آ کر ملاقات کرے۔

حضرت یوسف علیہ السلام نے تمام عورتوں کی دعوت ٹھکرا دی اور بارگاہِ خداوندی میں عرض کی: پروردگار! ان عورتوں کی دعوت قبول کرنے سے تو مجھے زندان جانا زیادہ پسند ہے۔ اگر تو نے مجھ سے ان کے مکر کو دُور نہ کیا تو میں ان کی طرف مائل ہو جاؤں گا اور میرا شمار جاہلین کی صف میں کیا جائے گا۔

اللہ تعالیٰ نے یوسف علیہ السلام کو عورتوں کی چالوں سے بچا لیا اور بادشاہ اور اس کے ساتھیوں نے حضرت یوسفؑ کو زندان بھیجنے کا فیصلہ کیا۔ جب آپؑ قید خانہ میں گئے تو وہاں دو جوان اور بھی قیدی بنا کر لائے گئے جن کے قصہ کو اللہ تعالیٰ نے قرآنِ حکیم میں بیان کیا ہے۔

ابوحمزہ ثمالی کہتے ہیں کہ یہاں پہنچ کر امام زین العابدین علیہ السلام نے سلسلۂ کلام موقوف کر دیا۔

تفسیر عیاشی میں ابوحذیفہ (ابوخدیجہ) سے منقول ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ جب حضرت یعقوبؑ کی حضرت یوسفؑ کے ذریعہ سے آزمائش شروع ہوئی تو اس کے بعد آپؑ کا معمول تھا کہ روزانہ دن کے وقت آپؑ ایک دنبہ ذبح کراتے تھے اور طعام تیار کرتے تھے۔ آپؑ کی طرف سے ایک شخص ندا دے کر کہتا تھا جسے روزہ نہ ہو وہ دوپہر کا کھانا یعقوبؑ کے پاس کھائے اور جسے روزہ ہو وہ یعقوبؑ کے دسترخوان پر افطار کرے۔

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ لاوی بن یعقوبؑ نے بھائیوں کو حضرت یوسفؑ کے قتل سے منع کیا تھا۔

کتاب علل الشرائع میں ہے کہ جب حضرت یعقوبؑ کے بیٹوں نے ان سے باہر جانے کی اجازت طلب کی تھی تو یعقوب علیہ السلام نے ان سے کہا تھا کہ میں ڈرتا ہوں کہ یوسفؑ کو کہیں بھیڑیا ہی نہ کھا جائے اور تم اس سے غافل رہو۔ اگر حضرت یعقوبؑ بھیڑیئے کی بات نہ کرتے تو بیٹے بھی بھیڑیئے کا جھوٹا افسانہ نہ تراشتے۔

مجمع البیان میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے' آپؐ نے فرمایا: لوگوں کو جھوٹے بہانے مت سکھاؤ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ورنہ لوگ تم سے وہی جھوٹے بہانے بنانے لگ جائیں گے۔ یعقوب علیہ السلام کے بیٹوں کو معلوم نہیں تھا کہ بھیڑیا انسان کو کھا جاتا ہے۔ جب یعقوب علیہ السلام نے بھیڑیے کا اندیشہ ظاہر کیا تو بیٹوں نے بھی بھیڑیے کا ہی بہانہ تراش لیا۔

دعائے یوسفؑ

اصولِ کافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جب برادرانِ یوسفؑ نے یوسف علیہ السلام کو کنوئیں میں پھینکا تو حضرت جبریل امینؑ کنوئیں میں ان کے پاس گئے اور انھوں نے اس سے کہا: اے نوجوان! تو یہاں کیا کر رہا ہے؟ یوسفؑ نے کہا کہ میرے بھائیوں نے مجھے کنوئیں میں ڈالا ہے۔ جبریل امینؑ نے کہا: کیا تو یہاں سے نکلنا چاہتا ہے؟ حضرت یوسفؑ نے کہا: وہ خدا کے اختیار میں ہے۔ اگر اس نے چاہا تو وہ مجھے یہاں سے نکال لے گا۔ حضرت جبریلؑ نے کہا: اللہ تم سے فرما رہا ہے کہ تم یہ دعا پڑھو اس کی برکت سے میں تمھیں کنوئیں سے نکال لوں گا۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَنَّ لَكَ الْحَمْدُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْمَنَّانُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذُوْالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَنْ تَجْعَلَ لِیْ مِمَّا اَنَا فِیْهِ فَرَجًا وَمَخْرَجًا۔

حضرت یوسفؑ نے اس دعا کو پڑھا۔ اللہ نے اسے کنوئیں سے نجات دی۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں بھی یہی دعا مرقوم ہے، مگر اس میں مَخْرَجًا کے بعد ان الفاظ کا اضافہ ہے: وَارْزُقْنِیْ مِنْ حَیْثُ اَحْتَسِبُ وَمِنْ حَیْثُ لَا اَحْتَسِبُ۔ اللہ نے ان کی دعا قبول فرمائی۔ کنوئیں سے نجات ''فرج'' تھی۔ عورت کی چال سے نجات ''مخرج'' تھی اور ملکِ مصر کی حکومت مِنْ حَیْثُ لَا اَحْتَسِبُ کے کلمات کی ثمر تھی۔

اس حدیث کا تتمہ اِنَّمَا اَشْتَكُوْ بَثِّیْ کی آیت کے ضمن میں بیان کیا جائے گا۔

امالی صدوق میں ابوبصیر سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ کنوئیں میں یوسف علیہ السلام نے کون سی دعا پڑھی تھی۔ آپؑ اس کی وضاحت کریں کیونکہ ہمارے درمیان اس کے متعلق اختلاف پایا جاتا ہے۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: جب یوسف علیہ السلام کنوئیں میں پھینکے گئے اور وہ زندگی سے مایوس ہوئے تو انھوں نے یہ دعا پڑھی تھی:

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اللهم ان كانت الخطايا والذنوب قد اخلقت وجهي عندك فلن ترفع لي اليك صوتا ولن تستجيب لي دعوة فاني اسئلك بحق الشيخ يعقوب فارحم ضعفه واجمع بيني وبينه فقد علمت رقته علي وشوقي اليه۔

تفسیر عیاشی میں ہے کہ جبریل امینؑ نے یوسف علیہ السلام کو کنوئیں میں بتایا تھا کہ ایک دن وہ آئے گا جب تم اپنے بھائیوں کو اس واقعہ کی خبر دو گے اور انھیں اس وقت علم نہ ہوگا کہ تم ہی یوسفؑ ہو۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ جب برادرانِ یوسفؑ اپنے بھائی کو کنوئیں میں ڈال چکے تو انھوں نے کہا: اب ہم ایک دُنبہ ذبح کرتے ہیں اور اس کا خون یوسفؑ کی قمیص پر لگا کر اپنے والد سے کہیں گے کہ آپؑ کے یوسفؑ کو بھیڑیا کھا گیا ہے۔ پھر انھوں نے یوسفؑ کی قمیص پر جھوٹ موٹ کا خون لگایا۔ اس وقت یوسفؑ کے ایک بھائی ''لاوی'' نے کہا: بھائیو! کیا ہم یعقوبؑ نبی کے بیٹے نہیں ہیں اور کیا ہمارا دادا اسحاقؑ نبی نہ تھا اور کیا ہمارا پردادا ابراہیمؑ اللہ کا خلیل نہیں تھا؟

سب نے کہا: کیوں نہیں، وہ سب کے سب نبی تھے۔ لاوی نے کہا: تو تم کیا سمجھتے ہو کہ تم جھوٹ بول کر آزاد ہو جاؤ گے؟ کیا خدا وحی کے ذریعہ سے ہمارے والد کو اس واقعہ کے متعلق کچھ نہیں بتائے گا؟ بھائیوں نے کہا: ہاں، اس بات کا تو اندیشہ ہے۔ اب تم ہی بتاؤ ہم کیا کریں؟ لاوی نے کہا: اس کا بس یہی حل ہے کہ ہم سب غسل کریں اور باجماعت نماز پڑھ کر خدا سے درخواست کریں کہ وہ ہمارے والد کو اصل حقیقت سے آگاہ نہ کرے۔

ملّتِ ابراہیمؑ کا قانون تھا کہ گیارہ افراد کے بغیر جماعت نہیں ہوتی تھی۔ جماعت کے لیے پیش نماز سمیت گیارہ افراد کا ہونا ضروری تھا۔ ان میں سے ایک امام بنتا تھا اور دس افراد مقتدی بنتے تھے۔ لیکن اولادِ یعقوبؑ کی مجبوری یہ تھی کہ ان کی تعداد گیارہ سے کم تھی۔ یہ دیکھ کر انھوں نے کہا: اب کیا کریں ہماری تعداد تو گیارہ نہیں بنتی؟

لاوی نے کہا: کوئی بات نہیں ہم اللہ کو اپنا امام بنا لیتے ہیں۔ چنانچہ انھوں نے نماز پڑھی اور رو رو کر خدا سے التجا کی کہ وہ اس معاملہ کو یعقوبؑ سے مخفی رکھے۔

الغرض شام کے وقت وہ روتے ہوئے اپنے والد کے پاس پہنچے اور ان سے کہا: اباجان! ہم اجڑ گئے، یوسفؑ کو بھیڑیا کھا گیا۔ دیکھئے یوسفؑ کی خون آلود قمیص ہمارے پاس ہے۔ حضرت یعقوبؑ نے یوسفؑ کی قمیص دیکھی تو کہیں سے بھی پھٹی ہوئی نہیں تھی۔ آپؑ نے فرمایا: معلوم ہوتا ہے بھیڑیا بڑا مہربان تھا۔ اس نے یوسفؑ کو کھایا لیکن اس کی قمیص کو کہیں سے نہیں پھاڑا۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کتاب الخصال میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ایک روایت کا ماحصل یہ ہے کہ قصۂ یوسفؑ کی جان قمیصِ یوسفؑ پر ہے۔ ایک مرتبہ قمیصِ یوسفؑ پر خون لگایا گیا تھا۔ ایک مرتبہ زلیخا کے ہاتھوں ان کی قمیص پھٹی تو وہ ان کی بے گناہی کا ذریعہ ثابت ہوئی اور پھر وہ وقت بھی آیا جب یوسفؑ حکمران تھے۔ انھوں نے اپنے والد کے پاس اپنی قمیص بھیجی تھی، جس سے حضرت یعقوب علیہ السلام کو کھوئی ہوئی بینائی ملی۔

ہائے یوسفؑ تھوڑی قیمت میں بکا

وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍ بَخْسٍ دَرَاهِمَ مَعْدُودَةٍ

''اور انھوں نے اسے تھوڑی سی قیمت پر چند درہموں کے عوض فروخت کر دیا''۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: بھائیوں نے یوسفؑ کو بیس درہموں کے عوض فروخت کیا تھا جب کہ یہ رقم اتنی حقیر ہے کہ اگر کسی کے ہاتھوں سے شکاری کتا قتل ہو جائے تو عوض میں بیس درہم ادا کیے جاتے ہیں۔

مجمع البیان میں امام سجاد علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: بھائیوں نے یوسفؑ کو بیس درہموں میں فروخت کیا تھا اور دس بھائیوں نے دو دو درہم حاصل کیے تھے۔

عیون الاخبار میں حضرت علی علیہ السلام سے منقول ہے کہ درہم و دینار کے سکّے سب سے پہلے نمرود بن کنعان نے رائج کیے تھے۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: یوسفؑ کی زندگی بھی بڑی عجیب تھی۔ بچپنے میں باپ کی آنکھ کا تارا تھے۔ پھر بک کر غلام بنے پھر کچھ عرصہ بعد مصر کے حاکم بنے۔

عصمتِ یوسفؑ

وَرَاوَدَتْهُ الَّتِي هُوَ فِي بَيْتِهَا عَنْ نَفْسِهِ وَغَلَّقَتِ الْأَبْوَابَ وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ ۚ قَالَ مَعَاذَ اللَّهِ ۖ إِنَّهُ رَبِّي أَحْسَنَ مَثْوَايَ ۖ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الظَّالِمُونَ ﴿٢٣﴾ وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهِ ۖ وَهَمَّ بِهَا لَوْلَا أَنْ رَأَىٰ بُرْهَانَ رَبِّهِ ۚ كَذَٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوءَ وَالْفَحْشَاءَ ۚ إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِينَ ﴿٢٤﴾

''یوسفؑ جس عورت کے گھر میں قیام پذیر تھا وہ اس پر عشق کا جال پھینکنے لگی اور اس نے دروازے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

بند کر دیئے اور کہنے لگی: آ جا۔ یوسفؑ نے کہا: خدا کی پناہ میرے رب نے تو مجھے اچھی منزلت بخشی ہے اور ظلم کرنے والے کبھی فلاح نہیں پاتے۔ وہ اس سے برائی کا ارادہ کر چکی تھی اور اگر یوسفؑ رب کی برہان نہ دیکھ چکا ہوتا تو وہ بھی ارادہ کر لیتا تا کہ ہم اس سے بدی اور برائی کو دُور کریں۔ یقیناً وہ ہمارے چُنے ہوئے بندوں میں سے تھا''۔

عیون الاخبار میں عصمتِ انبیاءؑ کے موضوع پر امام علی رضا علیہ السلام کا ایک مباحثہ مرقوم ہے۔ اس مباحثہ میں آپؑ نے علی بن جہم کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا ہے: وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ ۚ وَهَمَّ بِهَا کا یہ مفہوم ہے زلیخا نے حضرت یوسف علیہ السلام سے جنسی تسکین حاصل کرنے کا ارادہ کیا تھا اور اس کے جواب میں حضرت یوسف علیہ السلام نے یہ ارادہ کر لیا تھا کہ اگر اس نے انھیں زیادہ مجبُور کیا تو وہ اسے قتل کر دیں گے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْٓءَ وَالْفَحْشَآءَ ''اس طرح سے ہم یوسفؑ سے برائی اور بدکاری کو دُور کر رہے تھے''۔ مقصد یہ ہے کہ ہم نے یوسفؑ کو زنا اور قتل سے محفوظ رکھا تھا۔

مامون الرشید نے ایک مرتبہ حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ ۚ وَهَمَّ بِهَا لَوْلَآ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ کی آیت سے بظاہر حضرت یوسفؑ کی عصمت کی نفی ہوتی ہے اور اس آیت کی موجودگی میں آپؑ انبیاء کو کس طرح سے معصوم قرار دے سکتے ہیں؟

اس سوال کے جواب میں آپؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت یوسف علیہ السلام کے متعلق مشروط جملہ کہا ہے اور فرمایا ہے: وَهَمَّ بِهَا لَوْلَآ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ''اگر یوسفؑ پہلے سے اپنے رب کی برہان نہ دیکھ چکے ہوتے تو وہ بھی زلیخا کی طرح سے برائی کا ارادہ کر لیتے۔ لیکن وہ پروردگار کی برہان دیکھ چکے تھے اور وہ معصوم تھے اور معصوم کبھی بھی بدکاری کا ارادہ نہیں کر سکتا۔

میرے جدِ امجد حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے تھے کہ زلیخا جنسی تسکین بجھانے کا ارادہ کر چکی تھی اور یوسفؑ بدفعلی نہ کرنے کا ارادہ کر چکے تھے۔ جب مامون الرشید نے امام علیہ السلام کا یہ جواب سنا تو اس نے کہا: اے ابوالحسن! آپؑ نے میری مشکل دُور کر دی، خدا آپ کی مشکلات آسان فرمائے۔

حضرت امام علی زین العابدین علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جب زلیخا نے بے حیائی کا ارادہ کیا تو اس نے گھر میں رکھے ہوئے بت پر کپڑا ڈالا۔ حضرت یوسفؑ نے ملکہ سے کہا کہ یہ کیا کر رہی ہو؟ ملکہ نے جواب دیا کہ اب ہم

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

بدکاری کریں گے اسی لیے میں چاہتی ہوں کہ میرا معبود ہمیں برائی کرتے ہوئے نہ دیکھے اسی لیے میں نے اس کے چہرے پر کپڑا ڈال دیا ہے، تاکہ یہ ہمیں نہ دیکھ سکے۔

حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا: اے ملکہ! کچھ تو سوچو، تم تو ایک بت کا سامنا کرنے سے گھبرا رہی ہو جو نہ تو دیکھ سکتا ہے اور نہ سن سکتا ہے تو کیا میں اس خدا کا حیا نہ کروں جو دیکھ بھی رہا ہے، سُن بھی رہا ہے اور جو ہر جگہ حاضر و ناظر ہے۔ اسی چیز کو اللہ تعالیٰ نے بُرْهَانَ رَبِّهٖ سے تعبیر کیا ہے۔

امالی صدوق میں مرقوم ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے علقمہ سے فرمایا: لوگوں کو راضی رکھنا ناممکن ہے اور لوگوں کی زبانوں کو خاموش رکھنا اس سے بھی زیادہ مشکل ہے۔ لوگوں کی زبانوں سے تو انبیاءؑ محفوظ نہیں رہے۔ لوگوں نے تو حضرت یوسفؑ پر بھی زنا کا الزام عائد کیا تھا۔

توضیح: محقق فیض مرحوم اعلی اللہ مقامہٗ نے تفسیر صافی میں اس عنوان کی مختلف روایات نقل کرنے کے بعد اپنی طرف سے یہ تبصرہ کیا۔

عامہ نے حضرت یوسف علیہ السلام کی بے عفتی کے متعلق بہت سی روایات لکھی ہیں جنھیں نقل کرنا مناسب نہیں ہے جب کہ انھیں صحیح سمجھنا تو اور زیادہ مصیبت ہے۔ یوسفؑ و زلیخا کے اس واقعہ سے شخصیات کا بالواسطہ یا بلاواسطہ تعلق ہے اور وہ شخصیات یہ ہیں: ۱- یوسفؑ ۲- زلیخا ۳- زنانِ مصر ۴- عزیز مصر ۵- گواہ ۶- رب العالمین ۷- ابلیس لعین۔

مذکورہ چھ شخصیات کے بیانات سے یوسفؑ کی بے گناہی ثابت ہوتی ہے۔

۱- یوسف علیہ السلام نے اپنی بے گناہی کے متعلق فرمایا تھا: هِيَ رَاوَدَتْنِيْ عَنْ نَّفْسِيْ "ملکہ نے مجھے اپنی جانب مائل کرنا چاہا ہے"۔ ایک اور مقام پر انھوں نے کہا تھا: رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَيَّ مِمَّا يَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ "پروردگار! ان عورتوں کی دعوتِ گناہ قبول کرنے سے مجھے زندان جانا زیادہ پسند ہے"۔

۲- جہاں تک عزیز مصر کی بیوی کا تعلق ہے تو اس نے بھی مصری خواتین کے مجمع میں کہا تھا: وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ فَاسْتَعْصَمَ "میں نے اسے اپنی جانب مائل کرنا چاہا تھا لیکن وہ بچ نکلا"۔ اور جب کردارِ یوسفؑ کے متعلق عمومی تحقیق ہوئی تھی تو اس نے کہا تھا: اَلْئٰنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ ۫ اَنَا رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ "اب جب کہ حق واضح ہو چکا ہے میں نے ہی اسے اپنی طرف سے راغب کرنا چاہا تھا"۔ الغرض ملکہ نے بھی یوسفؑ کی بے گناہی کا اعتراف کیا تھا۔

۳- جہاں تک عزیز مصر کا تعلق ہے تو اس نے بھی حضرت یوسفؑ کی بے گناہی کا اعلان کیا تھا اور اس نے اپنی بیوی

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کو گناہ گار قرار دیتے ہوئے یہ کہا تھا: اِنَّهٗ مِنْ كَيْدِكُنَّ ۚ اِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيْمٌ ۝ ''یہ سب تمھاری چالیں ہیں تمھاری چالیں بہت سخت ہوتی ہیں''۔

۴- جہاں تک زنانِ مصر کا تعلق ہے تو انھوں نے بھی یوسف علیہ السلام کو بے گناہ قرار دیا تھا اور انھوں نے کہا تھا: امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ تُرَاوِدُ فَتٰىهَا عَنْ نَّفْسِهٖ ۚ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ۚ اِنَّا لَنَرٰىهَا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ ''عزیز کی بیوی اپنے غلام کو اپنی جانب مائل کر رہی ہے۔ وہ محبت میں بے قابو ہو چکی ہے ہماری نظر میں وہ صریح غلطی کا ارتکاب کر رہی ہے''۔

اور پھر جب حضرت یوسف علیہ السلام کے مطالبہ پر عمومی تحقیق کی گئی تو زنانِ مصر نے یہ گواہی دی تھی: حَاشَ لِلّٰهِ مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ مِنْ سُوْٓءٍ ''خدا کی پناہ! ہم نے اس میں کوئی برائی نہیں دیکھی تھی''۔ یوں زنانِ مصر نے بھی حضرت یوسف علیہ السلام کی بے گناہی کا اقرار کیا تھا۔

۵- جہاں تک گواہ کی گواہی کا تعلق ہے تو اس نے بھی حضرت یوسفؑ کی بے گناہی کا اقرار کیا تھا اور کہا تھا کہ اگر اس کی قمیص آگے سے پھٹی ہوئی ہو تو یوسفؑ قصوروار ہے اور ملکہ بے گناہ ہے اور اگر یوسفؑ کی قمیص پیچھے سے پھٹی ہوئی ہو تو قصور ملکہ کا ہے اور یوسفؑ سچا ہے۔

۶- جہاں تک رب العالمین کی گواہی کا تعلق ہے تو اللہ نے بھی انھیں بے گناہ قرار دیتے ہوئے فرمایا ہے: كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْٓءَ وَالْفَحْشَآءَ ''اس طرح سے ہم اس سے برائی اور بے حیائی کو دُور کر رہے تھے''۔

۷- جہاں تک ابلیس لعین کا تعلق ہے تو اس نے بھی بالواسطہ طور پر یوسف علیہ السلام کی بے گناہی کا اعتراف کیا ہے کیونکہ اس نے اللہ تعالیٰ کے سامنے یہ کہا تھا:

فَبِعِزَّتِكَ لَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ۝ (ص: ۸۲-۸۳)

''تیری عزت کی قسم! میں ان سب کو گمراہ کروں گا مگر جو تیرے چُنے ہوئے بندے ہوں گے انھیں میں گمراہ نہیں کروں گا''۔

اور اللہ تعالیٰ نے حضرت یوسف علیہ السلام کے متعلق یہ گواہی دی: اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ ۝ ''یقیناً یوسفؑ ہمارے چُنے ہوئے بندوں میں سے تھے۔ اس سے ثابت ہوا کہ یوسف علیہ السلام سے کوئی غلطی صادر نہیں ہوئی تھی۔ وہ جاہل جو یوسف علیہ اسلام کی طرف غلطی کو منسوب کر رہے ہیں اگر وہ اللہ کے دین کے پیروکار ہیں تو انھیں چاہیے کہ وہ اللہ کی گواہی قبول کر لیں اور یوسفؑ کی بے گناہی کا عقیدہ اپنا لیں اور اگر ان کا تعلق ابلیس کے گروہ سے ہے تو بھی انھیں چاہیے کہ وہ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

یوسفؑ کی بے گناہی کا عقیدہ رکھیں، کیونکہ ابلیس نے بھی یوسفؑ کی بے گناہی کا اقرار کیا تھا۔

تفسیر عیاشی میں مرقوم ہے کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا کہ لوگ لَوْلَآ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ کے متعلق کیا کہتے ہیں؟

حضرتؑ کے ایک ساتھی نے عرض کیا کہ لوگ کہتے ہیں کہ جب ملکہ نے حضرت یوسفؑ کو گناہ کی پیش کش کی تھی تو یوسف علیہ السلام نے اسے قبول کرلیا تھا اور جب انھوں نے فعلِ بد کا ارادہ کیا تو اس وقت انھوں نے دیکھا کہ یعقوب علیہ السلام اپنی انگلی کو حیرت وافسوس سے کاٹ رہے تھے۔ چنانچہ اپنے والد کو وہاں پاکر یوسف علیہ السلام گناہ سے بچ گئے تھے اور یہی چیز ''برہانِ رب'' تھی۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: یہ بات صحیح نہیں ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ ملکہ نے گھر میں موجود بت کے چہرے پر کپڑا ڈالا تھا۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے اس سے فرمایا: یہ کیا کر رہی ہے؟ اس نے کہا: یہ میرا معبُود ہے میں چاہتی ہوں کہ یہ مجھے برائی کرتے ہوئے نہ دیکھے۔

حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا: اے ملکہ! تو ایک اندھے اور بہرے بت سے تو شرم کر رہی ہے کیا میں سمیع وبصیر خدا سے شرم نہ کروں۔ یہ رب کی وہ برہان تھی جس کی وجہ سے حضرت یوسف علیہ السلام برائی سے بچ گئے تھے۔

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ بُرْهَانَ رَبِّهٖ کے متعلق مفسرین سے بہت سے اقوال مروی ہیں۔ ان اقوال میں سے ایک قول یہ ہے کہ برہانِ رب سے نبوت مراد ہے اور نبوت ہر برائی اور بے حیائی سے رکاوٹ کا کام دیتی ہے۔ یہ قول امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے۔

کتاب معانی الاخبار میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْٓءَ وَالْفَحْشَآءَ کی آیت مجیدہ میں لفظ ''سوء وفحشاء'' سے زنا مراد ہے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جب ملکہ نے بے حیائی کا ارادہ کیا تو اس نے اپنے بت پر ایک کپڑا ڈال دیا۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے اس سے وجہ پوچھی تو اس نے کہا: میں نہیں چاہتی کہ میرا یہ معبُود مجھے برائی کی حالت میں دیکھے۔

حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا: اے ملکہ! کچھ تو حیا کرو۔ تم ایک اندھے اور بہرے بت سے شرم محسوس کر رہی ہو تو کیا میں اپنے سمیع وبصیر خدا سے شرم نہ کروں؟! یہ کہہ کر یوسف علیہ السلام دوڑ پڑے۔ ملکہ اُن کے پیچھے دوڑی اور جب

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

خری دروازے پر پہنچے تو ملکہ نے پیچھے سے ان کا قمیص پکڑا اور وہ پھٹ گیا۔ ابھی یہ کش مکش جاری تھی کہ دروازے پر ملکہ کا شوہر پہنچ گیا۔ جب ملکہ نے اپنے شوہر کو دیکھا تو اس نے سارا الزام حضرت یوسفؑ پر ڈالتے ہوئے کہا: اس نے آج میری عزت خاک میں ملانے کی ٹھان لی تھی۔ اگر میں اس کا کہنا مان لیتی تو بے عفت ہوگئی ہوتی۔ لہٰذا اسے یا تو سخت سزا ملنی چاہیے یا کم از کم اسے زندان میں بھیج دینا چاہیے۔

عزیزِ مصر نے بیوی کا الزام سن کر یوسف علیہ السلام کی طرف دیکھا تو حضرت یوسفؑ نے کہا: میں بالکل بے گناہ ہوں، اس نے ہی مجھے پھانسنے کی کوشش کی تھی جب کہ میں اس کے چنگل سے بچنے کے لیے بھاگ آیا تھا۔ اس وقت اللہ تعالیٰ نے حضرت یوسفؑ کو الہام کیا کہ تم عزیزِ مصر سے کہو اگر تم اصل حقیقت جاننا چاہتے ہو تو تم گہوارے میں لیٹے ہوئے اس معصوم بچے سے پوچھ لو، بچہ بول اُٹھے گا۔

حضرت یوسف علیہ السلام نے عزیزِ مصر سے فرمایا: تم اس معصوم بچے سے پوچھ لو وہ بھی میری بے گناہی کی تصدیق کرے گا۔ عزیزِ مصر نے گہوارے میں لیٹے ہوئے بچے سے کہا کہ تم بتاؤ اصل حقیقت کیا ہے؟

اللہ تعالیٰ نے بچے کو بولنے کی قوت عطا فرمائی اور اس نے کہا: تم یوسفؑ کے قمیص کو دیکھ لو اگر وہ آگے سے پھٹا ہوا ہو تو عورت سچی ہے اور یوسفؑ جھوٹا ہے اور اگر یوسف علیہ السلام کا قمیص پیچھے سے پھٹا ہوا ہو تو پھر عورت جھوٹی ہے اور یوسفؑ سچا ہے۔

جب عزیزِ مصر نے حضرت یوسف علیہ السلام کی قمیص پر نظر کی تو وہ پیچھے سے پھٹی ہوئی تھی۔ اس کو حضرت یوسف علیہ السلام کی بے گناہی کا یقین ہوگیا۔ اس نے اپنی بیوی سے کہا: یہ سب تمھاری کارستانی ہے اور تمھارے مکر بڑے عظیم ہوتے ہیں۔ پھر اس نے یوسف علیہ السلام کو مخاطب کر کے کہا تھا کہ اے یوسفؑ! اس بات سے درگزر کرو۔ اور اس نے اپنی بیوی سے کہا تھا: تو اپنے گناہ کی بخشش طلب کر یقیناً تو خطا کاروں میں سے ہے۔

کتاب الخصال میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ سورۂ یوسف میں حضرتؑ کی قمیص کا تین بار تذکرہ کیا گیا ہے۔ پہلی بار فرمایا: وَجَآءُوْ عَلٰى قَمِيْصِهٖ بِدَمٍ كَذِبٍ ''بھائی یوسفؑ کے قمیص پر جھوٹ موٹ کا خون لگا کر لے آئے''۔ اس مرتبہ یہ قمیص باپ کے لیے صدمہ کا باعث ہوگا۔

دوسری بار فرمایا: اِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ قُبُلٍ ..... ''اگر اس کی قمیص آگے سے پھٹی ہوئی ہو تو عورت نے سچ کہا اور یوسفؑ جھوٹا ہے اور اگر اس کی قمیص پیچھے سے پھٹی ہوئی ہو تو عورت نے جھوٹ کہا اور یوسفؑ سچا ہے۔ جب اس نے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

قمیص کو دیکھا کہ پیچھے سے پھٹی ہوئی ہے تو اس نے کہا: یہ تمھاری ایک چال ہے۔ تمھاری چالیں بڑی سخت ہوا کرتی ہیں۔ اس بار آپؑ کی قمیص آپؑ کی پاکدامنی کا ذریعہ ثابت ہوئی۔

تیسری بار فرمایا: اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا ''تم میرا یہ قمیص لے جاؤ اور اسے جاکر میرے والد کے چہرے سے لگاؤ وہ دوبارہ دیکھنے لگ جائیں گے''۔ اس بار آپؑ کی قمیص حضرت یعقوب علیہ السلام کی بینائی کی بحالی کا ذریعہ ثابت ہوئی۔

اسیرِ محبت

قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ..... ''اسے محبت نے بے قابو کر دیا ہے''۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے ان الفاظ کا یہ مفہوم منقول ہے کہ محبت نے اسے لوگوں سے علیحدہ کر دیا ہے، وہ ہر وقت یوسف علیہ السلام کے خیال میں ہی مگن رہتی ہے۔ ''شغاف'' حجابِ قلب کو کہا جاتا ہے۔

مجمع البیان میں ہے کہ حضرت امام علی، امام سجاد، امام محمد باقر اور امام جعفر صادق علیہم السلام نے شغفها کو شعفها عین کے ساتھ پڑھا ہے۔

ابوسعید خدری بیان کرتے ہیں کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے معراج کی شب دوسرے آسمان پر ایک شخص کو دیکھا جس کا چہرہ چودھویں کے چاند کی طرح سے حسین تھا۔ میں نے جبریلِ امینؑ سے پوچھا کہ یہ کون ہیں؟ جبریل امینؑ نے کہا: یہ آپ کے بھائی یوسفؑ ہیں۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: یوسف علیہ السلام نے مصر میں ایک حسینۂ عالم کو نکاح کا پیغام بھیجا۔ اس عورت نے کہا کہ کیا میں بادشاہ کے زرخرید غلام سے شادی کر لوں؟

حضرت یوسفؑ نے اس کے باپ کو نکاح کا پیغام بھجوایا۔ اس نے کہا کہ میری بیٹی اپنے فیصلہ میں آزاد ہے۔ پھر آپؑ نے اللہ تعالیٰ سے رو رو کر اس کے رشتہ کی درخواست کی۔ اللہ تعالیٰ نے آپؑ کی دعا قبول فرمائی اور فرمایا: میں نے اس سے تیری شادی کر دی ہے۔

حضرت یوسف علیہ السلام نے اس کے گھر پیغام بھجوایا کہ میں تم لوگوں سے ملنے کے لیے آنا چاہتا ہوں۔ اس عورت نے جواب میں کہلا بھیجا کہ آپ تشریف لائیں۔ جب آپؑ اس کے گھر پہنچے تو آپؑ کے حسن و جمال سے پورا گھر چمک

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

تھی۔ جب عورت نے آپؑ کے جمال بے مثال کا مشاہدہ کیا تو کہا یہ تو محترم فرشتہ ہے۔ آپؑ نے اس سے پانی طلب کیا۔ عورت پانی بھر کر لائی اور اس نے آپؑ کے ہاتھ میں جام دینے کی بجائے آپؑ کے منہ سے جام لگایا۔ حضرت یوسفؑ نے اس کی یہ محویت دیکھی تو اس سے کہا: جلد بازی نہ کرو، کچھ دن انتظار کرلو۔ پھر آپؑ نے اس سے شادی کرلی۔

محبت ہی وبالِ جان بنی

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا کہ جب حضرت یوسف علیہ السلام قید خانہ میں تھے تو ایک دن زندان بان نے آپؑ سے کہا: اے یوسفؑ! مجھے تم سے محبت ہے۔ حضرت یوسفؑ نے فرمایا: خیال رکھنا، زندگی میں مجھ پر جو بھی مصیبتیں آئی ہیں سب محبت کی وجہ سے آئی ہیں۔ میری خالہ کو مجھ سے محبت تھی تو اس نے مجھے چور بنا دیا تھا۔ میرے والد نے مجھ سے محبت کی تو ان کی محبت دیکھ کر میرے بھائیوں نے مجھ سے حسد کیا۔ عزیزِ مصر کی بیوی نے مجھ سے محبت کی تو مجھے زندان میں آنا پڑا۔ (خدا جانے اب تیری محبت کیا گل کھلائے گی؟)

حضرت یوسفؑ نے بارگاہ احدیت میں عرض کیا: پروردگار! مجھے کس جرم میں زندان بھیجا گیا ہے؟

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تو نے خود ہی مجھ سے زندان جانے کی خواہش کی تھی اور کہا تھا کہ ان عورتوں کی دعوت قبول کرنے سے تو مجھے زندان جانا زیادہ پسند ہے۔ اور اگر اس کی بجائے تو یہ کہتا کہ ان کی دعوت قبول کرنے سے مجھے عافیت عطا فرما تو میں تجھے کبھی بھی زندان نہ بھیجتا۔

کتاب الخصال میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام فراقِ یعقوبؑ میں اتنا روئے کہ قیدی تنگ آ گئے اور انھوں نے آپؑ سے کہا: اگر آپؑ دن کو روئیں تو ہم رات کو آرام کریں گے اور اگر رات کو روئیں تو ہم دن کو آرام کریں گے۔ آخر کار آپؑ کو رونے کے لیے ایک وقت مقرر کرنا پڑ گیا۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ حضرت یوسفؑ والد کے فراق میں قید خانہ میں اتنا روئے کہ قیدی تنگ آ گئے۔ آپؑ نے ان سے اس بات پر مصالحت کی کہ ایک دن روئیں گے اور ایک دن خاموش رہیں گے۔

اصولِ کافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: حضرت جبریل علیہ السلام قید خانہ میں حضرت یوسفؑ کے پاس آئے اور ان سے کہا کہ ہر نماز کے بعد یہ دعا پڑھو: (خدا تمھیں رہائی دے گا)

اللھم اجعل لی فرجا ومخرجا وارزقنی من حیث احتسب ومن حیث لا احتسب –

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

قیدیوں کے خواب

تفسیر عیاشی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جب بادشاہ کے حکم سے حضرت یوسفؑ قید خانہ میں گئے تو اللہ نے انھیں تعبیرِ خواب کا علم الہام کیا۔ آپؑ قیدیوں کو ان کے خوابوں کی تعبیر بتایا کرتے تھے۔ بادشاہ کے دو نوکر قید ہو کر آئے اور انھیں آپؑ کے ساتھ ٹھہرایا گیا۔ زندان میں انھیں ایک رات گزری تو صبح کے وقت ان میں سے ایک قیدی نے حضرت یوسفؑ سے کہا کہ میں نے خواب دیکھا ہے کہ میں شراب کشید کر رہا ہوں۔ دوسرے نے کہا میں نے خواب دیکھا ہے کہ میرے سر پر روٹیاں ہیں اور پرندے انھیں نوچ رہے ہیں۔ ہمارے ان خوابوں کی تعبیر بتائیں۔

آپؑ نے پہلے سے فرمایا کہ تم رہا ہو جاؤ گے اور اپنے بادشاہ کو شراب پلاؤ گے۔ دوسرے سے فرمایا کہ تمھیں صلیب پر لٹکایا جائے گا، پرندے تمھارا دماغ نوچ نوچ کر کھائیں گے۔ آپؑ نے جو تعبیر دی تھی وہ حرف بحرف سچی ثابت ہوئی۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: یوسف علیہ السلام زندان میں بیمار قیدیوں کی تیمارداری کرتے تھے اور حاجت مندوں کی مدد کرتے تھے اور دل کھول کر قیدیوں کی مدد کیا کرتے تھے۔ آپؑ کے انھی اوصاف کی وجہ سے قیدیوں نے آپؑ سے کہا تھا: اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ ''ہم آپ کو نیکوکاروں میں سے خیال کرتے ہیں''۔

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ کا ایک مفہوم یہ بھی ممکن ہے کہ قیدیوں نے آپؑ سے کہا ہو کہ ہم دیکھ رہے ہیں کہ آپؑ صحیح تعبیر بتلاتے ہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ خوابوں کا سلسلہ سابقہ اُمتوں میں بھی موجود تھا اور ایک حدیث میں کہا گیا ہے کہ خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ انبیاء بھی آنے والے حالات بتاتے ہیں اور خواب میں بھی مستقبل کی جھلک دکھائی دیتی ہے۔

گویا قیدی آپؑ سے یہ کہہ رہے تھے کہ آپؑ تعبیرِ خواب کے ماہر ہیں۔ امیر المومنین علی علیہ السلام کا فرمان ہے: ہر انسان کی قیمت وہ ہنر ہے جسے وہ اچھے انداز سے انجام دے سکتا ہے۔

مجمع البیان میں ہے کہ ایک قیدی نے آپؑ سے کہا تھا کہ میں نے انگور کے تین خوشے دیکھے ہیں، جنھیں میں نے بادشاہ کے جام میں نچوڑا اور اس کے بعد اسے پلایا ہے۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا: تم تین دن کے بعد رہا ہو جاؤ گے اور بادشاہ کے ساقی بنو گے۔

ایک اور روایت میں بیان کیا گیا ہے کہ جس قیدی نے یہ کہا تھا کہ میں نے دیکھا ہے کہ میرے سر پر روٹیاں ہیں جنھیں

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

پرندے نوچ رہے ہیں' اس نے یہ خواب خود گھڑ لیا تھا۔ جب حضرت یوسفؑ نے اس کی تعبیر دی تو وہ خدا کی تقدیر بن گیا۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جس قیدی کے متعلق حضرت یوسفؑ نے یہ تعبیر دی تھی کہ وہ رہا ہو جائے گا اور بادشاہ کی ساقی گری پر مامور ہوگا' آپؑ نے اس سے کہا کہ جب تو رہا ہو کر بادشاہ کے پاس جائے تو وہاں مجھے یاد کر لینا۔

اس وقت حضرت یوسف علیہ السلام خدا کی طرف متوجہ نہیں ہوئے تھے' بلکہ ایک عام انسان سے اپنی رہائی کی سفارش کرائی تھی۔ اس وقت اللہ تعالیٰ نے حضرت یوسفؑ کو وحی کی اور فرمایا: اے یوسفؑ! تجھے بچپن میں وہ خواب کس نے دکھایا تھا؟ یوسفؑ نے عرض کیا: پروردگار! تو نے ہی وہ خواب دکھایا تھا۔

خدا نے فرمایا: تجھے باپ کا منظورِ نظر کس نے بنایا تھا؟ یوسفؑ نے عرض کیا: پروردگار! تو نے ہی مجھے میرے باپ کی آنکھوں کا تارا بنایا تھا۔ خدا نے فرمایا: تیری نجات کے لیے اس قافلہ کو کنوئیں کے پاس کس نے بھیجا تھا؟ یوسفؑ نے عرض کیا: خدایا! تو نے ہی قافلہ بھیجا تھا۔

خدا نے فرمایا: تجھے کنوئیں میں وہ دعا کس نے تعلیم کی تھی جس کے اثر سے تو کنوئیں سے باہر آیا تھا؟ یوسفؑ نے عرض کیا: خدایا! تو نے ہی وہ دعا تعلیم دی تھی۔ خدا نے فرمایا: عورت کی چال سے کس نے تجھے محفوظ رکھا تھا؟ یوسفؑ نے عرض کیا: خدایا! تو نے ہی مجھے محفوظ رکھا تھا۔

خدا نے فرمایا: معصوم بچے کو تیری بے گناہی کے لیے کس نے قوتِ گویائی عطا کی تھی؟ یوسفؑ نے عرض کیا: خدایا! تو نے ہی اسے بولنے کی قوت عطا کی تھی۔ خدا نے فرمایا: عزیزِ مصر کی بیوی اور دوسری زنانِ مصر کی چالوں سے تجھے کس نے بچایا تھا؟ یوسفؑ نے عرض کی: خدایا! یہ تیرا ہی احسان تھا۔

خدا نے فرمایا: تجھے خوابوں کی تعبیر کس نے سکھائی تھی؟ یوسفؑ نے کہا: خدایا! تو نے ہی مجھے خوابوں کی تعبیر عطا کی ہے۔ خدا نے فرمایا: اے یوسفؑ! پھر تجھے اتنا تو سوچنا چاہیے تھا جب سب کچھ میں نے کیا ہے اور اگر تو زندان سے نجات کا خواہش مند تھا تو پھر تو نے مجھے کیوں نہ کہا اور مجھے چھوڑ کر ایک انسان کو اپنی سفارش کے لیے کیوں کہا؟؟! ب تیری سزا یہی ہے کہ تو مزید کئی سالوں تک زندان میں رہے گا۔

ایک اور روایت میں مذکور ہے کہ جب یوسف علیہ السلام نے قیدی سے کہا کہ بادشاہ کے ہاں مجھے یاد کر لینا اور میری رہائی کے لیے سفارش کرنا تو اس وقت جبریل امینؑ زندان میں آئے اور انھوں نے پاؤں کی ٹھوکر ماری جس سے ساتویں

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

زمین ظاہر ہوئی۔ جبریل امینؑ نے کہا: اے یوسفؑ! دیکھو تمھیں ساتویں زمین پر کیا دکھائی دے رہا ہے؟

حضرت یوسفؑ نے کہا: مجھے ایک چھوٹا سا پتھر دکھائی دے رہا ہے۔ پھر وہ پتھر پھٹ گیا۔ اس میں سے ایک چھوٹا سا کیڑا نمودار ہوا۔ حضرت جبریلؑ نے کہا: اے یوسفؑ! یہ بتاؤ اس کیڑے کو رزق دینے والا کون ہے؟ حضرت یوسفؑ نے کہا: اس کا رازق اللہ ہے۔

اس وقت حضرت جبریلؑ نے کہا: پھر سن لو تمھارا پروردگار تم سے کہہ رہا ہے کہ جب میں نے ساتویں زمین پر موجود پتھر کے اندر رہنے والے کیڑے کو فراموش نہیں کیا تو کیا میں تجھے فراموش کر سکتا تھا؟ آخر تم نے ایک انسان سے یہ کیوں کہا کہ مجھے بادشاہ کے دربار میں یاد کر لینا۔ تو اپنے اس قول کی وجہ سے اب مزید کئی برس زندان میں ہی رہے گا۔

حضرت جبریلؑ کی یہ بات سن کر حضرت یوسف علیہ السلام اتنا روئے کہ آپؑ کے ساتھ زندان کی دیواریں بھی رونے لگ گئیں اور قیدیوں کو اس سے اذیت محسوس ہونے لگی۔ آپؑ نے قیدیوں سے اس بات پر مصالحت کی کہ ایک دن روئیں گے اور دوسرے دن خاموش رہیں گے۔ جس دن آپؑ خاموش رہتے تھے وہ دن آپؑ پر زیادہ سخت گزرتا تھا۔

مجمع البیان میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آپؐ نے فرمایا: مجھے اپنے بھائی یوسفؑ پر تعجب ہے کہ انھوں نے خالق کو چھوڑ کر مخلوق کا سہارا کیوں ڈھونڈا تھا؟ اور اگر وہ یہ جملہ نہ کہتے تو کئی سالوں کی قید سے بچ جاتے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب یوسف علیہ السلام نے ایک قیدی سے اپنی سفارش کے لیے کہا تو جبریلؑ نازل ہوئے اور انھوں نے کہا:

اے یوسفؑ! رب العالمین تجھے سلام کہتا ہے اور سلام کے بعد تجھ سے کہتا ہے کہ تجھے اپنی مخلوق میں حسین وجمیل کس نے بنایا؟ یوسفؑ نے کہا: خدایا! تو نے ہی مجھے حسین بنایا۔ جبریلؑ نے کہا کہ اللہ کہہ رہا ہے تیرے بڑے بھائیوں کی موجودگی میں تجھے تیرے باپ کا منظورِ نظر کس نے بنایا؟ حضرت یوسفؑ نے اپنا رخسار زمین پر رکھا اور عرض کیا: خدایا! تو نے ہی ایسا کیا ہے۔ جبریلؑ نے کہا کہ اللہ فرماتا ہے: تجھے کنوئیں سے کس نے نجات دی ہے؟ یوسفؑ کی چیخ نکل گئی اور کہا: خدایا! تو نے ہی مجھے کنوئیں سے نجات دی تھی۔ حضرت جبریلؑ نے کہا کہ تو نے خدا کو چھوڑ کر ایک بندے سے مدد طلب کی ہے۔ اب تیری سزا یہ ہے کہ اب کچھ مزید برس تک تجھے زندان میں رہنا پڑے گا۔ جب میعاد پوری ہوگئی اور اللہ نے آپؑ کو رہائی کی دعا مانگنے کی اجازت دی تو آپؑ نے اپنا رخسار زمین پر رکھا اور یہ دعا مانگی:

اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَتْ ذُنُوْبِی قَدْ اَخْلَقَتْ وَجْهِیْ عِنْدَكَ فَاِنِّیْ اَتَوَجَّهُ بِوَجْهِ اٰبَائِی الصَّالِحِیْنَ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اِبرَاهِیمَ وَ اِسمَاعِیلَ وَ اِسحَاقَ وَیَعقُوبَ ۔

اللہ تعالیٰ نے اس دعا کی برکت سے یوسفؑ کو زندان سے نجات دی۔

راوی کا بیان ہے کہ میں نے امام علیہ السلام سے عرض کیا: اے فرزندِ رسولؐ! کیا مشکلات کے وقت ہم بھی یہ دعا پڑھ سکتے ہیں؟ آپؑ نے فرمایا: تم یہ دعا نہ پڑھو البتہ اس جیسی یہ دعا پڑھو:

اَللّٰھُمَّ اِنَّ کَانَتْ ذُنُوبِی قَدْ اَخْلَقَتْ وَجْھِی عِنْدَکَ فَاِنِّی اَتَوَجَّھُ اِلَیْکَ بِنَبِیِّکَ نَبِیِّ الرَّحْمَۃِ مُحَمَّدٍ وَعَلِیٍّ وَفَاطِمَۃَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ وَالْاَئِمَّۃِ عَلَیْھِمُ السَّلَامُ ۔

امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ایک اور روایت کا ماحصل یہ ہے کہ جب حضرت یوسف علیہ السلام نے ایک انسان کو اپنا سفارشی بنایا تو اللہ اس پر ناراض ہوا اور اس کی طرف وحی کی جس میں اپنے احسان یاد دلائے اور پھر فرمایا کہ تو نے مجھے چھوڑ کر ایک انسان سے مدد طلب کیوں کی؟ اب تیری سزا یہ ہے کہ کچھ مزید برس تو زندان میں پڑا رہے گا۔

حضرت یوسف علیہ السلام کئی برس تک زندان میں پڑے رہے۔ جب قید سے تنگ ہوئے تو انھوں نے بارگاہِ احدیت میں عرض کیا: پروردگار! تجھے میرے آباء کے حق کا واسطہ! مجھے زندان سے رہائی طلب کر۔

اللہ تعالیٰ نے وحی کی اور فرمایا: اے یوسفؑ! تیرے آباء واجداد کا مجھ پر کون سا حق ہے؟ اگر تیرے ذہن میں تیرے دادا آدمؑ کا حق ہے تو پھر سنو! میں نے اسے اپنی قدرتِ کاملہ سے پیدا کیا اور اس میں اپنی روح پھونکی اور میں نے اسے اپنی جنت میں رہائش دی جہاں اسے ہر طرح کی آسائش حاصل تھی۔ میں نے اس سے کہا کہ ایک درخت کے قریب مت جانا مگر اس نے میری نافرمانی کی۔ پھر میں نے اس کی توبہ قبول کی تھی۔

اور اگر تیرے ذہن میں تیرے دادا نوح علیہ السلام کا تصور ہو تو پھر سنو میں نے اپنی مخلوق میں سے اسے چنا تھا اور میں نے اسے اپنا رسول بنایا تھا جب لوگوں نے نافرمانی کی تو نوح علیہ السلام نے بددعا کی تھی۔ میں نے اس کی بددعا قبول کی تھی اور میں نے گناہ گاروں کو غرق کر دیا تھا اور نوح علیہ السلام اور اس کے ساتھیوں کو نجات دی تھی۔

اور اگر تیرے ذہن میں تیرے دادا ابراہیمؑ کا تصور ہو تو پھر سنو میں نے اسے اپنا خلیل بنایا تھا اور میں نے اسے آگ سے نجات دی تھی۔ اور اگر تیرے ذہن میں تیرے والد یعقوبؑ کا تصور ہو تو پھر سنو میں نے اسے بارہ بیٹے عطا کیے اور ایک بیٹے کو اس کی نگاہ سے اوجھل کیا تو وہ تب سے گریہ کر رہا ہے اور رو رو کر آنکھیں دے بیٹھا ہے اور سڑک پر بیٹھ کر لوگوں کے سامنے میرا شکوہ کرتا رہتا ہے۔ اب تم خود ہی بتاؤ تمھارے آباء واجداد کا مجھ پر کیا حق ہے؟

Presented by Ziaraat.Com

Scanned by CamScanner

اس وقت جبریل امینؑ نے کہا: اے یوسفؑ! تم یہ الفاظ کہو: اسئلك بمنك العظيم واحسانك القديم۔

جب یوسف علیہ السلام نے یہ دعا مانگی تو اسی رات بادشاہ نے سات گایوں والا خواب دیکھا اور اسی خواب کی وجہ سے حضرتؑ کو رہائی نصیب ہوئی۔

مجمع البیان میں ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام وَسَبْعَ سُنْبُلٰتٍ کو سَبْعَ سَنَابِلَ پڑھتے تھے۔

تفسیر عیاشی میں ابن ابی یعفور سے منقول ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو سَبْعَ سَنَابِلَ خُضْرَةٍ پڑھتے ہوئے سنا۔

خوابوں کی دنیا

روضہ کافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: خواب تین قسم کے ہوتے ہیں:

۱- کچھ خواب خدا کی طرف سے مومن کے لیے بشارت ہوتے ہیں۔

۲- کچھ خواب ابلیس کی طرف سے انسان کو خوفزدہ کرنے کے لیے ہوتے ہیں۔

۳- کچھ خواب پریشان ہوتے ہیں۔

امالی صدوق میں نوفلی سے منقول ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ بعض اوقات انسان خواب دیکھتا ہے تو اس کی تعبیر اس کے خواب کے عین مطابق ہوتی ہے اور کبھی انسان خواب دیکھتا ہے تو کچھ بھی وقوع پذیر نہیں ہوتا۔ آخر اس کی کیا وجہ ہے؟

آپؑ نے فرمایا: جب مومن سو جاتا ہے تو اس کی روح سے ایک حرکت برآمد ہوتی ہے جو آسمان کی طرف چلی جاتی ہے اور وہاں مقام تقدیر و تدبیر پر پہنچ کر وہ جو کچھ دیکھتی ہے وہ حق ہوتا ہے اور جو کچھ وہ زمین پر دیکھتا ہے تو وہ خواب پریشان ہوتے ہیں۔

حضرت امام علی علیہ السلام کا بیان ہے کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا کہ اس کی کیا وجہ ہے کہ کبھی انسان کو سچے خواب دکھائی دیتے ہیں اور کبھی جھوٹے خواب؟

آپؐ نے فرمایا: جب انسان سو جاتا ہے تو اس کی روح کو رب العالمین کے حضور پیش کیا جاتا ہے۔ روح جو کچھ رب العالمین کے پاس دیکھتی ہے وہ حق ہوتا ہے۔ پھر جب اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس روح کو جسم میں پلٹانے کا حکم صادر ہوتا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ہے اور روح واپسی کے سفر میں جب آسمان و زمین کے درمیان ہوتی ہے اور وہاں جو کچھ دیکھتی ہے وہ پریشان خواب ہوتے ہیں۔

''اضغاث'' اور ''رؤیا'' کا فرق

تفسیر عیاشی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: ایک بار حضرت فاطمۃ الزہراء سلام اللہ علیہا نے خواب میں دیکھا گویا حسنؑ و حسینؑ ذبح کر دیئے گئے ہیں یا قتل کر دیئے گئے ہیں۔ یہ خواب دیکھ کر آپؑ غمگین ہوئیں اور آپؑ نے یہ خواب اپنے والد ماجد رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بیان کیا۔

آنحضرتؐ نے یہ خواب سن کر آواز دی کہ اے رؤیا! سامنے آ۔ رؤیا مجسم ہوکر آپؐ کے سامنے آ گیا۔ آپؐ نے اس سے فرمایا: کیا تو نے میری بیٹی کو یہ منظر دکھایا ہے؟ اس نے کہا: نہیں یارسولؐ اللہ! پھر آپؐ نے آواز دے کر فرمایا: اضغاث! سامنے آ۔ اضغاث مجسم ہوکر سامنے آیا تو آپؐ نے فرمایا: کیا تو نے میری بیٹی کو یہ منظر دکھایا ہے؟ اس نے کہا: جی ہاں۔ آپؐ نے فرمایا: تو نے ایسا کیوں کیا؟ اس نے کہا: میں انھیں غمگین کرنا چاہتا ہوں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی صاحبزادی سے فرمایا کہ سن لو یہ کچھ بھی نہیں ہے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں امام جعفر صادق علیہ السلام کی زبانی ایک روایت منقول ہے جس کا ماحصل یہ ہے کہ امیرالمومنین علی علیہ السلام نے فرمایا: وَفِيهِ يَعْصِرُونَ کا مفہوم یہ ہے کہ سات خشک سالوں کے بعد ایک سال ایسا آئے گا جس میں بارشیں عام ہوں گی۔

تفسیر عیاشی میں بھی اسی مفہوم کی ایک روایت منقول ہے۔

روضہ کافی میں یاسر الخادم سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے عرض کیا کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک پنجرہ ہے جس میں سترہ شیشیاں ہیں۔ وہ پنجرہ زمین پر گرا اور اس میں موجود شیشیاں ٹوٹ گئیں۔ اس خواب کی تعبیر کیا ہے؟

آپؑ نے فرمایا: اگر تو نے سچ کہا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ میرے خاندان میں سے ایک شخص خروج کرے گا جو صرف سترہ دن حکومت کرے گا' پھر مر جائے گا۔ چنانچہ محمد بن ابراہیم نے ابی السرایا کے ساتھ خروج کیا اور سترہ دن زندہ رہنے کے بعد مر گیا۔

ایک شخص حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا' اور اس نے عرض کیا: فرزندِ رسولؐ! میں نے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

خواب میں دیکھا ہے کہ میں کوفہ شہر سے نکل کر ایسی جگہ جاتا ہوں جسے میں پہچانتا ہوں اور میں یہ دیکھتا ہوں کہ لکڑی کی شبیہہ یا لکڑی سے بنے ہوئے ایک شخص کی مجھے شبیہہ دکھائی دیتی ہے جو لکڑی کے گھوڑے پر سوار ہے اور اس کے ہاتھ میں چمکتی ہوئی تلوار ہے اور میں یہ منظر دیکھ کر گھبرا جاتا ہوں۔ اس خواب کی کیا تعبیر ہے؟

آپؑ نے فرمایا: تو ایک شخص کو مالی طور پر نقصان پہنچانا چاہتا ہے' لہٰذا اُس خدا کا خوف کھا جس نے تجھے پیدا کیا ہے۔ پھر وہ تجھے موت دے گا اور اس شخص کو نقصان پہنچانے سے باز آجا۔

یہ سن کر اس شخص نے کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ خدا کی طرف سے آپؑ کو علم عطا ہوا ہے۔ بات یہ ہے کہ میرا ایک ہمسایہ میرے پاس آیا۔ اس نے مجھ سے اپنی جائیداد فروخت کرنے کی بات کی۔ اس کی جائیداد کی قیمت کافی زیادہ ہے' لیکن جب مجھے معلوم ہوا کہ میرے علاوہ اس کا کوئی اور خریدار نہیں ہے تو میں نے اسے انتہائی کم قیمت پر خریدنے کا ارادہ کرلیا۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: اچھا یہ بتاؤ کیا وہ شخص ہم سے محبت رکھتا ہے اور ہمارے دشمنوں سے بیزاری کا اظہار کرتا ہے؟ اس شخص نے کہا: جی ہاں' وہ اچھی بصیرت رکھنے والا اور مضبوط دین رکھنے والا ہے۔ اور میں نے جو ارادہ کیا ہے اب اس سے توبہ کرتا ہوں اور اب اسے نقصان نہیں پہنچاؤں گا۔

پھر اس نے آپؑ سے کہا: مولاؑ! یہ بتائیں اگر اس کی جگہ کوئی ناصبی ہوتا تو کیا میرے لیے اس کا استحصال جائز ہوتا؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: جو تمھیں امین بنائے اس کی امانت اس کے سپرد کردو اور جو تم سے خیر خواہی کا طلبگار ہو اس سے خیر خواہی کرو' خواہ وہ امام حسین علیہ السلام کا قاتل ہی کیوں نہ ہو۔

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھے یوسفؑ اور اس کے کرم وصبر پر تعجب ہوتا ہے۔ جب ان سے سات موٹی اور سات کمزور گایوں کے خواب کی تعبیر پوچھی گئی تو انھوں نے فوراً کیسے بیان کر دی' اگر بالفرض میں ان کی جگہ ہوتا تو میں پہلے اپنی رہائی کی شرط رکھتا پھر رہائی کے بعد انھیں تعبیر بتاتا۔

یہی روایت الفاظ کے اختلاف کے ساتھ تفسیر عیاشی میں بھی مرقوم ہے۔

وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُونِي بِهِ ۚ فَلَمَّا جَاءَهُ الرَّسُولُ قَالَ ارْجِعْ إِلَىٰ رَبِّكَ فَاسْأَلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ اللَّاتِي قَطَّعْنَ أَيْدِيَهُنَّ ۖ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

إِنَّ رَبِّي بِكَيْدِهِنَّ عَلِيمٌ ﴿٥١﴾ قَالَ مَا خَطْبُكُنَّ إِذْ رَاوَدْتُنَّ
يُوسُفَ عَنْ نَّفْسِهِ ۖ قُلْنَ حَاشَ لِلَّهِ مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ مِنْ
سُوءٍ ۖ قَالَتِ امْرَأَتُ الْعَزِيزِ الْآنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ أَنَا
رَاوَدْتُّهُ عَنْ نَّفْسِهِ وَإِنَّهُ لَمِنَ الصَّادِقِينَ ﴿٥١﴾ ذَٰلِكَ لِيَعْلَمَ
أَنِّي لَمْ أَخُنْهُ بِالْغَيْبِ وَأَنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي كَيْدَ الْخَائِنِينَ ﴿٥٢﴾

وَمَا أُبَرِّئُ نَفْسِي ۚ إِنَّ النَّفْسَ لَأَمَّارَةٌ بِالسُّوءِ إِلَّا مَا

رَحِمَ رَبِّي ۚ إِنَّ رَبِّي غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٥٣﴾ وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُونِي بِهِ
أَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِي ۚ فَلَمَّا كَلَّمَهُ قَالَ إِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِينٌ
أَمِينٌ ﴿٥٤﴾ قَالَ اجْعَلْنِي عَلَىٰ خَزَائِنِ الْأَرْضِ ۖ إِنِّي حَفِيظٌ
عَلِيمٌ ﴿٥٥﴾ وَكَذَٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوسُفَ فِي الْأَرْضِ ۚ يَتَبَوَّأُ مِنْهَا
حَيْثُ يَشَاءُ ۖ نُصِيبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَاءُ وَلَا نُضِيعُ أَجْرَ
الْمُحْسِنِينَ ﴿٥٦﴾ وَلَأَجْرُ الْآخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِينَ آمَنُوا وَكَانُوا
يَتَّقُونَ ﴿٥٧﴾ وَجَاءَ إِخْوَةُ يُوسُفَ فَدَخَلُوا عَلَيْهِ فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهُ
مُنْكِرُونَ ﴿٥٨﴾ وَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ قَالَ ائْتُونِي بِأَخٍ لَّكُمْ
مِّنْ أَبِيكُمْ ۚ أَلَا تَرَوْنَ أَنِّي أُوفِي الْكَيْلَ وَأَنَا خَيْرُ الْمُنْزِلِينَ ﴿٥٩﴾

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

فَاِنْ لَّمْ تَاْتُوْنِیْ بِهٖ فَلَا كَیْلَ لَكُمْ عِنْدِیْ وَلَا تَقْرَبُوْنِ ﴿۶۰﴾ قَالُوْا
سَنُرَاوِدُ عَنْهُ اَبَاهُ وَاِنَّا لَفٰعِلُوْنَ ﴿۶۱﴾ وَقَالَ لِفِتْیٰنِهِ اجْعَلُوْا
بِضَاعَتَهُمْ فِیْ رِحَالِهِمْ لَعَلَّهُمْ یَعْرِفُوْنَهَاۤ اِذَا انْقَلَبُوْۤا اِلٰۤى اَهْلِهِمْ
لَعَلَّهُمْ یَرْجِعُوْنَ ﴿۶۲﴾ فَلَمَّا رَجَعُوْۤا اِلٰۤى اَبِیْهِمْ قَالُوْا یٰۤاَبَانَا مُنِعَ
مِنَّا الْكَیْلُ فَاَرْسِلْ مَعَنَاۤ اَخَانَا نَكْتَلْ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ﴿۶۳﴾
قَالَ هَلْ اٰمَنُكُمْ عَلَیْهِ اِلَّا كَمَاۤ اَمِنْتُكُمْ عَلٰۤى اَخِیْهِ مِنْ قَبْلُ ؕ
فَاللّٰهُ خَیْرٌ حٰفِظًا ۪ وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ﴿۶۴﴾ وَلَمَّا فَتَحُوْا
مَتَاعَهُمْ وَجَدُوْا بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ اِلَیْهِمْ ؕ قَالُوْا یٰۤاَبَانَا مَا نَبْغِیْ ؕ
هٰذِهٖ بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ اِلَیْنَا ۚ وَنَمِیْرُ اَهْلَنَا وَنَحْفَظُ اَخَانَا
وَنَزْدَادُ كَیْلَ بَعِیْرٍ ؕ ذٰلِكَ كَیْلٌ یَّسِیْرٌ ﴿۶۵﴾ قَالَ لَنْ اُرْسِلَهٗ
مَعَكُمْ حَتّٰى تُؤْتُوْنِ مَوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ لَتَاْتُنَّنِیْ بِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ یُّحَاطَ
بِكُمْ ۚ فَلَمَّاۤ اٰتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ قَالَ اللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ وَكِیْلٌ ﴿۶۶﴾
وَقَالَ یٰبَنِیَّ لَا تَدْخُلُوْا مِنْۢ بَابٍ وَّاحِدٍ وَّادْخُلُوْا مِنْ اَبْوَابٍ
مُّتَفَرِّقَةٍ ؕ وَمَاۤ اُغْنِیْ عَنْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا
لِلّٰهِ ؕ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ ۚ وَعَلَیْهِ فَلْیَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَلَمَّا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

دَخَلُوْا مِنْ حَيْثُ اَمَرَهُمْ اَبُوْهُمْ ؕ مَا كَانَ يُغْنِيْ عَنْهُمْ مِّنَ اللّٰهِ
مِنْ شَيْءٍ اِلَّا حَاجَةً فِيْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ قَضٰىهَا ؕ وَاِنَّهٗ لَذُوْ عِلْمٍ لِّمَا
عَلَّمْنٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۶۸﴾ وَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى
يُوْسُفَ اٰوٰۤى اِلَيْهِ اَخَاهُ قَالَ اِنِّيْۤ اَنَا اَخُوْكَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا
كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۶۹﴾ فَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَايَةَ فِيْ
رَحْلِ اَخِيْهِ ثُمَّ اَذَّنَ مُؤَذِّنٌ اَيَّتُهَا الْعِيْرُ اِنَّكُمْ لَسٰرِقُوْنَ ﴿۷۰﴾
قَالُوْا وَاَقْبَلُوْا عَلَيْهِمْ مَّاذَا تَفْقِدُوْنَ ﴿۷۱﴾ قَالُوْا نَفْقِدُ صُوَاعَ
الْمَلِكِ وَلِمَنْ جَآءَ بِهٖ حِمْلُ بَعِيْرٍ وَّاَنَا بِهٖ زَعِيْمٌ ﴿۷۲﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ
لَقَدْ عَلِمْتُمْ مَّا جِئْنَا لِنُفْسِدَ فِي الْاَرْضِ وَمَا كُنَّا سٰرِقِيْنَ ﴿۷۳﴾
قَالُوْا فَمَا جَزَآؤُهٗۤ اِنْ كُنْتُمْ كٰذِبِيْنَ ﴿۷۴﴾ قَالُوْا جَزَآؤُهٗ مَنْ
وُّجِدَ فِيْ رَحْلِهٖ فَهُوَ جَزَآؤُهٗ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۷۵﴾ فَبَدَاَ
بِاَوْعِيَتِهِمْ قَبْلَ وِعَآءِ اَخِيْهِ ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا مِنْ وِّعَآءِ اَخِيْهِ ؕ
كَذٰلِكَ كِدْنَا لِيُوْسُفَ ؕ مَا كَانَ لِيَاْخُذَ اَخَاهُ فِيْ دِيْنِ الْمَلِكِ
اِلَّاۤ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ وَفَوْقَ كُلِّ ذِيْ
عِلْمٍ عَلِيْمٌ ﴿۷۶﴾ قَالُوْۤا اِنْ يَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ ۚ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

فَاَسَرَّهَا يُوْسُفُ فِيْ نَفْسِهٖ وَلَمْ يُبْدِهَا لَهُمْ ۚ قَالَ اَنْتُمْ شَرٌّ مَّكَانًا
ۚ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَصِفُوْنَ ﴿۷۷﴾ قَالُوْا يٰۤاَيُّهَا الْعَزِيْزُ اِنَّ لَهٗۤ اَبًا
شَيْخًا كَبِيْرًا فَخُذْ اَحَدَنَا مَكَانَهٗ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ
الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۷۸﴾ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اَنْ نَّاْخُذَ اِلَّا مَنْ وَّجَدْنَا
مَتَاعَنَا عِنْدَهٗۤ ۙ اِنَّاۤ اِذًا لَّظٰلِمُوْنَ ﴿۷۹﴾ فَلَمَّا اسْتَيْـَٔسُوْا مِنْهُ خَلَصُوْا
نَجِيًّا ؕ قَالَ كَبِيْرُهُمْ اَلَمْ تَعْلَمُوْۤا اَنَّ اَبَاكُمْ قَدْ اَخَذَ عَلَيْكُمْ
مَّوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ وَمِنْ قَبْلُ مَا فَرَّطْتُّمْ فِيْ يُوْسُفَ ۚ فَلَنْ اَبْرَحَ
الْاَرْضَ حَتّٰى يَاْذَنَ لِيْۤ اَبِيْۤ اَوْ يَحْكُمَ اللّٰهُ لِيْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ
الْحٰكِمِيْنَ ﴿۸۰﴾ اِرْجِعُوْۤا اِلٰۤى اَبِيْكُمْ فَقُوْلُوْا يٰۤاَبَانَاۤ اِنَّ ابْنَكَ سَرَقَ
ۚ وَمَا شَهِدْنَاۤ اِلَّا بِمَا عَلِمْنَا وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ حٰفِظِيْنَ ﴿۸۱﴾
وَسْـَٔلِ الْقَرْيَةَ الَّتِيْ كُنَّا فِيْهَا وَالْعِيْرَ الَّتِيْۤ اَقْبَلْنَا فِيْهَا ۫ وَاِنَّا
لَصٰدِقُوْنَ ﴿۸۲﴾ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ؕ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ
ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَنِيْ بِهِمْ جَمِيْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ
الْحَكِيْمُ ﴿۸۳﴾ وَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰۤاَسَفٰى عَلٰى يُوْسُفَ وَابْيَضَّتْ
عَيْنٰهُ مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيْمٌ ﴿۸۴﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

يُوْسُفَ حَتّٰى تَكُوْنَ حَرَضًا اَوْ تَكُوْنَ مِنَ الْهٰلِكِيْنَ ﴿۸۵﴾ قَالَ اِنَّمَآ
اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۶﴾
يٰبَنِيَّ اذْهَبُوْا فَتَحَسَّسُوْا مِنْ يُّوْسُفَ وَاَخِيْهِ وَلَا تَايْـَٔسُوْا مِنْ
رَّوْحِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ لَا يَايْـَٔسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ
الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۷﴾ فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلَيْهِ قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ مَسَّنَا
وَاَهْلَنَا الضُّرُّ وَجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُّزْجٰىةٍ فَاَوْفِ لَنَا الْكَيْلَ
وَتَصَدَّقْ عَلَيْنَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَجْزِي الْمُتَصَدِّقِيْنَ ﴿۸۸﴾ قَالَ هَلْ
عَلِمْتُمْ مَّا فَعَلْتُمْ بِيُوْسُفَ وَاَخِيْهِ اِذْ اَنْتُمْ جٰهِلُوْنَ ﴿۸۹﴾ قَالُوْٓا
ءَاِنَّكَ لَاَنْتَ يُوْسُفُ ؕ قَالَ اَنَا يُوْسُفُ وَهٰذَآ اَخِيْ ۫ قَدْ مَنَّ
اللّٰهُ عَلَيْنَا ؕ اِنَّهٗ مَنْ يَّتَّقِ وَيَصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ
الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۹۰﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَاِنْ كُنَّا
لَخٰطِـِٕيْنَ ﴿۹۱﴾ قَالَ لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ؕ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ ۫
وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۹۲﴾ اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰى
وَجْهِ اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا ۚ وَاْتُوْنِيْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۹۳﴾

"اور بادشاہ نے کہا: اسے میرے پاس لے آؤ۔ لیکن جب شاہی ایلچی اس کے پاس آیا تو

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اس نے کہا کہ اپنے مالک کے پاس واپس چلے جاؤ اور اس سے پوچھو ان عورتوں کا کیا معاملہ ہے جنھوں نے اپنے ہاتھ کاٹ ڈالے تھے؟ یقیناً میرا مالک ان کی چالوں سے خوب واقف ہے۔

بادشاہ نے ان عورتوں سے کہا کہ تمھارا اس وقت کیا معاملہ تھا جب تم نے یوسفؑ کو رجھانے کی کوشش کی تھی؟ عورتوں نے کہا: حَاشَا لِلّٰہ۔ ہم نے اس میں کوئی برائی نہیں دیکھی تھی۔ عزیزِ مصر کی بیوی نے کہا: اب حق کھل کر سامنے آچکا ہے۔ میں نے ہی اسے پھسلانے کی کوشش کی تھی جب کہ وہ سچوں میں سے ہے۔

(یوسفؑ نے کہا) اس تحقیق سے میرا مقصد صرف یہ تھا کہ اسے یہ معلوم ہو سکے کہ میں نے در پردہ اس سے کوئی خیانت نہیں کی تھی اور اللہ خیانت کرنے والوں کی چالوں کو کبھی کامیابی سے ہمکنار نہیں کرتا۔ میں اپنے نفس کو بھی بے گناہ قرار نہیں دیتا۔ نفس تو برائی پر اُکساتا ہے، ہاں جس پر میرے رب کی رحمت ہو جائے تو وہ اس سے مستثنیٰ ہوتا ہے۔ بے شک میرا رب بخشنے والا مہربان ہے۔

بادشاہ نے کہا: اسے میرے پاس لے آؤ، تاکہ میں اسے اپنے لیے مخصوص کرلوں۔ جب یوسفؑ نے بادشاہ سے گفتگو کی تو اس نے کہا: آج سے آپ ہمارے ہاں قدر و منزلت رکھنے والے ہیں اور ہمیں آپؑ کی امانت پر بھروسہ ہے۔

یوسفؑ نے کہا: مجھے زمین کے خزانوں پر مقرر کر دو، میں حفاظت کرنے والا اور علم رکھنے والا ہوں۔ اس طرح سے ہم نے یوسفؑ کے لیے اس سرزمین کے اقتدار کی راہ ہموار کی، وہ مختار تھا جہاں چاہے اپنی جگہ بنائے۔ ہم اپنی رحمت سے جسے چاہیں نواز دیتے ہیں اور ہم نیکوکاروں کے اجر کو ضائع نہیں کرتے۔ اور یقیناً آخرت کا اجر ان لوگوں کے لیے زیادہ بہتر ہے جو ایمان لائے اور پرہیزگاری کے تقاضوں پر عمل پیرا رہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

یوسفؑ کے بھائی اس کے پاس آئے۔ یوسفؑ نے انھیں پہچان لیا' مگر انھوں نے یوسفؑ کو نہ پہنچانا۔ اور جب یوسفؑ نے ان کا سامان تیار کرایا تو کہا کہ اپنے پدری بھائی کو میرے پاس لانا۔ کیا تم نہیں دیکھتے کہ میں کس طرح پیمانہ بھر کر دیتا ہوں اور میں بہت اچھا مہمان نواز ہوں۔ اور اگر تم اسے میرے پاس لے کر نہ آئے تو پھر تمھارے لیے میرے پاس کوئی غلہ نہیں ہے اور نہ ہی میرے قریب آنا۔ انھوں نے کہا کہ ہم اس کے متعلق اس کے والد کو قائل کرنے کی کوشش کریں گے اور ہم ایسا ضرور کریں گے۔

اور یوسفؑ نے اپنے غلاموں سے کہا کہ ان کی رقم بھی ان کے سامان میں رکھ دو' تا کہ گھر پہنچ کر اپنا واپس کیا ہوا مال پہچان لیں اور اس طرح سے واپس آ جائیں۔ جب وہ اپنے والد کے پاس واپس گئے تو انھوں نے کہا: ابا جان! آئندہ ہمیں غلہ سے روک دیا گیا ہے' لہٰذا آپؑ ہمارے ساتھ ہمارے بھائی کو بھیجیں' تا کہ ہم غلہ حاصل کریں اور اس کی حفاظت کے ہم ذمہ دار ہیں۔

یعقوبؑ نے کہا: کیا میں اس کے متعلق تم پر اسی طرح سے بھروسہ کرلوں جیسا کہ اس سے پہلے اس کے بھائی کے متعلق تم پر اعتماد کیا تھا؟ اللہ ہی بہترین محافظ ہے اور وہی سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔

اور جب انھوں نے اپنا سامان کھولا تو دیکھا کہ ان کا مال انھیں واپس کیا جاچکا تھا۔ انھوں نے کہا: ہمیں اور کیا چاہیے ہماری رقم ہمیں واپس کر دی گئی ہے۔ ہم اپنے گھر والوں کے لیے غلہ لائیں گے اور ہم اپنے بھائی کی حفاظت کریں گے اور ایک بار شتر اور لائیں گے۔ اتنے غلہ کا اضافہ آسانی سے ہو جائے گا۔

یعقوبؑ نے کہا: میں اسے تمھارے ساتھ ہرگز نہ بھیجوں گا' جب تک تم مجھے خدا کی طرف سے یہ پیمان نہ دو کہ تم ضرور اسے میرے پاس لاؤ گے۔ ہاں اگر تم گھیر لیے جاؤ تو یہ اور

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

بات ہے۔ جب انھوں نے پیمان دے دیا تو کہا کہ اللہ ہمارے قول و قرار کا نگران اور ضامن ہے۔

اور یعقوبؑ نے کہا: اے میرے فرزندو! تم ایک دروازے سے داخل نہ ہونا اس کی بجائے مختلف دروازوں سے شہر میں داخل ہونا۔ میں تمھیں خدا کی مشیت سے بچا نہیں سکتا۔ حکم بس اسی کا ہی چلتا ہے۔ میں نے اسی پر بھروسہ کیا ہے اور بھروسہ کرنے والوں کو اسی پر ہی بھروسہ کرنا چاہیے۔

اور جب وہ شہر میں اس طرح سے داخل ہوئے جیسا کہ ان کے والد نے انھیں حکم دیا تھا۔ اس کی یہ تدبیر خدا کی مشیت کے مقابلہ میں کچھ کام نہیں دے سکتی تھی البتہ یہ یعقوبؑ کے دل کی ایک خواہش تھی جسے اسی نے پورا کیا تھا۔ بے شک وہ ہماری دی ہوئی تعلیم سے صاحب علم تھا' لیکن لوگوں کی اکثریت بے علم ہے۔

جب وہ لوگ یوسفؑ کے ہاں داخل ہوئے تو اس نے اپنے بھائی کو اپنے پاس الگ بلا لیا اور کہا کہ بے شک میں ہی تیرا بھائی ہوں۔ یہ لوگ اب تک جو کچھ کرتے آئے ہیں اس کا غم نہ کر۔ اور جب یوسفؑ نے ان کا سامان تیار کرایا تو اس نے اپنے بھائی کے سامان میں اپنا پیالہ رکھ دیا۔ پھر ایک منادی نے ندا دی: اے قافلے والو! تم چور ہو۔ ان لوگوں نے پلٹ کر دیکھا اور کہا کہ تمھاری کیا چیز کھو گئی ہے؟

انھوں نے کہا: بادشاہ کے پینے کا پیالہ ہم سے کھو گیا ہے اور جو شخص اسے تلاش کر کے لائے اس کے لیے ایک بار شتر غلہ انعام ہے' اس کا میں ذمہ لیتا ہوں۔ ان لوگوں نے کہا: خدا کی قسم' تمھیں معلوم ہے ہم اس لیے نہیں آئے کہ زمین میں فساد کریں اور ہم چور نہیں ہیں۔

شاہی ملازمین نے کہا: اگر تم جھوٹے نکلے تو اس کی سزا کیا ہوگی؟ انھوں نے کہا: اس کی جزا خود وہ شخص ہے جس کے سامان میں سے پیالہ برآمد ہو اور ہم ظلم کرنے والوں کو ایسی ہی سزا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

دیا کرتے ہیں۔

تب یوسفؑ نے اپنے بھائیوں کے سامان سے پہلے ان کے سامان کی تلاشی لی' پھر اپنے بھائی کے سامان سے گم شدہ پیالہ برآمد کرلیا۔ اس طرح ہم نے یوسفؑ کے لیے یہ تدبیر کی تھی ورنہ بادشاہ کے قانون کے تحت اپنے بھائی کو پکڑنے کا مجاز نہیں تھا۔ سوائے اس کے کہ اللہ ایسا چاہے۔ ہم جن کے چاہتے ہیں درجات بلند کردیتے ہیں اور ایک علم رکھنے والا ایسا ہے جو ہر صاحب علم سے برتر ہے۔

انھوں نے کہا: اگر اس نے چوری کی ہے تو اس میں کیا تعجب ہے۔ اس سے پہلے اس کے بھائی نے بھی چوری کی تھی۔ یوسفؑ نے اس بات کو اپنے دل میں چھپا لیا اور ان کے سامنے ظاہر نہ کیا۔ ان سے کہا کہ تم لوگ انتہائی بُرے ہو' تم لوگ جو کچھ کہہ رہے ہو اس کے متعلق خدا بہتر جانتا ہے۔

انھوں نے کہا: اے عزیزِ مصر! اس کے والد انتہائی ضعیف العُمر ہیں' آپ اس کی بجائے ہم میں سے کسی ایک کو پکڑ لیں ہم آپ کو نیکوکاروں میں سے سمجھتے ہیں۔ یوسفؑ نے کہا: خدا کی پناہ! جس کے پاس ہم نے اپنا سامان پایا ہے اسے چھوڑ کر کسی اور کو پکڑ لیں اگر ہم نے ایسا کیا تو پھر ہم ظالم قرار پائیں گے۔

جب وہ لوگ بھائی کی رہائی سے مایوس ہوگئے تو الگ جا کر آپس میں مشورے کرنے لگے۔ بڑے بھائی نے کہا: کیا تمھیں معلوم نہیں ہے کہ اس کے متعلق تمھارے والد نے تم سے خدا کے نام کا پیمان لیا تھا اور اس سے پہلے تم یوسفؑ کے متعلق بھی کوتاہی کا ارتکاب کر چکے ہو۔ اب میں اس سرزمین کو نہیں چھوڑوں گا' یہاں تک کہ میرے والد مجھے اجازت نہ دیں یا خدا میرے لیے کوئی فیصلہ کردے اور وہ بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔

تم لوگ اپنے والد کے پاس لوٹ جاؤ اور کہو کہ اباجان! آپؑ کے فرزند نے چوری کی ہے

Presented by Ziaraat.Com

Scanned by CamScanner

ہم وہی گواہی دے رہے ہیں جس کا ہمیں علم ہے' ہم غیب کے نگہبان نہیں ہیں۔ آپؑ اس بستی والوں سے پوچھ لیں جہاں ہم تھے اور آپؑ اس قافلہ سے پوچھ لیں جس کے ساتھ ہم آئے ہیں ہم بالکل سچے ہیں۔

یعقوبؑ نے کہا: دراصل تمھارے دل نے یہ بات گھڑ لی ہے اب میں صبرِ جمیل اختیار کروں گا' شاید خدا ان سب افراد کو میرے پاس لے آئے۔ بے شک وہ صاحب علم و صاحب حکمت ہے۔ اس نے ان سے منہ پھیر لیا اور کہا: ہائے یوسفؑ! اور غم کی وجہ سے اس کی آنکھیں سفید ہوگئیں اور وہ غم کے گھونٹ پیتے رہے۔

بیٹوں نے کہا: خدا کی قسم! آپؑ تو ہمیشہ یوسفؑ کو یاد کرتے رہیں گے' یہاں تک کہ آپؑ کمزور ہوجائیں گے یا اپنے آپؑ کو ہلاک کردیں گے۔ اس نے کہا کہ میں اپنی پریشانی اور غم کی شکایت بس خدا کے سامنے کرتا ہوں اور میں خدا کی طرف سے وہ کچھ جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔ میرے بچو! جاؤ اور یوسفؑ اور اس کے بھائی کو تلاش کرو اور اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہونا' اللہ کی رحمت سے تو بس کافر ہی مایوس ہوا کرتے ہیں۔

پھر جب وہ یوسفؑ کے دربار میں پہنچے تو انھوں نے کہا: اے عزیزِ مصر! ہم اور ہمارے اہل و عیال مصیبت میں گرفتار ہوچکے ہیں اور ہم کچھ معمولی سی پونجی لائے ہیں۔ آپؑ ہمیں بھرپور غلہ عنایت کریں اور ہم پر خیرات کریں۔ بے شک اللہ خیرات کرنے والوں کو جزا دیتا ہے۔

یوسفؑ نے کہا: کیا تمھیں معلوم ہے کہ تم نے نادانی میں یوسفؑ اور اس کے بھائی سے کیا سلوک کیا تھا؟ بھائیوں نے کہا: کیا تو ہی یوسف ہے؟ اس نے کہا: جی ہاں! میں ہی یوسفؑ ہوں اور یہ میرا بھائی ہے۔ اللہ نے ہم پر احسان فرمایا' یقیناً جو کوئی صبر اور تقویٰ کو اپنائے تو اللہ نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔ انھوں نے کہا: خدا کی قسم! اللہ نے آپؑ کو ہم پر فضیلت دی ہے اور ہم واقعی خطاکار تھے۔ یوسفؑ نے کہا: آج تم پر کوئی گرفت نہیں ہے۔ خدا تمھیں

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

معاف کرے اور وہ تمام رحم کرنے والوں میں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔ جاؤ اور اپنے ساتھ میرا یہ قمیص لے جاؤ اور اسے میرے والد کے چہرے پر ڈال دو۔ وہ دوبارہ بینا ہوجائے گا اور اپنے تمام اہل وعیال کو لے کر میرے پاس آجاؤ۔

داستانِ یوسفؑ پر ایک نظر

وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُونِي بِهِ ۖ فَلَمَّا جَاءَهُ الرَّسُولُ قَالَ ارْجِعْ إِلَىٰ رَبِّكَ فَاسْأَلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ اللَّاتِي قَطَّعْنَ أَيْدِيَهُنَّ ۚ إِنَّ رَبِّي بِكَيْدِهِنَّ عَلِيمٌ ﴿٥٠﴾

''اور بادشاہ نے کہا: اسے میرے پاس لے آؤ۔ جب شاہی فرستادہ اسے لینے آیا تو اس نے کہا: اپنے مالک کے پاس واپس چلا جا اور اس سے پوچھ ان عورتوں کا کیا معاملہ ہے جنھوں نے اپنے ہاتھ کاٹ ڈالے تھے۔ یقیناً میرا مالک ان کی چال سے بخوبی آگاہ ہے''۔

جب بادشاہ کے ساقی نے بادشاہ کو اس کے خواب کی تعبیر سنائی تو بادشاہ کو وہ تعبیر بہت پسند آئی اور اس نے کہا: اُسے زندان سے رہا کر کے میرے پاس لے آؤ۔ چنانچہ شاہی فرستادہ آپؑ کے پاس آیا اور کہا کہ اب آپ کی قید ختم ہوچکی ہے' لہٰذا آپؑ بادشاہ کے پاس چلیں۔

اس واقعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ علم وہ عظیم دولت ہے جس نے یوسف علیہ السلام کو زندان سے رہائی دلائی تھی۔ علم صرف دنیا ہی میں کارآمد نہیں ہوتا بلکہ عقبیٰ کی پریشانیوں سے بھی انسان کی نجات کا سبب بنتا ہے۔ جب یوسف علیہ السلام نے بادشاہ کا بلاوا سنا تو آپؑ نے کہا: میں اس شرط پر زندان سے باہر آؤں گا کہ پہلے بادشاہ میرے کردار کے متعلق آزادانہ تحقیق کرے اور جب یہ ثابت ہوجائے کہ میرا دامن گناہ سے پاک ہے تو پھر میں باہر آجاؤں گا۔

حضرت یوسف علیہ السلام کے اس اقدام سے آپؑ کی ذہانت اور عقل مندی مترشح ہوتی ہے اور اس میں کئی حکمتیں پوشیدہ ہیں:

۱- اگر آپؑ تحقیق کے بغیر زندان سے باہر آجاتے تو بادشاہ کے دل میں آپؑ کے کردار کے متعلق شکوک وشبہات رہ جاتے۔ آپؑ نے تحقیقات کا مطالبہ کر کے یہ واضح کیا کہ آپؑ کا دامن ہر قسم کے دھبوں سے پاک ہے۔

۲- آپؑ کی جگہ کوئی اور شخص بارہ برس کی قید بامشقت کاٹ چکا ہوتا تو وہ فوراً زندان چھوڑنے پر آمادہ ہوجاتا' مگر

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

آپؑ نے آزادانہ تحقیقات کے بغیر زندان چھوڑنے سے انکار کر دیا۔ آپؑ کا یہ اقدام آپؑ کی ثابت قدمی کا مظہر تھا۔

۳۔ آپؑ نے مطالبہ کیا کہ جن عورتوں نے اپنے ہاتھ کاٹے تھے انھیں بلا کر ان سے آپؑ کے کردار کے متعلق تحقیق کی جائے۔ اگر خدانخواستہ آپؑ کا دامن آلودہ ہوتا تو آپؑ کبھی بھی تحقیقات کا مطالبہ نہ کرتے۔ آپؑ نے تحقیق کا مطالبہ کر کے اپنے پاک دامن ہونے کا عملی ثبوت فراہم کیا۔

حضرت یوسف علیہ السلام نے شاہی فرستادے سے کہا کہ بادشاہ سے کہو کہ وہ ان عورتوں سے پوچھے جنھوں نے اپنے ہاتھ کاٹے تھے۔ آپؑ نے ہاتھ کاٹنے والی عورتوں کا تذکرہ کیا' لیکن آپؑ نے یہ نہیں کہا کہ عزیزِ مصر کی بیوی کو بلا کر تحقیقات کی جائے جب کہ حضرتؑ کی بدنامی میں اس نے مرکزی کردار ادا کیا تھا۔

آپؑ نے ملکۂ مصر کا ذکر نہ کر کے اپنی نمک حلالی کا حق ادا کیا تھا' کیونکہ حضرتؑ نہیں چاہتے تھے کہ جس خاتون نے کئی برس تک ان کی خدمت کی ہے اسے عدالت کے کٹہرے میں کھڑا کیا جائے۔ بہرنوع جب بادشاہ نے عورتوں کو بلا کر پوچھا کہ اس وقت تمھارا کیا معاملہ تھا جب تم نے اپنے ہاتھ کاٹ لیے تھے؟

عورتوں نے یک زبان ہو کر کہا: خدا گواہ ہے کہ ہمیں تو اس میں کوئی برائی دکھائی نہیں دی تھی۔ جب عزیزِ مصر کی بیوی نے عورتوں کی یہ گواہی سنی تو اس نے اخلاقی جرأت سے کام لیتے ہوئے اپنے گناہ کا سرِعام اعتراف کیا اور کہا کہ اب حق واضح ہو چکا ہے' سارا کیا دھرا میرا ہی تھا۔

جب حضرت یوسف علیہ السلام کو عورتوں کے اقبالی بیانات سے مطلع کیا گیا تو آپؑ نے کہا: ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ اَنِّيْ لَمْ اَخُنْهُ بِالْغَيْبِ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ كَيْدَ الْخَآئِنِيْنَ ۝ ''یہ تحقیقات میں نے اس لیے کرائی ہیں تاکہ عزیزِ مصر کو معلوم ہو سکے کہ میں نے اس سے پس پردہ کوئی خیانت نہیں کی تھی اور اللہ خیانت کاروں کی چالوں کو کامیابی سے ہمکنار نہیں ہونے دیتا''۔

مفسرین میں اختلاف ہے کہ مذکورہ بالا جملہ کس کا ہے اس سلسلہ میں دو آراء پائی جاتی ہیں۔ پہلی رائے یہ ہے کہ یہ حضرت یوسف علیہ السلام کا قول ہے اور قرآن مجید میں اس کی متعدد مثالیں موجود ہیں۔ مثلاً ملکۂ سبا نے کہا تھا: اِنَّ الْمُلُوْكَ اِذَا دَخَلُوْا قَرْيَةً اَفْسَدُوْهَا وَجَعَلُوْٓا اَعِزَّةَ اَهْلِهَآ اَذِلَّةً ۚ (النمل:۳۴) ''جب بادشاہ کسی آبادی پر لشکر کشی کرتے ہیں تو اسے ویران کر دیتے ہیں اور وہاں کے معزز افراد کو ذلیل بنا دیتے ہیں) اس کے ساتھ اللہ کا کلام متصل ہے۔ وَكَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ''وہ ایسا ہی کرتے ہیں''۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

سورۂ آلِ عمران میں اہلِ ایمان کی دعا منقول ہے کہ وہ کہتے ہیں: رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ (آل عمران: ۹) (اے ہمارے پروردگار! تو لوگوں کو اس دن میں جمع کرنے والا ہے جس میں کوئی شک نہیں ہے) اس کے ساتھ اللہ کا کلام متصل ہے: اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ "یقیناً اللہ وعدہ خلافی نہیں کرتا"۔

مذکورہ دو مثالوں کی طرح سے اس آیت میں بھی ملکۂ مصر کا قول مذکور ہے: ..... اَنَا رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ وَ اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ اَنِّيْ لَمْ اَخُنْهُ بِالْغَيْبِ وَ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ كَيْدَ الْخَآئِنِيْنَ ۝ سابقہ آیت میں ملکۂ مصر کا اقبالی بیان ہے اور دوسری آیت میں حضرت یوسف علیہ السلام کی گفتگو نقل کی گئی ہے۔

مفسرین کے ایک گروہ کی اس کے برعکس یہ رائے ہے کہ یہ جملے ملکۂ مصر کے ہیں۔ اس نے یہ کہا تھا: اَلْـٰٔنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ ..... كَيْدَ الْخَآئِنِيْنَ ۝

اب حق واضح ہو چکا ہے۔ میں نے ہی یوسفؑ کو اپنی طرف رجھانے کی کوشش کی تھی جب کہ یوسفؑ سچا تھا۔ میں یہ اعتراف اس لیے کر رہی ہوں تا کہ یوسفؑ کو معلوم ہو سکے کہ میں نے اس کے پسِ پشت اس کے خلاف کوئی خیانت نہیں کی ہے۔ البتہ میں نے آج سے ایک طویل عرصہ قبل اسے رجھانے کی کوشش ضرور کی تھی' لیکن اس وقت جب کہ وہ یہاں موجود نہیں ہے میں اس کے پسِ پشت اس کے متعلق کوئی خیانت نہیں کرنا چاہتی' کیونکہ اللہ خیانت کرنے والوں کی چالوں کو کامیاب نہیں ہونے دیتا۔ میں نے مکر اور چالاکی کی تھی جس کے نتیجہ میں مجھے رُسوائی ملی تھی اور وہ بے گناہ تھا۔ خدا نے اس کی طہارت کی گواہی ایک معصوم بچے کی زبانی دلائی تھی۔ اسی لیے اب میں اس پر الزام تراشی کر کے مزید رُسوا ہونا پسند نہیں کرتی۔ (اضافۃ من المترجم نقلاً عن الرازی)

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ جب حضرت یوسف علیہ السلام قید سے رہا ہوئے تو آپؑ نے قیدیوں کے حق میں دعا دی اور کہا: خدایا! نیک لوگوں کے دلوں کو ان پر مہربان فرما اور انھیں حالات سے بے خبر نہ رکھ۔ چنانچہ یہی وجہ ہے کہ قیدیوں کو عام افراد کی بہ نسبت حالات حاضرہ کی زیادہ خبر ہوتی ہے۔ پھر یوسف علیہ السلام نے زندان کے دروازے پر یہ عبارت کندہ کرائی تھی:

هٰذَا قُبُوْرُ الْاَحْيَاءِ وَبَيْتُ الْاَحْزَانِ وَتَجْرِبَةُ الْاَصْدِقَاءِ وَشَمَاتَةُ الْاَعْدَاءِ۔

"یہ گھر زندہ افراد کے لیے قبر ہے اور غموں کا گھر ہے۔ دوستوں کے تجربہ کا مقام ہے اور دشمنوں کے خوش ہونے کا ذریعہ ہے"۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

بعض روایات میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ یہ گھر صدیقین کے لیے مقام آزمائش ہے۔

حضرت یوسف علیہ السلام قید سے رہا ہوئے اور بادشاہِ مصر سے ان کی ملاقات ہوئی۔ جب بادشاہ نے ان کی حکمت آمیز گفتگو سنی تو وہ آپؑ سے بہت زیادہ متاثر ہوا اور اس نے کہا: آج سے آپ ہمارے ہاں باوقار انداز میں صاحب اختیار بن کر رہیں گے اور ہمیں آپؑ کی امانت پر بھروسہ ہے۔

حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا: اگر تم مجھے اقتدار میں شریک کرنے کے خواہش مند ہو تو زمین کے خزانوں کا مجھے انچارج مقرر کر دو، کیونکہ میں حفاظت کرنے والا ہوں۔ یعنی میں سرکاری خزانے میں خیانت نہیں کروں گا اور میں متعلقہ اُمور سے آگاہی بھی رکھتا ہوں۔

آپؑ کے اس فرمان سے واضح ہوتا ہے کہ کسی بھی حکومتی منصب پر فائز ہونے والے شخص میں مذکورہ دو خواص کا ہونا بڑا ضروری ہے۔ اگر کوئی شخص ''حفیظ'' (حفاظت کرنے والا) نہ ہوگا تو وہ پورے کا پورا محکمہ تباہ ہو جائے گا اور خورد برد کی نذر ہو جائے گا۔ اور اگر حکومتی منصب پر فائز ہونے والا شخص ''علیم'' (متعلقہ محکمے کی ضروریات سے واقف) نہ ہوگا تو قدم قدم پر ٹھوکریں کھائے گا۔

اس واقعہ سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ عوام الناس کی بھلائی کے لیے کافر حکومت میں شمولیت جائز ہے، کیونکہ بادشاہِ مصر کافر تھا اور حضرت یوسف علیہ السلام اللہ کے منتخب بندے تھے۔ (اضافہ من المترجم)

عیون الاخبار میں مرقوم ہے کہ ایک شخص نے حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے عرض کیا: ہمیں تعجب ہے کہ آپؑ نے مامون جیسے ظالم حکمران کی ولی عہدی کیسے قبول کر لی؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: اچھا یہ بتاؤ، نبی افضل ہے یا وصی افضل ہے؟ اس شخص نے کہا: نبی افضل ہے۔

آپؑ نے فرمایا: اچھا یہ بتاؤ مشرک بہتر ہے یا مسلم؟ اس نے کہا: مسلم بہتر ہے۔

آپؑ نے فرمایا: تو پھر سن لو! بادشاہِ مصر مشرک تھا اور حضرت یوسف علیہ السلام نبی تھے، اس کے باوجود انھوں نے اس سے کہا تھا کہ مجھے زمین کے خزانوں کا انچارج بنا دو، میں حفاظت کرنے والا اور علم رکھنے والا شخص ہوں۔ مجھے تو مامون نے ولی عہدی قبول کرنے پر مجبور کر دیا تھا، اگر میں یہ منصب قبول نہ کرتا تو وہ مجھے قتل کرا دیتا۔ اگر یوسف علیہ السلام نے منصب قبول کر کے کوئی غلطی نہیں کی تھی تو میں نے یہ منصب قبول کر کے کون سی خطا کی ہے؟

عیون الاخبار میں اسی مفہوم کی دو اور روایات بھی مرقوم ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

تفسیر عیاشی میں مذکور ہے کہ سفیان نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے کہا کہ کیا انسان اپنے منہ سے اپنی تعریف کرسکتا ہے؟

آپؑ نے فرمایا: جب کوئی مجبور ہو جائے تو پھر اپنی تعریف کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ کیا تم نے حضرت یوسف علیہ السلام کا یہ قول نہیں سنا کہ میں حفیظ اور امین ہوں۔

ان کے علاوہ حضرت صالح نے بھی کہا تھا: وَاَنَا لَکُم نَاصِحٌ اَمِیْن ''میں تمھارے لیے امین خیرخواہ ہوں''۔

الکافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جو لوگ ترکِ دنیا کو ہی اپنے لیے سعادت سمجھتے ہیں اور دوسروں کو بھی اس کی دعوت دیتے ہیں انھیں ذرا حضرت سلیمان بن داؤدؑ اور حضرت یوسف علیہ السلام کی مثالوں پر بھی غور کرنا چاہیے۔

حضرت یوسفؑ کی حدودِ مملکت مصر سے یمن تک پھیلی ہوئی تھیں۔ آپؑ نے بھوکی خلقِ خدا کو غلّہ فراہم کیا تھا۔ آپؑ حکمران ہو کر بھی جادۂ حق سے کبھی منحرف نہیں ہوئے تھے۔ آپؑ ہمیشہ سچ کہتے تھے اور حق پر عمل کرتے تھے۔ ہم نے تو کسی کو ان پر تنقید کرتے ہوئے نہیں دیکھا۔

مجمع البیان میں کتاب النبوۃ کے حوالہ سے حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: حضرت یوسف علیہ السلام جب پیداوار کے وزیر مقرر ہوئے تو سات سال تک بارشیں ہوتی رہیں اور خوب غلہ پیدا ہوا۔ آپؑ نے ان سالوں میں یہ احتیاط برتی کہ لوگوں کو ان کی ضرورت کے برابر دانہ نکالنے کی اجازت دی اور ضرورت سے زائد فصل خوشوں سمیت خریدتے رہے اور اسے بڑے بڑے گوداموں میں محفوظ کراتے رہے۔ پھر جب خشک سالی شروع ہوئی تو آپؑ نے خشک سالی کے پہلے سال درہم و دینار کے عوض غلّہ فروخت کیا یہاں تک کہ لوگوں کے گھروں میں جتنے بھی درہم و دینار تھے وہ ختم ہو گئے اور تمام درہم و دینار یوسفؑ کے خزانے میں جمع ہو گئے۔

پھر دوسرا سال شروع ہوا تو آپؑ نے زیورات و جواہر کے عوض لوگوں کو غلہ فراہم کیا' یہاں تک کہ پورے مصر میں کسی کے پاس زیور تک نہ رہا۔ تمام زیور یوسفؑ کے خزانے میں جمع ہو گئے۔ پھر خشک سالی کا تیسرا سال شروع ہوا تو آپؑ نے جانوروں اور مویشیوں کے عوض لوگوں کو غلہ فراہم کیا اور مصر میں کسی کے پاس جانور نہ رہے۔ سب کے سب جانور یوسفؑ کی سرکاری تحویل میں چلے گئے۔ پھر چوتھا سال شروع ہوا تو آپؑ نے لوگوں کو ان کے غلاموں اور کنیزوں کے عوض غلہ فراہم کیا' یہاں تک کہ پورے مصر میں کسی کے پاس غلام اور کنیز باقی نہ رہے۔ تمام غلام اور کنیزیں حضرتؑ کی تحویل میں آ گئیں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

پھر خشک سالی کا پانچواں سال شروع ہوا تو آپؑ نے لوگوں کو ان کی زمینوں اور گھروں کے عوض غلہ فراہم کیا' یہاں تک کہ پورے مصر کی زمینیں اور مکانات حضرت یوسفؑ کی ملکیت میں چلے گئے۔ پھر خشک سالی کا چھٹا سال شروع ہوا تو آپؑ نے ان کی انہار و مزارع کے عوض انھیں غلہ فراہم کیا' یہاں تک کہ مصر کی تمام نہریں اور راجباہیں حضرت یوسفؑ کی ملکیت میں چلی گئیں۔

پھر خشک سالی کا ساتواں سال شروع ہوا تو لوگوں کے پاس غلہ خریدنے کے لیے کچھ بھی نہیں تھا۔ انھوں نے اپنے آپ کو حضرت یوسفؑ کا غلام بنا لیا اور غلہ حاصل کیا۔ چنانچہ اس سال پورے مصر کے لوگ حضرت یوسفؑ کی غلامی میں آ گئے۔ لوگ یہ کہنے لگے آج تک خدا نے کسی کو حضرت یوسفؑ سے زیادہ علم و حکمت عطا نہیں کی۔ وہ ہماری رقم سے لے کر ہماری جانوں تک کا مالک بن گیا ہے۔

حضرت یوسف علیہ السلام نے شاہِ مصر سے کہا: آپ نے ملاحظہ فرمایا مجھے خدا نے مصر میں حکومت عطا کی ہے اور آج میں اس ملک کے سیاہ و سفید کا مالک بن چکا ہوں' لیکن میں اپنی تدبیر کو ان کے لیے وبال بنانا نہیں چاہتا۔ یہ خدا کا احسان ہے کہ اس نے انھیں میرے ہاتھوں قحط سالی سے نجات عطا کی ہے۔ اب آپ فرمائیں کہ ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

بادشاہ نے کہا: آپؑ کی جو بھی رائے ہو آپؑ اس پر عمل کریں یقیناً آپؑ کی رائے ہی بہتر ہوگی۔

حضرت یوسفؑ نے کہا: بادشاہ سلامت! میں خدا کو اور اس کے بعد آپ کو گواہ بنا کر اعلان کرتا ہوں کہ میں تمام اہلِ مملکت کو آزاد کرتا ہوں اور ان کی زمینیں' مویشی' غلام اور تمام دیگر اشیاء انھیں واپس کرتا ہوں اور آپ کا عطا کردہ تخت و تاج بھی آپ کو واپس کرتا ہوں' لیکن آپ بھی مجھ سے وعدہ کریں کہ آئندہ آپ میری ہی سیرت پر عمل کریں گے اور اُمورِ مملکت میں مجھ سے مشورہ کرتے رہیں گے۔

بادشاہ نے کہا: میرے لیے شرف و فخر ہے۔ میں ہمیشہ آپؑ کی سیرت پر ہی عمل کروں گا اور آپؑ کے مشورے کے بغیر کوئی فیصلہ نہیں کروں گا۔ اگر آپؑ نہ ہوتے تو میں اس قحط سالی سے عہدہ برآ نہیں ہو سکتا تھا۔ آپؑ کی وجہ سے تو میری حکومت مضبوط ہوئی ہے اور آج میں بھی خدائے واحدہٗ لاشریک کی توحید اور آپؑ کی رسالت کا اقرار کرتا ہوں۔ آپؑ اپنے منصب پر قائم رہیں اور آپؑ ہمیشہ ہماری نظر میں باوقار رہیں گے اور ہمیں آپؑ کی امانت پر اعتماد ہے۔

اصولِ کافی میں ابی بصیر سے منقول ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ایک آزاد انسان اپنے تمام حالات میں آزاد ہی رہتا ہے اس پر خواہ کتنے ہی مصائب کیوں نہ آئیں۔ پھر بھی وہ صبر و استقامت کا مظاہرہ کرتا ہے۔ مصائب اس

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کی شخصیت کو ختم نہیں کر سکتے' خواہ زندان میں کیوں نہ چلا جائے۔ خواہ کسی کی بردگی میں بھی کیوں نہ چلا جائے پھر بھی وہ اپنے اعلیٰ اطوار کو نہیں چھوڑتا۔ اللہ تعالیٰ آخرکار اسی کے دکھوں کا خاتمہ کرتا ہے اور اسے سکھ اور عزت عطا کرتا ہے۔ اس کے لیے یوسف صدیق کی زندگی کی مثال دیکھو۔ انھیں غلام بنایا گیا' فروخت کیا گیا' ان پر ظلم وستم ڈھائے گئے اور وہ قید میں گئے' مگر انھوں نے ہر جگہ پر اپنی آزادی اور برتری کو قائم رکھا۔ کنوئیں کی تاریکی اور تنہائی بھی انھیں نقصان نہ دے سکی۔ آخرکار اللہ تعالیٰ نے انھیں عزت دی اور جو اس کا مالک تھا وہ ان کا مملوک بنا اور خدا نے انھیں نبوت و رسالت عطا کی اور ان کے ذریعہ سے پوری مملکت کو قحط سالی سے نجات عطا کی۔ ہمیشہ صبر کا پھل میٹھا ہوتا ہے لہٰذا لوگو! تم بھی صبر کرو اور اپنے آپ کو صبر کا خوگر بناؤ۔ خدا تمھیں اس کا اجر دے گا۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: حضرت یوسف علیہ السلام کی حدودِ مملکت مصر اور اس کے صحراء تک محدود تھی۔ اس سے زیادہ علاقہ پر ان کی حکومت نہیں تھی۔

سابقہ آیات میں اللہ تعالیٰ نے بیان کیا کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے پہلی بار ہی اپنے بھائیوں کو پہچان لیا تھا' لیکن جب تک انھوں نے نہ چاہا اس وقت تک بھائی انھیں نہیں پہچان سکے تھے۔

اس واقعہ سے ثابت ہوتا ہے کہ حجتِ خدا کی ایک علامت یہ بھی ہے کہ جب تک وہ خود نہ چاہے تب تک اسے کوئی پہچان نہیں سکتا۔ یہی وجہ ہے کہ روایاتِ معصومینؑ میں مذکور ہے کہ جب قائم آلِ محمد علیہ الصلاۃ والسلام ظہور فرمائیں گے تو ہر شخص انھیں دیکھ کر پہچان لے گا اور لوگ کہیں گے کہ میں نے تو انھیں فلاں فلاں مقام پر دیکھا تھا۔ بعض لوگ کہیں گے کہ انھوں نے تو فلاں مشکل گھڑی میں میری مدد کی تھی۔ اسی طرح کا ایک واقعہ یہ بھی ہے۔

عیون الاخبار میں حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی وفات کے باب میں سے ایک روایت کا کچھ حصہ یوں ہے:

حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کو جب سندی بن شاہک داروغہ نے ہارون کے حکم سے زہر دیا تو اس وقت آپؑ نے قیدخانے کے دربان مسیب سے کہا:

مسیب! یہ نجس سندی بن شاہک یہ سمجھتا ہے کہ میرے مرنے کے بعد وہ مجھے غسل وکفن دے گا اور مجھے دفن کرے گا۔ ایسا کبھی نہیں ہوگا۔ جب تم لوگ میرا جنازہ لے کر مقابرِ قریش (کاظمین) پہنچو تو وہاں میری لحد بنانا اور میری قبر کو چار انگلیوں سے زیادہ بلند نہ بنانا اور خیال رکھنا برکت کے حصول کے لیے میری قبر کی مٹی نہ اٹھانا۔ یاد رکھو! میرے دادا حضرت امام حسین علیہ السلام کی تربت کے علاوہ باقی ہر تربت کا کھانا حرام ہے' البتہ سید الشہداء امام حسینؑ کی تربت کو اللہ نے ہمارے شیعوں

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اور دوستوں کے لیے وسیلۂ شفا بنایا ہے۔

مسیب بیان کرتے ہیں کہ اتنے میں زندان میں مَیں نے ایک شخص کو دیکھا جو میرے آقا و مولا حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی مکمل شبیہ تھا۔ میں نے امام علی رضا علیہ السلام کے بچپنے میں دیکھا تھا۔ میں نے چاہا کہ آنے والے سے کچھ سوال کروں تو امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے چیخ کر مجھ سے فرمایا کہ میں نے تجھے منع نہیں کیا تھا؟

مسیب کہتے ہیں کہ میں خاموش ہو کر بیٹھ گیا۔ کچھ دیر بعد آنے والی شخصیت بھی میری نگاہوں سے غائب ہوگئی۔ اتنے میں امام علیہ السلام کی شہادت واقع ہوگئی۔ میں نے امامؑ کی شہادت کی اطلاع سندی بن شاہک کو دی۔ وہ اپنے ساتھیوں سمیت آیا اور انھوں نے امامؑ کو غسل دینا شروع کیا۔ میں کھلی آنکھوں سے دیکھتا رہا کہ ان کے ہاتھ امام تک نہیں پہنچ رہے تھے اور پھر میں نے پہلے آنے والی شخصیت کو دیکھا جو آ کر ان کے ساتھ غسل کفن میں شریک ہوگیا۔ امام علیہ السلام کو وہی غسل و کفن دیتے رہے جب کہ سندی بن شاہک اور اس کے ساتھی یہ سمجھتے رہے کہ یہ شخص ان کی مدد کر رہا ہے وہ اسے نہیں پہچانتے تھے۔ جب غسل و کفن کی تکمیل ہوگئی تو اس شخصیت نے مجھے مخاطب کر کے فرمایا:

مسیب! ہر چیز میں شک کر لینا لیکن میرے متعلق کبھی شک نہ کرنا۔ میں تیرا امامؑ اور تیرا مولاؑ ہوں اور اپنے والد کے بعد خدا کی طرف سے تجھ پر حجت ہوں۔ میری مثال حضرت یوسف علیہ السلام کی سی ہے۔ انھوں نے بھائیوں کو پہچان لیا تھا جب کہ بھائی اسے نہیں پہچان سکے تھے۔

مسیب کہتے ہیں کہ اس کے بعد حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کا جنازہ اُٹھایا گیا اور انھیں مقابرِ قریش (کاظمین) میں دفن کیا گیا۔ آپؑ کی قبر کو زمین سے صرف چار انگشت بلند کیا گیا۔ بعدازاں عقیدت مندوں نے آپؑ کی قبر کو اُونچا کیا اور روضہ تعمیر کیا۔

برادرانِ یوسفؑ بھائی کے دربار میں

تفسیر عیاشی میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہے کہ آپؑ نے فرمایا: حضرت یوسف علیہ السلام کی جدائی حضرت یعقوب علیہ السلام کے لیے بڑی شاق ثابت ہوئی۔ آپؑ یوسفؑ کی جدائی کے غم میں اتنا روئے کہ آنکھیں سفید ہوگئیں۔ پھر خشک سالی کا سال شروع ہوا تو آپؑ کے گھر کا غلہ ختم ہوگیا اور کنعان میں یہ شہرہ ہوا کہ مصر کا بادشاہ لوگوں کو غلہ فراہم کر رہا ہے۔ اس وقت حضرت یوسفؑ مصر کے اقتدار پر فائز ہو چکے تھے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

حضرت یعقوب علیہ السلام نے اپنے بیٹوں کو کچھ رقم دے کر فرمایا: تم مصر چلے جاؤ اور وہاں سے خاندان کے لیے غلہ لے آؤ۔ حضرت یوسفؑ کے بھائیوں نے سفر کیا اور مصر پہنچ گئے اور حضرت یوسفؑ کے سامنے گئے۔ آپؑ نے انھیں پہچان لیا لیکن وہ آپؑ کے رعب شاہی کی وجہ سے آپؑ کو نہ پہچان سکے۔

حضرت یوسف علیہ السلام نے ان سے رقم لی اور اپنے نوکروں سے فرمایا کہ ان لوگوں کو سب سے پہلے غلہ دے دو اور جب غلہ بھر کر فارغ ہو جاؤ تو ان کی پونجی بھی ان کی بوری میں رکھ دو' لیکن ایک بات کا خیال رکھنا انھیں یہ نہ بتانا کہ ان کی رقم انھیں واپس کی گئی ہے۔

نوکروں نے حضرتؑ کے فرمان پر عمل کیا۔ حضرت یوسفؑ نے اپنے بھائیوں سے کہا کہ میں نے سنا ہے کہ تمھارے دو بھائی اور بھی ہیں۔ بتاؤ اب وہ کہاں ہیں؟ انھوں نے کہا: بادشاہ سلامت! پہلے ہمارے دو بھائی اور تھے لیکن ہمارے ایک بھائی کو بھیڑیا کھا گیا تھا' جب کہ ہمارا دوسرا بھائی اس وقت اپنے والد کے پاس ہے اور ہمارا والد اسے اپنے سے جدا نہیں ہونے دیتا۔

حضرت یوسفؑ نے فرمایا: اچھا سنو! جب اگلی مرتبہ غلہ لینے آؤ تو اپنے بھائی کو بھی اپنے ساتھ لاؤ۔ اگر تم نے ایسا نہ کیا تو میری طرف سے تمھیں غلہ نہیں ملے گا اور میرے قریب پھٹکنے کی بھی زحمت نہ کرنا۔ یوسفؑ کے بھائیوں نے کہا: اگرچہ یہ کام خاصا مشکل ہے' پھر بھی ہم پوری کوشش کر کے والد کو قائل کریں گے اور اپنے بھائی کو یہاں لے آئیں گے۔

الغرض برادرانِ یوسفؑ مصر سے غلہ لے کر گھر پہنچے۔ جب انھوں نے اپنی بوریوں کو کھولا تو یہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ ان کی رقم انھیں لوٹائی جا چکی تھی۔ انھوں نے اپنے والد سے کہا: ابا جان! ہمیں اور کیا چاہیے ہماری رقم ہمیں لوٹا دی گئی ہے۔ اب بادشاہِ مصر نے دوبارہ غلہ لینے کے لیے ہم پر یہ شرط عائد کی تھی کہ تمھیں غلہ تب ملے گا جب تم اپنے بھائی کو لے کر آؤ گے۔ آپؑ مہربانی کریں' غلہ کے دوبارہ حصول کے لیے ہمارے بھائی کو ہمارے ساتھ روانہ کریں۔ بھائی کی وجہ سے ہم ایک بار شتر زیادہ غلہ حاصل کریں گے اور ہمارے بھائی کی حفاظت کی آپ کوئی فکر نہ کریں۔ ہم اپنے بھائی کی حفاظت کریں گے۔

حضرت یعقوب علیہ السلام نے فرمایا: مجھے تم پر اعتماد نہیں ہے۔ پہلے بھی تم لوگ یوسفؑ کو لے کر گئے تھے' مگر تم نے یوسفؑ کی حفاظت نہیں کی تھی' اب میں تم پر کس طرح سے بھروسہ کر سکتا ہوں؟ البتہ اگر تم مجھے خدا کی ضمانت دو تو پھر میں اپنے بیٹے کو تمھارے ساتھ روانہ کروں گا' لیکن اس کے لیے تمھیں خدا کی قسم کھانا ہوگی کہ تم اسے میرے پاس واپس لاؤ گے' ہاں اگر گھیر لیے جاؤ تو یہ علیحدہ بات ہوگی۔ بیٹوں نے باپ کو خدا کی ضمانت دی اور یوں حضرت یعقوب علیہ السلام نے اپنے بیٹے کو

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ان کے ساتھ جانے کی اجازت دے دی۔

بہرنوع چھ ماہ کے بعد پسرانِ یعقوبؑ کا قافلہ گھر سے چلا۔ اس بار اس قافلہ میں ابن یامین (بن یامین) بھی شامل تھا۔ قافلہ سفر کرتا ہوا یوسفؑ کے پاس پہنچا۔ حضرت یوسفؑ نے بھائیوں سے کہا: ابن یامیل بھی تمھارے ساتھ آیا ہے؟ بھائیوں نے کہا: جی ہاں' ہم اسے بھی ساتھ لائے ہیں اور وہ یہ ہے۔ حضرت یوسفؑ نے اسے اٹھایا اور اپنے ساتھ تنہائی میں لے گئے اور اس سے فرمایا کہ مجھے پہچانو میں تمھارا کھویا ہوا بھائی یوسف ہوں' اب میں جو کچھ کروں تمھیں اس پر غمگین ہونے کی کوئی ضرورت نہیں ہے اور فی الحال بھائیوں کو بھی میرے متعلق کچھ نہ بتانا۔

بعدازاں حضرت یوسفؑ نے اپنے نوکروں کو حکم دیا کہ وہ ان کی بوریوں میں غلہ بھریں اور جب غلہ بھر لو تو خاموشی سے (ابن یامیل) کی بوری میں میرے پینے کا پیالہ رکھ دینا اور بوری کو بند کر دینا۔ نوکروں نے آپؑ کے فرمان پر عمل کیا۔ غلہ لینے کے بعد فرزندانِ یعقوبؑ قافلہ کے ساتھ روانہ ہوئے۔ ابھی وہ تھوڑی ہی دُور گئے تھے کہ حضرت یوسفؑ اپنے غلاموں کو ساتھ لے کر ان کے تعاقب میں روانہ ہوئے اور ایک منادی نے اہلِ قافلہ کو صدا دی اور کہا: قافلہ والو! تم تو چور ہو۔

یہ آواز سن کر قافلہ رُک گیا اور انھوں نے کہا: تمھاری کیا چیز چوری ہوئی ہے؟ نوکروں نے کہا: ہمارے بادشاہ کا پیالہ کھو گیا ہے اور جو اسے برآمد کرے گا اسے انعام میں بارِ شتر غلہ دیا جائے گا۔

فرزندانِ یعقوبؑ نے کہا: تم لوگ جانتے ہو کہ ہم یہاں فساد کرنے کے لیے نہیں آئے اور ہم لوگ چور نہیں ہیں۔ حضرتؑ کے نوکروں نے کہا: اچھا' اگر تم جھوٹے ثابت ہوئے تو بتاؤ چور کی کیا سزا ہوگی؟

انھوں نے کہا: جس کے پاس تمھارا سامان برآمد ہو' تم اسے اپنے پاس ٹھہرالیں۔ ہم اسی طرح سے چوروں کو سزا دیا کرتے ہیں۔

حضرت یوسفؑ نے سب سے پہلے سوتیلے بھائیوں کی بوریوں کی تلاشی لی۔ ان میں سے کچھ برآمد نہ ہوا۔ پھر جب آپؑ نے اپنے سگے بھائی کی تلاشی لی تو اس میں سے وہ پیالہ برآمد ہوگیا۔ جب بھائیوں نے خلافِ توقع چوری کی برآمدگی دیکھی تو انھوں نے کہا: بادشاہ! اگر آج اس نے چوری کی ہے تو یہ اس کے لیے نئی بات نہیں ہے۔ آج سے طویل عرصہ قبل اس کے بھائی نے بھی چوری کی تھی۔

حضرت یوسفؑ نے فرمایا: ٹھیک ہے ہم چور کو اپنے یہاں رکھیں گے اور باقی تم لوگ بے گناہ ہو' لہٰذا تم اپنے وطن کو لوٹ جاؤ۔ برادرانِ یوسفؑ نے جب یہ شاہی حکم سنا تو انھوں نے آپؑ سے کہا: اے بااختیار بادشاہ! اس کا بوڑھا باپ ہے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اور وہ اس کو ہمارے ساتھ بھیجنے پر اس وقت تک رضامند ہی نہ ہوا تھا جب تک ہم نے اسے خدا کا پیمان نہیں دیا تھا۔ آپؑ نے اگر پکڑنا ہی ہے تو پھر مہربانی کر کے اسے واپس جانے دیں اور اس کی جگہ ہم میں سے کسی ایک کو اپنے پاس روک لیں۔ آپؑ نیکوکار انسان ہیں اور ایک نیکوکار شخص سے یہی توقع کی جاسکتی ہے۔

حضرت یوسفؑ نے فرمایا: خدا کی پناہ! ہم تو صرف اسے ہی پکڑیں گے جس کے ہاں سے ہمارا سامان برآمد ہوا ہے۔ اگر اس کی جگہ ہم نے کسی دوسرے کو پکڑا تو پھر ہم ظالم قرار پائیں گے۔

برادرانِ یوسفؑ مایوس ہو کر وہاں سے نکلے اور ایک جگہ بیٹھ کر مشورہ کرنے لگے۔ بڑے بھائی نے کہا: میں اپنے والد سے شرمندہ ہوں' اب میں اسی سرزمین پر رہوں گا یہاں تک کہ میرے والد مجھے اپنے پاس آنے کی اجازت دیں یا خدا میرے لیے کوئی فیصلہ کردے۔ اس سے قبل ہم سے یوسفؑ کے متعلق بھی کوتاہی سرزد ہوئی تھی۔ اب میں کون سا منہ لے کر والد کے پاس جاؤں گا۔ البتہ تم لوگ غلہ لے کر والد کے ہاں جاؤ اور ان سے کہو کہ آپؑ کے فرزند نے چوری کی ہے اسی لیے وہ گرفتار ہو چکا ہے۔ ہم نے اسے چوری کرتے ہوئے خود نہیں دیکھا ہے البتہ اس کے سامان سے پیالہ برآمد ہوتے ہوئے ہم نے ضرور دیکھا ہے۔ اگر اس کے باوجود آپ کو ہماری بات کا یقین نہ آئے تو آپ اس قریہ والوں سے پوچھ لیں جہاں ہم گئے ہوئے تھے اور آپ ان قافلہ والوں سے پوچھ لیں جن کے ساتھ ہم نے سفر کیا تھا۔ ہم بالکل سچے ہیں۔

جب فرزندانِ یعقوبؑ نے والد کو یہ خبر سنائی تو انھوں نے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رٰجِعُوْن پڑھا اور بے تحاشا روئے اور شدتِ غم سے ان کی کمر خمیدہ ہوگئی۔

وضاحت: اس روایت میں حضرت یوسفؑ کے سگے بھائی کا نام ''ابن یامیل'' بیان کیا گیا ہے جب کہ باقی روایت میں اس کا نام ''ابن یامین'' بیان کیا گیا ہے۔ یہی روایت ابوحمزہ ثمالی کی زبانی بھی مرقوم ہے مگر اس میں ''ابن یامین'' کے الفاظ وارد ہیں۔

مجمع البیان میں مذکور ہے کہ جب حضرت یعقوب علیہ السلام نے بن یامین کو بھائیوں کے ساتھ روانہ کیا تو آپؑ نے یہ الفاظ کہے تھے: اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۚ وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ۝ ''حکم بس اسی کا ہی چلتا ہے میں نے اسی پر بھروسہ کیا ہے اور بھروسہ کرنے والوں کو اسی پر ہی بھروسہ کرنا چاہیے''۔

اللہ تعالیٰ کو آپؑ کے توکل کی یہ ادا پسند آئی اور فرمایا: یعقوبؑ! تو نے ہم پر بھروسہ کیا ہے تو ہم تجھے تیرے دونوں بیٹوں سے ملوائیں گے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

لفظ ''امیر المومنین'' کا مفہوم

کتاب علل الشرائع، معانی الاخبار اور اصولِ کافی میں منقول ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ حضرت علی علیہ السلام کو امیر المومنین کیوں کہا جاتا ہے؟

آپؑ نے فرمایا: یہ لفظ ''نَمِیْرُ اَھْلَنَا'' سے مشتق ہے۔ آپؑ کو امیر المومنین کہنے کی وجہ یہ ہے کہ آپؑ مومنین کو رزقِ علم فراہم کرتے ہیں۔

وضاحت: عربی لغت میں بَاعَ یَبِیْعُ کے وزن پر مَارَ یَمِیْرُ کا بھی ایک باب ہے۔ مَارَ یَمِیْرُ کا معنی غلہ فراہم کرنا ہے۔ اسی لیے برادرانِ یوسفؑ نے اپنے والد سے کہا تھا: وَنَمِیْرُ اَھْلَنَا ''اور ہم اپنے خاندان کے لیے غلہ لائیں گے''۔

مذکورہ روایت میں لفظ ''امیر المومنین'' میں لفظ ''امیر'' کو فعل مضارع واحد متکلم کا صیغہ بتایا گیا ہے، جس کا مفعول بہ ''المومنین'' ہے۔ اس صورت میں ''امیر المومنین'' کا لفظی ترجمہ یہ ہوگا کہ میں اہلِ ایمان کو روزی فراہم کرتا ہوں۔ جب کہ مذکورہ بالا روایت میں رزقِ علم کا حوالہ دیا گیا ہے۔ لیکن یہ معنی صرفی اور نحوی دونوں لحاظ سے صحیح نہیں ہے۔ مثلاً کتب احادیث میں یہ الفاظ بکثرت دکھائی دیتے ہیں۔ ''عن امیر المومنین علیہ السلام'' جب کہ صرف ونحو کے مبتدی طلاب بھی جانتے ہیں کہ فعل پر حرف جار داخل نہیں ہوتا۔

اسی طرح سے جب کوئی مسلمان یہ گواہی دیتا ہے: اَشْھَدُ اَنَّ اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلِیًّا وَّلِیُّ اللّٰہِ تو اس صورت میں اس کا عجیب سا ترجمہ سامنے آتا ہے جو کہ کچھ یوں بنتا ہے: ''میں گواہی دیتا ہوں کہ میں اہلِ ایمان کو روزی فراہم کرتا ہوں، علی اللہ کا ولی ہے''۔ اور اس میں دوسری قباحت یہ لازم آتی ہے کہ لفظ ''امیر'' جو کہ فعل با فاعل ہے اس سے پہلے ''حرف مشبہ بالفعل اَنَّ'' داخل ہوا ہے۔ اور فعل مضارع پر کبھی بھی حرف مشبہ بالفعل داخل نہیں ہوتا۔

اور اگر لفظ ''امیر المومنین'' کی یہی ترکیب کی جائے تو پھر سوال یہ ہے کہ جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام سے فرمایا تھا: یَا عَلِیُّ اَنْتَ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ ''اے علیؑ! تو امیر المومنین ہے''۔ اب اگر لفظ ''امیر المومنین'' کی مزعومہ ترکیب نحوی کو تسلیم کر لیا جائے تو پھر حدیث کا عجیب معنی یہ ہوگا: اے علیؑ! تو، میں مومنین کو رزق فراہم کرتا ہوں۔ لہٰذا مذکورہ حقائق کی موجودگی میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ مذکورہ روایت از روئے لغت اور از روئے صرف ونحو صحیح نہیں ہے۔ (اضافۃ من المترجم)

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

نگاہِ بد مؤثر ہے

لَا تَدْخُلُوْا مِنْ بَابٍ وَّاحِدٍ وَّادْخُلُوْا مِنْ اَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ

''میرے بیٹو! ایک دروازے سے داخل نہ ہونا' مختلف دروازوں سے شہر میں داخل ہونا''۔

علمائے مفسرین بیان کرتے ہیں کہ حضرت یعقوب علیہ السلام نے اپنے بیٹوں کو نظرِ بد سے محفوظ رکھنے کے لیے یہ تدبیر کی تھی۔

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ ''جبائی'' نظرِ بد کی تاثیر کا انکار کرتے تھے اور کہتے تھے کہ اس کے لیے کوئی مضبوط دلیل موجود نہیں ہے۔ جب کہ محققین کی اکثریت نظرِ بد کی تاثیر کی قائل ہے اور اس کے ثبوت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہ حدیث بیان کی جاتی ہے کہ آپؐ نے فرمایا: اِنَّ العَیْنَ حَقٌّ وَالعَیْنُ تُنتَزِلُ الحَالِقَ ''نگاہِ بد حق (مؤثر) ہے اور نگاہِ بد میں اتنی تاثیر ہے کہ وہ بلند پہاڑ کو بھی گرا سکتی ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم امام حسن اور امام حسین علیہما السلام کو نظرِ بد سے بچانے کے لیے یہ عزیمت پڑھتے تھے: اعیذکما بکلمات اللہ التامة من کل شیطان وھامة ومن کل عین لامة۔

روایات میں مذکور ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بھی اپنے بیٹوں کو نظرِ بد سے بچانے کے لیے ان پر عزیمت دَم کی تھی۔ علاوہ ازیں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے متعلق منقول ہے کہ آپؑ فرزندانِ ہارونؑ کو نظرِ بد سے بچانے کے لیے عزیمت دَم کرتے تھے۔

ایک روایت میں مذکور ہے کہ حضرت جعفر طیارؓ کے بیٹے بڑے حسین وجمیل تھے۔ ایک دفعہ ان کی والدہ اسماء بنت عمیس نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا تھا: یارسولؐ اللہ! انھیں نظرِ بد جلدی لگتی ہے' کیا میں نظرِ بد سے بچانے کے لیے ان پر کوئی عزیمت دَم کر دیا کروں؟

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں۔

ایک روایت میں مذکور ہے کہ جبریل امینؑ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے اور انھیں نظرِ بد سے بچنے کے لیے یہ عزیمت تعلیم دی: بسم اللہ ارقیک من کل عین حاسد اللہ یشفیک۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے کہ جب کوئی چیز لوگوں کے سینوں میں بڑی محسوس ہوتی ہے تو اللہ اس کی قدر کو گرا دیتا ہے اور اسے چھوٹا کر دیتا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اصول کافی میں مرقوم ہے کہ امیر المومنین علی علیہ السلام نے فرمایا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حسنؑ و حسینؑ پر دَم کیا اور آپؐ نے فرمایا: اُعیذ کما بکلمات اللہ التامة ومن شر کل عین لامة ومن شر حاسد اذا حسد۔

پھر آنحضرتؐ ہماری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنے فرزندوں اسماعیلؑ و اسحاقؑ پر بھی یہی دُعا دَم کیا کرتے تھے۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جب فرزندانِ یعقوبؑ بن یامین کو اپنے ساتھ لے کر دربارِ یوسفؑ میں گئے تو آپؑ نے ان کے لیے ضیافت کا انتظام کیا اور جب دسترخوان بچھ گیا تو حضرت یوسفؑ نے فرمایا کہ ایک ہی ماں کے بیٹے اکٹھے ہوکر بیٹھ جائیں۔ اس حکم کے بعد دس بھائی بیٹھ گئے' لیکن بن یامین اکیلا کھڑا رہا۔

حضرت یوسفؑ نے فرمایا: تم کیوں اکیلے کھڑے ہو؟ بن یامین نے کہا: آپؑ ہی نے تو کہا ہے کہ ماں جائے بھائی ساتھ بیٹھ جائیں۔ ان میں میرا کوئی ماں جایا بھائی نہیں ہے۔

حضرت یوسفؑ نے کہا: تو کیا تیرا کوئی سگا بھائی نہیں تھا؟ بن یامین نے کہا: کیوں نہیں' میرا بھی سگا بھائی تھا۔ حضرت یوسفؑ نے کہا: تو تمھارے بھائی کو کیا ہوا؟ بن یامین نے کہا: یہ گمان کرتے ہیں کہ اسے بھیڑیا کھا گیا تھا۔ حضرت یوسفؑ نے کہا: تمھیں تمھارے بھائی کے کھو جانے کا کتنا صدمہ ہوا تھا؟ بن یامین نے کہا: خدا نے مجھے گیارہ اولادیں عطا کی ہیں میں نے سب کے نام اس کے نام سے مشتق کر کے رکھے ہیں۔

حضرت یوسفؑ نے کہا: عجیب بات ہے' اتنے پیارے بھائی کی جدائی کے بعد بھی تو بیویوں سے ہم آغوش ہوتا رہا اور بچے پیدا کرتا رہا۔ بن یامین نے کہا: اصل بات یہ ہے کہ میرا ایک نیک سیرت والد ہے' اس نے مجھ سے کہا ہے کہ بیٹا شادی کرتا کہ خدا تجھ سے اتنی اولاد پیدا کرے جو پوری زمین کو خدا کی تسبیح سے بھر دیں۔

حضرت یوسفؑ نے فرمایا: پھر آؤ تم میرے ساتھ مل کر دسترخوان پر بیٹھو اور میرے ساتھ کھانا کھاؤ۔ برادرانِ یوسفؑ نے جب بن یامین کی اس عزت افزائی کو دیکھا تو کہنے لگے: اللہ نے یوسفؑ اور اس کے بھائی کو فضیلت دی ہے اور نوبت یہاں تک جا پہنچی ہے کہ آج یوسفؑ کا بھائی بادشاہ کے ساتھ مل کر کھانا کھا رہا ہے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ جب فرزندانِ یعقوبؑ گھر سے روانہ ہوئے اور ان کے ساتھ بن یامین بھی ہم سفر تھے۔ دورانِ سفر بن یامین نہ تو بھائیوں کے ساتھ بیٹھتے تھے اور نہ ہی ان سے کلام کرتے تھے۔ اور یوں سفر کرتے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ہوئے یہ قافلہ حضرت یوسفؑ کے پاس پہنچا۔ حضرت یوسفؑ نے اپنے سگے بھائی کو دیکھا کہ وہ دوسرے بھائیوں سے علیحدہ بیٹھا ہوا تھا۔ آپؑ نے اس سے کہا: کیا تم ان کے بھائی ہو؟ بن یامین نے کہا: جی ہاں۔ حضرت یوسفؑ نے کہا: تم ان کے ساتھ کیوں نہیں بیٹھتے؟

بن یامین نے کہا: یہ لوگ میرے سگے بھائی کو اپنے ساتھ لے کر گئے تھے اور اسے واپس نہیں لائے تھے اور ان کا گمان یہ ہے کہ میرے بھائی کو بھیڑیا کھا گیا تھا اسی لیے میں یہ قسم کھا چکا ہوں کہ کبھی بھی ان کے ساتھ نہیں بیٹھوں گا۔

حضرت یوسفؑ نے کہا: کیا تو نے شادی کی ہے؟ بن یامین نے کہا: جی ہاں۔ حضرت یوسفؑ نے کہا: کیا تمھارے ہاں کوئی اولاد بھی ہے؟ اس نے کہا: جی ہاں' میرے ہاں تین بیٹے ہیں۔ حضرت یوسفؑ نے کہا: تم نے ان کے کیا نام رکھے ہیں؟ بن یامین نے کہا: میں نے ایک کا نام ''بھیڑیا'' دوسرے کا نام ''قمیص'' اور تیسرے کا نام ''خون'' رکھا ہے۔

حضرت یوسفؑ نے کہا: تم نے ان ناموں کا انتخاب کیوں کیا؟ بن یامین نے کہا: تا کہ مجھے میرا بھائی ہمیشہ یاد رہے۔ میں جب بھی کسی بیٹے کا نام لیتا ہوں تو مجھے میرا بھائی یاد آ جاتا ہے۔ پھر یوسفؑ نے دس بھائیوں کو باہر جانے کا حکم دیا اور بن یامین کو اپنے پاس ٹھہرا کر اس سے کہا: میں تیرا گم گشتہ بھائی یوسف ہوں۔ تیرے سوتیلے بھائی جو کچھ کرتے آئے ہیں اس پر غمگین نہ ہونا۔ میں چاہتا ہوں کہ تم میرے پاس یہاں رُک جاؤ۔

بن یامین نے کہا: بھائی ایسا نہیں کرنے دیں گے' کیونکہ ابا جان نے مجھے ان کے ساتھ روانہ کرنے سے قبل ان سے خدا کے نام کا عہد و پیمان لیا تھا کہ وہ مجھے اپنے ساتھ واپس لے آئیں گے۔

حضرت یوسفؑ نے کہا: کوئی بات نہیں۔ میں تمھارے یہاں روکنے کی ایک تدبیر کرتا ہوں۔ بھائیوں سے اس کے متعلق کچھ نہ کہنا۔ اس کے بعد حضرت یوسفؑ نے اپنا پیالہ اس کے سامان میں رکھوا دیا تھا اور اس بہانے سے اسے اپنے پاس روک لیا تھا۔

حضرت امام صادق علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ برادرانِ یوسفؑ کو یوسفؑ نے چور کہا تھا' جب کہ وہ چور تو نہیں تھے کیا اس کے باوجود حضرت یوسفؑ کی صداقت پر کوئی حرف تو نہیں آتا۔

آپؑ نے فرمایا: بھائیوں نے اس وقت چوری نہیں کی تھی' لیکن جھوٹے یوسفؑ بھی نہیں تھے۔ آپؑ نے انھیں اس لیے چور کہا تھا کہ انھوں نے یوسفؑ کو والد سے چرایا تھا۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

تقیہ

اصول کافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: ''تقیہ دین خداوندی میں شامل ہے''۔

راوی کا بیان ہے کہ میں نے ازراہِ تعجب کہا: کیا تقیہ دین خداوندی میں شامل ہے؟!! آپؑ نے فرمایا: جی ہاں، خدا کی قسم! تقیہ دین خداوندی میں شامل ہے۔ حضرت یوسفؑ نے بھائیوں سے کہا تھا: اَيَّتُهَا الْعِيْرُ اِنَّكُمْ لَسٰرِقُوْنَ (قافلہ والو! تم چور ہو جب کہ انھوں نے کوئی چیز چوری نہیں کی تھی)۔ حضرت ابراہیمؑ نے کہا تھا: انی سقیم (میں بیمار ہوں) خدا کی قسم، ابراہیمؑ بیمار نہیں تھے۔

حسن صیقل بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا کہ ہم نے آپؑ کے والد علیہ السلام سے یہ روایت کی ہے کہ جب حضرت یوسفؑ نے بھائیوں کو چور کہا تھا تو وہ چور نہیں تھے۔ اس کے باوجود بھی یوسفؑ نے جھوٹ نہیں بولا تھا۔ حضرت ابراہیمؑ نے کہا تھا: بَلْ فَعَلَهٗ ۖ كَبِيْرُهُمْ هٰذَا فَسْـَٔلُوْهُمْ اِنْ كَانُوْا يَنْطِقُوْنَ ۝ (انبیاء: ۶۳) (بلکہ اس بڑے نے ان بتوں کو توڑا ہے اگر یہ بولتے ہیں تو خود انھی سے ہی پوچھ لو) خدا کی قسم! بڑے بت نے چھوٹے بتوں کو نہیں توڑا تھا لیکن ابراہیمؑ بھی جھوٹے نہیں تھے۔

یہ بیان سننے کے بعد حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: صیقل! تم کیا کہتے ہو؟ میں (راوی) نے کہا: میں تسلیم کرنے کے علاوہ اور کر ہی کیا سکتا ہوں؟ یہ سن کر حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اللہ کو دو چیزیں پسند ہیں اور دو چیزیں ناپسند ہیں۔ اللہ کو جہاد کی صفوں کے درمیان کفار کے سامنے اکڑ اکڑ کر چلنا پسند ہے اور اصلاح کے علاوہ جھوٹ بولنا خدا کو ناپسند ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بَلْ فَعَلَهٗ ۖ كَبِيْرُهُمْ کا جملہ اصلاح کی غرض سے کہا تھا اور انھیں معلوم تھا کہ یہ لوگ گونگے خودساختہ خداؤں سے کچھ نہیں پوچھ سکتے اور نہ ہی ان کے بت ان کو جواب دینے کے لائق ہیں۔ اسی طرح سے حضرت یوسف علیہ السلام نے بھی اصلاح کی غرض سے کہا تھا: اِنَّكُمْ لَسٰرِقُوْنَ ''تم چور ہو''۔

اسی مفہوم کی ایک اور روایت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بھی منقول ہے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: کلام کی تین قسمیں ہیں: ۱- کلام یا تو سچ ہوتا ہے ۲- یا جھوٹ ہوتا ہے ۳- یا لوگوں میں اصلاح کا ذریعہ ہوتا ہے۔

روضہ کافی میں مرقوم ہے کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے کہا گیا کہ سالم بن ابی حفصہ اور اس کے ساتھی آپؑ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کے متعلق یہ کہتے ہیں کہ آپؑ کی گفتگو ستر ستر مفاہیم کی حامل ہوتی ہے۔ آپؑ نے فرمایا: سالم مجھ سے کیا چاہتا ہے کیا میں اس کو اس کے سامنے لے آؤں جب کہ یہ کام تو انبیاء نے بھی نہیں کیا تھا۔ حضرت یوسفؑ نے بھی قافلہ والوں کو چور کہا تھا جب کہ وہ ہرگز چور نہیں تھے اور یوسفؑ نے بھی جھوٹ نہیں بولا تھا۔

کتاب الخرائج والجرائح کی ایک روایت کا ماحصل یہ ہے کہ حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام نے فرمایا: حضرت یعقوب علیہ السلام کے پاس حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ایک کمر بند موجود تھا' اور جو بھی اسے چوری کرتا تھا وہ غلام بنا لیا جاتا تھا۔ حضرت یوسف علیہ السلام اپنے باپ کو بہت پیارے تھے اور آپؑ کی پھوپھی بھی آپؑ سے بے حد پیار کرتی تھی۔ ایک مرتبہ پھوپھی آپ کو اپنے ہاں لے گئی۔ حضرت یعقوبؑ نے انھیں پیغام بھیجا کہ میں یوسف کے لیے اداس ہوں اسے میرے پاس بھیج دو۔ بی بی نے یوسف کی تیاری کرائی اور خاموشی سے وہ کمر بند ان کی کمر سے باندھا اور انھیں والد کے پاس لے گئیں اور پھر بی بی نے اپنے بھائی حضرت یعقوب علیہ السلام سے کہا کہ ابراہیمی کمر بند کہیں کھو گیا ہے۔ جبریل علیہ السلام نازل ہوئے اور انھوں نے کہا کہ کمر بند یوسف نے پہنا ہوا ہے۔

بی بی نے ازراہِ پیار بھائی سے کہا کہ آپ نے دیکھا یوسفؑ نے میری چوری کی ہے اور ابراہیمی قانون کے تحت آپؑ اسے میرے سپرد کر دیں۔ بہرنوع وہ ایک معصومانہ حرکت تھی اور وہ پیار کا ایک انداز تھا' لیکن جب بنیامین کی بوری سے یوسفؑ کے پانی پینے کا پیالہ برآمد ہوا تو برادرانِ یوسفؑ نے کہا: اگر اس نے آج چوری کی ہے تو اس میں تعجب کی کوئی بات نہیں ہے۔ اس کے بھائی (یوسفؑ) نے بھی اس سے پہلے چوری کی تھی۔

بعدازاں حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام نے فرمایا: یوسفؑ اور یعقوبؑ کے درمیان کچھ بہت فاصلہ حائل نہیں تھا۔ اگر خدا حجاب اُٹھا کر یعقوبؑ کو یوسفؑ دکھانا چاہتا تو وہ دکھانے پر قادر تھا' لیکن اللہ نے ہر بات کے لیے وقت مقرر کیا ہے اور ہر کام اپنے مقررہ وقت پر ہی ظہور پذیر ہوتا ہے۔

تفسیر عیاشی اور عیون الاخبار میں بھی یہ روایت اختلافِ الفاظ کے ساتھ مرقوم ہے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مذکور ہے کہ جب بنیامین کے سامان سے پیالہ برآمد ہوا اور حضرت یوسف علیہ السلام نے اس کے متعلق حکم صادر کیا کہ اسے یہاں روک لیا جائے تو اولادِ یعقوبؑ کو سخت غصہ آیا اور جب انھیں غصہ آتا تھا تو کپڑے کے نیچے ان کے بال کھڑے ہو جاتے تھے اور ان کے سروں سے زرد رنگ کا خون نکلتا تھا اور اس موقع پر بھی انھیں بڑا غصہ آیا اور انھوں نے کہا: اے بااختیار بادشاہ! اس کا بوڑھا باپ ہے۔ آپ اس کی بجائے ہم میں سے کسی ایک کو گرفتار کر لیں۔ ہم

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

آپ کو نیکوکار جماعت کا فرد محسوس کرتے ہیں۔

حضرت یوسف علیہ السلام نے جواب دیا کہ ہم تو بس اسے ہی پکڑیں گے جس کے ہاں سے ہمیں اپنا سامان ملا ہے۔

قابلِ توجہ بات یہ ہے کہ یوسف علیہ السلام نے ان سے یہ الفاظ نہیں کہے تھے کہ ہم تو بس اسے ہی پکڑیں گے جس نے ہمارا سامان چوری کیا ہے۔ پھر جب فرزندانِ یوسفؑ بن یامین کی واپسی سے مایوس ہوگئے تو وہ دُور جا کر بیٹھ گئے اور آپس میں مشورہ کرنے لگے۔ ان کے بڑے بھائی نے کہا: میں اب اس سرزمین پر ہی رہوں گا' یہاں تک کہ میرے والد مجھے یہاں سے واپس نہ بلائیں یا خدا میرے لیے کوئی فیصلہ نہ کردے۔ والدِ محترم نے ہم سے وعدہ لیا تھا کہ ہم بن یامین کو اپنے ساتھ واپس لے کر آئیں گے اور اس سے پہلے یوسفؑ کے متعلق بھی ہم سے کوتاہی ہوئی تھی۔ لہٰذا میں کون سا منہ لے کر والدِ محترم کے پاس جاؤں گا۔ بڑے بھائی کے متعلق کتابوں میں اختلاف ہے' ایک قول یہ ہے کہ اس کا نام لاوی بن یعقوب تھا اور دوسرا قول یہ ہے کہ اس کا نام یہودا بن یعقوب تھا۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول دو روایات کا خلاصہ یہ ہے کہ برادرانِ یوسفؑ واپس چلے گئے۔ بڑا بھائی یہودا ان کے ساتھ واپس نہ گیا۔ بھائیوں کے جانے کے بعد وہ یوسفؑ کے پاس آیا اور اُن سے بن یامین کی واپسی کی درخواست کی' جسے آپؑ نے مسترد کر دیا۔ یہودا کو غصہ آیا۔ جب اسے غصہ آتا تھا اس کے بازو میں ایک بال کھڑا ہو جاتا تھا' اس سے خون نکلنے لگتا تھا۔ جیسے ہی اس کے بازو سے خون برآمد ہوا تو یوسف علیہ السلام کے پاس ان کا ننھا بیٹا سونے سے بنے ہوئے ایک انار سے کھیل رہا تھا۔ حضرت یوسفؑ نے اس سے وہ انار لیا اور یہودا کی طرف پھینکا۔ بچہ اپنا انار اٹھانے کے لیے گیا۔ بچے کا ہاتھ یہودا کے جسم سے مَس ہوا تو اس کا غصہ کافور ہوگیا۔

اس نے دوبارہ حضرت یوسفؑ سے درخواست کی جسے آپؑ نے مسترد کر دیا۔ آخر کار اسے غصہ آیا اور غصہ کی وجہ سے اس کے بازو سے خون رِسنے لگا۔ حضرت نے دوبارہ وہی انار اس کی جانب پھینکا۔ بچہ انار لینے کے لیے لپکا۔ بچے کا ہاتھ یہودا کے جسم سے مَس ہوا تو اس کا غصہ کافور ہوگیا۔ یہودا نے کہا: معلوم ہوتا ہے کہ اس گھر میں یعقوبؑ کی اولاد میں سے کوئی نہ کوئی فرد موجود ہے۔ اس وقت حضرت یوسفؑ نے اس سے فرمایا: کیا تمھیں معلوم ہے کہ تم نے نادانی میں یوسفؑ اور اس کے بھائی سے کیا سلوک کیا تھا؟

الغرض حضرت یوسفؑ نے ایک حسین بہانے سے اپنے بھائی کو اپنے ہاں روک لیا۔ آپؑ کے باقی دس بھائیوں میں سے نو بھائی واپس حضرت یعقوبؑ کے پاس گئے۔ اُنھوں نے بیٹوں سے پہلا سوال یہی کیا کہ تم میرے بن یامین کو لے کر

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

گئے تھے۔ بتاؤ اب بن یامین کہاں ہے؟

انھوں نے کہا: اباجان! بن یامین نے چوری کی تھی۔ اسے شاہ مصر نے اپنے ہاں روک لیا ہے اور ہمیں واپسی کی اجازت دی ہے۔ ہم آپؑ کے پاس آ گئے ہیں۔ اگر آپؑ نے مزید تسلی کرنی ہو تو پھر اس شہر والوں سے پوچھیں جہاں یہ واقعہ پیش آیا تھا اور آپؑ اس قافلہ سے بھی تسلی کر سکتے ہیں جن کے ساتھ ہم نے سفر کیا تھا تو آپؑ کو ہماری سچائی کا یقین ہو جائے گا۔ حضرتؑ نے فرمایا: تم نے اپنی طرف سے یہ بات بنالی ہے اب میں ''صبر جمیل'' ہی کر سکتا ہوں۔

شیخ الطائفہ امالی میں لکھتے ہیں: ''صبرِ جمیل'' اس صبر کو کہا جاتا ہے جس میں خالق کا شکوہ نہ ہو۔

تفسیر عیاشی میں جابر سے منقول ہے: میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے پوچھا: مولاؑ! صبرِ جمیل کسے کہتے ہیں؟ آپؑ نے فرمایا: ایسے صبر کو صبرِ جمیل کہا جاتا ہے جس میں اپنی تکلیف کا لوگوں کے سامنے شکوہ نہ کیا جائے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا گیا: حضرت یعقوبؑ کو حضرت یوسفؑ کی جدائی کا غم کتنا تھا؟

آپؑ نے فرمایا: اگر ستر پسر مُردہ ماؤں کا غم کیا جائے تو حضرت یعقوبؑ کو اتنا غم یوسفؑ کی جدائی پر تھا۔ اور یعقوبؑ کلمہ استرجاع سے واقف نہ تھے اسی لیے انھوں نے یَاَسَفٰی عَلٰی یُوْسُفَ کے جملے کہے تھے۔

کتاب الخصال میں امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: میرے والد امام سجاد علیہ السلام واقعۂ کربلا کے بعد پورے بیس برس تک روتے رہے اور آپؑ کی حالت یہ تھی کہ جب بھی آپؑ کے سامنے کھانا رکھا جاتا تو آپؑ واقعاتِ کربلا کو یاد کر کے رونے لگ جاتے تھے۔

ایک دفعہ آپؑ کے ایک غلام نے آپؑ سے کہا: کیا ابھی آپؑ کا غم پورا نہیں ہوا؟ آپؑ نے فرمایا: تجھ پر افسوس حضرت یعقوب علیہ السلام کے بارہ فرزند تھے۔ بارہ میں سے ایک فرزند جدا ہوا تھا تو روتے روتے ان کی آنکھیں سفید ہو گئی تھیں اور ان کی کمر جھک گئی تھی، جب کہ ان کا فرزند بھی زندہ تھا۔ میں نے تو کربلا میں اپنے والد، بھائی اور چچا اور اپنے خاندان کے سترہ افراد کو قتل ہوتے ہوئے دیکھا ہے۔ اب تم خود ہی بتاؤ میرا غم کیسے ختم ہو سکتا ہے؟

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: دنیا میں سب سے زیادہ پانچ افراد روئے:

۱- آدم علیہ السلام ۲- یعقوب علیہ السلام ۳- یوسف علیہ السلام ۴- حضرت فاطمہ زہراء علیہا السلام ۵- حضرت امام زین العابدین علیہ السلام۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

حضرت آدمؑ فراقِ جنت میں اتنا روئے کہ آپ کے رخساروں پر نہریں سی بن گئی تھیں۔ یعقوب علیہ السلام فراقِ یوسفؑ میں اتنا روئے کہ ان کی نگاہ ختم ہوگئی تھی اور ان کے بیٹے ان سے کہا کرتے تھے کہ خدارا اب بس بھی کریں۔ مسلسل غم کی وجہ سے آپؑ بیمار ہوجائیں گے یا آپؑ ہلاک ہوجائیں گے۔

حضرت یوسف علیہ السلام اپنے والد کی جدائی میں اتنا روئے کہ اہلِ زندان تنگ آ گئے تھے اور انھوں نے کہا: اگر آپؑ دن کو روئیں تو ہم رات کو آرام کریں اور اگر آپ رات کو روئیں تو ہم دن کو آرام کریں گے۔

حضرت فاطمہ زہراء سلام اللہ علیہا اپنے والد ماجد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غم میں اتنا روئیں کہ اہلِ مدینہ تنگ آ گئے۔ حضرت علی علیہ السلام نے ان کے رونے کے لیے مدینہ سے باہر ایک ''بیت الحزن'' تعمیر کیا' جہاں آپؑ اپنے شاہزادوں کو لے جا کر والدِ ماجد کے غم میں روتی تھیں۔

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام واقعۂ کربلا کے بعد مسلسل بیس برس تک روتے رہے۔ آپؑ جب بھی پانی کو دیکھتے تو کربلا والوں کی پیاس کو یاد کر کے روتے تھے اور جب بھی آپؑ کے سامنے کھانا رکھا جاتا تو آپؑ کربلا والوں کی بھوک کو یاد کر کے رونے لگ جاتے تھے۔

کتاب احتجاج طبرسی میں مذکور ہے کہ شام سے ایک یہودی عالم حضرت علی علیہ السلام کے پاس آیا اور اس نے آپؑ سے بہت سے سوال کیے اور آپؑ نے اس کے سوالوں کے جواب دیئے۔ اس نے ایک سوال یہ کیا کہ حضرت یعقوبؑ نے حضرت یوسفؑ کی جدائی پر صبر کیا تھا۔ کیا آپؐ کے رسولؐ کی زندگی میں بھی صبر کی کوئی ایسی مثال دکھائی دیتی ہے؟

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: حضرت یعقوب علیہ السلام نے فراقِ یوسفؑ پر صبر کیا تھا' مگر اس صبر کے باوجود انھوں نے اتنا گریہ کیا کہ ان کی آنکھیں سفید ہوگئی تھیں' جب کہ ہمارے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جگر گوشہ ابراہیمؑ آپ کی زندگی میں فوت ہوا' آپؐ نے اس کی موت پر یہ جملے فرمائے تھے: نفس غم محسوس کر رہا ہے اور دل جزع کر رہا ہے۔ ابراہیم ہم تیری موت پر غمگین ہیں' لیکن ہم زبان سے ایسی بات نہیں نکالیں گے جو خدا کو ناراض کر دے۔

ہمارے نبیؐ نے اس عظیم مصیبت پر اللہ کی رضا کے تقاضوں کو مدنظر رکھا تھا۔

مصباح الشریعہ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: ''محزون'' اور ہے اور ''متفکر'' اور ہے' کیونکہ تفکر میں تکلف اور تصنع کی ملاوٹ ہوتی ہے' جب کہ ''حزن'' فطری جذبہ ہے۔ حزن کا آغاز باطن سے ہوتا ہے اور فکر و پریشانی کی ابتداء حوادث کو دیکھنے سے ہوتی ہے اور ان دونوں کیفیتوں میں بڑا فرق ہے۔ اللہ تعالیٰ نے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

قصہ یعقوبؑ میں فرمایا کہ حضرت یعقوب علیہ السلام نے کہا تھا: اِنَّمَا اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْ اِلَى اللّٰهِ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ''میں اپنی پریشانی اور غم کی شکایت خدا کے ہاں کرتا ہوں اور خدا کی طرف سے میں وہ کچھ جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے''۔

''حزن'' کے جھیلنے کی وجہ سے خدا نے انھیں اس علم سے مخصوص کیا جسے باقی لوگ نہیں جانتے تھے۔

تفسیر عیاشی میں مرقوم ہے کہ ایک مرتبہ حضرت یعقوب علیہ السلام کو کسی ضرورت کے تحت اس وقت کے بادشاہ کے پاس جانا پڑا۔ بادشاہ نے ان سے کہا: کیا تم ابراہم ہو؟ انھوں نے کہا: نہیں' میں ابراہیم نہیں ہوں۔ بادشاہ نے کہا: تو کیا تم اسحاق بن ابراہیم ہو؟ انھوں نے کہا: نہیں میں اسحاق بھی نہیں ہوں۔ بادشاہ نے کہا: تمھاری شکل تو مذکورہ بزرگوں سے ملتی ہے تو تم کون ہو؟

آپؑ نے فرمایا: میں یعقوبؑ بن اسحاقؑ بن ابراہیمؑ ہوں۔ بادشاہ نے کہا: اس کم سنی میں آپؑ بوڑھے کیوں ہو گئے ہیں؟ آپؑ نے فرمایا: یوسفؑ کی جدائی کے صدمہ نے مجھے وقت سے پہلے بوڑھا کر دیا ہے۔ دنیا میں سب سے زیادہ آزمائشیں انبیاءؑ پر نازل ہوتی ہیں۔ پھر ان پر آزمائشیں زیادہ آتی ہیں جو انبیاءؑ کے مشابہ ہوتے ہیں۔ پھر ان پر آزمائشیں اترتی ہیں جو انبیاءؑ کے مشابہ افراد کے مشابہ ہوتے ہیں۔ پھر آپؑ نے بادشاہ سے اپنی حاجت بیان کی۔ اس نے آپؑ کی حاجت پوری کی۔ جب آپؑ بادشاہ کے دربار سے باہر آئے تو جبریل امینؑ آپؑ کے پاس آئے اور انھوں نے کہا کہ خدا تم سے کہہ رہا ہے کہ تم نے لوگوں کے سامنے میری شکایت کی ہے؟

حضرت یعقوب علیہ السلام نے یہ سن کر اپنا چہرہ خاک پر رکھ دیا اور عرض کیا: پروردگار! مجھ سے لغزش ہو گئی ہے میں آئندہ محتاط رہوں گا۔ اس کے بعد دوبارہ جبریل امینؑ آپؑ کے پاس آئے اور کہا: یعقوبؑ! خاک سے سر اُٹھاؤ' تمھارا رب تمھیں سلام کہتا ہے اور کہہ رہا ہے میں نے تجھے معاف کیا آئندہ اس کا اعادہ نہ کرنا۔

اس واقعہ کے بعد آپؑ نے کسی سے اپنے غم کی شکایت نہیں کی تھی اور آپؑ ہمیشہ فرمایا کرتے تھے کہ میں اپنے غم و اندوہ کی شکایت خدا کے پاس کرتا ہوں اور خدا کی طرف سے میں وہ کچھ جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اور نہج البلاغہ میں حضرت علی علیہ السلام سے یہ قول منقول ہے: ''جو اپنی مصیبت کا لوگوں کے سامنے شکوہ کرتا ہے وہ دراصل اپنے رب کا شکوہ کرتا ہے''۔

مجمع البیان میں مستدرک حاکم کے حوالہ سے مرقوم ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

حضرت جبریل امینؑ حضرت یعقوب علیہ السلام کے پاس آئے اور ان سے کہا کہ اللہ تعالیٰ آپ کو سلام کہتا ہے اور کہہ رہا ہے تجھے بشارت ہو اور دل میں خوشی محسوس کرو اگر بالفرض تیرے دونوں بیٹے مر بھی چکے ہوتے تو بھی میں تمھاری خاطر انھیں دوبارہ زندہ کر دیتا۔ کھانا پکوا کر مساکین کو کھلاؤ۔ مجھے اپنی مخلوق میں مساکین سے بہت زیادہ پیار ہے۔ اور کیا تمھیں معلوم ہے کہ میں نے تمھاری نگاہ کیوں ختم کی اور میں نے تمھاری کمر کو خمیدہ کیوں کیا؟

سنو! اس کی وجہ یہ ہے کہ تم نے ایک بکری ذبح کی تھی۔ اس دن تمھارے پاس ایک روزہ دار مسکین آدمی آیا تھا تم نے اسے افطار نہیں کرایا تھا۔ اس کے بعد حضرت یعقوبؑ کا معمول بن گیا تھا کہ جب آپؑ دوپہر کا کھانا کھانے کا ارادہ کرتے تو آپؑ کی طرف سے ایک منادی ندا کرتا تھا کہ جس نے دوپہر کا کھانا کھانا ہو تو وہ یعقوبؑ کے پاس بیٹھ کر کھانا کھالے اور جب آپؑ روزہ سے ہوتے تو آپؑ کی طرف سے منادی یہ ندا کرتا کہ جس نے آج کا روزہ افطار کرنا ہو وہ یعقوبؑ کے ساتھ روزہ افطار کرے۔

اصولِ کافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جب حضرت یوسف علیہ السلام نے بن یامین کو مصر میں اپنے پاس روک لیا تو حضرت یعقوب علیہ السلام نے بارگاہِ احدیت میں عرض کیا: خدایا! کیا تو مجھ پر رحم نہیں کرے گا۔ میری بینائی ختم ہوگئی۔ اب میرا دوسرا بیٹا بھی مجھ سے جدا ہوگیا؟

آوازِ قدرت آئی: اگر تیرے بیٹے مر بھی گئے ہوتے تو بھی میں انھیں تیرے لیے زندہ کر دیتا اور تمھاری ان سے ملاقات کراتا۔ کیا تجھے وہ موقع یاد ہے جب تم نے بکری ذبح کرائی تھی اور تم نے جی بھر کر کھانا کھایا تھا تمھارے پہلو میں فلاں فلاں انسان بھوکے تھے تم نے ان کی خبر گیری نہیں کی تھی۔

کتاب کمال الدین وتمام النعمۃ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: یعقوب علیہ السلام نے ملک الموت سے پوچھا کہ یہ بتاؤ تم ہر روح کو علیحدہ علیحدہ قبض کرتے ہو یا اجتماعی طور پر ارواح قبض کرتے ہو؟

ملک الموت نے کہا: میں ہر روح کو علیحدہ علیحدہ قبض کرتا ہوں۔ حضرت یعقوبؑ نے کہا: تو کیا تم نے میرے فرزند یوسفؑ کی روح قبض کی ہے؟ ملک الموت نے کہا: ابھی تک میں نے یوسفؑ کی روح قبض نہیں کی۔ یہ سننے کے بعد آپؑ نے اپنے بیٹوں سے فرمایا: میرے بیٹو! جاؤ اور یوسفؑ اور اس کے بھائی کو تلاش کرو۔

کتاب علل الشرائع اور روضہ کافی اور عیاشی میں بھی یہ روایت الفاظ کے اختلاف سے مروی ہے۔

کتاب الخرائج والجرائح میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: قحط سالی کے ابتدائی

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

شام میں ایک اعرابی نے حضرت یوسف علیہ السلام سے غلہ خرید کیا تھا۔ اتفاق سے اس کا گھر کنعان سے کچھ آگے تھا۔ آپؑ نے اس سے فرمایا: جب تم فلاں وادی سے گزرو تو وہاں یعقوبؑ کے نام کی صدا دینا۔ اس آواز کو سن کر ایک خوب صورت بزرگ تیرے پاس آئیں گے ان سے کہنا کہ مصر میں مجھے ایک شخص ملا تھا جو آپؑ کو سلام کہتا تھا اور وہ کہہ رہا تھا کہ آپ کی اولاد خدا کے ہاں بالکل محفوظ ہے۔ خدا اسے ہرگز ضائع نہیں کرے گا۔

جب اعرابی نے حضرت یعقوب علیہ السلام کو یہ پیغام پہنچایا تو آپؑ بے ہوش ہوگئے۔ جب کچھ دیر بعد ہوش میں آئے تو آپؑ نے اس سے فرمایا: تمھاری کوئی حاجت ہو تو بیان کرو۔ میں خدا سے تمھاری حاجت پوری کراؤں گا۔

اعرابی نے کہا: میری شادی میری چچازاد سے ہوئی ہے' لیکن ہم اولاد سے محروم ہیں۔ آپؑ نے اس کے حق میں دعا فرمائی۔ اعرابی کی بیوی نے چار بار بچے جنے اور ہر جنم میں جڑواں بچے پیدا ہوئے۔

رحمتِ خدا سے کافر ہی مایوس ہوتے ہیں

اِنَّهٗ لَا يَايْـَٔسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ ۝

''اللہ کی رحمت سے کافر لوگ ہی مایوس ہوا کرتے ہیں''۔

نہج البلاغہ میں حضرت علی علیہ السلام سے یہ الفاظ منقول ہیں: ''کامل فقیہہ وہ ہے جو لوگوں کو اللہ کی رحمت سے نا اُمید نہ کرے اور خدا کی مہربانی سے انھیں مایوس نہ کرے اور انھیں خدا کے عذاب سے بے خوف نہ کرے''۔

من لایحضرہ الفقیہہ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی زبانی ایک تفصیلی حدیث مرقوم ہے جس میں آپؑ نے گناہانِ کبیرہ کا تذکرہ کیا ہے۔ آپؑ نے فرمایا: سب سے بڑا گناہ شرک ہے' کیونکہ اللہ کا وعدہ ہے کہ وہ مشرک کو معاف نہیں کرے گا۔ اس کے بعد خدا کی رحمت سے مایوس ہونا گناہِ کبیرہ ہے' کیونکہ اللہ کا فرمان ہے: اللہ کی رحمت سے کافر لوگ ہی مایوس ہوا کرتے ہیں۔

حضرت یعقوبؑ کا خط

مجمع البیان' امالی شیخ الطائفہ اور تفسیر عیاشی میں مرقوم ایک روایت کا ماحصل یہ ہے: حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب حضرت یعقوبؑ پر آزمائشوں کا بادل خوب کھل کر برسا اور یوسفؑ کے بعد بن یامین بھی ان سے جدا ہوگیا اور گھر میں غلہ ختم ہوگیا۔ ان صدمات کی وجہ سے آپؑ کی بینائی ختم ہوگئی اور کمر خمیدہ ہوگئی۔ آپؑ نے گھر میں موجود اُون کی

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کچھ مقدار بیٹوں کے حوالے کی اور ان سے فرمایا: تم جاؤ اور یوسفؑ اور اس کے بھائی کو تلاش کرو اور اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہونا کیونکہ اللہ کی رحمت سے کافر ہی مایوس ہوتے ہیں۔

پھر آپؑ نے عزیزِ مصر کے نام ایک خط تحریر کیا اور آپؑ نے اپنی اولاد سے کہا کہ جب مصر پہنچو تو میرا یہ خط عزیزِ مصر کے حوالے کرو اور اس کے بعد غلہ کی فراہمی کا ذکر کرو۔ اس خط میں آپؑ نے یہ تحریر کیا:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - عزیزِ مصر، مظہرِ عدل اور بھرپور غلہ دینے والی شخصیت کے نام یہ خط یعقوب بن اسحاق بن ابراہیم خلیل اللہ کی جانب سے ہے۔ ہمارا دادا خلیل تھے جن کے جلانے کے لیے نمرود نے لکڑیاں جمع کی تھیں اور انھیں آگ میں ڈالا تھا، مگر اللہ نے نمرود کی جلائی ہوئی آگ کو ٹھنڈک اور سلامتی میں تبدیل کر دیا تھا۔

اے عزیزِ مصر! میں آپ کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ خدا کی طرف سے ہمارے خاندان پر بڑی بڑی آزمائشیں نازل ہوتی رہی ہیں۔ اللہ ہمیں دکھ سکھ دے کر آزماتا رہا ہے اور اس وقت میں عرصہ بیس سال سے مصائب و آلام کا نشانہ بنا ہوا ہوں۔ میرا ایک بیٹا تھا جس کا نام یوسفؑ تھا۔ وہ میرے دل کا سرور اور میری آنکھوں کی ٹھنڈک اور میرے دل کا ثمر تھا۔ اس کے سوتیلے بھائیوں نے مجھ سے درخواست کی کہ میں اسے سیر و تفریح کے لیے ان کے ساتھ بھیجوں۔ میں نے ان کا کہنا مان کر یوسفؑ کو ان کے ساتھ بھیج دیا۔ شام کے وقت وہ روتے ہوئے آئے اور کہنے لگے اسے بھیڑیا کھا گیا۔ انھوں نے ایک خون آلود قمیص بھی میرے سامنے پیش کی اور کہا کہ یہ یوسفؑ کی قمیص ہے۔

یوسفؑ کی گمشدگی کی وجہ سے مجھ پر غموں کے پہاڑ ٹوٹ پڑے اور میں فراقِ یوسفؑ میں اتنا رویا کہ میری آنکھیں سفید ہو گئیں۔ یوسفؑ کے بعد اس کا بھائی ہی میرا کل سرمایہ تھا۔ میں اس سے پیار کرتا تھا اور جب بھی مجھے یوسفؑ کی یاد ستاتی تو میں اسے گلے لگاتا تھا جس سے مجھے ایک گونہ سکون نصیب ہوتا تھا۔

اے عزیزِ مصر! میرے بیٹے آپ سے غلہ لے کر آئے تو آپ نے ان سے کہا کہ اگلی بار اگر تم اپنے اس بھائی کو لے کر میرے پاس نہ آئے تو تمھیں غلہ نہیں دیا جائے گا۔ میں نے تمھاری خواہش کا احترام کیا اور اسے آپ کے پاس بھیجا، لیکن جب میرے بیٹے آپ کے ہاں سے واپس آئے تو وہ ان کے ساتھ نہیں تھا اور میرے بیٹوں نے مجھ سے کہا کہ اس نے آپ کا پیالہ چوری کیا تھا جس کی پاداش میں آپ نے اسے اپنے ہاں روک لیا ہے۔

اے عزیزِ مصر! میں یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارا خاندان چوری نہیں کیا کرتا، مگر اس کے باوجود آپ نے اسے روک کر مجھے غمگین کیا ہے۔ اس بیٹے کی جدائی سے میرے غموں میں اضافہ ہوا ہے اور میری کمر جھک گئی ہے اور پہلے سے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

موجود مصائب میں مزید اضافہ ہوا ہے۔ آپ بنیامین کو رہا کر کے مجھ پر احسان کریں اور ہمیں غلہ عنایت فرمائیں اور ہم پر خیرات میں رعایت فرمائیں اور آلِ یعقوبؑ کے لیے آسانی پیدا فرمائیں۔

فرزندانِ یعقوب آپؑ کا خط لے کے گھر سے روانہ ہوئے تو حضرت جبریلؑ حضرت یعقوبؑ پر نازل ہوئے اور ان سے کہا کہ آپ کا خدا آپ سے کہہ رہا ہے کہ جن مصائب کا تم نے عزیزِ مصر کے خط میں اظہار کیا ہے ان مصائب میں تجھے کس نے مبتلا کیا ہے؟ اور کیا تو ان مصائب کا شکوہ مجھ سے نہیں کرسکتا تھا اور مجھے چھوڑ کر تو نے ایک بندے سے رجوع کیوں کی؟

حضرت یعقوبؑ نے عرض کیا: خدایا! میں استغفار کرتا ہوں اور میں تیری بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں اور اپنے تمام دکھ درد کا شکوہ تیرے ہی حضور پیش کرتا ہوں۔

اللہ تعالیٰ نے وحی فرمائی: میں نے ادب سکھانے کے لیے جو سزا تجھے اور تیری اولاد کو دینا تھی اب وہ سزا ختم ہو پہنچی۔ اگر تو ابتداء ہی سے میری بارگاہ میں رجوع کرتا تو میں اپنی تقدیر کو تجھ سے پھیر دیتا۔ اصل بات یہ ہے کہ شیطان نے تجھ سے میرا ذکر فراموش کرا دیا تھا اور تو میری رحمت سے مایوس ہوگیا تھا جب کہ میں کریم اور بخشنے والا ہوں۔ مجھے اپنے استغفار کرنے والے بندے بڑے پسند ہیں۔ اور میں ان لوگوں سے محبت کرتا ہوں جو توبہ کر کے میری بارگاہ میں رجوع کریں۔ اب میں یوسفؑ اور اس کے بھائی سے تیری ملاقات کراؤں گا اور تیری صحت کے نقصان کی تلافی کروں گا اور تیری بینائی تجھے واپس کردوں گا اور تیرا مالی نقصان پورا کروں گا اور تیری خمیدہ کمر کو سیدھا کروں گا اور تیری آنکھوں کو ٹھنڈک عطا کروں گا۔

فرزندانِ یعقوبؑ آپؑ کا خط لے کر مصر پہنچے اور یوسفؑ کے دربار میں حاضر ہوئے اور یوسفؑ سے کہا: اے عزیزِ مصر! ہم اپنے والد کا آپ کے نام خط لائے ہیں آپ اس خط کو پڑھیں۔

حضرت یوسف علیہ السلام نے وہ خط لیا اور اسے چوم کر آنکھوں سے لگایا اور آپؑ بے تحاشا روئے یہاں تک کہ آپؑ کی چیخیں نکل گئیں اور آپؑ کی قمیص آنسوؤں سے تر ہوگئی۔ اس کے بعد فرزندانِ یعقوبؑ نے آپؑ سے کہا: اے عزیزِ مصر! ہم تھوڑی سی رقم اپنے ساتھ لائے ہیں آپؑ ہمیں بھرپور غلہ دیں اور ہمارے بھائی کو رہا کر کے ہم پر خیرات کریں۔ یقیناً اللہ خیرات کرنے والوں کو جزا دیتا ہے۔

والد کا دردانگیز خط پڑھ کر اور بھائیوں کا التجائیہ لہجہ سن کر یوسفؑ سے رہا نہ گیا اور ضبط کے بندھن ٹوٹ گئے۔ آپؑ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

نے ان سے کہا: کیا تمھیں معلوم ہے کہ تم نے نادانی میں یوسفؑ اور اس کے بھائی سے کیا سلوک کیا تھا؟ فرزندانِ یعقوبؑ کی اس وقت آنکھیں کھل گئیں۔ انھوں نے تعجب کے لہجہ میں کہا: کیا تو ہی یوسف ہے؟

حضرتؑ نے فرمایا: جی ہاں' میں ہی یوسفؑ ہوں اور یہ میرا بھائی ہے۔ اللہ نے ہم پر احسان کیا ہے۔ یقیناً جو کوئی صبر کرے اور تقویٰ کی روش اپنائے تو اللہ نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔

برادرانِ یوسفؑ نے کہا: خدا کی قسم! اللہ نے آپؑ کو ہم پر فضیلت دی ہے ہم یقیناً خطا کار تھے۔

حضرت یوسفؑ نے دریا دلی کا ثبوت دیتے ہوئے فرمایا: لَا تَثْرِيبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ۖ يَغْفِرُ اللَّهُ لَكُمْ ۖ وَهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ۝ ''آج تم پر کوئی گرفت نہیں ہے۔ خدا تمھاری خطائیں معاف کرے اور وہ تمام رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے''۔

کتاب کمال الدین وتمام النعمۃ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ایک روایت کا ماحصل یہ ہے کہ قائم آلِ محمدؐ میں بھی حضرت یوسفؑ جیسی ایک خاصیت ہوگی۔ یوسفؑ کے بھائی اسے اس وقت نہ پہچان سکے تھے جب تک اس نے خود نہیں چاہا تھا اور جب ان کے مزاج میں یہ بات آئی کہ بھائی اسے پہچانیں تو اس وقت انھوں نے پہچان لیا تھا۔ اسی طرح سے لوگ قائم آلِ محمدؐ کو ان کے زمانۂ غیبت میں دیکھیں گے' لیکن وہ انھیں پہچان نہیں سکیں گے اور جب حضرتؑ ظہور فرمائیں گے تو اس وقت انھیں لوگ پہچان لیں گے۔

گناہ کے وقت عالم بھی جاہل ہوتا ہے

مجمع البیان میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی زبانی منقول ہے کہ جب کوئی شخص گناہ کرتا ہے اگرچہ وہ عالم بھی کیوں نہ ہو' گناہ کے وقت وہ جاہل ہوتا ہے۔ کیا تم نے حضرت یوسف علیہ السلام کا یہ فرمان نہیں سنا جو انھوں نے اپنے بھائیوں سے کہا تھا: هَلْ عَلِمْتُمْ مَا فَعَلْتُمْ بِيُوسُفَ وَأَخِيهِ إِذْ أَنْتُمْ جَاهِلُونَ ۝ برادرانِ یوسف اگرچہ عالم تھے مگر حضرتؑ نے انھیں جاہل کہا تھا اور اس سے یہ ثبوت ملتا ہے کہ گناہ کرتے وقت عالم بھی جاہل بن جاتا ہے۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: اولادِ فاطمہؑ میں سے ہر شخص مرنے سے پہلے امامِ زمانہؑ کا اقرار کر کے ہی مرے گا جیسا کہ برادرانِ یوسفؑ کافی عرصہ تک گناہوں کی دلدل میں پھنسے رہے لیکن آخرکار انھوں نے یوسفؑ کی فضیلت کا اقرار کیا تھا اور کہا تھا: تَاللَّهِ لَقَدْ آثَرَكَ اللَّهُ عَلَيْنَا ''خدا کی قسم! خدا نے آپؑ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کی ضیافت جنتی ہے"۔

ایک اور میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مکہ فتح کیا تو آپؐ نے کعبہ کا دروازہ کھولا۔ کعبہ میں بت تھے آپؐ نے وہ تڑوائے اور تصویریں تھیں انھیں آپؐ نے صاف کرایا اور بیت اللہ کے دروازے کو پکڑ کر آپؐ نے فرمایا:

لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ صدق وعدہ ونصر عبدہ وھزم الاحزاب وحدہ "اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے وہ وحدہٗ لاشریک ہے۔ اس نے اپنا وعدہ سچ کر دکھایا اور اپنے بندے کی مدد کی اور اس نے تن تنہا تمام گروہوں کو شکست دی"۔

اس وقت مکہ کے تمام ظالم افراد سر جھکائے اپنی سرنوشت کے انتظار میں کھڑے تھے۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان خون کے پیاسوں کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا: بولو تم کیا کہنا چاہتے ہو اور تم کیا گمان کرتے ہو؟

انھوں نے کہا: ہم آپؐ سے بھلائی کی توقع رکھتے ہیں آپ کریم ابن کریم ہیں۔ اس وقت رحمۃ للعالمینؐ نے فرمایا: آج میں تم سے وہی جملے کہتا ہوں جو میرے بھائی یوسفؑ نے اپنے خطا کار بھائیوں سے کہے تھے:

لَا تَثْرِيبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ۖ يَغْفِرُ اللَّهُ لَكُمْ ۖ وَهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ۝ اذھبوا فانتم الطلقاء

"آج تم پر کوئی گرفت نہیں ہے خدا تمھیں معاف کرے اور وہ تمام رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔ جاؤ آج تم ہمارے آزاد کردہ ہو"۔

دعائے یعقوبؑ مستجاب ہوئی

تفسیر عیاشی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے ایک روایت منقول ہے' جس میں آپؑ نے پہلے تو حضرت یعقوب علیہ السلام کے خط کا مضمون بیان کیا' پھر فرمایا: جب آپؑ کے فرزند روانہ ہوئے تو اس وقت حضرت یعقوبؑ نے آسمان کی جانب ہاتھ اٹھائے اور بارگاہ احدیت میں یہ درخواست کی:

یا حسن الصحبة یا کریم المعونة ویاخیرا کله ایتنی بروح منك وفرج من عندك

"اے اچھے مصاحب! اے باعزت مدد کرنے والے! اے خیر مطلق ذات! اپنی طرف سے مجھے خوشی عطا کر اور غموں سے نجات عطا فرما"۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اس وقت جبریل امینؑ آپؑ پر نازل ہوئے اور انھوں نے آپؑ سے کہا: کیا میں آپؑ کو ایسی دعا تعلیم نہ دوں جس کی برکت سے تمھاری کھوئی ہوئی بینائی واپس مل جائے اور تیرے بچھڑے ہوئے بیٹے تجھ سے مل جائیں؟

یعقوب علیہ السلام نے کہا: کیوں نہیں۔ حضرت جبریل امینؑ نے انھیں یہ دعا تعلیم فرمائی:

یا من لا یعلم احد کیف ھو وحیث ھو وقدرتہ الا ھو یامن سد الھواء بالسمآء ویامن کبس الارض علی المآء واختار لنفسہ احسن الاسمآء ایتنی بروح منک وفرج من عندک۔

حضرت یعقوب علیہ السلام نے اس دعا کو پڑھا تو چند ہی دنوں میں انھیں خوش خبری ملی اور یوسفؑ کا قمیص ان کے پاس لایا گیا جس سے ان کی کھوئی ہوئی بینائی واپس ہوئی اور خدا نے انھیں بچھڑے ہوئے بیٹے ملا دیئے۔

حضرت یوسف علیہ السلام جب بھائیوں کو اپنا تعارف کرا چکے تو آپؑ نے ان سے فرمایا: تم میری آنسوؤں سے بھری ہوئی یہ قمیص لے جاؤ اور اسے جا کر میرے والد کے چہرے پر ڈالو۔ ان کی کھوئی ہوئی بینائی لوٹ آئے گی اور تم تمام افرادِ خاندان کو یہاں میرے پاس لے آؤ۔

حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے والد کے پاس اپنی دستار و عبا نہیں بھیجی تھی۔ آپ نے اپنی قمیص بھیجی شاید اس میں ان کی حکمت یہ تھی کہ جب بھائیوں نے ان پر ظلم کیا تھا تو وہ بھی ان کی قمیص پر جھوٹا خون لگا کر والد کے پاس لے گئے تھے۔ اس قمیص سے ان کے والد کو اذیت پہنچی تھی۔ اسی لیے آپؑ نے اپنے والد کو خوشی فراہم کرنے کے لیے عبا و دستار کی بجائے قمیص ہی روانہ کی تھی۔

حضرت یوسفؑ کے قصہ میں قمیص کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ بھائیوں نے آپؑ کی قمیص اُتروا کر والد کے سامنے پیش کی تھی۔ پھر کچھ عرصہ بعد ملکۂ مصر کے ہاتھوں سے آپؑ کی قمیص پھٹی تھی جو آپؑ کی بے گناہی کی سند بن گئی تھی۔ آپؑ نے اپنی قمیص اُتار کر والد کے پاس بھیجی جس سے ان کی کھوئی ہوئی بصارت لوٹ آئی تھی۔ (اضافہ من المترجم)

کتاب کمال الدین وتمام النعمۃ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے، آپؑ نے اپنے صحابی مفضل بن عمر سے فرمایا: مفضل! جانتے ہو قمیصِ یوسفؑ کا قصہ کیا تھا؟

اس نے عرض کیا: مولاؑ! آپؑ ہی بتائیں۔ آپؑ نے فرمایا:

جب نمرود نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالا تھا تو اس وقت حضرت جبریلؑ جنت سے یہ قمیص لے کر

Presented by Ziaraat.Com

Scanned by CamScanner

آئے تھے اور انھوں نے وہ قمیص حضرت ابراہیم کو پہنائی تھی جس کی وجہ سے آگ ٹھنڈک اور سلامتی میں بدل گئی تھی۔ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کی وفات کا وقت آیا تو آپؑ نے اس قمیص کو سمیٹ کر ایک تعویذ کی طرح سے بنایا اور اسے اسحاق کے گلے میں باندھ دیا۔ حضرت اسحاق علیہ السلام نے اسے تعویذ بنا کر حضرت یعقوب علیہ السلام کے گلے میں باندھا تھا۔ حضرت یعقوب علیہ السلام نے اسے تعویذ بنا کر حضرت یوسف علیہ السلام کے بازو میں باندھا تھا۔

جب حضرت یوسف علیہ السلام اپنے بھائیوں کو اپنا تعارف کرا چکے تو آپؑ نے اپنے بازو سے اس قمیص کو کھولا اور فرمایا: تم میری یہ قمیص والد ماجد کے پاس لے جاؤ اور جا کر ان کے چہرے پر ڈال دو۔ ان کی کھوئی ہوئی بصارت واپس آجائے گی۔ بیٹے وہ قمیص لے کر روانہ ہوئے تو حضرت یعقوب علیہ السلام نے فرمایا: اِنِّیْ لَاَجِدُ رِیْحَ یُوْسُفَ لَوْلَاۤ اَنْ تُفَنِّدُوْنِ ۝ ''اگر تم مجھے سٹھایا ہوا نہ کہو تو میں یوسفؑ کی خوشبو محسوس کر رہا ہوں''۔ چنانچہ یہ وہی قمیص تھی جسے جبرئیلؑ جنت سے لائے تھے۔

مفضل (راوی حدیث) کہتے ہیں کہ میں نے امام علیہ السلام سے عرض کیا: اس کے بعد وہ قمیص کہاں گئی؟

آپؑ نے فرمایا: وہ قمیص اس کے اہل افراد کے ہاتھوں میں رہی اور جب قائم آل محمد علیہ السلام ظہور کریں گے تو وہ قمیص ان کے پاس ہوگی۔ انبیائے کرامؑ نے جو بھی علم اور جتنے بھی تبرکات چھوڑے ہیں وہ آخر میں محمدؐ و آل محمدؐ کے پاس جمع ہیں۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ قافلہ مصر سے چلا۔ حضرت یعقوبؑ اس وقت فلسطین میں تھے۔ آپؑ نے اس کی خوشبو کو محسوس کر لیا تھا۔ یہ قمیص جنت سے لائی گئی تھی اور ہم اس کے وارث ہیں۔

تفسیر عیاشی میں مرقوم ہے کہ مصر اور فلسطین میں دس راتوں کی مسافت تھی، مگر یعقوب علیہ السلام نے اس کی خوشبو کو محسوس کر لیا تھا۔ یہ روایت اختلاف الفاظ کے ساتھ علل الشرائع میں بھی مذکور ہے۔

کتاب کمال الدین وتمام النعمۃ میں مرقوم ہے کہ جب قائم آل محمدؐ ظہور فرمائیں گے تو آپؑ کے پاس یوسفؑ کی قمیص، موسیٰؑ کا عصا اور سلیمانؑ کی انگشتری ہوگی۔

تفسیر عیاشی میں نشیط بن صالح الجبلی سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا: کیا فرزندانِ یعقوبؑ نبی تھے؟

آپؑ نے فرمایا: نہیں، میں نے کہا تو کیا وہ خدا کے صالح بندے تھے؟

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

آپؑ نے کہا: جو باپ کو اِنَّكَ لَفِيْ ضَلٰلِكَ الْقَدِيْمِ (تو تو اپنی پرانی گمراہی میں پڑا ہوا ہے) کہتے ہوں وہ صالح بندے کیسے ہو سکتے ہیں؟

سلیمان بن عبداللہ طلحی کا بیان ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا: کیا اولادِ یعقوبؑ حالت ایمان میں دنیا سے رخصت ہوئی تھی؟

آپؑ نے فرمایا: جی ہاں۔ میں نے کہا: آپ آدمؑ کے متعلق کیا کہتے ہیں؟ آپؑ نے فرمایا: ان کا ذکر جانے دو۔ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اولادِ یعقوبؑ اتنا بڑا جرم کر کے نبی کیسے ہو سکتی ہے؟

الغرض قمیص یوسفؑ لائی گئی اور اسے حضرت یعقوبؑ کے چہرے پر ڈالا گیا تو آپؑ کی بینائی لوٹ آئی اور آپؑ نے اپنے بچوں سے کہا: کیا میں تم سے یہ نہ کہتا تھا کہ میں خدا کی طرف سے وہ کچھ جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے؟

وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِيْرُ قَالَ اَبُوْهُمْ اِنِّيْ لَاَجِدُ رِيْحَ يُوْسُفَ لَوْلَآ
اَنْ تُفَنِّدُوْنِ ﴿۹۴﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ اِنَّكَ لَفِيْ ضَلٰلِكَ الْقَدِيْمِ ﴿۹۵﴾ فَلَمَّآ
اَنْ جَآءَ الْبَشِيْرُ اَلْقٰىهُ عَلٰى وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ بَصِيْرًا ۚ قَالَ اَلَمْ
اَقُلْ لَّكُمْ ۚ اِنِّيْٓ اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۹۶﴾ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا
اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَآ اِنَّا كُنَّا خٰطِـِٕيْنَ ﴿۹۷﴾ قَالَ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ
رَبِّيْ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۹۸﴾ فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ
اٰوٰٓى اِلَيْهِ اَبَوَيْهِ وَقَالَ ادْخُلُوْا مِصْرَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ﴿۹۹﴾
وَرَفَعَ اَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ وَخَرُّوْا لَهٗ سُجَّدًا ۚ وَقَالَ يٰٓاَبَتِ
هٰذَا تَاْوِيْلُ رُءْيَايَ مِنْ قَبْلُ ۡ قَدْ جَعَلَهَا رَبِّيْ حَقًّا ۭ وَقَدْ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اَحْسَنَ بِیْٓ اِذْ اَخْرَجَنِیْ مِنَ السِّجْنِ وَجَآءَ بِكُمْ مِّنَ الْبَدْوِ مِنْ
بَعْدِ اَنْ نَّزَغَ الشَّیْطٰنُ بَیْنِیْ وَبَیْنَ اِخْوَتِیْ ؕ اِنَّ رَبِّیْ لَطِیْفٌ لِّمَا
یَشَآءُ ۚ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ ﴿۱۰۰﴾ رَبِّ قَدْ اٰتَیْتَنِیْ مِنَ
الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِیْ مِنْ تَاْوِیْلِ الْاَحَادِیْثِ ۚ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ ۚ اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا
وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۰۱﴾ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَیْبِ نُوْحِیْهِ اِلَیْكَ ۚ
وَمَا كُنْتَ لَدَیْهِمْ اِذْ اَجْمَعُوْٓا اَمْرَهُمْ وَهُمْ یَمْكُرُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَمَآ
اَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَمَا تَسْـَٔلُهُمْ عَلَیْهِ مِنْ
اَجْرٍ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۰۴﴾ وَكَاَیِّنْ مِّنْ اٰیَةٍ فِی
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَمُرُّوْنَ عَلَیْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ وَمَا
یُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ مُّشْرِكُوْنَ ﴿۱۰۶﴾ اَفَاَمِنُوْٓا اَنْ تَاْتِیَهُمْ
غَاشِیَةٌ مِّنْ عَذَابِ اللّٰهِ اَوْ تَاْتِیَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا
یَشْعُرُوْنَ ﴿۱۰۷﴾ قُلْ هٰذِهٖ سَبِیْلِیْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۣ عَلٰی بَصِیْرَةٍ
اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِیْ ؕ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ﴿۱۰۸﴾
وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِیْٓ اِلَیْهِمْ مِّنْ اَهْلِ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

الْقُرٰى ۭ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اتَّقَوْا ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ حَتّٰٓى اِذَا اسْتَيْــَٔسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا جَاۗءَهُمْ نَصْرُنَا ۙ فَنُجِّيَ مَنْ نَّشَاۗءُ ۭ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُنَا عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ۝ لَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ۭ مَا كَانَ حَدِيْثًا يُّفْتَرٰى وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝

”اور جب قافلہ روانہ ہوا تو ان کے باپ نے کہا: اگر تم مجھے سٹھیایا ہوا نہ کہو تو یقیناً میں یوسفؑ کی خوشبو محسوس کر رہا ہوں۔ وہ کہنے لگے: خدا کی قسم، آپؑ تو اپنے پرانے خبط میں پڑے ہوئے ہیں۔ جب خوش خبری لانے والا آیا تو اس نے یوسفؑ کا قمیص ان کے چہرے پر ڈال دیا۔ اچانک اس کی بینائی لوٹ آئی۔ اس نے کہا: کیا میں نے تم سے یہ نہیں کہا تھا کہ میں خدا کی طرف سے وہ کچھ جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔

انھوں نے کہا: ابا جان! آپؑ ہمارے گناہوں کے لیے خدا سے مغفرت طلب کریں، یقیناً ہم خطاکار تھے۔ یعقوبؑ نے کہا: میں عنقریب تمھارے لیے اپنے رب سے معافی کی درخواست کروں گا، بے شک وہ بہت بخشنے والا مہربان ہے۔

جب وہ لوگ یوسفؑ کے پاس پہنچے تو اس نے اپنے والدین کو اپنے پاس جگہ دی اور کہا: اب شہر میں داخل ہو جاؤ۔ اللہ نے چاہا تو امن و چین سے رہو گے۔ (شہر میں داخل ہونے کے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

بعد) اس نے اپنے والدین کو تخت پر بٹھایا اور وہ سب اس کے سامنے سجدہ میں گر گئے۔ اس وقت یوسفؑ نے کہا: ابا جان! یہ میرے اس خواب کی تعبیر ہے جو میں نے پہلے دیکھا تھا۔ میرے رب نے اسے حقیقت بنا دیا۔ خدا نے مجھ پر احسان کیا کہ مجھے زندان سے رہائی بخشی اور آپ لوگوں کو دیہات سے نکال کر یہاں میرے پاس لے آیا۔ جب کہ شیطان نے میرے اور میرے بھائیوں کے درمیان فساد ڈالا تھا۔ میرا رب غیر محسوس طریقوں سے اپنی مشیت پوری کرتا ہے، بے شک وہ صاحب علم اور صاحب حکمت ہے۔

اے میرے پروردگار! تو نے مجھے حکومت عطا کی ہے اور تو نے مجھے خوابوں کی تعبیر کا علم دیا ہے۔ اے زمین و آسمان کے بنانے والے! دنیا و آخرت میں تو ہی میرا سرپرست ہے۔ میرا خاتمہ اسلام پر کر اور انجام کار مجھے صالحین کے ساتھ ملا۔

اس قصہ کا تعلق غیب کی خبروں میں سے ہے جو ہم تم پر وحی کر رہے ہیں ورنہ تم اس وقت ان کے پاس موجود نہ تھے جب انھوں نے اتفاق کر کے سازش کی تھی۔ آپ خواہ کتنا ہی کیوں نہ چاہیں پھر بھی لوگوں کی اکثریت ایمان قبول نہیں کرے گی۔ تم ان سے ان باتوں کی اُجرت تو طلب نہیں کرتے یہ تو تمام جہانوں کے لیے نصیحت ہے۔ زمین اور آسمان میں کتنی ایسی آیات ہیں جن سے یہ لوگ توجہ دیئے بغیر گزرتے رہتے ہیں۔

ان میں سے اکثر اللہ کو مانتے بھی ہیں تو بھی اس کے ساتھ دوسروں کو شریک کرتے ہیں۔ کیا یہ اس بات سے مطمئن ہو چکے ہیں کہ عذاب خدا کی کوئی بلا انھیں دبوچ نہ لے گی یا ان کی بے خبری کے عالم میں قیامت کی گھڑی ان پر نہ آ جائے گی؟

تم ان سے صاف کہہ دو یہ میرا راستہ ہے۔ میں خدا کی طرف دعوت دیتا ہوں۔ میں خود بھی بصیرت پر ہوں اور جن لوگوں نے میری پیروی کی ہے وہ بھی بصیرت پر ہیں اور اللہ پاک ہے اور میرا مشرکین سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ہم نے آپ سے پہلے جتنے رسول بھیجے وہ سب انسان تھے اور وہ انھی بستیوں کے رہائشی تھے۔ ہم ان کی طرف وحی بھیجتے رہے ہیں۔ کیا یہ لوگ زمین پر چلے پھرے نہیں ہیں کہ وہ پہلی قوموں کا انجام دیکھتے۔ یقیناً تقویٰ اختیار کرنے والوں کے لیے آخرت کا گھر کہیں بہتر ہے۔ کیا تمھیں عقل نہیں آتی؟

یہاں تک کہ جب انبیاءؑ لوگوں سے مایوس ہوگئے اور لوگوں نے بھی سمجھ لیا کہ ان سے جھوٹ بولا گیا تھا تو ہماری مدد ان کے پاس پہنچ گئی جسے ہم چاہتے ہیں اسے بچا لیا جاتا ہے۔ مجرم لوگوں سے ہمارے عذاب کو ٹالا نہیں جا سکتا۔

عقل مندوں کے لیے ان کے واقعات میں عبرت کا سامان موجود ہے۔ قرآن میں جو کچھ بیان کیا جا رہا ہے یہ بناوٹی باتیں نہیں ہیں بلکہ جو کتابیں اس سے پہلے آ چکی ہیں یہ انھی کی تصدیق ہے اور قرآن ہر چیز کی تفصیل اور اہلِ ایمان کے لیے سراپا ہدایت و رحمت ہے"۔

غموں کی تاریک شب کا خاتمہ

فَلَمَّآ اَنْ جَآءَ الْبَشِيْرُ اَلْقٰىهُ عَلٰى وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ بَصِيْرًا ۚ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ ۚ اِنِّيْٓ اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝

"جب خوش خبری لانے والا آیا تو اس نے یوسفؑ کا قمیص ان کے چہرے پر ڈالا جس سے وہ یکا یک بینا ہوگئے۔ انھوں نے کہا: کیا میں نے تم سے یہ نہیں کہا تھا کہ میں خدا کی طرف سے وہ کچھ جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے"۔

کتاب کمال الدین وتمام النعمۃ کی ایک روایت میں بیان کیا گیا ہے خوش خبری لانے والا یہودا بن یعقوبؑ تھا اور اس نے حضرت یوسف علیہ السلام کی قمیص حضرت یعقوب علیہ السلام کے چہرے پر ڈالی تھی جس سے ان کی بینائی لوٹ آئی تھی۔

فرزندانِ یعقوبؑ کا اقرارِ جرم

قَالُوْا يٰٓاَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَآ اِنَّا كُنَّا خٰطِـِٕيْنَ ۝ قَالَ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّيْ ۚ اِنَّهٗ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۹۸﴾

"انھوں نے کہا: اباجان! آپؑ ہمارے گناہوں کے لیے استغفار کریں یقیناً ہم خطا کار تھے۔ انھوں نے کہا کہ میں عنقریب تمھارے لیے اپنے رب سے مغفرت طلب کروں گا بے شک وہ بخشنے والا مہربان ہے"۔

کتاب علل الشرائع میں اسماعیل بن فضل ہاشمی سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ مولا! یوسفؑ اور یعقوبؑ کے طرز عمل میں فرق کیوں ہے؟ یوسفؑ کے بھائیوں نے ان کے سامنے اپنے جرم کا اقرار کیا تو انھوں نے کہا کہ آج تم پر کوئی گرفت نہیں ہے۔ جاؤ خدا تمھیں معاف کرے اور وہ تمام رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔

اور جب انھیں برادرانِ یوسفؑ نے اپنے والد سے درخواست کی کہ ہم خطا کار ہیں۔ آپؑ ہمارے گناہوں کی بخشش کے لیے خدا سے درخواست کریں تو حضرت یعقوب علیہ السلام نے اس وقت ان کے لیے دعائے مغفرت نہ کی اور فرمایا: میں عنقریب تمھارے لیے پروردگار سے تمھارے لیے مغفرت طلب کروں گا۔ بے شک وہ بخشنے والا مہربان ہے۔

آخر باپ بیٹے کے طرز عمل میں یہ تفریق کیوں ہے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: اس کی وجہ یہ ہے کہ جوان آدمی ایک بزرگ سے زیادہ رحم دل ہوتا ہے۔ برادرانِ یوسف نے یوسفؑ پر براہِ راست زیادتی کی تھی اور حضرت یعقوبؑ پر بالواسطہ زیادتی کی تھی۔ حضرت یوسفؑ نے انھیں ان کی خطا معاف کردی تھی جب کہ یعقوب علیہ السلام نے معافی کو اس لیے مؤخر کیا تھا کہ زیادتی براہِ راست کسی اور پر ہوئی تھی۔ آپؑ نے روزِ جمعہ بے وقت سحر تک استغفار کو مؤخر کیا تھا۔

اصول کافی میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آپؐ نے فرمایا: سحر کا وقت قبولیتِ دعا کے لیے بہترین ہے۔ حضرت یعقوب علیہ السلام نے بھی وقتِ سحر کے لیے دعا کو مؤخر کیا تھا۔

یہ روایت من لایحضرہ الفقیہ میں بھی منقول ہے۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: یعقوب علیہ السلام نے خدا سے عرض کیا: پروردگار! میرے بیٹوں کا گناہ میرے اور ان کے درمیان تک محدود تھا۔

خدا نے فرمایا: میں نے انھیں معاف کردیا۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

الغرض حضرت یعقوب علیہ السلام نے اپنے پورے خاندان کو مصر کے لیے تیار کیا اور فلسطین چھوڑ کر مصر کی طرف روانہ ہوئے اور نو دن کے قلیل وقت میں مصر پہنچے۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے والدین کے استقبال کی تیاریاں کیں۔ استقبالِ جلوس لے کر شہر سے باہر تشریف لائے۔ یعقوب علیہ السلام اپنا خاندان لے کر شہر کے قریب پہنچے تو آپؑ یوسفؑ سے ملنے کے لیے سواری سے اُترے۔ یوسفؑ نے بھی اُترنے کا ارادہ کیا' مگر جب انھوں نے اپنے اقتدار کو دیکھا تو اُترنے کا ارادہ ترک کیا۔ باپ بیٹا آپس میں ملے۔ اس وقت جبریلؑ امین نازل ہوئے اور ان سے کہا کہ اللہ تعالیٰ تم سے کہہ رہا ہے کہ تم میرے عبدِ صالح کے لیے سواری سے کیوں نہ اُترے؟ اب اپنا ہاتھ دراز کرو۔ حضرت یوسفؑ نے ہاتھ دراز کیا تو انگلیوں میں سے ایک روشنی برآمد ہوئی۔ حضرت یوسفؑ نے جبریلؑ سے پوچھا کہ یہ روشنی کیسی تھی؟

جبریل امینؑ نے کہا: یہ نورِ نبوت تھا جو تیرے ہاتھوں سے نکل گیا۔ تم نے یعقوبؑ کا شایانِ شان استقبال نہیں کیا لہٰذا اب تیری نسل میں کوئی نبی پیدا نہ ہوگا۔ (نقلاً عن اصول الکافی وعلل الشرائع)

تفسیر عیاشی میں حسن بن اسباط سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ یعقوبؑ کتنے بیٹے لے کر یوسفؑ کے پاس آئے تھے؟

آپؑ نے فرمایا: وہ گیارہ بیٹے لے کر آئے تھے۔ میں نے کہا: کیا انھی بیٹوں کو "اسباط" کہا جاتا ہے؟

آپؑ نے فرمایا: جی ہاں۔ میں (راوی) نے پوچھا: کیا بن یامین اور یوسفؑ کی ماں ایک تھی یا جدا جدا تھیں؟

آپؑ نے فرمایا: بن یامین کی ماں یوسفؑ کی خالہ تھیں۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: جب حضرت یعقوبؑ خاندان کے افراد کو لے کر مصر آئے تو حضرت یوسفؑ نے والد کو گلے لگایا اور گریہ کیا' انھیں اور اپنی خالہ کو تخت پر بٹھایا اور پھر خود اپنے گھر گئے وہاں جا کر آپؑ نے تیل لگایا' سرمہ کیا اور پھر شاہانہ لباس زیب تن کر کے واپس آئے۔ اس وقت حضرت یعقوبؑ اور ان کی زوجہ اور ان کے گیارہ فرزندوں نے اللہ کا شکر ادا کرتے ہوئے اور یوسفؑ کی تعظیم کرتے ہوئے سجدہ کیا۔

جب انھوں نے سجدہ سے سر اُٹھایا تو حضرت یوسفؑ نے کہا: ابا جان! یہ میرے اس خواب کی تعبیر ہے جسے میں نے ایک عرصہ قبل دیکھا تھا۔ والد کی ملاقات سے قبل پورے بیس سال تک یوسفؑ نے نہ تو تیل لگایا تھا اور نہ ہی خوشبو لگائی تھی اور نہ ہی کبھی ہنسے تھے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے وَرَفَعَ اَبَوَیْهِ عَلَی الْعَرْشِ کا ترجمہ کرتے ہوئے فرمایا کہ اس آیت میں

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

"عرش" سے تختِ حکومت مراد ہے اور حضرت یعقوبؑ اور ان کی اولاد نے خدا کی عبادت کا سجدہ کیا تھا۔

تفسیر علی بن ابراہیم کی تین روایات میں مروی ہے کہ حضرت یعقوب علیہ السلام اور ان کے فرزندوں نے حضرت یوسفؑ کے سامنے جو سجدہ کیا تھا اس سے اللہ کی اطاعت اور یوسفؑ کا سلام مقصود تھا۔ اسی طرح سے ملائکہ نے آدم علیہ السلام کے سامنے جو سجدہ کیا تھا اس سے بھی اللہ کی اطاعت اور آدمؑ کا سلام مقصود تھا۔

جب حضرت یعقوب علیہ السلام اور ان کے فرزندوں نے سجدہ کیا تو اس سجدہ میں حضرت یوسف علیہ السلام خود بھی شامل تھے اور انھوں نے سجدہ میں یہ دعا پڑھی تھی:

رب قد اتیتنی من الملك وعلمتنی من تاویل الاحادیث فاطر السموات والارض انت ولی فی الدنیا والاخرة توفنی مسلما والحقنی بالصالحین -

اس وقت جبریل امینؑ آپؐ پر نازل ہوئے اور انھوں نے کہا: آپؐ اپنا ہاتھ پھیلائیں۔ جیسے ہی آپؐ نے اپنا ہاتھ پھیلایا تو آپؐ کی انگلیوں سے روشنی برآمد ہوئی۔ آپؐ نے جبریلؑ سے پوچھا: یہ کیا ہے؟ جبریلؑ نے کہا: یہ نورِ نبوت ہے' جسے خدا نے تمھاری صُلب سے نکال لیا ہے' کیونکہ تم اپنے والد کے سامنے کھڑے نہیں ہوئے۔ اب تیری نسل میں سے کوئی نبی پیدا نہ ہوگا۔ اللہ نے تیری بجائے سلسلۂ نبوت تیرے بھائی لاوی بن یعقوبؑ کی صُلب میں رکھ دیا ہے۔

حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے فرمایا: خدا کو لووی کی دو ادائیں پسند آئی تھیں: جب برادرانِ یوسفؑ نے یوسفؑ کو قتل کرنے کا ارادہ کیا تھا تو اس وقت لاوی نے مداخلت کی تھی اور کہا تھا کہ اسے قتل نہ کرو اس کی بجائے اسے کسی اندھے کنوئیں میں ڈال دو۔ جب حضرت یوسفؑ نے بن یامین کو اپنے پاس روک لیا تھا تو لاوی نے ہی بھائیوں سے کہا تھا کہ تم ابا جان کے پاس چلے جاؤ۔ میں یہاں ہی رہوں گا۔

اللہ تعالیٰ نے لاوی کی نسل میں سلسلۂ نبوت کو رکھ دیا اور بنی اسرائیل کے انبیاء اسی کی نسل سے ہی تعلق رکھتے تھے۔ حضرت موسیٰؑ کا تعلق بھی اسی خاندان سے تھا۔ آپؑ کا نسب نامہ یہ ہے: موسیٰ بن عمران بن یصہر بن واھث بن لاوی بن یعقوب بن اسحاق بن ابراہیم خلیل اللہ۔

حضرت یعقوب علیہ السلام نے حضرت یوسفؑ سے فرمایا: بیٹا! جب تجھے تیرے بھائی میرے پاس سے لے کر گئے تھے تو انھوں نے تجھ سے کیا سلوک کیا تھا؟

حضرت یوسفؑ نے عرض کیا: ابا جان! اس ذکر کو نہ ہی چھیڑیں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

حضرت یعقوبؑ نے فرمایا: کچھ نہ کچھ تو بتاؤ۔ اس پر حضرت یوسفؑ نے کہا: اباجان! بھائی مجھے کنوئیں کی منڈیر پر لائے اور انھوں نے مجھے قمیص اُتارنے کا حکم دیا۔ میں نے ان سے کہا: مجھے بے لباس نہ کرو۔ میرے بھائیوں نے چھری نکال کر مجھ سے کہا: قمیص اتارو ورنہ ہم تجھے قتل کردیں گے۔ آخرکار مجھے قمیص اتارنا پڑی اور بھائیوں نے مجھے کنوئیں میں دھکا دے دیا۔

حضرت یوسفؑ یہاں تک پہنچے تھے کہ حضرت یعقوب علیہ السلام کی چیخ بلند ہوئی اور آپؑ بے ہوش ہوگئے۔ پھر جب ہوش میں آئے تو حضرت یوسفؑ سے فرمایا: سلسلۂ کلام جاری رکھو۔

حضرت یوسفؑ نے عرض کیا: اباجان! آپ کو ابراہیمؑ، اسحاقؑ اور یعقوبؑ کے معبود کا واسطہ دیتا ہوں مجھ سے یہ داستان نہ سنیں۔ حضرت یعقوبؑ نے انھیں معاف کردیا۔

مجمع البیان میں ہے کہ حضرت یعقوب علیہ السلام حضرت یوسفؑ سے جب بھی پوچھتے کہ تیرے بھائیوں نے تجھ سے کیا سلوک کیا تھا؟ اس کے جواب میں حضرت یوسفؑ کہتے تھے: اباجان! یہ نہ پوچھیں کہ بھائیوں نے مجھ سے کیا سلوک کیا۔ اس کے بجائے یہ پوچھیں کہ خدا نے مجھ پر کتنا کرم کیا۔

کتاب احتجاج طبرسی میں مرقوم ہے کہ ایک شامی یہودی نے امیرالمومنین علی علیہ السلام سے کہا: یوسفؑ کنوئیں میں رہے اور گناہ سے بچنے کے لیے انھوں نے زندان کی صعوبت جھیلی تھی۔ کیا تمھارے نبی کی زندگی میں بھی ایسی کوئی مثال موجود ہے؟

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: جی ہاں، اگر یوسفؑ چاہِ کنعان اور زندان مصر میں قید رہے تو ہمارے رسول شعب ابی طالبؑ میں پورے تین سال تک محصور رہے۔ اگر یوسفؑ چاہِ کنعان میں قید رہے تو ہمارے رسولؐ نے غارِ ثور میں تین دن تک قیام کیا تھا۔ اور اگر حضرت یوسفؑ نے خواب دیکھا تھا تو ہمارے رسولؐ نے بھی خواب دیکھا تھا کہ وہ اور ان کے ساتھی مسجدالحرام میں سر منڈائے یا تقصیر کرائے ہوئے داخل ہو رہے ہیں۔

حضرت یوسفؑ کا خواب ان کی شاہی کی علامت بنا اور ہمارے رسولؐ کا خواب فتح مکہ کی علامت بنا۔

ایک خواب اور اس کی تعبیر

موسیٰ زوار العطار امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے کہا: مولاؑ! میں نے ایک ڈراؤنا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

خواب دیکھا ہے جس سے میں پریشان ہو گیا ہوں۔ میں نے اپنے مُردہ داماد کو دیکھا کہ اس نے مجھے گلے لگایا ہے۔ اس سے میں سمجھتا ہوں کہ میری موت کا وقت قریب آ چکا ہے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: انسان کو ہر وقت موت کا انتظار کرتے رہنا چاہیے لیکن تمھارے خواب کی یہ تعبیر نہیں ہے۔ اگر خواب میں کوئی مُردہ کسی کو گلے ملے تو یہ طولِ عمر کی علامت ہوتی ہے۔ پھر آپؑ نے فرمایا: اچھا یہ بتاؤ تمھارے داماد کا نام کیا تھا؟ میں (راوی) نے کہا: اس کا نام حسین تھا۔ آپؑ نے فرمایا: جو بھی امام حسین علیہ السلام کے کسی ہم نام کو گلے لگائے تو اسے حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت نصیب ہوتی ہے۔

مجمع البیان میں کتاب النبوۃ کے حوالے سے محمد بن مسلم سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے پوچھا کہ حضرت یعقوب علیہ السلام حضرت یوسفؑ کی ملاقات کے بعد کتنا عرصہ زندہ رہے تھے؟

آپؑ نے فرمایا: وہ دو سال زندہ رہے تھے۔ پھر میں نے پوچھا: اس وقت حضرت یعقوبؑ اور حضرت یوسفؑ میں سے حجتِ خدا کون تھے؟

آپؑ نے فرمایا: حضرت یعقوبؑ حجتِ خدا تھے اور اقتدار حضرت یوسفؑ کا تھا۔ جب حضرت یعقوبؑ کی وفات ہوئی تو حضرت یوسفؑ نے ان کی لاش کو تابوت میں رکھا اور ان کی لاش بیت المقدس میں دفن کرائی۔ حضرت یعقوبؑ کے بعد حضرت یوسفؑ حجتِ خدا کے منصب پر فائز ہوئے۔

میں (راوی) نے عرض کیا: کیا حضرت یوسفؑ رسول نبی تھے؟

آپؑ نے فرمایا: جی ہاں، کیا تم نے قرآن مجید کی یہ آیت نہیں پڑھی: وَلَقَدْ جَآءَكُمْ يُوْسُفُ مِنْ قَبْلُ بِالْبَيِّنٰتِ (الغافر:۳۴) ''اس سے قبل یوسفؑ تمھارے پاس واضح نشانیاں لے کر آئے''۔

کتاب کمال الدین وتمام النعمۃ میں امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: حضرت یعقوبؑ کی نبوت سرزمینِ کنعان تک محدود تھی۔ پھر آپؑ کنعان سے مصر تشریف لائے اور وہاں آپؑ کی وفات ہوئی۔ آپؑ کے جسدِ خاکی کو بیت المقدس میں دفن کیا گیا۔

حضرت یوسفؑ کی زلیخا سے شادی

کتاب علل الشرائع میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: زلیخا یوسفؑ سے ملنے کے لیے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

آپؑ کے دروازے پر آئی اور اس نے اجازت طلب کی۔ کسی نے اس سے کہا: تو نے ان پر ظلم کیا تھا ہوسکتا ہے کہ وہ تجھے سزا دیں اسی لیے بہتر ہے کہ ان سے ملاقات ہی نہ کرو۔

زلیخا نے کہا: ڈرنا اس سے چاہیے جو خدا سے نہ ڈرتا ہو۔ یوسفؑ تو خدا سے ڈرنے والا ہے' لہٰذا مجھے اس کا کوئی خوف نہیں ہے۔ الغرض زلیخا کو اجازت ملی تو حضرت یوسف علیہ السلام نے اس سے فرمایا:

زلیخا! یہ کیا ہوا' تمھارا تو رنگ تک بدل چکا ہے؟ زلیخا نے کہا: اس ذات کی حمد ہے جس نے نافرمانی کی وجہ سے بادشاہوں کو غلام بنا دیا اور اطاعت کی وجہ سے غلاموں کو بادشاہ بنا دیا۔

حضرت یوسفؑ نے کہا: تم نے مجھ سے یہ کیا سلوک کیا تھا؟ زلیخا نے کہا: میں آپؑ کی خوبصورتی سے مجبور ہوگئی تھی۔

حضرت یوسفؑ نے کہا: اگر تو آخری زمانہ میں مبعوث ہونے والے نبی کو دیکھ لیتی جس کا نام محمدؐ ہوگا جو مجھ سے زیادہ حسین وجمیل اور مجھ سے زیادہ سخی ہوگا تب نجانے تیری کیفیت کیا ہوتی؟ زلیخا نے کہا: آپؑ نے بالکل سچ کہا ہے۔

حضرت یوسفؑ نے فرمایا: تجھے کیسے پتا چلا کہ میں نے سچ کہا ہے؟ زلیخا نے کہا: آپؑ نے جیسے ہی ان کا نام لیا تو ان کی محبت میرے دل میں گھر کر گئی۔ اس سے معلوم ہوا کہ آپؑ نے سچ کہا ہے۔ اس وقت اللہ تعالیٰ نے یوسف علیہ السلام کو وحی کی کہ یہ سچ کہہ رہی ہے۔ اس نے میرے محمدؐ سے محبت کی ہے تو مجھے اس سے محبت ہوگئی ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے حضرت یوسفؑ کو اس سے شادی کرنے کا حکم دیا۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں یہ واقعہ اس طرح سے منقول ہے کہ جب یوسف علیہ السلام بادشاہ بنے تو اس وقت زلیخا پر زوال چھا چکا تھا۔ شوہر مر چکا تھا' خود بوڑھی ہوگئی تھی اور شاہراہوں پر لوگوں سے خیرات مانگ کر گزر اوقات کرتی تھی۔ ایک مرتبہ حضرت یوسفؑ شاہی جلوس سمیت آرہے تھے' زلیخا نے حضرتؑ کی آمد کا سنا تو وہاں سے جانے لگی۔ لوگوں نے کہا: کیوں جا رہی ہو؟

اس نے کہا: مجھے یوسفؑ سے حیا آتی ہے۔ لوگوں نے اصرار کر کے اسے وہاں سے نہ جانے دیا۔ اتنے میں حضرت یوسفؑ اپنے لاؤلشکر سمیت وہاں سے گزرے تو زلیخا نے کہا: تمام حمد ہے اس ذات کے لیے جس نے نافرمانی کی وجہ سے شاہوں کو غلام بنا دیا اور جس نے اطاعت کی وجہ سے غلاموں کو بادشاہی عطا کر دی۔

حضرت یوسف علیہ السلام رک گئے اور فرمایا: تو وہی ہے ناں؟

اس نے کہا: جی ہاں' میں وہی ہوں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

حضرت یوسف علیہ السلام نے کہا: کیا اب بھی تیرے دل میں میرے پانے کی خواہش ہے؟

زلیخا نے کہا: آپؑ ایک بڑھیا سے مذاق کر کے کیا حاصل کرنا چاہتے ہیں؟

حضرت یوسفؑ نے فرمایا: نہیں، میں تم سے مذاق نہیں کر رہا۔ پھر حضرت یوسفؑ نے حکم دیا کہ اسے ان کے شاہی محل میں پہنچا دیا جائے۔ آپؑ نے زلیخا سے فرمایا: تمھیں یاد ہے تم نے مجھ سے کیا کیا سلوک کیے تھے؟

زلیخا نے کہا: یوسفؑ! مجھے ملامت مت کرو۔ میں چند مصیبتوں میں مبتلا ہوئی تھی جن میں اور کوئی مبتلا نہیں ہوا تھا۔

حضرت یوسفؑ نے فرمایا: تم کس چیز میں مبتلا ہوئی تھیں؟ زلیخا نے کہا: میں آپؑ کی محبت میں مبتلا ہوئی تھی اللہ نے آپؑ جیسا کوئی حسین مرد پیدا ہی نہیں کیا ہے اور میرے لیے دوسری مصیبت یہ تھی کہ پورے مصر میں مجھ سے زیادہ حسین عورت اور کوئی نہیں تھی۔ میرے لیے تیسری مصیبت یہ تھی کہ میرا شوہر نامرد تھا۔

حضرت یوسفؑ نے فرمایا: اب تم کیا چاہتی ہو؟ زلیخا نے کہا: آپؑ خدا سے دعا مانگیں مجھے میرا شباب لوٹا دے۔

حضرتؑ نے دعا کی تو اللہ نے اس کا شباب اسے لوٹا دیا۔ بعدازاں حضرت یوسفؑ نے اس سے شادی کی تو آپؑ نے اسے باکرہ پایا۔

اسی روایت کو الفاظ کے اختلاف کے ساتھ شیخ الطائفہ نے امالی میں نقل کیا ہے۔

کتاب الخصال میں مرقوم ہے کہ چار انبیاءؑ کو خدا نے نبوت کے ساتھ سلطنت بھی عطا کی تھی۔ ان میں ایک حضرت یوسفؑ بھی تھے جنھیں خدا نے مصر اور اس کے گرد و نواح کی حکومت عطا کی تھی۔ آپؑ کی حکومت یمن کی سرحدوں تک پھیلی ہوئی تھی۔

کتاب کمال الدین وتمام النعمۃ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آپؐ نے فرمایا: حضرت یعقوب علیہ السلام نے ایک سو چالیس سال کی عمر پائی تھی اور حضرت یوسفؑ نے ایک سو بیس برس کی عمر پائی تھی۔

مجمع البیان میں آپؑ کی عمر ایک سو دس سال مرقوم ہے اور لکھا ہے جب آپؑ زندان میں گئے تو آپؑ کی عمر بارہ برس کی تھی، آپؑ اٹھارہ برس تک زندان میں رہے اور زندان سے رہائی کے بعد اسی (۸۰) سال تک زندہ رہے۔

جامع سوال

روضہ کافی اور من لایحضرہ الفقیہ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول دو روایات کا ماحصل حسب ذیل

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ہے: رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اعلانِ نبوت سے پہلے طائف تشریف لے گئے تھے اور وہاں ایک شخص کے مہمان ہوئے۔ اس نے بہترین مہمان نوازی کی۔ کچھ دنوں بعد آپؐ نے حکمِ خداوندی سے نبوت کا اعلان کیا اور تیرہ برس تک مکہ میں دین کی تبلیغ کی۔ پھر آپؐ ہجرت کر کے مدینہ تشریف لے گئے' جہاں آپؐ نے اپنی سلطنت قائم کی۔

کسی نے طائف کے اس شخص سے کہا جس رسولؐ کی رسالت کا آج کل شہرہ ہے اس کے متعلق جانتے ہو کہ وہ کون ہے؟ اس نے کہا: نہیں' میں نہیں جانتا۔ لوگوں نے اسے یاد دلایا کہ یہ وہی انسان ہے جو کئی برس پہلے تیرے ہاں مہمان ٹھہرے تھے اور تو نے ان کی اچھی خاطر تواضع کی تھی۔ اگر تو ان کے پاس چلا جائے تو ہمیں یقین ہے وہ تیرا احترام کریں گے۔

وہ شخص طائف سے چلا اور آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے اسلام قبول کیا' پھر اس نے کہا: یارسولؐ اللہ! آپؐ نے مجھے پہچانا ہے؟

آپؐ نے فرمایا: تم اپنا تعارف کراؤ۔

اس نے کہا: آپؐ کو یاد ہوگا کہ آپ اعلانِ نبوت سے قبل طائف آئے تھے اور آپؐ نے میرے ہاں قیام کیا تھا۔

آنحضرتؐ نے فرمایا: میں تمھیں خوش آمدید کہتا ہوں۔ اگر کوئی حاجت ہو تو بے دریغ بیان کرو۔

اس شخص نے کہا: یارسولؐ اللہ! مجھے دو سو بکریاں عنایت کریں اور ان کے چرواہے بھی ساتھ دیں۔

رسولؐ خدا نے اسے چرواہوں سمیت دو سو بکریاں عنایت فرمائیں۔ اس کے جانے کے بعد آپؐ نے فرمایا: اسے تو جامع سوال کرنے کا طریقہ ہی معلوم نہیں تھا۔

لوگوں نے کہا: یارسولؐ اللہ! جامع سوال کیسا ہوتا ہے؟

آپؐ نے فرمایا: جب حضرت یوسفؑ کی وفات ہوئی تو ملکِ مصر کے ہر شہر کے لوگوں نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ ان کی لاش ان کے حوالے کی جائے' تاکہ وہ اپنے شہر میں لے جا کر انھیں دفن کریں اور ان کے وجود سے برکت حاصل کریں۔ جب لوگوں کا اصرار بڑھا تو آخر میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ آپ کی لاش کو ایک تابوت میں رکھ کر دریا میں دفن کر دیا جائے تاکہ دریا کا پانی آپؑ کی قبر سے مس ہو کر پورے مصر کو سیراب کرے اور یوں پورا ملک آپؑ کی برکت سے استفادہ کر سکے۔

ادھر یوسف علیہ السلام نے آخری وقت میں یہ وصیت کی تھی کہ جب بنی اسرائیل مصر کو خیرباد کہیں تو ان کے جسدِ خاکی کو بھی یہاں سے نکال کر اپنے ساتھ فلسطین میں لے جائیں۔ چنانچہ یوسف علیہ السلام کو دریا میں دفن کیا گیا اور ایک طویل عرصہ بعد حضرت موسیٰ مبعوث ہوئے اور اللہ نے انھیں حکم دیا کہ فرعون ڈوب چکا ہے' لہٰذا تم اپنی قوم کو ارضِ فلسطین میں

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

واپس لے جاؤ اور جب تک تم یوسفؑ کے جسدِ خاکی کو یہاں سے نہیں نکالو گے اس وقت تک چاند طلوع نہ ہوگا۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے لوگوں سے کہا کہ کیا اس وقت پورے مصر میں ایسا شخص موجود ہے جسے حضرت یوسفؑ کی قبر کا صحیح علم ہو؟

آپؑ کو بتایا گیا کہ ایک بڑھیا رہتی ہے جو چلنے پھرنے سے عاجز ہے اور وہ آنکھوں سے اندھی ہے اسے حضرت یوسفؑ کی قبر کے متعلق صحیح معلوم ہے۔

حضرت موسیٰؑ کے کہنے پر لوگ اسے آپؑ کے پاس لے آئے۔ آپؑ نے اس سے فرمایا: کیا تمھیں قبرِ یوسفؑ کا علم ہے؟ اس نے کہا: جی ہاں، اس وقت صرف مجھے ہی ان کی قبر کا علم ہے۔ میرے علاوہ کسی دوسرے کو ان کی قبر کا علم نہیں ہے۔

حضرت موسیٰؑ نے فرمایا: تو بھلا بتاؤ ان کی قبر کہاں ہے؟

عورت نے کہا: میں ایسے ہرگز نہیں بتاؤں گی، اس کے لیے آپؑ کو میری شرائط تسلیم کرنا ہوں گی۔

آپؑ نے فرمایا: تم اپنی شرائط بیان کرو۔

بڑھیا نے کہا: میں چلنے پھرنے سے معذور ہوں دعا کریں میری ٹانگیں صحیح ہو جائیں اور میں چل پھر سکوں۔ میری دوسری شرط یہ ہے کہ میں آنکھوں سے نابینا ہوں خدا مجھے بینائی عطا فرمائے۔ میری تیسری شرط یہ ہے کہ اللہ مجھے دوبارہ شباب عطا کرے اور میری چوتھی شرط یہ ہے کہ میں جنت میں بھی آپ کی رفیقہ بنوں۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اس کے سوال گراں محسوس ہوئے۔ اللہ تعالیٰ نے وحی فرمائی: اے موسیٰؑ! اسے سب کچھ ملنا تو میری جانب سے ہے تم کیوں پریشان ہو رہے ہو۔ الغرض حضرت موسیٰؑ نے اس کی پانچوں شرائط تسلیم کیں۔ اس کے بعد اس نے حضرت یوسفؑ کی قبر کی نشان دہی کی۔

جب اس جگہ کو کھودا گیا تو وہاں سے مرمر کی صندوق برآمد ہوئی۔ اس میں حضرت یوسفؑ کا جسدِ خاکی رکھا ہوا تھا۔ اس کے بعد چاند طلوع ہونے لگا۔ حضرت موسیٰؑ ان کا تابوت اپنے ساتھ لے گئے۔ یہی وجہ ہے کہ اہلِ کتاب اپنے مُردوں کو شام لے جا کر دفن کرتے ہیں۔

لوگ آیاتِ الٰہی سے بے توجہی کرتے ہیں

وَكَاَيِّنْ مِّنْ اٰيَةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ ﴿۱۰۵﴾

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

''آسمانوں اور زمین میں کتنی ایسی آیات ہیں جن سے یہ لوگ توجہ دیئے بغیر گزرتے رہتے ہیں''۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مذکور ہے کہ اس سے سورج گرہن، چاند گرہن، زلزلہ اور بجلی گرنے جیسی آسمانی نشانیاں مراد ہیں۔

ایمان کے باوجود بھی لوگ شرک کرتے ہیں

وَمَا يُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ مُّشْرِكُوْنَ ﴿۱۰۶﴾

''ان میں سے اکثر اللہ کو مانتے بھی ہیں تو بھی اس کے ساتھ دوسروں کو شریک کرتے ہیں''۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے، آپؑ نے اس آیت مجیدہ کے ضمن میں فرمایا: اس سے شرکِ اطاعت مراد ہے، شرکِ عبادت مراد نہیں ہے۔ جب لوگ معاصی کا ارتکاب کرتے ہیں تو اس وقت وہ عملی طور پر شیطان کی اطاعت کر رہے ہوتے ہیں، جب کہ اطاعت صرف خدا کی کرنی چاہیے۔ لوگ شیطان کی اطاعت کر کے شرک فی الاطاعت کا مظاہرہ کرتے ہیں، جب کہ وہ اس معنی میں شرک نہیں کرتے کہ خدا کو چھوڑ کر غیر اللہ کی عبادت کرنے لگ جائیں۔

کتاب التوحید میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے ایک طویل حدیث منقول ہے جس کا ایک حصہ یہ ہے: اسمائے حسنیٰ خدا کے لیے مخصوص ہیں اور ان اسماء کا اطلاق غیر اللہ کے لیے درست نہیں ہے اور اسمائے حسنیٰ وہ اسماء ہیں جن کا ذکر اللہ نے اپنی کتاب میں کیا ہے اور فرمایا ہے: فَادْعُوْهُ بِهَا ۪ وَذَرُوا الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اَسْمَآئِهٖ ۪ (اعراف:۱۸۰) ''اور اللہ کے لیے اچھے اچھے نام ہیں اس کو انھی ناموں سے پکارو اور ان لوگوں کو چھوڑ دو جو اس کے ناموں میں حقیقت سے انحراف کرتے ہیں''۔

جو شخص علم کے بغیر خدا کے ناموں میں حقیقت سے انحراف کرتا ہے تو وہ غیر دانستہ طور پر شرک کرتا ہے اور وہ اپنے گمان کے مطابق اچھا کر رہا ہوتا ہے، جب کہ وہ درحقیقت کفر میں مبتلا ہو رہا ہوتا ہے۔ ایسے ہی لوگوں کے لیے اللہ نے فرمایا ہے: وَمَا يُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ مُّشْرِكُوْنَ ﴿۱۰۶﴾ ''ان کی اکثریت اگر اللہ پر ایمان لاتی بھی ہے تو بھی وہ دوسروں کو شریک بناتے ہیں''۔ چنانچہ یہ وہ لوگ ہیں جو خدا کے اسماء میں علم کے بغیر انحراف کرتے ہیں اور اسے غیر مناسب مقامات پر رکھتے ہیں۔

اصولِ کافی میں آیت بالا کے تحت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب کوئی انسان شیطان کی اطاعت

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کرتا ہے تو وہ غیر دانستہ طور پر شرک کر رہا ہوتا ہے۔ ایک اور روایت میں آپؑ نے فرمایا: اس سے شرک اطاعت مراد ہے، شرک عبادت مراد نہیں ہے۔

تفسیر عیاشی میں زرارہ سے منقول ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے اس آیت مجیدہ کے متعلق پوچھا تو آپؑ نے فرمایا: جو شخص کسی سے یہ کہے مجھے تیری زندگی کی قسم ہے تو اس آیت کے ضمن میں وہ بھی شامل ہے۔

مالک بن عطیہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے وَمَا يُؤْمِنُ أَكْثَرُهُمْ بِاللَّهِ إِلَّا وَهُمْ مُشْرِكُونَ ۝ کا مفہوم دریافت کیا۔ جواب میں آپؑ نے فرمایا: اس سے وہ شخص مراد ہے جو کسی سے یہ کہے: ''اگر فلاں نہ ہوتا تو میں ہلاک ہو جاتا'' یا ''اگر فلاں نہ ہوتا تو میں فلاں فلاں چیز حاصل کر لیتا'' یا ''فلاں نہ ہوتا تو میرا مال ضائع ہو جاتا''۔

کیا تم ان مثالوں میں نہیں دیکھتے کہ ایسی کلام کرنے والوں نے خدا کے شریک مقرر کیے ہیں جو انہیں رزق دے سکتے ہیں اور ان سے مصائب دُور کر سکتے ہیں۔

میں (راوی حدیث) نے عرض کیا: اگر کوئی شخص یہ الفاظ کہے: ''اگر خدا فلاں شخص کے ذریعہ سے میری مدد نہ کراتا تو میں ہلاک ہو جاتا'' تو کیا اس طرح کے الفاظ کا کہنا صحیح ہے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: جی ہاں، اس طرح کے الفاظ میں کوئی قباحت نہیں ہے۔

مجمع البیان میں آیت مذکور کے متعلق حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے تین مفاہیم منقول ہیں:

۱- اس سے مشرکین قریش مراد ہیں، جو خدا کے خالق اور محی و ممیت ہونے کا اقرار کرتے تھے، مگر بتوں کو معبود سمجھ کر اُن کی پوجا بھی کرتے تھے اور زبان سے کہتے تھے کہ اللہ ہمارا رب ہے اور ہمارا معبود ہمیں رزق عطا کرتا ہے۔

۲- یہ آیت مشرکینِ عرب کے متعلق نازل ہوئی، جب ان سے پوچھا جاتا تھا کہ آسمان و زمین کا خالق کون ہے اور بادلوں سے پانی کون برساتا ہے تو اس کے جواب میں وہ اللہ کا نام لیتے تھے، لیکن وہ اپنے اقرار پر قائم نہیں رہتے تھے اور وہ اپنے تلبیہ میں کہتے تھے: الا شریك هو لك تملكه وما ملك ''تیرا بس ایک ہی شریک ہے جس کا تو مالک ہے اور وہ تیرا مالک نہیں ہے''۔

۳- اس سے مشرکین اہلِ کتاب مراد ہیں۔ وہ لوگ ظاہری طور پر اللہ، روزِ آخرت اور تورات و انجیل پر ایمان رکھتے تھے، لیکن قرآن کریم اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انکار کرتے تھے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

میں اور میرے پیروکار بصیرت پر ہیں

قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۣ عَلٰي بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ ۭ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝

''آپ کہہ دیں کہ یہ میرا راستہ ہے میں خدا کی طرف دعوت دیتا ہوں' میں خود بھی بصیرت پر ہوں اور جن لوگوں نے میری پیروی کی ہے وہ بھی بصیرت پر ہیں اور اللہ پاک ہے میں مشرکین میں سے نہیں ہوں''۔

اصولِ کافی میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: عَلٰي بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ سے حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت علی علیہ السلام اور دوسرے اوصیاء مراد ہیں۔

علی بن حسان کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام علی نقی علیہ السلام سے کہا: میرے آقاؑ! لوگ آپؑ کی کم سنی کی وجہ سے آپؑ پر اعتراض کرتے ہیں۔

حضرت امام علی نقی علیہ السلام نے فرمایا: اس میں اعتراض اور تعجب کی کیا بات ہے۔ حضرت علی علیہ السلام نے نو برس کی عمر میں رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیروی کی تھی اور اس وقت میری عمر بھی نو سال ہے۔ جب حضرت علیؑ نے آنحضرتؐ کی پیروی کی تو اللہ کو ان کی پیروی کا انداز اتنا پسند آیا کہ اللہ نے فرمایا: عَلٰي بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ ''میں خود بھی بصیرت پر ہوں اور میری پیروی کرنے والا بھی بصیرت پر ہے''۔

روضۃ الواعظین میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ سے حضرت علی علیہ السلام مراد ہیں۔

تہذیب الاحکام میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے روزِ غدیر کی مخصوص نماز منقول ہے اور اس کے بعد ایک دعا بھی منقول ہے۔ اس دعا میں یہ الفاظ بھی ہیں: الداعی الیك علی بصیرة ومن اتبعه..... ''تو نے رسول کو اپنی دعوت دینے والا بنا کر بھیجا' وہ خود بھی بصیرت پر تھے اور ان کی پیروی کرنے والے بھی بصیرت پر تھے''۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ سے حضرت علی علیہ السلام مراد ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

سبحان اللہ کا مفہوم

اصولِ کافی میں ہشام بن الحکم سے منقول ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے ''سبحان اللہ'' کا مفہوم پوچھا تو آپؑ نے فرمایا کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ خدا ہر نقص وعیب سے پاک ہے۔

ہشام جوالیقی نے یہی مسئلہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا تو آپؑ نے فرمایا: ''سبحان اللہ'' کے الفاظ سے خدا کی تنزیہہ مراد ہے۔

اللہ نے انسانوں کو ہی ہادی بنا کر بھیجا ہے

عیون الاخبار میں قصہ ہاروت و ماروت کے ضمن میں امام علی رضا علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے اپنے مخاطب سے فرمایا: کیا تو نہیں جانتا کہ اللہ نے اپنی زمین کو نبی اور امام سے خالی نہیں چھوڑا اور نبی اور امام کا تعلق انسانوں کی صنف سے ہی ہوتا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى ''ہم نے آپؐ سے پہلے جتنے بھی رسول بھیجے وہ سب کے سب انسان تھے اور وہ انھی بستیوں کے رہائشی تھے''۔

اللہ تعالیٰ نے زمین پر ملائکہ کو کبھی امام اور حاکم بنا کر نہیں بھیجا۔ ملائکہ کی ڈیوٹی یہ ہے کہ وہ خدا کا پیغام انبیاءؑ تک پہنچائیں۔

نصرتِ خدا کب نازل ہوتی ہے؟

حَتّٰٓى اِذَا اسْتَيْـَٔسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا جَآءَهُمْ نَصْرُنَا ۙ فَنُجِّيَ مَنْ نَّشَآءُ ۭ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُنَا عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ۝

''یہاں تک کہ جب انبیاء لوگوں سے مایوس ہوگئے اور لوگوں نے بھی سمجھ لیا کہ ان سے جھوٹ بولا گیا تھا تو ہماری مدد ان کے پاس پہنچ گئی جسے ہم چاہتے ہیں اسے بچا لیا جاتا ہے اور مجرم لوگوں سے ہمارے عذاب کو ٹالا نہیں جا سکتا''۔

عیون الاخبار میں مرقوم ہے کہ مامون الرشید نے امام علی رضا علیہ السلام سے کہا: کیا آپؑ کے عقیدہ میں انبیاء معصوم نہیں ہیں؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: جی ہاں، ہماری نظر میں انبیاء معصوم ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

مامون نے کہا: اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا ہے: وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا (انبیاء نے سمجھ لیا کہ ان سے جھوٹ کہا گیا ہے) اس آیت سے تو معلوم ہوتا ہے کہ خدا کے وعدہ کو انبیاء جھوٹا سمجھنے لگے تھے۔ اس کے باوجود آپؑ انھیں معصوم کیسے کہہ سکتے ہیں؟

حضرت امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا: تمھیں غلط فہمی ہوئی ہے: ظَنُّوْا فعل کے فاعل انبیاء نہیں ہیں اس سے ان کی قومیں مراد ہیں۔ مقصدِ آیت یہ ہے کہ انبیاءؑ کی قومیں یہ گمان کرنے لگیں کہ انبیاء کی زبانی ان سے جھوٹ کہا گیا ہے تو اس وقت ہماری مدد نازل ہوئی۔

امام علیہ السلام کا یہ جواب سن کر مامون نے کہا: ابوالحسنؑ! خدا آپؑ کا بھلا کرے، آپؑ نے میری مشکل دُور کر دی۔

○○○

Presented by Ziaraat.Com

Scanned by CamScanner

سُورَةُ الرَّعْدِ

سورة الرعد مكية غير لا يزال الذين كفروا ويقول
الذين كفروا فانهما نزلت بالمدينة وهي ثلاث
واربعون اية وست ركوعات

''سورہ رعد مکہ میں نازل ہوا مگر اس کی دو آیات لا یزال الذین کفروا
اور ویقول الذین کفروا..... مدینہ میں نازل ہوئیں۔ اس کی
تینتالیس آیات ہیں اور ۶ رکوع ہیں''۔

Presented by Ziaraat.Com

Scanned by CamScanner

سورہ الرعد

ثوابِ تلاوت

کتاب ثواب الاعمال میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جو شخص کثرت سے سورہ الرعد کی تلاوت کرے تو اس پر آسمانی بجلی کبھی نہیں گرے گی خواہ وہ ناصبی ہی کیوں نہ ہو۔ اگر کوئی مومن اس کی بکثرت تلاوت کرے تو وہ حساب کے بغیر جنت میں داخل ہوگا اور اسے اس کے خاندان اور بھائیوں کے متعلق حقِ شفاعت دیا جائے گا۔

مجمع البیان میں ابی بن کعب سے منقول ہے کہ حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو کوئی سورہ الرعد کی تلاوت کرے تو آج تک دنیا میں جتنے بھی بادل گزر چکے ہیں اور قیامت تک جتنے بھی بادل اُٹھیں گے اسے ان کی مقدار کے برابر ثواب دیا جائے گا اور قیامت کے دن عہدِ خداوندی کے تحت اسے امن نصیب ہوگا۔

سورہ الرعد کے مرکزی موضوعات

اس سورہ کے مرکزی موضوعات کچھ اس طرح سے ہیں: قرآن کی حقیقت، ہر چیز کا پیدا کرنے والا خدا ہے، قدرتِ خدا میں غور و فکر کرنے کا حکم، ہر قوم کا ایک ہادی ہوتا ہے، خدا ہر چیز کو جانتا ہے، فرشتے انسانوں کی حفاظت کرتے ہیں، خدا بلاوجہ کسی سے نعمت سلب نہیں کرتا، ہر چیز خدا کی تسبیح کرتی ہے حتیٰ کہ گرج بھی خدا کی تسبیح کرتی ہے، حق و باطل کی مثال، مومنین کی صفت، کفار کی صفت، خدا کی یاد سے تسلی حاصل ہوتی ہے، خدا کے وعدے سچے ہیں، طوبیٰ کا ذکر، انبیائے سابقین کی متعدد بیویاں تھیں اور حضرت علی علیہ السلام کی فضیلت۔

○○○

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ ۭ وَالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ
الْحَقُّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝١ اَللّٰهُ الَّذِيْ رَفَعَ
السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ وَسَخَّرَ
الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۭ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ
يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ بِلِقَاۗءِ رَبِّكُمْ تُوْقِنُوْنَ ۝٢ وَهُوَ الَّذِيْ مَدَّ
الْاَرْضَ وَجَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْهٰرًا ۭ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ
جَعَلَ فِيْهَا زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ
لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝٣ وَفِي الْاَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ
وَّجَنّٰتٌ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّزَرْعٌ وَّنَخِيْلٌ صِنْوَانٌ وَّغَيْرُ صِنْوَانٍ يُّسْقٰى
بِمَاۗءٍ وَّاحِدٍ ۣ وَنُفَضِّلُ بَعْضَهَا عَلٰي بَعْضٍ فِي الْاُكُلِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ
لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝٤ وَاِنْ تَعْجَبْ فَعَجَبٌ قَوْلُهُمْ ءَاِذَا كُنَّا
تُرٰبًا ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۭ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ ۚ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

وَاُولٰٓئِكَ الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا
خٰلِدُوْنَ ۝۵ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ وَقَدْ خَلَتْ
مِنْ قَبْلِهِمُ الْمَثُلٰتُ ؕ وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ لِّلنَّاسِ عَلٰى ظُلْمِهِمْ
ۚ وَاِنَّ رَبَّكَ لَشَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝۶ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ
اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ۝۷
اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ
ؕ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ۝۸ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ
الْمُتَعَالِ ۝۹ سَوَآءٌ مِّنْكُمْ مَّنْ اَسَرَّ الْقَوْلَ وَمَنْ جَهَرَ بِهٖ وَمَنْ
هُوَ مُسْتَخْفٍۢ بِالَّيْلِ وَسَارِبٌۢ بِالنَّهَارِ ۝۱۰ لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَيْنِ
يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا
بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاِذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْٓءًا
فَلَا مَرَدَّ لَهٗ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ ۝۱۱ هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمُ
الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّيُنْشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ ۝۱۲ ۚ وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ
بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ ۚ وَيُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيْبُ بِهَا
مَنْ يَّشَآءُ وَهُمْ يُجَادِلُوْنَ فِي اللّٰهِ ۚ وَهُوَ شَدِيْدُ الْمِحَالِ ۝۱۳ ؕ لَهٗ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

دَعْوَةُ الْحَقِّ ؕ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ لَهُمْ
بِشَيْءٍ اِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ اِلَى الْمَآءِ لِيَبْلُغَ فَاهُ وَمَا هُوَ بِبَالِغِهٖ ؕ وَمَا
دُعَآءُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۱۴﴾ وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ﴿۱۵﴾ قُلْ
مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قُلِ اللّٰهُ ؕ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ
دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءَ لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ قُلْ هَلْ
يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۙ اَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ ۚ
اَمْ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ خَلَقُوْا كَخَلْقِهٖ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ ؕ
قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿۱۶﴾ اَنْزَلَ مِنَ
السَّمَآءِ مَآءً فَسَالَتْ اَوْدِيَةٌۢ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ زَبَدًا رَّابِيًا ؕ
وَمِمَّا يُوْقِدُوْنَ عَلَيْهِ فِي النَّارِ ابْتِغَآءَ حِلْيَةٍ اَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ
مِّثْلُهٗ ؕ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ ؕ فَاَمَّا الزَّبَدُ
فَيَذْهَبُ جُفَآءً ۚ وَاَمَّا مَا يَنْفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِي الْاَرْضِ ؕ
كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ ؕ ﴿۱۷﴾ لِلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمُ
الْحُسْنٰى ؕ وَالَّذِيْنَ لَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهٗ لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ سُوْٓءُ الْحِسَابِ ۙ
وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۱۸﴾ اَفَمَنْ يَّعْلَمُ اَنَّمَآ اُنْزِلَ
اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ كَمَنْ هُوَ اَعْمٰى ؕ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا
الْاَلْبَابِ ﴿۱۹﴾ الَّذِيْنَ يُوْفُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَلَا يَنْقُضُوْنَ الْمِيْثَاقَ ﴿۲۰﴾
وَالَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ
وَيَخَافُوْنَ سُوْٓءَ الْحِسَابِ ﴿۲۱﴾ وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ وَجْهِ
رَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً
وَّيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ﴿۲۲﴾ جَنّٰتُ
عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ
وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ ﴿۲۳﴾ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا
صَبَرْتُمْ ؕ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ﴿۲۴﴾ وَالَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ
بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِى
الْاَرْضِ ۙ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿۲۵﴾

سہارا اللہ کے نام کا جو رحمٰن رحیم ہے

''ا-ل-م-ر- یہ آیاتِ کتاب ہیں۔ تمھارے پروردگار کی طرف سے جو کچھ تم پر نازل کیا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کیا ہے وہ عین حق ہے مگر لوگوں کی اکثریت ایمان نہیں لاتی۔

اللہ وہی تو ہے جس نے آسمانوں کو ایسے سہاروں کے بغیر بلند کیا جو تم کو نظر آتے ہوں پھر وہ عرش اقتدار پر متمکن ہوا اور اس نے سورج اور چاند کو ایک قانون کا تابع بنایا۔ ان میں سے ہر ایک مقررہ وقت تک چل رہا ہے وہی اس امر کی تدبیر کر رہا ہے وہ آیات کو کھول کر بیان کر رہا ہے تاکہ تم کو یقین آ جائے۔

اور وہ وہی تو ہے جس نے زمین کو بچھایا اور اس میں مضبوط پہاڑوں کی میخیں ثبت کیں اور دریا جاری کیے۔ اسی نے ہر طرح کے پھلوں کے جوڑے مقرر کیے۔ وہ دن پر رات کو مسلط کر دیتا ہے۔ یقیناً ان باتوں میں غور و فکر کرنے والوں کے لیے نشانیاں ہیں۔

اور زمین میں بہت سے ٹکڑے ملے ہوئے ہیں۔ انگور کے باغ ہیں کھیتیاں ہیں اور کھجور کے درخت ہیں جن میں سے کچھ کی ایک جڑ اور دو شاخیں ہیں اور بعض اکیلے ہیں حالانکہ وہ سب ایک ہی پانی سے سیراب کیے جاتے ہیں لیکن ذائقہ میں ہم کسی کو بہتر بنا دیتے ہیں اور کسی کو کم تر۔ ان سب چیزوں میں ان لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو عقل و شعور سے کام لیتے ہیں۔

اور اگر آپ کو تعجب کرنا ہے تو ان کی یہ بات واقعی لائق تعجب ہے کہ جب ہم مٹی میں مل کر مٹی بن جائیں گے تو کیا ہم نئے سرے سے پیدا کیے جائیں گے۔ یہ وہی لوگ ہیں جنھوں نے اپنے پروردگار کا انکار کیا ہے اور ان لوگوں کی گردنوں میں طوق ہوں گے اور یہ لوگ دوزخی ہیں۔ وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

یہ لوگ تم سے بھلائی سے قبل برائی کے لیے جلدی مچا رہے ہیں حالانکہ بہت سے لوگوں پر عذاب آ چکا ہے۔ یقیناً تیرا پروردگار لوگوں کی زیادتیوں کے باوجود بڑا بخشش والا ہے اور یقیناً تیرا رب سخت سزا دینے والا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

وہ لوگ جنھوں نے کفر کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ اس کے رب کی طرف سے اس پر کوئی نشانی کیوں نہیں اُتاری گئی؟ تم تو محض ڈرانے والے ہو اور ہر قوم کے لیے ایک ہدایت کرنے والا ہے۔

اللہ ہر ایک حاملہ کے پیٹ سے واقف ہے جو کچھ اس میں بنتا ہے وہ اسے جانتا ہے اور جو کچھ اس میں کمی بیشی ہوتی رہتی ہے وہ اسے بھی جانتا ہے اور ہر چیز کے لیے اس کے پاس مقدار مقرر ہے۔ وہ ظاہر و باطن کے جاننے والا' بزرگی والا اور ہمیشہ بالا رہنے والا ہے۔

تم میں سے کوئی آہستہ بات کرے یا زور سے بات کرے اور کوئی رات کی تاریکی میں چھپا ہوا ہو یا دن کی روشنی میں چل رہا ہو' اس کے لیے سب یکساں ہیں۔ ہر شخص کے لیے اس کے آگے اور پیچھے اس کے نگران مقرر ہیں جو اللہ کے حکم سے اس کی دیکھ بھال کرتے رہتے ہیں۔

اللہ کسی قوم کے حال کو نہیں بدلتا جب تک وہ اپنے اوصاف کو خود نہ بدل دیں اور جب اللہ کسی قوم پر مصیبت نازل کرنے کا فیصلہ کرلے تو اس کے ٹالنے والا کوئی نہیں ہوتا اور نہ ہی خدا کے سوا ان کا کوئی والی و وارث ہوتا ہے۔

وہی تو ہے جو تمھارے سامنے بجلیاں چمکاتا ہے جن سے تم خوف بھی محسوس کرتے ہو اور اُمیدیں بھی وابستہ کرتے ہو اور وہ تمھارے لیے پانی سے بوجھل بادل پیدا کرتا ہے۔ بادلوں کی گرج حمد کے ساتھ اس کی تسبیح کرتی ہے اور فرشتے اس کی ہیبت سے لرزتے ہوئے اس کی تسبیح کرتے ہیں اور وہ کڑکتی ہوئی بجلیوں کو بھیجتا ہے اور انھیں جس پر چاہتا ہے عین اس حالت میں گرا دیتا ہے' جب کہ وہ اللہ کے بارے میں جھگڑ رہے ہوتے ہیں اور وہ سخت قوت والا ہے۔

اسی کو پکارنا برحق ہے۔ خدا کو چھوڑ کر لوگ جنھیں پکار رہے ہیں وہ ان کی دعاؤں کا کوئی

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

جواب نہیں دے سکتے۔ انھیں پکارنا تو ایسا ہی ہے جیسے کوئی اپنی دونوں ہتھیلیاں پانی کی طرف پھیلائے' تاکہ پانی اس کے منہ میں پہنچ جائے' جب کہ وہ پانی کسی طرح اس کے منہ میں پہنچنے والا نہیں ہے۔ کافروں کی دعائیں تو بس رائیگاں ہی رائیگاں ہیں۔

وہی تو خدا ہے جسے آسمانوں اور زمین کی ہر چیز خوشی یا مجبوری سے سجدہ کر رہی ہے اور اُن کے سائے صبح و شام خدا کے سامنے جھکتے ہیں۔ آپ کہیں کہ آسمانوں اور زمین کا رب کون ہے؟ آپ کہہ دیں کہ وہ اللہ ہے۔ آپ کہہ دیں کہ پھر تم نے خدا کو چھوڑ کر ایسے کارساز کیوں بنائے ہوئے ہیں جو اپنے نفع و نقصان تک کے مالک نہیں ہیں۔ آپ کہہ دیں کہ کیا اندھا اور دیکھنے والا برابر ہو سکتے ہیں؟ یا پھر تاریکیاں اور روشنی برابر ہو سکتی ہے؟

کیا ان کے ٹھہرائے ہوئے شریکوں نے بھی اللہ کی طرح سے کچھ پیدا کیا ہے کہ اس کی وجہ سے ان پر تخلیق کا مسئلہ مشتبہ ہو گیا؟ آپ کہہ دیں کہ اللہ ہی ہر چیز کا خالق ہے اور وہ واحد اور سب پر غالب ہے۔

اللہ نے آسمان سے پانی برسایا اور ہر ندی نالہ اسے اپنے ظرف کے مطابق لے کر چلا۔ پھر جب سیلاب اُٹھا تو سطح پر جھاگ آ گیا اور ایسے ہی جھاگ ان دھاتوں پر بھی اُٹھتے ہیں جنھیں زیور اور برتن بنانے کے لیے لوگ پگھلایا کرتے ہیں۔ اسی مثال سے اللہ حق اور باطل کو واضح کرتا ہے۔ جھاگ اُڑ جایا کرتا ہے اور جو چیز انسانوں کے لیے نفع بخش ہے وہ زمین میں ٹھہر جاتی ہے اور اللہ اسی طرح سے مثالیں بیان کرتا ہے۔

جن لوگوں نے اپنے رب کی دعوت قبول کی ہے ان کے لیے بھلائی ہے اور جن لوگوں نے اسے قبول نہیں کیا وہ اگر زمین کی تمام دولت کے بھی مالک بن جائیں اور اتنی دولت اور بھی فراہم کر لیں تو وہ خدا کی پکڑ سے بچنے کے لیے فدیہ میں دینے پر تیار ہو جائیں گے۔ ان لوگوں سے بری طرح حساب لیا جائے گا اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے جو کہ بہت ہی بُرا ٹھکانا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

بھلا وہ شخص جو یہ جانتا ہے کہ جو کچھ تمھارے پروردگار کی طرف سے تم پر نازل ہوا ہے وہ عینِ حق ہے، کبھی وہ اس شخص کے برابر ہوسکتا ہے جو بالکل اندھا ہو۔ نصیحت تو دانش مند ہی قبول کیا کرتے ہیں۔

وہ جو اللہ کے ساتھ کیا ہوا عہد پورا کرتے ہیں اور وہ میثاق کو نہیں توڑتے اللہ نے جن روابط کو بحال رکھنے کا حکم دیا ہے وہ انھیں برقرار رکھتے ہیں اور وہ اپنے رب سے ڈرتے ہیں اور بُری طرح حساب لیے جانے سے خوف زدہ رہتے ہیں۔

یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے پروردگار کی خوشنودی کے لیے صبر سے کام لیتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور ہمارے عطا کردہ رزق میں سے علانیہ اور پوشیدہ خرچ کرتے ہیں اور برائی کو بھلائی سے دفع کرتے ہیں۔ آخرت کا گھر انھی کے لیے مخصوص ہے۔

یعنی ایسے باغ جو ان کی ابدی قیام گاہ ہوں گے وہ خود ان میں داخل ہوں گے اور ان کے آباء و اجداد اور ان کی بیویوں اور اولاد میں سے جو بھی صالح ہوں وہ ان کے ساتھ وہاں جائیں گے، ملائکہ ہر دروازے سے ان کے استقبال کے لیے آئیں گے۔ صبر کرنے والو! تم پر سلام ہو، آخرت کا گھر کتنا ہی اچھا ہے۔

اور وہ لوگ جو خدا سے پختہ عہد و پیمان کے بعد اس کے عہد کو توڑتے ہیں اور ان رابطوں کو کاٹتے ہیں جن کے جوڑنے کا اللہ نے حکم دیا ہے اور جو زمین میں فساد پھیلاتے ہیں ان کے لیے لعنت ہے اور ان کے لیے آخرت میں بُرا ٹھکانا ہے۔

حروفِ مقطعات

کتاب معانی الاخبار میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: الٓمٓ کا مفہوم ہے: انا اللہ المحیی المیت الرزاق "میں اللہ ہی حیات دینے والا، موت دینے والا اور رزق دینے والا ہوں"۔

تفسیر عیاشی میں ابی لبید سے منقول ہے کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا:

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ابی لبید! اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کے حروفِ مقطعات میں میرے لیے بہت زیادہ علم رکھا ہے۔ اللہ تعالیٰ (الٓمٓ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ) کی آیت نازل کی۔ اس کے تحت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قیام کیا' یہاں تک کہ آپ کا نور ظاہر ہوا اور آپ کی بات قائم ہوئی جس دن آپ کی ولادت ہوئی تو اس وقت ساتویں الف میں سے ایک سو تین سال گزر چکے تھے۔

پھر آپؑ نے فرمایا: اس کی وضاحت کتابِ خدا کے حروفِ مقطعات میں موجود ہے۔ جب تم حروفِ مقطعات کو تکرار کے بغیر شمار کرو گے تو اس کے اختتام پر بنی ہاشم میں سے کوئی نہ کوئی کھڑا ہونے والا قیام کرے گا۔ پھر آپؑ نے فرمایا: الف کا عدد ایک ہے' لام کے عدد تیس ہیں' میم کے عدد چالیس ہیں اور صاد کے عدد نوے ہیں' یہ کُل ملا کر ایک سو اکسٹھ بنتے ہیں۔ امام حسین علیہ السلام کے قیام کی ابتداء بھی ''الم'' سے ہوئی۔ جب اس کی مدت پوری ہوئی تو ''المص'' کے تحت بنی عباس میں سے قیام کرنے والے نے قیام کیا۔ پھر جب ''المر'' کے ساتھ اس کا خاتمہ ہوگیا تو ہمارا قائمؑ قیام کرے گا۔ ابی لبید! اسے اچھی طرح سے سمجھو اور یاد رکھو اور اسے چھپا کر رکھو۔

وضاحت: یہ حدیث ''معضلات اخبار'' میں سے ہے۔ ہم اس کا علم خدا و رسول اور ائمہ اہلِ بیتؑ کے سپرد کرتے ہیں۔ (من المترجم)

تفسیر علی بن ابراہیم میں حسین بن خالد سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے عرض کیا کہ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْحُبُكِ ۝ (الذاریات: ۷) کا مطلب دریافت کیا تو آپؑ نے فرمایا: خدا فرما رہا ہے مجھے آسمان کی قسم جس میں راستے ہیں۔ پھر آپؑ نے اپنی انگلیوں کو ایک دوسرے میں پیوست کر کے کہا کہ زمین و آسمان اس طرح سے متصل ہیں۔

میں (راوی) نے عرض کیا: مگر اللہ تعالیٰ نے تو فرمایا ہے: رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ''اس نے آسمان کو کسی ستون کے بغیر اٹھایا جو تمھیں دکھائی دیتے ہیں''۔ اس آیت میں تو اللہ نے ستونوں کی نفی کی ہے۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: اس آیت میں اللہ نے ستونوں کی نفی نہیں کی بلکہ تمھارے دیکھنے کی نفی کی ہے جب کہ آسمان غیر مرئی ستونوں پر قائم ہے۔

نہج البلاغہ کے ایک خطبہ میں امیر المومنین علی علیہ السلام نے یہ کلمات ارشاد فرمائے: اس کی تخلیق کے شواہد میں کسی ستون اور سہارے کے بغیر مضبوط آسمان کی تخلیق شامل ہے''۔

نہج البلاغہ میں حضرتؑ سے یہ کلمات بھی منقول ہیں: نیچے والے آسمان کو رکی ہوئی موج کی طرح بنایا اور اُوپر والے آسمان کو محفوظ چھت اور بلند عمارت کی طرح بنایا۔ اس کے لیے نہ تو ستونوں کی ضرورت محسوس ہوئی اور نہ کسی بندھن سے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

جوڑنے کی۔

کتاب الہلیلجہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے یہ الفاظ منقول ہیں: جب آنکھ نگاہ کرتی ہے تو اسے مختلف مخلوق دکھائی دیتی ہے جو ایک دوسرے سے متصل ہے۔ دل اس سے یہ استدلال کرتا ہے کہ اس مخلوق کا کوئی نہ کوئی خالق ہے' کیونکہ جب آنکھ آسمان کی بلندی اور بغیر کسی ستون کے اسے ہوا میں بلند دیکھتی ہے تو دل یہ استدلال کرتا ہے کہ آسمان ایک جگہ پر قائم ہیں۔ یہ آگے پیچھے نہیں ہو رہے' ورنہ ٹوٹ جاتے اور ان میں حرکت نہیں ہے ورنہ اپنے مقام سے ہٹ جاتے وہ نیچے نہیں ہوتے کہ قریب ہو جائیں اور بلند نہیں ہوتے کہ دکھائی نہ دیں۔

تفسیر عیاشی میں آل محمدؐ کے اہل علم وفقہ سے منقول ہے کہ وَفِي الْاَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ کا یہ مقصد ہے کہ کڑوی زمین میٹھی زمین کے قریب ہے' لیکن ہر ایک کی تاثیر جدا جدا ہے' جس طرح سے لوگ ایک دوسرے کے قریب ہوتے ہیں لیکن ہر ایک کی طبیعت اور فطرت جدا جدا ہوتی ہے۔

مجمع البیان میں حضرت جابر سے منقول ہے کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا' آپؐ نے حضرت علی علیہ السلام سے فرمایا: لوگ مختلف اشجار سے تعلق رکھتے ہیں جب کہ میں اور تو ایک ہی شجر سے تعلق رکھتے ہیں۔ پھر آنحضرتؐ نے وَفِي الْاَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ وَّجَنّٰتٌ مِّنْ اَعْنَابٍ ..... کی آیت تلاوت فرمائی۔

لفظ ''صنو'' کا اطلاق ان درختوں پر ہوتا ہے جن کی جڑ ایک ہو' اسی لیے لفظ ''صنو'' کے معنی مثال کے ہیں اور ''صنوان'' امثال کو کہا جاتا ہے اسی لیے رسولؐ خدا نے فرمایا: عم الرجل صنوابیه ''چچا باپ کی شبیہہ ہوتا ہے''۔

نہج البلاغہ میں حضرت علی علیہ السلام سے یہ الفاظ منقول ہیں: تمھیں ان عذابوں سے ڈرنا چاہیے جو تم سے پہلی اُمتوں پر ان کی بداعمالیوں اور بدکرداریوں کی وجہ سے نازل ہوئے اور اپنے اچھے اور بُرے حالات میں ان کے احوال و واردات کو پیش نظر رکھو اور اس امر سے خائف وترساں رہو کہ کہیں تم بھی انھی جیسے نہ بن جاؤ۔

اسی خطبہ میں آپؑ نے فرمایا: تمھیں لازم ہے کہ تم سے قبل سرکش اُمتوں پر جو قہر وعذاب اور عتاب وعقاب نازل ہوا' اس سے عبرت لو اور ان کے رخساروں کے بل لیٹنے اور پہلوؤں کے بل گرنے کے مقامات سے نصیحت حاصل کرو۔

کتاب التوحید میں ابراہیم عباس سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ امام علی رضا علیہ السلام کے دربار میں یہ بحث شروع ہوئی کہ معتزلہ کہتے ہیں کہ گناہانِ کبیرہ بخشے نہیں جائیں گے؟

امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا: اللہ کا فرمان تو معتزلہ کی تائید نہیں کرتا۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم میں فرمایا ہے:

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ لِّلنَّاسِ عَلٰى ظُلْمِهِمْ ''تیرا رب لوگوں کے ظلم کے باوجود ان پر مغفرت کرنے والا ہے''۔

اگر اللہ کی طرف سے عفو و مغفرت نہ ہوتی تو کوئی زندگی بسر نہ کرسکتا اور اگر خدا کی طرف سے وعید اور عذاب نہ ہوتا تو کوئی شخص نیک عمل نہ کرتا۔

رسول مُنذر اور علیؑ ہادی ہیں

اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ۝

''آپ تو عنابِ خدا سے ڈرانے والے ہیں اور ہر قوم کا ایک ہادی ہوتا ہے''۔

مجمع البیان میں ابن عباس سے منقول ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

انا المنذر وعلی الهادی من بعدی – یاعلی بك یهتدی المهتدون –

''میں عذاب سے ڈرانے والا ہوں اور علیؑ میرے بعد ہادی ہے۔ اے علیؑ! ہدایت پانے والے تیرے ذریعہ سے ہدایت پائیں گے''۔

امالی صدوق میں مرقوم ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: میں قرآن کی ہر آیت کے متعلق جانتا ہوں کہ وہ کہاں نازل ہوئی اور کس کے متعلق نازل ہوئی اور کس سوال کا جواب بن کر نازل ہوئی اور میں ہر ایک کے متعلق جانتا ہوں کہ ان میں سے میدان میں کون سی آیت نازل ہوئی اور پہاڑ میں کون سی آیت نازل ہوئی۔

کسی نے کہا: آپؑ کے متعلق قرآن کی کون سی آیت نازل ہوئی؟

آپؑ نے فرمایا: اگر تم مجھ سے دریافت نہ کرتے تو میں تمھیں کبھی نہ بتاتا۔ اب تم نے پوچھ لیا ہے تو سن لو: اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ۝ کی آیت نازل ہوئی۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منذر ہیں اور میں ہادی ہوں۔

حاکم ابوالقاسم الحسکانی نے شواہد التنزیل میں ابو بردہ اسلمی سے روایت کی کہ حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وضو کے لیے پانی طلب کیا۔ اس وقت حضرت علیؑ رسولؐ خدا کے ساتھ کھڑے تھے۔ وضو کے بعد آپؐ نے حضرت علیؑ کے ہاتھ سے پکڑا اور علیؑ کو اپنے سینے سے لگایا۔ پھر آپؐ نے فرمایا: اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ۔ بعدازاں علیؑ کے سینے پر ہاتھ رکھ کر فرمایا: وَّلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ۔ اس کے بعد آپؐ نے فرمایا:

''اے علیؑ! تم لوگوں کے لیے منارۂ نور ہو، ہدایت کی انتہا ہو اور آبادیوں کے امیر ہو، میں گواہی دیتا ہوں کہ تم میں یہ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

صفات موجود ہیں''۔

کشف المحجہ میں سید ابن طاؤس رقم طراز ہیں کہ امیر المومنین علی علیہ السلام نے فرمایا کہ اللہ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرمایا: اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ نبی اکرمؐ کے بعد ہادی وہی ہوسکتا ہے جو اُمت کو رسولؐ خدا کا راستہ دکھلائے اور ہادی وہی ہوسکتا ہے جو تمھیں حق کی دعوت دے اور تمھیں ہدایت کی طرف لے جائے۔

کتاب کمال الدین وتمام النعمۃ میں محمد بن مسلم سے منقول ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام کے سامنے اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ کی آیت تلاوت کی۔ آپؑ نے فرمایا: ہر امام اپنے اپنے دَور کا ہادی ہوتا ہے۔

اصول کافی میں بھی حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے یہ روایت منقول ہے۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ کی آیت کے متعلق فرمایا: رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''منذر'' تھے اور ہر دور میں ہمارے خاندان میں سے ایک نہ ایک ہادی موجود رہے گا' جو لوگوں کو نبی اکرمؐ کے راستے کی ہدایت کرتا رہے گا۔ اس سلسلہ کے پہلے ہادی علیؑ ہیں' پھر سلسلہ وار اوصیاء ہیں۔

ابوبصیر بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ کی آیت مجیدہ کے متعلق دریافت کیا تو آپؑ نے فرمایا: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منذر تھے اور علیؑ ہادی تھے۔ پھر آپؑ نے مجھے مخاطب کر کے فرمایا: اے ابومحمد! کیا آج بھی کوئی ہادی موجود ہے؟

میں (راوی) نے کہا: جی ہاں' آپؑ کے خاندان میں ہادیوں کا سلسلہ چلتا رہا اور اس وقت اس نورانی سلسلہ کی آپؑ کڑی ہیں۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: اے ابومحمد! خدا تم پر رحم کرے۔ اگر قرآن کی آیت کسی ایک فرد کے ساتھ مخصوص ہوتی تو انسان فانی ہیں جب وہ انسان مرتا تو اس کے ساتھ آیت بھی مرجاتی۔ قرآن زندہ کتاب ہے اس کی تطبیق کا سلسلہ جاری رہے گا۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے اس آیت کو پڑھ کر فرمایا: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''منذر'' تھے اور علیؑ ''ہادی'' تھے۔ یہ آیت ہمارے خاندان کے متعلق نازل ہوئی اور قیامت تک ہمارے خاندان میں ہادیوں کا سلسلہ جاری و ساری رہے گا۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: رسولِ خدا صلی اللہ علیہ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

وآلہ وسلم منذر تھے اور علیؑ ہادی تھے اور حضرت علی علیہ السلام کے بعد ہدایت کا سلسلہ موقوف نہیں ہوا۔ ائمہ علیہم السلام ہادی ہیں اور جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ ہر زمانہ میں ہادی کی ضرورت نہیں ہے' یہ آیت ان کے نظریہ کو غلط ثابت کرتی ہے۔ زمین حجتِ خدا سے کبھی خالی نہیں ہوتی۔ جیسا کہ امیر المومنین علی علیہ السلام نے فرمایا:

''زمین حجتِ خدا سے کبھی خالی نہیں رہتی خواہ وہ ظاہر ہو یا خوف کی وجہ سے گوشہ نشین ہو۔ یہ اس لیے ہے کہ خدا کے حجج اور بینات باطل نہ ہونے پائیں''۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ کی آیت ہمارے متعلق نازل ہوئی۔ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا کہ میں ''منذر'' ہوں اور اے علیؑ! تو ''ہادی'' ہے لہٰذا روزِ قیامت تک کی ہدایت' سعادت اور نجات ہمارے ساتھ مربوط ہے۔

عبدالرحیم القصیر بیان کرتے ہیں کہ ایک دن حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا: اے عبدالرحیم! اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ رسولؐ خدا نے اس سلسلہ میں فرمایا تھا کہ میں منذر ہوں اور علیؑ ہادی ہے۔ اچھا یہ بتاؤ آج بھی کوئی ہادی موجود ہے اگر موجود ہے تو وہ کون ہے؟

یہ سوال سن کر میں نے گردن جھکا لی اور کافی دیر سوچنے کے بعد میں نے گردن اُٹھائی اور عرض کیا: ہادیوں کا سلسلہ آپ کے خاندان میں چلتا رہا یہاں تک کہ یہ سلسلہ آپؑ تک پہنچا۔ اس وقت آپؑ ہی ہادی ہیں۔

آپؑ نے فرمایا: اے عبدالرحیم! تم نے سچ کہا۔ قرآن زندہ کتاب ہے' اس پر موت طاری نہیں ہوگی۔

عبدالرحیم کہتے ہیں کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: قرآن مُرا نہیں ہے۔ قرآن سلسلہ روز و شب کی طرح سے چلتا رہتا ہے۔ جس طرح سے سورج چاند کا سفر جاری ہے اسی طرح سے آیات کے انطباق کا سفر بھی جاری ہے۔ آیات ہمارے آخری فرد پر بھی اسی طرح سے صادق آتی ہیں جس طرح سے ہمارے پہلے فرد پر صادق آتی تھیں۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کا فرمان ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ کی آیت مجیدہ کے ضمن میں فرمایا: میں منذر ہوں اور علیؑ ہادی ہے۔ اور ہر امام اپنے دَور کا ہادی ہوتا ہے۔

روضہ کافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جب حضرت نوح علیہ السلام کی عمر پانچ سو سال کی ہوئی تو ان کے پاس جبریل امینؑ آئے اور ان سے کہا: اے نوحؑ! تمھاری نبوت اور زندگی کے ایام پورے ہونے کو ہیں لہٰذا آپؑ کے پاس اسمِ اعظم' میراثِ علم اور علمِ نبوت کے جو آثار ہیں وہ اپنے فرزند ''سام'' کے حوالے کریں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

خدا فرما رہا ہے کہ میں زمین کو کسی ایسے عالم سے خالی نہیں رکھتا جس کے ذریعہ سے میری اطاعت و ہدایت کی پہچان ہو اور وہ آنے والے نبی تک لوگوں کے لیے ذریعہ نجات ہو۔ میں زمین کو حجت کے بغیر نہیں چھوڑتا اور ہر دور میں ایک ایسے شخص کو زمین پر جگہ دیتا ہوں جو میرے راستے کا داعی ہو اور میرے دین کا ہادی ہو اور میرے احکام کا عالم ہو۔ میں اس کے ذریعہ سے سعادت مند افراد کو ہدایت دیتا ہوں اور وہ بدبختوں کے خلاف تمام کرتا ہوں۔

اس کے بعد حضرت نوح علیہ السلام نے اسمِ اعظم اور تبرکاتِ انبیاءؑ سام کے حوالے کیے جب کہ حام اور یافث کے پاس کوئی فائدہ مند علم نہیں تھا۔

اللہ ہر رحم اور جنین کا علم رکھتا ہے

اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ

''اللہ ہر مادہ کے پیٹ سے واقف ہے کہ وہ کیا اُٹھائے ہوئے ہے اور جو کچھ اس میں کمی بیشی ہوتی رہتی ہے وہ اس سے واقف ہے''۔

الکافی کی ایک اور تفسیر عیاشی کی تین روایات میں حضرت امام محمد باقر اور حضرت امام جعفر صادق علیہما السلام سے منقول ہے کہ انھوں نے فرمایا:

جو حمل وضع حمل کی مدت سے کم ہو اسے اللہ تعالیٰ نے رحم کی کمی سے اور جو حمل وضع حمل کے عرصہ سے بھی زیادہ ہو جائے تو اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم میں اسے بشی سے تعبیر کیا ہے اور دورانِ حمل جب کسی عورت کو خالص خون آئے تو وضع حمل میں اتنے دنوں کی تاخیر ہو جاتی ہے۔

خدا کے لیے بلند اور دھیمی آوازیں برابر ہیں

سَوَآءٌ مِّنْكُمْ مَّنْ اَسَرَّ الْقَوْلَ وَمَنْ جَهَرَ بِهٖ وَمَنْ هُوَ مُسْتَخْفٍۢ بِالَّيْلِ وَسَارِبٌۢ بِالنَّهَارِ ○

''تم میں سے کوئی آہستہ بات کرے یا زور سے بات کرے اور کوئی رات کی تاریکی میں چھپا ہوا ہو یا دن کی روشنی میں چل رہا ہو خدا کے لیے سب یکساں ہیں''۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: خدا کے نزدیک بلند اور دھیمی آواز یکساں ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ملائکہ انسان کی حفاظت کرتے ہیں

لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ

''ہر شخص کے لیے اس کے آگے اور پیچھے نگران مقرر ہیں جو اللہ کے حکم سے اس کی دیکھ بھال کرتے رہتے ہیں''۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ خدا نے ہر انسان کے لیے فرشتے مقرر کیے ہیں، جو اسے کنوئیں میں گرنے اور دیوار کے نیچے دبنے اور دوسرے مصائب سے بچاتے رہتے ہیں۔ جب تقدیر آ جاتی ہے تو وہ اس انسان سے جدا ہو جاتے ہیں اور اسے تقدیر کے سپرد کر دیتے ہیں۔ دن کے وقت ہر انسان کے ساتھ دو فرشتے موکل ہوتے ہیں اور جیسے ہی سورج غروب ہوتا ہے تو ان کی جگہ دوسرے فرشتے لے لیتے ہیں۔

مجمع البیان میں حضرت علی علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ کا ترجمہ يَحْفَظُوْنَهٗ بِاَمْرِ اللّٰهِ کے الفاظ سے کیا کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ خدا کے امر سے کوئی بچا نہیں سکتا البتہ ملائکہ خدا کا امر پا کر انسانوں کی حفاظت کرتے ہیں۔

علمائے مفسرین سے لفظ ''معقبات'' کی تشریح کے لیے چند اقوال منقول ہیں اور ان میں سے مشہور قول حسب ذیل ہے: اس سے وہ فرشتے مراد ہیں جو رات اور دن کے وقت انسان کی حفاظت کے لیے اترتے ہیں اور انھیں ''معقبات'' کہنے کی وجہ یہ ہے کہ یہ ایک دوسرے کے عقب میں آتے رہتے ہیں۔ یہ فرشتے بندوں کے اعمال کا ریکارڈ محفوظ رکھتے ہیں۔ چنانچہ حسن، سعید بن جبیر، قتادہ اور حیائی سے یہی مفہوم منقول ہے۔

حسن کہتے ہیں: وہ چار فرشتے ہیں، دو فرشتے رات کے ہیں اور دو فرشتے دن کے ہیں اور نمازِ فجر کے وقت یہ ایک دوسرے سے ملتے ہیں جیسا کہ قرآن مجید میں فرمان الٰہی ہے: اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا ۝ (بنی اسرائیل:۷۸) ''فجر کا قرآن ملائکہ کی حاضری کا وقت ہے''۔ ائمہ ہدیٰ علیہم السلام سے بھی یہ مفہوم منقول ہے۔

۲- اس سے وہ فرشتے مراد ہیں جو انسان کو ہلاکت سے بچاتے ہیں، لیکن جب کسی کے متعلق خدا کی تقدیر کا کوئی فیصلہ صادر ہوتا ہے تو وہ اسے تقدیر کے سپرد کر کے خود اس سے ہٹ جاتے ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

نعمات کو متغیر کرنے والے گناہ

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ

''اللہ کسی قوم کے احوال کو اس وقت تک نہیں بدلتا جب تک وہ خود اپنے اوصاف نہ بدل دیں''۔

مقصدِ آیت یہ ہے کہ اللہ کسی قوم کو نعمات دے کر خواہ مخواہ ان سے نعمات سلب نہیں کرتا' جب تک وہ اپنی بداعمالیوں سے یہ ثابت نہ کردیں کہ اب وہ ان نعمات کے حق دار نہیں رہے۔

دعائے کمیل میں حضرت علی علیہ السلام سے یہ الفاظ منقول ہیں: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِی الذُّنُوْبَ الَّتِی تُغَيِّرُ النِّعَمَ ''خدایا!! میرے وہ گناہ معاف کردے جو نعمتوں کو بدل دیتے ہیں''۔ (اضافۃ من المترجم)

کتاب معانی الاخبار میں ابوخالد کابلی سے منقول ہے کہ حضرت امام علی زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا: لوگوں کے خلاف سرکشی' اور نیک عادات کا ترک اور احسان جتلانا اور نعمات کی ناشکری ایسے گناہ ہیں جو نعمات کو بدل دیتے ہیں۔

اصولِ کافی میں سدیر صیرفی سے منقول ہے کہ ایک شخص نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس آیت کے متعلق پوچھا: فَقَالُوْا رَبَّنَا بٰعِدْ بَيْنَ اَسْفَارِنَا وَظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ (السبا: ۱۹) ''اے ہمارے پروردگار! ہمارے سفر کی مسافتیں لمبی کردے اور انھوں نے اپنے اُوپر ظلم کیا''۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: ان آیات میں اس قوم کا تذکرہ کیا گیا ہے' جن کی آبادیاں ایک دوسرے سے متصل تھیں۔ ان بستیوں کو وہ دیکھ سکتے تھے' وہاں نہریں بہتی تھیں اور ان کے پاس ہر قسم کی نعمت اور دولت موجود تھی' لیکن ان لوگوں نے نعمات کی ناقدری کی اور انھوں نے اپنے عمل سے ثابت کیا کہ اب وہ نعمات کے لائق نہیں ہیں۔ ان کی اس روش کی وجہ سے اللہ نے بھی اپنی نعمت کو بدل ڈالا اور خدا کسی قوم کے احوال کو اس وقت تک نہیں بدلتا جب تک وہ خود اپنے اوصاف نہ بدل دیں۔ اللہ تعالیٰ نے اس قوم پر عذاب بھیجا اور فرمایا:

فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ وَبَدَّلْنٰهُمْ بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَيْ اُكُلٍ خَمْطٍ وَّاَثْلٍ وَّشَيْءٍ مِّنْ سِدْرٍ قَلِيْلٍ ۝ ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِمَا كَفَرُوْا ۭ وَهَلْ نُجٰزِيْٓ اِلَّا الْكَفُوْرَ ۝ (السبا: ۱۶-۱۷)

''آخرکار ہم نے ان پر بند توڑ سیلاب بھیج دیا اور ان کے دو باغوں کی جگہ ہم نے انھیں ایسے دو باغ دیئے جن میں کڑوے کسیلے پھل اور جھاؤ کے درخت تھے اور کچھ تھوڑی سی بیریاں تھیں۔ ہم نے انھیں اس طرح سے ان کے کفر کا بدلہ دیا اور ناشکرے انسانوں کے علاوہ ایسا بدلہ ہم کسی اور کو نہیں

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

دیا کرتے"۔

تفسیر عیاشی میں سلیمان بن عبدالملک سے منقول ہے کہ میں حضرت امام علی رضا علیہ السلام کے پاس بیٹھا ہوا تھا' آپؑ کے سامنے ایک عورت کو لایا گیا' جس کا منہ پشت کی جانب پھرا ہوا تھا۔ عورت کے رشتہ داروں نے آپؑ سے درخواست کی کہ آپؑ اس کا چہرہ سیدھا کر دیں۔ آپؑ نے اس کے سر پر ہاتھ رکھ کر جھٹکا دیا تو اس کا سر سیدھا ہو گیا۔ پھر آپؑ نے فرمایا: اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ "اللہ کسی قوم کے احوال کو اس وقت تک نہیں بدلتا جب تک وہ قوم اپنے اطوار کو خود نہ بدل دے"۔ بعدازاں آپؑ نے عورت سے فرمایا: آئندہ ایسی حرکت نہ کرنا۔

لوگوں نے آپؑ سے پوچھا کہ اس عورت نے کیا کیا تھا جس کی وجہ سے اس کا چہرہ پشت کی جانب پھر گیا تھا؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: میں اس کا راز فاش نہیں کرنا چاہتا البتہ یہ خود بتانا چاہے تو اسے اختیار ہے۔

لوگوں نے عورت سے اس کی وجہ پوچھی تو اس نے کہا: میرے شوہر کی دو بیویاں ہیں۔ ایک دن میں نماز پڑھ رہی تھی کہ میرا شوہر گھر میں آیا۔ میں نے دل میں گمان کیا کہ ہو نہ ہو وہ میری سوکن کے پاس بیٹھا ہوگا۔ چنانچہ میں نے گردن پھیر کر اس کی طرف دیکھا تو وہاں میری سوکن اکیلی بیٹھی ہوئی تھی۔ میرا شوہر اس کے ساتھ موجود نہیں تھا۔ اس وقت سے میرا چہرہ پشت کی طرف پھر گیا اور میں نے اسے سیدھا کرنے کے جتنے بھی جتن کیے وہ سیدھا نہ ہوا یہاں تک کہ میرے آقا و مولاؑ نے اسے سیدھا کر دیا۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: میرے والد ماجد علیہ السلام فرمایا کرتے تھے: اللہ تعالیٰ نے اپنی حتمی قضا کے تحت یہ فیصلہ کیا ہے کہ وہ کسی بندے کو نعمت عطا کر کے اس وقت تک اس سے وہ نعمت سلب نہیں کرے گا جب تک بندہ کوئی ایسا گناہ نہ کرے جو اس نعمت کے سلب ہونے کا موجب نہ بن جائے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ

سعید مکفوف کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کو ایک خط لکھا جس میں مَیں نے یہ تحریر کیا کہ آقا! آپ اپنے غلام کو اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ کا مفہوم سمجھائیں۔

امام علیہ السلام نے جواب میں لکھا: اس کا مفہوم یہ ہے کہ اللہ کسی قوم کو کوئی نعمت عطا کر کے اس وقت تک اسے نہیں بدلتا جب تک وہ قوم خطائیں کر کے یہ ثابت نہ کر دے کہ اب وہ اس نعمت کے حق دار نہیں رہے ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

گرج چمک

هُوَ الَّذِیْ یُرِیْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّیُنْشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ ۝ وَیُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِیْفَتِهٖ ۚ وَیُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَیُصِیْبُ بِهَا مَنْ یَّشَآءُ وَهُمْ یُجَادِلُوْنَ فِی اللّٰهِ وَهُوَ شَدِیْدُ الْمِحَالِ ۝

''وہی تو ہے جو تمھارے سامنے بجلیاں چمکاتا ہے جن سے تم خوف بھی محسوس کرتے ہو اور اُمیدیں بھی وابستہ کرتے ہو، وہ تمھارے لیے پانی سے لدے ہوئے بادل پیدا کرتا ہے۔ بادلوں کی گرج حمد کے ساتھ اس کی تسبیح بیان کرتی ہے اور فرشتے اس کی ہیبت سے لرزتے ہوئے اس کی تسبیح کرتے ہیں۔ وہ کڑکتی ہوئی بجلیوں کو بھیجتا ہے۔ انھیں جس پر چاہتا ہے گرا دیتا ہے، جب کہ وہ خدا کے بارے میں جھگڑ رہے ہوتے ہیں اور وہ سخت قوت والا ہے''۔

عیون الاخبار میں حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: ''بجلی کی چمک سے مسافر خوف محسوس کرتے ہیں اور مقیم افراد بارش کی اُمیدیں کرتے ہیں''۔

تفسیر عیاشی میں یونس بن عبدالرحمٰن سے منقول ہے کہ ہم امام جعفر صادق علیہ السلام کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ بادل زور سے گرجا۔ ابوبصیر نے امامؑ سے عرض کیا: کیا گرج بھی کلام کرتی ہے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: اے ابومحمد! وہ چیز پوچھو جو تمھارے لیے فائدہ مند ہو۔

ابوبصیر نے اپنا سوال دوبارہ دہرایا۔ آپؑ نے فرمایا: جس چیز کی تمھیں ضرورت نہیں ہے اس کے پوچھنے کا تمھیں کیا فائدہ ہے؟

من لایحضرہ الفقیہ میں مرقوم ہے کہ رَعد کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ وہ ایک ایسے فرشتے کی آواز ہے جو مکھی سے بڑا اور بھڑ سے چھوٹا ہے۔

ابوبصیر نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ گرج کیا ہے؟ آپؑ نے فرمایا: جس طرح سے کوئی ساربان ''ہائے ہائے'' کرکے اُونٹوں کو ہانکتا ہے یہ بھی اسی طرح کی آواز ہے۔ ابوبصیر نے پھر پوچھا کہ برق (چمک) کیا ہے؟ یہ ملائکہ کے ایک مخصوص قسم کے کوڑے کی روشنی ہے جس سے وہ بادل کو ہانک کر وہاں لے جاتے ہیں جہاں خدا نے برسنے کا حکم دیا ہوتا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

Scanned by CamScanner

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ جب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بادل کی گرج سنتے تھے تو آپؐ سبحان من یسبح الرعد بحمدہ پڑھتے تھے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمھارا رب فرماتا ہے کہ اگر میرے بندے، میری اطاعت کرتے تو میں رات کے وقت انھیں بارش سے سیراب کرتا اور دن کے وقت ان کے لیے سورج کی دھوپ نکالتا اور انھیں کبھی گرج کی آواز بھی نہ سناتا۔

شیخ الطائفہ امالی میں لکھتے ہیں: انس بن مالک کا بیان ہے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک صحابی کو ایک عربی فرعون کے پاس دعوتِ اسلام کے لیے بھیجا۔ اس نے اسے خدائے واحد پر ایمان لانے کی دعوت دی۔ اس فرعون مزاج شخص نے کہا: مجھے یہ بتاؤ کہ تمھارا خدا سونے کا ہے، چاندی کا ہے یا لوہے کا ہے؟

اس کا یہ جواب سن کر صحابی آنحضرتؐ کی خدمت میں واپس آیا اور اس کے گستاخانہ جواب سے آپؐ کو مطلع کیا۔

نبی اکرمؐ نے صحابی سے فرمایا: تو پھر اس کے پاس جا، اور اسے توحیدِ الٰہی کی دعوت دے۔

صحابی نے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! اسے تبلیغ کی ضرورت ہی نہیں ہے۔

آنحضرتؐ نے فرمایا: میرے کہنے پر دوبارہ اس کے پاس جا۔ صحابی اس کے پاس گیا۔ اس نے پہلا سا جواب دیا۔ اتنے میں ایک بادل آیا اور اس کے سر پر بجلی گری، جس سے اس کا سر پارہ پارہ ہوگیا۔ اللہ تعالیٰ نے اس واقعہ کو قرآن کریم میں ان الفاظ سے بیان فرمایا ہے: وَيُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيبُ بِهَا مَنْ يَشَاءُ وَهُمْ يُجَادِلُونَ فِي اللَّهِ وَهُوَ شَدِيدُ الْمِحَالِ ۚ ''وہ کڑکتی ہوئی بجلیوں کو بھیجتا ہے، انھیں جس پر چاہتا ہے گرا دیتا ہے جب کہ وہ اللہ کے بارے میں جھگڑ رہے ہوتے ہیں اور وہ سخت قوت والا ہے''۔

صحیفہ سجادیہ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے حاملینِ عرش پر درود منقول ہے، اس میں آپؑ نے یہ جملے بھی ارشاد فرمائے: پروردگار! اس فرشتہ پر درود بھیج جس کے جھڑکنے کی آواز سے بجلی کی کڑک پیدا ہوتی ہے اور جب اس کی آواز سے گرجنے والے بادل چلنے لگتے ہیں تو گرنے والی بجلیاں چمکتی ہیں۔

مجمع البیان میں حضرت علی علیہ السلام سے منقول ہے کہ ''شدید المحال'' کا معنی سخت گرفت کرنے والے کے ہیں۔

سالم بن عبداللہ نے اپنے والد سے روایت کی ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب بجلی کی کڑک کی آواز سنتے تو آپؐ یہ کہتے تھے: ''پروردگار! اپنے غضب سے ہمیں قتل نہ کرنا اور اپنے عذاب سے ہمیں ہلاک نہ کرنا اور ہمیں اس سے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

عافیت میں رکھنا''۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ بجلیاں مُسلم اور غیر مُسلم دونوں طرح کے لوگوں پر گر سکتی ہیں' لیکن جو ذکرِ خدا میں مصروف ہو اس پر بجلی نہیں گرتی۔

اصولِ کافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: مومن پر ہر طرح کی موت وارد ہو سکتی ہے' لیکن اس پر بجلی گرنے کی وجہ سے موت واقع نہیں ہوگی۔ جب کوئی ذکرِ خدا میں مصروف ہو تو اس پر بجلی نہیں گرے گی۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ذکر کرنے والے پر بجلیاں نہیں گرتیں۔

راوی نے پوچھا کہ ذکر کرنے والے سے کیا مراد ہے؟

آپؑ نے فرمایا: جس نے ایک سو آیات پڑھی ہو۔

ابوبصیر کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مومن کی موت کے متعلق پوچھا تو آپؑ نے فرمایا: مومن پانی میں ڈوب کر بھی مر سکتا ہے' دیوار کے نیچے آ کر بھی مر سکتا ہے' اسے درندے بھی ہلاک کر سکتے ہیں' اس پر بجلی بھی گر سکتی ہے البتہ جو ذکرِ الٰہی میں مصروف ہو اس پر بجلی نہیں گرتی۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: سورہ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ ..... کی تلاوت سے کبھی تنگ دل نہ ہونا۔ جو شخص اس سورہ کو نوافل میں پڑھے گا وہ کبھی زلزلہ کی موت نہیں مرے گا اور اس پر بجلی نہیں گرے گی۔ وہ دنیاوی آفات سے محفوظ رہے گا۔ ذیل میں ہم صحیفہ سجادیہ سے ایک جامع مضمون نقل کرتے ہیں۔

رعد و برق

جب سورج کی تیز شعاعیں سمندروں اور جھیلوں کی سطح سے بخارات اُٹھاتی ہیں تو وہ بخارات جو ننھی ننھی بوندوں کا مجموعہ ہوتے ہیں بادلوں کی دلفریب صورت میں فضا میں لہرانے اور ہوا میں اُڑنے لگتے ہیں اور جب ہوا کے جھونکے انھیں حرکت میں لاتے ہیں تو ان کی تہوں میں جمع شدہ ذخیرہ کبھی ہلکی ہلکی پھوار اور کبھی دھواں دھار بارش کی صورت میں برسنے لگتا ہے اور ٹیلوں چٹانوں پر سے گزرتا ندی نالوں کو چھلکاتا' زمین کے ذرّہ ذرّہ کو سیراب کر دیتا ہے' جس سے زمین کی سطح پر ہریالی اور کاشتکار کے چہرے پر سرخی دوڑ جاتی ہے۔ چنانچہ خداوند عالم کا ارشاد ہے:

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اَللّٰهُ الَّذِیْ یُرْسِلُ الرِّیٰحَ فَتُثِیْرُ سَحَابًا فَیَبْسُطُهٗ فِی السَّمَآءِ كَیْفَ یَشَآءُ وَیَجْعَلُهٗ كِسَفًا فَتَرَى الْوَدْقَ یَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ فَاِذَاۤ اَصَابَ بِهٖ مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖۤ اِذَا هُمْ یَسْتَبْشِرُوْنَ ۞ (الروم: ۴۸)

''خدا وہ ہے جو ہواؤں کو چلاتا ہے تو وہ بادلوں کو حرکت میں لاتی ہیں۔ پھر وہ جس طرح چاہتا ہے انھیں فضا میں پھیلا دیتا ہے اور انھیں ٹکڑے ٹکڑے کر دیتا ہے۔ پھر تم دیکھتے ہو کہ ان بادلوں کے اندر سے بوندیں نکل پڑتی ہیں' پھر خدا اپنے بندوں میں جس پر چاہتا ہے انھیں برسا دیتا ہے تو وہ خوشیاں منانے لگتے ہیں''۔

جب ان بادلوں میں ننھی ننھی بوندیں ہوا سے ٹکراتی یا آپس میں رگڑ کھاتی ہیں تو اس ٹکراؤ سے ان میں برقی قوت (Electric Force) پیدا ہوتی ہے جو بعض بادلوں میں مثبت (Positive) اور بعض میں منفی (Nagative) اس طرح کہ جس طرف سے بجلی آتی ہے اس کو مثبت یعنی (Positive Pole) اور جس طرف کو جاتی ہے اُسے (Nagative Pole) کہہ لیتے ہیں۔ جب یہ مثبت اور منفی والے بادل ایک دوسرے کے قریب آتے ہیں یہ دونوں متضاد (Opposite) قوتیں آپس میں ٹکراتی ہیں جس سے روشنی کا ایک شرارہ (ARC) پیدا ہوتا ہے جو اپنی تیزی اور چمک کی وجہ سے آنکھوں میں چکاچوند پیدا کر دیتا ہے۔ اس شرارہ کا نام برق ہے۔ یہ برق ہر وقت درخشاں رہتی ہے اور ایک سیکنڈ میں کم و بیش ۱۰۰ مرتبہ چمکتی ہے اور اس کے ہر شرارہ میں دس کروڑ وولٹ سے لے کر ۲۰ ارب وولٹ تک بجلی ہوتی ہے۔ اس شرارہ سے اس قدر گرمی (Heat) پیدا ہوتی ہے کہ آس پاس کی ہوا گرم ہو جاتی ہے اور اس گرمی کی وجہ سے اس کا پھیلاؤ بڑھ جاتا ہے اور اس کی جگہ پر چاروں طرف سے ٹھنڈی ہوائیں انتہائی تیز رفتاری کے ساتھ بڑھتی ہیں جس سے کڑک کی آواز پیدا ہوتی ہے۔ اس کڑک کا نام رعد ہے۔ یہ کڑک بجلی کے چمکنے کے چند دقیقہ (Milli Second) کے بعد سنائی دیتی ہے۔ اس لیے کہ آواز کی رفتار روشنی کی رفتار سے سُست ہوتی ہے۔

چنانچہ روشنی کی رفتار ایک لاکھ چھیاسی ہزار دو سو چوراسی میل فی سیکنڈ ہے اور آواز کی رفتار تین سو ستر گز فی سیکنڈ ہے۔ اس لحاظ سے اگر ایک میل کے فاصلہ سے روشنی اور آواز ایک ساتھ چلیں تو آواز پانچ سیکنڈ بعد پہنچے گی۔ کبھی کبھی یہ بجلی زمین پر گر بھی پڑتی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جب برقی قوت والا بادل ٹھنڈک پا کر زمین کے قریب آ جاتا ہے تو اُس سے اُونچی اور بلند سطح عمارتیں اُونچے اُونچے درخت اور کھلے میدان اور ان میں چلنے پھرنے والے انسان اور چوپائے برقائے جاتے ہیں اور

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

جب ان کی جمع شدہ برقی قوت بادلوں کی مخالف برقی قوت سے ٹکراتی ہے تو دھماکے کے ساتھ ساتھ روشنی اور گرمی بھی پیدا ہوتی ہے۔ اسے عرفِ عام میں بجلی کا گرنا کہتے ہیں۔ اس سے ہر وہ چیز متاثر ہوتی ہے جو اُس کی زد میں آجاتی ہے۔ نہ اُس سے سربلند عمارتیں محفوظ رہ سکتی ہیں اور نہ کوئی جاندار زندہ و سلامت رہ سکتا ہے۔ مگر جہاں یہ ہلاکت و تباہی کا سامان لیے ہوئے ہے وہاں بیش بہا فوائد کی بھی حامل ہے۔ چنانچہ اس بجلی سے ایک سال کے عرصہ میں دس کروڑ ٹن نائٹروجن گیس پیدا ہوتی ہے۔ جو بارش کے ساتھ زمین پر اُترتی ہے اور زمین کی قوتِ نشوونما کو بڑھاتی ہے اور اس کے لیے کھاد کا کام دیتی ہے۔ چنانچہ خداوند عالم نے اس کے دونوں پہلوؤں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: وَمِنْ اٰيٰتِهٖ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا (الروم:۲۴) ''اس کی نشانیوں میں سے ایک یہ ہے کہ اس نے تمھیں بجلی کا منظر دکھایا جس کا ایک رخ خوف ناک اور دوسرا اُمید افزا ہے۔ (نقلاً عن الصحیفۃ السجادیۃ من حواشی مفتی جعفر حسین)

غیر اللہ سے امیدیں وابستہ کرنا حماقت ہے

وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ لَهُمْ بِشَيْءٍ اِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ اِلَى الْمَآءِ لِيَبْلُغَ فَاهُ وَمَا هُوَ بِبَالِغِهٖ ؕ وَمَا دُعَآءُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ۝

''وہ لوگ جو خدا کو چھوڑ کر اوروں کو پکار رہے ہیں وہ ان کی دعاؤں کا جواب نہیں دے سکتے۔ انھیں پکارنا تو ایسا ہی ہے جیسے کوئی اپنی دونوں ہتھیلیاں پانی کی طرف پھیلائے' تاکہ پانی اس کے منہ میں پہنچ جائے' جب کہ وہ پانی کسی طرح اس کے منہ میں پہنچنے والا نہیں ہے۔ کافروں کی دعائیں تو بس رائیگاں ہی رائیگاں ہیں''۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: اس آیت کے ذریعہ سے اللہ نے بت پرستوں کی تصویر کشی کی ہے اور ان لوگوں کی حالت زار کی عکاسی کی ہے' جو خدا کو چھوڑ کر اور خود ساختہ معبودوں کو پکارتے ہیں۔ وہ خواہ انھیں کتنا ہی پکاریں مگر وہ ان کی پکار کا جواب نہیں دے سکتے' ان کی مثال ایسے ہی ہے جو پانی سے دُور کھڑا ہو کر اپنی ہتھیلیوں کو پھیلائے تاکہ اس طرح سے اپنے منہ تک پانی پہنچا سکے' لیکن اس طرح سے منہ تک پانی کبھی بھی نہیں پہنچ سکتا۔ اسی طرح سے غیر اللہ کے آستانوں پر صدائیں دینے والوں کی دعائیں بھی قبول نہیں ہو سکتیں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

عالم برزخ میں "قابیل" کی حالت

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ایک شخص آیا اور اس نے کہا: یا رسول اللہ! میں نے ایک عجیب چیز کا مشاہدہ کیا ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تو نے کیا دیکھا ہے؟

اس شخص نے کہا: یا رسول اللہ! میرے گھر کا کچھ سامان تھا، لوگوں نے کہا کہ میں مقام احقاف پر جاؤں اور وہاں ایک کنواں ہے اس سے پانی بھر کر لاؤں اور اپنے مریض کو پلاؤں۔ لوگوں نے کہا کہ اس پانی کے پینے سے تیرا مریض تندرست ہو جائے گا۔ چنانچہ میں گھر سے مشک اور پیالہ لے کر احقاف کے مقام پر پہنچا۔ میں نے پیالے سے پانی بھرا کہ مشک میں ڈالوں۔ اتنے میں فضائے آسمان سے مجھے کسی زنجیر کے گھسٹنے کی آواز سنائی دی۔ کوئی کہہ رہا تھا: اے شخص! مجھے پانی پلا میں تو پیاس کی وجہ سے مرا جاتا ہوں۔ میں نے پیالہ اٹھایا کہ اسے پانی پلاؤں، میں نے دیکھا کہ ایک شخص وہاں موجود تھا جس کے گلے میں زنجیر پڑی ہوئی تھی۔ جب میں پیالہ لے کر اس کے قریب گیا تو کسی نے اسے وہاں سے کھینچ لیا اور سورج سے اسے معلق کر دیا۔ پھر میں نے مشک بھرنے کا ارادہ کیا تو وہی آواز مجھے دوبارہ سنائی دی۔ وہ کہہ رہا تھا: ہائے پیاس! ہائے پیاس! اے شخص! مجھے پانی پلا میں تو پیاس سے مرنے والا ہوں۔ میں نے اسے پانی پلانے کے لیے پیالہ اٹھایا اور جب اس کی طرف بڑھا تو کسی نے اسے وہاں سے کھینچ لیا اور سورج سے اسے معلق کر دیا۔

الغرض اس نے تیسری بار صدا دی، لیکن میں نے کوئی توجہ نہ کی اور میں نے مشک بھری اور وہاں سے چل پڑا۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ آدمؑ کا فرزند قابیل تھا۔ اور یہ وہی ہے جس نے اپنے بھائی کو قتل کر کے دنیا میں قتل کی بنیاد رکھی تھی اور اسی کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا: کباسط کفیه الی الماء.....

کائنات کی ہر چیز خدا کے سامنے سجدہ ریز ہے

وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ

"اور آسمانوں اور زمین کی ہر چیز خوشی سے یا مجبوری سے اللہ کو سجدہ کر رہی ہے اور ان کے سائے صبح و شام خدا کے سامنے جھکتے ہیں"۔

اصول کافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: سورج کے طلوع و غروب سے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ایک گھڑی قبل قبولیت کا وقت ہے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ مومن کا سایہ خوشی سے خدا کے سامنے سجدہ کرتا ہے اور کافر کا سایہ مجبوری سے سجدہ کرتا ہے۔ سائے کے سجدہ سے سائے کا گھٹنا بڑھنا اور مغرب و مشرق کی سمت میں جانا مراد ہے۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: ملائکہ اہلِ آسمان میں سے خوشی سے سجدہ کرتے ہیں اور اہلِ زمین میں سے خدا کا خوشی سے سجدہ وہ کرتا ہے جو حالتِ اسلام میں پیدا ہوا ہو اور جس نے جبراً اسلام قبول کیا ہو تو وہ مجبور ہو کر خدا کا سجدہ کرتا ہے اور جو بالکل سجدہ نہیں کرتا تو اس کا سایہ صبح و شام خدا کا سجدہ کرتا ہے۔

نہج البلاغہ میں چیونٹی کے متعلق حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام سے ایک خطبہ منقول ہے۔ اس خطبہ کے ضمن میں آپؑ نے یہ کلمات بھی فرمائے:

''پاک ہے وہ ذات جس کے سامنے آسمان و زمین میں جو کوئی بھی ہے خوشی یا مجبوری سے بہر صورت سجدہ میں گرا ہوا ہے اور اس کے لیے رخسار اور چہرے کو خاک پر مل رہا ہے اور عجز و انکسار سے اس کے آگے سرنگوں ہے اور خوف و دہشت سے اپنی باگ دوڑ اسے سونپے ہوئے ہے۔

ایک اور مقام پر آپؑ نے فرمایا: درخت صبح و شام اس کے سامنے سربسجود ہیں۔

مفوضہ کی تردید

اَمْ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ خَلَقُوْا كَخَلْقِهٖ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ ؕ قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝

''کیا ان کے ٹھہرائے ہوئے شریکوں نے بھی خدا کی طرح سے کچھ پیدا کیا ہے' اور اس کی وجہ سے ان پر تخلیق کا مسئلہ مشتبہ ہو گیا؟ آپ کہہ دیں کہ اللہ ہی ہر چیز کا خالق ہے اور وہ واحد اور سب پر غالب ہے''۔

شیخ صدوق کتاب اعتقادات الامامیہ میں رقم طراز ہیں کہ زرارہ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا: عبداللہ بن سنان کی اولاد میں سے ایک شخص ''تفویض'' کا عقیدہ رکھتا ہے۔

آپؑ نے فرمایا: ''تفویض'' کیا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

Scanned by CamScanner

میں (راوی) نے عرض کیا: وہ کہتا ہے کہ اللہ نے محمدؐ اور علیؑ کو پیدا کیا' پھر سارا نظام ان کے سپرد کر دیا۔ انھوں نے ہی پیدا کیا اور انھوں نے ہی رزق دیا اور انھوں نے ہی زندگی دی اور انھوں نے ہی موت دی۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: دشمنِ خدا نے جھوٹ کہا۔ جب اس کے پاس جاؤ تو سورہ الرعد کی آیت اَمْ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ خَلَقُوْا كَخَلْقِهٖ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ ؕ قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝ کی تلاوت کرو۔

زرارہ کہتے ہیں میں اس شخص کے پاس گیا اور میں نے یہ آیت پڑھی تو وہ یوں لاجواب ہوگیا جیسے کسی نے اس کے منہ میں پتھر دے دیا ہو۔

حق قائم رہتا ہے اور باطل جھاگ کی طرح اُڑ جاتا ہے

اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَالَتْ اَوْدِيَةٌۢ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ زَبَدًا رَّابِيًا ؕ وَمِمَّا يُوْقِدُوْنَ عَلَيْهِ فِي النَّارِ ابْتِغَآءَ حِلْيَةٍ اَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثْلُهٗ ؕ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ ؕ فَاَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ جُفَآءً ۚ وَاَمَّا مَا يَنْفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِي الْاَرْضِ ؕ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ ۝

''اللہ نے آسمان سے پانی برسایا اور ہر ندی نالہ اسے اپنے ظرف کے مطابق لے کر چلا۔ پھر جب سیلاب اُٹھا تو سطح پر جھاگ آ گیا اور ایسے ہی جھاگ ان دھاتوں پر اُٹھتے ہیں جنھیں زیور اور برتن بنانے کے لیے لوگ پگھلایا کرتے ہیں۔ اسی مثال سے اللہ حق و باطل کو واضح کرتا ہے۔ جھاگ اُڑ جاتا ہے اور جو چیز انسانوں کے لیے نفع بخش ہے وہ زمین میں ٹھہر جاتی ہے اور اللہ اس طرح سے مثالیں بیان کرتا ہے''۔

اللہ تعالیٰ نے سابقہ آیات میں مومن کو بینا اور کافر کو نابینا سے تشبیہہ دی ہے اور فرمایا: ایمان نور ہے اور کفر تاریکی ہے۔ ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے ایمان و کفر کی دوسری مثال بیان فرمائی اور فرمایا کہ اللہ نے آسمان سے پانی برسایا' ندی نالے اپنے ظرف کے مطابق پانی لے کر چلنے لگے۔ جو ندی زیادہ گہری اور چوڑی ہوتی ہے اس میں پانی زیادہ آتا ہے اور جو کم گہری ہوتی ہے اس میں پانی کی تھوڑی مقدار ہوتی ہے اور جو پانی ندی نالے سے زیادہ ہوتا ہے وہ زمین پر پھیل جاتا ہے۔ جب سیلابی پانی کا ریلا آتا ہے تو پانی کے اُوپر جھاگ کی دبیز تہہ ہوتی ہے۔ پانی پر جھاگ اس وقت آتا ہے جب پانی

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

بلند مقام سے آ رہا ہو اور تیزی سے بہہ رہا ہو۔ جب لوگ زیور یا کوئی برتن بنواتے ہیں تو لوہار اس دھات کو آگ میں تپاتے ہیں تو ان دھاتوں سے بھی ایک طرح کی جھاگ برآمد ہوتی ہے۔ پانی کا جھاگ بھی بیٹھ جاتا ہے اور دھاتوں سے اٹھنے والا جھاگ بھی بیٹھ جاتا ہے۔ پھر اصل پانی ہی رہ جاتا ہے۔ اس طرح سے جھاگ کے بعد دھات بھی اصل حالت میں رہ جاتی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے پانی اور جھاگ اور دھات اور جھاگ کی مثال دے کر فرمایا ہے کہ کبریائی وجلالت اور احسان کے آسمان سے خدا نے آبِ حیات یعنی قرآن نازل کیا۔ اہلِ ایمان کے دل ندی نالوں کی طرح سے ہیں جتنا جس دل کی وسعت ہے اتنا ہی اس میں علومِ قرآن کے انوار قیام پذیر ہوتے ہیں۔ جو دل جتنا پاک اور طاہر ہوگا اس میں اتنا ہی علمِ قرآن زیادہ سمائے گا۔ پھر جس طرح سے پانی پر جھاگ کی سطح آ جاتی ہے اور دھاتوں پر جھاگ پیدا ہوتی ہے اور پھر کچھ دیر بعد جھاگ ختم ہو جاتا ہے اور اصل پانی اور اصل دھات باقی رہ جاتی ہے۔ اسی طرح سے جب لوگ قرآن کے بیان سنتے ہیں تو ان کے دلوں میں بھی بعض اوقات شکوک وشبہات کا جھاگ پیدا ہوتا ہے' لیکن شکوک وشبہات کا جھاگ جلد ہی ختم ہو جاتا ہے اور اصل علم و دین اور حکمت و دانش باقی رہ جاتی ہے۔

رب کی دعوت قبول کرنے والوں کے لیے بھلائی ہے

لِلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمُ الْحُسْنٰى ۚ

''جن لوگوں نے اپنے رب کی دعوت قبول کی ہے ان کے لیے بھلائی ہے''۔

ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے اہلِ سعادت اور اہلِ شقاوت کا حال بیان کیا ہے اور فرمایا ہے کہ جن لوگوں نے خدا کی دعوت پر توحید' عدل' نبوت' امامت اور جہاد کا اقرار کیا ہے اور احکامِ شریعت پر عمل کیا ہے ان کے لیے بھلائی ہی بھلائی ہے۔

ابن عباس فرماتے ہیں کہ ''حسنیٰ'' سے جنت مراد ہے۔

اہلِ لغت کا بیان ہے کہ لفظ ''حسنیٰ'' سے عظیم منفعت مراد ہے اور ''حسنیٰ'' اس خالص نفع کو کہا جاتا ہے جس میں نقصان کا کوئی احتمال نہ ہو۔ جن لوگوں نے رب کی دعوت کو قبول نہیں کیا' اللہ نے ان کے لیے تین قسم کے عذابوں کا اعلان کیا ہے اور فرمایا ہے:

وَالَّذِيْنَ لَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهٗ لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ ۭ اُولٰۗىِٕكَ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

يَوْمَ الْحِسَابِ ۙ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمِهَادُ

"اور جن لوگوں نے رب کی دعوت کو قبول نہیں کیا اگر وہ زمین کی تمام دولت کے بھی مالک بن جائیں اور اتنی دولت اور بھی فراہم کرلیں تو وہ خدا کی پکڑ سے بچنے کے لیے فدیہ میں دینے پر تیار ہوجائیں گے۔ ان لوگوں سے بُری طرح حساب لیا جائے گا ان کا ٹھکانا دوزخ ہے جو کہ بہت ہی بُرا ٹھکانا ہے"۔

۱- اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کے لیے پہلا عذاب یہ بیان کیا کہ اگر بالفرض ان کے پاس دنیا بھر کی دولت ہو بلکہ اس سے بھی دوگنی ہو تو بھی وہ عذاب الٰہی سے بچنے کے لیے اسے فدیہ میں دینے پر آمادہ ہوجائیں گے۔

نفسیات کا اصول یہ ہے کہ ہر شخص کو اپنے آپ سے زیادہ پیار ہوتا ہے۔ اپنی ذات کے علاوہ انسان کو ہر اس چیز سے پیار ہوتا ہے جو اس سے تعلق و ارتباط رکھتی ہے۔ انسان کو دولت بڑی عزیز ہے لیکن اپنی جان و دولت سے کہیں زیادہ عزیز ہے۔ لہٰذا جب کسی کی ذات پر بن جائے تو وہ اپنی ذات کو بچانے کے لیے دولت کو فدیہ بنانے پر آمادہ ہوجاتا ہے۔

۲- ان سے بری طرح حساب لیا جائے گا۔

۳- ان کا ٹھکانا دوزخ ہوگا' جو کہ بدترین ٹھکانا ہے۔

اہلِ عقل کون؟

اَفَمَنْ يَّعْلَمُ اَنَّمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ كَمَنْ هُوَ اَعْمٰى ۭ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝ الَّذِيْنَ يُوْفُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَلَا يَنْقُضُوْنَ الْمِيْثَاقَ ۝ وَالَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُوْنَ سُوْۗءَ الْحِسَابِ ۝ وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَاۗءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً وَّيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ۝ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَاۗىِٕهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ ۝ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ ۭ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ۝

"بھلا وہ شخص جو یہ جانتا ہے کہ جو کچھ تمھارے پروردگار کی طرف سے تم پر نازل ہوا ہے وہ عین حق

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ہے، کبھی وہ اس شخص کے برابر ہوسکتا ہے جو بالکل اندھا ہو۔ نصیحت تو دانش مند ہی قبول کرتے ہیں۔ وہ جو اللہ کے ساتھ کیا ہوا عہد پورا کرتے ہیں اور وہ میثاق کو نہیں توڑتے۔ اللہ نے جن روابط کو بحال رکھنے کا حکم دیا ہے وہ انھیں برقرار رکھتے ہیں اور وہ اپنے رب سے ڈرتے ہیں اور بری طرح حساب لیے جانے سے ڈرتے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے پروردگار کی خوشنودی کے لیے صبر سے کام لیتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور ہمارے عطا کردہ رزق میں سے علانیہ اور پوشیدہ خرچ کرتے ہیں اور برائی کو بھلائی سے دفع کرتے ہیں اور آخرت کا گھر ان کے لیے مخصوص ہے۔ یعنی ایسے باغ جو اُن کی قیام گاہ ہوں گے اُن میں داخل ہوں گے اور اُن کے آباء واجداد اور اُن کی بیویوں اور اولاد میں سے جو بھی صالح ہیں وہ اُن کے ساتھ وہاں ہوں گے اور ملائکہ ہر دروازے سے ان کے استقبال کے لیے آگے آئیں گے۔ صبر کرنے والو! تم پر سلام ہو آخرت کا گھر کتنا ہی اچھا ہے"۔

ان آیات میں سابقہ مثال کی طرف اشارہ کیا گیا ہے اور اس تمثیل سے یہ واضح کیا گیا ہے کہ صاحب علم بینا ہوتا ہے اور جاہل اندھا ہوتا ہے اور یہ دونوں یکساں نہیں ہیں۔ اگر اندھا کسی رہبر کے بغیر سفر کرے تو وہ کنوئیں میں گر سکتا ہے جب کہ بینا ہلاکت سے محفوظ ہو کر سفر کرتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے اس مثال کے بعد فرمایا ہے کہ ان مثالوں سے صاحب عقل ہی استفادہ کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان صاحبانِ عقل کی نو علامات بیان فرمائی ہیں اور آخر میں ان کا نتیجہ بھی بیان کیا ہے:

۱- پہلی شرط یہ ہے: اَلَّذِیْنَ یُوْفُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ "وہ اللہ سے کیا ہوا عہد پورا کرتے ہیں"۔ اس عہد میں "روزِ اَلَست" کا عہد سرفہرست ہے۔ علاوہ ازیں انسان اپنی اجتماعی زندگی میں جو عہد و پیمان کرتا ہے وہ تمام عہد و پیمان اس میں شامل ہیں۔

۲- دوسری شرط یہ ہے کہ وہ میثاق کو نہیں توڑتے۔ وفائے عہد اور میثاق نہ توڑنا دونوں قریب المعنی ہیں اور ایک دوسرے کے لیے لازم وملزوم ہیں۔

عہد پورا کرنے کا بہت بڑا مقام ہے۔ حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے: لَا اِیْمَانَ لِمَنْ لَا اَمَانَةَ لَهٗ وَلَا دِیْنَ لِمَنْ لَا عَهْدَ لَهٗ "جس میں امانت نہیں اس میں ایمان نہیں ہے اور جس میں عہد کی پاسداری نہیں اس میں دین نہیں ہے"۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

بعض مفسرین نے ایفائے عہد اور میثاق نہ توڑنے میں یہ لطیف فرق بیان کیا ہے کہ یُوْفُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ سے خدا کی طرف سے عائد کردہ شرعی تکالیف مراد ہیں اور وَلَا يَنْقُضُوْنَ الْمِيْثَاقَ سے وہ فرائض مراد ہیں جنھیں انسان خود اپنے اوپر فرض کر لیتا ہے مثلاً نذر کے لیے نماز یا روزہ یا خیرات کو اپنے اُوپر واجب کرنا۔

خدا سے کیے ہوئے عہد کی خلاف ورزی لائق مذمت ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے: جو خدا سے عہد کر کے عہد پورا نہ کرے تو اس میں نفاق کی خصلت پائی جاتی ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک اور حدیث میں فرمایا: قیامت کے دن میں تین قسم کے افراد سے جھگڑا کروں گا۔ اُن میں سے پہلا شخص وہ ہے جو عہد کر کے عہد کی خلاف ورزی کرے۔ دوسرا وہ ہے جو کسی سے پوری مزدوری کرائے اور اس کو اُجرت نہ دے۔ تیسرا وہ ہے جو کسی آزاد انسان کو غلام بنا لے اور اسے بیچ کر اس کی رقم کھا جائے۔

۳- اُولِی الالباب یعنی صاحبانِ عقل کی تیسری شرط اللہ تعالیٰ نے یہ بیان کی ہے کہ وہ ان روابط کو برقرار رکھتے ہیں جن کے بحال رکھنے کا اللہ نے حکم دیا ہے۔ اب اگر اس مقام پر کوئی یہ اعتراض کرے کہ پہلی دو شرائط میں تمام اوامر کی پابندی اور تمام نواہی سے احتراز کی طرف اشارہ کیا جا چکا ہے' لہٰذا باقی شرائط بیان کرنے کا کیا فائدہ ہے؟

اس کا جواب یہ ہے کہ پہلی دو شرائط سے بظاہر یہ مترشح ہوتا ہے کہ ان کا تعلق حقوق اللہ سے ہے۔ اس لیے اللہ نے مزید شرائط بیان کیں' تاکہ حقوق العباد کی طرف واضح اشارہ کیا جا سکے۔

صلہ رحم سے کیا مراد ہے تو مفسرین سے اس کے متعلق تین اقوال منقول ہیں:

۱- اس سے عمومی صلہ رحم مراد ہے۔ احادیث میں بیان کیا گیا تھا کہ قیامت کے دن تین چیزیں فریاد کریں گی: (۱) رحم فریاد کرے گا کہ خدایا مجھے قطع کیا گیا تھا (۲) امانت فریاد کرے گی کہ مجھے ضائع کیا گیا (۳) نعمت فریاد کرے گی کہ میری ناشکری کی گئی تھی۔ (اضافہ من المترجم نقلاً عن الرازی)

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت موسیٰ کاظم علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: آلِ محمدؐ کا رحم عرش سے لٹکا ہوا ہے اور وہ کہتا ہے: خدایا! جو مجھے ملائے تو بھی اسے ملائے رکھ اور جو مجھے قطع کرے تو اسے بھی قطع کر۔ اور وَالَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ مَا اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ کی آیت ہر رحم کے متعلق عام ہے۔ البتہ اس میں آلِ محمدؐ کے حقوق اور عالمِ ذر میں ولایتِ امیر المومنینؑ کے میثاق کی طرف خصوصی اشارہ ہے۔

اصول کافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: رحم عرش الٰہی سے معلق ہے اور وہ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کہتا ہے: خدایا! جو مجھے جوڑے تو بھی اسے جوڑے رکھ اور جو مجھے قطع کرے تو بھی اس سے قطع کر اور وہ رحم آل محمدؐ ہے اور وہ ہر رشتہ دار کی رشتہ داری ہے۔

صفوان الجمال ۔ سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام اور عبداللہ بن حسن کے درمیان کسی گھریلو معاملہ میں اختلاف ہوا' یہاں تک کہ بات تو تو میں میں تک جا پہنچی اور آوازیں بلند ہونے کی وجہ سے لوگ اکٹھے ہوگئے۔ پھر دونوں جدا ہو کر اپنے اپنے گھروں کو چلے گئے۔

راوی کا بیان ہے کہ جب میں صبح کے وقت اُٹھا تو میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کو عبداللہ بن حسن کے دروازے پر کھڑے دیکھا۔ اس کی کنیز باہر آئی۔ آپؑ نے اس سے کہا کہ ابومحمد کو باہر بھیجو۔ عبداللہ بن حسن باہر آئے۔ انھوں نے کہا: آپؑ صبح سویرے کیسے آئے؟

آپؑ نے فرمایا: میں نے رات ایک آیت پڑھی جس کی وجہ سے میں پوری رات بے چین رہا اور وہ آیت یہ تھی: وَالَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُوْنَ سُوْٓءَ الْحِسَابِ ۝ (اللہ نے جن روابط کو بحال رکھنے کا حکم دیا ہے وہ انھیں برقرار رکھتے ہیں اور وہ اپنے رب سے ڈرتے رہتے ہیں اور بری طرح حساب لیے جانے سے خوفزدہ رہتے ہیں)۔ یہ آیت پڑھ کر میں آپؑ کے پاس چلا آیا۔ عبداللہ بن حسن نے کہا: آپؑ نے سچ فرمایا اور مجھے بھی یوں لگتا ہے جیسے اس آیت کو میں نے بھی آج پڑھا ہو۔ یہ کہہ کر دونوں گلے لگے اور رونے لگے۔

عمر بن یزید کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کے سامنے اس آیت کو پڑھا تو آپؑ نے فرمایا: اس سے رحم آل محمدؐ اور تمھارے قرابت داروں کے ساتھ اچھے تعلقات بحال رکھنا مراد ہے۔ اس آیت کو صرف ایک مطلب تک محدود نہیں کیا جا سکتا۔

الکافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: اللہ نے زکوٰۃ کے علاوہ بھی مال میں کچھ حقوق واجب کیے ہیں' جیسا کہ ارشاد الٰہی ہے: وَالَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ (مقصدِ روایت یہ ہے کہ زکوٰۃ کے علاوہ رشتہ داروں کی مالی مدد کرنا بھی فرض ہے)۔

صادق آل محمدؐ کی کنیز سلمہ کا بیان ہے کہ جب حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی وفات ہوئی تو اس وقت میں وہاں موجود تھی۔ آپؑ بے ہوش ہوگئے۔ جب افاقہ ہوا تو آپؑ نے فرمایا: حسن افطس بن علی بن علی زین العابدینؑ کو ستر دینار دینا اور فلاں کو اتنے دینار دینا اور فلاں کو اتنے دینار دینا۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

میں نے عرض کیا: کیا آپ "حسن اقطس" کو بھی رقم دے رہے ہیں جس نے آپ پر قاتلانہ حملہ کیا تھا؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: اے سلمہ! کیا تو چاہتی ہے کہ میں ان لوگوں میں سے نہ بنوں جن کی مدح کرتے ہوئے اللہ نے فرمایا: وَالَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ (وہ جوان روابط کو بحال رکھتے ہیں جن کے برقرار رکھنے کا خدا نے حکم دیا ہے) سلمہ! سنو اللہ نے جنت پیدا کی ہے۔ اس کی خوشبو دو ہزار سال کی مسافت سے بھی محسوس کی جاسکے گی لیکن والدین کا نافرمان اور قطع رحمی کرنے والا اس کی خوشبو نہیں سونگھ سکے گا۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: والدین سے بھلائی اور صلہ رحمی ایسی حالات ہیں جو حساب کو آسان کر دیتی ہیں۔ پھر آپؑ نے اس آیت مجیدہ کی تلاوت فرمائی: وَالَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُوْنَ سُوْۗءَ الْحِسَابِ ۝

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے وَالَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ کا مطلب دریافت کیا گیا تو آپؑ نے فرمایا: اس آیت کے ضمن میں ہر سال میں ایک بار یا کم وبیش امام کی مالی مدد بھی مراد ہے۔ پھر آپؑ نے فرمایا: میں تمہاری دولت کا محتاج نہیں ہوں البتہ میں تمہیں پاک کرنے کا خواہش مند ہوں۔

کتاب معانی الاخبار میں مرقوم ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ایک شخص سے پوچھا: تو نے اپنے بھائی کے ساتھ دولت کا حساب کیسے کیا تھا؟ اس نے کہا کہ میں نے اس سے پائی پائی کا حساب کیا تھا۔

آپؑ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم میں فرمایا ہے: وَيَخَافُوْنَ سُوْۗءَ الْحِسَابِ ۝ (وہ بری طرح حساب لیے جانے سے خوفزدہ رہتے ہیں) ذرا سوچو! کیا وہ اس لیے ڈرتے ہیں کہ خدا ان پر ظلم کرے گا؟ انھیں ظلم کا کوئی اندیشہ نہیں ہوتا بلکہ وہ پائی پائی کے حساب سے خوف زدہ رہتے ہیں۔

روضۃ الواعظین میں مرقوم ہے کہ حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: زنا چھ مصیبتوں کا سبب بنتا ہے ان میں سے تین کا تعلق دنیا سے ہے اور تین کا تعلق آخرت سے ہے۔ جن کا تعلق دنیا سے ہے وہ یہ ہیں:

۱- زنا سے چہرے کی رونق چلی جاتی ہے۔ ۲- زنا غربت وافلاس کا سبب بنتا ہے۔ ۳- زنا سے عمر کم ہوجاتی ہے۔

جن کا تعلق آخرت سے ہے وہ یہ ہیں: ۱- زنا اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کا سبب بنتا ہے۔ ۲- زنا سخت حساب کا موجب بنتا ہے۔ ۳- زنا ہمیشہ کی دوزخ کا ذریعہ ہے۔

اصول کافی میں مرقوم ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا اور اس نے ایک

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اور شخص کا شکوہ کیا۔ ابھی تھوڑی ہی دیر گزری تھی کہ اس نے جس کا شکوہ کیا تھا وہ بھی آپؑ کے پاس آ گیا۔ امام علیہ السلام نے اس سے فرمایا: کیا بات ہے کہ فلاں شخص تمہارا شکوہ کیوں کر رہا ہے؟

اس نے کہا: میں نے اس سے برائی نہیں کی' البتہ میں نے اس سے پائی پائی کا حساب ضرور لیا ہے۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: تو کیا سمجھتا ہے کہ تو نے اس سے پائی پائی کا حساب لے کر اس سے کوئی برائی نہیں کی؟ جب کہ اللہ نے تو اہلِ ایمان کی ایک علامت یہ بھی بیان کی ہے کہ وہ بُری طرح حساب لیے جانے سے خوفزدہ رہتے ہیں۔ تیرا کیا خیال ہے کہ وہ خدا کو ظالم سمجھتے ہیں' اسی لیے وہ حساب سے ڈرتے ہیں؟ نہیں خدا کی قسم! وہ صرف اس لیے ڈرتے ہیں کہ کہیں ان سے پائی پائی کا حساب نہ لیا جائے۔ اللہ نے اسی طرح کے سخت حساب کو سُوْٓءَ الْحِسَابِ قرار دیا ہے۔

تفسیر عیاشی میں مرقوم ہے کہ سُوْٓءَ الْحِسَابِ سے یہ مراد ہے کہ برائیاں تو گنی جائیں لیکن نیکیوں کا حساب نہ کیا جائے۔

مصباح الشریعہ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: اگر حساب میں صرف خدا کے حضور پردہ دری کے علاوہ اور کوئی قباحت نہ بھی ہو تو بھی یہ چیز اتنی سخت ہے کہ انسان پہاڑ کی چوٹی سے نہ اُترے اور جان بچانے کے علاوہ کسی آبادی کا رخ تک نہ کرے۔

۲- صلہ رحم کا دوسرا مفہوم مفسرین نے یہ بیان کیا ہے کہ اس سے رسولؐ خدا کی غلامی اور ان کی مدد و تائید مراد ہے۔

۳- تمام اہلِ ایمان کے حقوق اس میں شامل ہیں' کیونکہ نصِ قرآنی کے مطابق تمام اہلِ ایمان ایک دوسرے کے بھائی ہیں۔ مسلمانوں کی بھلائی کرنا' ان سے تکالیف کو دُور کرنا' مریض کی عیادت کرنا' جنازوں میں شامل ہونا' سلام کرنا اور لوگوں سے حُسنِ سلوک کے ساتھ پیش آنا اس میں شامل ہے۔

۴- اہلِ عقل کی چوتھی نشانی اللہ تعالیٰ نے یہ بیان کی ہے کہ وہ اپنے رب سے ڈرتے رہتے ہیں۔

خدا سے ڈرنے کا مطلب یہ ہے کہ وہ خدا کی ناراضگی سے ڈرتے ہیں' جس طرح سے ایک لائق شاگرد اپنے استاد اور لائق فرزند اپنے والد کی ناراضگی سے ڈرتا ہے۔ اہلِ عقل سے بھی ہزاروں گنا زیادہ خدا کی ناراضگی سے ڈرتے ہیں۔

۵- اہلِ عقل کی پانچویں علامت اللہ تعالیٰ نے یہ بیان فرمائی ہے کہ وہ بری طرح حساب لیے جانے سے خوفزدہ رہتے ہیں۔

۶- اہلِ عقل کی چھٹی علامت اللہ تعالیٰ نے یہ بیان کی ہے: وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ "یہ وہ لوگ ہیں

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

جو اپنے پروردگار کی خوشنودی کے لیے صبر سے کام لیتے ہیں''۔

صبر کے دائرہ میں عبادات پر استقامت' امراض و تکالیف کو برداشت کرنا اور خواہشات سے پرہیز کرنا شامل ہے۔ عام طور پر صبر حسب ذیل چار وجوہات کی وجہ سے کیا جاتا ہے:

۱۔ بعض لوگ اس لیے صبر کرتے ہیں کہ لوگ ان کے صبر و استقامت کی تعریف کریں۔

۲۔ بعض لوگ اس لیے صبر کرتے ہیں لوگ انھیں جزع فزع کی وجہ سے ملامت نہ کریں۔

۳۔ بعض لوگ شماتتِ اعداء کے خوف سے صبر کرتے ہیں۔

۴۔ بعض لوگ اس لیے صبر کرتے ہیں کہ انھیں معلوم ہوتا ہے کہ جزع فزع کرنا بے سود ہے۔

مذکورہ چاروں وجوہات قابلِ اجر نہیں ہیں۔ صبر اس وقت لائقِ قدر ہے جب بندہ اس لیے صبر کرے کہ یہ مصیبت خدا کی نازل کردہ ہے اور رب العالمین نے مجھ پر یہ آزمائش بھیجی ہے اور خدا میرا مالک ہے۔ میں اس کا مملوک ہوں۔ مالک کو مملوک کے متعلق ہر طرح کے تصرف کا اختیار ہے۔ انسان اجر کے قابل تب بنتا ہے جب وہ آزمائش کرنے والے کے مشاہدہ میں اتنا ڈوب جائے کہ آزمائش کی طرف اس کا دھیان تک نہ جائے اور صبر کا یہ مقام صدیقین کا بلند ترین درجہ ہے۔

۷۔ اہلِ عقل و دانش کی اللہ تعالیٰ نے ساتویں علامت یہ بیان کی ہے: وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ''اور وہ نماز قائم کرتے ہیں''۔ نماز اور زکوٰۃ ضمنی طور پر پہلے جملہ میں بھی شامل تھیں' لیکن اللہ نے ان کا علیحدہ ذکر کر کے اہلِ ایمان کو یہ سبق دیا ہے کہ ان دونوں اعمال کی خدا کی نظر میں بڑی قدر ہے۔

۸۔ آٹھویں شرط بیان کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً ''اور وہ ہمارے عطا کردہ رزق میں سے پوشیدہ اور علانیہ خرچ کرتے ہیں''۔

واجب زکوٰۃ علانیہ ادا کرنی چاہیے' تاکہ دوسرے لوگ بھی اس کی دیکھا دیکھی میں زکوٰۃ ادا کریں اور مستحب صدقات پوشیدہ دینے چاہییں۔

۹۔ اہلِ عقل کی نویں شرط بیان کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ (وہ برائی کو اچھائی سے دُور کرتے ہیں)۔ اس آیت کا ایک مفہوم تو یہ ہے کہ جب ان سے کوئی غلطی صادر ہو جاتی ہے تو وہ اس کے فوراً بعد نیکی کرتے ہیں اور توبہ کرتے ہیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے معاذ بن جبل سے فرمایا: جب تم برائی کرو تو اس کے پہلو میں نیکی بجا لاؤ' تاکہ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

تمھاری برائی مٹائی جاسکے۔

آیت مجیدہ کا دوسرا مفہوم یہ ہے کہ وہ برائی کا بدلہ برائی سے نہیں دیتے' اہلِ دانش اپنے سے بدسلوکی کرنے والوں سے بھی بھلائی کرتے ہیں کیونکہ بھلائی کے عوض بھلائی کرنا مکافات اور بدلہ ہے۔ مزہ تو یہ ہے کہ انسان اتنا وسیع الظرف ہو کہ برائی کرنے والوں سے بھی بھلائی کرے۔ پھولوں پر تو شبنم بھی برسا کرتی ہے۔ کانٹوں پر برسنا ابرِ کرم کا کمال ہے۔

اللہ تعالیٰ نے اہلِ عقل کی مذکورہ نو صفات بیان فرمائیں' پھر اس کے نتیجہ میں چار انعامات کا اعلان کیا:

۱- پہلا انعام یہ رکھا: اُولٰٓئِکَ لَھُمْ عُقْبَی الدَّارِ ۙ (آخرت کا گھر ان کے لیے مخصوص ہے) یعنی ان لوگوں کا بدلہ جنت ہے۔

۲- اہلِ دانش کے لیے دوسرے انعام کا اللہ نے اعلان کرتے ہوئے فرمایا: جَنّٰتُ عَدْنٍ یَّدْخُلُوْنَھَا (وہ ہمیشہ رہنے والے باغات میں داخل ہوں گے)۔

۳- ان کے لیے تیسرا انعام یہ ہوگا کہ ان کے صالح آباء واجداد اور ان کی صالح اولاد اور بیویاں بھی ان کے ساتھ جنت میں رہائش پذیر ہوں گی۔

۴- خدا کی طرف سے ان کے لیے چوتھا انعام یہ ہوگا کہ ملائکہ ان کے استقبال کے لیے ہر دروازے پر موجود ہوں گے اور ان پر سلام کر کے کہیں گے کہ صبر کرنے والو' تم پر سلام ہو۔ آخرت کا گھر کتنا ہی اچھا گھر ہے۔ (اضافہ من المترجم ملخصا عن الرازی)

تفسیر علی بن ابراہیم میں جَنّٰتُ عَدْنٍ یَّدْخُلُوْنَھَا ..... فَنِعْمَ عُقْبَی الدَّارِ ۚ کی آیت کے متعلق منقول ہے کہ یہ آیت ائمہ ہدیٰ علیہم السلام اور ان کے صبر کرنے والے شیعوں کے حق میں نازل ہوئی۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ہم ائمہؑ صابر ہیں' جب کہ ہمارے شیعہ ہم سے بھی زیادہ صابر ہیں' کیونکہ ہم جس آزمائش پر صبر کرتے ہیں ہمیں اس کے انجام کا علم ہوتا ہے اور ہمارے شیعوں کو آزمائش کے نتیجے کا علم نہیں ہوتا' پھر بھی وہ صبر کرتے ہیں۔

کتاب الخصال میں مرقوم ہے کہ روز شوریٰ حضرت علی علیہ السلام نے لوگوں کے سامنے اپنا حق جتاتے ہوئے اپنے بہت سے فضائل بیان کیے اور آپؑ نے یہ بھی فرمایا:

میں تمھیں خدا کی قسم دے کر پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا تم میں کوئی ایسا بھی ہے جس کے متعلق رسولِ خدا صلی اللہ علیہ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

وآلہ وسلم نے یہ فرمایا ہو جسے یہ بات پسند ہو کہ وہ میری طرح سے جیئے اور میری طرح سے مرے اور میرے ساتھ اس جنت عدن میں رہائش اختیار کرے، جس کا میرے رب نے مجھ سے وعدہ کیا ہے تو وہ علی بن ابی طالبؑ اور اس کے بعد اس کی ذریت سے دوستی رکھے وہ امام ہیں اور اوصیاء ہیں۔ خدا نے انھیں میرا علم و فہم عطا کیا ہے۔ وہ تمھیں گمراہی کے دروازے میں داخل نہ کریں گے اور تمھیں ہدایت کے دروازے سے باہر نہیں نکالیں گے۔ انھیں تعلیم نہ دینا وہ تم سے زیادہ علم رکھنے والے ہیں۔ وہ جہاں بھی ہوں گے حق ان کے ساتھ ہوگا۔ کیا رسولؐ خدا نے یہ کلمات تمھارے لیے فرمائے تھے یا میرے لیے؟

حاضرین نے کہا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ کلمات آپؑ کے لیے فرمائے تھے۔

ایک یہودی عالم نے حضرت علی علیہ السلام سے کہا: جنت میں تمھارے نبی کا ٹھکانا کہاں ہوگا؟

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: نبی کریمؐ جنت کے بلند و برتر درجہ میں قیام پذیر ہوں گے۔ آپؐ جناتِ عدن میں ہوں گے۔

یہودی نے کہا: آپؑ نے سچ کہا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے یہی بات حضرت ہارونؑ سے لکھوائی تھی۔

اصولِ کافی میں مرقوم ہے کہ امیر المومنین علی علیہ السلام نے اپنے ایک خطبہ میں فرمایا:

خدایا! میں جانتا ہوں کہ علم سارا ختم نہیں ہوگا اور اس کے سرچشمے خشک نہیں ہوں گے اور تو اپنی زمین کو حجت سے خالی نہیں رکھتا۔ اگر لوگ اس کی اطاعت نہ بھی کرتے ہوں اور وہ گمنام اور خائف ہی کیوں نہ ہو یہ اس لیے ہے کہ تیری حجت باطل نہ ہو اور تیرے دوست ہدایت کے بعد گمراہ نہ ہوں۔

بات یہ ہے کہ وہ ہیں کہاں اور ان کی تعداد کتنی ہی کم ہے اور اللہ کے نزدیک ان کا مقام کتنا ہی بلند ہے، جو دین کے حقیقی رہنماؤں ائمہ ہدیٰ علیہم السلام کے پیروکار ہیں۔ جو ان کے آداب سے مزین ہیں اور ان کے طریقوں پر چلتے ہیں۔ ان کا علم انھیں حقیقتِ ایمان پر چلاتا ہے اور ان کی اَرواح علم کے رہنماؤں کی باتوں کو قبول کرتی ہیں اور ایسی احادیث جو دوسروں کے لیے گراں ہوتی ہیں وہ ان کے لیے نرم ہوتی ہیں اور تکذیب کرنے والے جن باتوں سے وحشت محسوس کرتے ہیں وہ ان باتوں سے اُنس محسوس کرتے ہیں اور اِسراف کرنے والے جن حقائق کا انکار کرتے ہیں وہ انھیں قبول کرتے ہیں۔ یہ لوگ علماء کے پیروکار ہیں۔ یہ لوگ اہلِ دنیا کے ساتھ رہ کر اللہ کی اطاعت اور خدا کے اولیاء کی اطاعت میں مصروف رہتے ہیں اور اپنے دشمنوں سے محفوظ رہنے کے لیے تقیہ اختیار کرتے ہیں۔ ان کے اَرواح محلِ اعلیٰ سے معلّق ہیں۔ ان کے علماء اور ان کے پیروکار باطل حکومتوں کے دور میں رہ کر خاموشی سے اپنا وقت بسر کرتے ہیں اور حق کی حکومت کے منتظر رہتے ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اللہ عنقریب اپنے کلمات سے حق کو قائم کرے گا اور باطل کو مٹا دے گا۔ ان کے لیے خوش خبری ہے کہ وہ اپنی مظلومیت کی حالت میں اپنے دین پر استقامت اختیار کیے ہوئے ہیں۔ ان کی حکومت و اقتدار کے زمانہ میں مجھے ان کے دیدار کا کتنا ہی اشتیاق ہے اور اللہ عنقریب ہمیں اور انھیں جناتِ عدن میں جمع کرے گا' جہاں ان کے صالح آباء و اجداد اور ان کی بیویاں اور ان کی اولاد بھی موجود ہوں گی۔

ابان بن تغلب بیان کرتے ہیں کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے سنا' آپؑ نے فرمایا کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

جو چاہتا ہو کہ میری طرح جیئے اور میری طرح مرے اور اس جنتِ عدن میں داخل ہو جسے خدا نے اپنے ہاتھ (اپنی قدرتِ کاملہ) سے کاشت کیا ہے تو وہ علی بن ابی طالبؑ سے محبت رکھے اور اس کے محب سے محبت رکھے اور اس کے دشمن سے عداوت رکھے اور اس کے بعد اس کے اوصیاء کی فرمانبرداری کرے۔ وہ میری عترت ہیں اور وہ میرے گوشت اور خون کا حصہ ہیں۔ اللہ نے انھیں میرا علم و فہم عطا کیا ہے۔ میں خدا کی بارگاہ میں ان لوگوں کا شکوہ کرتا ہوں جو ان کی فضیلت کے منکر ہیں جو ان کے متعلق مجھ سے قطع رحمی کرتے ہیں۔ خدا کی قسم' تم میرے فرزند کو قتل کرو گے۔ ایسے لوگوں کو خدا میری شفاعت نصیب نہ کرے۔

من لایحضرہ الفقیہہ میں حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ جنتِ عدن دوسری جنتوں کے درمیان ہوگی۔ اس کی دیوار سرخ یاقوت کی ہوگی اور اس میں کنکروں کی جگہ موتی ہوں گے۔

ثواب الاعمال میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جو تین مومنوں کو کھانا کھلائے تو اللہ تعالیٰ اسے جنتِ فردوس اور جنتِ عدن سے کھانا کھلائیگا اور اسے شجرہ طوبیٰ کا پھل کھلائے گا۔ یہ درخت جنتِ عدن میں ہے' اللہ نے اسے اپنے ہاتھ (قدرتِ کاملہ) سے کاشت کیا ہے۔

مجمع البیان میں ابوبصیر سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا: مولاؑ! یہ بتائیں اگر شوہر اور بیوی دونوں صاحبِ ایمان ہوں اور دونوں نے نیک عمل کیے ہوں اور دونوں جنت میں چلے جائیں تو کیا جنت میں بھی اللہ تعالیٰ ان کی آپس میں شادی کرائے گا؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: اے ابومحمد! اللہ عادل ہے' اگر شوہر بیوی سے افضل ہوا تو خدا اسے اختیار دے گا۔ اگر اس نے اپنی سابقہ بیوی کا انتخاب کیا تو اسے اس کی بیوی بنا دیا جائے گا اور اگر بیوی شوہر سے افضل ہوئی تو اسے اختیار دیا جائے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

۴۔ اگر بیوی نے سابق خاوند کا انتخاب کیا تو اس سے اس کا نکاح کر دیا جائے گا۔

کتاب الخصال میں حضرت ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے منقول ہے کہ میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا کہ میرے ماں باپ آپؐ پر قربان ہوں۔ یہ فرمائیں اگر ایک عورت نے زندگی میں دو شوہروں سے نکاح کیا ہو اور اتفاق سے بیوی بھی جنت میں چلی جائے اور دونوں شوہر بھی جنت میں چلے جائیں تو اس عورت کا نکاح کس شوہر سے کیا جائے گا؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عورت اپنی زوجیت کے لیے اس شوہر کا انتخاب کرے گی جو ان میں سے زیادہ بااخلاق اور اپنے خاندان والوں کے لیے بہتر ہوگا۔ پھر آپؐ نے فرمایا: اے ام سلمہؑ حسن اخلاق دنیا و آخرت کی بھلائی کا ذریعہ ہے

ملائکہ مومن کو مبارک دیں گے

وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ ۝ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ۝

"ملائکہ ہر دروازے سے ان کے پاس داخل ہوں گے۔ صبر کرنے والو تم پر سلام ہوں۔ آخرت کا گھر کتنا ہی اچھا ہے"۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مومن کے دخول جنت کی کیفیت کے بعد مرقوم ہے۔ خدا پھر ایک ہزار فرشتے اسے جنت کی مبارک دینے کے لیے روانہ کرے گا۔ وہ اس کی حور سے شادی کریں گے۔ جب وہ اس کے صدر دروازے پر پہنچیں گے تو وہ اس کے دربان فرشتے سے کہیں گے کہ خدا کے پیارے سے ہمارے لیے اجازت حاصل کرو کیونکہ ہم نے اسے مبارک پیش کرنا ہے۔

دربان کہے گا: میں تمھارا یہ پیغام اس کے حاجب تک پہنچا دیتا ہوں۔ وہ حاجب کے پاس جائے گا جب کہ دربان اور حاجب کے درمیان تین باغات کا فاصلہ ہوگا۔ الغرض دربان فرشتہ حاجب کے پاس جا کر اس سے کہے گا' باہر دروازے پر ایک ہزار فرشتے خدا کے اس پیارے بندے کو مبارک دینے کے لیے آئے ہیں۔ آپ ان کے لیے اجازت حاصل کریں۔

حاجب کہے گا کہ میرے لیے ان کے پاس جا کر اجازت حاصل کرنا بڑا مشکل ہے' کیونکہ اس وقت وہ اپنی بیوی کے ساتھ ہے۔ بہرحال میں تمھارا یہ پیغام آگے روانہ کرتا ہوں۔ اللہ کے پیارے بندے اور حاجب کے درمیان دو باغات حائل

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ہوں گے۔ پھر حاجب اس کے نگران خاص کے پاس آئے گا اور اس سے کہے گا کہ رب العالمین نے ایک ہزار فرشتوں کو مبارک دینے کے لیے اپنے پیارے بندے کے پاس بھیجا ہے' لہٰذا تم اس سے ان کے لیے اجازت حاصل کرو۔

نگرانِ خاص یہ پیغام لے کر اس کے خُدام کے پاس جائے گا اور ان سے کہے گا کہ تم خدا کے اس پیارے بندے سے ملائکہ کے لیے اجازت حاصل کرو۔ الغرض خدام اس سے اجازت طلب کریں گے وہ اجازت دے گا۔ اس کے محل میں ایک ہزار دروازے ہوں گے۔ ہر دروازے سے ایک فرشتہ داخل ہو کر اسے مبارک دے گا اور وہ خدا کی طرف سے اسے سلام کا تحفہ پیش کر کے کہے گا: سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ۝ ''تمھارے صبر کرنے کی وجہ سے تم پر سلامتی ہو' آخرت کا گھر کتنا ہی اچھا ہے''۔

روضہ کافی میں بھی یہ روایت انھی الفاظ اور اسی سند سے مذکور ہے۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: ملائکہ کے ایک گروہ نے بنی آدم پر حلال لذات و شہوات کے متعلق اعتراض کیا۔ اللہ کو ملائکہ کی یہ تنقید پسند نہ آئی۔ اللہ نے اعتراض کرنے والوں میں لذات و شہوات کا مادہ پیدا کر دیا' تا کہ وہ اہلِ ایمان پر اعتراض نہ کر سکیں۔ جب ملائکہ نے اپنے اندر اس مادہ کو محسوس کیا تو انھوں نے خدا کے حضور فریاد کی کہ پروردگار' ہم معافی چاہتے ہیں۔ ہمیں ہماری پہلی فطرت کی طرف لوٹا دے۔ اگر یہ مادہ ہم میں موجود رہا تو ہم پریشانی میں مبتلا ہو جائیں گے۔

اللہ نے ان سے لذات و شہوات کا مادہ ختم کر دیا۔ جب قیامت کا دن ہوگا اور اہلِ جنت جنت میں جائیں گے تو وہی ملائکہ اہلِ جنت سے ملاقات کی اجازت طلب کریں گے اور جب انھیں اجازت ملے گی تو وہ انھیں سلام کر کے کہیں گے: تم پر سلام ہو' تم نے دنیا میں رہ کر حلال لذات و شہوات پر قناعت کی تھی۔

ایک اور روایت میں ہے کہ ملائکہ مفلس مومنین کو سلام کر کے کہیں گے کہ تم پر سلام ہو' تم نے دنیا میں رہ کر فقر و غربت پر صبر کیا تھا۔ آخرت کا گھر کتنا ہی اچھا ہے۔

لعنت کے حق دار

وَالَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ ۙ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْۗءُ الدَّارِ ۝

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

''اور وہ لوگ جو خدا سے پختہ عہد و پیمان کے بعد اسے توڑتے ہیں اور ان رابطوں کو کاٹتے ہیں جن کے جوڑنے کا اللہ نے حکم دیا ہے۔ اور جو زمین میں فساد پھیلاتے ہیں' ان کے لیے لعنت ہے اور ان کے لیے آخرت میں بُرا ٹھکانا ہے''۔

اصولِ کافی میں حضرت صادق آلِ محمد علیہ السلام کی زبانی منقول ہے کہ میرے جدِ امجد حضرت امام زین العابدین علیہ السلام نے میرے والد علیہ السلام سے فرمایا تھا: اے پیارے فرزند! قاطعِ رحم کی دوستی سے پرہیز کرنا۔ قرآن مجید میں تین مقامات پر میں نے اسے ملعون پایا ہے۔ پھر آپؑ نے اس آیت کی تلاوت فرمائی: وَالَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ ۙ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْۗءُ الدَّارِ ''وہ خدا سے کیے ہوئے پختہ عہد کو توڑتے ہیں اور جن رابطوں کے جوڑنے کا خدا نے حکم دیا ہے وہ ان کو کاٹتے ہیں اور زمین میں فساد پھیلاتے ہیں ان کے لیے لعنت ہے اور ان کے لیے آخرت میں برا ٹھکانا ہے''۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے: وَالَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ میں وہ لوگ بھی شامل ہیں جنھوں نے عالمِ ذر میں امیر المومنین علی علیہ السلام کی ولایت کا اقرار کیا تھا اور جن سے رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غدیرِ خم میں ولایتِ علیؑ کا اقرار لیا' لیکن انھوں نے اسے بعد میں توڑ ڈالا۔

عیون الاخبار میں گناہانِ کبیرہ کے ضمن میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ پیمان شکنی اور قطع رحمی کا تعلق بھی گناہانِ کبیرہ سے ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرما رہا ہے: اُولٰۗىِٕكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْۗءُ الدَّارِ ''ان کے لیے لعنت ہے اور آخرت میں برا ٹھکانا ہے''۔

اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيَقْدِرُ ۭ وَفَرِحُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا مَتَاعٌ ۝ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ اَنَابَ ۝ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

وَ تَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ
الْقُلُوْبُ ﴿۲۸﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ
مَاٰبٍ ﴿۲۹﴾ كَذٰلِكَ اَرْسَلْنٰكَ فِيْۤ اُمَّةٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهَاۤ اُمَمٌ
لِّتَتْلُوَا عَلَيْهِمُ الَّذِيْۤ اَوْحَيْنَاۤ اِلَيْكَ وَهُمْ يَكْفُرُوْنَ بِالرَّحْمٰنِ ؕ
قُلْ هُوَ رَبِّيْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ مَتَابِ ﴿۳۰﴾ وَلَوْ
اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ
الْمَوْتٰى ؕ بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا ؕ اَفَلَمْ يَايْـَٔسِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْ
لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
تُصِيْبُهُمْ بِمَا صَنَعُوْا قَارِعَةٌ اَوْ تَحُلُّ قَرِيْبًا مِّنْ دَارِهِمْ حَتّٰى
يَاْتِيَ وَعْدُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿۳۱﴾ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ
بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَمْلَيْتُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۫
فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ﴿۳۲﴾ اَفَمَنْ هُوَ قَآئِمٌ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍ بِمَا
كَسَبَتْ ۚ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ ؕ قُلْ سَمُّوْهُمْ ؕ اَمْ تُنَبِّـُٔوْنَهٗ بِمَا لَا
يَعْلَمُ فِي الْاَرْضِ اَمْ بِظَاهِرٍ مِّنَ الْقَوْلِ ؕ بَلْ زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ
كَفَرُوْا مَكْرُهُمْ وَصُدُّوْا عَنِ السَّبِيْلِ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

مِنْ هَادٍ ﴿۳۴﴾ لَهُمْ عَذَابٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ
اَشَقُّ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ﴿۳۴﴾ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ
الْمُتَّقُوْنَ ۭ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۭ اُكُلُهَا دَاۗىِٕمٌ وَّظِلُّهَا ۭ
تِلْكَ عُقْبَى الَّذِيْنَ اتَّقَوْا ۡ وَّعُقْبَى الْكٰفِرِيْنَ النَّارُ ﴿۳۵﴾ وَالَّذِيْنَ
اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمِنَ الْاَحْزَابِ مَنْ
يُّنْكِرُ بَعْضَهٗ ۭ قُلْ اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ وَلَآ اُشْرِكَ بِهٖ ۭ
اِلَيْهِ اَدْعُوْا وَاِلَيْهِ مَاٰبِ ﴿۳۶﴾ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ حُكْمًا عَرَبِيًّا ۭ
وَلَىِٕنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَاۗءَهُمْ بَعْدَ مَا جَاۗءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ
اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا وَاقٍ ﴿۳۷﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ
وَجَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا وَّذُرِّيَّةً ۭ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ
اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ لِكُلِّ اَجَلٍ كِتَابٌ ﴿۳۸﴾ يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَاۗءُ
وَيُثْبِتُ ۚ وَعِنْدَهٗٓ اُمُّ الْكِتٰبِ ﴿۳۹﴾ وَاِنْ مَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ
الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ وَعَلَيْنَا
الْحِسَابُ ﴿۴۰﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَاْتِي الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا
ۭ وَاللّٰهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ ۭ وَهُوَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۴۱﴾ وَقَدْ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلِلّٰهِ الْمَكْرُ جَمِيْعًا ؕ يَعْلَمُ مَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ ؕ وَسَيَعْلَمُ الْكُفّٰرُ لِمَنْ عُقْبَى الدَّارِ ﴿۴۲﴾ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَسْتَ مُرْسَلًا ؕ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۙ وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ ﴿۴۳﴾

"اللہ جس کے لیے چاہتا ہے رزق فراخ کر دیتا ہے اور جس کے لیے چاہتا ہے رزق تنگ کر دیتا ہے اور یہ لوگ دنیاوی زندگی پا کر خوش ہیں' حالانکہ دنیاوی زندگی آخرت کے مقابلے میں متاعِ قلیل سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتی۔

اور کافر کہتے ہیں کہ اس پیغمبر پر اس کے رب کی طرف سے کوئی مثال کیوں نہیں اُتاری گئی۔ آپ کہہ دیں خدا جسے چاہتا ہے گمراہی میں رکھتا ہے اور جو اس کی طرف رجوع کرے تو اسے اپنی جانب رہنمائی کرتا ہے۔

وہ لوگ جو ایمان لائے ہیں اور ان کے دل اللہ کے ذکر سے اطمینان پاتے ہیں۔ آگاہ رہو کہ دلوں کو یادِ خدا سے ہی اطمینان نصیب ہوتا ہے۔ وہ لوگ جو ایمان لائے ہیں اور انھوں نے نیک عمل کیے ہیں ان کے لیے خوش خبری ہے اور ان کے لیے اچھا انجام ہے۔

اسی طرح سے ہم نے آپ کو ایک ایسی اُمت میں رسول بنا کر بھیجا ہے جس سے پہلے بہت سی اُمتیں گزر چکی ہیں' تا کہ تم ان لوگوں کو وہ پیغام سناؤ جو ہم نے تم پر وحی کیا ہے' جب کہ یہ لوگ رحمٰن کا انکار کر رہے ہیں۔ آپ کہہ دیں کہ وہ میرا رب ہے۔ اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے۔ اسی پر میں نے بھروسہ کیا ہے اور وہی میرا ملجا و ماویٰ ہے۔

اگر کوئی قرآن ایسا ہو جس سے پہاڑوں کو اپنی جگہ سے چلایا جا سکے یا زمین کے فاصلے طے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کیے جاسکیں یا اس کے ذریعہ سے مردوں سے گفتگو کرائی جاسکے۔ (تو بھی یہ لوگ ایمان نہ لائے) بلکہ تمام امور اللہ کے لیے ہیں۔ کیا ابھی تک اہلِ ایمان اس بات سے مایوس نہیں ہوئے کہ اگر خدا جبراً چاہتا تو سارے انسانوں کو ہی ہدایت دے دیتا؟ اور کافروں پر ان کے افعال کی وجہ سے ہمیشہ کوئی نہ کوئی مصیبت پڑتی رہے گی یا ان کے دیار کے آس پاس مصیبت آتی رہے گی یا یہاں تک کہ وعدۂ الٰہی کا وقت آجائے یقیناً اللہ وعدہ خلافی نہیں کرتا۔ آپ سے پہلے بہت سے رسولوں کا مذاق اُڑایا جاچکا ہے مگر میں نے ہمیشہ انکار کرنے والوں کو ڈھیل دی' پھر میں نے ان کو پکڑ لیا' دیکھ لو میری سزا کیسی سخت ہوتی ہے؟

تو کیا وہ ذات جو ہر ایک کے اعمال کی نگران ہے' لوگوں نے اس اللہ کے لیے شریک بنا رکھے ہیں' آپ کہہ دیں کہ ان شرکاء کے نام تو بتاؤ کیا تم اللہ کو ایک نئی چیز کی خبر دے رہے ہو جسے وہ اپنی زمین میں نہیں جانتا؟ یا تم ایسے لوگ ہو کہ جو تمھارے منہ میں آتا ہے کہہ ڈالتے ہو؟ حقیقت یہ ہے کہ کفر کرنے والوں کے لیے ان کی چال بازیاں خوش نما بنا دی گئی ہیں اور انھیں راہِ راست سے روک دیا گیا ہے اور جسے خدا گمراہی میں چھوڑ دے اس کے لیے ہدایت کرنے والا کوئی نہیں ہے۔

ان کے لیے دنیاوی زندگی میں عذاب ہے اور آخرت کا عذاب کہیں زیادہ سخت ہے اور انھیں خدا سے بچانے والا کوئی نہیں ہوگا۔ متقین سے جس جنت کا وعدہ کیا گیا ہے اس کی شان یہ ہے کہ اس کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ اس کے پھل دائمی ہیں اور اس کا سایہ لازوال ہے۔ یہ اہلِ تقویٰ کا انجام ہے اور کافروں کا انجام دوزخ ہے۔

جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی تھی وہ اس کتاب سے جو آپ پر اتاری گئی ہے خوش ہوتے ہیں۔ کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو اس کی بعض باتوں کو نہیں مانتے۔ آپ کہہ دیں مجھے تو صرف اللہ کی بندگی کا حکم دیا گیا ہے اور مجھے اس کا شریک ٹھہرانے سے منع کیا گیا ہے۔ اسی کی

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

طرف ہی دعوت دیتا ہوں اور اس کی طرف میرا رجوع ہے۔

اور اسی طرح سے ہم نے قرآن کو عربی زبان کا فرمان بنا کر نازل کیا ہے اور اگر آپؐ نے علم آجانے کے بعد ان کی خواہشات کی پیروی کی تو خدا کی طرف سے کوئی تمھارا سرپرست اور کوئی چھڑانے والا نہ ہوگا۔

تم سے پہلے بھی ہم نے بہت سے رسول بھیجے ہیں اور ہم نے ان کے لیے بیویاں اور بچے بھی قرار دیئے تھے اور کسی رسول کے اختیار میں نہیں ہے کہ وہ اللہ کی اجازت کے بغیر کوئی نشانی لے آئے۔ ہر مدت اور میعاد کے لیے ایک نوشتہ مقرر ہے۔ اللہ جو چاہتا ہے مٹا دیتا ہے اور جس چیز کو چاہتا ہے قائم رکھتا ہے' اصل کتاب اسی کے پاس ہے۔

اور اے نبی! جس برے انجام کی دھمکی ہم ان لوگوں کو دے رہے ہیں اس کا کوئی حصہ خواہ ہم تمھارے جیتے جی دکھا دیں یا اس سے پہلے ہم تمھیں اُٹھا لیں بہرحال آپ کا کام پیغام پہنچانا ہے اور حساب لینا ہمارا کام ہے۔

کیا لوگوں نے یہ نہیں دیکھا کہ ہم زمین کا دائرہ ہر طرف سے تنگ کرتے چلے آتے ہیں۔ اللہ ہی فیصلہ کرنے والا ہے اور کوئی اس کے حکم کو ٹال نہیں سکتا اور اسے حساب کرتے کچھ دیر نہیں لگتی۔ ان کے پہلے والے لوگوں نے بھی مکر کیا تھا مگر ساری تدبیریں اللہ کے ہی اختیار میں ہیں' وہ جانتا ہے کہ کون کیا کر رہا ہے اور کافروں کو عنقریب پتہ چل جائے گا کہ کس کا انجام بہتر ہونے والا ہے۔

کافر کہتے ہیں کہ آپ رسول نہیں ہیں' آپ کہہ دیں کہ ہمارے اور تمھارے درمیان رسالت کی گواہی کے لیے اللہ کافی ہے اور وہ کافی ہے جس کے پاس پوری کتاب کا علم ہے''۔

عیون الاخبار میں مرقوم ہے کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام سے فرمایا: اے علیؑ! میرے بعد تجھ پر ظلم کیا جائے گا تو جنت کے شجرۂ طوبیٰ کا مالک ہے۔ اس کا تنا تیرے گھر میں ہوگا اور اس کی

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

میں تیرے شیعوں اور چاہنے والوں کے گھروں میں ہوں گی۔

خدا کے ذکر سے دلوں کو سکون ملتا ہے

اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ﴿۲۸﴾

''اللہ کی یاد سے دلوں کو اطمینان ملتا ہے''۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: بے سکون دلوں کو اللہ اور محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام سے سکون ملتا ہے۔ نبی اکرمؐ ''ذکر اللہ'' ہیں اور آپؐ خدا کا حجاب ہیں۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ الذین امنوا سے امیر المومنینؑ کے شیعہ مراد ہیں اور ''ذکر اللہ'' سے امیر المومنین اور ائمہ علیہم السلام مراد ہیں۔ (مقصد یہ کہ شیعانِ امیر المومنینؑ کو اہل بیت طاہرینؑ کے ذکر سے سکون ملتا ہے)

درختِ طوبیٰ

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں جنت میں گیا تو میں نے وہاں ایک درخت دیکھا اور وہ درخت اتنا پھیلا ہوا تھا کہ اگر کوئی پرندہ سات سو سال تک بھی پرواز کرے تو بھی اس کی وسعت کو نہیں پا سکے گا۔ جنت کے ہر گھر میں اس کی شاخ موجود ہے۔

میں نے جبریلِ امینؑ سے پوچھا: یہ کیسا درخت ہے؟ انھوں نے کہا: یہ درختِ طوبیٰ ہے۔ اللہ نے اسی کے متعلق فرمایا: طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ ﴿۲۹﴾

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: امیر المومنین علی علیہ السلام کے گھر میں ایک درخت ہے اور اس درخت کی شاخیں تمام شیعانِ علیؑ کے گھروں میں ہوں گی' اس درخت کے ایک پتہ کے نیچے ہزاروں افراد بیٹھ سکتے ہیں۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی دختر حضرت فاطمہ زہراء سلام اللہ علیہا کو بہت زیادہ چوما کرتے تھے۔ بی بی عائشہ نے اس پر تعجب کیا تو رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے فرمایا:

عائشہ! جب مجھے آسمانوں پر لے جایا گیا تو میں جنت میں داخل ہوا۔ جبریل امینؑ مجھے شجرۂ طوبیٰ کے پاس لے گئے اور انھوں نے اس کا پھل میرے سامنے پیش کیا۔ میں نے اسے کھایا' اللہ نے جنتی غذا کو میری صلب میں مادہ منویہ میں تبدیل

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کر دیا۔ جب میں زمین پر آیا تو میں نے خدیجہؑ سے ہم بستری کی اور فاطمہؑ شکم میں آئیں۔ مجھے جب بھی جنت کا اشتیاق ہوتا ہے تو میں اسے بوسہ دیتا ہوں اور جب بھی میں اپنی بیٹی کا بوسہ لیتا ہوں تو مجھے درخت طوبیٰ کی خوشبو محسوس ہوتی ہے۔ فاطمہؑ انسانی شکل میں حور ہے۔

حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب میں جنت میں داخل ہوا تو جنت میں میں نے شجرۂ طوبیٰ کو دیکھا' جس کی جڑ علیؑ کے گھر میں تھی۔ جنت کے ہر محل میں اس کی شاخ موجود تھی۔ اس درخت کے اوپر والے حصہ میں سندس واستبرق کی خلعتیں تھیں۔ مرد مومن کو ایک ایک لاکھ تھیلے دیئے جائیں گے اور ہر تھیلے میں ایک ایک لاکھ خلعتیں ہوں گی۔ ہر خلعت کا رنگ دوسری سے مختلف ہوگا۔ اہل جنت اس لباس کو پہنیں گے۔ جنت کے درمیان پھیلا ہوا سایہ ہوگا۔ جنت کا عرض آسمان و زمین کے عرض کے برابر ہوگا۔ اگر ایک سوار دو سو سال تک اس کے سائے میں چلے پھر بھی وہ ختم نہیں ہوگا۔ اسی کو اللہ نے لفظ ظل ممدود (پھیلے ہوئے سائے) سے تعبیر کیا ہے۔

درخت طوبیٰ کی نچلی شاخوں پر اہل جنت کے لیے پھل لگے ہوں گے اور وہ اہل ایمان کے محلات میں جھکی ہوئی ہوں گی۔ ایک ایک شاخ پر سیکڑوں قسم کے ایسے پھل ہوں گے جن میں سے کچھ تم نے دنیا میں دیکھے ہوں گے اور کچھ تمہارے اُن دیکھے ہوں گے۔ کچھ کا نام تم نے سنا ہوگا اور کچھ کا نام تم نے سنا تک نہیں ہوگا۔ جب شاخ سے ایک پھل توڑا جائے گا تو اس کی جگہ دوسرا پھل لگ جائے گا اور ان پھلوں کے متعلق اللہ نے فرمایا: لَا مَقْطُوْعَةٍ وَّلَا مَمْنُوْعَةٍ ۙ (الواقعہ:۳۳) ''وہ پھل نہ تو ختم ہوں گے اور نہ ان کے لیے کوئی رکاوٹ ہوگی)

اس درخت کے نیچے جنت کی نہر بہہ رہی ہوگی جس سے جنت کی چار نہریں نکلیں گی۔ ایک نہر وہ ہے جس کا پانی کبھی بدذائقہ نہ ہوگا اور ایک نہر دودھ کی ہوگی جس کا ذائقہ خراب نہ ہوگا۔ ایک نہر شراب طہور کی ہوگی جس میں پینے والوں کے لیے لذت ہی لذت ہوگی اور ایک نہر صاف شہد کی ہوگی۔

اصول کافی میں مرقوم ہے کہ امیر المومنین علی علیہ السلام نے فرمایا: اہل دین کی کچھ علامات ہیں جن سے ان کی پہچان ہوتی ہے وہ سچ بولنے والے ہوتے ہیں اور امانت کو ادا کرتے ہیں۔ عہد کی پابندی کرتے ہیں' صلہ رحمی کرتے ہیں' اپنے سے کمزور پر شفقت کرتے ہیں۔ جنسی لذات کی طرف زیادہ مائل نہیں ہوتے۔ لوگوں سے بھلائی کا سلوک کرتے ہیں' حُسن اخلاق ان کا شیوہ ہوتا ہے۔ وہ با اخلاق ہوتے ہیں۔ علم کے پیروکار ہوتے ہیں۔ وہ خدا کی قربت کے متلاشی رہتے ہیں۔ یقیناً ان کے لیے قربت ہے اور ان کے لیے اچھا انجام ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

جنت میں ایک درخت ہے جس کا نام ''طوبیٰ'' ہے۔ اس کی جڑ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھر میں ہوگی اور ہر مومن کے گھر میں اس کی ایک شاخ ہوگی۔ مومن کے دل میں جس چیز کے حصول کی خواہش پیدا ہوگی۔ شاخ درخت سے اس کی فوراً تکمیل ہوگی' اس کا سایہ اتنا وسیع ہوگا کہ اگر تیز رفتار سوار ایک سو برس تک اس کے سائے میں سفر کرے تو بھی اس کا سایہ ختم نہ ہوگا۔ وہ درخت اتنا بلند وبالا ہوگا کہ اگر ایک کوا اس کی جڑ سے اُوپر کی طرف پرواز کرے تو بوڑھا ہو کر گر پڑے گا' لیکن اس کی بلندی تک نہیں پہنچ سکے گا۔

لوگو! اس عظیم نعمت کی طرف رغبت کرو۔ مومن ہمیشہ اپنے آپ کو مصروف رکھتا ہے' لوگ اس سے راحت میں رہتے ہیں۔ جب رات ہوتی ہے تو وہ اپنے چہرے سمیت پورے وجود کو خدا کے لیے جھکا دیتا ہے اور خدا سے درخواست کرتا ہے کہ وہ اسے آتشِ دوزخ سے آزادی عطا فرمائے۔ لوگو! اس طرح سے بننے کی کوشش کرو۔

کتاب الخصال میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ''حروف ابجد'' کی تشریح میں ایک روایت مروی ہے۔ آپؐ نے حرف ''طا'' کی تشریح کرتے ہوئے فرمایا: ''طا'' سے طُوْبٰی لَهُمْ وَ حُسْنُ مَاٰبٍ ﴿۲۹﴾ مراد ہے۔

''طوبیٰ'' وہ درخت ہے جسے اللہ نے اپنے ہاتھ (قدرتِ کاملہ) سے کاشت کیا ہے اور اس میں اپنی روح پھونکی ہے۔ اس کی ٹہنیاں جنت کی چار دیواری کے باہر سے دکھائی دیں گی۔ اس درخت سے اہلِ جنت کے لیے خلعتیں برآمد ہوں گی اور اس کے پھل ان کے منہ کے سامنے جھکے پڑے ہوں گے۔

احتجاج طبرسی میں مرقوم ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے روزِ شوریٰ اپنے حق کا استدلال کرتے ہوئے فرمایا کہ حاضرین! ذرا یہ تو بتاؤ کہ کیا رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تم نے یہ نہیں سنا تھا کہ طوبیٰ جنت کا ایک درخت ہے' اس کی جڑ علیؑ کے گھر میں ہوگی اور تمام اہلِ ایمان کے گھروں میں اس کی شاخیں ہوں گی۔ کیا میرے علاوہ کسی اور کے لیے بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ کلمات کہے تھے؟

حاضرین نے کہا: نہیں۔

''طوبیٰ'' کا ایک معنی خوش خبری بھی ہے۔ اس لفظ سے ہر جگہ درخت طوبیٰ مراد لینا بھی صحیح نہیں ہے' جیسا کہ حسب ذیل احادیث میں یہ لفظ خوش خبری کے معانی میں استعمال ہوا ہے۔

احتجاج طبرسی میں مرقوم ہے کہ امیر المومنین علی علیہ السلام نے روزِ شوریٰ اپنے استحقاقِ خلافت کے دلائل دیتے ہوئے یہ بھی فرمایا تھا:

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

لوگو! کیا رسولِ اکرمؐ نے مجھ سے یہ نہیں فرمایا تھا: اے علیؑ! اللہ نے تجھے ایک امر سے مخصوص کیا ہے اور تجھے وہ عطا کیا ہے۔ دنیا سے بے نیازی ایک ایسا عمل ہے، جو تمام اعمال سے افضل ہے اور یہ خدا کو تمام اعمال سے زیادہ محبوب ہے۔ تم دنیا سے بے نیاز رہو گے اور دنیا تمھیں اپنے جال میں نہیں پھانس سکے گی۔ دنیا سے بے نیازی ایک ایسا عمل ہے جو قیامت کے دن نیک لوگوں کے لیے زینت ثابت ہوگی۔ خوش خبری ہے اس کے لیے جو تجھ سے محبت کرے اور تیرے علم کی تصدیق کرے اور ہلاکت ہے اس کے لیے جو تجھ سے بغض رکھے اور تجھ پر جھوٹ تراشے۔ کیا میرے علاوہ بھی رسولؐ خدا نے کسی دوسرے کے متعلق یہ کلمات فرمائے تھے؟

حاضرین نے کہا: نہیں۔

ابوامامہ بیان کرتے ہیں کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کے لیے خوش خبری ہے جس نے میرا دیدار کیا اور مجھ پر ایمان لایا۔ پھر آپؐ نے فرمایا: سات بار خوش خبری ہے اس کے لیے جس نے مجھے نہ دیکھا ہو اور مجھ پر ایمان لایا ہو۔

کتاب کمال الدین وتمام النعمۃ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جو ہمارے قائمؑ کے زمانۂ غیبت میں ہمارے حکم سے متمسک رہے اور ہدایت کے بعد اس کے دل میں کجی پیدا نہ ہوئی ہو تو اس کے لیے ''طوبیٰ'' ہے۔

ایک شخص نے کہا: مولاؑ! ''طوبیٰ'' کیا ہے؟

آپؑ نے فرمایا: وہ جنت کا درخت ہے جس کی جڑ حضرت علی علیہ السلام کے گھر میں ہوگی اور اس کی شاخیں ہر مومن کے گھر میں ہوں گی۔ اللہ نے فرمایا ہے: طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ ﴿۲۹﴾

حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کے لیے خوش خبری ہے جسے میری اہلِ بیتؑ کے قائمؑ کا ظہور نصیب ہو اور وہ ان کے زمانۂ غیبت میں ان کا تابع رہا ہو۔ ان کے دوستوں سے محبت اور ان کے دشمنوں سے بیزار رہا ہو۔ ایسا شخص میرے رفقاء اور میرے محبت کرنے والوں میں سے ہوگا اور ایسا شخص قیامت کے دن میری نظر میں سب سے زیادہ عزیز ہوگا۔

تزویجِ زہراؑ اور شجرۂ طوبیٰ

تفسیر عیاشی میں مرقوم ہے کہ ایک دن رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیٹھے ہوئے تھے کہ اتنے میں اُم ایمن

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

آئیں۔ انھوں نے اپنے پلو میں کوئی چیز اُٹھا رکھی تھی۔ آنحضرتؐ نے اُم ایمن سے فرمایا: تم نے یہ کیا چیز باندھی ہوئی ہے؟ اُم ایمن نے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! فلاں لڑکی کی شادی تھی۔ میں اس کے نکاح پر گئی تھی۔ اس کے خاندان والوں نے شادی کی خوشی میں چھوارے نثار کیے۔ میں نے بہت سے چھوارے چنے اور میں نے وہ چھوارے اپنے پلو میں باندھ رکھے ہیں۔ یہ کہہ کر اُم ایمن زار و قطار رونے لگیں۔

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے فرمایا: اے اُم ایمن! خیریت تو ہے تو رو کیوں رہی ہو؟

اُم ایمن نے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! آپؐ نے فاطمہ زہراؑ کی شادی کی، لیکن آپؐ نے کچھ بھی نثار نہیں کیا (میں آپؐ کی غربت اور فاطمہؑ کی بے کسی کو دیکھ کر رو رہی ہوں)۔

آنحضرتؐ نے فرمایا: اے اُم ایمن! مت روؤ۔ اس ذات کی قسم! جس نے مجھے حق کے ساتھ بشیر و نذیر بنا کر بھیجا ہے جب فاطمہؑ کی ڈولی اُٹھی تو اس کی بارات میں ہزاروں فرشتوں کو لے کر جبریلؑ، میکائیلؑ اور اسرافیلؑ نازل ہوئے تھے۔ اللہ نے جنت میں درختِ طوبیٰ کو حکم دیا تھا کہ وہ فاطمہؑ کی شادی پر سندس و استبرق کی پوشاکیں اور زُمرد و یاقوت نچھاور کرے۔ درختِ طوبیٰ نے یہ تمام چیزیں جنت میں نچھاور کی تھیں اور اہلِ جنت نے وہ چیزیں اُٹھا اُٹھا کر جمع کی تھیں۔ اللہ تعالیٰ نے شجرۂ طوبیٰ مہرِ فاطمہؑ کے طور پر فاطمہؑ کو عطا کیا ہے۔ وہ دخت علیؑ کے گھر میں ہے۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: ''طوبیٰ'' جنتِ عدن کا ایک درخت ہے جسے ہمارے رب نے اپنے ہاتھ (قدرت کاملا) سے کاشت کیا ہے۔

مصافحہ کا ثواب

تفسیر عیاشی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جب کوئی مومن دوسرے مومن بھائی سے ملاقات کرتا ہے اور وہ دونوں ایک دوسرے سے مصافحہ کرتے ہیں تو اس وقت ان کے گناہ یوں جھڑتے ہیں جیسے موسمِ خزاں میں درختوں کے پتے جھڑتے ہیں۔ پھر جب وہ جدا ہوتے ہیں تو ''کراماً کاتبین'' ان سے کہتے ہیں: خدا تمھیں جزائے خیر عطا فرمائے۔ اور اگر ان میں سے کوئی دوسرے مومن کو گلے لگاتا ہے تو اس وقت منادی ندا کر کے کہتا ہے تم دونوں کے لیے طوبیٰ ہو اور بہتر انجام ہو۔

طوبیٰ جنت کا ایک درخت ہے جس کی جڑ امیر المومنین علی علیہ السلام کے گھر میں ہے اور اس کی شاخیں پوری جنت

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

میں پھیلی ہوئی ہیں۔ جب دو مومن ایک دوسرے سے جدا ہوتے ہیں تو دو محترم فرشتے ان سے کہتے ہیں: اے خدا کے پیارو! تمھیں خدا کی طرف سے عزت و احترام کی بشارت ہو، تمہارا انجام جنت ہے۔

ثواب الاعمال میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جو شخص تین اہلِ ایمان کو کھانا کھلائے خدا اسے تین مقامات سے کھانا کھلائے گا:

۱- اسے جنت الفردوس کا کھانا کھلائے گا۔ ۲- اسے جنتِ عدن کا کھانا کھلائے گا۔ ۳- اسے درختِ طوبیٰ کا پھل کھلائے گا اور یہ وہ درخت ہے جسے جنتِ عدن میں ہمارے پروردگار نے اپنے ہاتھ (قدرتِ کاملہ) سے کاشت کیا ہے۔

برکتِ قرآن

اصولِ کافی میں ابراہیم کی زبانی منقول ہے کہ میرے والد نے حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے عرض کیا کہ کیا ہمارے نبی تمام انبیائے سابقین کے وارث تھے؟

آپؑ نے فرمایا: جی ہاں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر اپنے سے پہلے والے نبی کے جملہ اوصاف کے وارث تھے اور خدا نے تمام انبیاء کی بہ نسبت آنحضرتؐ کو زیادہ علم عطا کیا تھا۔

میں (راوی) نے کہا: حضرت عیسیٰ بن مریمؑ اذنِ خدا سے مُردے زندہ کرتے تھے اور حضرت سلیمان بن داؤدؑ پرندوں کی بولی جانتے تھے تو کیا ہمارے رسولؐ کے پاس بھی یہ خصوصیات موجود تھیں۔

آپؑ نے فرمایا: جب حضرت سلیمانؑ نے ہدہد پرندہ کو نہ پایا تو آپؑ ناراض ہوئے اور فرمایا کہ جب وہ آیا تو میں اسے سخت عذاب دوں گا یا اسے ذبح کروں گا یا وہ کوئی معقول وجہ بیان کرے۔

اصل بات یہ تھی کہ ہدہد آپؑ کو بتاتا تھا کہ زمین میں پانی کی سطح کہاں بلند ہے اور کہاں پست ہے۔ ہدہد کے پاس ایک ایسا علم تھا جو سلیمان علیہ السلام کے پاس بھی نہیں تھا۔ جب کہ آپؑ ہوا اور جانوروں اور چرندوں پرندوں، انسانوں اور جنات پر حکومت کرتے تھے، اس کے باوجود آپؑ کو زمین کے اندر چھپے ہوئے پانی کے متعلق علم نہیں تھا اور ایک پرندے کو اس کا علم تھا۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم میں فرمایا ہے: وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى "اور ہم اس قرآن کے وارث ہیں جس سے پہاڑوں کو چلایا جا سکتا ہے اور زمین کے ٹکڑے کیے جا سکتے ہیں اور مُردوں سے کلام کیا جا سکتا ہے۔ ہم ہوا کے نیچے پانی کی موجودگی سے واقف ہیں؟"

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم کے متعلق فرمایا ہے: وَمَا مِنْ غَآئِبَةٍ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝ (النمل:۷۵) ''آسمان وزمین میں کوئی پوشیدہ چیز ایسی نہیں ہے جو کتاب مبین میں موجود نہ ہو۔

اللہ نے اس کتاب کے وارثوں کا اعلان کرتے ہوئے فرمایا: ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا (فاطر:۳۲) ''پھر ہم نے اپنے مصطفیٰ بندوں کو کتاب کا وارث بنایا''۔

ہم ہی خدا کے وہ چنے ہوئے بندے ہیں جنھیں خدا نے اس کتاب کا وارث بنایا' جس میں ہر چیز کا بیان موجود ہے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ ..... کے ضمن میں امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہے کہ کفار کے علاقوں پر وقتاً فوقتاً خدا کی طرف سے عذاب کے جھٹکے آتے رہتے تھے' لیکن اس کے باوجود وہ کوئی نصیحت حاصل نہیں کرتے تھے اور وعدۂ خدا کے پورا ہونے تک ان کی یہی روش رہے گی۔ آخرکار جب خدا کا وعدہ پورا ہوگا تو اہلِ ایمان کی مدد ہوگی اور خدا کفار کو رُسوا کرے گا۔

اصولِ کافی اور عیون الاخبار میں حضرت امام علی رضا علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جان لو خدا تمھیں اچھائی کی تعلیم عطا کرے۔ اللہ کی ایک صفت ''قائم'' ہے لیکن اس کے قیام کی وہ صفت نہیں ہے جو مادی اشیاء کے قیام کی ہوتی ہے۔ خدا کے ''قائم'' ہونے کا مقصد یہ ہے کہ وہ محافظ ونگران ہے جیسا کہ عربی زبان میں کہا جاتا ہے: اَلْقَآئِمُ بِاَمْرِ فُلَان ''فلاں شخص فلاں شخص کے امور کا نگران ہے''۔ اور خدا نے اپنے متعلق فرمایا: اَفَمَنْ هُوَ قَآئِمٌ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍۭ بِمَا كَسَبَتْ ''یعنی اللہ ہر شخص کے اعمال کا نگران ونگہبان ہے''۔

قائم کا ایک معنی کفایت کنندہ بھی ہے جیسا کہ تم کسی سے کہتے ہو: قُمْ بِاَمْرِ بَنِي فُلَان ''فلاں قبیلہ کے معاملات کی کفایت کرو''۔ لفظ ''قائم'' کا اطلاق اللہ پر بھی ہوتا ہے اور اس کی مخلوق پر بھی ہوتا ہے۔ اگرچہ اسم ایک ہے' لیکن مفہوم الگ الگ ہے۔

نہج البلاغہ میں قَائِمٍ بِلَا عَمَدٍ (کسی سہارے کے بغیر قائم) کے الفاظ وارد ہیں۔

آتشِ دوزخ کی گرمی

وَعُقْبَى الْكٰفِرِيْنَ النَّارُ ۝

''کافروں کا آخری انجام دوزخ ہے''۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: دوزخ کی آگ تمھاری اس آگ سے ستر گنا زیادہ گرم ہے۔ دوزخ کی آگ کو ستر بار پانی میں بجھایا گیا تو وہ موجودہ حالت میں ظاہر ہوئی اور اگر اسے ٹھنڈا نہ کیا جاتا تو کوئی انسان اسے بجھا نہ سکتا۔ اس آگ کو قیامت کے دن دوزخ کی آگ پر پلٹا جائے گا تو اس کی چیخ بلند ہوگی اور وہ چیخ اتنی دہلا دینے والی ہوگی کہ تمام مقرب فرشتے اور نبی مرسل دہشت زدہ ہوکر گھٹنوں کے بل گر جائیں گے۔

ہر نبی بیوی بچوں والا ہوتا ہے

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا وَّذُرِّيَّةً

''اور تم سے پہلے بھی ہم نے بہت سے رسول بھیجے ہیں اور ہم نے ان کے لیے بیویاں اور بچے بھی قرار دیئے تھے''۔

روضہ کافی کی ایک اور تفسیر عیاشی کی پانچ اور محسن برقی کی ایک روایت میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایات مروی ہیں جن سب کا ماحصل یہ ہے کہ باقی انبیاء کی طرح سے حضرت رسولؐ خدا کو بھی اللہ نے ازواج و اولاد والا بنایا تھا۔ آنحضرتؐ کی ذریت ہم ہیں۔

خدا کے محو و ثبات کے اختیارات

يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ ۚ وَعِنْدَهٗٓ اُمُّ الْكِتٰبِ ۝

''اللہ جو چاہتا ہے مٹا دیتا ہے اور جس چیز کو چاہتا ہے قائم رکھتا ہے۔ اصل کتاب اس کے پاس ہے''۔

اصول کافی میں مرقوم ہے کہ ابوحمزہ ثمالی کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے سنا کہ اللہ نے اس امر کے لیے ۷۰ھ کا وقت مقرر کیا تھا' لیکن جب امام حسین علیہ السلام شہید ہوئے تو اللہ اہل زمین پر ناراض ہوا اور اس کا وقت بدل کر ایک سو چالیس کر دیا۔ ہم نے تمھیں وقت سے آگاہ کر دیا۔ تم نے اسے لوگوں میں پھیلا دیا۔ اس کے بعد اللہ نے اس کا وقت بدل دیا جس کے متعلق ہمیں بھی معلوم نہیں ہے۔ پھر آپ نے يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ ۚ وَعِنْدَهٗٓ اُمُّ الْكِتٰبِ کی آیت تلاوت فرمائی۔

ابوحمزہ کہتے ہیں کہ میں نے یہی بات امام جعفر صادق علیہ السلام کے سامنے بیان کی تو آپؑ نے فرمایا: ہاں ایسا ہی

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ہے۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے اس آیت کے ضمن میں فرمایا: ''اللہ اس کو تو مٹاتا ہے جو پہلے موجود ہو اور اسی کو ہی قائم کرتا ہے جو پہلے سے موجود نہ ہو؟''

روضہ کافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام اور تفسیر عیاشی میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے ایک روایت منقول ہے جس کا مضمون حسب ذیل ہے:

اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کے سامنے انبیاء کے نام اور ان کی عمریں پیش کیں۔ حضرت آدم علیہ السلام کے سامنے حضرت داؤد علیہ السلام کا نام پیش کیا گیا اور انھیں بتایا گیا کہ اس کی عمر چالیس برس ہے۔

حضرت آدم علیہ السلام نے عرض کیا: خدایا! میری عمر بڑی طویل ہے جب کہ داؤدؑ کی عمر بہت کم ہے۔ میں اپنی زندگی کے تیس سال داؤدؑ کو دینا چاہتا ہوں' کیا میری یہ پیش کش قبول ہوسکتی ہے؟

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ہاں' تمھاری یہ پیش کش ہم قبول کرتے ہیں۔

آدم علیہ السلام کی درخواست پر اللہ نے حضرت داؤدؑ کی زندگی میں تیس سال کا اضافہ کردیا اور حضرت آدمؑ کی زندگی میں سے تیس سال کم کردیئے۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: اللہ کے پاس محو و اثبات کے اختیار ہیں اور اس نے فرمایا ہے: يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ ۚ وَعِنْدَهٗٓ اُمُّ الْكِتٰبِ ۝ اللہ نے حضرت آدمؑ کی مقرر کردہ مدت میں سے تیس برس مٹا دیئے اور حضرت داؤدؑ کی زندگی میں تیس برس کا اضافہ کردیا۔

جب آدم علیہ السلام کی زندگی کے لمحات ختم ہوئے تو ملک الموت ان کی روح قبض کرنے کے لیے ان کے پاس آئے۔ حضرت آدمؑ نے ملک الموت سے کہا: ابھی تو میری زندگی کے تیس سال باقی ہیں۔ ملک الموت نے کہا مگر وہ تیس سال تو آپؑ نے اپنے فرزند داؤدؑ کو ہبہ کردیئے تھے۔ حضرت آدمؑ نے کہا: مجھے اس طرح کی کوئی بات یاد نہیں ہے' اگر اس طرح کا میں نے کوئی معاہدہ کیا تھا تو وہ لکھا ہوا معاہدہ میرے پاس لاؤ۔

حضرت آدمؑ نے بھی جھوٹ نہیں بولا تھا۔ بات یہ ہے کہ انھیں یہ بات بھول چکی تھی۔ ملک الموت نے وہ لکھا ہوا معاہدہ ان کو دکھایا تو انھیں یقین آیا۔ اسی دن سے اللہ نے بندوں کو حکم جاری کیا کہ وہ باہمی معاہدوں کو لکھ لیا کریں' تاکہ کوئی فریق اگر بھول بھی جائے تو اسے یاددہانی کرائی جاسکے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ ۚ وَعِنْدَهٗٓ اُمُّ الْكِتٰبِ کی آیت مجیدہ کا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

مفہوم دریافت کیا تو آپؑ نے فرمایا:

جب تک قضا اُم الکتاب تک نہیں پہنچتی تو اس وقت تک دعا سے قضا کو ٹالا جا سکتا ہے' البتہ جب قضا اُم الکتاب تک پہنچ جائے تو پھر دعا غیر مؤثر ہو جاتی ہے۔

زرارہ اور مسعد بن صدقہ کا بیان ہے کہ حضرت امام محمد باقر اور حضرت امام جعفر صادق علیہما السلام نے فرمایا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے حکمِ خدا کے تحت فرمایا تھا: يٰقَوْمِ ادْخُلُوا الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِيْ كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ (المائدہ:۲۱) ''اے میری قوم! اس ارضِ مقدس میں داخل ہو جاؤ جو خدا نے تمھارے لیے لکھ دی ہے''۔ لیکن جب قوم نے نافرمانی کی تو اللہ نے انھیں اس سرزمین میں داخل نہ ہونے دیا۔ ان کی نسل سے اس وعدہ کو پورا کیا۔ پھر امامین نے يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ وَعِنْدَهٗٓ اُمُّ الْكِتٰبِ کی آیت تلاوت کی۔

حمران کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس آیت کے متعلق دریافت کیا تو آپؑ نے مجھے مخاطب کر کے فرمایا:

حمران! جب شب قدر ہوتی ہے تو اللہ کاتب فرشتوں کو زمین پر نازل کرتا ہے وہ آئندہ سال میں واقع ہونے والے حالات کو لکھتے ہیں۔ جب اللہ ان واقعات کو آگے پیچھے کرنا چاہتا ہے تو فرشتے کو حکم دیتا ہے اور جو مٹانا ہوتا ہے اسے مٹا دیتا ہے اور جسے برقرار رکھنا مقصود ہوتا ہے اسے برقرار رکھتا ہے۔

ابوحمزہ ثمالی بیان کرتے ہیں کہ صادقین علیہما السلام نے فرمایا: اے ابوحمزہ! اگر ہم تمھیں کسی واقعہ کے وقوع پذیر ہونے کے متعلق بتائیں کہ یہ آج واقع ہوگا اور اتفاق سے وہ واقعہ آج کی بجائے کل پیش آئے۔ تو اس میں شک نہ کرنا کیونکہ خدا کو محو و اثبات کا اختیار حاصل ہے۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: جب خدا کسی قوم کو فنا کرنا چاہتا ہے تو فلک کو حکم دیتا ہے کہ اپنی گردش تیز کر دے۔ چنانچہ فلک کی گردش میں تیزی آ جاتی ہے اور وہ قوم جلد ہی فنا کے گھاٹ اُتر جاتی ہے۔ اور جب کسی قوم کی بقا کا ارادہ کرتا ہے تو فلک کو حکم دیتا ہے کہ اپنی گردش کو مدہم کر دے۔ حکمِ خدا کی وجہ سے فلک کی گردش دھیمی ہو جاتی ہے۔

پھر آپؑ نے فرمایا: اس بات پر تعجب کی ضرورت نہیں ہے' کیونکہ خدا کے پاس ''محو و اثبات'' کا اختیار موجود ہے۔

قربُ الاسناد میں مروی ہے کہ حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام نے فرمایا: اگر قرآن میں يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ وَعِنْدَهٗٓ اُمُّ الْكِتٰبِ کی آیت نہ ہوتی تو میں تمھیں قیامت تک پیش آنے والے حالات کی خبر دے دیتا۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

الخرائج والجرائح میں حضرت عمرو بن الحمق سے منقول ہے کہ جب امیر المومنین علی علیہ السلام کو مسجد کوفہ میں ضرب لگی تھی تو میں آپؑ کی عیادت کے لیے آپؑ کے دارالشرف حاضر ہوا۔ میں نے آپؑ کا زخم دیکھ کر آپؑ کو تسلی دیتے ہوئے کہا: آپؑ کو کوئی نقصان نہیں پہنچے گا یہ معمولی سی چوٹ ہے۔

امیر المومنین علی علیہ السلام نے فرمایا: مجھے اپنی زندگی کی قسم! میں تم سے جدا ہونے والا ہوں۔ پھر آپؑ نے فرمایا: ستر تک آزمائش رہے گی۔ آپؑ نے اس جملہ کو تین بار دہرایا۔

میں نے عرض کیا: کیا اس مشکل کے بعد آسانی پیدا ہوگی؟ آپؑ نے مجھے جواب نہ دیا۔ آپؑ پر غشی طاری ہوگئی۔ حضرت اُم کلثومؑ رونے لگیں۔ جب آپؑ کو افاقہ ہوا تو آپؑ نے فرمایا: اے اُم کلثوم! مجھے اذیت نہ دے جو کچھ میں دیکھ رہا ہوں وہ تجھے دکھائی نہیں دیتا۔ ساتوں آسمانوں کے فرشتے جوق در جوق اُتر رہے ہیں اور ان کے ساتھ انبیاء کی صف ہے۔ وہ مجھ سے کہہ رہے ہیں: اے علیؑ! ہمارے پاس آجاؤ۔ اس دنیا کی بہ نسبت آپ کے لیے آگے بہت کچھ موجود ہے۔

میں (راوی) نے عرض کیا: مولاؑ! آپؑ نے فرمایا تھا کہ ستر تک آزمائش رہے گی کیا ستر کے بعد آسانی پیدا ہوگی؟

آپؑ نے فرمایا: جی ہاں، آزمائش کے بعد آسانی پیدا ہوگی۔ پھر آپؑ نے يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ وَعِنْدَهٗٓ اُمُّ الْكِتٰبِ ۝ کی آیت کی تلاوت فرمائی۔

علل الشرائع میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: عذاب ظاہر ہونے کے بعد اللہ نے آج تک کسی قوم سے عذاب دُور نہیں کیا، البتہ قومِ یونسؑ اس سے مستثنیٰ ہے۔

حاضرین میں سے ایک شخص نے کہا: کیا قومِ یونسؑ پر عذاب چھا گیا تھا؟

آپؑ نے فرمایا: جی ہاں، وہ اپنی ہتھیلیوں سے عذاب کو محسوس کر سکتے تھے۔ اس کے باوجود خدا نے ان سے عذاب کو ہٹا دیا تھا۔ سائل نے کہا: یہ کیسے ہوگیا؟

یہ بات خدا کے برقرار علم میں پہلے سے موجود تھی کہ وہ عذاب کو ان سے ہٹا دے گا البتہ اس نے اس سے کسی کو مطلع نہیں کیا تھا۔

الخصال میں حضرت علی علیہ السلام سے یہ الفاظ منقول ہیں: بنا يمحوا الله ما يشآء وبنا يثبت ''ہماری وجہ سے خدا جو چاہتا ہے مٹا دیتا ہے اور ہماری وجہ سے جسے چاہتا ہے برقرار رکھتا ہے''۔

کتاب التوحید میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: اللہ نے فرمایا ہے: قالت

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

الیهود ید الله مغلولة ''یہودیوں نے کہا ہے کہ اللہ کے ہاتھ بندھے ہوئے ہیں''۔

اس جملہ سے یہودیوں کا مفہوم یہ تھا کہ اللہ نے تمام معاملات کے فیصلے کر دیئے ہیں' اب کسی کمی بیشی کا کوئی احتمال نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی تکذیب کرتے ہوئے فرمایا: غلت ایدیهم ولعنوا بما قالوا بل یداه مبسوطتان ینفق کیف یشآء ''ان کے اپنے ہاتھ بندھے ہوئے ہیں' ان کے اس قول کی وجہ سے ان پر لعنت کی گئی ہے۔ اس کے ہاتھ تو کھلے ہوئے ہیں وہ جیسے چاہے خرچ کرے''۔

اسی مفہوم کو خدا نے یَمْحُوا اللّٰهُ مَا یَشَآءُ وَیُثْبِتُ ۚ وَعِنْدَهٗۤ اُمُّ الْكِتٰبِ ۝ کی آیت میں بیان کیا ہے۔

عیون الاخبار میں حضرت امام علی رضا علیہ السلام اور سلیمان مروزی کا ایک مباحثہ مرقوم ہے۔ اس مباحثہ کے دوران سلیمان مروزی نے کہا: اللہ تدبیر امور سے فارغ ہو چکا ہے' اس نے جو کچھ کرنا تھا اس کا وہ پہلے سے فیصلہ کر چکا ہے۔ اب اس میں کسی طرح کی کمی بیشی نہیں ہوگی۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: یہ تو یہودیوں کا نظریہ ہے۔ اچھا اگر یہ نظریہ درست ہے تو پھر خدا کے اس فرمان ادعونی استجب لکم (تم مجھ سے دعا مانگو میں قبول کروں گا) کا کیا مطلب ہے؟

سلیمان نے کہا: اس کا مطلب یہ ہے کہ خدا تمھاری دعائیں قبول کرنے کی قدرت رکھتا ہے۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: تو کیا خدا اس چیز کا وعدہ کرتا ہے جسے اس نے پورا نہ کرنا ہو؟ اگر تمھارا نظریہ صحیح ہے تو پھر یَزِیْدُ فِی الْخَلْقِ مَا یَشَآءُ کا کیا مطلب ہے؟ اور اگر تمھارا نظریہ صحیح ہے تو پھر یَمْحُوا اللّٰهُ مَا یَشَآءُ وَیُثْبِتُ ۚ وَعِنْدَهٗۤ اُمُّ الْكِتٰبِ کا کیا مفہوم ہے؟

سلیمان! کچھ امور خدا کی مشیت پر موقوف ہیں وہ ان میں تقدیم و تاخیر کرتا رہتا ہے۔

سلیمان! حضرت علی علیہ السلام فرمایا کرتے تھے: علم کی دو قسمیں ہیں: علم کی ایک قسم وہ ہے جو اللہ نے اپنے ملائکہ اور انبیاء کو عطا کی ہے۔ ایسی بات یقیناً وقوع پذیر ہوتی ہے' کیونکہ اللہ نہ تو اپنی تکذیب کرتا ہے اور نہ ہی اپنے انبیاء و ملائکہ کی تکذیب پر راضی ہے۔

اور علم کی دوسری قسم وہ ہے جس کی اس نے کسی کو اطلاع نہیں دی ہے۔ اس میں اپنی مشیت کے مطابق تقدیم و تاخیر کرتا رہتا ہے جیسا کہ اس کا فرمان ہے: یَمْحُوا اللّٰهُ مَا یَشَآءُ وَیُثْبِتُ ۚ وَعِنْدَهٗۤ اُمُّ الْكِتٰبِ ۝

امام علیہ السلام کا جواب باصواب سن کر سلیمان خاموش ہو گیا اور اس سے کوئی جواب نہ بن سکا۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اصولِ کافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: اللہ نے تمام انبیاء سے تین باتوں کا اقرار لیا: ۱- اس کی عبودیت کا اقرار ۲- غیر اللہ کی عبادت سے بیزاری ۳- اللہ کو اختیار ہے جس امر کو چاہے مقدم کرے اور جسے چاہے مؤخر کرے۔

الغرض مؤلف نے مسئلہ بداء اور محو و اثبات کے لیے مزید انیس روایات نقل کی ہیں، جن سب کا ماحصل ہم سابقہ روایات کے ترجمہ میں پیش کر چکے ہیں اسی لیے ہم ان روایات سے صرفِ نظر کرتے ہیں۔ (من المترجم عفی عنہ)

علماء وفقہاء کی موت عظیم صدمہ ہے

اَوَ لَمْ یَرَوْا اَنَّا نَاْتِی الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ؕ

''کیا ان لوگوں نے نہیں دیکھا کہ ہم زمین کا گھیرا ہر طرف سے تنگ کرتے چلے آتے ہیں''۔

کتاب احتجاج طبرسی میں امیر المومنین علی علیہ السلام سے منقول ہے کہ اقوام وملل کی ہلاکت کو اللہ نے زمین کا دائرہ تنگ کرنے سے تعبیر کیا ہے۔

من لایحضرہ الفقیہ میں مرقوم ہے کہ اس سے فقہاء کی موت مراد ہے۔

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ اس آیت مجیدہ کے مفہوم کے متعلق مفسرین سے بہت سے اقوال منقول ہیں۔ ان میں سے ایک قول یہ ہے کہ زمین کا گھیرا تنگ کرنے سے علماء، فقہاء اور صالحین کی موت ہے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ جب لفظ مکر خدا کی طرف منسوب ہو تو اس سے عذابِ الٰہی کا نزول مراد ہوتا ہے۔

حضرت علی علیہ السلام گواہِ پیغمبرؐ ہیں

وَیَقُوْلُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَسْتَ مُرْسَلًا ؕ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِیْدًۢا بَیْنِیْ وَبَیْنَكُمْ ۙ وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ ﴿۴۳﴾

''کافر کہتے ہیں کہ آپ رسول نہیں ہیں، آپ کہہ دیں کہ میرے اور تمھارے درمیان گواہی کے لیے اللہ کافی ہے اور وہ کافی ہے جس کے پاس پوری کتاب کا علم ہے''۔

امالی صدوق میں ابوسعید خدری سے منقول ہے کہ میں نے رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

الکتب کے متعلق پوچھا اور عرض کیا: آپؑ کا وہ گواہ کون ہے جس کے پاس تمام کتاب کا علم ہے؟

آپؑ نے فرمایا: وہ میرا بھائی علی بن ابی طالبؑ ہے۔

احتجاج طبرسی میں عبداللہ بن ولید السمان سے منقول ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: یہ بتاؤ لوگ اولی العزم انبیاءؑ اور حضرت علی علیہ السلام کے متعلق کیا کہتے ہیں؟

میں (راوی) نے عرض کیا: لوگ اولی العزم انبیاءؑ سے کسی کو افضل نہیں مانتے۔

آپؑ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا: وَكَتَبْنَا لَهُ فِي الْأَلْوَاحِ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَوْعِظَةً (اعراف: ۱۴۵) ''ہم نے موسیٰ علیہ السلام کے لیے ہر شعبۂ زندگی میں سے کچھ نصیحت لکھ دی''۔ اور اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق فرمایا کہ انھوں نے کہا تھا: قَدْ جِئْتُكُمْ بِالْحِكْمَةِ وَلِأُبَيِّنَ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِي تَخْتَلِفُونَ فِيهِ (زخرف: ۶۳) ''میں تم لوگوں کے پاس حکمت لے کر آیا ہوں' تاکہ تم پر بعض ان باتوں کی حقیقت کھول دوں جن میں تم اختلاف کر رہے ہو''۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لیے بھی کچھ نصیحت لکھی گئی اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی بعض اختلافی امور کو واضح کرتے تھے۔ اس سے معلوم ہوا کہ نہ تو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس کلی علم تھا اور نہ ہی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس کلی علم تھا جب کہ حضرت علی علیہ السلام کے متعلق اللہ نے فرمایا ہے: قُلْ كَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ ۙ وَمَنْ عِنْدَهُ عِلْمُ الْكِتَابِ ﴿۴۳﴾ ''آپ کہہ دیں کہ میرے اور تمھارے درمیان بطور گواہ اللہ کافی ہے اور وہ کافی ہے جس کے پاس کتاب کا علم ہے''۔ اور کتاب میں کتنا علم ہے اس کے متعلق فرمان خداوندی ہے: وَلَا رَطْبٍ وَلَا يَابِسٍ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُبِينٍ ﴿۵۹﴾ (الانعام: ۵۹) ''ہر خشک و تر کتاب مبین میں موجود ہے''۔ اور جس کتاب مبین میں ہر خشک و تر کا ذکر موجود ہے اس تمام کتاب کا علم امیر المومنین علی علیہ السلام کے پاس موجود ہے۔

سلیم بن قیس بیان کرتے ہیں کہ میری موجودگی میں ایک شخص نے امیر المومنین علی علیہ السلام سے عرض کیا: آپؑ مجھے اپنی سب سے بڑی فضیلت سے آگاہ کریں؟

آپؑ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم میں فرمایا ہے: وَيَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَسْتَ مُرْسَلًا ۚ قُلْ كَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ ۙ وَمَنْ عِنْدَهُ عِلْمُ الْكِتَابِ ﴿۴۳﴾ اس آیت میں موجود وَمَنْ عِنْدَهُ عِلْمُ الْكِتَابِ کے الفاظ کا اشارہ میری طرف ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اصولِ کافی میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ سے ہم مراد ہیں۔ امیر المومنین علی علیہ السلام ہمارے سلسلہ کے فرد اوّل ہیں اور رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد وہ سب سے افضل و برتر ہیں۔

الخرائج میں بھی یہ روایت مرقوم ہے۔

علمِ امام کی وسعت

اصولِ کافی میں سدیر کی زبانی منقول ہے' اس نے کہا کہ میں' ابوبصیر' یحییٰ بزاز اور داؤد بن کثیر امام جعفر صادق علیہ السلام کی مجلس میں بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک مرتبہ آپ گھر سے ناراض ہو کر تشریف لائے۔ جب آپؑ محفل میں بیٹھ گئے تو آپؑ نے فرمایا:

ان لوگوں پر انتہائی تعجب ہے جو ہمارے متعلق یہ گمان کرتے ہیں کہ ہم غیب جانتے ہیں جب کہ اللہ کے علاوہ غیب کا علم کسی کے پاس نہیں ہے۔ میں نے اپنی کنیز کو سزا دینا چاہی تو وہ بھاگ گئی۔ مجھے تو یہ پتہ نہیں ہے کہ وہ گھر کے کون سے کمرے میں چھپی ہوئی ہے۔

سدیر (راوی) کہتے ہیں جب آپؑ اپنی عمومی مجلس سے اٹھے اور گھر میں تشریف لے گئے تو میں' ابوبصیر اور میسر بھی آپؑ کے پاس گئے اور ہم نے عرض کیا: ہم آپؑ پر قربان جائیں' آج آپؑ نے کنیز کے متعلق یہ جملے ارشاد فرمائے ہیں جب کہ ہمیں پتہ ہے کہ آپؑ بہت کچھ جانتے ہیں مگر اس کے باوجود ہم آپؑ کو علمِ غیب سے منسوب نہیں کرتے۔ (آخر آپؑ کے اس جملہ کا کیا مقصد تھا؟)

آپؑ نے فرمایا: سدیر! کیا تو نے قرآن پڑھا ہے؟ میں نے عرض کیا: جی ہاں۔ آپؑ نے فرمایا: کیا تو نے قرآن کریم کی یہ آیت بھی پڑھی ہے: قَالَ الَّذِیْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ اَنَا اٰتِیْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ یَّرْتَدَّ اِلَیْكَ طَرْفُكَ (النمل: ''اور اس نے کہا جس کے پاس کتاب کا تھوڑا سا علم تھا کہ میں ملکہ سبا کا تخت آپ کی آنکھ جھپکنے سے پہلے آپؑ کے پاس لے آؤں گا''۔

میں (راوی) نے کہا: جی ہاں' میں نے قرآن حکیم کی یہ آیت پڑھی ہے۔

آپؑ نے فرمایا: تم اس شخص کو جانتے ہو اور کیا تمھیں علم ہے کہ اس کے پاس کتاب کا کتنا علم تھا؟

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

میں نے کہا: آپؑ خود ہی بتائیں کہ اس کے پاس کتنا علم تھا؟

آپؑ نے فرمایا: اس کے پاس بحر اخضر میں سے ایک قطرہ کے برابر علم تھا۔ اب خود ہی اندازہ کریں کہ پوری کتاب میں کتنا علم ہوگا؟

میں (راوی) نے کہا: پھر تو اس کے پاس انتہائی قلیل علم تھا۔

آپؑ نے فرمایا: سدیر! ایسا مت کہو بلکہ یہ کہو کہ اس کے پاس کتنا زیادہ علم تھا۔

پھر آپؑ نے فرمایا: کیا تو نے قرآن حکیم میں یہ آیت پڑھی ہے: قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۙ وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ ﴿۴۳﴾

میں نے کہا: جی ہاں، میں نے یہ آیت بھی پڑھی ہے۔

پھر آپؑ نے فرمایا: اچھا یہ بتاؤ جس کے پاس کتاب کا تھوڑا سا علم تھا۔ وہ بڑا عالم تھا یا وہ بڑا عالم ہے جس کے پاس پوری کتاب کا علم ہے؟

میں نے کہا: وہ جس کے پاس پوری کتاب کا علم ہے۔ پھر امام علیہ السلام نے اپنے ہاتھ سے اپنے سینہ کی طرف اشارہ کیا اور فرمایا: خدا کی قسم، پوری کتاب کا علم ہمارے پاس ہے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: امیر المومنین علی علیہ السلام کے پاس پوری کتاب کا علم تھا جب کہ سلیمان علیہ السلام کے وزیر کے پاس علمِ کتاب میں سے اتنا علم تھا جتنا کہ سمندر کے پانی سے مچھر کے پَر کے اُوپر پانی لگتا ہے۔

امیر المومنین علی علیہ السلام نے فرمایا: جو علم آدم علیہ السلام آسمان سے زمین پر لے آئے تھے اور جو علم خدا کی طرف سے انبیاء کو عطا ہوا وہ سارے کا سارا علم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھا اور آپ کے بعد وہ علم آپ کی عترت میں منتقل ہوا۔

تفسیر عیاشی میں عبداللہ بن عطا سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے کہا: عبداللہ بن سلام کا بیٹا یہ گمان کرتا ہے کہ وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ کی آیت اس کے والد کے متعلق نازل ہوئی تھی!!

امام علیہ السلام نے فرمایا: اس نے جھوٹ کہا۔ یہ آیت حضرت علی علیہ السلام کے حق میں نازل ہوئی تھی۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے اس آیت کے متعلق پوچھا گیا تو آپؑ نے فرمایا: یہ آیت حضرت علی علیہ السلام

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اور ان کے بعد ائمہؑ کے حق میں نازل ہوئی۔ حضرت علی علیہ السلام کے پاس علم الکتاب تھا اور آپؑ پیغمبرؐ کے بعد اس اُمت کے سب سے بڑے عالم تھے۔

شیخ مفید روضۃ الواعظین میں لکھتے ہیں کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ کے مصداق حضرت علی علیہ السلام ہیں ان کے پاس پہلی اور آخری کتاب کا علم موجود ہے۔

بصائر الدرجات میں بھی یہ روایت موجود ہے۔

عبداللہ بن بکیر کہتے ہیں کہ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی محفل میں بیٹھا ہوا تھا۔ محفل میں حضرت سلیمان علیہ السلام اور ان کے علم و حکمت کی بحث چھڑ گئی۔

آپؑ نے فرمایا: سنو! سلیمان بن داؤدؑ کے پاس اسم اعظم میں سے ایک حرف تھا جب کہ امیر المومنین علی علیہ السلام کے متعلق فرمانِ الٰہی ہے:


قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۙ وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ ۝

خدا کی قسم! علیؑ کے پاس پوری کتاب کا علم تھا۔

میں (راوی) نے کہا: خدا کی قسم آپؑ نے سچ فرمایا۔ میں آپؑ پر قربان جاؤں۔

○○○

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner



سُورَةُ اِبْرٰهِيْمَ

سورة ابراهيم مكية غير الم تر الى الذين بدلوا الآية

وهى اثنان وخمسون آية وسبع ركوعات

''سورہ ابراہیم مکہ میں نازل ہوئی مگر الم تر الی الذین بدلوا

کی آیت مدنی ہے

اس سورہ میں باون آیات اور سات رکوع ہیں''۔

Presented by Ziaraat.Com

Scanned by CamScanner

سورہ ابراہیم

ثوابِ تلاوت

کتاب ثواب الاعمال میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے ارشاد فرمایا:

''جو شخص جمعہ کے دن دو رکعت نماز پڑھے اور پہلی رکعت میں (سورہ فاتحہ کے بعد) سورہ ابراہیم اور دوسری رکعت میں (سورہ فاتحہ کے بعد) سورہ الحجر پڑھے تو وہ کبھی بھی مفلس نہ ہوگا اور نہ وہ پاگل ہوگا اور نہ ہی اس پر کوئی مصیبت نازل ہوگی''۔

مجمع البیان میں ابی بن کعب سے منقول ہے کہ رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

''جو شخص سورہ ابراہیم کی تلاوت کرے گا تو جہاں میں جتنے بھی بت پرست ہیں اور جتنے بھی خدا پرست ہیں ان سب کی تعداد سے دس گنا زیادہ اسے اجر ملے گا''۔

سورہ ابراہیم کے مرکزی موضوعات

اس سورہ کے مرکزی موضوعات حسب ذیل ہیں:

قرآن خدا کی کتاب ہے' کفار کی شناخت' ہر نبی اپنی قوم کی زبان میں تبلیغ کرتا ہے' بنی اسرائیل کا حال' شکر سے نعمت اور ناشکری سے عذاب میں اضافہ ہوتا ہے' خدا کی دعوت مغفرت کی طرف ہے' اہلِ ایمان کو خدا پر ہی بھروسہ کرنا چاہیے' ہر سرکش کے مقدر میں ناکامی ہے' کفار کے اعمال کی وہی حیثیت ہے جو آندھی میں راکھ کے ڈھیر کی ہے' کلمہ طیبہ کی تشبیہ' کلمہ خبیثہ کی تشبیہ' اللہ اہلِ ایمان کو ثابت قدم رکھتا ہے' کفرانِ نعمت کا نتیجہ' خدا کی نعمات کا شمار ناممکن ہے۔ حضرت ابراہیمؑ کی دعا' مکہ میں حضرت اسماعیلؑ کی سکونت' خدا کو ہر شخص کے اعمال کی خبر ہے' قیامت کا ذکر اور خدا وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ
بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۙ﴿۱﴾ اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي
السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَوَيْلٌ لِّلْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ
شَدِيْدِ ۙ﴿۲﴾ الَّذِيْنَ يَسْتَحِبُّوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ
وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ؕ اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ
بَعِيْدٍ ﴿۳﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ لِيُبَيِّنَ
لَهُمْ ؕ فَيُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ
الْحَكِيْمُ ﴿۴﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اَنْ اَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ
الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ وَذَكِّرْهُمْ بِاَيّٰىمِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ
لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿۵﴾ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ
اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ اَنْجٰىكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ
وَيُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ؕ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

رَبِّكُمْ عَظِيمٌ ۝٦ وَإِذْ تَأَذَّنَ رَبُّكُمْ لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَأَزِيدَنَّكُمْ
وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ إِنَّ عَذَابِي لَشَدِيدٌ ۝٧ وَقَالَ مُوسَىٰ إِنْ تَكْفُرُوا
أَنْتُمْ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا فَإِنَّ اللَّهَ لَغَنِيٌّ حَمِيدٌ ۝٨ أَلَمْ
يَأْتِكُمْ نَبَأُ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ قَوْمِ نُوحٍ وَعَادٍ وَثَمُودَ وَالَّذِينَ
مِنْ بَعْدِهِمْ لَا يَعْلَمُهُمْ إِلَّا اللَّهُ جَاءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنَاتِ
فَرَدُّوا أَيْدِيَهُمْ فِي أَفْوَاهِهِمْ وَقَالُوا إِنَّا كَفَرْنَا بِمَا أُرْسِلْتُمْ بِهِ
وَإِنَّا لَفِي شَكٍّ مِمَّا تَدْعُونَنَا إِلَيْهِ مُرِيبٍ ۝٩ قَالَتْ رُسُلُهُمْ أَفِي
اللَّهِ شَكٌّ فَاطِرِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ يَدْعُوكُمْ لِيَغْفِرَ لَكُمْ مِنْ
ذُنُوبِكُمْ وَيُؤَخِّرَكُمْ إِلَىٰ أَجَلٍ مُسَمًّى قَالُوا إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا بَشَرٌ
مِثْلُنَا تُرِيدُونَ أَنْ تَصُدُّونَا عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ آبَاؤُنَا فَأْتُونَا
بِسُلْطَانٍ مُبِينٍ ۝١٠ قَالَتْ لَهُمْ رُسُلُهُمْ إِنْ نَحْنُ إِلَّا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ
وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يَمُنُّ عَلَىٰ مَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ وَمَا كَانَ لَنَا أَنْ
نَأْتِيَكُمْ بِسُلْطَانٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ
الْمُؤْمِنُونَ ۝١١ وَمَا لَنَا أَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللَّهِ وَقَدْ هَدَانَا سُبُلَنَا
وَلَنَصْبِرَنَّ عَلَىٰ مَا آذَيْتُمُونَا وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

انْتَوَكِّلُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِرُسُلِهِمْ لَنُخْرِجَنَّكُمْ مِّنْ
اَرْضِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ۭ فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ لَنُهْلِكَنَّ
الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۳﴾ وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۭ ذٰلِكَ لِمَنْ خَافَ
مَقَامِيْ وَخَافَ وَعِيْدِ ﴿۱۴﴾ وَاسْتَفْتَحُوْا وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ
عَنِيْدٍ ﴿۱۵﴾ مِّنْ وَّرَآىِٕهٖ جَهَنَّمُ وَيُسْقٰى مِنْ مَّاۗءٍ صَدِيْدٍ ﴿۱۶﴾
يَّتَجَرَّعُهٗ وَلَا يَكَادُ يُسِيْغُهٗ وَيَاْتِيْهِ الْمَوْتُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّمَا
هُوَ بِمَيِّتٍ ۭ وَمِنْ وَّرَآىِٕهٖ عَذَابٌ غَلِيْظٌ ﴿۱۷﴾ مَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
بِرَبِّهِمْ اَعْمَالُهُمْ كَرَمَادِۨ اشْتَدَّتْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ يَوْمٍ عَاصِفٍ ۭ
لَا يَقْدِرُوْنَ مِمَّا كَسَبُوْا عَلٰي شَيْءٍ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ﴿۱۸﴾
اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۭ اِنْ يَّشَاْ
يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ ﴿۱۹﴾ وَّمَا ذٰلِكَ عَلَي اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ﴿۲۰﴾
وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ جَمِيْعًا فَقَالَ الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا
لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۭ
قَالُوْا لَوْ هَدٰىنَا اللّٰهُ لَهَدَيْنٰكُمْ ۭ سَوَاۗءٌ عَلَيْنَآ اَجَزِعْنَآ اَمْ
صَبَرْنَا مَا لَنَا مِنْ مَّحِيْصٍ ﴿۲۱﴾ وَقَالَ الشَّيْطٰنُ لَمَّا قُضِيَ الْاَمْرُ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ وَوَعَدْتُّكُمْ فَاَخْلَفْتُكُمْ ۫ وَمَا كَانَ
لِيَ عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّاۤ اَنْ دَعَوْتُكُمْ فَاسْتَجَبْتُمْ لِيْ ۚ فَلَا
تَلُوْمُوْنِيْ وَلُوْمُوْۤا اَنْفُسَكُمْ ؕ مَاۤ اَنَا بِمُصْرِخِكُمْ وَمَاۤ اَنْتُمْ بِمُصْرِخِيَّ ؕ
اِنِّيْ كَفَرْتُ بِمَاۤ اَشْرَكْتُمُوْنِ مِنْ قَبْلُ ؕ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ
اَلِيْمٌ ﴿۲۲﴾ وَاُدْخِلَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ
مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ؕ تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا
سَلٰمٌ ﴿۲۳﴾ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ
طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ ﴿۲۴﴾ تُؤْتِيْۤ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍ
بِاِذْنِ رَبِّهَا ؕ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۵﴾
وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيْثَةِ ِ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ
الْاَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ﴿۲۶﴾ يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ
الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَيُضِلُّ اللّٰهُ الظّٰلِمِيْنَ ۙ۬
وَيَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ ﴿۲۷﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ
كُفْرًا وَّاَحَلُّوْا قَوْمَهُمْ دَارَ الْبَوَارِ ﴿۲۸﴾ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ؕ
وَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿۲۹﴾ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

قُلْ تَمَتَّعُوْا فَاِنَّ مَصِيْرَكُمْ اِلَى النَّارِ ﴿۳۰﴾

سہارا اللہ کے نام کا جو کہ رحمٰن و رحیم ہے

ا-ل-ر۔ یہ ایک ایسی کتاب ہے جسے ہم نے تمھاری طرف نازل کیا ہے' تاکہ تم لوگوں کو ان کے پروردگار کے حکم سے تاریکیوں سے نکال کر روشنی میں لائیں۔ اس خدا کے راستے پر جو غالب ہے اور لائقِ حمد ہے۔

وہ خدا کہ آسمانوں اور زمین کی تمام چیزیں جس کی ملکیت ہیں اور جو سخت عذاب منکرین حق کے لیے تیار کیا گیا ہے' اس کی وجہ سے ان کے لیے ہلاکت ہے۔ وہ جو دنیاوی زندگی کو آخرت پر ترجیح دیتے ہیں اور وہ اللہ کے راستے سے روک رہے ہیں اور وہ اس میں کجی پیدا کرنے کے خواہش مند ہیں۔ یہی لوگ پرلے درجے کی گمراہی میں ہیں۔

ہم نے جس بھی رسول کو بھیجا تو اس کی قوم کی زبان دے کر ہی بھیجا' تاکہ وہ اچھی طرح سے انھیں کھول کر سمجھائے۔ پھر خدا جسے چاہتا ہے گمراہی میں چھوڑ دیتا ہے اور جس کے لیے چاہتا ہے اسے ہدایت کرتا ہے اور وہی غالب اور حکمت والا ہے۔

اور ہم نے موسیٰؑ کو اپنی نشانیاں دے کر بھیجا (اور ہم نے اسے کہا کہ) اپنی قوم کو تاریکیوں سے روشنی کی طرف نکال لاؤ اور انھیں تاریخِ الٰہی کے سبق آموز واقعات سنا کر نصیحت کرو۔ یقیناً اس میں تمام صبر و شکر کرنے والوں کے لیے نشانیاں ہیں۔

اور جب موسیٰؑ نے اپنی قوم سے کہا کہ تم ان احسانات کو یاد کرو جو خدا کی طرف سے تم پر ہوئے ہیں۔ جب اس نے تمھیں خاندانِ فرعون سے رہائی دلائی جو تمھیں سخت عذاب پہنچاتے تھے اور وہ تمھارے بیٹوں کو ذبح کر دیتے تھے اور تمھاری بیٹیوں کو زندہ رکھتے تھے۔ اس میں تمھارے پروردگار کی طرف سے بہت بڑی آزمائش تھی۔ اور جب تمھارے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

پروردگار نے اعلان کیا کہ اگر تم نے شکر کیا تو میں نعمات میں تمھارے لیے اضافہ کروں گا اور اگر تم نے ناشکری کی تو یقیناً میرا عذاب بہت سخت ہے۔

اور موسیٰؑ نے کہا: اگر تم اور تمھارے ساتھ تمام اہلِ زمین مل کر بھی خدا کی ناشکری کرو تو بھی خدا بے نیاز اور لائقِ حمد ہے۔ کیا تم تک تم سے پہلی اقوام کی خبر نہیں پہنچی؟ قومِ نوحؑ، عادؑ، ثمودؑ اور ان کے بعد آنے والی بہت سی قومیں جن کی تعداد کو صرف خدا ہی جانتا ہے۔ ان کے رسول ان کے پاس کھلی نشانیاں لے گئے تو انھوں نے اپنے منہ میں ہاتھ دبا لیے اور انھوں نے کہا کہ جس پیغام کے ساتھ تم بھیجے گئے ہو ہم اس کا انکار کرتے ہیں اور جس چیز کی تم دعوت دیتے ہو اس کے متعلق ہم خلجان آور شک میں پڑے ہوئے ہیں۔

ان کے رسولوں نے کہا: کیا تمھیں آسمانوں اور زمین کے خالق خدا میں شک ہے۔ وہ تمھیں اپنی طرف اس لیے دعوت دے رہا ہے، تاکہ وہ تمھارے گناہ معاف کرے اور تم کو ایک مقررہ وقت تک مہلت دے۔ وہ کہنے لگے کہ تم بھی تو ہمارے ہی جیسے انسان ہو۔ تم ہمیں ان معبُودوں سے روکنا چاہتے ہو جن کی عبادت ہمارے آباء و اجداد کیا کرتے تھے، تم اس کے لیے ہمارے پاس کوئی صریح معجزہ لاؤ۔

ان کے رسولوں نے ان سے کہا ہم بھی تمھارے جیسے ہی انسان ہیں لیکن خدا اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے احسان کر دیتا ہے اور ہمارے اختیار میں نہیں ہے کہ ہم حکمِ خدا کے بغیر تمھارے سامنے کوئی معجزہ پیش کریں اور اہلِ ایمان کو خدا پر ہی بھروسہ رکھنا چاہیے۔

اور ہم کیوں نہ اللہ پر بھروسہ رکھیں جب کہ اس نے ہی ہمیں ہماری راہیں دکھائی ہیں اور تم لوگ ہمیں جو اذیتیں دے رہے ہو ہم ان پر ضرور صبر کریں گے اور بھروسہ کرنے والوں کو خدا پر ہی بھروسہ رکھنا چاہیے۔

اور کافروں نے اپنے رسولوں سے کہا ہم ضرور تمھیں اپنی سرزمین سے نکال دیں گے یا یہ کہ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

تم ہماری ملّت میں واپس آ جاؤ۔ ان کے رب نے ان کی طرف وحی فرمائی کہ ہم ظالموں کو ضرور ہلاک کریں گے' اور ان کی ہلاکت کے بعد ہم تمھیں زمین میں بسائیں گے۔ یہ انعام اُس کے لیے ہے جو میرے حضور جواب دہی کا خوف رکھتا ہو اور میری وعید سے ڈرتا ہو۔

پیغمبروں نے فیصلہ کی درخواست کی (تو فیصلہ یہ ہوا کہ) ہر سرکش عداوت رکھنے والا ہلاک ہوا۔ اور اس کے پیچھے دوزخ ہے اور اسے پیپ ملا لہو پلایا جائے گا جسے وہ زبردستی حلق سے اتارنے کی کوشش کرے گا' جسے وہ مشکل سے اتارے گا اور موت ہر طرف سے اسے گھیرے ہوئے ہوگی مگر وہ مرنے نہ پائے گا اور اس کے پیچھے سخت عذاب ہوگا۔

وہ لوگ جنھوں نے اپنے رب کا انکار کیا ہے' ان کے اعمال کی مثال اس راکھ کی سی ہے جسے طوفانی دن کی آندھی نے اُڑا دیا ہو۔ وہ اپنے کیے کا کچھ بھی پھل حاصل نہ کر سکیں گے۔ یہی پرلے درجے کی گمراہی ہے۔ کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا ہے؟ اگر وہ چاہے تو تم لوگوں کو ختم کر دے اور تمھاری جگہ نئی مخلوق کو لے آئے اور یہ خدا پر کچھ دشوار نہیں ہے۔

اور یہ لوگ سب کے سب خدا کے سامنے بے نقاب ہوں گے' تو اس وقت جو دنیا میں کمزور تھے وہ ان لوگوں سے کہیں گے' جو بڑے بنے ہوئے تھے۔ دنیا میں ہم تمھارے پیچھے چلتے رہتے تھے تو کیا تم آج ہمیں خدا کے عذاب سے کچھ بچا سکتے ہو؟

وہ کہیں گے اگر کہ اللہ نے ہمیں راہِ نجات دکھائی ہوتی تو ہم بھی ضرور تمھیں دکھا دیتے۔ اب ہم خواہ بے صبری کریں یا صبر کریں ہمارے لیے دونوں حالتیں یکساں ہیں۔ ہمارے بچنے کی کوئی صورت نہیں ہے اور جب فیصلہ کر دیا جائے گا تو اس وقت شیطان کہے گا اللہ نے تم سے جو وعدے کیے تھے وہ سچّے تھے اور میں نے تم سے جو وعدہ کیا تھا ان میں سے کوئی بھی

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

پورا نہ ہوا۔ میری تم پر کوئی حکومت تو تھی نہیں۔ میرا قصور تو صرف یہی ہے کہ میں نے تمھیں پکارا تھا۔ تم نے میری پکار پر لبیک کہا' لہٰذا تم مجھے ملامت نہ کرو تم اپنے آپ کو ملامت کرو۔ میں تمھاری فریاد رسی نہیں کرسکتا اور نہ ہی تم میری فریاد رسی کر سکتے ہو۔ اس سے پہلے تم نے جو مجھے خدا کا شریک بنا رکھا تھا میں اس کا انکار کرتا ہوں۔ یقیناً ظالموں کے لیے دردناک عذاب ہے۔ وہ لوگ جو ایمان لائے تھے اور جنھوں نے نیک عمل کیے تھے انھیں ایسے باغات میں داخل کیا جائے گا جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ وہ اپنے پروردگار کے حکم سے ان میں ہمیشہ رہیں گے وہاں ان کی ملاقات کا تحفہ سلام ہوگا۔

کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے کلمہ طیبہ کی کیسی مثال دی ہے؟ اس کی مثال ایک پاکیزہ درخت کی سی ہے جس کی جڑ زمین میں گہری جمی ہوئی ہو اور شاخ آسمان میں پہنچی ہوئی ہو۔ وہ ہر وقت اپنے رب کے حکم سے پھلا پھولا رہتا ہو اور اللہ مثالیں بیان کرتا ہے تاکہ لوگ نصیحت حاصل کریں۔

اور کلمہ خبیثہ کی مثال خبیث درخت کی سی ہے جو زمین کی سطح سے اُکھاڑ پھینکا جائے اس کے لیے کوئی استحکام نہیں ہے۔ ایمان لانے والوں کو اللہ قولِ ثابت کے ذریعہ سے دنیاوی زندگی اور آخرت میں ثبات عطا کرتا ہے اور خدا ظالموں کو گمراہی میں چھوڑ دیتا ہے اور خدا جو چاہتا ہے سرانجام دیتا ہے۔

اور کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنھوں نے اللہ کی نعمت کو کفرانِ نعمت سے بدل ڈالا اور جنھوں نے اپنی قوم کو ہلاکت کے گھر میں جا ٹھہرایا۔ یعنی جہنم! جس میں جھلسے جائیں گے۔ وہ بدترین جائے قرار ہے اور انھوں نے اللہ کے ہمسر بنا رکھے ہیں تاکہ لوگوں کو اللہ کی راہ سے بہکا دیں۔ آپ کہہ دیں کہ کچھ دن مزے لوٹ لو۔ آخرکار تمھیں پلٹ کر دوزخ ہی میں جانا ہے"۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

نزولِ کتاب کا مقصد اور حضرت موسیٰؑ سے گفتگو

الٓرٰ ۟ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۙ﴿۱﴾ اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَوَيْلٌ لِّلْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ شَدِيْدِ ۙ﴿۲﴾ الَّذِيْنَ يَسْتَحِبُّوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ؕ اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۳﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ ؕ فَيُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۴﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اَنْ اَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ وَذَكِّرْهُمْ بِاَيّٰىمِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿۵﴾

”یہ ایک ایسی کتاب ہے جسے ہم نے تمھاری طرف نازل کیا ہے تاکہ تم لوگوں کو پروردگار کے اذن سے انسانوں کو تاریکیوں سے نکال کر روشنی میں لاؤ یعنی اس خدا کے راستہ پر لاؤ جو غالب اور لائق حمد ہے۔ وہ خدا کہ آسمانوں اور زمین کی تمام اشیاء اسی کی ملکیت ہیں اور جو سخت عذاب منکرین حق کے لیے تیار کیا گیا ہے اس کی وجہ سے ان کے لیے ہلاکت ہے۔ وہ جو دنیاوی زندگی کو آخرت پر ترجیح دیتے ہیں اور وہ اللہ کے راستے سے روک رہے ہیں اور وہ اس میں کجی پیدا کرنے کے خواہش مند ہیں یہی لوگ پرلے درجے کی گمراہی میں ہیں۔ ہم نے جس بھی رسول کو بھیجا تو اس قوم کی زبان دے کر ہی بھیجا تاکہ وہ انھیں اچھی طرح سے کھول کر سمجھائے۔ پھر خدا جسے چاہتا ہے گمراہی میں چھوڑ دیتا ہے اور جس کے لیے چاہتا ہے اسے ہدایت کرتا ہے اور وہ غالب اور حکمت والا ہے اور ہم نے موسیٰؑ کو اپنی نشانیاں دے کر بھیجا کہ اپنی قوم کو تاریکیوں سے نکال کر روشنی میں لائے اور انھیں تاریخ الٰہی کے سبق آموز واقعات سنا کر نصیحت کرے۔ یقیناً اس میں تمام صبر و شکر کرنے والوں کے لیے نشانیاں ہیں“۔

سورۂ ابراہیم کا آغاز کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے قرآنِ مجید کا یہ وصف بیان کیا ہے کہ! یہ کتاب جہاں نبوتِ مصطفیٰؐ کا زندہ و جاوید معجزہ ہے وہاں یہ ظلمات سے نکال کر روشنی میں لانے والی بھی ہے۔ یہ عظیم کتاب غالب و لائق خدا کے راستے کی رہنمائی کرتی ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اللہ تعالیٰ نے پہلی آیت میں اپنے آپ کو "عزیز حمید" کہہ کر لوگوں کے اذہان کو اس حقیقت کی طرف متوجہ کیا ہے کہ جس خدا کی راہ کی دعوت دی جا رہی ہے وہ خدا ایسا غالب ہے جو کبھی مغلوب نہیں ہوسکتا اور وہ غنی مطلق ہے کسی کا محتاج نہیں ہے اور اپنی مخلوق پر فیضانِ کرم کرنے والا ہے۔ لہٰذا جب انعام کرنے والا غالب و غنی ہے تو انعام حاصل کرنے والوں کو بھی چاہیے کہ وہ اس کی دعوت پر لبیک کہیں تاکہ اس کے مزید احسانات کے قابل بن جائیں اور اس کی نافرمانی سے احتراز کریں کیونکہ جہاں وہ رحمٰن و رحیم ہے وہاں وہ "شَدِیدُ العِقَابِ" بھی ہے اور اگر وہ چاہے تو زمین کے باسیوں کو ختم کرکے دوسری مخلوق کو بھی اس زمین پر آباد کرسکتا ہے اور اس نے ایسا کئی بار کیا بھی ہے۔ آسمانوں اور زمین کی آیاتِ "آفاق وانفس" اس حقیقت کی شاہد ہیں کہ تمام نعمات کا سرچشمہ وہی ہے اور وہی لائقِ حمد ہے اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے۔

اللہ تعالیٰ نے بعثتِ رسول کا بنیادی مقصد یہ بیان کیا کہ آپؐ اس کتاب کے ذریعہ سے لوگوں کو تاریکیوں سے نکال کر روشنی میں لے آئیں۔ قرآنِ مجید میں رسولِ خدا کی یہ ذمہ داری بیان کی گئی ہے کہ آپؐ بنی نوع انسان کو تاریکیوں سے نکال کر روشنی میں لے آئیں۔ آپؐ کی نبوت کا دائرہ صرف آپؐ کی قوم قبیلہ تک محدود نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے نزولِ قرآن کی حکمت بیان کرتے ہوئے فرمایا:

تَبٰرَكَ الَّذِیْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِیَكُوْنَ لِلْعٰلَمِیْنَ نَذِیْرَا (الفرقان: ۱)

"وہ ذات صاحبِ برکت ہے، جس نے اپنے بندے پر قرآن نازل کیا کہ وہ تمام جہانوں کے لیے ڈرانے والے بنے"۔

اللہ تعالیٰ نے آپؐ سے فرمایا:

قُلْ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْكُمْ جَمِیْعًا (الاعراف: ۱۵۸)

"آپؐ کہہ دیں کہ اے انسانو! میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول ہوں"۔

آپؐ کی دعوت تمام اقوام و ملل کے لیے ہے خواہ وہ اہلِ کتاب ہوں یا اہلِ کتاب نہ ہوں، جب کہ اس کے برعکس اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰؑ سے فرمایا: اَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ "آپؑ اپنی قوم کو تاریکیوں سے نکال کر روشنی میں لے آئیں"۔

آیاتِ مجیدہ کا مزاج بتاتا ہے کہ سرورِ انبیاءؐ اور حضرت موسیٰؑ دونوں کا مقصدِ بعثت لوگوں کو تاریکیوں سے نکال کر روشنی میں لانا ہے، لیکن حضرت موسیٰؑ کا منصب ان کی قوم تک محدود تھا اور رسولِ اکرمؐ کا منصب پوری انسانیت کے لیے ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

قولہ تعالیٰ: وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ

''ہم نے جس بھی رسول کو بھیجا تو اس کی قوم کی زبان دے کر ہی بھیجا تا کہ وہ اچھی طرح انھیں کھول کر سمجھائے''۔

اللہ تعالیٰ کی یہ سنت رہی ہے کہ جس پیغمبر کو کسی بھی علاقہ میں مبعوث کیا تو وہ اپنے مخاطبین اوّلین کی زبان ہی بولتا تھا۔ اگر اللہ کسی دوسری زبان بولنے والے کو نبی بنا کر بھیجتا تو لوگ کہتے کہ ہمیں تو اس کی زبان ہی سمجھ میں نہیں آتی۔ ہم اس پر ایمان لائیں تو آخر کیسے لائیں؟

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اگرچہ تمام انسانوں کے رسول ہیں' آپؐ کی دعوت تمام اقوام کے لیے ہے' اس کے باوجود اللہ نے آپؐ پر عربی زبان میں قرآن نازل کیا اور آپؐ خود بھی عربی زبان ہی بولتے تھے اس کی وجہ یہ تھی کہ آپؐ کی دعوت کے پہلے مخاطب عرب ہی تھے۔ اگر بالفرض قرآن حکیم چینی زبان میں نازل ہوتا تو اہلِ عرب اسے سمجھ ہی نہ سکتے۔

قولہ تعالیٰ: وَذَكِّرْهُمْ بِاَيّٰمِ اللّٰهِ

''(حضرت موسیٰؑ سے فرمایا) آپؑ انھیں تاریخ الٰہی کے سبق آموز واقعات سنا کر نصیحت کریں''۔

ویسے تو ہر دن اللہ کا ہی دن ہے' لیکن کچھ دن ایسے بھی ہیں جن میں خدا کی قدرتِ کاملہ کا اظہار ہوا ہے مثلاً طوفانِ نوحؑ کا دن' قومِ عادؑ و ثمودؑ کی ہلاکت کے ایام' ابراہیم علیہ السلام پر آگ کا گلزار ہونے کا دن' فرعون کے غرق ہونے کا دن' غرضیکہ تمام ایسے ایام جس میں قدرتِ الٰہی کے غلبہ کا اظہار ہوا ہے وہ تمام دن ایام اللہ کہلاتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے جنابِ موسیٰؑ سے فرمایا: آپؑ لوگوں کو ''ایام اللہ'' کی یاد دہانی کرا کے انھیں نصیحت کریں اور اس کا اثر اللہ نے یہ بیان کیا: اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ۝ ''یقیناً اس میں تمام صبر و شکر کرنے والوں کے لیے نشانیاں ہیں''۔ (اضافہ من المترجم ملخصاً عن المیزان)

کتاب الخصال میں مرقوم ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھ پر اپنا خصوصی کرم کیا اور مجھ سے فرمایا:

''اے محمدؐ! میں نے ہر رسول کو اس کی قوم کی زبان دے کر اس کی قوم کے لیے مبعوث کیا اور میں نے تجھے تمام احمر و اسود کے لیے مبعوث کیا''۔

علل الشرائع میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے انبیاء پر جو بھی

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

وحی کی وہ عربی زبان میں ہی کی تھی البتہ جب انبیاء کے کانوں میں وحی پہنچتی تھی تو ان کی قوم کی زبان میں ہی انھیں سنائی دیتی تھی جب کہ ہمارے رسول کو عربی میں ہی سنائی دیتی تھی اور آنحضرتؐ سے اگر کوئی غیرعرب اپنی زبان میں گفتگو کرتا تو جبریل امینؑ اس کی گفتگو کا عربی میں ترجمہ کر کے آپ کو اسی وقت ہی سنا دیتے تھے۔ یہ اللہ کی طرف سے آپ کے لیے خصوصی اعزاز تھا۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں عبداللہ بن بکیر رجائی سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا:

اے ابن بکیر! یہ بتاؤ کیا رسولِ اکرم کو تمام انسانوں کے لیے رسول مانتے ہو اور یہ تسلیم کرتے ہو کہ آپ کی نبوت تمام اہلِ مشرق و مغرب اور تمام اہل ارض و سماء کے لیے تھی۔

میں (راوی) نے کہا: جی ہاں، ایسا ہی ہے۔

آپؑ نے فرمایا: یہ تو سوچو رسولؐ خدا کی تو پوری زندگی مکہ و مدینہ میں ہی گزری تھی۔ آپؐ نے تمام لوگوں کو کب تبلیغ کی تھی؟

میں (راوی) نے عرض کیا: مولاؑ! میں کچھ نہیں جانتا۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: سنو! اللہ تعالیٰ نے جبریل امینؑ کو حکم دیا تو اُس نے پوری زمین اُٹھا کر آنحضرتؐ کے سامنے پیش کی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تمام اقوام و ملل کو اسلام کی دعوت دی اور ہر قوم سے ان کی زبان میں گفتگو کی۔

تفسیر عیاشی میں مذکور ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ''ایام اللہ'' سے مراد وہ دن ہیں جن میں اللہ نے خصوصی نعمات نازل کی تھیں۔

کتاب الخصال میں مرقوم ہے کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: قائمِ آلِ محمدؐ کے ظہور کا دن، رجعت کا دن اور قیامت کا دن ''ایام اللہ'' میں شامل ہیں۔

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ وَذَكِّرْهُمْ بِأَيَّامِ اللَّهِ سے مراد یہ ہے کہ لوگوں کو خدا کی نعمات کے ایام یاد دلا کر انھیں نصیحت کرو۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

شکر اضافۂ نعمات کا موجب ہے

وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكُمْ لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ اِنَّ عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ ۝

''اور جب تمھارے پروردگار نے اعلان کیا کہ اگر تم نے شکر کیا تو میں تمھارے لیے نعمات میں اضافہ کروں گا اور اگر تم نے ناشکری کی تو یقیناً میرا عذاب بہت سخت ہے''۔

کتاب الخصال میں معاویہ بن عمار سے منقول ہے کہ مجھ سے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: معاویہ! جسے تین چیزیں ملیں تو وہ تین چیزوں سے محروم نہیں رہے گا:

۱- جسے دعا ملی تو وہ قبولیت سے محروم نہیں رہے گا۔

۲- جسے شکر ملا وہ اضافۂ نعمت سے محروم نہیں رہے گا۔

۳- جسے توکل نصیب ہوا سے خدا کی طرف سے کفایت ملے گی۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: ادعونی استجب لکم ''تم مجھ سے دعا مانگو میں قبول کروں گا''۔

شکر کے متعلق اللہ کا فرمان ہے: لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ ''اگر تم نے شکر کیا تو میں تمھاری نعمات میں اضافہ کروں گا''۔

توکل کے متعلق خدا نے فرمایا: وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ۔ (الطلاق:۳) ''جو کوئی اللہ پر توکل کرے تو وہ اس کے لیے کافی ہے''۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جو شخص اللہ کی نعمت کی قدردانی کرے اور زبان سے اللہ کی حمد بجا لائے تو ابھی وہ نعمت ختم نہیں ہوگی کہ اللہ اس میں اضافہ کا حکم صادر کردے گا۔ جیسا کہ فرمانِ الٰہی ہے: لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ ''اگر تم نے شکر کیا تو میں تمھاری نعمات میں اضافہ کروں گا''۔

روضہ کافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جو شخص اپنے دل میں خدا کی نعمت کی قدردانی کرے تو اللہ اس میں اضافہ کا حکم جاری کردیتا ہے، خواہ ابھی اس نے زبان سے شکر نہ بھی کیا ہو۔

احمد بن عمر کا بیان ہے کہ میں اور حسین بن ثویر بن ابی فاختہ امام علی رضا علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ہم نے عرض کیا: مولاؑ! ہمیں فراخیٔ رزق حاصل تھی اور ہماری زندگی اچھی گزر رہی تھی، لیکن اب ہمارے حالات کچھ خراب ہوگئے ہیں۔ آپؑ اللہ سے درخواست کریں کہ وہ ہمارے لیے اچھے دن لوٹا دے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

امام علیہ السلام نے فرمایا: تم کیا چاہتے ہو؟ کیا تم بادشاہ بننا چاہتے ہو؟ کیا تم مامون کے سپہ سالاروں طاہر اور ہرثمہ کی طرح سے بننا چاہتے ہو؟ اور اگر تمھیں طاہر و ہرثمہ جیسا مقام مل جائے اور تم سے ہماری ولایت سلب کرلی جائے تو کیا تمھیں یہ بات قبول ہوگی؟

ہم نے کہا: اگر ہمیں روئے زمین کی تمام چاندی اور سونا بھی دے دیا جائے اور اس سے عقیدۂ ولایت سلب کرلیا جائے تو بھی ہمیں یہ سودا قبول نہیں ہے۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: جب تمھیں آسانی نصیب ہو تو اللہ کا شکر ادا کرو۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَأَزِيدَنَّكُمْ "اگر تم نے شکر کیا تو میں نعمات میں اضافہ کروں گا"۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جب اللہ کسی بندہ پر نعمت نچھاور کرے اور وہ دل میں اس نعمت کی قدر دانی کرے اور زبان سے خدا کی حمد بجا لائے ابھی اس کی کلام نا مکمل ہوگی کہ خدا اس نعمت میں اضافہ کا حکم جاری کردے گا۔ "ابی ولاد" کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا: مولا! اگر ہم اللہ کی نعمت کا شکر بجا لائیں اور خدا کی حمد کریں تو کیا وہ ہماری نعمات میں اضافہ کرے گا؟ آپؑ نے فرمایا: جی ہاں، جو اللہ کی نعمت کا شکر ادا کرے، خدا کی حمد بجا لائے اور دل سے یہ عقیدہ رکھے کہ یہ نعمت خدا کی عطا کردہ ہے غیر اللہ کی طرف سے نہیں ہے تو اللہ اس میں اضافہ کردیتا ہے۔

امالی شیخ الطائفہ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے اپنے شاگرد سدیر سے فرمایا:

اے سدیر! نعمات الٰہی کا استقبال اچھی ہمسائیگی سے کرو جو تم پر نعمت کرے اس کا شکر ادا کرو اور جو تمہارا شکریہ ادا کرے اس کو مزید عطا کرو اور جب تم ایسا کرو گے تو خدا کی طرف سے اضافہ نعمت اور اپنے بھائیوں کی طرف سے خیر خواہی کے حق دار بن جاؤ گے۔ پھر آپؑ نے لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَأَزِيدَنَّكُمْ کی آیت تلاوت فرمائی۔

اصول کافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جب بھی کوئی شخص خدا کی عطا کردہ نعمت کی دل سے قدر دانی کرے اور زبان سے اللہ کی حمد بجا لائے جیسے ہی اس کی حمد مکمل ہوگی تو اللہ اس کے لیے اضافۂ نعمت کا حکم جاری کردیتا ہے۔

ابوبصیر کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا: کیا شکر کی کوئی حد ہے کہ جب بندہ اس پر عمل کرے تو وہ شاکر کہلائے؟

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

آپؑ نے فرمایا: جی ہاں' انسان کو اہل و مال کے متعلق جو بھی نعمت حاصل ہو اس پر خدا کی حمد بجالائے اور مالی فرائض انجام دے۔

حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے فرمایا: جس نے نعمت پر خدا کی حمد کی تو اس نے اس کا شکر ادا کیا اور حمد اس نعمت سے افضل ہے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اللہ جب کسی بندہ پر بڑی یا چھوٹی نعمت نازل کرے اور وہ نعمت کے حصول پر الحمدللہ کہے تو اس نے نعمت کا شکر ادا کر دیا۔ ایک اور حدیث میں آپؑ سے منقول ہے کہ دل سے نعمت کی قدردانی شکرِ نعمت ہے۔

ایک اور روایت میں آپؑ سے منقول ہے کہ محرمات سے پرہیز نعمت کا شکر ہے اور شکر کی تکمیل اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ کے الفاظ سے ہوتی ہے۔

امیر المومنین علی علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: نعمات کا شکر ادا کرنے سے رزق میں اضافہ ہوتا ہے۔

امالی شیخ الطائفہ میں رقم طراز ہیں کہ امام زین العابدین علیہ السلام سے مروی ہے کہ آپؑ نے اپنے ایک فرزند سے فرمایا: بیٹا! اللہ کا شکر ادا کرتے رہو اور جو تم پر احسان کرے اس کا بھی شکریہ ادا کرو۔ اور جو تمھارے احسان کے بعد تمھارا شکریہ ادا کرے اس پر مزید احسان کرو۔ یاد رکھو! جب نعمت کا شکر ادا کیا جائے تو وہ زائل نہیں ہوگی اور جب کفرانِ نعمت ہو تو نعمت باقی نہیں رہے گی اور شکر کی وجہ سے انسان کو نعمت سے بھی زیادہ سعادت حاصل ہوتی ہے۔ پھر آپؑ نے لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَأَزِيدَنَّكُمْ کی آیت پڑھی۔

علل الشرائع میں امام علی رضا علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: نمازِ فریضہ کے بعد سجدۂ شکر اس لیے کیا جاتا ہے کہ بندہ اللہ کی اس توفیق کا شکریہ ادا کرتا ہے کہ اس نے اسے نمازِ فریضہ پڑھنے کی توفیق عطا کی ہے اور سجدۂ شکر میں کم از کم تین بار شُكْراً لِلّٰهِ پڑھنا چاہیے۔ شکر اضافہ نعمت کا سبب ہے اور اگر نماز میں کوئی کمی ہوگی تو سجدۂ شکر سے اس کی تلافی ہو جائے گی۔

مجمع البیان میں حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جب تم پر نعمات کا سلسلہ شروع ہو جائے تو قلتِ شکر سے بعد میں آنے والی نعمات کو آنے سے مت روکو۔

اصولِ کافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ کفر کی بھی کئی اقسام ہیں۔ ان میں ایک قسم کفرانِ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

نعمت ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَأَزِيدَنَّكُمْ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ إِنَّ عَذَابِي لَشَدِيدٌ ۝ ''اگر تم نے شکر کیا تو میں تمہاری نعمات میں اضافہ کروں گا اور اگر تم نے ''کفر'' کیا (یعنی نعمات کی ناقدری کی) تو میرا عذاب بڑا سخت ہے''۔

خدا پر ہی توکل کرنا چاہیے

وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُونَ ۝

''بھروسہ کرنے والوں کو خدا پر ہی بھروسہ کرنا چاہیے''۔

اہلِ ایمان کو چاہیے کہ وہ زندگی کے ہر نشیب و فراز میں خدا پر ہی بھروسہ کریں' کیونکہ تمام قوتوں کا مالک خدا ہے اور موت و حیات' عزت و ذلت' تمول و افلاس' بیماری و صحت' اولاد کا ہونا نہ ہونا سب اس کے قبضۂ قدرت میں ہے۔ مادی سہارے سب کے سب عارضی اور ناپائیدار ہیں۔ توکل ہی حاصلِ ایمان ہے' لیکن توکل کا یہ مطلب نہیں ہے کہ انسان مادی سہارے کی طرف متوجہ بھی نہ ہو۔ انسان اپنی طرف سے پوری جانفشانی سے کام کرے اور اس کا نتیجہ خدا پر چھوڑ دے جس طرح سے ایک کسان اپنی زمین تیار کرتا ہے۔ اس میں اعلیٰ قسم کا بیج بوتا ہے اور وقت پر اسے پانی اور کھاد فراہم کرتا ہے۔ اب اس کی کھیتی کے ثمر کے حصول کے لیے اسے خدا پر بھروسہ کرنا چاہیے۔

یہی وجہ ہے کہ اس آیت کے ضمن میں معصومین نے کاشتکاروں کا خصوصیت سے ذکر کیا۔

خواصِ آیت

مجمع البیان میں ابودرداء سے منقول ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اگر کھٹمل تمھیں تکلیف پہنچا رہے ہوں تو ایک پیالے میں پانی لو اور اس پر وَمَا لَنَا أَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللَّهِ وَقَدْ هَدَانَا سُبُلَنَا وَلَنَصْبِرَنَّ عَلَى مَا آذَيْتُمُونَا وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُونَ ۝ کی آیت مجیدہ کو سات بار پڑھ کر پانی پر دم کرو اور ہر بار یہ الفاظ کہو: فان کنتم امنتم باللہ فکنوا شرکم واذا کم عنا (اگر تم خدا پر ایمان رکھتے ہو تو اپنے شر اور اذیت سے ہمیں محفوظ رکھو) پھر اپنے بستر کے گرد وہ پانی چھڑکاؤ۔ خدا نے چاہا تو تمام رات کھٹملوں کے کاٹنے سے محفوظ رہو گے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آپؐ نے فرمایا:

جو شخص اپنے ہمسائے کے مکان کو حاصل کرنے کے لیے اسے اذیت دے تو اللہ تعالیٰ اذیت دینے والے کا مکان دوسرے ہمسائے کے سپرد کر دے گا جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: فَأَوْحَى إِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ لَنُهْلِكَنَّ الظَّالِمِينَ ۝ وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ "''ان کے ربؑ نے ان کی طرف وحی کی کہ ہم یقیناً ظالموں کو ہلاک کریں گے اور ان کے بعد تمھیں زمین میں رہائش دیں گے''۔

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ حدیث میں وارد ہے: مَنْ آذٰی جَارَهٗ وَكَّلَهُ اللّٰهُ دَارَهٗ ''جو اپنے ہمسائے کو اذیت دے تو اللہ تعالیٰ اس کا مکان اسی ہمسائے کے سپرد کر دیتا ہے''۔

کتاب جعفر بن محمد الدوریستی میں مرقوم ہے کہ ابن مسعود بیان کرتے ہیں کہ جب یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا قُوْۤا اَنْفُسَكُمْ وَ اَهْلِیْكُمْ نَارًا وَّ قُوْدُهَا النَّاسُ وَ الْحِجَارَةُ (التحریم:۶۔ ''اے ایمان والو! اپنے آپ کو اور اپنے خاندان کو اس آگ سے بچاؤ جس کا ایندھن لوگ اور پتھر ہوں گے'') کی آیتِ مجیدہ نازل ہوئی تو رسولؐ خدا نے لوگوں کے سامنے اس آیت کو پڑھا۔ ایک نوجوان پر اسی آیت کا اتنا اثر ہوا کہ وہ بے ہوش ہو کر گر پڑا۔ نبی اکرمؐ نے اس کے دل پر ہاتھ رکھا تو یوں محسوس ہوا کہ وہ شدتِ خوف سے باہر نکلنے کو ہو۔

آپؐ نے نوجوان سے فرمایا کہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ پڑھو۔ نوجوان ہوش میں آیا اور اس نے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ پڑھا۔ آپؐ نے اس نوجوان کو جنت کی بشارت دی۔

لوگوں نے عرض کیا کہ یارسولؐ اللہ! آپؐ نے اسے جنت کی بشارت کیوں دی ہے؟

آنحضرتؐ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: ذٰلِكَ لِمَنْ خَافَ مَقَامِیْ وَ خَافَ وَعِیْدِ ۝ ''یہ انعام اس کے لیے ہے جو میرے حضور جواب دہی کا خوف رکھتا ہو اور میری وعید سے ڈرتا ہو''۔

ہر سرکش عداوت رکھنے والے کے لیے ہلاکت ہے

روضہ کافی میں ابوبصیر سے منقول ہے کہ ایک دن آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صحابہ کے مجمع میں تشریف فرما تھے کہ حضرت علی علیہ السلام وہاں آئے۔ نبی اکرمؐ نے آپؑ سے فرمایا:

اے علیؑ! تمھارے اندر عیسیٰ بن مریمؑ کی مشابہت پائی جاتی ہے۔ اگر مجھے یہ اندیشہ نہ ہوتا کہ لوگ تیرے متعلق وہی باتیں نہ کرنے لگ جائیں جو نصاریٰ حضرت مسیحؑ کے متعلق کرتے ہیں تو میں تیرے اتنے فضائل بیان کرتا کہ جہاں سے تیرا گزر ہوتا لوگ تیرے قدموں کی مٹی کو تبرک سمجھ کر اٹھانے لگ جاتے۔

حضرتؐ کا یہ فرمان سن کر کچھ اعرابیوں پر گراں گزرا۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کی یہ آیت نازل فرمائی: وَ لَمَّا ضُرِبَ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

بْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا إِذَا قَوْمُكَ مِنْهُ يَصِدُّونَ ۝ (الزخرف:۵۷) ''جب ابن مریم کی مثال بیان کی جاتی ہے تو آپ کی قوم اس سے منہ موڑ لیتی ہے''۔

حارث بن عمرو الفہری نے یہ سنا تو اس نے کہا: خدایا! اگر یہ بات حق ہے تو ہم پر آسمان سے پتھروں کی بارش نازل کر یا ہم پر دردناک عذاب بھیج دے۔

اللہ تعالیٰ نے اس کے سوال کے جواب میں یہ آیت نازل فرمائی: وَمَا كَانَ اللَّهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَأَنْتَ فِيهِمْ (انفال:۳۳) ''جب تک آپ ان کے درمیان موجود ہیں اس وقت تک خدا ان پر عذاب نازل نہیں کرے گا''۔

اس کے بعد آنحضرتؐ نے اس سے فرمایا: تو توبہ کرتا ہے یا یہاں سے جانا پسند کرتا ہے؟

فہری نے کہا: محمدؐ! آپؐ نے تو عرب وعجم کی ساری فضیلتیں بنی ہاشم میں جمع کر دی ہیں۔ آپ قریش کو بھی اس کا حصہ دار بنائیں۔

آنحضرتؐ نے فرمایا: یہ بات میرے اختیار میں نہیں ہے۔

اس نے کہا: میرا دل توبہ کرنا پسند نہیں کرتا۔ البتہ میں آپؐ کے شہر کو چھوڑ دینا چاہتا ہوں۔ یہ کہہ کر وہ اپنی اونٹنی پر سوار ہوا اور جب وہ مدینہ سے باہر پہنچا تو آسمان سے ایک پتھر گرا جس سے اس کا سر پاش پاش ہوگیا۔ اس وقت جبریلؑ امین یہ آیت لے کر نازل ہوئے: سَأَلَ سَائِلٌ بِعَذَابٍ وَاقِعٍ ۝ (المعارج:۱) ''سوال کرنے والے نے آنے والے عذاب کا سوال کیا''۔

رسولؐ خدا نے وہاں پر موجود منافقین سے فرمایا: جاؤ اور اپنے ساتھی کا جا کر حشر دیکھو۔ اس کی خواہش کے مطابق خدا نے اس کا فیصلہ کر دیا ہے۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: وَاسْتَفْتَحُوا وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيدٍ ۝ ''اور انھوں نے فیصلہ کی درخواست کی اور ہر سرکش عداوت رکھنے والا ہلاک ہوگیا''۔

کتاب التوحید میں مرقوم ہے کہ انس بن مالک کا بیان ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص لا الٰہ الا اللہ کا انکار کرے تو وہ ''جبار عنید'' ہے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: ''عنید'' وہ ہے جو حق سے منہ موڑنے والا ہو۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

دوزخ کا پانی

مِنْ وَّرَآئِهٖ جَهَنَّمُ وَيُسْقٰى مِنْ مَّآءٍ صَدِيْدٍ ۝ يَّتَجَرَّعُهٗ وَلَا يَكَادُ يُسِيْغُهٗ وَيَاْتِيْهِ الْمَوْتُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّمَا هُوَ بِمَيِّتٍ ۭ وَمِنْ وَّرَآئِهٖ عَذَابٌ غَلِيْظٌ ۝

''اور اس کے پیچھے دوزخ ہے اور اسے پیپ ملا ہوا لہو پلایا جائے گا جسے وہ زبردستی حلق سے اُتارنے کی کوشش کرے گا جسے وہ مشکل سے اُتار سکے گا اور ہر طرف سے اسے موت گھیرے ہوئے ہوگی مگر وہ مرنے نہ پائے گا اور اس کے پیچھے سخت عذاب ہوگا''۔

مجمع البیان میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: اہلِ دوزخ کو مَّآءٍ صَدِيْدٍ پلایا جائے گا اور یہ وہ پیپ اور لہو ملا ہوا پانی ہوگا جو زناکاروں کی شرم گاہوں سے نکلے گا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب دوزخ کا اُبلتا ہوا پانی کسی کے سامنے لایا جائے گا تو وہ پینے سے کراہت کرے گا۔ پانی اتنا گرم ہوگا کہ اس سے اس کا چہرہ جل جائے گا اور سر کی کھال ادھڑ جائے گی اور جب وہ اسے پیئے گا تو اس کی انتڑیاں کٹ جائیں گی اور دبر کے راستے سے باہر آجائیں گی۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: وَسُقُوْا مَآءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَآءَهُمْ (محمد:۱۵) ''اور انھیں گرم پانی پلایا جائے گا جو ان کی انتڑیوں کو کاٹ دے گا''۔

اللہ تعالیٰ نے مزید فرمایا ہے: وَاِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِي الْوُجُوْهَ (الکہف:۲۹) ''اور اگر وہ فریاد کریں گے تو ان کی فریاد رسی تانبے کی طرح سے گرم پانی سے کی جائے گی جو چہروں کو جھلسا دے گا''۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو کوئی شراب پیئے تو اللہ چالیس دنوں تک اس کی نماز قبول نہیں کرے گا اور اگر موت کے وقت اس کے شکم میں شراب کا کچھ حصہ ہوا تو خدا کا حق ہے کہ اسے زناکاروں کی شرم گاہوں سے نکلنے والے پیپ اور لہو سے دوزخ میں اس کی پیاس بجھائے۔

اس روایت کو حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے اپنے آبائے طاہرینؑ کی سند سے آنحضرتؐ سے نقل کیا ہے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ اہلِ دوزخ کے سامنے کھولتا ہوا پانی پیش کیا جائے گا جس سے ان کا چہرہ جھلس جائے گا اور ان کے سر کی کھال اُتر جائے گی اور جب وہ اس پانی کو پئیں گے تو ان کی انتڑیاں کٹ کر ان کے قدموں میں آکر گریں گی اور ایک ایک دوزخی کے بدن سے پیپ اور خون کی وادی جاری ہوگی۔ وہ اتنا روئیں گے کہ ان کے چہروں پر نہریں

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ی بن جائیں گی۔ روتے روتے ان کے آنسو خشک ہو جائیں گے تو آنسوؤں کی جگہ وہ خون روئیں گے اور وہ اتنی مقدار میں ہوگا کہ اس میں کشتیاں چل سکیں گی۔ اسی کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: وَسُقُوا مَاءً حَمِيمًا فَقَطَّعَ أَمْعَاءَهُمْ (محمد:۱۵) ''اور انھیں کھولتا ہوا پانی پلایا جائے گا جو ان کی انتڑیوں کو کاٹ دے گا''۔

تفسیر عیاشی میں امیر المومنین علی علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپ نے فرمایا: اہل دوزخ کو زقوم اور دھوئیں کی غذا دی جائے گی جس سے انھیں سخت خشکی محسوس ہوگی۔ وہ پانی کی درخواست کریں گے ان کے لیے پیپ ملا ہوا لہو پیش کیا جائے گا جسے وہ زبردستی حلق سے نیچے اتارنے کی کوشش کریں گے اور وہ اسے مشکل سے نیچے اتاریں گے اور انھیں ہر طرف سے موت گھیرے ہوئے ہوگی، لیکن وہ مر نہ سکیں گے اور ان کے پیچھے سخت عذاب ہوگا۔

منکرین ولایت کے اعمال راکھ کا ڈھیر ثابت ہوں گے

مَثَلُ الَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ أَعْمَالُهُمْ كَرَمَادٍ اشْتَدَّتْ بِهِ الرِّيحُ فِي يَوْمٍ عَاصِفٍ ۖ لَا يَقْدِرُونَ مِمَّا كَسَبُوا عَلَىٰ شَيْءٍ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الضَّلَالُ الْبَعِيدُ ○

''وہ لوگ جنھوں نے اپنے رب کا انکار کیا ہے ان کے اعمال کی مثال اس راکھ کی سی ہے جسے طوفانی دن کی آندھی نے اڑا دیا ہو وہ اپنے کیے کا کچھ بھی پھل حاصل نہ کر سکیں گے۔ یہی پرلے درجے کی گمراہی ہے''۔

یہ آیتِ مجیدہ نزول کے اعتبار سے اگرچہ منکرین رب کے متعلق ہے مگر ''قاعدہ جری'' کے تحت یہ کچھ دوسرے طبقات پر بھی مشتمل ہے، جیسا کہ حسب ذیل دو روایات میں مذکور ہے۔

اصول کافی میں محمد بن مسلم سے منقول ہے کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا: اے محمد! تمھیں معلوم ہونا چاہیے کہ ائمہ جور اور ان کے پیروکاروں کا دین میں کوئی حصہ نہیں ہے، وہ خود بھی گمراہ ہیں اور دوسروں کو بھی گمراہ کرنے والے ہیں، ان کے اعمال کی حیثیت راکھ کے اس ڈھیر کی سی ہے جسے طوفانِ دن کی آندھی نے اڑا دیا ہو۔ وہ اپنے کیے کا کچھ بھی پھل نہ پا سکیں گے اور یہی پرلے درجے کی گمراہی ہے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ جو امیر المومنین علی علیہ السلام کی ولایت کا منکر ہو تو اس کا عمل باطل ہوگا اور اس کے اعمال کی مثال اس راکھ کی سی ہے جسے طوفانی دن کی آندھی نے اڑا دیا ہو۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

وضاحت: مذکورہ بالا دونوں روایات ''قاعد جری'' کا پھیلاؤ ہیں۔

شیخ الطائفہ مصباح میں رقم طراز ہیں کہ روزِ غدیر امیر المومنین علی علیہ السلام نے خطبہ دیا اور فرمایا:

''اے لوگو! خدا کی توحید کا اقرار کر کے اس کا تقرب حاصل کرو اور جن کی اطاعت کا تمھیں حکم دیا گیا ہے ان کی اطاعت کرو۔ اس سے تمھیں قربِ الٰہی حاصل ہوگا اور کافر عورتوں کے بازومت تھامو اور گمراہ اور گمراہ کنندہ افراد کی پیروی کر کے راہِ راست سے علیحدگی اختیار نہ کرو۔ اللہ تعالیٰ نے ایک گروہ کی مذمت کی اور فرمایا کہ وہ قیامت کے دن خدا کے حضور یہ کہیں گے کہ پروردگار! ہم نے اپنے سرداروں اور وڈیروں کی اطاعت کی تھی۔

ایسے ہی کمزور افراد کے متعلق خدا نے بیان دیا ہے کہ وہ متکبرین سے کہیں گے کہ دنیا میں ہم تمھارے پیچھے چلتے رہے تھے تو کیا آج تم ہمیں خدا کے عذاب سے بچا سکتے ہو؟ وہ کہیں گے: اگر اللہ نے ہمیں راہِ نجات دکھائی ہوتی تو ہم بھی تمھیں ضرور دکھاتے۔

لوگو! جانتے ہو کہ ''استکبار'' کیا ہے؟

سنو! ''استکبار'' یہ ہے کہ جس کی اطاعت کا خدا نے حکم دیا ہے اس کی اطاعت کو چھوڑ دیا جائے اور جس کی پیروی کا خدا نے حکم دیا ہے اس پر برتری حاصل کی جائے۔ قرآن کریم میں اس کی بہت سی مثالیں موجود ہیں۔

شیطان اپنے پیروکاروں سے بیزاری کا اعلان کرے گا

وَقَالَ الشَّيْطٰنُ لَمَّا قُضِيَ الْاَمْرُ اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ وَوَعَدْتُّكُمْ فَاَخْلَفْتُكُمْ ۭ وَمَا كَانَ لِيَ عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّآ اَنْ دَعَوْتُكُمْ فَاسْتَجَبْتُمْ لِيْ ۚ فَلَا تَلُوْمُوْنِيْ وَلُوْمُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ مَآ اَنَا بِمُصْرِخِكُمْ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُصْرِخِيَّ ۭ اِنِّىْ كَفَرْتُ بِمَآ اَشْرَكْتُمُوْنِ مِنْ قَبْلُ ۭ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۲۲

''جب فیصلہ کر دیا جائے گا تو اسی وقت شیطان کہے گا کہ اللہ نے جو تم سے وعدے کیے تھے وہ سچے تھے۔ میں نے تم سے جو وعدے کیے تھے وہ میں نے تم سے پورے نہیں کیے۔ میری تم سے کوئی حکومت تو تھی نہیں۔ میرا قصور تو صرف اتنا سا ہے کہ میں نے تمھیں پکارا تھا۔ تم نے میری پکار پر لبیک کہا' لہٰذا تم مجھے ملامت نہ کرو۔ اپنے آپ کو ملامت کرو۔ میں تمھاری فریاد رسی نہیں کر سکتا اور نہ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

تم میری فریاد رسی کر سکتے ہو۔ اس سے پہلے تم نے جو مجھے خدا کا شریک ٹھیرایا ہوا تھا' میں اس کا انکار کرتا ہوں۔ یقیناً ظالموں کے لیے دردناک عذاب ہے''۔

اگر چہ لفظ شیطان کا اطلاق ہر گمراہ کرنے والے فرد پر ہوتا ہے' مگر آیتِ مجیدہ میں جس شیطان کا ذکر ہے اس سے وہی اصلی شیطان مراد ہے جو کہ گمراہی اور فساد کی جڑ ہے۔ قیامت کے دن وہ اپنے پیروکاروں سے بیزاری کا اظہار کرے گا اور اپنے پیروکاروں سے کہے گا کہ میری تم پر کوئی حکومت تو نہیں تھی اور مجھے تم پر کسی طرح کا غلبہ حاصل نہ تھا۔ میں مانتا ہوں کہ میں نے تمھیں گمراہی کی دعوت دی تھی' مگر تم بھی تو سوچو کہ تم نے میری آواز پر لبیک کیوں کہا تھا؟ لہٰذا مجھے لعنت ملامت کرنے کے بجائے آج اپنے آپ کو ملامت کرو۔ میں نے تمھیں جو لمبی اُمیدیں دی تھیں وہ کوتاہ ثابت ہوئیں۔ میں نے تم سے کہا تھا کہ قیامت کا وقوع ایک وہم ہے لیکن وہ حقیقت ثابت ہوئی۔ میں نے تمھیں دوزخ و جنت کے متعلق کہا تھا کہ ان کا کوئی وجود نہیں ہے جب کہ آج تم انھیں اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہو۔ قیامت کے دن صرف ابلیس ہی اپنے پیروکاروں سے اظہارِ برأت نہیں کرے گا بلکہ ہر متبوع اپنے تابع سے بیزاری کا اعلان کرے گا اور اتباع کرنے والے کہیں گے کہ کاش ہمیں ایک بار دنیا میں لوٹا دیا جائے تو ہم بھی ان سے ویسی ہی بیزاری کریں گے جیسا کہ آج یہ ہم سے بیزاری اختیار کر رہے ہیں۔

کلمہ طیبہ کی مثال

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ ﴿۲۴﴾ تُؤْتِيْٓ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍ بِاِذْنِ رَبِّهَا ۭ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۵﴾

''کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے کلمہ طیبہ کی کیسی مثال دی ہے؟ اس کی مثال ایک پاکیزہ درخت کی سی ہے' جس کی جڑ زمین میں گہری جمی ہوئی ہو اور اس کی شاخ آسمان میں پہنچی ہوئی ہو اور وہ ہر وقت اپنے رب کے حکم سے پھلا پھولا رہتا ہو۔ اللہ تعالیٰ مثالیں بیان کرتا ہے' تاکہ لوگ نصیحت حاصل کریں''۔

کلمۂ طیبہ سے کیا مراد ہے؟ اس کے متعلق مفسرین سے مختلف اقوال منقول ہیں: (۱) اس سے لا الٰہ الا اللہ کی گواہی

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

مراد ہے (۲) اس سے ایمان مراد ہے (۳) اس سے قرآن مراد ہے (۴) اس سے تسبیح وتنزیہ مراد ہے (۵) اس سے اللہ کی مطلق ثنا مراد ہے (۶) اس سے ہر اچھی بات مراد ہے (۷) اس سے تمام اطاعات مراد ہیں (۸) اس سے مومن مراد ہے۔

کلمۂ طیبہ کی طرح سے ''شجرۂ طیبہ'' کے متعلق بھی مفسرین سے بہت سے اقوال منقول ہیں: (۱) اکثریت کا قول یہ ہے کہ اس سے کھجور کا درخت مراد ہے (۲) اس سے ناریل کا درخت مراد ہے (۳) اس سے انجیر انگور اور انار جیسے پاکیزہ درخت مراد ہیں (۴) اس سے وہ درخت مراد ہے جو ہمہ وقت پھل دیتا ہو اگرچہ ایسا درخت بالفعل موجود نہیں ہے۔

لفظ ''حین'' کے متعلق بھی مختلف اقوال منقول ہیں: (۱) اس سے دو ماہ کا عرصہ مراد ہے (۲) اس سے چھ ماہ کا عرصہ مراد ہے (۳) اس سے ایک سال کا عرصہ مراد ہے (۴) اس سے ہر صبح شام کا وقت مراد ہے (۵) اس سے تمام اوقات مراد ہیں (اضافہ من المترجم ملخصا عن المیزان)

اصول کافی میں عمرو بن حدیث سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ وہ درخت کون سا ہے، جس کی جڑ زمین میں بڑی گہری اور اس کی شاخ آسمان میں ہے اور وہ ہمیشہ پھل دیتا رہتا ہے؟

آپؑ نے فرمایا: رسول اکرمؐ اس شجرۂ طیبہ کی جڑ ہیں اور امیر المومنین علی علیہ السلام اس کی شاخ ہیں اور ائمہ طاہرینؑ اس کی ٹہنیاں ہیں اور ائمہؑ کا علم اس کا ثمر ہے اور ان کے ماننے والے شیعہ اس درخت کے پتے ہیں۔

پھر آپؑ نے فرمایا: خدا کی قسم جب مومن پیدا ہوتا ہے تو اس درخت پر ایک نیا پتہ لگتا ہے اور جب کوئی مومن مرتا ہے تو اس شجرہ طیبہ سے ایک پتہ گر جاتا ہے۔

کتاب الخصال میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آپؐ نے فرمایا: لوگ مختلف درختوں کی پیداوار ہیں جب کہ میںؐ اور علی بن ابی طالبؑ ایک ہی درخت سے تعلق رکھتے ہیں۔ علیؑ میری جڑ اور جعفرؑ میری فرع ہے۔

کتاب کمال الدین وتمام النعمۃ میں عمر بن صالح السابری سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَفَرْعُهَا فِي السَّمَاءِ کی آیت مجیدہ کے متعلق سوال کیا تو آپؑ نے فرمایا:

اس شجرۂ طیبہ کی جڑ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں اور حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام اس کی شاخ ہیں اور حسنین کریمین علیہما السلام اس کا ثمر ہیں اور اولادِ حسینؑ کے نو اماموںؑ اس کی ٹہنیاں ہیں اور شیعہ اس کے پتے ہیں اور جب کسی شیعہ کی وفات ہوتی ہے تو اس درخت کا ایک پتہ گر جاتا ہے۔

میں (راوی) نے کہا: تُؤْتِيَ أُكُلَهَا كُلَّ حِينٍ (وہ ہر وقت پھل دیتا رہتا ہے) کا کیا مقصد ہے؟

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

آپؑ نے فرمایا: اس سے امام کا علم مراد ہے، جس کا ہر وقت اظہار ہوتا رہتا ہے۔

الخرائج والجرائح میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے اپنے شاگردوں کے مجمع میں فرمایا: تم چاہتے ہو کہ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ کی تفسیر مجھ سے سنو؟ تو پھر سن لو ہم اپنے شیعوں کو جتنا چاہتے ہیں علم عطا کرتے ہیں۔

کتاب علل الشرائع میں مرقوم ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: اگر کوئی شخص نذر مانے کہ میں ایک زمانہ تک روزے رکھوں گا تو اسے چاہیے کہ وہ پانچ ماہ تک روزے رکھے اور اگر کوئی شخص یہ نذر مانے کہ میں ایک ''حین'' تک روزے رکھوں گا تو اسے چاہیے کہ وہ چھ ماہ تک روزے رکھے۔

الکافی میں بھی یہ روایت انھی الفاظ سے مرقوم ہے۔

کتاب معانی الاخبار میں جابر جعفی سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ ۝ تُؤْتِيْٓ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍۭ بِاِذْنِ رَبِّهَا کی آیت مجیدہ کے متعلق سوال کیا تو آپؑ نے فرمایا: شجرۂ طیبہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں اور شاخ حضرت علیؑ ہیں اور درخت کی ٹہنی حضرت سیدہ سلام اللہ علیہا ہیں اور جناب سیدہ سلام اللہ علیہا کی اولاد اس درخت کا ثمر ہے۔ جب ہمارا کوئی شیعہ پیدا ہوتا ہے تو درخت پر نیا پتہ لگ جاتا ہے۔

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ انس بن مالک کا بیان ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پاکیزہ درخت کھجور کا درخت ہے۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: كُلَّ حِيْنٍ کا مقصد یہ ہے کہ وہ چھ ماہ بعد پھل دیتا ہے۔

الکافی میں مرقوم ہے کہ صادقین علیہما السلام میں سے ایک بزرگوار نے فرمایا: جب تم کوئی درخت کاشت کرو یا کوئی اور جنس کاشت کرو تو اسی وقت مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ..... کی آیت مجیدہ کی تلاوت کرو۔

احتجاج طبرسی میں امیر المومنین علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے وارثانِ کتاب اور اس کے ظاہر و باطن کے جاننے والوں کو ایسے شجر سے تشبیہ دی ہے جس کی جڑ گہری اور اس کی شاخ آسمان پر ہے اور وہ اللہ کے حکم سے ہر وقت پھل دیتا رہتا ہے۔ مقصد یہ ہے کہ اس سے ہر وقت علم کا اظہار ہوتا رہتا ہے۔

اگر منافقین کو اس آیت کے مفہوم کا پتہ چل جاتا تو وہ اس آیت کو قرآن کریم سے ہی حذف کر دیتے۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام محمد باقر اور حضرت امام جعفر صادق علیہما السلام سے منقول ہے کہ شجرہ طیبہ کی اصل حضرت

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

رسول اکرمؐ ہیں اور شاخ سے مراد ولایت ہے جو اس میں داخل ہو جائے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اللہ نے اہل بیتؑ پیغمبر کی مثال ''شجرہ طیبہ'' سے دی ہے اور ان کے دشمنوں کی مثال ''شجرہ خبیثہ'' سے دی ہے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: شجرۂ طیبہ حضرت رسولؐ خدا ہیں' ان کا نسب بنی ہاشم میں ثابت ہے اور حضرت علی علیہ السلام اس پاکیزہ درخت کی شاخ ہیں اور حضرت سیدہ سلام اللہ علیہا اس پاکیزہ درخت کی ٹہنی ہیں اور علیؑ و بتولؑ کی اولاد یعنی ائمہ ہدیٰ اس کا ثمر ہیں اور ان کے شیعہ اس درخت کے پتے ہیں۔ جب بھی ہمارے کسی شیعہ کی پیدائش ہوتی ہے تو اس درخت پر نیا پتہ نگ جاتا ہے اور جب کسی شیعہ کی وفات ہوتی ہے تو ایک پتہ گر جاتا ہے اور تُؤْتِیْۤ اُكُلَهَا كُلَّ حِیْنٍ سے ائمہؑ کے وہ فتاویٰ مراد ہیں جنھیں وہ وقتاً فوقتاً جاری کرتے رہتے ہیں خاص طور پر ایسے فتاویٰ جن کا تعلق حج وعمرہ اور حلال وحرام کے سائل سے ہوتا ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے دشمنانِ آلِ محمدؐ کی مثال ناپاک درخت سے دی ہے جسے زمین کے اُوپر سے اُکھاڑ دیا جائے اور اسے کوئی ثبات نہ ہو۔

شجرۂ خبیثہ

وَ مَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِیْثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِیْثَةِ ِۨاجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ۝

''کلمۂ خبیثہ کی مثال خبیث درخت کی سی ہے' جو زمین کی سطح سے اکھاڑ پھینکا جائے' اس کے لیے کوئی استحکام نہیں ہے''۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: کفار کے اعمال آسمان تک نہیں پہنچتے اور بنی اُمیہ خدا کا ذکر نہ تو مسجد میں کرتے ہیں اور نہ محفل اور چند قلیل افراد کے علاوہ ان کے اعمال آسمان تک نہیں پہنچتے۔

جوامع الجامع میں مرقوم ہے کہ شجرۂ خبیثہ سے ہر وہ درخت مراد ہے جس کا پھل بیکار ہو' جیسے حنظل وغیرہ۔ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: بنی اُمیہ بھی شجرۂ خبیثہ میں شامل ہیں۔

مال' اولاد اور اعمال

الکافی میں سوید بن غفلہ سے منقول ہے کہ امیر المومنین علی علیہ السلام نے فرمایا: جب انسان کی زندگی کا چراغ گل

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ہونے لگتا ہے اور وہ آخرت میں قدم رکھنے کو ہوتا ہے تو اس وقت اس کا مال' اس کی اولاد اور اس کے اعمال اس کے سامنے مجسم ہو کر سامنے آتے ہیں۔ اس وقت وہ اپنے مال سے کہتا ہے کہ میں تیرا عاشق تھا اور ہمیشہ تجھ سے محبت کرتا تھا۔ آج میں رخصت ہو رہا ہوں بتاؤ تم میری کیا مدد کر سکتے ہو؟

اس وقت مال کہتا ہے کہ مجھ سے اپنا کفن لے لو۔ پھر وہ اپنی اولاد کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور کہتا ہے کہ میں تم سے محبت کرتا تھا اور میں ہمیشہ تمہارا دفاع کیا کرتا تھا' آج میں تم سے جدا ہو رہا ہوں بتاؤ تم میری کیا مدد کر سکتے ہو؟

اس وقت اولاد کہتی ہے' ہم تجھے قبر تک لے جائیں گے اور تجھے دفن کریں گے۔ پھر مرنے والا اپنے عمل کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور اس سے کہتا ہے کہ میں زندگی میں تجھ سے اکثر بیزار رہتا تھا اور تو مجھے گراں محسوس ہوتا تھا۔ آج میں دنیا سے جا رہا ہوں' بتاؤ تم میری کیا مدد کر سکتے ہو؟

اس وقت عمل کہے گا: میں تیری قبر میں تیرا ساتھی بنوں گا اور قیامت تک تیرے ساتھ رہوں گا۔

اگر مرنے والا اللہ کا دوست ہوتا ہے تو اس کا عمل اس کے پاس قبر میں جاتا ہے۔ اس کا چہرہ بڑا حسین ہوتا ہے اور اس نے خوب صورت لباس زیب تن کیا ہوتا ہے اور وہ مرنے والے سے کہتا ہے کہ تجھے خوشبو' تسکین اور جنت النعیم کی بشارت ہو۔

مرنے والا اپنی لحد میں کہتا ہے کہ تو کون ہے؟

وہ کہتا ہے: میں تیرا نیک عمل ہوں۔ میں تجھے جنت میں لے جاؤں گا۔ مرنے والا اپنے غسال کو پہچانتا ہے اور اپنا جنازہ اٹھانے والوں سے کہتا ہے کہ مجھے جلدی سے قبر میں پہنچاؤ۔

قبر میں اس کے پاس دو فرشتے آتے ہیں جن کے بال لمبے ہوتے ہیں اور اپنے قدموں سے زمین کو چیرتے ہوئے آتے ہیں۔ ان کی آواز بجلی کی کڑک سی ہوتی ہے۔ ان کی آنکھیں برق کی مانند چمک رہی ہوتی ہیں اور وہ اس سے کہتے ہیں کہ تیرا رب کون ہے؟ تیرا دین کیا ہے اور تیرا نبی کون ہے؟

اس وقت مرنے والا مومن کہے گا کہ میرا رب اللہ ہے اور میرا دین اسلام ہے اور میرے نبی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔

یہ جواب سن کر وہ فرشتے کہتے ہیں: خدا تجھے ثابت قدم رکھے۔ پھر اس کے بعد اس کی قبر کو تاحدِ نظر کشادہ کر دیا جاتا ہے اور اس کے لیے جنت کا دروازہ کھول دیا جاتا ہے اور فرشتے اس سے کہتے ہیں کہ پُرسکون ہو کر سو جاؤ۔

اللہ تعالیٰ نے اس کے متعلق فرمایا: يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ .....

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

خواص القرآن

مصباح کفعمی میں حضرت علی علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جس شخص کے جسم پر تل اور پھوڑے پھنسیاں ہوں تو وہ چاند کی آخری تاریخوں میں وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيثَةٍ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْأَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ۝ اور ویست الجبال بسا فکنت هباء امنبثا کی آیات کو سات بار پڑھے۔ خدا نے چاہا تو تندرستی نصیب ہوگی۔

سوالِ قبر

الکافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب مومن کی وفات ہوتی ہے اور گھر سے اس کا جنازہ اٹھتا ہے تو فرشتوں کا ایک ہجوم اس کے جنازہ کی مشایعت کرتا ہے۔ زمین اس سے کہتی ہے: تجھے خوش آمدید ہو جب تو میری پشت پر چلتا تھا تو میں تجھ پر فخر کرتی تھی۔ آج دیکھنا کہ میں تجھ سے کیسا حسنِ سلوک کرتی ہوں۔

اس کے بعد تاحدِ نظر اس کی قبر کشادہ ہو جاتی ہے۔ اس کی قبر میں منکر نکیر نامی دو فرشتے آتے ہیں اور اس کی پنڈلیوں تک اس میں روح داخل کرتے ہیں۔ مُردہ قبر میں اُٹھ بیٹھتا ہے۔ فرشتے اس سے کہتے ہیں کہ تیرا رب کون ہے؟ وہ جواب میں کہتا ہے کہ اللہ میرا رب ہے۔ فرشتے کہتے ہیں: تیرا دین کیا ہے؟ وہ کہتا ہے: اسلام میرا دین ہے۔ فرشتے کہتے ہیں: تیرا نبی کون ہے؟ وہ جواب میں کہتا ہے: حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے نبی ہیں۔ پھر فرشتے اس سے کہتے ہیں کہ تیرا امام کون ہے؟ وہ جواب میں کہتا ہے کہ فلاں میرا امام ہے۔

اس وقت آسمان سے منادی کی ندا آتی ہے کہ میرے بندے نے سچ کہا ہے۔ اس کی قبر میں جنت کا فرش بچھا دو اور اس کی قبر میں جنت کا دروازہ کھول دو اور اسے جنت کا لباس پہناؤ۔ ہمارے پاس اس کے لیے جو کچھ ہے وہ اس کے لیے کہیں بہتر ہے۔

پھر اس کے بعد اس سے کہا جاتا ہے کہ دلہن کی طرح سے سو جاؤ تمھیں نیند میں کوئی پریشانی نہ ہوگی۔

اگر مرنے والا کافر ہو تو جب اس کا جنازہ گھر سے اُٹھتا ہے تو فرشتے اس کی قبر تک اس کے جنازے کے ساتھ اس پر لعنت کرتے ہوئے چلتے ہیں اور جب وہ قبر میں داخل ہوتا ہے تو زمین اس سے کہتی ہے کہ جب تو زندگی میں میری پشت پر چلتا تھا تو میں اس وقت تجھ سے سخت نفرت کرتی تھی آج دیکھنا کہ میں تجھ سے کیا سلوک کرتی ہوں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

پھر قبر کے دونوں اطراف ایک دوسرے سے مل جاتے ہیں جس سے اس کی پسلیاں ٹوٹ کر ایک دوسرے سے مل جاتی ہیں۔ پھر اس کی قبر میں منکر نکیر نامی دو فرشتے داخل ہوتے ہیں۔

ابوبصیر (راوی) نے کہا: مولاؑ! یہ بتائیں کیا مومن و کافر کی قبر میں فرشتے ایک ہی شکل وصورت میں جاتے ہیں؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: نہیں۔

پھر فرشتے اس میں روح داخل کرتے ہیں اور اسے قبر میں بٹھا دیتے ہیں اور اس سے پوچھتے ہیں کہ تیرا رب کون ہے؟ جواب میں اس کی زبان لڑکھڑانے لگتی ہے اور وہ کہتا ہے کہ لوگ اس اس طرح سے کہا کرتے تھے: فرشتے کہتے ہیں تجھے کوئی شعور نہیں ہے۔ پھر فرشتے اس سے پوچھتے ہیں کہ تیرا دین کیا ہے؟ جواب میں اس کی زبان لڑکھڑانے لگتی ہے۔ فرشتے کہتے ہیں: تجھے کوئی شعور نہیں ہے۔ پھر فرشتے اس سے کہتے ہیں کہ تیرا نبی کون ہے؟ وہ کہتا ہے کہ میں نے لوگوں سے سنا تھا وہ ایسی ایسی باتیں کیا کرتے تھے۔ فرشتے کہتے ہیں تجھے کوئی شعور نہیں ہے۔

پھر فرشتے اس سے اس کے امامِ زمانہ کے متعلق پوچھتے ہیں تو اس کے پاس کوئی جواب نہیں ہوتا۔ اس وقت آسمان سے منادی کی یہ ندا سنائی دیتی ہے۔ میرے بندے نے جھوٹ کہا ہے' اس کی قبر میں آگ کا بستر بچھا دو اور اسے دوزخ کا لباس پہناؤ اور اس کی قبر میں دوزخ کا دریچہ کھول دو اور جو کچھ ہمارے پاس ہے وہ اس کے لیے بہت بُرا ہے۔ پھر فرشتے اسے تین گُرز مارتے ہیں۔ ہر گُرز سے اس کی قبر آگ سے بھر جاتی ہے' وہ گُرز اتنے شدید ہوتے ہیں کہ اگر ''تہامہ'' کے پہاڑوں پر انھیں مارا جائے تو پہاڑ بھی ریزہ ریزہ ہو جائیں۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس کی قبر میں اس پر سانپ مسلط کر دیتا ہے جو اسے ڈستے رہتے ہیں اور شیطان اسے غم زدہ کرتا رہتا ہے۔ جن و انس کے علاوہ اس کے عذاب کو باقی مخلوق سنتی ہے۔ وہ لوگوں کے چلنے کی آوازیں سنتا ہے۔

اسی مفہوم کی طرف اللہ تعالیٰ نے اشارہ کرتے ہوئے فرمایا ہے: يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَيُضِلُّ اللّٰهُ الظّٰلِمِيْنَ ۙ وَيَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ ۧ ''ایمان لانے والوں کو اللہ قول ثابت کے ذریعہ سے دنیاوی زندگی اور آخرت میں ثبات عطا کرتا ہے اور خدا ظالموں کو گمراہی میں چھوڑ دیتا ہے اور خدا جو چاہتا ہے سرانجام دیتا ہے''۔

من لایحضرہ الفقیہ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جب ہمارے کسی

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

دوست کی وفات کا وقت ہوتا ہے تو اس وقت شیطان اسے گمراہ کرنے کے لیے اس کے دائیں بائیں آتا ہے' لیکن خدا اسے گمراہ کرنے کی طاقت نہیں دیتا کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ "اللہ اہلِ ایمان کو قولِ ثابت کے ذریعہ سے دنیاوی زندگی اور آخرت میں ثبات عطا کرتا ہے"۔

تفسیر عیاشی میں امام محمد باقر اور امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ انھوں نے فرمایا: جب کسی شخص کو قبر میں رکھا جاتا ہے تو اس کے پاس دو فرشتے آتے ہیں' ایک اس کی دائیں طرف ہوتا ہے اور ایک اس کی بائیں طرف ہوتا ہے اور درمیان میں شیطان کو کھڑا کیا جاتا ہے' اس کی آنکھیں تانبے کی سی ہوتی ہیں۔ اس وقت مرنے والے سے کہا جاتا ہے: اس شخص کے متعلق تو کیا گمان کرتا ہے جو تمھارے درمیان کھڑا ہوا اور وہ اپنے آپ کو اللہ کا رسول سمجھتا ہے؟ اس وقت مرنے والا گھبرا جاتا ہے۔ اگر وہ مومن ہوتا ہے تو کہتا ہے کہ محمدؐ اللہ کے رسول ہیں۔

اس کے بعد فرشتے اس سے کہتے ہیں کہ تم سکون سے سو جاؤ تمھیں کوئی پریشانی لاحق نہ ہوگی اور نو ہاتھ تک اس کی قبر کشادہ کر دی جاتی ہے اور وہ جنت میں اپنے مکان کو دیکھتا ہے۔ اسی مفہوم کی طرف اللہ تعالیٰ نے یوں اشارہ کیا ہے: يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ ۔ اور اگر مرنے والا کافر ہوتا ہے تو وہ فرشتوں کے اس سوال کے جواب میں کہتا ہے: مجھے کچھ معلوم نہیں ہے۔ اس کے بعد فرشتے اسے شیطان کے حوالے کر دیتے ہیں۔

یہی روایت محمد بن مسلم کی زبانی بھی مروی ہے۔

اضلالِ الٰہی کا مفہوم

وَيُضِلُّ اللّٰهُ الظّٰلِمِيْنَ ۙ وَيَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ ۧ

"اور اللہ ظالموں کو گمراہی میں چھوڑ دیتا ہے اور اللہ جو چاہتا ہے وہ کرتا ہے"۔

کتاب التوحید میں عبداللہ بن فضل ہاشمی سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا مُّرْشِدًا ۧ (الکہف: ۱۷۔ "جسے خدا ہدایت دے وہ ہدایت یافتہ ہے اور جسے خدا گمراہی میں چھوڑ دے تو تم اس کے لیے کوئی راہ دکھانے والا دوست نہیں پاؤ گے) کی آیت مجیدہ کا مفہوم دریافت کیا تو آپؑ نے فرمایا: اس کا مقصد یہ ہے کہ اللہ قیامت کے دن ظلم کرنے والوں کو اپنے دارِ کرامت سے بھٹکا دے گا اور عملِ صالح کرنے والے اہلِ ایمان کو اپنی جنت کی رہنمائی کرے گا' جیسا کہ ارشادِ خداوندی ہے: وَيُضِلُّ اللّٰهُ الظّٰلِمِيْنَ ۙ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

وَيَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ ۝

اللہ تعالیٰ نے یہ بھی فرمایا ہے: اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ يَهْدِيْهِمْ رَبُّهُمْ بِاِيْمَانِهِمْ ۚ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۝ (یونس: ۹) ”بے شک وہ لوگ جو ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے خدا انھیں ان کے ایمان کی بدولت اس منزل کی طرف ان کی رہنمائی کرے گا جہاں نعمتوں کے باغات کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی“۔

نعمتِ الٰہی کو بدلنے والوں کا انجام

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ كُفْرًا وَّاَحَلُّوْا قَوْمَهُمْ دَارَ الْبَوَارِ ۝ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۭ وَبِئْسَ الْقَرَارُ ۝

”کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا، جنھوں نے اللہ کی نعمت کو کفرانِ نعمت سے بدل ڈالا اور جنھوں نے اپنی قوم کو ہلاکت کے گھر میں جا ٹھہرایا یعنی جہنّم جس میں جھلسے جائیں گے وہ بدترین جائے قرار ہے“۔

اصولِ کافی میں اصبغ بن نباتہ سے منقول ہے کہ حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام نے فرمایا: وہ لوگ جنھوں نے رسولِ اکرمؐ کی سنت کو بدل ڈالا ہے اور جنھوں نے ان کے وصی سے انحراف کیا ہے، کیا انھیں عذابِ الٰہی کا کوئی ڈر نہیں ہے؟ پھر آپؑ نے اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ كُفْرًا وَّاَحَلُّوْا قَوْمَهُمْ دَارَ الْبَوَارِ ۝ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۭ وَبِئْسَ الْقَرَارُ ۝ کی تلاوت فرمائی اور پھر آپؑ نے فرمایا: ”ہم اللہ کی وہ نعمت ہیں جو اس نے اپنے بندوں پر کی ہے اور قیامت کے دن کامیابی حاصل کرنے والا ہماری وجہ سے ہی کامیابی حاصل کرے گا“۔

عبدالرحمٰن بن کثیر کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ وہ لوگ کون ہیں جنھوں نے اللہ کی نعمت کو کفرانِ نعمت سے بدل ڈالا ہے اور جنھوں نے اپنی قوم کو دوزخ میں رہائش دلائی ہے؟

آپؑ نے فرمایا: اس سے قریش کے وہ تمام افراد مراد ہیں جنھوں نے رسولؐ خدا سے عداوت رکھی اور آپؐ سے جنگیں کیں اور آپؐ کے وصی کا انکار کیا۔

صحیفہ سجادیہ کی اسناد میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کو خبر کر دی تھی کہ بنی اُمیہ ان کے خاندان اور ان کے ماننے والوں سے کیا سلوک کریں گے اور وہ اپنی حکومت کے ایام میں کیا کیا خرابیاں

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کریں گے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان کے متعلق اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ كُفْرًا وَّاَحَلُّوْا قَوْمَهُمْ دَارَ الْبَوَارِ ۝ جَهَنَّمَ يَصْلَوْنَهَا ۭ وَبِئْسَ الْقَرَارُ ۝ کی آیات نازل فرمائیں۔

پھر آپؑ نے فرمایا: محمدؐ اور ان کے اہلِ بیتؑ اللہ کی نعمت ہیں۔ ان کی محبت ایمان ہے، جو موجب جنت ہے اور ان کی عداوت نفاق ہے جو موجب دوزخ ہے۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ كُفْرًا..... کی آیت مجیدہ قریش کے دو بدکار ترین خاندانوں یعنی بنی مغیرہ اور بنی اُمیہ کے متعلق نازل ہوئی۔ بنی مغیرہ کی نسل کو اللہ نے جنگِ بدر میں ختم کر دیا تھا جب کہ اللہ نے بنی اُمیہ کو ڈھیل دی اور انھوں نے ایک خاص وقت تک دنیاوی فوائد حاصل کیے۔

پھر آپؑ نے فرمایا: خدا کی قسم! ہم اللہ کی وہ نعمت ہیں جو اللہ نے اپنے بندوں پر فرمائی اور کامیاب ہونے والا ہماری بدولت ہی کامیابی حاصل کرتا ہے۔

تفسیر عیاشی کی تین روایات میں بھی یہی مفہوم منقول ہے، جب کہ ایک اور روایت کچھ یوں ہے کہ جب حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کو گرفتار کر کے ہارون کے پاس لے جایا گیا تو ہارون نے کہا: یہ دنیا کیا ہے اور کس کے قبضہ میں ہے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: یہ ہمارے شیعوں کے لیے جزا اور اغیار کے لیے فتنہ ہے۔

ہارون نے کہا: پھر گھر کا مالک اسے واپس سنبھال کیوں نہیں لیتا؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: جب یہ اس سے لی گئی تو آباد و شاد تھی اور پھر جب وہ واپس لے گا تو آباد و شاد حالت میں واپس لے گا۔

ہارونؑ نے آپؑ سے کہا: آپؑ کے شیعہ کہاں ہیں؟

جواب میں آپؑ نے لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ مُنْفَكِّيْنَ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ ۝ (البینہ:۱) کی آیت مجیدہ کی تلاوت کی۔

ہارون نے کہا: تو کیا ہم کافر ہیں؟

آپؑ نے فرمایا: نہیں تم کافر تو نہیں ہو، البتہ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ كُفْرًا ..... کے تحت کفرانِ نعمت کرنے والے ضرور ہو۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

امام علیہ السلام کا یہ جواب سن کر وہ سخت غضب ناک ہوا۔

حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام نے فرمایا: اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ كُفْرًا وَّ اَحَلُّوْا قَوْمَهُمْ دَارَ کی آیت مجیدہ قریش کے دو بدکار ترین خاندانوں یعنی بنی اُمیہ اور بنی مغیرہ کے متعلق نازل ہوئی۔

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ اس آیت مجیدہ کے مصداق کے متعلق مفسرین میں اختلاف ہے۔ امیر المومنین علیہ السلام سے اس آیت مجیدہ کے متعلق پوچھا گیا تو آپؑ نے فرمایا: اس سے کفار قریش مراد ہیں جنھوں نے اپنے نبی کی تکذیب کی اور اس سے جنگ کی اور جنگ کرنے والوں میں قریش کے دو خاندان سرفہرست تھے اور وہ بنی اُمیہ اور بنی مغیرہ تھے۔ اللہ نے بنی اُمیہ کو تو چند روز کی مہلت دے دی ہے جب کہ بنی مغیرہ کا خدا نے خاتمہ کر دیا ہے۔

قُلْ لِّعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ
سِرًّا وَّعَلَانِيَةً مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خِلٰلٌ ﴿۳۱﴾
اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً
فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ لِتَجْرِيَ فِي
الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْاَنْهٰرَ ﴿۳۲﴾ وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ
وَالْقَمَرَ دَآئِبَيْنِ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ﴿۳۳﴾ وَاٰتٰىكُمْ مِّنْ
كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ ۭ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ۭ اِنَّ
الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ ﴿۳۴﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا
الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِيْ وَبَنِيَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ ﴿۳۵﴾ رَبِّ اِنَّهُنَّ
اَضْلَلْنَ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ ۚ فَمَنْ تَبِعَنِيْ فَاِنَّهٗ مِنِّيْ ۚ وَمَنْ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

عَصَانِیْ فَاِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۳۶﴾ رَبَّنَآ اِنِّیْٓ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّیَّتِیْ
بِوَادٍ غَیْرِ ذِیْ زَرْعٍ عِنْدَ بَیْتِكَ الْمُحَرَّمِ ۙ رَبَّنَا لِیُقِیْمُوا
الصَّلٰوةَ فَاجْعَلْ اَفْىِٕدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِیْٓ اِلَیْهِمْ وَارْزُقْهُمْ مِّنَ
الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ یَشْكُرُوْنَ ﴿۳۷﴾ رَبَّنَآ اِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِیْ وَمَا
نُعْلِنُ ؕ وَمَا یَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی
السَّمَآءِ ﴿۳۸﴾ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ وَهَبَ لِیْ عَلَى الْكِبَرِ اِسْمٰعِیْلَ
وَاِسْحٰقَ ؕ اِنَّ رَبِّیْ لَسَمِیْعُ الدُّعَآءِ ﴿۳۹﴾ رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ
الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ﴿۴۰﴾ رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ
وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ ﴿۴۱﴾ وَلَا تَحْسَبَنَّ
اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا یَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ ؕ اِنَّمَا یُؤَخِّرُهُمْ لِیَوْمٍ
تَشْخَصُ فِیْهِ الْاَبْصَارُ ﴿۴۲﴾ مُهْطِعِیْنَ مُقْنِعِیْ رُءُوْسِهِمْ لَا یَرْتَدُّ
اِلَیْهِمْ طَرْفُهُمْ ۚ وَاَفْىِٕدَتُهُمْ هَوَآءٌ ﴿۴۳﴾ وَاَنْذِرِ النَّاسَ یَوْمَ
یَاْتِیْهِمُ الْعَذَابُ فَیَقُوْلُ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا رَبَّنَآ اَخِّرْنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ
قَرِیْبٍ ۙ نُّجِبْ دَعْوَتَكَ وَنَتَّبِعِ الرُّسُلَ ؕ اَوَلَمْ تَكُوْنُوْٓا اَقْسَمْتُمْ
مِّنْ قَبْلُ مَا لَكُمْ مِّنْ زَوَالٍ ﴿۴۴﴾ وَّسَكَنْتُمْ فِیْ مَسٰكِنِ الَّذِیْنَ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَتَبَيَّنَ لَكُمْ كَيْفَ فَعَلْنَا بِهِمْ وَضَرَبْنَا لَكُمُ
الْاَمْثَالَ ﴿۴۵﴾ وَقَدْ مَكَرُوْا مَكْرَهُمْ وَعِنْدَ اللّٰهِ مَكْرُهُمْ ؕ وَاِنْ
كَانَ مَكْرُهُمْ لِتَزُوْلَ مِنْهُ الْجِبَالُ ﴿۴۶﴾ فَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ مُخْلِفَ
وَعْدِهٖ رُسُلَهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ﴿۴۷﴾ يَوْمَ تُبَدَّلُ
الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ
الْقَهَّارِ ﴿۴۸﴾ وَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ مُّقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ﴿۴۹﴾
سَرَابِيْلُهُمْ مِّنْ قَطِرَانٍ وَّتَغْشٰى وُجُوْهَهُمُ النَّارُ ﴿۵۰﴾ لِيَجْزِيَ اللّٰهُ
كُلَّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۵۱﴾ هٰذَا بَلٰغٌ
لِّلنَّاسِ وَلِيُنْذَرُوْا بِهٖ وَلِيَعْلَمُوْٓا اَنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّلِيَذَّكَّرَ
اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۵۲﴾

”آپ میرے اہلِ ایمان بندوں سے کہہ دیں کہ وہ نماز قائم کریں اور جو کچھ ہم نے انھیں عطا کیا ہے اس میں سے کھل کر اور چھپا کر خرچ کریں اس سے قبل کہ وہ دن آجائے جس میں کوئی خرید وفروخت نہ ہوگی اور نہ ہی دوست نوازی ہوگی۔

اللہ وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور اس نے آسمان سے پانی اُتارا اور پانی کے ذریعہ سے تمھاری رزق رسانی کے لیے طرح طرح کے پھل پیدا کیے اور تمھارے لیے کشتیوں کو مسخر کردیا تاکہ سمندر میں اس کے حکم سے چلتی رہیں اور اس نے تمھارے لیے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

دریاؤں کو مسخر کر دیا اور اس نے سورج اور چاند کو تمھارے لیے مسخر کیا جو لگاتار حرکت کر رہے ہیں اور اس نے رات اور دن کو تمھارے لیے مسخر کیا۔

تم نے جو کچھ اس سے مانگا اس نے وہ سب کچھ تمھیں عطا کیا اور اگر تم اللہ کی نعمتوں کو شمار کرنا چاہو تو تم انھیں شمار نہیں کر سکو گے یقیناً انسان بے انصاف اور ناشکرا ہے۔

اور اس وقت کو یاد کرو جب ابراہیمؑ نے کہا: اے پروردگار! اس شہر (مکہ) کو امن کا شہر بنا اور مجھے اور میری اولاد کو بت پرستی سے بچا۔

پروردگار! انھوں نے بہت سے لوگوں کو گمراہ کیا ہے جو میری پیروی کرے۔ وہ مجھ سے ہے اور جو میری نافرمانی کرے تو یقیناً تو بڑا بخشنے والا مہربان ہے۔ اے ہمارے پروردگار! میں اپنی اولاد کے ایک حصّہ کو ایک بے آب و گیاہ وادی میں تیرے محترم گھر کے پاس ٹھیرا رہا ہوں۔ پروردگار تا کہ یہ نماز قائم کریں' لوگوں کے دلوں کو ان کی طرف مائل کر دے اور انھیں پھلوں کا رزق عطا کر تا کہ وہ شکر کریں۔

اے ہمارے پروردگار! جو کچھ ہم چھپاتے اور جسے ظاہر کرتے ہیں تو اسے بخوبی جانتا ہے۔ زمین اور آسمان کی کوئی چیز خدا سے مخفی نہیں ہے۔ تمام تعریفیں اس خدا کے لیے ہیں جس نے مجھے بڑھاپے میں اسماعیلؑ و اسحاقؑ عطا کیے ہیں۔ بے شک میرا رب دعاؤں کے سننے والا ہے۔

میرے پروردگار! مجھے نماز قائم کرنے والا بنا اور میری نسل میں بھی نمازی بنا۔ اے ہمارے پروردگار! میری دعا قبول فرما۔ اے ہمارے پروردگار! مجھے اور میرے والدین اور تمام اہل ایمان کو اس دن معاف کرنا جب حساب قائم ہوگا۔ اور جو کچھ ظالم کر رہے ہیں اللہ کو اس سے غافل نہ سمجھو۔ اللہ انھیں اس دن کے لیے مہلت دے رہا ہے جس دن آنکھیں پھٹی ہوئی ہوں گی۔ سر اُٹھائے بھاگے چلے جا رہے ہوں گے۔ نظریں اُوپر جمی ہیں اور دل اُڑے جاتے ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

آپ انھیں اس دن کی ہولناکی سے ڈرائیں جب ان پر عذاب آجائے گا تو ظالم کہیں گے: اے ہمارے پروردگار! ہمیں تھوڑی سی مہلت دے دے۔ ہم تیری دعوت کو قبول کریں گے اور رسولوں کی پیروی کریں گے۔ (انھیں جواب دیا جائے گا) کیا تم وہی نہیں ہو جو قسمیں کھا کر کہتے تھے کہ تم پر کوئی زوال نہیں آئے گا۔ جب کہ تم ان لوگوں کی رہائش گاہوں میں رہ چکے ہو، جنھوں نے اپنے آپ پر ظلم کیا تھا اور تم دیکھ چکے ہو کہ ہم نے ان سے کیا سلوک کیا تھا اور ان کی مثالیں دے کر ہم تمھیں سمجھا چکے تھے۔

انھوں نے اپنی ساری چالیں چلی ہیں، مگر ان کی ہر چال کا توڑ اللہ کے پاس تھا۔ ان کی چالیں ایسی غضب کی تھیں کہ ان سے پہاڑ ہٹ سکتے تھے کبھی گمان نہ کرنا کہ خدا انبیاء سے وعدہ خلافی کرے گا، بے شک اللہ غالب اور انتقام لینے والا ہے۔

قیامت کا دن ایسا دن ہوگا کہ زمین و آسمان بدل دیئے جائیں گے اور سب کے سب اللہ واحد قہار کے سامنے بے نقاب ہو کر حاضر ہوں گے۔ اس روز تم مجرموں کو دیکھو گے کہ وہ زنجیروں میں جکڑے ہوئے ہوں گے۔ ان کے لباس تارکول کے ہوں گے اور آگ کے شعلے ان کے چہروں پر چھائے ہوئے ہوں گے۔ یہ اس لیے ہوگا تاکہ اللہ ہر متنفس کو اس کے عمل کا بدلہ دے۔ اللہ کو حساب لیتے کچھ دیر نہیں لگتی۔

یہ تمام انسانوں کے نام ایک پیغام ہے تاکہ وہ اس کے ذریعہ سے خبردار ہو جائیں اور وہ معلوم کر سکیں کہ خدا بس ایک ہی ہے اور جو عقل رکھتے ہیں وہ نصیحت حاصل کر سکیں"۔

زکوٰۃ کے علاوہ بھی کچھ مالی حقوق واجب ہیں

قُلْ لِّعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خِلٰلٌ ۝

"آپ میرے اہل ایمان بندوں سے کہہ دیں کہ وہ نماز قائم کریں اور ہم نے انھیں جو کچھ عطا کیا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ہے اس میں سے کھل کر اور چھپا کر خرچ کریں اس سے قبل کہ وہ دن آجائے جس میں کوئی خرید و فروخت نہ ہوگی اور نہ ہی دوست نوازی ہوگی''۔

اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں اپنے مومن بندوں کو دو اہم عبادات کا حکم دیا ہے' یعنی نماز اور اِنفاق فی سبیل اللہ' کیونکہ یہ دو عبادات اسلام میں انتہائی اہمیت کی حامل ہیں۔ نماز بدنی عبادت ہے اور اِنفاق فی سبیل اللہ مالی عبادت ہے اور جہاں مصلحت کا تقاضا ہو وہاں علی الاعلان اِنفاق فی سبیل اللہ کرنا چاہیے اور جہاں مصلحت ہو وہاں چھپا کر خرچ کرنا چاہیے۔ مفسرین کا قول ہے کہ زکوٰۃ واجبہ علی الاعلان ادا کرنی چاہیے اور زکوٰۃ کے علاوہ ضرورت مندوں کی امداد چھپ کر کرنی چاہیے۔ (اضافہ من المترجم)

تفسیر عیاشی میں زرعہ بن سماعہ سے مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے دولت مندوں پر زکوٰۃ فرض کی ہے۔ زکوٰۃ سے ان کے جانوں کو تحفظ حاصل ہوتا ہے اور زکوٰۃ کی وجہ سے ان کا نام مسلمان رکھا گیا ہے۔ زکوٰۃ کے علاوہ بھی اللہ نے کچھ دوسرے مالی حقوق بھی فرض کیے ہیں' جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: وَيُنْفِقُوا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً ''اور ہم نے انھیں جو رزق دیا ہے اس میں سے کھل کر اور چھپا کر خرچ کریں''۔

نہج البلاغہ میں حضرت علی علیہ السلام سے یہ الفاظ وارد ہیں: سورج اور چاند خدا کی مرضات کے تحت ہر وقت رواں دواں ہیں جو ہر نئی چیز کو بوسیدہ اور ہر دور والی چیز کو قریب کر رہے ہیں۔

تفسیر عیاشی میں مرقوم ہے کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے وَاٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ (خدا نے تمھیں وہ سب کچھ دیا ہے جو تم نے اسی سے مانگا ہے) کی آیت مجیدہ پڑھی اور کہا کہ خدا کی شانِ رزاقیت یہ ہے کہ اس نے بہت سی چیزیں سوال کے بغیر عطا کی ہیں مثلاً انسان خدا سے لباس طلب نہیں بھی کرتا تو بھی وہ عطا کرتا ہے۔

خدا کی شان کریمی کو امام سجاد علیہ السلام نے اپنی دعا کے پیرائے میں یوں بیان کیا: اِلٰهِي اِذَا لَم اَسئَلكَ فَتُعطِينِي فَمَن ذَا الَّذِي اَسئَلُهُ فَيُعطِينِي ''اے معبود! میرے سوال کیے بغیر تو مجھے عطا کرتا ہے' دوسرا کون ہے جس سے میں سوال کروں اور وہ مجھے عطا کرے؟'' (اضافہ من المترجم)

خدا کی نعمت کو شمار نہیں کیا جا سکتا

روضہ کافی میں مرقوم ہے کہ امام سجاد علیہ السلام وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا (اگر تم خدا کی نعمت کو شمار کرنا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

چاہو تو انھیں شمار نہ کرسکو گے) کی آیت مجیدہ پڑھ کر یہ کہا کرتے تھے کہ ''وہ ذات پاک ہے جس نے تقصیر نعمت کی پہچان کو معرفت کا درجہ دیا ہے اور جس نے احساسِ تقصیر کو شکر کا درجہ دیا ہے اور جس نے عدمِ اِدراک کے احساس کو ایمان کا درجہ دیا ہے۔ جس کی انتہا ہی نہ ہو تو اس کی عبادت کی انتہا کیسے ادا ہو؟''

اللہ کی نعمات بے حساب ہیں۔ کوئی بھی شخص انھیں شمار نہیں کرسکتا۔ صرف سانس کی نعمت کو ہی دیکھ لیں؛ ہر سانس جب اندر جاتا ہے تو وہ صمدِ حیات ہے اور جب باہر آتا ہے تو مُفرح ذات ہے۔ جب ایک سانس میں اس کی دو نعمتیں ہیں تو باقی نعمات کو کیسے شمار کرسکتا ہے؟ (اضافۃ من المترجم نقلاً عن السعدی)

زیارتِ قبرِ حسینؑ کا ثواب

تہذیب الاحکام میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جو شخص مفلس ہو اور حج بیت اللہ کی استطاعت نہ رکھتا ہو تو وہ عرفہ کے دن حضرت امام حسین علیہ السلام کی قبرِ مطہر کی زیارت کرے۔ خدا اسے حج کا ثواب عطا کرے گا۔ میں یہ بات صرف مفلس کے لیے کہہ رہا ہوں لیکن جس کو خدا نے استطاعت عطا کی ہے تو اس کے لیے حج ضروری ہے۔ البتہ اگر کوئی شخص حج بیت اللہ کا فریضہ ادا کرچکا ہو اور مسنون حج وعمرہ کرنے کا خواہش مند ہو اور کسی کام کی مجبوری سے وہ حج وعمرہ نہ کرسکے تو وہ عرفہ کے دن قبرِ حسینؑ پر جائے۔ اللہ تعالیٰ اسے مسنون حج وعمرہ کا ثواب عطا کرے گا اور اسے کئی گنا حج وعمرہ کا ثواب عطا کرے گا۔

میں (راوی) نے کہا: مولاؑ! کتنے حج وعمرہ کا اُسے ثواب ملے گا؟

آپؑ نے فرمایا: اسے لاتعداد حج وعمرہ کا ثواب ملے گا۔

میں (راوی) نے کہا: کیا اسے ایک سو حج وعمرہ کا ثواب نہ ملے گا؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: اُسے کون شمار کرسکتا ہے؟

میں (راوی) نے کہا: کیا اسے ایک ہزار حج وعمرہ کا ثواب ملے گا؟

آپؑ نے فرمایا: بلکہ اس سے بھی زیادہ کا ثواب عطا کرے گا۔ پھر آپؑ نے وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا کی آیت مجیدہ کی تلاوت فرمائی۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ابراہیم علیہ السلام کی دعائیں

وَ اِذْ قَالَ اِبْرٰهِیْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّ اجْنُبْنِیْ وَ بَنِیَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ ۝

''اور جب ابراہیمؑ نے کہا: اے پروردگار! اس شہر (مکہ) کو امن کا شہر بنا دے اور مجھے اور میری اولاد کو بت پرستی سے بچا''۔

تفسیر عیاشی کی ایک روایت کا ماحصل یہ ہے کہ اولادِ اسماعیلؑ بت پرست نہ تھی۔ وہ بتوں کو خدا ماننے کے بجائے انھیں اپنا شفاعت کنندہ سمجھتے تھے۔

احتجاج طبرسی میں حضرت امیرالمومنین علی علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: حضرت ابراہیم علیہ السلام کو جب خدا نے تمام انسانوں کا امام مقرر کیا تو انھوں نے اپنی اولاد کے لیے بھی اس منصب کی خواہش کی۔ اللہ تعالیٰ نے جواب میں فرمایا: لَا یَنَالُ عَهْدِی الظّٰلِمِیْنَ ۝ (البقرہ:۱۲۴) ''میرا عہدۂ رہبری ظالموں کو نہیں ملے گا''۔

''ظلم'' سے مراد شرک ہے' کیونکہ شرک ظلمِ عظیم ہے اسی لیے حضرت ابراہیمؑ نے اللہ سے درخواست کی کہ وہ انھیں اور ان کی اولاد کو بت پرستی سے محفوظ رکھے۔

شیخ الطائفہ امالی میں لکھتے ہیں کہ عبداللہ بن مسعود کا بیان ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں اپنے باپ ابراہیمؑ کی دعا کا ثمر ہوں۔ ہم نے آپؐ سے عرض کیا: آپؐ دعاے خلیل کا کس طرح سے ثمر ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو تمام انسانوں کا رہنما مقرر کیا تو انھیں اس عہدہ سے بڑی خوشی ہوئی۔ انھوں نے اللہ سے درخواست کی کہ وہ ان کی اولاد میں بھی یہ منصب عطا کرے۔ اللہ تعالیٰ نے ان سے فرمایا کہ میرا منصب ظالموں کو نہیں ملے گا۔

حضرت ابراہیمؑ نے خدا سے عرض کیا کہ ظالم کون ہے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جو مجھے چھوڑ کر کسی بت کے سامنے سجدہ کرے وہ ظالم ہے اور میں کسی بھی ظالم کو امام مقرر نہیں کروں گا۔ حضرت ابراہیمؑ نے یہ سنا تو فوراً انھوں نے دعا کی کہ پروردگار! مجھے اور میری اولاد کو بت پرستی سے محفوظ رکھنا۔

چنانچہ ان کی یہ دعا میرے اور میرے بھائی علیؑ کے حق میں قبول ہوئی۔ ہم میں سے کسی نے آج تک بت پرستی نہیں کی۔ اللہ نے مجھے نبی بنایا ہے اور علیؑ کو وصی بنایا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اتباع سے بیگانے بھی یگانے کہلاتے ہیں

فَمَنْ تَبِعَنِیْ فَاِنَّهٗ مِنِّیْ

''جو کوئی میری پیروی کرے وہ مجھ سے ہے''۔

روضہ کافی کی ایک روایت کا ماحصل یہ ہے کہ حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: ''ناس'' ہم ہیں اور ''اشباہ الناس'' ہمارے شیعہ ہیں اور وہ ہم میں سے ہیں' کیونکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے یہ فرمایا تھا: فَمَنْ تَبِعَنِیْ فَاِنَّهٗ مِنِّیْ ''جو کوئی میری پیروی کرے وہ مجھ سے ہے''۔ لہٰذا ہمارے پیروکار بھی ہم میں سے ہی ہیں۔

احتجاج طبرسی میں حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام سے ایک خطبہ منقول ہے۔ اس خطبہ میں آپؑ نے یہ کلمات بھی ارشاد فرمائے۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِاِبْرٰهِيْمَ لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ وَهٰذَا النَّبِيُّ (آل عمران: ۶۸) ''تمام لوگوں میں سے ابراہیمؑ کے زیادہ قریب وہ ہیں جنھوں نے ان کی پیروی کی اور یہ نبی ان کے زیادہ قریب ہے''۔

اللہ تعالیٰ نے مزید فرمایا: وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ (انفال: ۷۵) ''اللہ کی کتاب کے تحت رشتہ دار ایک دوسرے کی میراث کے زیادہ حق دار ہیں''۔

ہم ابراہیم علیہ السلام کے زیادہ قریب ہیں اور ہم اس کے وارث ہیں اور ہم ہی ان کے وہ رشتہ دار ہیں جو کعبہ کے وارث ہیں اور ہم آلِ ابراہیمؑ ہیں۔ کیا تم لوگ ملّتِ ابراہیمؑ سے منہ موڑنا چاہتے ہو جب کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: فَمَنْ تَبِعَنِیْ فَاِنَّهٗ مِنِّیْ (جو میری پیروی کرے وہ مجھ سے ہے)

شیخ الطائفہ امالی میں عمر بن یزید کی زبانی نقل کرتے ہیں۔ اس نے کہا کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا: اے فرزندِ یزید! خدا کی قسم تو ہم اہلِ بیت میں سے ہے۔

میں (راوی) نے کہا: میں آپؑ پر قربان جاؤں کیا میں آلِ محمدؐ میں سے ہوں؟

آپؑ نے فرمایا: جی ہاں' خدا کی قسم! تو ان کے نفوس میں سے ہی ہے۔

عمر کیا تو نے کلام خدا کی یہ آیت نہیں پڑھی: اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِاِبْرٰهِيْمَ لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ وَهٰذَا النَّبِيُّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۭ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ (آل عمران: ۶۸) ''تمام لوگوں میں سے ابراہیمؑ کے زیادہ قریب وہ لوگ ہیں جنھوں نے اس کی پیروی کی ہے اور یہ نبی اور وہ جو ایمان لائے اللہ اہلِ ایمان کا سرپرست ہے''۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اور کیا تو نے کلام خداوندی میں حضرت ابراہیمؑ کا یہ فرمان نہیں سنا: فَمَنْ تَبِعَنِیْ فَاِنَّهٗ مِنِّیْ ۚ وَمَنْ عَصَانِیْ فَاِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝ ''جو میری پیروی کرے وہ مجھ سے ہے اور جو میری نافرمانی کرے تو بے شک تو بخشنے والا مہربان ہے''۔

تفسیر عیاشی میں ابوعبیدہ سے منقول ہے کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: جو ہم سے محبت رکھے وہ ہم اہل بیت میں سے ہے''۔

میں (راوی) نے عرض کیا: میں آپؑ پر قربان جاؤں کیا آپؑ کا محب آپؑ میں سے ہے؟

آپؑ نے فرمایا: جی ہاں' خدا کی قسم! وہ ہم میں سے ہے۔ کیا تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کا یہ فرمان نہیں سنا: فَمَنْ تَبِعَنِیْ فَاِنَّهٗ مِنِّیْ ''جو میری پیروی کرے وہ مجھ سے ہے''۔

ابی عمرو الزبیری بیان کرتے ہیں کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو آلِ محمدؐ سے محبت رکھے اور قرابتِ رسولؐ کی وجہ سے انھیں باقی تمام لوگوں پر مقدم رکھے تو وہ آلِ محمدؐ میں سے ہے اور اسے آلِ محمدؐ کی منزلت حاصل ہوگی۔ وہ نسبی طور پر آلِ محمدؐ کا فرد نہیں ہے' لیکن وہ اپنی محبت اور اتباع کی وجہ سے ان میں شامل ہے۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: وَمَنْ یَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ ''جو یہود و نصاریٰ سے دوستی رکھے تو وہ ان میں سے ہے''۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا: فَمَنْ تَبِعَنِیْ فَاِنَّهٗ مِنِّیْ ''جو میری پیروی کرے وہ مجھ سے ہے''۔

اسماعیلؑ و ہاجرہؑ کو مکہ میں بسانا

رَبَّنَاۤ اِنِّیْۤ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّیَّتِیْ بِوَادٍ غَیْرِ ذِیْ زَرْعٍ عِنْدَ بَیْتِكَ الْمُحَرَّمِ ۙ

''اے ہمارے پروردگار! میں نے اپنی کچھ اولاد کو تیرے محترم گھر کے پاس بے آب و گیاہ وادی میں ٹھہرایا ہے''.....

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: حضرت ابراہیمؑ ملکِ شام کے ایک گاؤں میں رہائش پذیر تھے۔ اس دوران اللہ تعالیٰ نے حضرت ہاجرہؑ کی گود بھری اور انھیں حضرت اسماعیلؑ عطا کیا۔ حضرت اسماعیل کی پیدائش سے حضرت سارہؑ کو بہت دکھ پہنچا کیونکہ اس وقت تک وہ بے اولاد تھیں۔ وہ حضرت ابراہیمؑ کو ہاجرہ اور ان کے فرزند کے متعلق اذیت دینے لگیں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

حضرت ابراہیمؑ نے خدا کے حضور سارہ کے طرزِ عمل کا شکوہ کیا۔ اللہ تعالیٰ نے انھیں وحی فرمائی کہ عورت کی مثال ایک ٹیڑھی پسلی کی مانند ہے۔ اگر اسے ٹیڑھا رہنے دو گے تو اس سے فائدہ حاصل کرو گے اور اگر اسے سیدھا کرو گے تو وہ ٹوٹ جائے گی۔

پھر اللہ تعالیٰ نے انھیں حکم دیا کہ وہ ہاجرہؑ اور اس کے فرزند کو مقامِ حرم اور قیامِ امن پر لے جائیں اور فرمایا کہ مکہ وہ جگہ ہے جہاں سے میں نے فرشِ زمین کو بچھانے کا آغاز کیا تھا۔

حضرت جبریلؑ ابراہیم علیہ السلام کے لیے بُراق لائے۔ آپؑ نے بُراق پر اپنے ساتھ حضرت ہاجرہؑ اور اپنے فرزند اسماعیلؑ کو سوار کیا۔ راستے میں جہاں جہاں درخت اور آبادی آئی تو ابراہیمؑ کہتے: جبریل! کیا یہاں میں نے بیوی بچوں کو بسانا ہے؟

جبریل کہتے تھے کہ نہیں آپؑ کی منزل آگے ہے۔ الغرض آبادیاں گزرتی گئیں۔ بُراق مکہ میں پہنچی اور بیت اللہ کے مقام پر جا کر اُتر گئی۔ اس وقت وہاں ایک درخت موجود تھا۔ بی بی ہاجرہؑ نے اس پر اپنی چادر ڈالی اور سایہ بنا لیا اور وہاں بیٹھ گئیں۔ حضرت ابراہیمؑ نے اپنے اہل وعیال سے الوداع کہا تو حضرت ہاجرہؑ اور حضرت اسماعیلؑ رونے لگے۔ حضرت ابراہیمؑ نے فرمایا: تم کیوں روتے ہو میں نے تو تمھیں حرمِ خدا میں رہائش دی ہے اور زمین کا یہ ٹکڑا خدا کو بڑا محبوب ہے۔

حضرت ہاجرہؑ نے عرض کیا: آپؑ جیسے نبی سے مجھے اس بات کی توقع نہیں تھی۔ حضرت ابراہیمؑ نے کہا: میں نے کیا کیا ہے؟ حضرت ہاجرہؑ نے کہا: آپؑ ایک لاچار عورت اور ایک کمزور بچے کو اس سرزمین پر چھوڑ کر جا رہے ہیں جہاں کوئی انسان نہیں ہے اور جہاں کوئی پانی نہیں ہے، جہاں دودھ دینے والا جانور تک نہیں ہے۔

ابراہیم علیہ السلام کا دل پسیجا اور آپؑ کی آنکھوں سے آنسو ٹپکنے لگے۔ آپؑ اٹھے اور بیت اللہ الحرام کے دروازے پر آئے اور کعبہ کے دروازے کو پکڑ کر بارگاہِ خداوندی میں عرض کیا: رَبَّنَآ اِنِّیۡۤ اَسۡکَنۡتُ مِنۡ ذُرِّیَّتِیۡ بِوَادٍ غَیۡرِ ذِیۡ زَرۡعٍ عِنۡدَ بَیۡتِکَ الۡمُحَرَّمِ ۙ رَبَّنَا لِیُقِیۡمُوا الصَّلٰوۃَ فَاجۡعَلۡ اَفۡئِدَۃً مِّنَ النَّاسِ تَہۡوِیۡۤ اِلَیۡہِمۡ وَ ارۡزُقۡہُمۡ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّہُمۡ یَشۡکُرُوۡنَ ﴿۳۷﴾ ''اے ہمارے پروردگار! میں نے اپنی کچھ اولاد کو تیرے محترم گھر کے پاس بے آب وگیاہ وادی میں ٹھہرایا ہے۔ اے ہمارے پروردگار تا کہ وہ نماز قائم کریں۔ لوگوں کے دلوں کو ان کی طرف مائل فرما اور انھیں پھلوں کا رزق عطا فرما تا کہ وہ شکرگزار بن سکیں''۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیمؑ کو وحی فرمائی کہ ''کوہِ ابوقبیس'' پر چڑھ جاؤ اور یہ اعلان کرو کہ اے لوگو! اللہ تمھیں کہ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

میں قائم اپنے گھر کے حج کے لیے دعوت دے رہا ہے۔ صاحبانِ استطاعت پر حج فرض ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ہوا کے ذریعہ سے تمام مشرق و مغرب تک ابراہیمؑ کی آواز پہنچائی اور قیامت تک پیدا ہونے والے ارواح تک اللہ نے اس صدا کو پہنچایا۔ اس دن سے اللہ نے حج فرض کیا اور ہر حاجی جب لبیک اللھم لبیک کہتا ہے تو وہ دراصل ندائے ابراہیمؑ پر حاضر ہونے کا اعلان کرتا ہے"۔

تفسیر عیاشی میں بھی یہ روایت چند الفاظ کے اختلاف کے ساتھ مرقوم ہے۔

اصولِ کافی میں فضیل سے منقول ہے کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے لوگوں کو بیت اللہ کا طواف کرتے ہوئے دیکھا تو آپؑ نے فرمایا: یہ کام تو لوگ زمانۂ جاہلیت میں بھی کیا کرتے تھے۔ اللہ نے لوگوں کو حکم دیا ہے کہ وہ پہلے طواف کریں، پھر ہمارے پاس آئیں اور ہماری ولایت و مودت کا اقرار کریں اور ہمیں اپنی مدد کی یقین دہانی کرائیں۔

پھر آپؑ نے فَاجْعَلْ اَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِیْٓ اِلَيْهِمْ (لوگوں کے دلوں کو ان کی طرف مائل فرما) کی آیت مجیدہ کی تلاوت فرمائی۔

روضہ کافی میں مرقوم ہے کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے مشہور محدث قتادہ بن دعامہ سے فرمایا: جو شخص اپنے گھر سے زادِ راہ، سواری لے کر بیت اللہ کے حج کے لیے سفر کرے اور وہ ہمارے حق کا عارف ہو اور فَاجْعَلْ اَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِیْٓ اِلَيْهِمْ پر عمل پیرا ہو تو اس کی حج قبول ہے۔ خدا کی قسم! حضرت ابراہیمؑ نے ہمارے لیے ہی دعا مانگی تھی اور جو اس دعا پر عمل کرے گا تو وہ قیامت کے شدائد سے محفوظ رہے گا۔

احتجاج طبرسی میں امیر المومنین علی علیہ السلام سے یہ کلمات منقول ہیں کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا فَاجْعَلْ اَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِیْٓ اِلَيْهِمْ کا ثمر ہم ہیں اور لوگوں کے دل ہماری طرف مائل ہوتے ہیں۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ایک روایت کا ماحصل یہ ہے کہ سب لوگ ہم سے محبت نہیں کریں گے کیونکہ حضرت ابراہیمؑ نے اپنی دعا میں اَفْئِدَةً النَّاسِ نہیں کہا تھا بلکہ اَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ کہا تھا اور لفظ مِنْ جزئیت پر دلالت کرتا ہے اسی لیے کچھ ہی افراد ہم سے محبت کریں گے۔ ہم سے محبت کرنے والے افراد اتنے کم ہیں جتنا کہ سیاہ رنگ کے بیل میں سفید رنگ کے بال ہوتے ہیں۔

تفسیر عیاشی میں اسی مفہوم کی مزید دو روایات بھی منقول ہیں۔

بصائر الدرجات میں معاویہ بن وہب سے منقول ہے کہ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ہوا تو آپؑ اس وقت محوِ دعا تھے۔ آپؑ اپنی دعا میں یہ الفاظ کہہ رہے تھے:

''اے وہ ذات جس نے ہمیں وصیت کے لیے مخصوص کیا اور ہمیں ماضی و مستقبل کا علم عطا کیا اور لوگوں کے دلوں کو ہماری طرف مائل کیا اور ہمیں انبیاء کا وارث بنایا''۔

کتاب عوالی اللئالی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: دعائے خلیل میں جن ثمرات کا ذکر ہے ان سے ثمراتِ قلب مراد ہیں۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اہلِ حرم کے لیے دعا کی تھی کہ خدا انھیں پھلوں کا رزق عطا کرے۔ اللہ نے ان کی دعا قبول فرمائی۔ چنانچہ مشرق و مغرب میں کوئی ایسا پھل نہیں ہے جو مکہ میں نہ پایا جاتا ہو۔ اور حالت یہ ہے کہ ایک ہی دن میں ربیع' خریف' سرما اور گرما کے پھل مکہ میں مل جاتے ہیں۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنی دعا میں عرض کیا تھا: رَبَّنَآ اِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِيْ وَمَا نُعْلِنُ (اے ہمارے پروردگار! ہم جو کچھ چھپاتے اور جو کچھ ظاہر کرتے ہیں تو اسے اچھی طرح سے جانتا ہے) ان کا ان الفاظ سے مقصد یہ تھا کہ خدایا! تو اسماعیلؑ کے حالات سے بھی واقف ہے اور ہماری پردہ دار بیبیوں کے حالات سے بھی تو واقف ہے۔

اصولِ کافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: اللہ کو بندے کی خواہشات کا علم ہے' لیکن وہ چاہتا ہے کہ بندے اپنی حاجات اس کے حضور پیش کریں' لہٰذا جب خدا سے دعا مانگو تو اپنی حاجت کا نام لے کر دعا مانگو۔

ایک اور روایت میں یہ الفاظ وارد ہیں: اللہ تیرے ارادے اور تیری حاجت کو جانتا ہے لیکن وہ چاہتا ہے کہ تو اپنی حاجات کا نام لے کر اس سے طلب کر۔

تفسیر علی بن ابراہیم' مجمع البیان اور عیاشی کی دو روایات میں مذکور ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا میں وَلِوَالِدَيَّ کی بجائے وَلِوَالِدِيْ کے الفاظ تھے۔ کاتبین کی غلطی سے یہ الفاظ وَلِوَالِدَيَّ لکھے گئے۔ حضرت ابراہیمؑ نے اپنے ماں باپ کی بجائے اپنے فرزندوں اسماعیلؑ و اسحاقؑ کی مغفرت کے لیے دعا کی تھی۔

وضاحت: درج بالا روایت حد درجہ ضعیف ہے' کیونکہ اس سے ایک بات تو یہ لازم آتی ہے کہ قرآن مجید کے لکھنے میں کاتبوں سے غلطی ہوئی ہے۔ اگر اس مفروضہ کو مان لیا جائے تو پھر پورے قرآن سے اعتماد اُٹھ جائے گا جب کہ اللہ نے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

قرآن کی حفاظت کا ذمہ لیا ہے۔

علاہ ازیں اس روایت سے یہ ترجیح ہوتا ہے کہ ابراہیمؑ کے والدین بالخصوص ان کا والد کافر تھا۔ اسی لیے ابراہیم علیہ السلام نے اس کے لیے دعا نہیں کی تھی جب کہ ہم ایک سابقہ مقام پر بحث کر چکے ہیں کہ ابراہیم علیہ السلام کا والد کافر نہیں مسلم تھا۔ آزر کا کفر ثابت ہے لیکن آزر حضرت کا والد نہیں تھا۔ وہ آپؑ کا چچا تھا۔ (فتدبر ولا تکن من الغافلین ۔ اضافہ من المترجم)

تفسیر علی بن ابراہیم میں اِنَّمَا یُؤَخِّرُهُمْ لِیَوْمٍ تَشْخَصُ فِیْهِ الْاَبْصَارُ ۙ کے ضمن میں لکھا ہے کہ قیامت کے دن ظالموں کی آنکھیں دوزخ کے خوف سے پھٹی ہوئی ہوں گی اور وہ انھیں جھپکنا بھول جائیں گے۔ وَ اَفْـِٕدَتُهُمْ هَوَآءٌ کا مطلب یہ ہے کہ ان کے دل پھٹنے کے قریب آ جائیں گے۔

روضہ کافی میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے ایک روایت منقول ہے جس کا ماحصل یہ ہے کہ امام حسن علیہ السلام نے صلح کر کے اُمت کی بہتری کے لیے اقدام کیا تھا لیکن اس وقت لوگوں نے ان کی صلح پر اعتراض کیا اور جب امام حسین علیہ السلام نے کربلا میں جنگ کی تو لوگوں نے ان کی جنگ پر اعتراض کیا اور کہنے لگے: لولا اخرتنا الی اجل قریب (تو نے ہمیں قریبی زمانہ تک مہلت کیوں نہ دی) اس سے ظہور قائمؑ کا زمانہ مراد ہے۔

کافروں کا مکر خدا کو عاجز نہیں کر سکتا

وَ قَدْ مَكَرُوْا مَكْرَهُمْ وَ عِنْدَ اللّٰهِ مَكْرُهُمْ ؕ وَ اِنْ كَانَ مَكْرُهُمْ لِتَزُوْلَ مِنْهُ الْجِبَالُ ۝

''وہ اپنی ساری چالیں چل چکے ہیں مگر ان کی ہر چال کا توڑ اللہ کے پاس تھا۔ ان کی چالیں ایسی غضب کی تھیں کہ ان سے پہاڑ ہٹ سکتے تھے''۔

کسی کے مکر اور چال سے وہ دھوکہ کھاتا ہے جسے مکر اور چال کا علم نہ ہو جب کہ خدا کو ہر ایک کی چال کا پہلے سے علم ہے۔ لہٰذا کافر جتنی بھی چالیں کیوں نہ چلیں وہ خدا کو عاجز نہیں کر سکتے۔

''پہاڑ ہٹ سکنا'' ایک محاورہ ہے۔ مقصد یہ ہے کہ خواہ ان کی چال کتنی ہی غضب کی کیوں نہ ہو پھر بھی وہ خدا کو عاجز نہیں کر سکتے۔

اس ضمن میں بعض مفسرین نے دورِ نمرود کا ایک واقعہ نقل کیا ہے کہ اس نے چار گِدھوں (چیلوں) کو پکڑ کر خوب پالا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

پوسا۔ جب وہ پرواز کے قابل ہوگئیں تو اس نے ایک صندوق تیار کیا اور صندوق کی ہر طرف سے ایک ایک گدھ کو باندھا اور ایک شخص کو صندوق میں بٹھایا اور کہا کہ تم انھیں گوشت دکھاتے جانا یہ آسمانوں کی طرف پرواز کریں گی۔ تم اوپر جا کر کائنات کی حقیقت کو دیکھ آؤ۔ پھر واپس آ کر ہمیں بھی اس سے باخبر کرو۔ الغرض گدھیں اڑیں اور کافی اونچائی تک اڑتی گئیں۔ صندوق میں بیٹھے ہوئے شخص کو آسمان ویسے کا ویسا دور ہی دکھائی دیا اور جب اس نے زمین کی طرف دیکھا تو اسے اندھیرا ہی اندھیرا دکھائی دیا۔ پھر اس نے گدھوں کو گوشت دکھایا۔ وہ پرواز کرتے ہوئے نیچے آئیں۔ جب پہاڑوں نے گدھوں کی اس اڑان کو دیکھا تو قریب تھا کہ وہ اپنی جگہ سے ہٹ جاتے۔

درج بالا روایت کا انداز ویسے ہی اساطیری ہے۔ تعجب تو یہ ہے کہ کیا اس سے قبل گدھیں پہاڑوں کے اوپر سے نہیں گزری تھیں اور چار کرگسوں کی اڑان میں خدا جانے اتنی ہیبت کہاں سے آ گئی کہ اس سے پہاڑ لرزنے لگ جائیں۔ موجودہ زمانے میں ہزاروں جمبو جیٹ طیارے پہاڑوں کے اوپر سے روزانہ پرواز کرتے ہیں، لیکن آج تک کسی پہاڑ پر تو کوئی لرزہ طاری نہیں ہوا۔ خدا جانے گدھوں کی پرواز میں اتنی ہیبت کہاں سے آ گئی تھی کہ ان کی پرواز سے پہاڑ لرز اٹھے تھے۔ (اضافہ من المترجم)

قیامت کے دن زمین و آسمان کو بدل دیا جائے گا

يَوْمَ تُبَدَّلُ الْأَرْضُ غَيْرَ الْأَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ۝

''جس دن زمین و آسمان بدل دیے جائیں گے اور سب کے سب اللہ واحد قہار کے سامنے بے نقاب ہو کر حاضر ہوں گے''۔

معانی الاخبار میں مرقوم ہے کہ ایک یہودی رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا اور اس نے کہا: محمدؐ! جب اس نے صرف آنحضرتؐ کا اصلی نام لیا تو آنحضرتؐ کے غلام ثوبان نے اسے پیر کی ٹھوکر ماری اور اس سے کہا: محمدؐ کے بجائے یارسول اللہ کہہ کر آنحضرتؐ سے گفتگو کر۔

یہودی نے کہا: میں انھیں اس نام سے پکاروں گا جو ان کے گھر والوں نے رکھا ہے۔ پھر اس نے کہا: آپؐ یہ بتائیں جب قیامت کے دن زمین و آسمان بدل جائیں گے تو پھر لوگ کہاں ہوں گے؟

آپؐ نے فرمایا: وہ محشر سے قبل ظلمت میں ہوں گے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اس نے کہا: اہل جنت کو پہلا کھانا کیا ملے گا؟

آپؑ نے فرمایا: انھیں مچھلی کا جگر پیش کیا جائے گا۔

اس نے کہا: اس کے بعد انھیں پینے کے لیے کون سا مشروب دیا جائے گا؟

آپؑ نے فرمایا: انھیں سَلسبیل پیش کیا جائے گا۔ یہ سن کر یہودی نے کہا کہ آپؑ نے سچ کہا۔

اس طرح کی روایت در منثور میں بھی موجود ہے اور اس میں یہ اضافہ بھی ہے کہ بی بی عائشہؓ نے آنحضرتؐ سے یہ مسئلہ دریافت کیا تو آپؐ نے فرمایا: لوگ صراط پر ہوں گے۔

تفسیر عیاشی میں ثویر بن ابی فاختہ سے منقول ہے کہ حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: زمین کو ایسی زمین سے بدل دیا جائے گا جس پر کسی نے گناہ نہیں کیا ہوگا اور اس زمین پر کوئی پہاڑ اور نباتات وغیرہ نہیں ہوں گے۔

تفسیر قمی میں بھی یہ روایت انھی الفاظ سے منقول ہے۔

تفسیر در منثور میں بزار، ابن منذر، طبرانی، ابن مردویہ اور بیہقی کے حوالہ سے ابن مسعود سے منقول ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: زمین بدل دی جائے گی اور وہ چاندی کی طرح سے سفید ہوگی۔ اس پر ناحق خون نہیں بہا ہوگا اور اس پر کوئی خطا صادر نہیں ہوگی۔

ابن مردویہ نے حضرت علی علیہ السلام سے بھی یہی مفہوم نقل کیا ہے۔

ابن ابی الدنیا نے جنت کے اوصاف کے تحت اور ابن جریر، ابن منذر اور ابن ابی حاتم نے حضرت علی علیہ السلام سے یہ الفاظ نقل کیے ہیں کہ زمین چاندی کی بنا دی جائے گی اور آسمان سونے کا بنا دیا جائے گا۔

علامہ طباطبائی لکھتے ہیں: بعض علماء نے اس کلام کو تشبیہ پر محمول کیا ہے جیسا کہ ابن مسعود کی سابقہ حدیث میں گزرا ہے۔

الکافی میں مرقوم ہے کہ ''ابرش کلبی'' نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے یَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَیْرَ الْاَرْضِ ..... کی آیت مجیدہ کے متعلق سوال کیا تو آپؑ نے فرمایا: زمین سفید روٹی میں بدل دی جائے گی۔ حساب سے فارغ ہونے تک اسے کھاتے رہیں گے۔

''ابرش'' نے کہا مگر اس دن کسی کو کھانے کا ہوش ہی کب ہوگا؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: دوزخ تو اس سے بھی زیادہ سخت ہے، لیکن وہاں بھی لوگ کھانے پینے کی طلب محسوس کریں

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

گے اور انھیں کھانے کے لیے زقوم پیش کیا جائے گا اور پینے کے لیے کھولتا ہوا پانی دیا جائے گا۔ جب دوزخ میں پہنچ کر بھی لوگوں کو کھانا پینا نہیں بھولا تو وہ حساب کے وقت کھانے پینے کو کیسے فراموش کریں گے؟

ممکن ہے کہ ''سفید روٹی'' کے الفاظ میں تشبیہ کا احتمال ہو جیسا کہ حسب ذیل روایت سے اس کا استفادہ ہوتا ہے۔

ارشادِ مفید اور احتجاج طبرسی میں عبدالرحمٰن بن عبداللہ الزہری سے منقول ہے کہ ہشام بن عبدالملک حج کرنے کے لیے آیا۔ جب وہ مسجد الحرام میں داخل ہوا تو اس وقت اس نے اپنے غلام سالم کے بیٹے کا سہارا لیا ہوا تھا۔ اس وقت حضرت امام محمد باقر علیہ السلام بھی مسجد الحرام میں بیٹھے تھے۔ اس کے غلام سالم نے اس سے کہا: اے امیر المومنین! یہ محمد بن علیؑ ہے۔

ہشام نے کہا: وہی جس پر اہلِ عراق فریفتہ ہیں۔

اس نے کہا: جی ہاں۔ ہشام نے کہا: تم اس کے پاس جاؤ اور کہو کہ امیر المومنین کہہ رہے ہیں کہ یہ بتاؤ کہ قیامت کے دن فیصلہ ہونے تک لوگ کیا کھائیں گے اور کیا پئیں گے؟

امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: لوگوں کو صاف ستھری روٹی جیسی جگہ پر محشور کیا جائے گا' جہاں نہریں بہہ رہی ہوں گی۔ حساب سے فارغ ہونے تک لوگ وہاں کھاتے پیتے رہیں گے۔

جب سالم نے حضرت کا یہ جواب ہشام کو سنایا تو اس نے یہ سمجھا کہ وہ کامیاب ہو چکا ہے اور حضرت امام محمد باقر علیہ السلام لاجواب ہو چکے ہیں۔ اس نے اپنے غلام سے کہا: ان کے پاس دوبارہ جاؤ اور ان سے کہو: اس دن لوگوں کو کھانے پینے کا ہوش ہی کہاں ہوگا؟

امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: دوزخ میں تو لوگ اس سے بھی کہیں زیادہ پریشان ہوں گے' مگر اس کے باوجود وہ اہلِ جنت سے کہیں گے: ہماری طرف کچھ پانی بھیجو یا ایسا رزق بھجو جو تمھیں خدا نے دیا ہے۔ جب دوزخ میں پہنچ کر بھی لوگوں کو کھانا پینا نہیں بھولا تو وہ حساب میں کھانے پینے کو کیسے فراموش کر دیں گے۔

جب غلام نے امام علیہ السلام کا یہ جواب سنایا تو ہشام لاجواب ہو گیا۔

احمدؒ ابن جریرؒ ابن ابی حاتم اور ابونعیم نے ابوایوب انصاری کی زبانی نقل کیا کہ ایک یہودی عالم رسولؐ خدا کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے آپ سے کہا کہ قرآن مجید میں یہ آیت ہے: يَوْمَ تُبَدَّلُ الْأَرْضُ غَيْرَ الْأَرْضِ (اس دن یہ زمین دوسری زمین میں بدل دی جائے گی) یہ بتائیں کہ مخلوق کہاں جائے گی؟

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مخلوق خدا کی مہمان ہوگی اور خدا مہمان نوازی سے عاجز نہیں ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

زمین و آسمان کی تبدیلی کی روایات کے اختلاف سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ اس طرح کے الفاظ مفہوم کو قریب تر کرنے کے لیے بیان کیے گئے ہیں۔ ارض وسماء کی تبدیلی کا مقصد یہ ہے کہ ان کی حقیقت تو وہی رہے گی البتہ ان میں جو نظام جاری وساری ہے وہ بدل دیا جائے گا۔ (ملخصا عن تفسیر المیزان)

کتاب الخصال میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: لوگو! تمھارا کیا خیال ہے کہ قیامت کے بعد اللہ کوئی اور مخلوق پیدا نہیں کرے گا؟

جی ہاں اللہ تعالیٰ ایسی مخلوق پیدا کرے گا جن کا کوئی ماں باپ نہ ہوگا۔ وہ مخلوق اللہ کی عبادت کرے گی اور اس کی توحید کا اقرار کرے گی اور خدا کی عظمت بیان کرے گی۔ اللہ ان کی رہائش کے لیے زمین پیدا کرے گا اور ان پر سایہ فگن ہونے کے لیے آسمان بنائے گا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: یَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَیْرَ الْاَرْضِ وَ السَّمٰوٰتُ "جس دن زمین و آسمان بدل دیئے جائیں گے"۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ امام زین العابدین علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ دو صوروں میں کتنا فاصلہ ہوگا؟

آپؑ نے فرمایا: جتنا خدا چاہے گا اتنا ہی فاصلہ ہوگا۔ پھر آپؑ نے فرمایا: پھر آسمان کی طرف سے ایک ندا سنائی دے گی جس کی وجہ سے اسرافیل کے علاوہ باقی تمام آسمانی مخلوق مرجائے گی۔ اس وقت خدا اسرافیل سے کہے گا تو بھی مرجا۔ اس فرمان کے بعد اسرافیل بھی مرجائے گا۔ پھر کچھ عرصہ تک یہی حالت رہے گی۔ پھر اللہ آسمانوں کو حکم دے گا وہ پھٹ جائیں گے اور پہاڑوں کو حکم دے گا وہ ریزہ ریزہ بن کر اُڑ جائیں گے اور زمین دوسری زمین میں بدل دی جائے گی۔ اس کی جگہ ایسی زمین وجود میں لائی جائے گی جہاں کسی نے کوئی گناہ نہ کیا ہوگا اور اس پر نہ تو کوئی پہاڑ ہوگا اور نہ ہی کوئی نباتات ہوگی۔

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ سہل بن سعد نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی۔ آنحضرتؐ نے فرمایا: قیامت کے دن لوگوں کو چٹیل زمین پر محشور کیا جائے گا اور وہ زمین میدہ کی طرح سے سفید ہوگی اور وہاں کوئی شناختی علامت موجود نہ ہوگی۔

اہل دوزخ کا لباس

وَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ مُّقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ۝ سَرَابِيْلُهُمْ مِّنْ قَطِرَانٍ وَّتَغْشٰى وُجُوْهَهُمُ النَّارُ ۝

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

''اس روز تم مجرموں کو دیکھو گے کہ وہ زنجیروں میں جکڑے ہوں گے۔ ان کے لباس تارکول کے ہوں گے اور آگ کے شعلے ان کے چہروں پر چھائے ہوئے ہوں گے''۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے' آپؐ نے فرمایا: مجھ سے جبریل امینؑ نے یہ کہا: اگر دوزخ کا لباس زمین و آسمان کے درمیان لٹکا دیا جائے تو اہلِ زمین اس کی بدبو اور گرمی کی وجہ سے ہلاک ہوجائیں گے۔


نہج البلاغہ میں امیر المومنین علیہ السلام سے یہ کلمات منقول ہیں اور جو نافرمان ہوں گے انھیں برے گھر میں پھینکے گا اور ان کے ہاتھ گردن سے (کس کر) باندھ دے گا اور ان کی پیشانیوں پر لٹکنے والے بالوں کو قدموں سے باندھ کر جکڑ دے گا اور انھیں تارکول کی قمیصیں اور آگ سے قطع کیے ہوئے کپڑے پہنائے گا۔ وہ ایسے عذاب میں ہوں گے جس کی تپش بڑی سخت ہوگی اور ان پر دروازے بند کر دیئے جائیں گے۔

کتاب الخصال میں حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آپؐ نے فرمایا: اگر نوحہ گر عورت اپنی موت سے پہلے توبہ نہ کرے تو قیامت کے دن جب وہ اٹھے گی تو اس پر تارکول کا لباس ہوگا اور آگ کی زرہ ہوگی۔

وضاحت: زمانۂ جاہلیت میں رواج تھا کہ کچھ عورتیں اُجرت لے کر مرنے والوں کے نوحے اور مرثیے پڑھا کرتی تھیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ فرمان انھی کے لیے مخصوص ہے۔ واللہ اعلم! (اضافہ من المترجم)

○○○

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner



سُوْرَةُ الْحِجْرِ

سورة الحجر مكية وهي تسع وتسعون آية وست ركوعاتها ستة

"سورہ الحجر مکہ میں نازل ہوئی اس کی ننانوے آیات ہیں

اور اس کے چھ رکوع ہیں

Presented by Ziaraat.Com

Scanned by CamScanner

سورۂ حجر

فضیلت و مضامین

کتاب ثواب الاعمال میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص نماز کی دو رکعات ادا کرے اور پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ ابراہیم پڑھے اور دوسری رکعت میں سورہ الحجر پڑھے تو وہ کبھی مفلس نہ ہوگا اور وہ کبھی پاگل نہ ہوگا اور اس پر کوئی آزمائش نہیں آئے گی۔

مجمع البیان میں ابی بن کعب سے منقول ہے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص سورہ حجر پڑھے تو رسولؐ خدا کی زندگی میں جتنے مہاجر و انصار تھے اور جن لوگوں نے آنحضرت کا مذاق اُڑایا تھا ان سب کی تعداد سے دس گنا زیادہ اللہ تعالیٰ اسے نیکیاں عطا کرے گا۔

اس سورہ مجیدہ میں اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کو تسلی دی ہے اور ان سے فرمایا ہے کہ وہ مذاق اُڑانے والوں کی کوئی پرواہ نہ کریں اور جو لوگ قرآنِ مجید کو مجنونانہ کلام کہتے ہیں ان سے ہرگز مرعوب نہ ہوں' کیونکہ آپؐ کی نبوت بھی قیامت تک باقی رہے گی اور آپ کی نبوت کا معجزہ قرآن بھی قیامت تک باقی رہے گا۔ آپ سے پہلے رسولوں کا بھی لوگوں نے مذاق اُڑایا تھا مگر مذاق اڑانے والے تباہ و برباد ہو گئے۔

اس سورہ میں اللہ نے یہ بھی فرمایا کہ کافر خواہ کتنے معجزے کیوں نہ دیکھیں پھر بھی وہ اسلام قبول نہیں کریں گے۔ آسمان میں خدا نے بروج بنائے اور شیاطین سے ان کی حفاظت کا انتظام کیا۔ خدا نے زمین بچھائی اور اس میں رزقِ انسانی کی صلاحیت عطا فرمائی۔ ہوائیں باعثِ برکت ہیں۔ خدا اگلے پچھلے تمام لوگوں کو جانتا ہے۔ تخلیقِ آدمؑ کا قصہ اور انکارِ ابلیس کا واقعہ' جنت کے سات دروازے ہیں۔ حضرت ابراہیمؑ کے مہمانوں کا قصہ' قومِ لوطؑ کی بربادی کی داستان ''اصحابُ الایکہ'' کی تباہی کا واقعہ' زمین و آسمان کی تخلیق بے مقصد نہیں ہے۔

سورہ فاتحہ کی عظمت' آپ کھل کر اعلانِ نبوت کریں اور سینہ کی تنگی کا علاج۔ اس سورہ مجیدہ کے مرکزی موضوعات ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ وَقُرْاٰنٍ مُّبِيْنٍ ①

رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ② ذَرْهُمْ يَاْكُلُوْا

وَيَتَمَتَّعُوْا وَيُلْهِهِمُ الْاَمَلُ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ③ وَمَآ اَهْلَكْنَا مِنْ

قَرْيَةٍ اِلَّا وَلَهَا كِتَابٌ مَّعْلُوْمٌ ④ مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا

يَسْتَاْخِرُوْنَ ⑤ وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ اِنَّكَ

لَمَجْنُوْنٌ ⑥ لَوْ مَا تَاْتِيْنَا بِالْمَلٰٓئِكَةِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ⑦ مَا

نُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ اِلَّا بِالْحَقِّ وَمَا كَانُوْٓا اِذًا مُّنْظَرِيْنَ ⑧ اِنَّا نَحْنُ

نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ⑨

سہارا اللہ کے نام کا جو کہ رحمٰن و رحیم ہے

''ا-ل-ر۔ یہ کتاب الٰہی اور قرآن مبین کی آیات ہیں۔ ایک دن وہ آنے والا ہے جب کفار بھی یہ تمنا کریں گے کہ کاش وہ بھی مسلمان ہوتے۔ آپ انھیں ان کے حال پر چھوڑ دیں۔ کھائیں پئیں، مزے کریں اور جھوٹی اُمیدیں انھیں بھلاوے میں ڈالے رکھیں۔ عنقریب انھیں سب کچھ معلوم ہو جائے گا۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ہم نے جس بھی بستی کو ہلاک کیا ہے' اس کے لیے ایک خاص مہلتِ عمل لکھی جا چکی تھی۔ کوئی قوم نہ اپنے وقت مقرر سے پہلے ہلاک ہو سکتی ہے اور نہ اس کے بعد چھوٹ سکتی ہے۔

ان لوگوں نے کہا: اے وہ شخص جس پر ذکر (قرآن) نازل کیا گیا ہے تو دیوانہ ہے۔ اگر تو اپنے دعویٰ میں سچا ہے تو ہمارے پاس فرشتے کیوں نہیں لے آتا۔ ہم فرشتوں کو حق کے فیصلہ کے ساتھ ہی بھیجا کرتے ہیں۔ پھر لوگوں کو مہلت نہیں دی جاتی۔ ہم نے ہی ذکر (قرآن) کو اُتارا ہے اور ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں"۔

قیامت کے دن کافر بھی مسلم ہونے کی تمنا کریں گے

رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ۝

"ایک دن وہ آنے والا ہے جب کفار بھی یہ تمنا کریں گے کہ کاش وہ بھی مسلمان ہوتے"۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: قیامت کے دن ایک منادی ندا کرے گا جسے تمام اہلِ محشر سنیں گے' وہ کہے گا کہ جنت میں صرف مسلم ہی داخل ہو سکتا ہے۔ اس وقت تمام کفار حسرت سے اس خواہش کا اظہار کریں گے کہ کاش وہ بھی مسلم ہوتے۔

مجمع البیان میں رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آپؐ نے فرمایا:

گناہ گار دوزخ میں جائیں گے۔ ان میں کچھ گناہ گار اہلِ قبلہ بھی شامل ہوں گے۔ دوزخ میں کفار مسلمانوں سے کہیں گے کہ کیا تم مسلمان نہیں تھے؟ وہ کہیں گے: جی ہاں' ہم مسلمان تھے۔ کافر کہیں گے' لیکن تمھارے اسلام نے تمھیں کوئی فائدہ نہیں دیا' تم بھی تو ہمارے ساتھ دوزخ میں ہو۔

مسلمان کہیں گے: ہم نے زندگی میں گناہ کیے تھے جس کی وجہ سے خدا نے ہماری گرفت کی ہے۔ جب اللہ تعالیٰ یہ گفتگو سنے گا تو وہ حکم جاری کرے گا کہ تمام مسلمانوں کو دوزخ سے نکال لو۔ (اس کے بعد تمام مسلمانوں کو دوزخ سے نکال لیا جائے گا) اس وقت کافر حسرت سے کہیں گے کہ کاش ہم بھی مسلمان ہوتے۔

امیدوں کا پھیلاؤ نقصان دہ ہے

ذَرْهُمْ يَاْكُلُوْا وَيَتَمَتَّعُوْا وَيُلْهِهِمُ الْاَمَلُ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

''امیدیں انھیں بھلاوے میں ڈالے رکھیں۔ عنقریب انھیں سب کچھ معلوم ہو جائے گا''۔

اصولِ کافی میں مرقوم ہے کہ حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام نے فرمایا:

مجھے تمھارے متعلق دو چیزوں کا خدشہ ہے: ۱- خواہشات کی پیروی ۲- امیدوں کا پھیلاؤ۔ خواہشات کی پیروی حق سے روک دیتی ہے اور امیدوں کا پھیلاؤ آخرت کو فراموش کرا دیتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو وحی فرمائی: اے موسیٰؑ! دنیا میں لمبی امیدیں قائم نہ کرنا ورنہ تمھارا دل سخت ہو جائے گا اور سخت دل والا شخص مجھ سے دُور ہے۔

حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی شخص خدا کی ولایت اور سعادت کا مستحق بنتا ہے تو اس کی آنکھوں کے درمیان موت کا تصور اُجاگر ہو جاتا ہے اور امیدیں پسِ پشت چلی جاتی ہیں۔

آنحضرتؐ سے پوچھا گیا کہ اہلِ ایمان میں زیادہ عقل مند کون ہے؟

آپؐ نے فرمایا: جو سب سے زیادہ موت کو یاد کرنے والا ہو اور موت کے لیے تیاری کرنے والا ہو۔

امیر المومنین علی علیہ السلام نے فرمایا: اس شخص نے موت کو صحیح مقام نہیں دیا جس نے آنے والے ''کل'' کو اپنی زندگی کا حصہ سمجھا۔ آپؑ فرمایا کرتے تھے کہ جو بھی لمبی امیدیں قائم کرے گا وہ برے عمل کرے گا۔ آپؑ فرمایا کرتے تھے: اگر بندہ اپنی موت کی تیزی کو دیکھ لے تو وہ دنیا طلبی کے لیے کوئی کام ہی نہ کرے۔

نہج البلاغہ میں امیر المومنین علی علیہ السلام کے یہ کلمات مرقوم ہیں: جان لو! امیدیں دل میں سہو پیدا کرتی ہیں اور ذکرِ الٰہی کو فراموش کرا دیتی ہیں۔ امیدوں کو جھٹلاؤ کیونکہ وہ سراسر دھوکا ہیں اور امیدیں رکھنے والا دھوکے میں مبتلا ہے۔

کتاب الخصال میں حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ آپؐ نے فرمایا: اس اُمت کی بھلائی کا آغاز زُہد و یقین سے ہوتا ہے اور اس کی ہلاکت کا نقطۂ آغاز بخل اور اُمیدوں سے ہوتا ہے۔

قرآن کا محافظ خدا ہے

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝۹

''یقیناً ہم نے ہی ذکر (قرآن) کو نازل کیا ہے اور ہم ہی اس کے محافظ ہیں''۔

اس آیت مجیدہ میں لفظ ''الذکر'' پر جو الف لام ہے یہ عہد خارجی کے لیے ہے، کیونکہ سابقہ آیت میں کہا گیا ہے:

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

وَقَالُوا يَا أَيُّهَا الَّذِي نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ إِنَّكَ لَمَجْنُونٌ ۝ ''ان لوگوں نے کہا: اے وہ شخص جس پر ذکر (قرآن) نازل کیا گیا ہے تو دیوانہ ہے''۔

کفار نے قرآنِ مجید کو لفظ ''ذکر'' سے تعبیر کیا۔ اللہ تعالیٰ نے اسی ذکر یعنی قرآنِ مجید کی حفاظت کی ذمہ داری اپنے ذمہ لی اور اس ذمہ داری کا اعلان کرتے ہوئے فرمایا: یقیناً ہم نے ہی ذکر کو نازل کیا ہے اور ہم ہی اس کے محافظ ہیں۔

قرآنِ کریم کی یہ آیت مجیدہ اس امر پر دلالت کرتی ہے کہ قرآن ہر طرح کی تحریف سے محفوظ ہے، کیونکہ وہ اللہ کا نازل کردہ ذکر ہے اور وہ ہمیشہ زندہ و پائندہ رہنے والا ذکر ہے۔ اور ذکر کے لیے شرط یہ ہے کہ وہ باطل کی ہر قسم کی آمیزش سے پاک ہو۔

جیسا کہ فرمانِ الٰہی ہے: إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بِالذِّكْرِ لَمَّا جَاءَهُمْ ۖ وَإِنَّهُ لَكِتَابٌ عَزِيزٌ ۝ لَا يَأْتِيهِ الْبَاطِلُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهِ ۖ تَنْزِيلٌ مِنْ حَكِيمٍ حَمِيدٍ ۝ (حم السجدہ: ۴۱-۴۲) ''بے شک جن لوگوں نے قرآن کے آنے کے بعد اس کا انکار کیا ہے ان کا انجام برا ہے، یہ ایک عالی مرتبہ کتاب ہے جس کے قریب سامنے یا پیچھے کسی طرف سے بھی باطل نہیں آ سکتا۔ یہ خدائے حکیم وحمید کی نازل کی ہوئی کتاب ہے''۔

اس مقام پر یہ کہہ دینا کہ ذکر سے رسولؐ خدا مراد ہیں اور اللہ نے ان کی حفاظت کا اعلان کیا ہے، سراسر غلط اور سیاقِ قرآن کے خلاف ہے۔ مکتبِ تشیع کے محققین کا ہمیشہ سے یہی نظریہ ہے کہ قرآن حکیم ہر طرح کی تحریف سے پاک ہے جیسا کہ شیخ صدوقؒ، سید مرتضیٰؒ، شیخ طوسیؒ اور مفسر طبرسیؒ نے اسی موضوع پر ملت جعفریہ کے عقیدہ کو واضح کیا ہے اور شیخ صدوقؒ کے نظریہ کے مطابق اسی پر امامیہ علماء و مجتہدین کا اجماع ہے۔ چنانچہ شیخ صدوق اعتقادات صدوق میں لکھتے ہیں:

قرآنِ مجید کے بارے میں ہمارا اعتقاد یہ ہے کہ اللہ نے جو قرآن اپنے پیغمبر پر نازل کیا ہے وہی ہے جو دو دفتیوں یعنی دو گتوں کے درمیان موجود اور لوگوں کے ہاتھ میں ہے، اس سے زیادہ نہیں ہے اور جو شخص ہماری طرف سے اس بات کی نسبت دیتا ہے کہ ہم یہ کہتے ہیں کہ قرآن اس سے زیادہ ہے تو وہ جھوٹا ہے۔

اسی طرح سے شیخ طوسیؒ کا موقف بھی یہی ہے کہ اس میں کسی قسم کا کوئی اضافہ نہیں ہے۔ چنانچہ وہ کہتے ہیں: رہی یہ بات کہ قرآن میں کس قسم کی کمی بیشی ہے تو یہ ایک ایسی بات ہے جسے بیان کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اس میں بیشی اور اضافہ کے متعلق پورے عالمِ اسلام کا اجماع ہے کہ قرآن میں کوئی اضافی لفظ نہیں ہے اور کمی کے متعلق بھی علمائے اسلام کا اجماع ہے کہ اس میں کوئی کمی نہیں ہے اور یہی بات ہمارے مذہب امامیہ کے بھی عین مطابق ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

سید مرتضیٰؒ بھی اسی بات کی حمایت کرتے ہیں اور روایات سے بھی یہی چیز ظاہر ہوتی ہے۔ البتہ سنی اور شیعہ کتابوں میں ایسی روایات بھی موجود ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ قرآن کریم میں کمی واقع ہوئی ہے لیکن یہ روایات آحاد ہیں جو علم و یقین کا موجب نہیں بن سکتیں۔ لہٰذا بہتر یہی ہے کہ ایسی تمام روایات سے روگردانی کر لی جائے اور ان سے کوئی سروکار نہ رکھا جائے یا پھر ان کی مناسب تاویل کی جائے۔

مفسر طبرسیؒ نے مجمع البیان میں اسی موقف کی تائید کی ہے۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں: قرآن میں کسی طرح کے اضافہ کی بات تو اجماعی طور پر باطل ہے البتہ علمائے شیعہ اور علمائے تسنن میں سے بعض حضرات نے اس طرح کی روایات نقل کی ہیں جن سے یہ ترجیح ہوتا ہے کہ قرآن کریم میں کمی ہوئی ہے۔ اس سلسلہ میں ہمارے علماء کا صحیح موقف یہ ہے کہ قرآن میں کوئی کمی نہیں ہوئی۔ قرآن کریم کی صحتِ نقل کے بارے میں اسی قدر علم و یقین ہے جس قدر ملکوں، شہروں، بڑے بڑے واقعات، عظیم حوادث، مشہور کتب اور تحریر شدہ اشعار کے بارے میں علم و یقین ہے۔ قرآن کریم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت کا معجزہ ہے اور علوم شرعیہ اور احکام دینیہ کا ماخذ ہے اور اُمت اسلامیہ کے علماء نے اس کی حفاظت و حراست میں اپنی آخری کوششیں تک صرف کی ہیں یہاں تک کہ انھوں نے اس کے اعراب، قرأت اور حروف و آیات میں جو اختلاف دیکھا اسے بھی بیان کیا ہے تو پھر اس قدر شدید توجہ اور سچی کوششوں کے ہوتے ہوئے اس میں تبدل و تغیر یا کمی بیشی کیسے ہو سکتی ہے۔

مفسر طبرسیؒ مزید لکھتے ہیں کہ سید مرتضیٰؒ نے ذکر کیا ہے کہ اس بارے میں جو بھی شخص اختلاف کرے خواہ اس کا تعلق امامیہ سے ہو یا دوسرے عوام الناس سے تو ان کے اس اختلاف کی طرف توجہ نہیں کی جائے گی اور اسے لائق اعتنا نہیں سمجھا جائے گا۔ البتہ بعض محدثین نے ضعیف روایات کا سہارا لیا ہے اور انھیں نقل کر کے یہ سمجھ لیا ہے کہ یہ صحیح احادیث ہیں۔ (منقول از مجمع البیان)

قرآن کریم کے غیر محرف ہونے کی سب سے بڑی دلیل قرآن مجید کی یہ آیت ہے: اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝ (الحجر:۹) "یقیناً ہم نے ہی قرآن کو اتارا ہے اور ہم ہی اس کے محافظ ہیں"۔

ذرا سوچیے اللہ نے کس حفاظت کی ذمہ داری لی ہے۔ اگر قرآن کریم کو پانی میں ڈالا جائے تو ڈوب جاتا ہے۔ اگر کسی گھر میں قرآن حکیم موجود ہو اور سوءِ اتفاق سے اس گھر کو آگ لگ جائے تو قرآن مجید بھی نذرِ آتش ہو جاتا ہے۔ اگر کوئی بدبخت قرآن کریم کو پھاڑنا چاہے تو وہ پھٹ بھی جاتا ہے مگر اس کے باوجود اللہ نے اس کی حفاظت کی ذمہ داری اپنے ذمہ لی

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ اللہ نے جس حفاظت کا وعدہ کیا ہے اس کا تعلق کمی بیشی یا تغیر و تبدل سے ہے۔ اللہ نے یہ ذمہ داری لی ہے کہ میں اس میں کسی طرح کی کمی بیشی نہیں ہونے دوں گا۔

علاوہ ازیں قرآنِ کریم رسالتِ محمدیہ کا عظیم معجزہ ہے۔ اگر رسالت مآب کا یہ عظیم معجزہ بھی لوگوں کے دستِ تصرف سے محفوظ نہ رہے تو رسالتِ محمدیہ کی گواہی متاثر ہوتی ہے۔

خداوند عالم کا یہ اصول رہا ہے کہ جس بھی کتاب میں تحریف ہوئی اللہ نے اس کی جگہ نیا رسول بھیجا اور نئی کتاب بھیجی۔ اگر خدانخواستہ قرآن میں بھی تحریف کا امکان ہوتا تو اللہ حاملِ قرآن کو خاتم الانبیاء نہ بناتا اور قرآن کو آخری الہامی کتاب نہ بناتا۔

اسلامی احکام کے دو ہی سرچشمے ہیں۔ پہلے سرچشمہ کا نام قرآن ہے اور دوسرے کا نام حدیث ہے۔ حدیث کے لیے شرط یہ ہے کہ وہ قرآن کے مطابق ہو۔ اگر خدانخواستہ قرآن ہی میں تحریف آجائے تو حدیث کی مطابقت کس چیز سے کی جائے گی کیونکہ اگر میزان ہی سرے سے غلط ہو تو اس پر سے اعتماد اُٹھ جائے گا اور جو چیز غلط میزان پر تولی جائے گی اس کا کوئی اعتبار نہیں ہوگا۔ لہٰذا تحریفِ قرآن کے عقیدہ سے اسلامی احکام کی بنیاد ہی مشکوک ہوجاتی ہے۔ اسلامی احکام کی اساس کو صحیح ماننے کے لیے ضروری ہے کہ قرآن کو غیر محرف تسلیم کیا جائے۔

قرآنِ کریم کے غیر محرف ہونے کی عظیم دلیل حدیثِ ثقلین ہے۔ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی زندگی میں متعدد مقامات پر فرمایا: اِنِّی تَارِكٌ فِيكُمُ الثَّقَلَيْنِ كِتَابَ اللّٰهِ وَعِتْرَتِي اَهلِ بَيتِي فَاِن تَمَسَّكتُم بِهِمَا لَن تَضِلُّوا بَعدِي اَبَدًا۔ ''میں تمھارے اندر دو گراں قدر چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں اور وہ ہیں قرآن اور میری عترتِ اہلِ بیتؑ، جب تک تم ان دونوں سے تمسک کرو گے تو میرے بعد تم ہرگز گمراہ نہ ہو گے''۔

حضرت حبیبِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیان فرمایا کہ میرے بعد اگر تم نے گمراہی سے بچنا ہے تو اس کے لیے قرآن اور اہلِ بیتؑ سے تمسک رکھو۔

''اہلِ بیتؑ'' سے ہر سید مراد نہیں ہے بلکہ اس سے ائمہ ہدیٰ علیہم السلام مراد ہیں جن کے پہلے فرد حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام اور آخری فرد حضرت امام زمانہ عجل اللہ فرجہٗ الشریف ہیں۔ امامِ زمانہؑ غیبتِ کبریٰ کے پردہ میں ہیں اور جب خدا کا حکم ہوگا تو وہ ظہور فرمائیں گے۔ اب عملی طور پر اہلِ بیتؑ سے استفادہ کا دروازہ بند ہے۔ لے دے کر صرف قرآنِ مجید ہی باقی رہ جاتا ہے۔ وہ حضرات جو چند غیر صحیح روایات مان کر تحریفِ قرآن کا اثبات کرتے ہیں ہم ان سے پوچھنے میں حق

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

بجانب ہیں کہ سلسلہ نبوت تو ایک طویل عرصہ سے منقطع ہو چکا ہے اور سلسلہ امامت سے عملی طور پر غیبت کبریٰ کے ایام میں استفادہ مشکل ہے۔ اگر خدانخواستہ قرآن کریم میں بھی تحریف واقع ہو چکی ہے تو ان کے پاس اپنے اسلام کا کیا جواز ہے کیونکہ نہ تو ان کی نظر میں قرآن صحیح ہے اور نہ ہی ائمہ ہدیٰ سے براہ راست ان کا کوئی رابطہ ہے جب کہ گمراہی سے بچانے والے عوامل تو صرف یہی تھے اور وہ ان دونوں سے محروم ہو چکے ہیں۔ پھر اس کے باوجود وہ اگر مسلمان ہیں تو کس بنیاد پر مسلمان ہیں؟

علاوہ ازیں اہلِ بیت طاہرینؑ نے اپنی پوری زندگی میں اپنے ماننے والوں کو قرآن کریم کی طرف رجوع کا حکم دیا تھا۔ اگر خدانخواستہ قرآن میں کوئی تحریف ہوتی تو ائمہ ہدیٰ قرآن کریم کی طرف رجوع کرنے کا حکم کیوں دیتے۔ (اضافہ من المترجم)

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ شِيَعِ الْاَوَّلِيْنَ ۝١٠ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ
رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝١١ كَذٰلِكَ نَسْلُكُهٗ فِيْ قُلُوْبِ
الْمُجْرِمِيْنَ ۝١٢ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَقَدْ خَلَتْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ ۝١٣ وَلَوْ
فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ فَظَلُّوْا فِيْهِ يَعْرُجُوْنَ ۝١٤ لَقَالُوْٓا
اِنَّمَا سُكِّرَتْ اَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ ۝١٥ وَلَقَدْ
جَعَلْنَا فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّزَيَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِيْنَ ۝١٦ وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ
شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ۝١٧ اِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ
مُّبِيْنٌ ۝١٨ وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا
مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَّوْزُوْنٍ ۝١٩ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ وَمَنْ لَّسْتُمْ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

لَهٗ بِرٰزِقِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآئِنُهٗ ۫ وَمَا نُنَزِّلُهٗٓ
اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۲۱﴾ وَاَرْسَلْنَا الرِّيٰحَ لَوَاقِحَ فَاَنْزَلْنَا مِنَ
السَّمَآءِ مَآءً فَاَسْقَيْنٰكُمُوْهُ ۚ وَمَآ اَنْتُمْ لَهٗ بِخٰزِنِيْنَ ﴿۲۲﴾ وَاِنَّا
لَنَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَنَحْنُ الْوٰرِثُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَلَقَدْ عَلِمْنَا
الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنْكُمْ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَاْخِرِيْنَ ﴿۲۴﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ
هُوَ يَحْشُرُهُمْ ؕ اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۵﴾ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ
صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۲۶﴾ وَالْجَآنَّ خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ مِنْ نَّارِ
السَّمُوْمِ ﴿۲۷﴾ وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ
صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۲۸﴾ فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ
رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ﴿۲۹﴾ فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ
اَجْمَعُوْنَ ﴿۳۰﴾ اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ اَبٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۳۱﴾ قَالَ
يٰٓاِبْلِيْسُ مَا لَكَ اَلَّا تَكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۳۲﴾ قَالَ لَمْ اَكُنْ
لِّاَسْجُدَ لِبَشَرٍ خَلَقْتَهٗ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۳۳﴾ قَالَ
فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ﴿۳۴﴾ وَّاِنَّ عَلَيْكَ اللَّعْنَةَ اِلٰى يَوْمِ
الدِّيْنِ ﴿۳۵﴾ قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۳۶﴾ قَالَ فَاِنَّكَ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿۳۷﴾ اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿۳۸﴾ قَالَ رَبِّ بِمَآ
اَغْوَيْتَنِيْ لَاُزَيِّنَنَّ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ وَلَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۳۹﴾ اِلَّا
عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۴۰﴾ قَالَ هٰذَا صِرَاطٌ عَلَيَّ مُسْتَقِيْمٌ ﴿۴۱﴾
اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ اِلَّا مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ
الْغٰوِيْنَ ﴿۴۲﴾ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۳﴾ لَهَا سَبْعَةُ
اَبْوَابٍ ؕ لِكُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ ﴿۴۴﴾

''ہم نے آپ سے پہلے بہت سی سابقہ اقوام میں رسول بھیجے ہیں۔ اُن کے پاس جب بھی کوئی رسول آیا تو لوگوں نے اس کا مذاق اُڑایا۔ مجرمین کے دلوں میں تو ہم اس ذکر کو اسی طرح گزارتے ہیں۔ وہ اس پر ایمان نہیں لایا کرتے' قدیم سے ان لوگوں کی یہی روش چلی آئی ہے۔ اگر ہم ان پر آسمان کا دروازہ کھول دیتے اور وہ دن دہاڑے اس میں چڑھنے بھی لگتے تو بھی وہ یہ کہتے کہ ہماری نظر بندی کردی گئی ہے' بلکہ ہم پر جادو کردیا گیا ہے۔

ہم نے آسمان میں برج بنائے ہیں اور ان کو دیکھنے والوں کے لیے (ستاروں سے) آراستہ کیا اور ہم نے انھیں ہر شیطانِ رجیم سے محفوظ کردیا ہے۔ ہاں جو کوئی سن گن لینے کی کوشش کرتا ہے تو ایک روشن شعلہ اس کا پیچھا کرتا ہے۔

اور ہم نے زمین کو پھیلایا' ہم نے اس میں مضبوط پہاڑ بنائے اور ہم نے اس میں ہر طرح کی نبات نپی تلی مقدار میں اُگائی اور ہم نے زمین میں تمھارے لیے معیشت کے اسباب فراہم کیے ہیں اور ان مخلوقات کے لیے بھی جن کے رازق تم نہیں ہو۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اور کوئی چیز ایسی نہیں ہے جس کے خزانے ہمارے پاس موجود نہ ہوں۔ ہم ہر چیز کو ایک مقرر مقدار میں نازل کرتے ہیں اور ہم نے بارآور ہواؤں کو بھیجا' ہم نے آسمان سے پانی نازل کیا' اس سے ہم نے تمھیں سیراب کیا' تم اس کے خزانہ دار نہیں ہو۔

اور ہم ہی زندگی دیتے ہیں اور ہم ہی موت دیتے ہیں اور ہم ہی وارث ہیں۔ تم میں سے جو لوگ پہلے گزر چکے ہیں ہم انھیں بھی جانتے ہیں اور بعد میں آنے والوں کو بھی ہم جانتے ہیں۔ بے شک آپ کا رب ان سب کو جمع کرے گا' یقیناً وہ حکمت والا اور علم والا ہے۔ یقیناً ہم نے انسان کو سڑی ہوئی مٹی کے سوکھے گارے سے بنایا۔ اس سے قبل ہم جنات کو زہریلی آگ سے پیدا کر چکے ہیں۔

اور جب تیرے پروردگار نے فرشتوں سے کہا کہ میں سڑی ہوئی مٹی کے سوکھے گارے سے ایک انسان بنا رہا ہوں۔ جب میں اسے پورا بنالوں اور اس میں اپنی روح پھونک دوں تو تم اس کے آگے سجدے میں گر جانا۔

سب کے سب فرشتوں نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے۔ اس نے سجدہ کرنے والوں کا ساتھ دینے سے انکار کر دیا۔ خدا نے کہا: اے ابلیس! کیا وجہ ہے کہ تو نے سجدہ دینے والوں کا ساتھ کیوں نہ دیا؟ اس نے کہا: میں اس بشر کو سجدہ نہیں کروں گا جسے تو نے سڑی ہوئی مٹی کے سوکھے گارے سے پیدا کیا ہے۔

خدا نے کہا: یہاں سے نکل جا یقیناً تو راندۂ درگاہ ہے اور روزِ قیامت تک تجھ پر لعنت ہے۔

اس نے کہا: مجھے اس دن تک کے لیے مہلت دے جب لوگ اٹھائے جائیں گے۔ خدا نے فرمایا: یقیناً تو مہلت یافتہ افراد میں سے ہے' وقت معلوم کے دن تک۔ اس نے کہا: میرے رب جیسا تو نے مجھے گمراہ کیا ہے میں زمین پر ان کے لیے دل فریبی کا سامان فراہم کر کے ان سب کو گمراہ کروں گا۔ سوائے تیرے ان بندوں کے جنھیں خالص کر لیا گیا ہوگا۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

خدا نے کہا: یہ راستہ ہے جو سیدھا مجھ تک پہنچتا ہے۔ میرے حقیقی بندوں پر تیری کوئی حکمرانی نہ ہوگی، تیرا بس ان بہکے ہوئے لوگوں پر ہی چلے گا جو تیری پیروی کریں گے۔ یقیناً ان سب کے لیے دوزخ ہی وعدہ گاہ ہے۔ اس کے سات دروازے ہوں گے ہر دروازے کے لیے ایک خاص حصہ مقرر کر دیا گیا ہے۔

بروج و کواکب

وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَاءِ بُرُوجًا وَزَيَّنَّاهَا لِلنَّاظِرِينَ ۝

''اور ہم نے آسمان میں برج بنائے ہیں اور اسے دیکھنے والوں کے لیے ہم نے (ستاروں سے) مزین کیا ہے''۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں ہے کہ بروج سے شمس و قمر کے منازل مراد ہیں اور اللہ نے آسمان کو ستاروں سے مزین کیا ہے۔

مجمع البیان میں ہے کہ خدا نے آسمان کو روشن ستاروں سے مزین کیا اور وہ بارہ بروج میں ہیں۔ منطقۃ البروج پر کئی ستاروں کے جھرمٹ ہیں جنھیں قاعدہ سے ملایا جائے تو بارہ مختلف شکلیں بن جاتی ہیں اور انھی شکلوں کے لحاظ سے ان کے نام رکھ لیے گئے۔ ہندی میں انھیں ''رأس'' اور عربی میں ''برج'' کہا جاتا ہے۔ اس کے ہندی نام یہ ہیں: میکھ، برکھ، متھن، کرک، سنگھ، کنیا، تلا، برچھک، دھن، مکر، کنبھ اور مین۔ اور اسی ترتیب سے ان کے عربی نام یہ ہیں: حمل، ثور، جوزا، سرطان، اسد، سنبلہ، میزان، عقرب، قوس، جدی، دلو، حوت۔ (اضافہ من المترجم نقلا عن شرح الصحیفۃ السجادیہ)

شیاطین کے لیے آسمانی راستے روک دیے گئے

وَحَفِظْنَاهَا مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ رَجِيمٍ ۝ إِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَأَتْبَعَهُ شِهَابٌ مُبِينٌ ۝

''اور ہم نے انھیں ہر شیطانِ رجیم سے محفوظ کر دیا ہے۔ ہاں جو سن گن لینے کی کوشش کرتا ہے تو ایک روشن شعلہ اس کا پیچھا کرتا ہے''۔

حمیری قرب الاسناد میں رقم طراز ہیں کہ حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے ایک یہودی سے گفتگو کی اور آپؑ نے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نشانیاں بیان فرمائیں۔ اس گفتگو میں آپؐ نے یہ بھی فرمایا:

پہلی علامت تو یہ ہے جسے تم اپنی کتابوں میں بھی پڑھتے ہو کہ آنحضرتؐ کی بعثت سے قبل جن آسمانی خبروں کی سن گن لیا کرتے تھے جیسے ہی آپ مبعوث بہ رسالت ہوئے تو انھیں شہاب ثاقب سے رجم کیا جانے لگا اور کہانت اور جادو باطل ہوگئے۔

تفسیر عیاشی میں مرقوم ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے عبدالسلام سے فرمایا: اے عبدالسلام! لوگوں سے ہوشیار رہو اور اپنے نفس سے بھی ہوشیار رہو۔

اس نے عرض کیا: مولاؑ! میں لوگوں سے تو ہوشیار رہ سکتا ہوں بھلا اپنے نفس سے کیسے ہوشیار رہوں؟

آپؑ نے فرمایا: بعض اوقات سن گن لینے والا خبیث تمھارے پاس آتا ہے اور تمھارے نفس کے خیالات کی سن گن لیتا ہے۔ پھر وہ انسانی صورت اختیار کر کے لوگوں کو تمھارے ارادوں سے قبل از وقت خبردار کر دیتا ہے۔

یہ سن کر عبدالسلام نے عرض کیا: مولاؑ! اس سے بچنا تو میرے بس میں نہیں ہے۔ آپؑ نے فرمایا: بات یہی ہے۔

ولادتِ نبویؐ سے دنیا میں کیا تبدیلیاں آئیں؟

امالی صدوق میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: ابلیس لعین پہلے ساتویں آسمان تک جاتا تھا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت کے بعد اسے تین آسمانوں سے روک دیا گیا۔ پھر وہ چار آسمانوں تک جاتا تھا۔ جب رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت باسعادت ہوئی تو اسے تمام آسمانوں سے روک دیا گیا اور ستاروں کے ذریعہ سے شیاطین کو رجم کیا جانے لگا۔

قریش نے یہ غیر معمولی تبدیلی دیکھی تو وہ کہنے لگے: معلوم ہوتا ہے کہ وہ گھڑی آ گئی ہے جس کا تذکرہ ہم اہلِ کتاب سے سنا کرتے تھے۔

عمرو بن امیہ اس دور کا مشہور کاہن تھا اس نے کہا: تم ان ستاروں کو دیکھو جن کو دیکھ کر رات کے وقت سمتوں کا تعین کیا جاتا ہے اور جن کے ذریعہ سے موسم سرما و گرما کی پہچان ہوتی ہے! اگر ان ستاروں سے شیاطین کو رجم کیا جا رہا ہے تو پھر اس کا مقصد یہ ہے کہ کائنات کا خاتمہ ہونے کو ہے اور اگر ان کی بجائے دوسرے ستاروں سے رجم ہو رہا ہے تو پھر کوئی عظیم واقعہ رونما ہوا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

جس فجر کو رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت ہوئی تو تمام صنم کدوں کے بت اوندھے منہ گر پڑے۔ کسریٰ کا ایوان لرز اُٹھا اور اس کے چودہ کنگرے گر گئے۔ بحیرہ ساوہ خشک ہوگیا اور آتش کدہ فارس بجھ گیا' جب کہ اس سے قبل وہ ایک ہزار برس تک مسلسل جلتا رہا تھا۔

اس رات آتش کدہ کے پروہت نے خواب دیکھا کہ بہت سے سرکش اُونٹ ہیں جو عربی گھوڑوں کو اپنے جلو میں لیے ہوئے ہیں۔ انھوں نے دجلہ کو کاٹ دیا اور ان کے ملک میں داخل ہوگئے۔ ایرانی کسریٰ کا محل درمیان سے ٹوٹ گیا ہے اور وہ دریائے دجلہ میں ڈوب گیا ہے۔

آپ کی ولادت باسعادت کے وقت حجاز سے تیز روشنی نمودار ہوئی جو تمام بلادِ مشرق تک پہنچی۔ دنیا کے ہر بادشاہ کا تخت اُلٹ گیا اور ولادت کے دن تمام بادشاہوں کی قوت گویائی جواب دے گئی اور کاہنوں کا علم باطل ہوگیا اور جادوگروں کے جادو بے اثر ہوگئے۔ ہر کاہنہ اپنے موکل جن سے محروم ہوگئی۔ قریش کو عرب میں عزت ملی اور انھیں ''آل اللہ'' کہا جانے لگا۔ انھیں ''آل اللہ'' کا لقب اس لیے دیا گیا کہ وہ اللہ کے حرم میں رہائش پذیر تھے۔

حضرت آمنہ سلام اللہ علیہا کا بیان ہے کہ جب میرا فرزند میرے شکم سے برآمد ہوا تو اس نے اپنے دونوں ہاتھ زمین پر رکھے' پھر سر اُٹھا کر آسمان کی جانب دیکھا۔ اس کے بعد میرے جسم سے ایسا نور برآمد ہوا جس سے ہر چیز چمک اٹھی۔ اس روشنی میں کسی کہنے والے کو میں نے یہ کہتے ہوئے سنا: اے آمنہ! تو نے تمام انسانوں کے سردار کو جنم دیا ہے اس کا نام محمدؐ رکھ اور اسے عبدالمطلب کے پاس لے جا' تاکہ وہ اپنے پوتے کا دیدار کرے''۔

حضرت آمنہ اپنے فرزند کو لے کر حضرت عبدالمطلب کے پاس آئیں۔ انھوں نے نومولود کو گود میں لیا اور انھوں نے یہ اشعار کہے:

الحمد للّٰہ الذی اعطانی - ھذا الغلام الطیب الارکان - قدساد فی المھد علی الغلمان

''ساری حمد اللہ کے لیے مخصوص ہے' جس نے مجھے یہ طیب و طاہر فرزند عطا کیا جو مہد میں رہ کر تمام بچوں کا سردار ہے''۔

پھر عبدالمطلب نے انھیں ارکانِ کعبہ کی پناہ میں دیا اور اس کے متعلق انھوں نے کچھ اشعار پڑھے۔

ابلیس لعین نے ایک زوردار چیخ ماری۔ اس کی چیخ کی آواز سن کر اس کے تمام چیلے اس کے پاس جمع ہوئے اور انھوں نے کہا: اے ہمارے آقا! آپ اتنے پریشان کیوں ہیں؟

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ابلیس لعین نے ان سے کہا: تم ہلاک ہو جاؤ آج رات سے آسمانوں اور زمین کا رنگ بدل گیا ہے۔ حضرت عیسیٰؑ کے اٹھائے جانے کے بعد سے لے کر آج تک اتنا بڑا واقعہ کہیں رونما نہیں ہوا۔ جاؤ چکر لگا کر معلوم کرو کہ کیسا واقعہ ظہور پذیر ہوا ہے؟

شیطانی چیلے ہر طرف گئے لیکن انھیں کہیں بھی انہونی بات دکھائی نہ دی۔ انھوں نے واپس آ کر ابلیس سے کہا کہ ہمیں تو کچھ بھی دکھائی نہیں دیا۔

ابلیس نے کہا: تمھارا کام نہیں ہے اب میں خود ہی اسے تلاش کروں گا۔ پھر اس نے پوری روئے زمین کا چکر لگایا۔ جب وہ حرم آیا تو اس نے دیکھا کہ حرم پر فرشتوں کا پہرہ لگا ہے۔ اس نے اندر داخل ہونے کا ارادہ کیا تو ملائکہ نے اسے سختی سے روک دیا۔ اس نے چڑیا کی شکل اختیار کی اور حرا کی طرف سے داخل ہوا۔ جبریل امینؑ نے اس سے کہا کہ تجھ پر خدا کی لعنت ہو کیا کرنے آیا ہے؟

اس نے کہا: جبریلؑ! مجھے یہ بتاؤ کہ آج رات کیا واقعہ رونما ہوا ہے؟

حضرت جبریلؑ نے کہا: محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پیدا ہوئے ہیں۔

ابلیس نے کہا: کیا اس میں میرا بھی کچھ حصہ ہے؟

جبریلؑ نے کہا: نہیں تیرا ان میں کوئی حصہ نہیں ہے۔

ابلیس نے کہا: تو کیا ان کی اُمت میں میرا کوئی حصہ ہے۔

جبریلؑ نے کہا: نہیں جب اس نے یہ سنا تو وہ خوش ہو گیا۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ﴿۱۷﴾ کی تفسیر کے ضمن میں مرقوم ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت سے پہلے شیاطین آسمانوں پر جایا کرتے تھے اور آسمانی خبریں اڑا لاتے تھے لیکن جب آنحضرتؐ کی ولادت باسعادت ہوئی تو ان کا داخلہ روک دیا گیا۔

وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَّوْزُوْنٍ ﴿۱۹﴾ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ وَمَنْ لَّسْتُمْ لَهٗ بِرٰزِقِيْنَ ﴿۲۰﴾

"اور زمین کو ہم نے پھیلایا اور ہم نے اس میں پہاڑ قائم کیے اور ہم نے اس میں ہر طرح کی نبات نپی تلی مقدار میں اُگائی اور ہم نے زمین میں تمھارے لیے معیشت کے اسباب فراہم کیے ہیں اور ان مخلوقات کے لیے بھی جن کے رازق تم نہیں ہو"۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

آیت بالا کے متعلق تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ اللہ نے ہر جاندار کے لیے اس کی طبیعت کے مطابق رزق فراہم کیا ہے۔ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے پہاڑوں میں سونا چاندی' جواہرات' تانبا' سیسہ' لوہا اور سرمہ رکھ دیا ہے الغرض پہاڑوں میں خدا نے ایسی قیمتی اشیاء رکھی ہیں جو وزن کے مطابق فروخت ہوتی ہیں۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآئِنُهٗ ۫ وَمَا نُنَزِّلُهٗۤ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ۝ (اور کوئی چیز ایسی نہیں ہے جس کے خزانے ہمارے پاس موجود نہ ہوں' ہم ہر چیز کو ایک مقرر مقدار میں نازل کرتے ہیں۔)

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ ہر چیز کا خزانہ بارش کا پانی ہے جب بارش برستی ہے تو ہر جاندار کی خوراک اور غذا پیدا ہوتی ہے۔

شیخ مفید روضۃ الواعظین میں لکھتے ہیں کہ حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ تمام بری و بحری مخلوقات کی عرش میں شبیہہ موجود ہے اور یہ وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآئِنُهٗ کی تاویل ہے۔

بارآور ہوائیں

وَاَرْسَلْنَا الرِّیٰحَ لَوَاقِحَ - ''اور ہم نے بارآور ہوائیں بھیجیں''۔

تفسیر قمی میں ہے کہ ہوائیں بیج بکھیرتی ہیں اور زردانے کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرتی ہیں جس سے درختوں میں ثمر پیدا ہوتا ہے۔

تفسیر عیاشی میں حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے' آپؐ نے فرمایا:

ہوا کو برا بھلا نہ کہو کیونکہ کچھ ہوائیں بشارت دینے والی ہیں' کچھ ہوائیں ڈرانے والی ہیں اور کچھ ہوائیں بارآور ہیں۔ اللہ سے ہوا کی بھلائی طلب کرو اور اس کے نقصان سے پناہ مانگو''۔

قولہ تعالیٰ: وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِیْنَ مِنْكُمْ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَاْخِرِیْنَ ۝ (تم میں سے جو لوگ پہلے گزر چکے ہیں ہم انھیں بھی جانتے ہیں اور بعد میں آنے والوں کو بھی جانتے ہیں)

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: اس سے اس اُمت کے مومن مراد ہیں۔

تخلیقِ انسان کا ابتدائی مادہ

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ۝

D40
Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

"یقیناً ہم نے انسان کو سڑی ہوئی مٹی کے سوکھے گارے سے بنایا"۔

راغب مفردات میں لکھتے ہیں کہ لفظ "صلصال" کسی خشک چیز سے آواز برآمد ہونے کو کہتے ہیں جیسا کہ قرآن حکیم میں ہے مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ (ٹھیکری کی طرح سے کھنکھناتی ہوئی مٹی)۔ اور حمأ سیاہ بدبودار مٹی کو کہا جاتا ہے۔ حمأ مسنون ایسا گارا جس کی رنگت بدل گئی ہو۔

انسان اوّل حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق مٹی سے ہوئی جب کہ بنی آدم کی تخلیق مادہ منویہ سے ہوئی جیسا کہ فرمانِ الٰہی ہے وَبَدَأَ خَلْقَ الْإِنسَانِ مِن طِينٍ ۝ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهُ مِن سُلَالَةٍ مِّن مَّاءٍ مَّهِينٍ ۝ (السجدہ: ۸) "اور اس نے انسان کی تخلیق کی ابتداء مٹی سے کی پھر اس کی نسل کو حقیر پانی کے جوہر سے بنایا"۔

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ آدم علیہ السلام کی خلقت کا آغاز مٹی (تراب) سے ہوا اسی لیے اللہ نے فرمایا: خَلَقَهُ مِن تُرَابٍ خدا نے اسے "تراب" یعنی خشک مٹی سے پیدا کیا۔ پھر اس میں پانی ڈالا گیا تو وہ "طین" گیلی مٹی کہلائی۔ اسی لیے اللہ نے ابلیس کا قول نقل کرتے ہوئے فرمایا: خَلَقْتَهُ مِن طِينٍ تو نے "طین" یعنی گیلی مٹی سے بنایا ہے۔

پھر گیلی مٹی پڑی رہی یہاں تک کہ اس کا رنگ بدل گیا تو وہ حَمَإٍ مَّسْنُونٍ تبدیل شدہ سیاہ گارا کہلائی۔ اسی لیے خدا نے فرمایا: مِّنْ حَمَإٍ مَّسْنُونٍ آدم کو تبدیل شدہ سیاہ گارے سے بنانے والا ہوں۔ پھر اس گارے کو پڑا رہنے دیا گیا' یہاں تک کہ وہ خشک ہو گیا اور ٹھیکری کی سی آوازیں دینے لگ گیا تو وہ "صلصال" کہلایا۔ جیسا کہ فرمان خداوندی ہے: مِّن صَلْصَالٍ میں آواز دینے والی مٹی سے انسان بنانے والا ہوں۔ لہٰذا تخلیقِ آدمؑ کے متعلق قرآنِ مجید میں جو مختلف آیات دکھائی دیتی ہیں ان میں کوئی تضاد نہیں ہے' بلکہ ان میں مختلف حالتوں کو بیان کیا گیا ہے۔

جنات کی تخلیق کا ابتدائی مادہ

وَالْجَانَّ خَلَقْنَاهُ مِن قَبْلُ مِن نَّارِ السَّمُومِ ۝

"اس سے قبل ہم جنات کو زہریلی آگ سے پیدا کر چکے ہیں"۔

راغب مفردات میں لکھتے ہیں کہ "سموم" اس شدید گرم ہوا کو کہا جاتا ہے جو زہر جیسا اثر رکھتی ہو۔ لفظ "جن" کے معنی پوشیدہ چیز کے ہیں۔ اس لفظ کے تمام مشتقات میں پوشیدگی کا مفہوم پایا جاتا ہے۔ جیسے "جن" وہ بھی ایک پوشیدہ مخلوق ہے اور اصل کو عربی زبان میں جُنَّة کہا جاتا ہے' کیونکہ وہ بھی اپنے اٹھانے والے کو حریف سے چھپا دیتی ہے۔ باغ کو جُنَّة کہا جاتا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ہے کیونکہ وہ زمین کو چھپا دیتا ہے۔ جو بچہ رحمِ مادر میں ہو اسے ''جنین'' کہتے ہیں کیونکہ وہ چھپا ہوا ہوتا ہے اور جَنَّ عَلَیْہِ اللَّیْلُ کا معنی ہے کہ اس پر تاریک چھا گئی یعنی رات کی تاریکی چھا گئی۔

''جن'' ایک باشعور مخلوق ہے جو طبعی طور پر ہماری نگاہوں سے اوجھل ہے۔ قرآنِ کریم میں اس مخلوق کا ذکر کیا گیا ہے اور ان کی طرف اعمالِ عجیبہ اور تیز ترین حرکات کو منسوب کیا گیا ہے جیسا کہ قصہ سلیمانؑ میں بھی اس کا ذکر موجود ہے۔ قرآنِ کریم کی تلاوت سے معلوم ہوتا ہے کہ قومِ جن بھی انسانوں کی طرح سے شریعت کی مکلف ہے۔ وہ بھی پیدا ہوتے اور مرتے رہتے ہیں اور قیامت کے دن حساب کے لیے انھیں بھی محشور کیا جائے گا۔

رہا یہ مسئلہ کہ ''جان'' سے مطلقاً قومِ جنات مراد ہے یا وہ بھی حضرت آدمؑ کی طرح سے اس نوع کا جدِ اعلیٰ تھا جیسا کہ ابن عباس سے منقول ہے۔ یا لفظ ''جان'' سے ابلیس لعین مراد ہے جیسا کہ حسن سے منقول ہے یا اس سے وہ جن مراد ہیں جن کا تعلق نسلِ ابلیس سے ہے یا پھر اس سے جنات کی ایک خاص نوع مراد ہے۔ ان کے متعلق مفسرین نے بہت سے اقوال نقل کیے ہیں، جن کی اکثریت پر کوئی دلیل موجود نہیں ہے۔

قرآنِ کریم کی آیاتِ مجیدہ پر غور و فکر کرنے سے یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ اللہ نے انسان اور ''جان'' نامی دو انواع کو پیدا کیا ہے اور خدا نے اپنی تخلیق کے اثبات میں دونوں انواع کا تذکرہ کیا ہے جیسا کہ فرمانِ قدرت ہے: وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ﴿۱۵﴾ (الرحمٰن: ۱۵) ''اس نے انسان کو ٹھیکری کی طرح کھنکھناتی مٹی سے بنایا اور جنات کو آگ کے شعلہ سے پیدا کیا''۔

آیاتِ قرآنی سے معلوم ہوتا ہے کہ جنات کی پیدائش ابلیس سے پہلے ہو چکی تھی اور ابلیس اس قوم کا فردِ اوّل نہیں تھا جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ (الکہف: ۵۰) ''ابلیس کا تعلق قومِ جن سے تھا اس نے اپنے رب کے حکم سے سرتابی کی''۔

ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے انسان کے مورثِ اعلیٰ اور قومِ جنات کے جدِ اعلیٰ کی تخلیق کو بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ انسان کے مورثِ اعلیٰ حضرت آدمؑ تھے اور ان کی تخلیق مٹی سے ہوئی تھی۔ ان کی نسل کا سلسلہ زوجین کے ملاپ سے قائم ہوا جب کہ قومِ جنات کے مورثِ اعلیٰ کی پیدائش آگ سے ہوئی۔

قرآنِ مجید یہ بھی واضح کرتا ہے کہ اس غیر مرئی قوم میں بھی نسل کا سلسلہ جاری ہے اور کیا ان کی نسل بھی دوسرے جان داروں کی طرح سے زوجین کے ملاپ سے پیدا ہوتی ہے یا نہیں؟ اس سلسلہ میں قرآنِ مجید کے ظاہری الفاظ میں کوئی

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اشارہ موجود نہیں ہے۔ (اضافہ من المعجم ملخصا عن تفسیر المیزان)

عیون الاخبار میں امام علی رضا علیہ السلام کی زبانی "ہاروت و ماروت" کا واقعہ بیان ہوا ہے۔ اس گفتگو میں آپؑ نے ملائکہ کے متعلق فرمایا کہ ملائکہ معصوم ہیں اور اللہ کے لطف و کرم کی وجہ سے ہر طرح کے کفر اور فعل قبیح سے پاک ہیں۔

امام علیہ السلام کی محفل میں بیٹھے ہوئے افراد نے کہا: تو کیا ابلیس فرشتہ نہیں تھا؟

آپؑ نے فرمایا: نہیں، ابلیس فرشتہ نہیں تھا، اس کا تعلق قوم جنات سے ہے، اس کے متعلق اللہ تعالیٰ نے واضح کہا ہے کہ وہ جن تھا اور اس کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَالْجَآنَّ خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ ۝ (اور ہم نے جنات کو اس سے قبل زہریلی آگ سے پیدا کیا ہے)

کتاب الخصال میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: باپ تین ہیں: (۱) آدمؑ جس کی اولاد میں مومن بھی ہیں اور کافر بھی ہیں (۲) جان اس کی نسل کافروں پر مشتمل ہے (۳) ابلیس اس کی نسل بھی کافروں پر مشتمل ہے۔ ان میں زوجین کا ملاپ نہیں ہوتا، وہ انڈے دیتا ہے اور اس سے بچے پیدا ہوتے ہیں، اس کی نسل میں سارے ہی نر ہوتے ہیں مادہ نہیں ہوتی۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے کہ "جان" ابلیس کا والد تھا اور قوم جنات میں مومن و کافر، یہود و نصاریٰ اور مختلف ادیان کے پیروکار ہوتے ہیں۔ شیاطین کا تعلق نسل ابلیس سے ہے۔ اس نسل میں کوئی مومن نہیں ہے البتہ صرف ایک فرد صاحب ایمان تھا جس کا نام ہام بن ہیم بن لاقیس بن ابلیس تھا۔

وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں بھی حاضر ہوا تھا۔ وہ بڑا لحیم و جسیم جثہ رکھنے والا تھا۔ آنحضرتؐ نے اس سے اس کا نام و نسب پوچھا تو اس نے بتایا کہ میں ہام بن ہیم بن لاقیس بن ابلیس ہوں۔ جب قابیل نے اپنے بھائی ہابیل کو قتل کیا تھا تو اس وقت میری عمر چند بیس کی تھی۔ اس وقت میں لوگوں کو راستوں سے بھٹکاتا تھا اور کھانا خراب کرتا تھا۔

آنحضرتؐ نے فرمایا: جس کا بچپن اتنا خراب ہو تو اس کا بڑھاپا کتنا ناپاک ہوگا۔

اس نے کہا: اب میں ویسا نہیں رہا۔ میں نے حضرت نوحؑ کے ہاتھ پر توبہ کی تھی۔ میں سفینہ میں اس کے ساتھ تھا اور میں نے انھیں ان کی بددعا پر ملامت کی تھی۔

جب ابراہیم علیہ السلام کو نار نمرود میں ڈالا گیا اور آگ ان کے لیے ٹھنڈک اور سلامتی بنی تو اس وقت بھی میں وہاں موجود تھا۔ جب حضرت موسیٰؑ کے زمانہ میں اللہ نے فرعون کو غرق کیا اور بنی اسرائیل کو نجات دی تو اس وقت میں موسیٰؑ کے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ساتھ موجود تھا۔ میں حضرت ہودؑ وصالحؑ کے ساتھ بھی رہا ہوں اور ان کی بددعا پر میں نے انھیں ملامت بھی کی تھی۔

میں نے آسمانی کتابیں پڑھی ہیں، جن میں آپؐ کی بشارت دی گئی تھی اور میں نے گذشتہ انبیاء کی زبان سے آپؐ کے فضائل سنے تھے اور میں نے ان کی زبانی سنا تھا کہ آپؐ تمام انبیاء کے سردار ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ نے جو کتاب آپؐ پر نازل کی ہے اس میں سے مجھے بھی کچھ تعلیم فرمائیں۔

رسولؐ خدا نے امیرالمومنین علی علیہ السلام سے فرمایا کہ تم اسے قرآن کی کچھ سورتوں کی تعلیم دو۔

ہام نے کہا: یارسولؐ اللہ! ہم صرف نبی کی اطاعت کرتے ہیں یا نبی کے وصی کی اطاعت کرتے ہیں، یہ کون ہے؟

آپؐ نے فرمایا: یہ میرا بھائی، میرا وصی، میرا وزیر اور میرا وارث علی بن ابی طالبؑ ہے۔

ہام نے کہا: جی ہاں، یہ وہی ہے جس کا نام سابقہ کتابوں میں "ایلیا" ہے

امیرالمومنین علیہ السلام نے اسے چند سورتوں کی تعلیم دی۔ جب امیرالمومنینؑ نے جنگِ صفین کی تو جنگِ صفین کی شدید ترین لڑائی "لیلۃ الہریر" میں ہوئی تھی۔ اس رات وہ امیرالمومنینؑ کی خدمت میں حاضر ہوا تھا۔

وضاحت: ہام بن ہیم کے واقعہ کی تفصیل کے لیے ہماری کتاب معجزاتِ آلِ محمدؐ جلد اوّل کا مطالعہ فرمائیں (من المترجم)

خلقتِ آدم

وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ۝ فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ۝

"اور جب تیرے پروردگار نے ملائکہ سے کہا کہ میں کھنکھناتی ہوئی مٹی کے سوکھے گارے سے ایک انسان بنا رہا ہوں۔ جب میں اسے پورا بنا لوں اور اس میں اپنی روح پھونک دوں تو اس کے آگے سجدے میں گر جانا"۔

کتاب علل الشرائع میں حضرت امیرالمومنین علیہ السلام سے تخلیقِ آدمؑ کی ایک طویل حدیث منقول ہے جس میں یہ کلمات بھی ہیں:

اللہ تعالیٰ نے تخلیقِ آدمؑ سے پہلے بزمِ ملائکہ میں حجت تمام کرنے کے لیے پیدائشِ آدمؑ کا اعلان کیا۔ اللہ تعالیٰ نے میٹھے پانی کا چلّو لیا اور اسے خشک کیا۔ وہ جم گیا اور آواز دینے لگا۔ اللہ تعالیٰ نے اس مادہ سے فرمایا کہ میں انبیاء و مرسلین اور

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اپنے صالح بندے اور ہدایت یافتہ رہبر جو جنت کے داعی ہوں اور ان کے پیروکاروں کو تجھ سے پیدا کروں گا اور میں کوئی پرواہ نہیں کروں گا۔ میں اپنے افعال کے لیے کسی کا جواب دہ نہیں ہوں جب کہ پوری مخلوق میرے لیے جواب دہ ہے۔

بعدازاں اللہ نے کڑوے پانی کا ایک چلّو لیا اور اسے جمایا تو وہ کھن کھن بولنے لگا۔ اللہ تعالیٰ نے اس سے فرمایا: میں تجھ سے جبار، فراعنہ، سرکش اور شیاطین کے بھائی بند پیدا کروں گا اور تجھ سے ہی دوزخ کے داعی اور ان کے پیروکاروں کو پیدا کروں گا۔ میں کوئی پرواہ نہیں کروں گا۔ میں اپنے افعال کے لیے کسی کا جواب دہ نہیں ہوں جب کہ پوری مخلوق میری جواب دہ ہے۔ اللہ نے اس میں "بداء" کی شرط عائد کی تھی جب کہ اہلِ جنت کے لیے اللہ نے کوئی شرط نہیں رکھی تھی۔ پھر اللہ نے دونوں قسم کے پانی ایک دوسرے سے ملا دیئے۔ جب وہ کھن کھن کرنے لگے تو انھیں اپنے عرش کے سامنے رکھوا دیا۔

پھر اللہ نے چار فرشتوں کو حکم دیا کہ وہ چاروں طرف کی ہوائیں چلائیں۔ چنانچہ اس ڈھیر پر چاروں طرف کی ہوائیں چلیں اور ان چار ہواؤں کے چلنے سے چار طبائع نے جنم لیا۔ بدن میں جو حرارت پائی جاتی ہے اس کا تعلق شمالی ہوا سے ہے۔ اخلاطِ اربعہ میں سے دوسری چیز بلغم ہے اس کا تعلق بادِ صبا سے ہے۔ بدن میں سودا پایا جاتا ہے۔ اس کا تعلق مغربی ہوا سے ہے اور جسم میں خون پایا جاتا ہے اس کا تعلق جنوبی ہوا سے ہے۔ جب جسم میں اخلاط آ گئے تو جسم مکمل ہو گیا۔ جسم میں موجود ریح کی وجہ سے انسان میں حبِ حیات، لمبی امیدیں اور حرص نے جنم لیا۔ اور جسم میں موجود بلغم کی وجہ سے کھانے پینے کی خواہش اور نرمی نے جنم لیا۔ جسم میں موجود کڑواہٹ یعنی سودا کی وجہ سے غصہ، پاگل پن، شیطانی جبر، سرکشی اور جلد بازی نے جنم لیا اور جسم میں موجود خون کی وجہ سے عورتوں کی محبت، اذات کی خواہش اور افعال حرام کرنے کی جسارت اور خواہشات نے جنم لیا۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ایک روایت کا ماحصل یہ ہے کہ اللہ نے اہلِ ایمان کے لیے علیحدہ طینت مقرر کی اور اہلِ کفر کے لیے علیحدہ طینت مقرر کی، لیکن اس نے اپنی مصلحت کے تحت دونوں کو آپس میں ملا دیا۔ یہی وجہ ہے کہ مومن سے کبھی بدکاریاں سرزد ہوتی ہیں اور منکرین حق سے کبھی نیک کام سرزد ہوتے ہیں۔

اصولِ کافی میں احول سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس روح کے متعلق پوچھا جس کے متعلق خدا نے فرمایا ہے کہ جب میں آدمؑ میں اپنی روح پھونک لوں۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: وہ خدا کی پیدا کردہ روح تھی اور حضرت عیسیٰؑ میں بھی خدا کی پیدا کردہ روح تھی۔

محمد بن مسلم کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے اِنَّ اللّٰہ خلق اٰدم علی صورتہ (اللہ نے آدم کو اپنی صورت پر بنایا) کی حدیث کے متعلق سوال کیا۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

امام علیہ السلام نے فرمایا: اللہ نے آدمؑ کو خوبصورت شکل وصورت عطا فرمائی اور یہ صورت خدا کو اتنی پسند آئی کہ اس نے اس کی اضافت اپنی طرف دی۔ یہ اضافت بوجہ شرف ہے جیسا کہ کعبہ کی نسبت خدا نے اپنی طرف کی اور اسے اپنا گھر قرار دیا اور اسی طرح سے اللہ نے روح کی نسبت بھی اپنی طرف کی اور فرمایا: وَنَفَخْتُ فِيهِ مِنْ رُّوحِيْ۔

کتاب التوحید میں محمد بن مسلم سے منقول ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے وَنَفَخْتُ فِيهِ مِنْ رُّوحِيْ کی آیت مجیدہ کے متعلق سوال کیا تو آپؑ نے فرمایا: وہ ایسی روح تھی جس کو خدا نے پسند کیا تھا اور اسے چُنا تھا۔ خدا نے اسے پیدا کیا تھا اور اس کی نسبت اپنی طرف کی تھی اور اسے تمام ارواح پر فضیلت دی تھی۔ وہی روح آدمؑ میں پھونکی گئی تھی۔

جعفر الاصم کا بیان ہے کہ میں نے بھی یہ مسئلہ امام محمد باقر علیہ السلام سے پوچھا اور کہا کہ آپؑ آدمؑ وعیسیٰؑ کی ارواح کی وضاحت کریں کہ وہ کیا تھیں؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: دونوں ارواح خدا کی پیدا کردہ تھیں اور اللہ نے ان کو چُنا تھا اور پسند کیا تھا۔

ابوبصیر بیان کرتے ہیں کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: وَنَفَخْتُ فِيهِ مِنْ رُّوحِيْ کا ایک مفہوم یہ بھی ہے کہ میں اپنی قدرت میں سے اس میں پھونک دوں۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ اللہ نے مخلوق پیدا کی اور روح پیدا کی، پھر فرشتے کو حکم دیا تو اس نے روح پھونک دی۔ اس سے اللہ کی قدرت میں کوئی کمی واقع نہیں ہوئی۔

محمد بن مسلم بیان کرتے ہیں کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے پوچھا کہ اللہ کا فرمان ہے: وَنَفَخْتُ فِيهِ مِنْ رُّوحِيْ (اور میں اس میں اپنی روح پھونک لوں) تو اس پھونکنے کی کیفیت کیا تھی؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: روح، ہوا کی طرح متحرک ہے اور لفظ روح، ریح سے مشتق ہے۔ اسے روح کہنے کی وجہ یہ ہے کہ یہ ریح کا ہم جنس ہے۔ اللہ نے اس روح کی اضافت اپنی طرف اس لیے کی ہے کیونکہ اللہ نے اسے باقی ارواح سے چُن لیا تھا۔ جس طرح سے خدا نے ایک گھر کو باقی گھروں سے چنا تو اسے اپنا گھر کہہ دیا اور ایک رسول کو بزمِ رسل میں سے چُنا تو اسے اپنا خلیل کہہ دیا۔ یہ سب کے سب مخلوق ہیں، مصنوع ہیں، احداث کردہ ہیں، مربوب ہیں اور تدبیر شدہ ہیں۔

الکافی میں بھی یہ روایت انھی الفاظ سے منقول ہے۔

قرب الاسناد میں مرقوم ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: جب اللہ نے روح کو آدمؑ میں داخل ہونے کا حکم دیا تھا تو وہ ناخوش ہو کر داخل ہوئی۔ خدا نے فرمایا: تو ناخوش ہو کر داخل ہوگی اور ناخوش ہو کر جسم سے باہر آئے گی۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

تفسیر عیاشی میں محمد بن مسلم سے منقول ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے [illegible] (جب میں اس میں اپنی روح پھونک دوں تو تم اس کے لیے سجدہ میں گر جانا) کی آیت مجیدہ کے متعلق سوال کیا تو آپؑ نے فرمایا: اللہ نے ایک روح کو پیدا کیا اور اسے آدم علیہ السلام میں پھونک دیا۔

ابوبصیر کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے اسی آیت مجیدہ کے متعلق سوال کیا تو آپؑ نے فرمایا: اللہ نے آدمؑ کو بنایا اور روح کو پیدا کیا۔ پھر فرشتے کو حکم دیا۔ اس نے روح پھونک دی۔ روح کے داخل ہونے سے اللہ کی ذات میں کوئی کمی پیدا نہیں ہوئی۔ اس کا تعلق اللہ کی قدرت سے تھا۔

سماعہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روح کے متعلق پوچھا تو آپؑ نے فرمایا: یہ خدا کی قدرت ملکوتی میں سے ہے۔

حضرت امام علی علیہ السلام نے تخلیق آدمؑ پر گفتگو کرتے ہوئے نہج البلاغہ میں فرمایا:

پھر اللہ نے سخت و نرم اور شیریں و شورہ دار زمین سے مٹی جمع کی' اسے پانی سے اتنا بھگویا کہ وہ صاف ہو کر لتھڑ گئی اور تری سے اتنا گوندھا کہ اس میں لس پیدا ہو گیا۔ اس سے ایک ایسی صورت بنائی جس میں موڑ ہیں اور جوڑ اعضاء ہیں اور مختلف حصے۔ اسے یہاں تک سکھایا کہ وہ خود تھم گئی اور اتنا سخت کیا کہ وہ کھنکھنانے لگی۔ ایک وقت معین اور مدت معلوم تک اسے یونہی رہنے دیا۔ پھر اس میں روح پھونکی اور وہ ایسے انسان کی صورت میں کھڑی ہو گئی جو قوائے ذہنی کو حرکت دینے والا' فکری حرکات سے تصرفات کرنے والا' اعضاء و جوارح سے خدمت لینے والا اور ہاتھ پیروں کو چلانے والا ہے۔ ایسی شناخت کا مالک ہے جس سے حق و باطل میں تمیز کرتا ہے اور مختلف مزوں' بوؤں' رنگوں اور جنسوں میں فرق کرتا ہے۔ خود رنگا رنگ کی مٹی اور ملتی جلتی ہوئی موافق چیزوں اور مخالف ضدوں اور متضاد خلطوں سے اس کا خمیر ہوا ہے یعنی وہ گرمی' سردی' تری' خشکی کا پیکر ہے۔ پھر اللہ نے فرشتوں سے چاہا کہ وہ اس کی سونپی ہوئی ودیعت ادا کریں اور اس کے پیمان وصیت کو پورا کریں جو سجدۂ آدم کے حکم کو تسلیم کرنے اور اس کی بزرگی کے سامنے تواضع و فروتنی کے لیے تھا۔ اس لیے اللہ نے کہا کہ آدم کو سجدہ کرو۔ ابلیس کے سوا سب نے سجدہ کیا۔ اسے عصبیت نے گھیر لیا۔ بدبختی اس پر چھا گئی اور آگ سے پیدا ہونے کی وجہ سے اپنے آپ کو بزرگ و برتر سمجھا اور کھنکھناتی ہوئی مٹی کی مخلوق کو ذلیل جانا۔ اللہ نے اسے مہلت دی تاکہ وہ پورے طور پر غضب کا مستحق بن جائے اور (بنی آدم کی) آزمائش تکمیل تک پہنچے اور وعدہ پورا ہو جائے۔ چنانچہ اللہ نے اس سے کہا کہ تجھے وقت معین کے دن تک کی مہلت ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کتاب الخصال میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: ابلیس نے چار مرتبہ چیخ ماری ہے۔ پہلی بار اس نے اس وقت چیخ ماری تھی جب خدا نے اس پر لعنت کی تھی اور دوسری بار اس کی چیخ اس وقت نکلی تھی جب اسے ملاء اعلیٰ سے نکال کر زمین پر اتارا گیا تھا۔

کتاب معانی الاخبار میں سید عبدالعظیم حسنی سے منقول ہے کہ انھوں نے فرمایا کہ میں نے امام علی نقی علیہ السلام سے سنا' انھوں نے فرمایا:

''رجیم'' اسے کہتے ہیں جسے لعنت کے ذریعہ سے دھتکارا جائے۔ ابلیس کو خدا نے رجیم بنایا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب بھی کوئی مومن اسے یاد کرتا ہے تو اس پر لعنت کرتا ہے اور جب حضرت قائم علیہ السلام کا ظہور ہوگا تو اس وقت اہلِ ایمان اسے پتھروں سے رجم کریں گے۔

علل الشرائع میں رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایک حدیث مرقوم ہے جس میں آپؐ نے ایامِ ہفتہ کی خصوصیات بیان فرمائیں۔ اس حدیث میں آپؐ نے یہ کلمات بھی ارشاد فرمائے۔ جمعرت وہ دن ہے جس میں ابلیس پر لعنت کی گئی اور اسی دن میں حضرت ادریسؑ کو اٹھایا گیا تھا۔

''وقتِ معلوم'' سے کیا مراد ہے؟

علل الشرائع میں مذکور ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ خدا نے ابلیس کو معین گھڑی کے دن تک کی مہلت دی تھی وہ کون سی گھڑی ہے؟

آپؑ نے فرمایا: اس سے صور پھونکے جانے کی گھڑی مراد ہے۔ پہلے اور دوسرے صور کے درمیانی وقفہ میں ابلیس پر موت طاری ہوجائے گی۔

تفسیر عیاشی میں وہب بن جمیع سے منقول ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ اللہ نے ابلیس کو وقتِ معلوم کے دن تک کی مہلت دی ہے۔ وہ وقت معلوم کا دن کون سا ہے؟

آپؑ نے فرمایا: وہب! کیا تم سمجھتے ہو کہ اس سے قیامت کا دن مراد ہے؟ نہیں' ایسا نہیں ہے۔ اللہ نے اسے ظہور قائم علیہ السلام تک مہلت دی ہے۔ جب ہمارے قائمؑ ظہور فرمائیں گے اور وہ مسجدِ کوفہ میں بیٹھے ہوں گے تو ابلیس ان کے سامنے آئے گا اور گھٹنوں کے بل ان کے سامنے بیٹھ جائے گا اور کہے گا: ہائے' اس دن میں میری بدنصیبی!

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

حضرت قائم علیہ السلام اس کی پیشانی سے پکڑ کر اس کی گردن قلم کردیں گے۔ چنانچہ وہی دن ''یوم الوقت المعلوم'' ہے۔

حسن بن عطیہ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے سنا کہ ابلیس نے چوتھے آسمان پر دو رکعت نماز ادا کی تھی جس میں اسے چھ ہزار سال صرف ہوئے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کی عبادت کو مدنظر رکھ کر اسے مہلت دی ہے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا فرمان ہے کہ میرے جدِ نامدار امام سجاد علیہ السلام جب مقامِ ملتزم پر پہنچتے تھے تو آپؑ بارگاہِ احدیت میں یہ دعا مانگا کرتے تھے کہ پروردگار! میرے پاس گناہوں اور خطاؤں کے ڈھیر ہیں جب کہ تیرے پاس رحمت و مغفرت کے ڈھیر ہیں۔ اے وہ ذات! جس نے اپنے ناپسندیدہ ترین فرد کی مہلت کی دعا کو قبول کیا تھا۔ میری دعا کو بھی قبول فرما' اور میری فلاں فلاں حاجت پوری فرما۔

نہج البلاغہ میں حضرت علی علیہ السلام سے یہ کلمات منقول ہیں: اے خدا کے بندو! اللہ کے دشمن سے ڈرو کہ کہیں وہ تمھیں اپنا روگ نہ لگا دے اور اپنی پکار سے تمھیں نہ بہکائے اور اپنے سوار اور پیادے لے کر تم پر چڑھ نہ دوڑے' اس لیے کہ میری جان کی قسم! اس نے شر انگیزی کے تیر کو چلّہ کمان میں جوڑ رکھا ہے اور قریب کی جگہ سے تمھیں اپنے نشانہ کی زد پر رکھ کر کمان کو زور سے کھینچ لیا ہے جیسا کہ اللہ نے اس کی زبانی فرمایا ہے کہ اے میرے پروردگار! چونکہ تو نے مجھے بہکا دیا ہے اب میں بھی ان کے سامنے زمین میں گناہوں کو سجا کر پیش کروں گا اور ان سب کو گمراہ کروں گا۔ حالانکہ اس نے یہ الکل پچو کہا تھا اور غلط گمان کی بنا پر (اندھیرے میں) تیر چلایا تھا' لیکن فرزندانِ رعونت' برادرانِ عصبیت اور غرور و جاہلیّت کے شہسواروں نے اس کی بات کو سچا کر دکھایا۔

عباد مخلصین پر شیطان کا کوئی اثر نہیں ہوگا

..... اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ۝

''اس نے کہا میرے رب جیسا تو نے مجھے گمراہ کیا ہے میں زمین پر ان کے لیے دل فریبی کا سامان فراہم کر کے ان سب کو گمراہ کروں گا' البتہ وہ بندے اس سے مستثنیٰ ہوں گے جنھیں خالص کرلیا گیا ہوگا''۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

کتاب معانی الاخبار میں مرقوم ہے کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جبریل امینؑ سے کہا کہ ''اخلاص'' کا کیا مفہوم ہے؟

حضرت جبریلؑ نے کہا: مخلص وہ ہے جو لوگوں سے سوال نہ کرے یہاں تک کہ وہ پالے اور جب وہ پالے تو وہ راضی ہو جائے اور اگر اس کے پاس کچھ بچ جائے تو وہ خدا کے نام پر خیرات کر دے۔ جس نے مخلوق سے سوال نہ کیا تو اس نے اللہ تعالیٰ کی عبودیت کا اقرار کیا اور جو پا کر راضی ہو جائے تو وہ شخص خدا سے راضی ہے اور اللہ اس سے راضی ہے اور جب وہ اللہ کے نام پر کچھ دیتا ہے تو اسے خدا پر بھروسہ ہوتا ہے۔

اصول کافی میں مرقوم ہے کہ هٰذَا صِرَاطٌ عَلَيَّ مُسْتَقِيْمٌ ۝ سے حضرت علی علیہ السلام کا راستہ مراد ہے۔

تفسیر عیاشی میں بھی یہی مفہوم مرقوم ہے۔

کتاب معانی الاخبار میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: ہمارے ماننے والوں پر ابلیس کا کوئی تسلط نہیں ہے۔

میں (راوی) نے کہا: میں آپؑ پر قربان جاؤں ان میں تو گناہ گار بھی ہیں۔

آپؑ نے فرمایا: جو کچھ تم نے سمجھ لیا ہے اس سے میری وہ مراد نہیں ہے۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ابلیس ان کی نظر میں ایمان کو قابل نفرت اور کفر کو لائق محبت نہیں بنا سکتا۔

روضہ کافی میں مرقوم ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ابوبصیر سے فرمایا: اے ابومحمد! خدا نے تمھیں اپنی کتاب میں یاد کیا ہے اور اس نے ابلیس سے فرمایا تھا: اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ (میرے حقیقی بندوں پر تیری کوئی حکمرانی نہ ہوگی) ان حقیقی بندوں سے ائمہ ہدیٰ اور ان کے شیعہ مراد ہیں۔

تفسیر عیاشی میں جابر سے منقول ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ کی آیت مجیدہ کے متعلق سوال کیا تو آپؑ نے فرمایا: اس کا مقصد یہ ہے کہ خدا نے ابلیس سے یہ کہا تھا کہ تیرے اختیار میں نہیں کہ تو جنت و دوزخ میں کسی کو داخل کر سکے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: ہم اہل رحمت اور نعمت و برکت کا گھر ہیں اور ہم زمین کا ستون ہیں اور ہمارے شیعہ اسلام کی بنیاد رسی ہیں۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ہمارے اور ہمارے شیعوں کے حق میں دعا کی تھی۔ اللہ نے ہمیں اور ہمارے شیعوں کو ابلیس کے تسلط سے محفوظ رکھا ہے اور فرمایا ہے: اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ (میرے بندوں پر تیری کوئی حکمرانی نہ ہوگی)

دوزخ اور اس کے درجات

وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۙ لَهَا سَبْعَةُ اَبْوَابٍ ؕ لِكُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ ؕ

"یقیناً ان سب کے لیے دوزخ ہی وعدہ گاہ ہے۔ اس کے سات دروازے ہوں گے۔ ہر دروازے کے لیے ایک خاص حصہ مقرر کر دیا گیا ہے"۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے ہر اہل ملت کے لیے دوزخ کا علیحدہ علیحدہ دروازہ ہوگا۔ جنت کے آٹھ دروازے ہوں گے۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: اللہ نے دوزخ کے سات درجات بنائے ہیں۔ سب سے بدترین درجہ کا نام جحیم ہے۔ جب اہل جحیم اس میں کھڑے ہوں گے تو ان کے دماغ یوں اُبلیں گے جیسا کہ ہانڈی میں پانی اُبلتا ہے۔

دوزخ کے دوسرے درجہ کا نام لظیٰ ہے اور اس کے متعلق فرمانِ خداوندی ہے:

كَلَّا ؕ اِنَّهَا لَظٰى ۙ نَزَّاعَةً لِّلشَّوٰى ۙ تَدْعُوْا مَنْ اَدْبَرَ وَتَوَلّٰى ۙ وَجَمَعَ فَاَوْعٰى ۙ

"ہرگز نہیں وہ تو بھڑکتی ہوئی آگ کی لپیٹ ہوگی جو گوشت پوست کو چاٹ جائے گی۔ پکار پکار کر اپنی طرف بلائے گی۔ ہر اس شخص کو جس نے حق سے منہ موڑا اور پیٹھ پھیری اور مال جمع کیا اور سینت سینت کر رکھا"۔ (المعارج: ۱۵-۱۸)

دوزخ کے تیسرے درجہ کا نام "سقر" ہے اور اس کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

سَاُصْلِيْهِ سَقَرَ ۙ وَمَاۤ اَدْرٰىكَ مَا سَقَرُ ؕ لَا تُبْقِيْ وَلَا تَذَرُ ۙ لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ ۙ عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ ؕ (المدثر: ۲۶-۳۰)

"عنقریب میں اسے "سقر" میں ڈال دوں گا اور تم کیا جانو کہ "سقر" کیا ہے نہ باقی رکھے گی نہ چھوڑے گی۔ کھال جھلسا دینے والی۔ انیس کارکن اس پر مقرر ہیں"۔

اور جب اہل سقر سے اہل جنت پوچھیں گے:

مَا سَلَكَكُمْ فِيْ سَقَرَ ۙ قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ ۙ وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ ۙ وَكُنَّا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

نَخُوْضُ مَعَ الْخَآئِضِيْنَ ۝ وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ۝ حَتّٰٓى اَتٰىنَا الْيَقِيْنُ ۝ فَمَا تَنْفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشّٰفِعِيْنَ ۝ (المدثر:۴۲-۴۸)

''تمھیں کس چیز نے ''سقر'' میں ڈالا؟ وہ کہیں گے کہ ہم نماز پڑھنے والوں میں سے نہ تھے اور ہم مسکین کو کھانا نہیں کھلاتے تھے اور حق کے خلاف باتیں بنانے والوں کے ساتھ مل کر ہم بھی باتیں بناتے تھے اور روزِ جزا کو ہم جھٹلاتے تھے' یہاں تک کہ ہم پر موت آ گئی۔ ان لوگوں کو شفاعت کرنے والوں کی شفاعت فائدہ نہ دے گی''۔

دوزخ کے چوتھے طبقہ کا نام ''حطمہ'' ہے اور یہ وہی ہے جس کے متعلق اللہ نے فرمایا ہے:

كَلَّا لَيُنْۢبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ ۝ نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ ۝ الَّتِيْ تَطَّلِعُ عَلَى الْاَفْـِٕدَةِ ۝ اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ ۝ فِيْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ۝ (الھمزہ:۴-۹)

''ہرگز نہیں' وہ شخص تو حُطمہ (چکنا چور کرنے والی) میں پھینک دیا جائے گا اور تم کیا جانو کہ وہ حُطمہ کیا ہے؟ وہ اللہ کی خوب بھڑکائی ہوئی آگ ہے جو دلوں تک پہنچے گی اور ان پر ڈھانک کر بند کر دی جائے گی۔ وہ اُونچے اُونچے ستونوں میں گھرے ہوئے ہوں گے''۔

اسی حُطمہ کے متعلق ارشادِ الٰہی ہے:

اِنَّهَا تَرْمِيْ بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ ۝ كَاَنَّهٗ جِمٰلَتٌ صُفْرٌ ۝ (المرسلات:۳۲-۳۳)

''وہ آگ محل جیسی بڑی بڑی چنگاریاں پھینکے گی جو اُچھلتی ہوئی یوں دکھائی دیں گے کہ گویا وہ زرد رنگ کے اُونٹ ہیں''۔

جو بھی اس میں داخل ہوگا وہ اسے پیس کر سرمہ کی مانند کر دے گی مگر روح نہیں مرے گی جب جسم پس کر سرمہ بن جائے گا تو از سرِ نو انھیں جسم دیا جائے گا۔

دوزخ کے پانچویں طبقہ کا نام ''ہاویہ'' ہے اور اس کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

وَاَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ ۝ فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا هِيَهْ ۝ نَارٌ حَامِيَةٌ ۝

''اور جس کی نیکی کا پلڑا ہلکا ہوگا تو اس کی جائے قرار ''ہاویہ'' (گہری کھائی) ہوگی اور تمھیں کیا خبر کہ وہ کیا چیز ہے۔ وہ بھڑکتی ہوئی آگ ہے''۔ (القارعۃ:۸-۱۱)

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اور مالک نامی داروغہ اسی طبقہ کا نگہبان ہوگا۔ لوگ "مالک" سے پانی طلب کریں گے تو وہ انھیں پیپ ملا ہوا کھولتا ہوا پانی دے گا۔ جب وہ پانی پینے کے لیے منہ بڑھائیں گے تو اس کی تپش سے ان کے چہرے کا گوشت گل کر گر پڑے گا' اور اس مشروب کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَاِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِى الْوُجُوْهَ ۭ بِئْسَ الشَّرَابُ ۭ وَسَاۗءَتْ مُرْتَفَقًا ۝ (الکہف:۲۹)

"وہاں اگر وہ پانی مانگیں گے تو ان کی تواضع ایسے پانی سے کی جائے گی جو تیل کی تلچھٹ جیسا ہوگا' ان کا منہ بھون ڈالے گا وہ بدترین مشروب ہوگا اور وہ جگہ بدترین آرام گاہ ہوگی"۔

جو اس میں گرے گا وہ ستر سال تک گرتا ہی جائے گا اور جب ان کی کھال جل جائے گی تو اس کی جگہ انھیں نئی کھال پہنا دی جائے گی۔

دوزخ کے چھٹے طبقہ کا نام "سعیر" ہے۔ اس میں آگ کے تین سو پردے ہوں گے اور ہر پردے میں دوزخ کے تین سو محل ہوں گے اور ہر محل میں آگ کے تین سو گھر ہوں گے اور ہر گھر میں آگ کے عذاب کے علاوہ تین سو عذاب ہوں گے۔ اس میں آگ کے بنے ہوئے سانپ اور بچھو ہوں گے اور آگ کا لباس ہوگا اور آگ سے بنے ہوئے طوق اور زنجیر ہوں گے۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَلٰسِلَا۠ وَاَغْلٰلًا وَّسَعِيْرًا ۝ (الدھر:۴) "کفر کرنے والوں کے لیے ہم نے زنجیریں اور طوق اور بھڑکتی ہوئی آگ مہیا کر رکھی ہے"۔

دوزخ کے ساتویں طبقہ کا نام "جہنم" ہے اور اس میں "ھلق" ہے اور "ھلق" جہنم کا ایک کنواں ہے۔ جب وہ کھولا جائے گا تو اس کے شعلوں میں تیزی آجائے گی اور وہ بدترین عذاب کا مقام ہے۔

"صعود" دوزخ کے درمیان تانبے کا ایک پہاڑ ہے اور "اثام" پہاڑ کے گرد تانبے کی بہنے والی گرم ترین وادی ہے اور وہ دوزخ کا سخت ترین عذاب ہے۔

کتاب الخصال میں مرقوم ہے کہ ایک یہودی نے امیر المومنینؑ سے ایک سے سو تک کی گنتی کی منفرد اشیاء کا سوال کیا اور آپؑ نے اسے جواب دیا۔ اس نے اپنے سوال کے دوران کہا کہ وہ سات کیا ہیں جن کا آٹھواں نہیں ہے؟

امیر المومنین علی علیہ السلام نے فرمایا: وہ سات جن کا آٹھواں نہیں ہے وہ دوزخ کے سات دروازے ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: دوزخ کے سات دروازے ہوں گے۔ ایک دروازے سے فرعون، ہاماں اور قارون گزریں گے۔ ایک دروازے سے وہ کفار و مشرکین گزریں گے جو چشم زدن کے لیے بھی اللہ پر ایمان نہ لائے ہوں گے۔ ایک دروازے سے بنی اُمیہ گزریں گے۔ وہ دروازہ ان کے لیے مخصوص ہوگا اور وہ باب لظیٰ، باب سقر اور باب ہاویہ ہے۔ ستر خریف تک وہ اس میں گرتے جائیں گے اور جب وہ پاتال تک پہنچیں گے تو آگ کے شعلے انھیں اُوپر بلند کریں گے اور وہ ستر خریف تک اُوپر بلند ہوتے رہیں گے، جب وہ دوزخ کی سطح پر پہنچیں گے تو انھیں پھر نیچے دھکیل دیا جائے گا۔ اس طرح سے وہ ہمیشہ عذاب میں رہیں گے۔

ایک اور دروازے سے ہم سے بغض رکھنے والے، ہم سے جنگ کرنے والے اور ہماری نصرت سے کنارہ کشی کرنے والے داخل ہوں گے اور یہ سخت گرم دروازہ ہوگا۔

راوی کا بیان ہے کہ میں نے امام علیہ السلام سے عرض کیا: مولاؑ! جس دروازہ کے متعلق آپؑ نے بیان کیا ہے کہ وہ بنی اُمیہ کے لیے مخصوص ہے۔ کیا اس میں بنی اُمیہ کے زمانہ جاہلیت کے افراد داخل ہوں گے یا وہ داخل ہوں گے جنھوں نے اسلام کو پایا تھا؟

آپؑ نے فرمایا: تیری ماں مرے، کفار و مشرکین کے لیے تو علیحدہ دروازہ ہے۔ اس میں تمام کفار و مشرکین داخل ہوں گے۔ یہ دروازہ بنی اُمیہ کے لیے مخصوص ہے۔ اس میں سرفہرست وہ داخل ہوگا جس نے رسولؐ خدا سے کئی جنگیں کی تھیں اور اس کی اولاد ہوگی اور آلِ مروان داخل ہوگی۔ جب وہ اس دروازے سے داخل ہوں گے تو دوزخ کا عذاب انھیں چکنا چور کر دے گا۔ وہاں ان کی چیخیں سننے والا کوئی نہ ہوگا۔ وہاں پہنچ کر نہ تو وہ زندہ رہیں گے اور نہ وہ مریں گے۔

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ لَهَا سَبْعَةُ اَبْوَابٍ (دوزخ کے سات دروازے ہوں گے) کی آیت مجیدہ کے متعلق مفسرین سے دو قول منقول ہیں: ان میں سے ایک قول وہ ہے جس کی روایت امیر المومنین علیہ السلام سے کی گئی ہے۔ آپؑ نے فرمایا: دوزخ کے سات طبقات ہوں گے اور وہ سب ایک دوسرے کے اُوپر ہوں گے۔ جب کہ جنت چوڑائی میں پھیلی ہوئی ہوگی۔ طبقات دوزخ کی ترتیب یوں ہوگی:

سب سے نیچے جہنم ہوگی، اُوپر لظیٰ ہوگی، اس کے اُوپر حطمہ ہوگی، اس کے اُوپر سقر ہوگی۔ اس کے اُوپر جحیم ہوگی۔ اس کے اُوپر سعیر ہوگی اور اس کے اُوپر ہاویہ ہوگی۔

کلینی کی روایت میں منقول ہے کہ سب سے نیچے ہاویہ ہوگی اور سب سے اُوپر جہنم ہوگی۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

لفظ ''جزؤ'' کا اطلاق ساتویں حصہ پر ہوتا ہے

تہذیب الاحکام میں ابن ابی نصر کی زبانی منقول ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام سے عرض کیا: ایک شخص نے مرتے وقت وصیت کی کہ میری موت کے بعد میرے مال میں سے ایک ''جزؤ'' خدا کے نام پر دی جائے۔ وہ شخص مر گیا۔ اب اس کے مال میں سے کتنا حصہ دینا چاہیے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: ساتواں حصہ دینا چاہیے کیونکہ لفظ ''جزؤ'' کا اطلاق ساتویں حصہ پر ہوتا ہے جیسا کہ فرمان الٰہی ہے: لَهَا سَبْعَةُ اَبْوَابٍ ؕ لِكُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ ؕ (اس کے سات دروازے ہوں گے اور ہر دروازے کے لیے ایک حصہ تقسیم کر دیا گیا ہے)

اس آیت میں لفظ ''جزؤ'' کا اطلاق ساتویں حصہ پر ہوا ہے۔

اسماعیل بن ہمام کی زبانی بھی یہ روایت منقول ہے۔

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۴۵﴾ اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ اٰمِنِيْنَ ﴿۴۶﴾
وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰى سُرُرٍ
مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۴۷﴾ لَا يَمَسُّهُمْ فِيْهَا نَصَبٌ وَّمَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ ﴿۴۸﴾
نَبِّئْ عِبَادِيْٓ اَنِّيْٓ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۴۹﴾ وَاَنَّ عَذَابِيْ هُوَ الْعَذَابُ
الْاَلِيْمُ ﴿۵۰﴾ وَنَبِّئْهُمْ عَنْ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ ﴿۵۱﴾ اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ
فَقَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ اِنَّا مِنْكُمْ وَجِلُوْنَ ﴿۵۲﴾ قَالُوْا لَا تَوْجَلْ اِنَّا
نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ﴿۵۳﴾ قَالَ اَبَشَّرْتُمُوْنِيْ عَلٰٓى اَنْ مَّسَّنِيَ الْكِبَرُ
فَبِمَ تُبَشِّرُوْنَ ﴿۵۴﴾ قَالُوْا بَشَّرْنٰكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْقٰنِطِيْنَ ﴿۵۵﴾

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

قَالَ وَمَنْ يَّقْنَطُ مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖٓ اِلَّا الضَّآلُّوْنَ ﴿۵۶﴾ قَالَ فَمَا
خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۵۷﴾ قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ
مُّجْرِمِيْنَ ﴿۵۸﴾ اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ ؕ اِنَّا لَمُنَجُّوْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۵۹﴾ اِلَّا
امْرَاَتَهٗ قَدَّرْنَآ ۙ اِنَّهَا لَمِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۶۰﴾ فَلَمَّا جَآءَ اٰلَ لُوْطِ
الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۶۱﴾ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ﴿۶۲﴾ قَالُوْا بَلْ جِئْنٰكَ
بِمَا كَانُوْا فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ﴿۶۳﴾ وَاَتَيْنٰكَ بِالْحَقِّ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿۶۴﴾
فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَاتَّبِعْ اَدْبَارَهُمْ وَلَا يَلْتَفِتْ
مِنْكُمْ اَحَدٌ وَّامْضُوْا حَيْثُ تُؤْمَرُوْنَ ﴿۶۵﴾ وَقَضَيْنَآ اِلَيْهِ ذٰلِكَ
الْاَمْرَ اَنَّ دَابِرَ هٰٓؤُلَآءِ مَقْطُوْعٌ مُّصْبِحِيْنَ ﴿۶۶﴾ وَجَآءَ اَهْلُ
الْمَدِيْنَةِ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۶۷﴾ قَالَ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ ضَيْفِيْ فَلَا تَفْضَحُوْنِ ﴿۶۸﴾
وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ ﴿۶۹﴾ قَالُوْٓا اَوَلَمْ نَنْهَكَ عَنِ
الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۰﴾ قَالَ هٰٓؤُلَآءِ بَنٰتِيْٓ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿۷۱﴾ لَعَمْرُكَ اِنَّهُمْ
لَفِيْ سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۷۲﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُشْرِقِيْنَ ﴿۷۳﴾
فَجَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ ﴿۷۴﴾
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ ﴿۷۵﴾ وَاِنَّهَا لَبِسَبِيْلٍ مُّقِيْمٍ ﴿۷۶﴾ اِنَّ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝
وَاِذْ نَادٰى رَبُّكَ مُوْسٰٓى اَنِ ائْتِ الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ قَوْمَ فِرْعَوْنَ ۭ اَلَا يَتَّقُوْنَ ۝
قَالَ رَبِّ اِنِّىْٓ اَخَافُ اَنْ يُّكَذِّبُوْنِ ۝ وَيَضِيْقُ صَدْرِيْ وَلَا يَنْطَلِقُ لِسَانِيْ فَاَرْسِلْ اِلٰى هٰرُوْنَ ۝
وَلَهُمْ عَلَيَّ ذَنْۢبٌ فَاَخَافُ اَنْ يَّقْتُلُوْنِ ۝ قَالَ كَلَّا ۚ فَاذْهَبَا بِاٰيٰتِنَآ ۚ اِنَّا مَعَكُمْ مُّسْتَمِعُوْنَ ۝
فَاْتِيَا فِرْعَوْنَ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اَنْ اَرْسِلْ مَعَنَا بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ۝
قَالَ اَلَمْ نُرَبِّكَ فِيْنَا وَلِيْدًا وَّلَبِثْتَ فِيْنَا مِنْ عُمُرِكَ سِنِيْنَ ۝ وَفَعَلْتَ فَعْلَتَكَ الَّتِيْ فَعَلْتَ
وَاَنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ قَالَ فَعَلْتُهَآ اِذًا وَّاَنَا مِنَ الضَّاۗلِّيْنَ ۝ فَفَرَرْتُ مِنْكُمْ لَمَّا خِفْتُكُمْ
فَوَهَبَ لِيْ رَبِّيْ حُكْمًا وَّجَعَلَنِيْ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ وَتِلْكَ نِعْمَةٌ تَمُنُّهَا عَلَيَّ اَنْ عَبَّدْتَّ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ۝
قَالَ فِرْعَوْنُ وَمَا رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ قَالَ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۭ اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ۝
قَالَ لِمَنْ حَوْلَهٗٓ اَلَا تَسْتَمِعُوْنَ ۝ قَالَ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَاۗىِٕكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ۝
قَالَ اِنَّ رَسُوْلَكُمُ الَّذِيْٓ اُرْسِلَ اِلَيْكُمْ لَمَجْنُوْنٌ ۝ قَالَ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۭ اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝
قَالَ لَىِٕنِ اتَّخَذْتَ اِلٰهًا غَيْرِيْ لَاَجْعَلَنَّكَ مِنَ الْمَسْجُوْنِيْنَ ۝ قَالَ اَوَلَوْ جِئْتُكَ بِشَيْءٍ مُّبِيْنٍ ۝
قَالَ فَاْتِ بِهٖٓ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ فَاَلْقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ۝
وَنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا هِيَ بَيْضَاۗءُ لِلنّٰظِرِيْنَ ۝ قَالَ لِلْمَلَاِ حَوْلَهٗٓ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ۝
يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهٖ ۡ فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ ۝ قَالُوْٓا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ وَابْعَثْ فِي الْمَدَاۗىِٕنِ حٰشِرِيْنَ ۝
يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِيْمٍ ۝ فَجُمِعَ السَّحَرَةُ لِمِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ۝
وَّقِيْلَ لِلنَّاسِ هَلْ اَنْتُمْ مُّجْتَمِعُوْنَ ۝ لَعَلَّنَا نَتَّبِعُ السَّحَرَةَ اِنْ كَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ۝
فَلَمَّا جَاۗءَ السَّحَرَةُ قَالُوْا لِفِرْعَوْنَ اَىِٕنَّ لَنَا لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ۝
قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ اِذًا لَّمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ۝ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ۝
فَاَلْقَوْا حِبَالَهُمْ وَعِصِيَّهُمْ وَقَالُوْا بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ اِنَّا لَنَحْنُ الْغٰلِبُوْنَ ۝
فَاَلْقٰى مُوْسٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ۝ فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ۝
قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۝ قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۭ
اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِيْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ فَلَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝ لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ
وَّلَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ قَالُوْا لَا ضَيْرَ ۭ اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ۝
اِنَّا نَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لَنَا رَبُّنَا خَطٰيٰنَآ اَنْ كُنَّآ اَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝
وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْٓ اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ۝
فَاَرْسَلَ فِرْعَوْنُ فِي الْمَدَاۗىِٕنِ حٰشِرِيْنَ ۝ اِنَّ هٰٓؤُلَاۗءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِيْلُوْنَ ۝
وَاِنَّهُمْ لَنَا لَغَاۗىِٕظُوْنَ ۝ وَاِنَّا لَجَمِيْعٌ حٰذِرُوْنَ ۝ فَاَخْرَجْنٰهُمْ مِّنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۝
وَكُنُوْزٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ۝ كَذٰلِكَ ۭ وَاَوْرَثْنٰهَا بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ۝
فَاَتْبَعُوْهُمْ مُّشْرِقِيْنَ ۝ فَلَمَّا تَرَاۗءَى الْجَمْعٰنِ قَالَ اَصْحٰبُ مُوْسٰٓى اِنَّا لَمُدْرَكُوْنَ ۝
قَالَ كَلَّا ۚ اِنَّ مَعِيَ رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ۝ فَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْبَحْرَ ۭ
فَانْفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيْمِ ۝ وَاَزْلَفْنَا ثَمَّ الْاٰخَرِيْنَ ۝
وَاَنْجَيْنَا مُوْسٰى وَمَنْ مَّعَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ۝ ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ۝
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝
وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ اِبْرٰهِيْمَ ۝ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝
قَالُوْا نَعْبُدُ اَصْنَامًا فَنَظَلُّ لَهَا عٰكِفِيْنَ ۝ قَالَ هَلْ يَسْمَعُوْنَكُمْ اِذْ تَدْعُوْنَ ۝
اَوْ يَنْفَعُوْنَكُمْ اَوْ يَضُرُّوْنَ ۝ قَالُوْا بَلْ وَجَدْنَآ اٰبَاۗءَنَا كَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ۝
قَالَ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ۝ اَنْتُمْ وَاٰبَاۗؤُكُمُ الْاَقْدَمُوْنَ ۝
فَاِنَّهُمْ عَدُوٌّ لِّيْٓ اِلَّا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الَّذِيْ خَلَقَنِيْ فَهُوَ يَهْدِيْنِ ۝
وَالَّذِيْ هُوَ يُطْعِمُنِيْ وَيَسْقِيْنِ ۝ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۝
وَالَّذِيْ يُمِيْتُنِيْ ثُمَّ يُحْيِيْنِ ۝ وَالَّذِيْٓ اَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لِيْ خَطِيْٓـَٔتِيْ يَوْمَ الدِّيْنِ ۝
رَبِّ هَبْ لِيْ حُكْمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ۝ وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ ۝
وَاجْعَلْنِيْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيْمِ ۝ وَاغْفِرْ لِاَبِيْٓ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الضَّاۗلِّيْنَ ۝
وَلَا تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ ۝ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ ۝
اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ۝ وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝
وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِلْغٰوِيْنَ ۝ وَقِيْلَ لَهُمْ اَيْنَمَا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ۝
مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ هَلْ يَنْصُرُوْنَكُمْ اَوْ يَنْتَصِرُوْنَ ۝ فَكُبْكِبُوْا فِيْهَا هُمْ وَالْغَاوٗنَ ۝
وَجُنُوْدُ اِبْلِيْسَ اَجْمَعُوْنَ ۝ قَالُوْا وَهُمْ فِيْهَا يَخْتَصِمُوْنَ ۝
تَاللّٰهِ اِنْ كُنَّا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ اِذْ نُسَوِّيْكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝
وَمَآ اَضَلَّنَآ اِلَّا الْمُجْرِمُوْنَ ۝ فَمَا لَنَا مِنْ شَافِعِيْنَ ۝ وَلَا صَدِيْقٍ حَمِيْمٍ ۝
فَلَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝
وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝ كَذَّبَتْ قَوْمُ نُوْحِ ۨ الْمُرْسَلِيْنَ ۝
اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ نُوْحٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ۝ اِنِّىْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ۝
فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝ وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰي رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝
فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ لَكَ وَاتَّبَعَكَ الْاَرْذَلُوْنَ ۝
قَالَ وَمَا عِلْمِيْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ اِنْ حِسَابُهُمْ اِلَّا عَلٰي رَبِّيْ لَوْ تَشْعُرُوْنَ ۝
وَمَآ اَنَا بِطَارِدِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ قَالُوْا لَىِٕنْ لَّمْ تَنْتَهِ يٰنُوْحُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمَرْجُوْمِيْنَ ۝
قَالَ رَبِّ اِنَّ قَوْمِيْ كَذَّبُوْنِ ۝ فَافْتَحْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا وَّنَجِّنِيْ وَمَنْ مَّعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝
فَاَنْجَيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ۝ ثُمَّ اَغْرَقْنَا بَعْدُ الْبَاقِيْنَ ۝
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝
كَذَّبَتْ عَادُ ۨ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ هُوْدٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ۝
اِنِّىْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ۝ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝ وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰي رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝
اَتَبْنُوْنَ بِكُلِّ رِيْعٍ اٰيَةً تَعْبَثُوْنَ ۝ وَتَتَّخِذُوْنَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُوْنَ ۝
وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ ۝ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝ وَاتَّقُوا الَّذِيْٓ اَمَدَّكُمْ بِمَا تَعْلَمُوْنَ ۝
اَمَدَّكُمْ بِاَنْعَامٍ وَّبَنِيْنَ ۝ وَجَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۝ اِنِّىْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝
قَالُوْا سَوَاۗءٌ عَلَيْنَآ اَوَعَظْتَ اَمْ لَمْ تَكُنْ مِّنَ الْوٰعِظِيْنَ ۝ اِنْ هٰذَآ اِلَّا خُلُقُ الْاَوَّلِيْنَ ۝
وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ۝ فَكَذَّبُوْهُ فَاَهْلَكْنٰهُمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝
وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ ۨ الْمُرْسَلِيْنَ ۝
اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ صٰلِحٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ۝ اِنِّىْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ۝
فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝ وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰي رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝
اَتُتْرَكُوْنَ فِيْ مَا هٰهُنَآ اٰمِنِيْنَ ۝ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۝ وَّزُرُوْعٍ وَّنَخْلٍ طَلْعُهَا هَضِيْمٌ ۝
وَتَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا فٰرِهِيْنَ ۝ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝ وَلَا تُطِيْعُوْٓا اَمْرَ الْمُسْرِفِيْنَ ۝
الَّذِيْنَ يُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ ۝ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ۝
مَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا فَاْتِ بِاٰيَةٍ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ قَالَ هٰذِهٖ نَاقَةٌ لَّهَا شِرْبٌ وَّلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ۝
وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝ فَعَقَرُوْهَا فَاَصْبَحُوْا نٰدِمِيْنَ ۝
فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝
كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطِ ۨ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ لُوْطٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ۝
اِنِّىْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ۝ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝ وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰي رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝
اَتَاْتُوْنَ الذُّكْرَانَ مِنَ الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَتَذَرُوْنَ مَا خَلَقَ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ ۭ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ عٰدُوْنَ ۝
قَالُوْا لَىِٕنْ لَّمْ تَنْتَهِ يٰلُوْطُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُخْرَجِيْنَ ۝ قَالَ اِنِّىْ لِعَمَلِكُمْ مِّنَ الْقَالِيْنَ ۝
رَبِّ نَجِّنِيْ وَاَهْلِيْ مِمَّا يَعْمَلُوْنَ ۝ فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ۝ اِلَّا عَجُوْزًا فِي الْغٰبِرِيْنَ ۝
ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ ۝ وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَاۗءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ۝
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝
كَذَّبَ اَصْحٰبُ لْـَٔيْكَةِ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ اِذْ قَالَ لَهُمْ شُعَيْبٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ۝
اِنِّىْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ۝ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝ وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰي رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝
اَوْفُوا الْكَيْلَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُخْسِرِيْنَ ۝ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ۝ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَاۗءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۝
وَاتَّقُوا الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَالْجِبِلَّةَ الْاَوَّلِيْنَ ۝ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ۝
وَمَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا وَاِنْ نَّظُنُّكَ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ فَاَسْقِطْ عَلَيْنَا كِسَفًا مِّنَ السَّمَاۗءِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝
قَالَ رَبِّيْٓ اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمْ عَذَابُ يَوْمِ الظُّلَّةِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝
وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ۝ عَلٰي قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ۝
بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ ۝ وَاِنَّهٗ لَفِيْ زُبُرِ الْاَوَّلِيْنَ ۝ اَوَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ اٰيَةً اَنْ يَّعْلَمَهٗ عُلَمٰٓؤُا بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ۝
وَلَوْ نَزَّلْنٰهُ عَلٰي بَعْضِ الْاَعْجَمِيْنَ ۝ فَقَرَاَهٗ عَلَيْهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ۝ كَذٰلِكَ سَلَكْنٰهُ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ۝
لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ۝ فَيَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝
فَيَقُوْلُوْا هَلْ نَحْنُ مُنْظَرُوْنَ ۝ اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ۝ اَفَرَءَيْتَ اِنْ مَّتَّعْنٰهُمْ سِنِيْنَ ۝
ثُمَّ جَاۗءَهُمْ مَّا كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ۝ مَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يُمَتَّعُوْنَ ۝
وَمَآ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ اِلَّا لَهَا مُنْذِرُوْنَ ۝ ذِكْرٰى ۚ وَمَا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۝
وَمَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيٰطِيْنُ ۝ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهُمْ وَمَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ۝
اِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُوْلُوْنَ ۝ فَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَكُوْنَ مِنَ الْمُعَذَّبِيْنَ ۝
وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ ۝ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝
فَاِنْ عَصَوْكَ فَقُلْ اِنِّىْ بَرِيْۗءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ وَتَوَكَّلْ عَلَي الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۝
الَّذِيْ يَرٰىكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ۝ وَتَقَلُّبَكَ فِي السّٰجِدِيْنَ ۝ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝
هَلْ اُنَبِّئُكُمْ عَلٰي مَنْ تَنَزَّلُ الشَّيٰطِيْنُ ۝ تَنَزَّلُ عَلٰي كُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ۝
يُّلْقُوْنَ السَّمْعَ وَاَكْثَرُهُمْ كٰذِبُوْنَ ۝ وَالشُّعَرَاۗءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ ۝
اَلَمْ تَرَ اَنَّهُمْ فِيْ كُلِّ وَادٍ يَّهِيْمُوْنَ ۝ وَاَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ ۝
اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَذَكَرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّانْتَصَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا ۭ
وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ ۝

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ ﴿۹۷﴾ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ
وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۹۸﴾ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ﴿۹۹﴾

"بے شک پرہیزگار باغات اور چشموں کے درمیان ہوں گے۔ انھیں حکم ہوگا کہ تم ان باغات میں سلامتی اور امن کے ساتھ داخل ہوجاؤ اور ہم نے ان کے سینوں سے ہر طرح کی کدورت نکال لی ہے۔ وہ بھائیوں کی طرح آمنے سامنے تخت پر بیٹھے ہوں گے۔ انھیں وہاں کسی مشقت سے واسطہ نہیں پڑے گا اور وہ ان باغات سے نہیں نکالے جائیں گے۔

میرے بندوں کو خبر کردو کہ میں بڑا بخشنے والا مہربان ہوں۔ اور یقیناً میرا عذاب بھی نہایت دردناک عذاب ہے اور آپ انھیں ابراہیمؑ کے مہمانوں کے متعلق خبر دیں۔ جب وہ آئے تو کہا: سلام ہو تم پر، اس نے کہا: ہم تم سے خوف زدہ ہیں۔ انھوں نے کہا کہ مت ڈریں ہم آپ کو صاحبِ علم فرزند کی بشارت دیتے ہیں۔

اس نے کہا: اب جب کہ مجھ پر بڑھاپا چھا گیا ہے تم مجھے کس بات کی بشارت دیتے ہو؟ انھوں نے کہا کہ ہم تمھیں صحیح بشارت دے رہے ہیں۔ آپ مایوسی اختیار کرنے والوں سے نہ بنیں۔ اس نے کہا کہ خدا کی رحمت سے تو گمراہ افراد کے علاوہ بھلا کون مایوس ہوسکتا ہے۔ اس نے کہا: اے بھیجے جانے والو! تم کس مہم پر روانہ کیے گئے ہو؟ انھوں نے کہا کہ ہمیں مجرم قوم کی طرف بھیجا گیا ہے۔ صرف لوطؑ کے گھر والے مستثنیٰ ہیں، ہم ان سب کو بچالیں گے البتہ اس کی بیوی کو نہیں بچائیں گے اس کے متعلق ہم نے طے کرلیا ہے کہ وہ پیچھے رہ جانے والوں میں شامل رہے گی۔

پس یہ فرستادے آلِ لوطؑ کے پاس پہنچے۔ اس نے کہا کہ تم اجنبی لوگ دکھائی دیتے ہو۔ فرشتوں نے کہا کہ ہم وہ عذاب لے کر آئے ہیں جس میں وہ شک کیا کرتے تھے۔ ہم سچ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

صبح کا عذاب لائے ہیں اور ہم بالکل سچے ہیں۔ آپ راتوں رات اپنے گھر والوں کو لے کر یہاں سے نکل جائیں اور خود ان کے پیچھے پیچھے جاؤ اور تم میں سے کوئی پلٹ کر نہ دیکھے اور جدھر جانے کا تمھیں حکم دیا جا رہا ہے اس سمت میں بڑھتے چلے جاؤ اور ہم نے اس معاملہ کا فیصلہ پہنچا دیا کہ صبح ہوتے ہوتے ان کی جڑ کاٹ دی جائے گی۔

شہر کے لوگ خوشیاں مناتے ہوئے آ گئے۔ لوط نے کہا یہ میرے مہمان ہیں مجھے بدنام نہ کرو اور تم خدا سے ڈرو اور مجھے رسوا نہ کرو۔ انھوں نے کہا کہ ہم نے تمھیں سب سے آنے سے منع نہیں کیا تھا؟ لوط نے کہا کہ تمھیں کچھ کرنا ہے تو یہ میری بیٹیاں موجود ہیں۔ تیری جان کی قسم! وہ لوگ شہوت کے نشہ میں مدہوش تھے۔ پو پھٹتے ہی انھیں ایک دھماکے نے آلیا۔ ہم نے انھیں تہ و بالا کر دیا اور ہم نے ان پر پکی ہوئی مٹی کے پتھروں کی بارش کر دی۔

اس واقعہ میں صاحبانِ فراست افراد کے لیے بہت سی نشانیاں ہیں اور یہ واقعہ جہاں پیش آیا وہ عام گزرگاہ پر واقع ہے۔ "ایکہ" والے ظالم تھے۔ ہم نے ان سے انتقام لیا۔ ان دونوں قوموں کے اُجڑے ہوئے علاقے کھلے راستے پر واقع ہیں۔ "حجر" کے لوگ بھی رسولوں کی تکذیب کر چکے ہیں۔ ہم نے اپنی نشانیاں ان کے پاس بھیجیں، مگر وہ انھیں نظر انداز کرتے رہے۔ وہ پہاڑ تراش کر محفوظ قسم کے مکانات بناتے تھے۔ آخرکار صبح ہوتے ہی انھیں ایک زبردست دھماکے نے آلیا۔ ان کی کمائی ان کے کسی کام نہ آئی۔

ہم نے آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے، سب کو حق کے ساتھ بنایا ہے اور قیامت یقیناً آ کر رہے گی۔ آپ خوبصورتی کے ساتھ درگزر کریں۔ یقیناً آپ کا رب سب کے پیدا کرنے والا اور سب کچھ جاننے والا ہے۔

اور ہم نے آپ کو بار بار دہرائی جانے والی سات آیات اور قرآنِ عظیم دیا ہے۔ تم اس متاعِ دنیا کی طرف آنکھ اُٹھا کر نہ دیکھو جو ہم نے ان میں سے مختلف قسم کے لوگوں کو دے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

رکھی ہے اور ان کے حال پر اپنا دل نہ کڑھاؤ اور آپ اپنے شانوں کو صاحبانِ ایمان کے لیے جھکائے رکھیں۔

اور آپ کہہ دیں کہ میں تو صاف صاف تنبیہ کرنے والا ہوں۔ یہ اسی طرح کی تنبیہ ہے جیسی ہم نے ان تفرقہ پردازوں کی طرف بھیجیں۔ جنھوں نے کتابِ خدا کے حصے بانٹ لیے تھے۔ آپ کے رب کی قسم! ہم ضرور ان سب سے سوال کریں گے جو کچھ وہ کیا کرتے تھے۔ آپ کو جس کا حکم دیا جا رہا ہے اسے واضح طور پر سنا دیں اور شرک کرنے والوں کی پرواہ نہ کریں۔ آپ کی طرف سے ہم استہزاء کرنے والوں کے لیے کافی ہیں جو اللہ کے ساتھ اور معبود کو بھی خدا قرار دے رہے ہیں اس کا انجام وہ عنقریب جان لیں گے۔

ہم جانتے ہیں کہ جو کچھ یہ لوگ باتیں بنا رہے ہیں اس سے آپ کو سینہ میں تنگی محسوس ہوتی ہے۔ آپ اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کریں اور سجدہ گزاروں میں شامل ہو جائیں اور آپ موت آنے تک اپنے رب کی عبادت کرتے رہیں۔

متقین کا انجام

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ۝ اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ اٰمِنِيْنَ ۝

"بے شک پرہیزگار باغات اور چشموں میں ہوں گے، انھیں حکم ہوگا کہ تم ان باغات میں سلامتی اور امن کے ساتھ داخل ہو جاؤ"۔

روضہ کافی میں امیر المومنین علی علیہ السلام سے ایک خطبہ منقول ہے جس میں حسب ذیل کلمات بھی شامل ہیں۔ لوگو! تقویٰ کی سواریاں رام سواریاں ہیں جن پر اہلِ تقویٰ سوار ہیں اور ان کی باگیں ان کے ہاتھوں میں ہیں، وہ انھیں لے کر جنت میں داخل ہوں گی اور جنت کے دروازے ان پر کھول دیئے جائیں گے اور وہ جنت کی خوشبو پائیں گے اور ان سے کہا جائے گا کہ تم سلامتی اور امن کے ساتھ ان باغات میں داخل ہو جاؤ۔

احتجاج طبرسی میں مرقوم ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علیؑ اور ان کی اولاد کا تذکرہ کرتے ہوئے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

فرمایا: ان کے چاہنے والے امن کے ساتھ جنت میں داخل ہوں گے اور فرشتے ان پر سلام کر کے کہیں گے کہ تم پاک ہو اب ہمیشہ کے لیے جنت میں چلے جاؤ۔

اصول کافی میں مرقوم ہے کہ حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام فرمایا کرتے تھے: لوگو! نہ خود غصہ کرو اور نہ کسی کو غصہ دلاؤ۔ آپس میں سلام کو رواج دو اور اچھی گفتگو کرو اور جب رات کے وقت لوگ سوئے ہوئے ہوں تو تم نماز پڑھو اس کے عوض تم سلامتی کے ساتھ جنت میں داخل ہو سکو گے۔ پھر آپؑ نے اَلسَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ کی آیتِ مجیدہ کی تلاوت کی۔

اہلِ جنت کے دلوں سے کدورت نکال لی جائے گی

وَنَزَعْنَا مَا فِي صُدُورِهِمْ مِنْ غِلٍّ إِخْوَانًا عَلَىٰ سُرُرٍ مُتَقَابِلِينَ ۝

''اور ہم نے ان کے سینوں سے ہر طرح کی کدورت نکال لیں گے اور وہ بھائیوں کی طرح آمنے سامنے تخت پر بیٹھے ہوں گے''۔

روضہ کافی میں مرقوم ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: قیامت کے دن جب ہمارے شیعوں کو جنت میں بھیجا جائے گا تو ان کے دلوں میں اگر ایک دوسرے کے خلاف کدورت ہوگی تو وہ نکال لی جائے گی اور وہ بھائیوں کی طرح سے ایک دوسرے کے آمنے سامنے تخت پر بیٹھے ہوں گے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ابوبصیر سے فرمایا: اے ابومحمد! خدا نے تمھیں اپنی کتاب میں یاد کیا ہے اور تمھارے متعلق فرمایا ہے: إِخْوَانًا عَلَىٰ سُرُرٍ مُتَقَابِلِينَ ۝ اس آیت کا روئے سخن تمھارے علاوہ اور کسی کی طرف نہیں ہے۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: تم میں سے ہر مرد و زن پر فرشتے سلام لاتے ہیں اور تم ہی وہ لوگ ہو جن کے متعلق خدا نے فرمایا ہے: وَنَزَعْنَا مَا فِي صُدُورِهِمْ مِنْ غِلٍّ إِخْوَانًا عَلَىٰ سُرُرٍ مُتَقَابِلِينَ ۝

حضرت ابراہیمؑ کے مہمان

وَنَبِّئْهُمْ عَنْ ضَيْفِ إِبْرَاهِيمَ ۝ ''اور آپ انھیں ابراہیمؑ کے مہمانوں کے متعلق خبر دیں''۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: حضرت ابراہیمؑ کی زوجہ ''سارہ'' نے آپؑ سے عرض کیا کہ اب ہم بوڑھے ہو چکے ہیں، مگر اولاد سے محروم ہیں۔ آپؑ خدا کے خلیل ہیں اور خدا آپؑ کی دعا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

قبول کرنا ہے' آپؑ خدا سے دعا مانگیں کہ وہ ہمیں ایک فرزند عطا کرے' تا کہ ہماری آنکھوں کو ٹھنڈک نصیب ہو۔

ابراہیم علیہ السلام نے خدا کی بارگاہ میں صاحبِ علم فرزند کے لیے دعا کی۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف وحی فرمائی کہ میں تجھے صاحبِ علم فرزند عطا کروں گا اور پھر تیری اطاعت کا امتحان لوں گا۔ اس کے بعد تین برس مزید گزر گئے' پھر تین سال بعد اللہ نے ابراہیمؑ کو اسماعیلؑ کی دوبارہ بشارت دی۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: حضرت لوط علیہ السلام نے اپنی قوم کو تیس سال تک دین کی تبلیغ کی اور لوگوں کو عذابِ خداوندی سے ڈرایا۔ قومِ لوطؑ اتنی گندی تھی کہ وہ پیشاب پاخانہ کے بعد صفائی تک نہیں کرتے تھے اور نہ ہی غسلِ جنابت کرتے تھے' جب کہ حضرت لوطؑ اور ان کا خاندان طہارت اور غسلِ جنابت کا پابند تھا۔ حضرت لوطؑ، حضرت ابراہیمؑ کے خالہ زاد بھائی تھے اور حضرت ابراہیمؑ کی زوجہ حضرت سارہ' حضرت لوطؑ کی بہن تھیں۔ ابراہیم اور لوط علیہما السلام دونوں نبی مرسل تھے۔ حضرت لوطؑ سخی اور کریم شخص تھے۔ آپؑ مہمان نواز تھے اور آپؑ اپنے مہمانوں کو اپنی قوم کی بدکرداری سے آگاہ کرتے تھے۔

قومِ لوطؑ نے ان سے کہا کہ آپؑ دنیا جہان کے ٹھیکے دار نہ بنیں اور آپؑ کسی کو اپنے ہاں مہمان نہ ٹھہرائیں۔ اگر آپؑ نے کسی کو مہمان ٹھہرایا تو ہم آپؑ کے مہمان کو رُسوا کریں گے۔

اس دھمکی کے بعد اگر آپؑ کے پاس کوئی مہمان آتا تو آپؑ اپنی قوم سے اس کو چھپاتے تھے کہ کہیں لوگ اسے رُسوا نہ کریں۔ حضرت لوطؑ کا ذاتی قبیلہ وہاں آباد نہیں تھا۔

حضرت لوطؑ اور حضرت ابراہیمؑ کو قومِ لوطؑ پر عذاب کی توقع نہیں تھی اور دونوں انبیاء کو خدا کی بارگاہ میں بڑا مقام حاصل تھا۔ چنانچہ ایک عرصہ تک اللہ تعالیٰ نے ان دونوں انبیاء کی وجہ سے عذاب کو مؤخر رکھا۔ پھر جب قومِ لوطؑ کی سرکشی عروج کو پہنچی اور اللہ نے ان پر عذاب نازل کرنے کا ارادہ کیا تو حضرت ابراہیمؑ کا غم کم کرنے کے لیے انھیں صاحبِ علم فرزند کی بشارت دی۔ چنانچہ اللہ نے اپنے فرشتے ابراہیم علیہ السلام کے پاس بشارت کے لیے بھیجے۔ فرشتے رات کے وقت ابراہیم علیہ السلام کے پاس آئے۔ ابراہیمؑ انھیں دیکھ کر گھبرا گئے اور آپؑ کو یہ خطرہ محسوس ہوا کہ کہیں یہ چور اُچکے نہ ہوں۔

جب فرشتوں نے آپؑ کی پریشانی کو دیکھا تو انھوں نے آپؑ کو سلام کیا۔ حضرت ابراہیمؑ نے فرمایا کہ ہم تم سے خوفزدہ ہیں۔ فرشتے کہنے لگے کہ آپؑ مت گھبرائیں' ہم آپؑ کو صاحبِ علم فرزند کی بشارت دیتے ہیں۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: ''غلام علیم'' سے اسماعیل علیہ السلام مراد ہیں۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرشتوں سے کہا: اب تو مجھ پر بڑھاپا طاری ہوگیا ہے۔ اس عمر میں تم مجھے کس طرح کی خوش خبری دے رہے ہو؟

فرشتوں نے کہا: ہم نے آپؑ کو سچی بشارت دی ہے۔ آپؑ مایوس ہونے والوں میں سے نہ بنیں۔ اس کے بعد آپؑ نے ان سے فرمایا: تمھیں کس مقصد کی خاطر بھیجا گیا ہے؟

ملائکہ نے کہا: ہمیں مجرم قوم کی طرف بھیجا گیا ہے۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: جب حضرت ابراہیمؑ نے یہ خبر سنی تو آپؑ نے فرمایا: وہاں تو لوطؑ بھی رہتا ہے کیا وہ تو ہلاک نہیں ہوجائے گا؟

فرشتوں نے کہا: ہم وہاں پر تمام رہنے والوں کو اچھی طرح سے جانتے ہیں۔ ہم لوطؑ اور اس کے خاندان کو بچا لیں گے، مگر اس کی بیوی خدا کے عذاب سے نہیں بچ سکے گی۔ وہ پیچھے رہ جانے والوں میں شامل رہے گی۔

پھر وہ فرشتے حضرت لوطؑ کے پاس آئے۔ حضرت لوطؑ نے انھیں دیکھ کر ان سے کہا: تم اجنبی لوگ محسوس ہوتے ہو۔

فرشتوں نے کہا: ہم آپؑ کے پاس وہ عذاب لے کر آئے ہیں جس کے متعلق آپؑ کی قوم شک کر رہی ہے۔

آج سے پورے سات دن گزرنے کے بعد آپؑ رات کے وقت یہاں سے نکل پڑیں اور جب یہاں سے نکلیں تو تم میں سے کوئی مڑ کر پیچھے نہ دیکھیں۔ آپ کے خاندان کو نجات دی جائے گی۔ البتہ آپؑ کی بیوی پر خدا کا عذاب نازل ہوگا۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: پھر ٹھیک آٹھویں دن طلوع فجر کے وقت اللہ نے ابراہیمؑ کے پاس فرشتے بھیجے جنھوں نے آپؑ کو اسحاقؑ کی بشارت دی اور قومِ لوطؑ کی ہلاکت پر تسلی دی۔

وضاحت: اس واقعہ کی تفصیل ہم سورہ ہود میں نقل کر چکے ہیں۔

رحمتِ خدا سے مایوسی گمراہی ہے

وَمَنْ يَّقْنَطُ مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖٓ اِلَّا الضَّآلُّوْنَ ﴿۵۶﴾

''گمراہوں کے علاوہ رب کی رحمت سے کون مایوس ہوسکتا ہے؟''

تفسیر عیاشی میں صفوان جمال سے منقول ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کی اقتداء میں نماز پڑھی۔ نماز کے بعد آپؑ نے دعا مانگی اور دعا میں عرض کیا:

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

پروردگار! مجھے اپنی رحمت سے مایوس نہ ہونے دینا۔ پھر آپؑ نے وَمَنْ يَّقْنَطُ مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖٓ اِلَّا الضَّآلُّوْنَ ﴿۵۶﴾ کی آیتِ مجیدہ تلاوت کی۔

کتاب التوحید میں معاذ بن جبل سے منقول ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ انسان سے کہتا ہے: اے فرزندِ آدم! میرے ہی احسان کی وجہ سے تو میری اطاعت کے قابل ہوا ہے اور اپنی بدگمانی کی وجہ سے تو میری رحمت سے مایوس ہوا ہے۔

اہلِ فراست

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ ﴿۷۵﴾

''اس واقعہ میں اہلِ فراست کے لیے بہت سی نشانیاں ہیں''۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: قومِ لوطؑ کے اُجڑے ہوئے مکان اور ویران علاقہ بڑی شاہراہ پر واقع ہے' جسے تمام لوگ دیکھ سکتے ہو اور عبرت حاصل کر سکتے ہو۔ اہلِ فراست کے لیے اس اُجڑے ہوئے دیار میں بہت سی نشانیاں ہیں۔

حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مومن کی فراست سے بچو' کیونکہ مومن اللہ کے نور سے دیکھتا ہے۔ پھر آپؐ نے اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ ﴿۷۵﴾ کی آیت پڑھی۔

اختصاصِ مفید میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: ہر شخص کی آنکھوں کے درمیان لکھا ہوا ہے کہ یہ مومن ہے یا کافر ہے' لیکن وہ تحریر تم سے پوشیدہ ہے' لیکن ائمہ ہدیٰؑ سے یہ تحریر پوشیدہ نہیں ہے۔ وہ ہر شخص کو دیکھ کر پہچان لیتے ہیں کہ یہ مومن ہے یا کافر ہے۔ پھر آپؑ نے اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ کی آیت پڑھی اور فرمایا: ہم ''متوسم'' (اہلِ فراست) ہیں۔

مؤلف کتاب ہذا نے اس مفہوم کی پندرہ روایات نقل کی ہیں۔ تمام روایات کا ماحصل ایک ہے لہٰذا ہم انھیں نقل کرنے سے معذرت کرتے ہیں۔ علامہ طباطبائی لکھتے ہیں کہ اگرچہ ائمہ ہدیٰؑ ''متوسمین'' کی صفِ اوّل میں شامل ہیں لیکن یہ آیت خصوصی طور پر ان کے لیے نازل نہیں ہوئی۔ (اضافہ من المترجم)

درگزر کا احسن انداز

فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ ﴿۸۵﴾ ''آپ خوبصورتی کے ساتھ درگزر کریں''۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

عیون الاخبار میں حضرت امام علی رضا علیہ السلام اور امالی صدوق میں حضرت امام علی زین العابدین علیہ السلام سے منقول ہے کہ خوبصورت درگزر سے ایسی معافی مراد ہے جس میں ملامت شامل نہ ہو۔

سبع مثانی

وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ ۝

''اور ہم نے آپ کو بار بار دہرائی جانے والی سات آیات اور عظمت والا قرآن عطا کیا ہے''۔

تہذیب الاحکام میں محمد بن مسلم سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے ''سبع مثانی'' کے متعلق عرض کیا کہ کیا اس سے سورہ فاتحہ مراد ہے؟

آپؑ نے فرمایا: جی ہاں۔

میں نے عرض کیا تو کیا سورہ فاتحہ میں ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' بھی شامل ہے؟ آپؑ نے فرمایا: جی ہاں وہ اس کی افضل ترین آیت ہے۔

تفسیر عیاشی میں مرقوم ہے کہ ایک شخص نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کے سامنے وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ کی آیت تلاوت کی۔ آپؑ نے فرمایا: ''سبع مثانی'' سے سورہ فاتحہ مراد ہے' کیونکہ اس کی سات آیات ہیں جن میں ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' بھی شامل ہے۔ اسے ''مثانی'' کہنے کی وجہ یہ ہے کہ دو رکعات میں اسے لازمی پڑھا جاتا ہے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ابوبکر حضرمی سے فرمایا: جب تمھیں کوئی حاجت درپیش ہو تو دو رکعت نماز پڑھو جس میں ''مثانی'' کے ساتھ اور سورہ پڑھو اور نماز ختم کرنے کے بعد خدا سے حاجت طلب کرو۔

اس نے کہا: مولاؑ! ''مثانی'' سے کیا مراد ہے؟

آپؑ نے فرمایا: اس سے فاتحہ الکتاب یعنی بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ کی سورہ مراد ہے۔

سورہ بن کلیب کہتے ہیں کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: ہم وہ ''مثانی'' ہیں' جو خدا نے اپنے نبی کو عطا فرمائی ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

یونس بن عبدالرحمٰن نے ایک شخص سے روایت کی اس نے کہا کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ کی آیت مجیدہ کے متعلق سوال کیا تو آپؑ نے جواب میں فرمایا: اس کے ظاہر سے سورہ الحمد مراد ہے اور اس کے باطن سے وہ سات ہادی مراد ہیں جن کا ساتواں قائمؑ ہے۔

وضاحت: محدث کاشانی رقمطراز ہیں کہ سات شمار کرنے کا ایک امکانی مطلب یہ بھی ہوسکتا ہے کہ ان کے اصل نام سات ہی ہیں کیونکہ چودہ معصومین میں محمد چار ہیں جب کہ اصل نام محمدؐ ایک ہے اور دوسرا نام فاطمہؑ ہے اور چار علیؑ ہیں اور یوں لفظ علیؑ ایک ہے اور حسن اگرچہ دو ہیں لیکن اس نام کو بھی ایک شمار کیا جاتا ہے۔ حسین چودہ میں ایک ہے اور یہ پانچ نام بنتے ہیں اور جب ان کے ساتھ جعفرؑ اور موسیٰؑ کو شامل کیا جائے تو یہ نام سات ہی بنتے ہیں، باقی مکرر اسماء ہیں۔

بعض حضرات کہتے ہیں کہ سات سے مراد چودہ معصوم مراد ہیں، کیونکہ لفظ سبع کی صفت مثانی بیان ہوئی ہے، جس کے معنی دہرانے کے ہیں اور جب سات کو دہرایا جائے تو چودہ بنتا ہے۔ (نقل از بحارالانوار، جلد ۷، ص ۱۱۴۔ اثبات الہداۃ، ج ۷، ص ۱۰۲)

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: ''سبع مثانی'' سے تاویلی طور پر سات امام اور قائم علیہ السلام مراد ہیں۔

حضرت علی علیہ السلام سے منقول ہے: ''سبع مثانی'' سے سورہ فاتحہ مراد ہے۔

سماعہ کہتے ہیں کہ حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے فرمایا: ''سبع مثانی'' سے وہ سات امام مراد ہیں جن پر امامت کی چکی گردش کرتی ہے اور ''قرآنِ عظیم'' سے رسولؐ خدا مراد ہیں۔

وضاحت: یہ روایت انتہائی مبہم ہے اور الفاظ قرآن سے ذرہ بھی مطابقت نہیں رکھتی۔ کیونکہ اگر وہ ''قرآنِ عظیم'' سے حضرت سرور کائنات کی ذات بابرکات مراد ہے تو پھر آیت مجیدہ کے الفاظ کا کیا معنی بنے گا۔ وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ ''ہم نے آپ کو ''سبع مثانی'' اور قرآنِ عظیم عطا کیا ہے''۔

اب اگر ''قرآن عظیم'' سے آنحضرتؐ کی ذات ہی مراد ہے تو آیت کا مفہوم کچھ یوں بنے گا: اے محمدؐ! ہم نے تجھے سبع مثانی اور محمدؐ عطا کیا ہے۔ اس طرح کے بے معنی مفہوم سے قرآن کہیں بلند و برتر ہے۔ (اضافہ من المترجم)

محمد بن مسلم کہتے ہیں کہ میں نے صادقین علیہما السلام میں سے ایک بزرگوار سے وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ کے متعلق سوال کیا تو انھوں نے فرمایا: اس سے فاتحۃ الکتاب مراد ہے کیونکہ اس کی آیات کو دہرایا جاتا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

احتجاج طبرسی میں مرقوم ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے ایک یہودی عالم کے سامنے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مناقب بیان کرتے ہوئے فرمایا: اللہ نے آپ کو سات طویل سورتیں' فاتحۃ الکتاب جو کہ سبع مثانی ہے اور قرآن عظیم عطا کیا ہے۔

عیون الاخبار میں مرقوم ہے کہ حضرت امیر المومنینؑ سے پوچھا گیا کہ آیا ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' سورہ فاتحہ کی آیت ہے؟ آپؑ نے فرمایا: جی ہاں' رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسے پڑھا کرتے تھے اور اسے ایک آیت شمار کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ سورہ فاتحہ ہی سبع مثانی ہے۔

امیر المومنین علی علیہ السلام سے منقول ہے کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سورہ فاتحہ کی آیت ہے اور سورہ کی سات آیات کی تکمیل بسملہ سے ہوتی ہے۔ میں نے رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبانِ اطہر سے یہ کلمات سنے کہ اللہ نے وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ کی آیت نازل فرمائی اور اس ذریعہ سے فرمایا کہ میں نے تجھے فاتحۃ الکتاب اور قرآنِ عظیم عطا کیا۔ اللہ نے اس آیت میں سورہ فاتحہ کو پورے قرآن کے برابر قرار دیا اور مجھ پر احسان جتاتے ہوئے کہا کہ میں نے تجھے سورہ فاتحہ اور قرآن عطا کیا۔

کتاب التوحید میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: ہم وہ ''مثانی'' ہیں جو خدا نے اپنے پیغمبر کو عطا کیے ہیں اور ہم وَجہُ اللہ ہیں' تمھارے درمیان زمین پر چل رہے ہیں' جس نے ہمیں پہچانا سو پہچانا اور جو ہم سے ناواقف رہا تو اس کے آگے دوزخ ہے۔

اصولِ کافی میں بھی یہ روایت انھی الفاظ سے منقول ہے۔

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ حضرت علی، حضرت امام محمد باقر اور امام جعفر صادق علیہم السلام سے منقول ہے کہ ''سبع مثانی'' سے سورہ فاتحہ مراد ہے۔

اصولِ کافی میں سعد الاسکاف سے منقول ہے کہ حضرت حبیب خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تورات کے عوض خدا نے مجھے طویل سورتیں عطا کیں اور انجیل کی جگہ مجھے سو آیات رکھنی والی سورتیں عطا فرمائیں اور زبور کی جگہ خدا نے مجھے ''مثانی'' عطا فرمائیں۔

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جسے خدا کی طرف سے قرآن ملا ہو اور اس کے باوجود وہ یہ سمجھے کہ کسی اور کو اس سے اچھا خزانہ ملا ہے تو اس نے اس چیز کو عظیم قرار دیا جسے خدا نے حقیر بنایا ہے اور جسے خدا نے عظیم بنایا ہے

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

اس نے اسے حقیر قرار دیا۔

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جسے خدا نے قرآن عطا کیا ہو اور اس کے باوجود وہ یہ سمجھے کہ کسی اور کو اس سے افضل نعمت عطا ہوئی ہے تو اس نے عظیم کو معمولی سمجھا اور معمولی چیز کو عظیم سمجھا۔

لوگوں کے مال و دولت کو مت دیکھو

لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلَىٰ مَا مَتَّعْنَا بِهِ أَزْوَاجًا مِّنْهُمْ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِينَ ۝

''آپ اس متاعِ دنیا کی طرف آنکھ اٹھا کر نہ دیکھیں جو ہم نے ان میں سے مختلف لوگوں کو دے رکھی ہے اور ان کے حال پر اپنا دل نہ کڑھائیں اور آپ اپنے شانوں کو صاحبانِ ایمان کے لیے جھکائیں رکھیں''۔

تفسیر عیاشی میں صادقین علیہما السلام میں سے ایک بزرگوار سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ حضرت رسولؐ خدا پر تنگدستی چھا گئی۔ آپؐ نے ایک یہودی سے کچھ رقم بطورِ قرض طلب کی۔ اس نے کہا کہ محمدؐ کے پاس نہ تو بھیڑ بکریاں ہیں اور نہ اس کے پاس اُونٹ ہیں اس کے باوجود میں اسے اُدھار دوں تو کیسے دوں؟

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خدا نے مجھے آسمان و زمین کا امین بنایا ہے اگر تو مجھے قرض دے گا تو میں تجھے ضرور لوٹا دوں گا۔ پھر آپؐ نے اس کے پاس کچھ ڈھالیں رہن رکھیں اور اس سے قرض حاصل کیا۔ اس وقت اللہ تعالیٰ کی طرف سے آپؐ پر یہ آیات نازل ہوئیں: لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ .....

تفسیر علی بن ابراہیم میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی زبانی منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ ..... کی آیت نازل فرمائی تو آنحضرتؐ نے فرمایا:

جسے خدا کے تسلی دینے پر بھی سکون حاصل نہ ہو تو اس کا دل دنیاوی نعمات کی حسرتوں کی وجہ سے ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے گا اور جو شخص دوسروں کی دولت کی طرف نظریں جمائے گا تو اس کے غم اور پریشانی میں اضافہ ہوگا اور اس کے غصہ کو شفا نہیں ملے گی اور جو خدا کی نعمت کو صرف خوراک اور پوشاک تک محدود سمجھتا ہو تو وہ انتہائی قلیل علم والا ہے اور اس کے لیے عذاب قریب آچکا ہے اور جو دنیا کی وجہ سے غمگین ہوا تو وہ اللہ پر ناراض ہوا اور جس نے اپنے اُوپر آنے والی مصیبت کا

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

لوگوں کے پاس شکوہ کیا تو اس نے اپنے رب کی شکایت کی اور جو کسی دولت مند کے دروازے پر کچھ دولت حاصل کرنے کی غرض سے گیا تو اس کے دین کا دو تہائی حصہ چلا گیا۔

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دنیاوی زیب و زینت پر نظر نہیں کرتے تھے۔

آنحضرتؐ کو کھل کر تبلیغ رسالت کرنے کا حکم

فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۹۴﴾

''آپ کو جس چیز کا حکم دیا جا رہا ہے اسے کھل کر بیان کریں اور شرک کرنے والوں کی پرواہ نہ کریں''۔

مکہ میں اعلانِ نبوت کے بعد آنحضرتؐ خفیہ طور پر تبلیغ کرتے رہے اور تین سال تک آپؐ نے مخصوص افراد کو ہی پیغام الٰہی پہنچایا۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے آپؐ پر یہ آیت نازل فرمائی اور اس آیت کے نزول کے بعد آنحضرتؐ نے کھل کر تبلیغ اسلام شروع کر دی۔

کتاب کمال الدین وتمام النعمۃ میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پانچ برس تک خفیہ تبلیغ کی۔ آپؐ کھل کر نبوت کا اظہار نہیں کرتے تھے۔ اس تمام عرصہ میں علیؑ و خدیجہؑ ہمیشہ آپؐ کے ساتھ ہوتے تھے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے آپ کو کھل کر تبلیغ کرنے کا حکم دیا تو آپؐ نے علی الاعلان تبلیغ شروع کر دی۔

ایک اور روایت میں ہے کہ آپؐ نے تین برس تک چھپ کر تبلیغ فرمائی۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ نزولِ وحی کے بعد آنحضرتؐ تیرہ برس تک مکہ میں قیام پذیر رہے اور تین سال تک آپؐ نے خفیہ تبلیغ کی، یہاں تک کہ خدا نے آپ کو علانیہ تبلیغ کا حکم دیا تو آپؐ نے کھل کر تبلیغ شروع کی۔

تفسیر عیاشی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: رسولؐ خدا نے مکہ میں کچھ عرصہ تک خفیہ تبلیغ کی، اس دوران آپؐ جب بھی تبلیغ کرتے تو آپؐ کے ساتھ علیؑ و خدیجہؑ ضرور ہوتے۔ پھر جب اللہ نے آپؐ کو علانیہ تبلیغ کا حکم دیا تو آپؐ قبائلِ عرب کے سامنے اپنے آپ کو پیش کرنے لگے۔ اور جب آپؐ لوگوں کے پاس جاتے تو لوگ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

آپؐ سے بدسلوکی کرتے تھے اور کہتے تھے کہ اے کذاب! یہاں سے چلا جا۔

اصولِ کافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: ایک دن میرے والد علیہ السلام بیٹھے ہوئے تھے کہ ان کے پاس ایک شخص آیا اور اس نے کہا کہ میں آپؑ سے ایک مشکل مسئلہ پوچھنا چاہتا ہوں۔ آپؑ مجھے یہ بتائیں کہ آپؐ کی طرف کھل کر علم کا اظہار کیوں نہیں ہو رہا' جب کہ رسولؐ خدا نے تو کھل کر اپنے علم کا اظہار کیا تھا؟

یہ سن کر میرے والد علیہ السلام مسکرائے اور فرمایا: ''خدا چاہتا ہے کہ اس کے علم کی اطلاع صرف اس شخص کو دی جائے جس کے دل کا ایمان کے لیے امتحان لیا جا چکا ہو۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی بعثت کے ابتدائی سالوں میں اپنی دعوت کو عام نہیں کیا تھا۔ پھر جب آپؐ پر فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ کی آیت نازل ہوئی تو آپؐ نے اپنی دعوت کو عام کیا۔ ہاں وہ وقت آنے والا ہے جب اس اُمت کا مہدیؑ ظہور کرے گا۔ اس کے ساتھ فرشتے ہوں گے' جن کے ہاتھوں میں آلِ داؤدؑ کی تلواریں ہوں گی اور ان کی تعداد اتنی زیادہ ہوگی کہ زمین و آسمان ان سے بھر جائیں گے۔ اس وقت ملائکہ مردہ کافروں کی ارواح کو عذاب دیں گے اور ان کے زندہ بھائی بندوں کی ارواح کو بھی ان کے ساتھ شامل کریں گے''۔

جب میرے والد محترم نے یہ بات کی تو اس شخص نے نیام سے تلوار نکالی اور کہا: ان تلواروں میں یہ تلوار بھی شامل ہوگی۔ اس ذات کی قسم جس نے محمدؐ کو تمام انسانوں میں سے منتخب کیا۔ ایسا ہی ہوگا۔ پھر اس شخص نے اپنا عمامہ اپنے سر پر رکھا اور کہا: میں الیاسؑ نبی ہوں۔ میں نے ناواقفیت کی وجہ سے آپؑ سے سوال نہیں کیا۔ میں چاہتا تھا کہ آپؑ کے ساتھیوں کی ایمانی قوت میں اضافہ ہو جائے۔

نبی اکرمؐ کا مذاق اُڑانے والوں کا انجام

فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۹۴﴾ اِنَّا كَفَيْنٰكَ الْمُسْتَهْزِءِيْنَ ﴿۹۵﴾

''آپ کو جس چیز کا حکم دیا جا رہا ہے اسے کھل کر بیان کریں اور شرک کرنے والوں کی پرواہ نہ کریں۔ آپ کی طرف سے ہم استہزاء کرنے والوں کے لیے کافی ہیں''۔

تفسیر علی بن ابراہیم میں مرقوم ہے' یہ آیت اعلانِ نبوت کے تین برس بعد نازل ہوئی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سوموار کے دن مبعوث ہوئے تھے اور حضرت علی علیہ السلام نے منگل کے دن اظہارِ اسلام کیا۔ ان کے بعد حضرت خدیجہ

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

بنت خویلد نے اظہار اسلام کیا۔ حضرت ابوطالبؑ نبی اکرمؐ کے گھر میں آئے۔ ان کے فرزند جعفر بھی ان کے ہمراہ تھے۔ حضرت ابوطالبؑ نے دیکھا کہ نبی اکرمؐ اور علیؑ نماز پڑھ رہے ہیں۔ ابوطالبؑ نے جعفر سے کہا کہ تم بھی اپنے ابن عم کے ساتھ شامل ہو جاؤ۔ جعفر نبی اکرمؐ کی بائیں جانب کھڑے ہو گئے۔

اس کے بعد تین سال تک رسولؐ خدا کے پیچھے علیؑ، جعفر، زید بن حارثہ اور خدیجہؑ نماز پڑھتے رہے۔ تین برس گزرنے کے بعد اللہ نے آپؐ پر فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَأَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِينَ ۝ إِنَّا كَفَيْنَاكَ الْمُسْتَهْزِئِينَ کی آیت نازل فرمائی۔

مکہ میں پانچ افراد ایسے تھے جو آنحضرتؐ کا مذاق اُڑاتے تھے اور ان کے نام یہ ہیں: ۱- ولید بن مغیرہ ۲- عاص بن وائل ۳- اسود بن مطلب ۴- اسود بن عبد یغوث ۵- حارث بن طلاطلہ۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ولید بن مغیرہ کے لیے بددعا کی تھی اور آپؐ نے کہا تھا: خدایا! اسے اندھا کر اور اسے اس کے بیٹے کی موت کا صدمہ پہنچا۔ چنانچہ وہ اندھا ہو گیا تھا اور اس کا بیٹا جنگِ بدر میں قتل ہوا تھا۔ اسی طرح سے آپؐ نے اسود بن یغوث اور حارث بن طلاطہ خزاعی کے متعلق بھی بددعا کی تھی۔

جس زمانہ میں ولید اندھا نہیں ہوا تھا ایک بار وہ رسولؐ خدا کے سامنے سے گزرا۔ اس وقت حضرت جبریل امینؑ بھی آنحضرتؐ کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے۔ جبریل امینؑ نے آپؐ سے کہا: یہ ولید بن مغیرہ ہے اور یہ آپؐ کا مذاق اڑانے والوں میں شامل ہے۔

آپؐ نے فرمایا: جی ہاں۔

بنی خزاعہ کا ایک شخص لوہار تھا اور وہ ولید کے لیے تیر تراش رہا تھا۔ ولید جب اس کے پاس گیا تو اس کی ایڑی تیر کی اَنی پر جا لگی اور اس کی ایڑی سے خون بہا۔ حضرت جبریلؑ نے اس کی ایڑی کی طرف اشارہ کیا۔ ولید گھر آیا اور آ کر اپنے بستر پر لیٹ گیا۔ اس کی ایڑی سے بے تحاشا خون جاری ہوا اور خون بہتا ہوا اس کی بیٹی کے بستر پر پہنچا۔ اس کی بیٹی نے کنیز کو آواز دے کر کہا: دیکھو کیا مشک کا منہ کھل گیا ہے؟

ولید نے بیٹی سے کہا: نہیں، یہ مشک کا پانی نہیں، یہ تیرے باپ کا خون ہے۔ اپنے بھائیوں، بھتیجوں کو بلاؤ میں مرنے والا ہوں۔

ولید کی بیٹی نے قریبی رشتہ داروں کو بلایا۔ ولید نے عبداللہ بن ابی ربیعہ سے کہا کہ میرا بیٹا عمارہ بن ولید حبشہ کی

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

سرزمین پر سرگردان ہو کر پھر رہا ہے۔ میرے مرنے کے بعد محمدؐ سے نجاشی کے نام پر سفارشی خط لکھوانا کہ وہ اسے واپس مکہ بھیج دے۔

پھر اس نے اپنے چھوٹے بیٹے ہاشم سے کہا کہ بیٹا میری چند وصیتیں ہیں ان کو غور سے سنو۔ پہلی وصیت یہ ہے کہ تم ابودہم دوسی کو قتل کرنا' کیونکہ اُس نے اپنی بیٹی سے میری شادی کی تھی' لیکن اس نے پھر مجھ سے میری بیوی چھین لی تھی' اگر میری بیوی میرے گھر میں ہوتی تو اس سے بھی تجھ جیسا بیٹا پیدا ہوتا۔

بنی خزاعہ کے ایک شخص کی غلطی سے میں مر رہا ہوں' لیکن انھوں نے میرے قتل کا ارادہ نہیں کیا تھا اور مجھے خوف ہے کہ کہیں میرے بعد تم کسی آزمائش میں نہ آجاؤ۔ اس کے باوجود میری موت کی ذمہ داری بنی خزاعہ پر ہی عائد ہوتی ہے۔ میں نے بنی ثقیف سے سود لینا ہے۔ میرے بعد تم ان سے سود لے لینا اور میں اسقف نجران کا دو سو دینار کا مقروض ہوں تم وہ قرض ضرور ادا کرنا۔ اس کے بعد وہ مر گیا۔

ربیعہ بن اسود حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سے گزرا۔ اس وقت جبریل امینؑ آنحضرتؐ کے پاس موجود تھے۔ انھوں نے اس کی آنکھوں کی طرف اشارہ کیا۔ وہ اندھا ہو کر مر گیا۔

اسود بن عبد یغوث آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سے گزرا تو جبریل امینؑ نے اس کے شکم کی طرف اشارہ کیا۔ اس کو استسقا کی بیماری لاحق ہو گئی۔ وہ جتنا بھی پانی پیتا تو اس کی پیاس نہ بجھتی تھی۔ پانی پیتے پیتے آخرکار اس کا پیٹ پھٹ گیا اور وہ جہنم رسید ہوا۔

عاص بن وائل آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سے گزرا۔ حضرت جبریلؑ نے اس کے پاؤں کی طرف اشارہ کیا۔ اس وقت ایک تیز دھار لکڑی اس کے پاؤں کے تلوے میں چبھی' جو اُوپر والے حصّہ سے برآمد ہوئی۔ چنانچہ وہ بھی مر گیا۔

ابن طلاطلہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سے گزرا تو حضرت جبریل امینؑ نے اس کے چہرے کی طرف اشارہ کیا۔ وہ "تہامہ" کے کسی پہاڑ کی طرف گیا جہاں اسے سخت لُو لگی اور اسے استسقا کی مرض لاحق ہوئی۔ آخرکار پانی پیتے پیتے اس کا پیٹ پھٹ گیا اور وہ مر گیا اور یوں اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب سے اِنَّا کَفَیْنٰکَ الْمُسْتَهْزِءِیْنَ کا وعدہ پورا کیا۔

اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جب کھل کر اعلانِ نبوت کا حکم دیا تو آپؐ حجرِ اسماعیل پر تشریف لائے اور آپؐ نے فرمایا:

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

"اے گروہ قریش! اے گروہ عرب! میں تمہیں اللہ کی توحید اور اپنی رسالت کو اقرار کی دعوت دیتا ہوں اور میں تمہیں علم دیتا ہوں کہ تم نے خدا کے جو ہمسر بنا رکھے ہیں اور جن بتوں کی پوجا کر رہے ہو ان کو چھوڑ دو اور میں تم سے وعدہ کرتا ہوں کہ اگر تم نے میری پیروی کی تو عرب و عجم پر تمہاری حکومت ہوگی اور تم جنت میں بھی بادشاہ ہو گے"۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہ گفتگو سن کر لوگوں نے آپ کا مذاق اڑایا اور کہنے لگے کہ (نعوذ باللہ) محمدؐ دیوانہ ہوگیا ہے۔ پھر حضرت ابوطالبؑ کے رعب کی وجہ سے کسی کو آنحضرتؐ پر ہاتھ اٹھانے کی جرأت نہ ہوئی۔

قریش اکٹھے ہو کر حضرت ابوطالبؑ کے پاس آئے اور ان سے کہا کہ آپ اپنے بھتیجے کی خبر لیں۔ یہ ہمارے عقائد کو باطل پن سے تعبیر کرتا ہے اور ہمارے معبودوں کو برا بھلا کہتا ہے اور ہمارے جوانوں کو گمراہ کر رہا ہے اور ہماری جماعت میں انتشار پیدا کر رہا ہے۔ اگر اسے دولت کی ضرورت ہے تو ہم اس کے لیے اتنی دولت جمع کر دیں گے کہ پورے عرب کا دولت مند شخص بن جائے گا۔ اور اگر وہ کسی حسین و جمیل عورت سے شادی کرنا چاہتا ہے تو ہم اس کی شادی کرا دیتے ہیں۔ ہم اس کا ہر مطالبہ پورا کرنے پر آمادہ ہیں' لیکن آپ اس سے کہیں کہ وہ اپنی تبلیغ سے باز آ جائے۔

حضرت ابوطالب نے حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا کہ میرے پیارے بھتیجے! یہ سب کچھ کیا ہے؟

آنحضرتؐ نے فرمایا: چچا جان! یہ اللہ کا دین ہے' جسے اس نے اپنے انبیاء و رسل کے لیے پسند کیا ہے۔ اللہ نے مجھے لوگوں کی طرف رسول بنا کر بھیجا ہے۔

حضرت ابوطالبؑ نے عرض کیا: جان عم! آپؐ کی قوم کے بزرگ میرے پاس آئے تھے اور وہ یہ چاہتے تھے کہ آپؐ اس تبلیغ کو چھوڑ دیں۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: چچا جان! میں اپنے رب کے فرمان کی مخالفت نہیں کر سکتا۔

حضرت ابوطالبؑ نے جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ عزم و استقلال دیکھا تو عرض کیا: اب آپ عمل کر تبلیغ کریں۔ میں قدم قدم پر آپ کا ساتھ دوں گا۔

پھر کچھ دن کے بعد قریش کا وفد حضرت ابوطالبؑ کے پاس آیا اور کہا کہ محمدؐ نے ہماری پیش کش کا مثبت جواب نہیں دیا۔ آپ ہمارے سردار ہیں' آپ اسے ہمارے حوالے کریں' ہم اسے قتل کر دیں گے اور ہم آپ کو اپنا بادشاہ بنا لیں گے۔

حضرت ابوطالبؑ نے انھیں سختی سے دھتکار دیا۔ اسی پس منظر میں حضرت ابوطالبؑ نے اپنا ایک طویل قصیدہ کہا تھا جس کے چند بیت یہ ہیں:

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ولما رأيت القوم لاود بينهم وقد قطعوا كل العرىٰ والوسائل
كذبتم وبيت الله يبزى محمد ولما نطاعن دونه ونناضل
وننصره حتى نصرع حوله ونذهل عن ابنائنا والحلائل

''جب میں نے دیکھا کہ قوم میں محبت نہیں رہی اور انھوں نے ہر طرح کے رشتوں کو کاٹ دیا ہے۔ بیت اللہ کی قسم! تم نے جھوٹ کہا ہے کہ ہم محمدؐ کو بے سہارا چھوڑ دیں گے' ابھی تو ہم نے ان کے سامنے نہ تو تیر چلائے ہیں اور نہ ہی نیزے چلائے ہیں۔ ہم محمدؐ کی مدد کریں گے' یہاں تک کہ ہم اپنے بیٹوں اور بیویوں کو فراموش کر دیں گے اور پروانوں کی طرح ان کے گرد کٹ مریں گے''۔

پھر قریش نے ایک معاہدہ لکھا کہ جب تک بنی ہاشم محمدؐ کو ہمارے حوالے نہ کریں گے اس وقت تک ان کا معاشرتی بائیکاٹ کیا جائے گا۔

حضرت ابوطالبؑ نے بنی ہاشم کو جمع کیا اور ان سے فرمایا: تمھیں بیت اللہ' رکن مقام اور مشعرالحرام کی قسم! اگر محمدؐ کو ایک کانٹا بھی چبھ گیا تو میں تمھیں معاف نہیں کروں گا۔ اس کے بعد حضرت ابوطالبؑ اپنے خاندان کو لے کر گھاٹی میں چلے آئے' جسے شعب ابی طالب کہا جاتا ہے۔ آپ نے وہاں چار سال تک دن رات رسولؐ خدا کی حفاظت کا فریضہ سرانجام دیا۔

آخرکار معاہدہ کی تحریر ختم ہوگئی۔ حضرت ابوطالبؑ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو لے کر گھاٹی سے باہر آئے۔ گھاٹی سے نکلنے کے چند روز بعد آپ کا وقتِ آخر آ گیا۔ رسولؐ خدا آپؑ کے پاس آئے۔ اس وقت آپؑ زندگی کی آخری سانسیں لے رہے تھے' آپؐ نے فرمایا:

چچا جان! اللہ تعالیٰ میری طرف سے تمھیں جزائے خیر عطا کرے۔ آپؑ نے بچپن میں میری پرورش کی اور جوانی میں میری حفاظت کی۔ آپؐ اس وقت کلمہ پڑھیں' تاکہ میں خدا کی بارگاہ میں آپ کی شفاعت کروں۔ حضرت ابوطالبؑ نے آپؐ کے فرمان پر عمل کیا۔

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمایا کرتے تھے: اگر میں مقامِ محمود پر کھڑا ہوا تو میں اپنے والد' اپنی والدہ' اپنے چچا اور زمانہ جاہلیت کے ایک بھائی کی شفاعت کروں گا۔

وضاحت: جو حضرات روایاتِ اہلِ بیتؑ سے آگاہ ہیں انھیں یہ بات حتمی طور پر معلوم ہے کہ حضرت ابوطالب مومنِ کامل تھے اور آپؑ آنحضرتؐ کی حفاظت کی غرض سے اپنے دین کو مخفی رکھتے تھے۔ یہی شیعہ امامیہ کا عقیدہ ہے۔ علامہ امینی

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

نے الغدیر کی جلد ہفتم میں اس موضوع کے لیے ایک باب وقف کیا ہے اور حضرت ابوطالبؑ کے اشعار و احوال سے ان کے اسلام کو ثابت کیا ہے اور ایمان ابوطالبؑ میں شک کرنے والوں کو مفصل جواب دیا ہے۔

قمی کی روایت کے متعلق یہ احتمال ہے کہ اس نے روایت کا یہ حصہ ثقہ محدثین سے نقل کیا ہوگا۔ (واللہ العالم)

رسول اکرمؐ اور حضرت موسیٰؑ میں مشابہت

احتجاج طبرسی میں حضرت امام حسین علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

ملک شام سے ایک یہودی عالم امیر المومنین علی علیہ السلام کے پاس آیا اور اس نے کہا: ہم حضرت موسیٰؑ کے پیروکار ہیں اور آپؑ حضرت محمد مصطفیٰؐ کے پیروکار ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰؑ کو فرعون کی طرف روانہ کیا اور انھوں نے فرعون کے سامنے آیت کبریٰ پیش کی۔ کیا تمھارے نبی کو بھی یہ مقام حاصل ہوا؟

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: تم نے بالکل سچ کہا ہے لیکن سنو حضرت موسیٰؑ کا مقابلہ اکیلے فرعون سے تھا جب کہ ہمارے نبی کو ابوجہل بن ہشام، عتبہ بن ربیعہ، شیبہ، ابوالبختری، نضر بن حرث، ابی بن خلف، معہ و بیہ فرزندان حجاج اور مذاق اڑانے والے کئی فراعنہ کا مقابلہ کرنا پڑا تھا جن میں ولید بن مغیرہ مخزومی، عاص بن وائل سہمی، اسود بن عبد یغوث زہری، اسود بن مطلب اور حارث بن طلاطلہ سرفہرست تھے۔

آنحضرتؐ نے انھیں انفس و آفاق کی آیات دکھلائیں، یہاں تک کہ ان کے سامنے یہ بات واضح ہوگئی کہ آپ کا پیغام حق پر مبنی ہے۔

یہودی نے کہا کہ اللہ نے فرعون سے انتقام لیا تھا، کیا تمھارے نبیؐ کے مخالفین سے بھی اللہ نے انتقام لیا ہے؟

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: جی ہاں، اللہ تعالیٰ نے فرعون صفات مخالفین سے بھی انتقام لیا ہے۔ اللہ نے مذاق اڑانے والوں کے لیے فرمایا: اِنَّا كَفَيْنٰكَ الْمُسْتَهْزِءِيْنَ ۙ (آپ کی طرف سے ہم مذاق اڑانے والوں کے لیے کافی ہیں)

اللہ تعالیٰ نے پانچوں مذاق کرنے والوں کو ایک ہی دن میں مختلف اسباب سے ہلاک کیا:

۱۔ ولید بن مغیرہ کا گزر بنی خزاعہ کے ایک لوہار کے پاس سے ہوا۔ وہ تیر تراش رہا تھا۔ اس کی اَنی اس کی ایڑی میں چبھی اور اس کی ایڑی سے اتنی مقدار میں خون بہا کہ وہ مرگیا اور مرتے وقت اس کی زبان پر یہ الفاظ تھے کہ مجھے رب محمدؐ نے مارا ہے۔

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

۲- عاص بن وائل سہمی کسی کام کے لیے جا رہا تھا کہ اس کے نیچے سے ایک پتھر نکلا' جس سے وہ منہ کے بل گرا اور اس کا وجود ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا اور مرتے وقت اسی کی زبان پر بھی یہی الفاظ جاری تھے: ''مجھے رب محمدؐ نے مارا ہے''۔

۳- اسود بن عبد یغوث دخترِ زمعہ کے استقبال کے لیے نکلا اور راستہ میں ایک درخت کے سائے میں بیٹھا۔ حضرت جبریلؑ نازل ہوئے اور انھوں نے اس کے سر کو پکڑ کر درخت سے ٹکریں دینا شروع کر دیں۔ اس نے چیخ کر اپنے غلام سے کہا کہ اسے روکو' میرے سر کو درخت سے نہ ٹکرائے۔

غلام نے کہا: یہاں تو کوئی بھی موجود نہیں ہے۔ تم خود ہی درخت سے اپنا سر ٹکرا رہے ہو۔ جبریل امینؑ نے اسے اتنی ٹکریں دیں کہ وہ مر گیا اور مرتے وقت وہ یہ کہہ رہا تھا کہ ''مجھے رب محمدؐ نے قتل کیا ہے''۔

۴- اسود بن حارث کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بددعا دی تھی اور آپؐ نے بارگاہِ خداوندی میں کہا تھا: اے میرے پروردگار! اسے اندھا کر دے اور اسے اس کے بیٹے کی موت کا غم نصیب کر۔

اسی دن جبریل امینؑ نے ایک سبز پتہ اُٹھا کر اس کی آنکھوں سے لگایا' جس سے وہ فوراً اندھا ہو گیا۔ کچھ عرصہ بعد خدا نے اس کے بیٹے کو مار دیا۔

۵- حارث بن طلاطلہ سخت گرم ہوا میں باہر نکلا۔ اللہ نے اسے حبشی بنا دیا۔ وہ اپنے گھر آیا اور کہا کہ میں حارث ہوں۔ گھر والوں کو غصہ آیا اور انھوں نے اسے قتل کر دیا اور مرتے وقت وہ بھی یہی کہہ رہا تھا کہ مجھے رب محمدؐ نے قتل کیا ہے۔

ان کے علاوہ باقی فراعنہ کو اللہ نے جنگِ بدر میں قتل کرا دیا۔

کتاب الخصال میں مرقوم ہے کہ آنحضرتؐ کا مذاق اڑانے والے افراد پانچ تھے: ۱- ولید بن مغیرہ مخزومی ۲- عاص بن وائل سہمی ۳- اسود بن عبد یغوث زہری ۴- اسود بن مطلب ۵- حارث بن عطیہ ثقفی۔

تنگیِ سینہ کا علاج

وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ ﴿۹۷﴾ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۹۸﴾ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ﴿۹۹﴾

''ہم جانتے ہیں کہ جو کچھ یہ لوگ باتیں بنا رہے ہیں اس سے آپ کو سینہ میں تنگی محسوس ہوتی ہے۔ آپؐ اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کریں اور سجدہ گزاروں میں شامل ہو جائیں اور آپ موت

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

آنے تک اپنے رب کی عبادت کرتے رہیں"۔

کفار و مشرکین کے طعنے اور ان کی اذیت بھری باتیں سن کر آنحضرت کو سینہ میں تنگی سی محسوس ہوتی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے اس کے علاج کے لیے آپ کو تین امور کا حکم دیا ہے:

۱- اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کریں ۲- نماز پڑھیں۔ آیت مجیدہ کے ظاہری الفاظ میں آپ کو یہ حکم دیا گیا ہے کہ آپ سجدہ گزاروں میں شامل ہو جائیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ سجدہ نماز کا بلند ترین رکن ہے۔ ۳- موت وارد ہونے تک خدا کی بندگی کرتے رہیں۔

"یقین" اس علم کو کہا جاتا ہے جو حجاب اٹھ جانے کے بعد حاصل ہو کیونکہ موت سے بھی غیب کے پردے اٹھ جاتے ہیں اور عالمِ بالا کے حقائق سامنے آتے ہیں۔ اسی لیے موت کو لفظ "یقین" سے تعبیر کیا گیا ہے۔ (اضافہ من المترجم)

اصولِ کافی میں حفص بن غیاث سے منقول ہے کہ مجھ سے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا:

حفص! جو صبر کرتا ہے تو اسے بھی تھوڑے عرصہ کے لیے صبر کرنا پڑتا ہے اور جو بے صبری کرتا ہے تو وہ بھی تھوڑے عرصہ تک بے صبری میں مبتلا ہوتا ہے، تمھیں اپنے تمام معاملات میں صبر سے کام لینا چاہیے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیبؐ کو مبعوث فرمایا تو انھیں بھی صبر اور نرم مزاجی کا حکم دیا۔

آنحضرتؐ نے صبر کیا۔ لوگوں نے آپؐ پر بڑی بڑی تہمتیں باندھیں جس سے آپؐ کو سینہ میں تنگی محسوس ہوئی۔ اللہ تعالیٰ نے آپؐ پر یہ آیات نازل فرمائیں:

وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ ﴿۹۷﴾ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۹۸﴾
وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ﴿۹۹﴾

مجمع البیان میں مرقوم ہے کہ "وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ" کا مفہوم یہ ہے کہ آپؐ نماز گزاروں میں شامل رہیں۔

ضحاک اور ابن عباس کا بیان ہے کہ رسولؐ خدا جب بھی پریشان ہوتے تو آپؐ نماز پڑھنے لگ جاتے تھے۔

○○○

Presented by Ziaraat.Com
Scanned by CamScanner

ادارہ منہاج الصالحین کی چند اہم کتب

*	تلاش حق	120
*	ذکر حسینؑ	100
*	برزخ چند قدم پر	100
*	اسلامی معلومات	100
*	محمدؐ تا محمدؐ	100
*	محمدؐ تا علیؑ	100
*	سورج بادلوں کی اوٹ میں	120
*	شہید اسلام	100
*	قیام عاشورہ	50
*	قرآن اور اہل بیتؑ	100
*	دینی معلومات (دو جلد)	125
*	نوجوان پوچھتے ہیں شادی کس سے کریں؟	35
*	ظالم حاکم اور صحابی امامؑ	15
*	توضیح عزا	225
*	تفسیر سورہ فاتحہ	100
*	مشعل ہدایت	100
*	اسم اعظم	125
*	سوگنامہ آل محمدؐ	225
*	افکار شریعتی	225
*	سیرت آل محمدؐ	125
*	مناظرے	135
*	آسان مسائل (چار جلدیں)	240
*	تاریخ جنت البقیع	100
*	عمدۃ المجالس	100
*	حقوق زوجین	35
*	ارشادات امیر المومنینؑ	20

*	صدائے مظلوم	50
*	معجزات بتولؑ	35
*	لڑکا سونا لڑکی چاندی	35
*	اسلامی پہلیاں	35
*	فکر حسینؑ اور ہم	15
*	پیام عاشورہ	40
*	معصومینؑ کی کہانیاں	35
*	ارشادات مصطفیٰؐ و مرتضیٰؑ	35
*	آزادیٔ مسلم	10
*	فقہ اہل بیتؑ	55
*	صحیفہ سجادیہ	100
*	حرف اساس	100
*	حسینؑ میرا	100
*	جام غدیر	150
*	زندہ تحریریں	100
*	شاہکار رسالت	60
*	محشر خاموش	130
*	اسلام اور کائنات	200
*	غریب ربذہ	120
*	فطرت	125
*	جستجوئے حق	50
*	خطبات محسن (دو جلدیں)	250
*	صدائے محسن	125
*	افکار محسن	100
*	جام کوثر	100
*	نسیم المجالس (دو جلدیں)	250

Presented by Ziaraat.Com

Scanned by CamScanner